نقوش

اس شمارے میں

پرچے کی اشاعت میں تاخیر ہوگئی ـــ ضرور
کہ تھوڑا سا میں بھی آرام کر لیتا ۔ یہی سوچ کر
خوبصورت وادیوں کی طرف نکل گیا تھا ۔

اس مرتبہ آن تمام عنوانوں کے ماتحت مضامین پیش
کئے جا رہے ہیں ۔ جن کا وعدہ سابقہ شمارے میں کیا گیا
تھا ۔ نئے عنوان تھے گمشدہ مضامین ـــ حالات حاضر ـــ
اور تصویریں ـــ ممکن ہے آپ اب کے بھی تصویریں نامی
مضمونچے کو ڈھونڈیں اور وہ نہ ملے ۔ کیونکہ اس کی
جگہ ایک اسکیچ (اختر اورینوی) پیش کیا جا رہا ہے ۔
ہرچند کہ دونوں مضمونوں کی حدود قدرے مختلف ہیں ۔
مگر ہیں یہ دونوں ایک ہی خاندان کے ـــ البتہ اس
مرتبہ ایک اور نئے عنوان کے ماتحت ''کھلے خط'' چھاپے
جا رہے ہیں ۔ کبھی کبھی مدیر کے نام بھی کام کے خط
آ جاتے ہیں ۔ مگر وہ ذاتی چیز سمجھ کے ایک طرف ڈال
دیئے جاتے ہیں ۔ اب کے راز یزدانی مرحوم کا ایک پرانا
مگر تحقیقی نوعیت کا خط سامنے آ گیا تو میں نے اسے ایک
اور خط کے ساتھ پیش کر دینا مناسب جانا ۔ آئندہ بھی ہم
اس سلسلے کو قائم رکھیں گے ۔

جن ادیبوں نے ہمیں نیا انداز فکر دیا ۔ ان میں
ٹی ۔ ایس ۔ ایلیٹ بھی ہے ۔ آپ کو علم ہی ہوگا کہ میں
بڑے ادیبوں کے مرنے پر یقین نہیں رکھتا ۔ اگر کسی
ادیب کی تحریریں زندہ ہیں تو وہ خود زندہ ہے ۔ اگر یوں
نہ ہوتا تو آج ہم ایلیٹ کے انتقال کے بعد' ان کی تحریروں
کو نہ ڈھونڈھتے ـــ اس شمارہ میں ان کے ایک مضمون
اور ایک نظم کا ترجمہ پیش کر رہے ہیں ۔

نصیرالدین ہاشمی کا بھی ایک غیر مطبوعہ مضمون
''اہل نوابط کی ادبی خدمات'' پیش کیا جا رہا ہے ۔ یہ مضمون
وہ ہے ۔ جسے ہاشمی صاحب نے مرحمت فرماتے وقت وعدہ
کیا تھا کہ اس کی دوسری قسط جلد ہی حیدرآباد جا کر
بھجوادوں گا ۔ یہی وجہ ہے کہ مضمون کے آخر میں لکھا
ہے ۔ ''باقی آئندہ'' ـــ میں مرحوم نصیرالدین ہاشمی سے
عرض کرتا ہوں کہ وہ اپنا وعدہ پورا کریں ۔

ممتاز مفتی نے اب کے اپنے ایک نمائندہ افسانے ''آہا''
کا تجزیہ خود کیا ہے ۔ یہ سلسلہ بھی بڑا اہم ثابت ہو
سکتا ہے ۔ ہم کوشش کریں گے کہ بڑے ادیبوں سے' ان
کی نمائندہ تخلیق کے محرکات پر بھی لکھوائیں ۔

شوکت تھانوی کی ایک اہم تخلیق ''نسیم منزل'' کو
بھی قسط وار پیش کرنے کا ارادہ ہے ۔ پہلی قسط حاضر ہے ۔
آئندہ بھی ہم اس سلسلے کو قائم رکھیں گے تاکہ ادارہ
نقوش آپ کو یاد دلاتا رہے کہ شوکت تھانوی اردو کے
صاحب طرز ادیب تھے ۔ یوں اس لئے کر رہے ہیں کہ ہم اپنے
محسنوں کو جلد ہی بھول جانے کے مرض میں مبتلا ہو
چکے ہیں ۔

بعض تخلیقات بر وقت نہ ملنے کی وجہ سے' صحیح جگہ
پر نہیں آسکیں ۔ یہ مجبوری تھی ـــ ہر چند کہ کوئی بھی
کسی کی مجبوری کو معاف نہیں کرتا ۔ مگر میں آپ سے
درگزر کی درخواست تو کر سکتا ہوں ۔

---

* بابائے اردو مولوی عبدالحق
تھے ۔ سوچتا ہوں ان کی یاد میں
کو بھی تحریر میں لائیں ۔

زندگی آمیز اور زندگی آموز ادب کا نمائندہ

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۳۱۲

ٹیلیفون ۳۵۲۵
رہائش ۹۴۸۹۸

نقوش

Accession Number
15.1447
Date 16-6-93

۱۰۲
مئی ۱۹۶۹ء

قیمت موجودہ پرچہ
Rs. 15/-

سالانہ
بیرونجات

محمد طفیل

ادارۂ فروغ اردو ⊙ لاہور

ترتیب

۱ — طلوع — محمد طفیل ، ۴

عظیم فن کار

۲ — ادبی روایت اور شخصی استعداد — ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ ، ۴۷۳
ترجمہ: افضال حسین نقوی

۳ — چہار شنبہ مبارک — ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ ، ۴۸۱
ترجمہ: سید فیضی

شخصیات

۴ — مولانا ابوالکلام کی شخصیت — مولانا عبدالماجد دریابادی ، ۴۶۰

۵ — ذکر عبدالحق — مولوی عبدالحق ، ۴۹
ترتیب: معین الرحمٰن

۶ — ایلفرڈ نوبل — ضیاء الدین احمد برنی ، ۱۶۱

۷ — آغا شاعر — محمد حبیب اللہ رشدی ، ۱۴۷

مقالے

۸ — شہر آشوب — سید مسعود حسن رضوی ادیب ، ۵

۹ — اُردو کا قدیم ترین ادب — ڈاکٹر سہیل بخاری ، ۸۱

۱۰ — ادب اور زندگی کا تعلق — ڈاکٹر گیان چند ، ۱۱۸

۱۱ — مشترک الفاظ — رشید حسن خاں ، ۱۱۰

۱۲ — اہل زبان کی اردو خدمات — نصیر الدین ہاشمی ، ۱۲۹

۱۳ — جرمن افسانہ کا ارتقا — علی ناظم ، ۱۶۵

گمشدہ مضامین

۱۴ — قرآن مجید کا سب سے پہلا اُردو ترجمہ — شاہ عبدالقادرؒ ، ۴۳۰
مطبوعہ: شیخ محمد اسمٰعیل پانی پتی

نظمیں، غزلیں

۱ — برق جیدہ — جوش ملیح آبادی ، ۱۹۱

۲ — اقدر — جوش ملیح آبادی ، ۱۹۲

۳ — فرزانگی بڑھی تو سراسر خوشی گئی — فراق گورکھپوری ، ۱۹۶

۴ — بے سبب آپ کا برسرِ احساں ہونا — سید عابد علی عابد ، ۱۹۷

۵ — صدائے بے صدا — احمد ندیم قاسمی ، ۱۹۸

۶ — آج کی شب تم نہ آپائے۔ مگر چھا ہوا — احمد ندیم قاسمی ، ۱۹۹

کتب خانہ انجمن ترقی اردو

۷	جو پہ ہیں تری نظر کے راستے	صوفی تبسم ، ۲۰۵
۸	تھی نہ کو خبر اوج پہ قسمت نہ رہے گی	احسان دانش ، ۲۰۶
۹	ذاتیات	خلیل الرحمٰن اعظمی ، ۲۰۷
۱۰	کہاں گئے وہ سخنور جو میر محفل تھے	ناصر کاظمی ، ۲۰۸
۱۱	دشمن	قتیل شفائی ، ۲۰۰
۱۲	زندگی کے گہرے سمندر میں جہاں غرقاب تھا	قتیل شفائی ، ۲۰۱
۱۳	ایکٹروں کا کنٹریکٹ	مجید امجد ، ۲۰۲
۱۴	جنگ میں بھی اک صلح کا پہلو صلح میں بھی اک جنگ کی آن	میکش اکبر آبادی ، ۲۰۳
۱۵	قدر سنبھل کے بڑھا ذرا کہ روشنی کم ہے	شاد عارفی ، ۲۰۴
۱۶	ہم تو خیر ہیں جیون بھر کی خوار ہوئے معتوب ہوئے	فضا ابن فیضی ، ۲۰۹
۱۷	زیر زمیں ملا ، نہ تہ آسماں ملا	جمیل ملک ، ۲۱۰
۱۸	پیار کی خوشبو پھیل گئی تو ہوتی ہے رسوائی بھی	شاعر لکھنوی ، ۲۱۱
۱۹	اک اک پل اک ایک برس ہے روٹھ کے ان کے جانے سے	شاعر لکھنوی ، ۲۱۲
۲۰	اپنے رستے ہوئے زخموں کی قبا لایا ہوں	مظہر امام ، ۲۱۳
۲۱	نکہت آسودہ	شاذ تمکنت ، ۲۱۴
۲۲	بازگشت	فارغ بخاری ، ۲۱۵
۲۳	نفرت	فارغ بخاری ، ۲۱۶
۲۴	جلتے صحراؤں میں پھیلا ہوا	شکیب جلالی ، ۲۱۷
۲۵	بارش	شکیب جلالی ، ۲۱۸
۲۶	شکوہ تو کوئی تیرے جہاں سے نہ تھا مجھے	شفقت کاظمی ، ۲۱۹
۲۷	مہتاب دل و جاں پہ بجھے گی	بشیر بدر ، ۲۲۰
۲۸	گلابوں کی ندی	شاد امرتسری ، ۲۲۱
۲۹	بہار آئی ہے اس شوخ گلبدن کی طرح	رفعت سلطان ، ۲۲۲
۳۰	وقت کا دھارا	صدیق کلیم ، ۲۲۳
۳	شہر میں اجنبی	صدیق کلیم ، ۲۲۴
۳۲	دولت قرار آئے نہ محبت نگار آئے	اختر ہوشیارپوری ، ۲۲۵
۳۳	جہاں بھر سے نہ یوں میرا تذکرہ کیجے	انوار انجم ، ۲۲۶
۳۴	شاعر ابہام سے	آغا صادق ، ۲۲۷
۳۵	کوئی چارہ گر جو ملتا دل و جاں لہو نہ کرتے	ضمیر اظہر ، ۲۲۸
۳۶	خاک ہونا دلیل ہستی ہے	کرنی منہاس ، ۲۲۹
۳۷	پھیلا ہے کائنات کا ہر نقش رنگ و بو	رضا زیدی ، ۲۳۰
۳۸	حسن گریزاں	شاعر ندیم ، ۲۳۱
۳۹	ہم ہیں پریت نگر کے باسی ہم سے رسم وفا نکلی	شمیم حنفی ، ۲۳۲
۴۰	شورش دہر سے ہے ارض و سما کی قیمت	ظہیر صدیقی ، ۲۳۳
۴۱	وقت ایسا ہے حزیں کبھی ہم پر نہ پڑا تھا	حزیں لدھیانوی ، ۲۳۴
۴۲	ان کو جب دیکھا ہوا اپنا یہ حال	شارق میرٹھی ، ۲۳۵

۴۳ — سوئمبر — شاہد شیدائی، ۲۳۶
۴۴ — ادھر کچھ اُجالے، اُدھر چند سائے — نجیب اسلم، ۲۳۷
۴۵ — چونکہ میں منجملہ خاصانِ میخانہ نہیں — مظفر حنفی، ۲۳۸
۴۶ — سندباد جہازی کا سفرِ آخرت — ابوسعید قریشی، ۲۳۹

افسانے، طنزیے، خاکے

۱ — پیاسا — کرشن چندر، ۲۵۳
۲ — خزانے کا سانپ، — علی عباس حسینی، ۲۸۵
۳ — آپا — ممتاز مفتی، ۲۹۰
۴ — نسیمِ منزل — شوکت تھانوی، ۲۷۹
۵ — احتیاطِ عشق — حجاب امتیاز علی، ۲۹۸
۶ — عنوان کا مسئلہ — کنہیا لال کپور، ۲۹۴
۷ — ۵۵۵ — مہندر ناتھ، ۴۵۷
۸ — ڈاک گھر کی شہزادی — کشمیری لال ذاکر، ۴۶۶
۹ — اے روشنیوں کے شہر — منظور الٰہی، ۳۸۳
۱۰ — قاتل — اشفاق احمد، ۳۷۶
۱۱ — کوڑیوں کے مول (مسلسل) — بمل مترا، ترجمہ احمد سعدی، ۳۰۳
۱۲ — مٹی کا ادراک — جوگندر پال، ۳۹۱
۱۳ — جوتے کا خطبہ — قاضی عبد الستار، ۳۷۱
۱۴ — یدِ بیضا — کوثر چاند پوری، ۳۹۷
۱۵ — راکھ — غلام الثقلین نقوی، ۴۰۳
۱۶ — کرسی — ستیش بترا، ۴۲۱
۱۷ — اللہ کا حکم — احمد سعید، ۴۱۶
۱۸ — آنکھ اور اندھیرا — عفرا بخاری، ۴۸۳
۱۹ — اختر صاحب — محمد طفیل، ۴۵۳

حالاتِ حاضر

دنیائے عرب — بصیر عالم، ۴۳۳

کھلے خط

مازیزدانی — مجیب اللہ مجیب، ۴۶۵

محمد طفیل ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر نے نقوش پریس لاہور سے چھپوا کر
ادارہ فروغِ اردو ایبک روڈ (انارکلی) لاہور سے شائع کیا

طلوع

جب سے میں نے یہ پڑھا ہے کہ تاریکیوں کے خلاف واویلا مچانے کی بجائے بہتر یہ ہے کہ ایک چھوٹا سا دیا جلا دیا جائے۔ اُس وقت سے میرا سوچنے کا انداز بدل گیا ہے۔ میں اب یہ نہیں کہتا کہ فلاں ادیب نے کچھ نہیں کیا۔ فلاں ادیب نے کچھ نہیں کیا۔ فلاں رسالے نے کچھ نہیں کیا۔ بلکہ اپنے طور پر یہ چاہتے ہوں کہ جہاں تک ہو سکے۔ ادب کی راہوں میں چھوٹے چھوٹے دیے جلا دوں۔

میرے ایک دوست نے کہا۔ "زندگی کسی کو مہلت نہیں دیتی۔ اِس لیے جلد سے جلد سب کچھ کر ڈالیں۔"

"مثلاً؟"

"گناہوں کا ارمان ہو تو اسے بھی جلد پورا کر لیجیے۔ اچھے کاموں کی خواہش ہو تو انھیں بھی جلد سے جلد پورا کر لیں۔"

گھبرا کر میں نے اپنے سارے ارمانوں پر نظر ڈالی۔ جو ابھی ناآسودہ تھے۔

چند ارمان ایسے نکلے۔ جس میں ذہن کی تسکین کے سامان نظر آئے۔ چند ارمان ایسے تھے۔ جن میں دل کی آسودگی کو مچلتے دیکھا۔ چند ارمان ایسے بھی تھے۔ جو محض خواب و خیال کی دنیا سے تعلق رکھتے تھے۔

اپنے ارمانوں کو جب دل و دماغ کے ترازو میں تولا تو کبھی کوئی پلڑا جھکتا ہوا نظر آیا کبھی کوئی۔

میرے ذہن کے نہاں خانوں میں تو ایک دنیا بسی ہوئی تھی۔ جس سے میں کسی حد تک بے خبر تھا۔ یادوں نے ایک ساتھ پکارا تو نشے کی سی کیفیت پیدا ہو گئی۔ اِس "مینا بازار" میں ایک خواہش کو رد کر کے دوسری کو فوقیت دینا مشکل ہو گیا۔

میں نے سوچا، زندگی مہلت دے یا نہ دے۔ کوئی مجھ سے میری آرزوؤں کو تو چھین کر نہیں لے جا سکتا۔ وہ میری ساتھی ہیں۔ دونوں جہان کی ساتھی!

میری سوچیں ابھی مجھے تھپکی ہی دے رہی تھیں کہ حدِ نظر تک ایک ایک کر دیے جل اُٹھے اور میرا سینہ تن گیا!

اور ادھر موت کو ایک ناآسودہ سی آرزو نے شکست دے دی!

محمد حنیف

سنتهالى

عمل ، زين العابدين

بدین

پیدائش : ۸ نومبر ۱۹۱۴ء

کلکتہ سکول آف آرٹس سے فائن آرٹس کی سند حاصل کی ۔ سپین ، میکسیکو ، جاپان اور ریاستہائے متحدہ میں کام کر چکے ہیں ۔ کالج آف آرٹس اینڈ کرافٹس ڈھاکہ کے پرنسپل ہیں ۔ اور اس وقت پشاور یونیورسٹی کے فائن آرٹس ڈیپارٹمنٹ کے قائم مقام چیئرمین ہیں ۔

یونیسکو اور دوسرے بین الاقوامی اداروں کے زیر اہتمام نمائشوں میں ان کی تصاویر نے خراج تحسین پایا ۔ برطانیہ ، فرانس ، ترکی ، جاپان ، میکسیکو ، ریاستہائے متحدہ اور روس میں ان کی یک شخصی نمائشیں منعقد ہو چکی ہیں ۔

جلال امتیاز اور صدر کے انعام یافتہ ہیں ۔



مقالے

شہرِ آشوب

سیّد مسعود حسن رضوی ادیب

میرا ایک مضمون 'شہرِ آشوب' کے عنوان سے لکھنؤ یونیورسٹی جرنل کے ۱۹۳۳ء کے سالنامے میں شایع ہوا۔ میں اُس مضمون میں وقتاً فوقتاً نئی معلومات کا اضافہ کرتا رہا۔ اِس اثنا میں مکرّمی ڈاکٹر سید عبداللہ نے ایک مبسوط تحقیقی مقالہ 'شہرِ آشوب کی تاریخ' کے عنوان سے لکھا جو اُن کے مجموعۂ مقالات بحث و نظر میں شامل ہے۔ بہرحال میں اپنے مضمون میں اضافے کرتا رہا اور اب وہ مضمون تمام اضافوں کے ساتھ موجودہ صورت میں شایع کیا جا رہا ہے۔ موضوع کی یکسانی کے باعث میرے اور ڈاکٹر صاحب موصوف کے مقالوں میں بعض مضامین کا اشتراک ناگزیر ہے۔ لیکن بہت سی باتیں ایسی بھی ہیں جو ایک مقالے میں ہیں اور دوسرے میں نہیں ہیں۔ اس لیے ان دونوں مقالوں کے مطالعے سے شہرِ آشوب کے بارے میں 'سب کچھ نہ سہی' بہت کچھ ضرور معلوم ہو سکتا ہے۔

ادیب

شہرِ آشوب کا ابتدائی مفہوم اور اُس کی وجہ تسمیہ

'شہرِ آشوب' ایک صنفِ نظم کا نام ہے، جو ابتدا میں ایسے قطعوں یا رباعیوں کا مجموعہ ہوتی تھی، جن میں مختلف طبقوں اور مختلف پیشوں سے تعلق رکھنے والے لڑکوں کے حُسن و جمال اور اُن کی دل کش اداؤں کا بیان ہوتا تھا۔ صرفی اعتبار سے لفظ 'شہرِ آشوب' یا مرکّبِ اضافی ہے اضافتِ مقلوب کے ساتھ یعنی آشوبِ شہر، یا اسم فاعل ترکیبی ہے یعنی آشوب بندۂ شہر۔ اس سے لغوی حیثیت سے 'شہرِ آشوب' کے ایک معنی ہوئے شہر کے لیے فتنہ اور ہنگامہ، دوسرے معنی ہوئے شہر میں فتنے اور ہنگامے برپا کرنے والے۔ حاصل دونوں کا ایک ہے۔ حسین و جمیل لڑکوں کی ذات ہنگاموں کا باعث ہو سکتی تھی۔ یہی 'شہرِ آشوب' کی وجہ تسمیہ ہے۔ خواجہ حافظ اور جامی کے مندرجۂ ذیل شعروں سے لفظ 'شہرِ آشوب' کا مفہوم واضح ہو جاتا ہے:-

فغان کین لولیانِ شوخ و شیریں کار و شہر آشوب
چنان بردند صبر از دل کہ ترکانِ خوارزم یغما را — حافظ

من نہ تنہا خواہم این خوبانِ شہر آشوب را
کیست در شہر آنکہ خواہان نیست موئے خوب را — جامی

اکبر اعظم کے عہد میں یوسف علی حسینی جرجانی نے سو رباعیوں کا ایک مجموعہ صفت الاصناف کے نام سے مرتب کیا۔ اس کے دیباچے کی ابتدا اُن رباعی در حمد خدا سے کی ہے، جو حسب ذیل ہے :-

ای ماہ رُخ تو طالبان را مطلوب — یوسف بہ جمالت نگران چون یعقوب
چون حُسن تو در کرشمہ شہر آشوب ست — از حُسن و جمال تست در شہر آشوب

اس رباعی کے آخری دو مصرعے بھی 'شہر آشوب' کی وجہ تسمیہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

شہر آشوب کا موضوع

حافظ محمود خاں شیرانی نے 'شہر آشوب' کی تعریف یوں کی ہے: "اس قسم کی نظمیں جن میں پیشہ وروں کا قطعات کی شکل میں ذکر ہو، 'شہر آشوب' کہلاتی ہیں۔" یہ تعریف ابتدائی شہر آشوبوں پر پورے طور پر صادق نہیں آتی۔ اُن میں پیشہ وروں کا ذکر نہیں ہوتا بلکہ جیسا اُوپر کہا جا چکا ہے، پیشہ ور لڑکوں کے حُسن و جمال اور اُن کی دل کش اداؤں کا ذکر ہوتا ہے۔ بعد کے بعض شہر آشوبوں کا موضوع بھی یہی ہے۔

شہر آشوب کی ہیئت اور موضوع میں تنوع

امتداد زمانہ کے ساتھ شہر آشوب کی ہیئت میں تنوع پیدا ہوتا گیا اور اُس نے قطعوں اور رُباعیوں کے علاوہ کبھی مختصر مثنویوں یا منفرد شعروں کے مجموعے کی شکل اختیار کر لی، کبھی قصیدے کی، کبھی مخمس کی اور کبھی مسدس کی۔ اُس کے موضوع میں بھی تبدیلی ہوتی رہی۔ اُس میں کبھی شہر کے مختلف طبقوں اور پیشہ وروں کا بیان کبھی ہمدردی کے رنگ میں کبھی تضحیک اور ہجو کے انداز میں ہونے لگا۔ اور آخر کار شہر آشوب سے ایسی نظم مراد لی جانے لگی، جس میں کسی شہر کی تباہی اور اہل شہر کی بدحالی کا بیان ہو۔ اس طرح 'شہر آشوب' کی حسب ذیل تین قسمیں ہو گئیں :-

۱۔ ایسے قطعوں، رباعیوں، مختصر مثنویوں یا منفرد شعروں کا مجموعہ جن میں مختلف طبقوں اور پیشہ وروں کے لڑکوں کے حُسن اور اُن کی دل کش اداؤں کا ذکر ہو۔

۲۔ ایسی نظم جس میں مختلف طبقوں اور پیشہ وروں کا ذکر ہمدردی کے رنگ میں یا تضحیک و ہجو کے انداز میں کیا گیا ہو، خواہ قصیدے کی شکل میں، خواہ مثنوی، مخمس یا مسدس کی شکل میں۔

۳۔ ایسی نظم جس میں کسی شہر کی تباہی اور اہل شہر کی بدحالی کا بیان کیا گیا ہو، خواہ کسی شکل میں ہو۔

'شہر آشوب' کی ہیئت اور موضوع کی توضیح کے بعد اب فارسی اور اُردو کے کچھ شہر آشوبوں کی کیفیت تاریخی ترتیب سے بیان کی جاتی ہے اور اُن کے کچھ اشعار نمونے کے طور پر پیش کیے جاتے ہیں۔ اس طرح 'شہر آشوب' کے تدریجی ارتقا کا خاکہ سامنے آ جائے گا۔

شہر آشوب کا مُوجد

سب سے قدیم چیز جو 'شہر آشوب' کے نام سے ملتی ہے، وہ مسعود سعد سلمان متوفی ۵۱۵ھ کے بارے فارسی قطعوں کا مجموعہ ہے، جو اُن کے کلیات میں شامل ہے۔ اس لیے ہم اسی قدیم شاعر کو 'شہر آشوب' کا مُوجد کہہ سکتے ہیں۔ ان قطعوں میں مختلف طبقوں اور پیشہ وروں کے لڑکوں کا ذکر ہے، جو یار اور دلبر کے لفظوں سے

دیے گئے ہیں۔ مثال کے لیے چند قطعے مع عنوانوں کے نقل کیے جاتے ہیں۔ ہر قطعے کا عنوان ایک مصرع ہے۔

صفت یار رنگریز کند

جسم زرد کرد آن رخ رنگریز — کہ بالاش سرو است و رخ آفتاب
بشستش پس از رنگ آب دو چشم — کہ شست آب ہجران آن ہر دو خواب
بلے ہر چہ رنگش کند رنگریز — از آن پس بشوید مرا در آب

در حق دلبر خباز بگفت

آنکہ او بر دکان ز بس خوبی — ہمچو خورشید بر سپہر آمد
شد فدا از تنور چون دل من — باد و مہر رفت و باد و مہر آمد

صفت یار کبوتر باز است

انس تو با کبوتر است ہمہ — ننگری از ہوس بچاکر خویش
ہم بساعت بر تو باز آید — ہر کبوتر کہ رانی از بر خویش
رفتن و آمدن نبرد رہی — چون نیاموزی از کبوتر خویش

صفت یار بربطی گفتہ

بت زہرہ آسمان جمالی — چو زہرہ بمن بر تو فرخندہ فالی
کند تو خالی نہ باشد ز بربط — نہ بربط نہ باشد بے زہرہ خالی

اسی طرح بہت سے طبقوں اور پیشہ وروں کے لڑکوں کا ذکر ہے، جن میں سے چند یہ ہیں۔ عنبر فروش، چاہ کن، رقاص، آہن گر، فیروزہ فروش، کاتب، قصاب، طبیب، منجم، عطار، دیباباف، شاعر، نجومی، چوگان باز، قلندر، لشکری، تیغ زن، کشتی گیر۔ بعض لڑکوں کا ذکر اُن کے اوصاف کے ساتھ کیا ہے، مثلاً نوخط، خوش آواز، زرین کمر، خوش رو، حاجی، فلسفی۔ بعض لڑکوں کا ذکر ان کے عیوب کے ساتھ کیا ہے، مثلاً نابینا، گنگ، احول، رگ زدہ، خط برآوردہ، سیل چشم، گریاں۔ یہ قطعے مختلف بحروں میں ہیں اور ان میں بیتوں کی تعداد دو سے نو تک ہے۔

ان قطعوں میں جن یاروں اور دلبروں کا ذکر کیا گیا ہے، عالم خیال کے سوا خارجی دنیا میں اُن کا وجود نہیں، اور تفریح طبع کے سوا ان قطعوں کی تصنیف کا کوئی مقصد نہیں۔ اس قسم کے تمام شہر آشوبوں کا یہی حال ہے۔

اسی طرح کا ایک شہر آشوب امیر خسرو متوفی ۷۲۵ھ کی طرف منسوب کیا گیا، مگر غالباً کسی بہت بعد کے شاعر کی تصنیف

ہے۔ یہ شہر آشوب خسرو کی متعدد چھوٹی چھوٹی تصنیفوں کے ساتھ کتاب جواہر خسروی میں شامل کر کے شایع کر دیا گیا ہے۔ اس کا ایک قلمی نسخہ لکھنؤ یونیورسٹی کے کتب خانے میں بھی ہے۔ یہ شہر آشوب ستر ستر رباعیوں کا مجموعہ ہے۔ ہر رباعی میں کسی لڑکے کے حسن اور اس کی اداؤں کا بیان کیا گیا ہے۔ یہ لڑکے زیادہ تر پیشہ وروں کے ہیں، مثلاً بزاز پسر، حجام پسر، نجار پسر، زرگر پسر، بقال پسر، قصاب پسر، صراف پسر، حلاج پسر۔ لیکن بعض ایسے بھی ہیں جو کسی پیشے سے نہیں، بلکہ کسی قوم یا فرقے سے تعلق رکھتے ہیں، مثلاً ہندو پسر، ترسا بچہ، ترک زادہ، پسر زاہد، افغان پسر۔

شہر آشوب کی ادبی حیثیت

شہر آشوب رباعیوں کی صورت میں ہو یا قطعوں کی، مختصر مثنویوں کی صورت میں ہو یا منفرد شعروں کی، شاعر ان میں لفظی رعایتیں، ذو معنی لفظ اور فقرے اور اسی طرح کے دوسرے تکلفات کا استعمال التزاماً کرتا ہے، بلکہ اپنے بیان کی بنیاد انہی چیزوں پر رکھتا ہے۔ اس لیے ان کی حیثیت ادبی لطیفوں سے زیادہ نہیں ہوتی۔ ابتدا میں شہر آشوب کی تصنیف کا مقصد بھی تفنن طبع کے سوا کچھ معلوم نہیں ہوتا۔

رباعیات شہر آشوب منسوب بہ امیر خسرو

جو شہر آشوب امیر خسرو کی طرف منسوب ہے، اس کی چند رباعیاں ملاحظہ ہوں۔

در صفت بزاز پسر

بزاز پسر کہ خامہ اش جور و جفاست — با زلف سیاہ تافتہ طرفہ بلاست
مشروع بدین اوست ظلم و بیداد — کز آب نیاز راہ او دیدۂ ماست

در صفت حجام پسر

حجام پسر بخوبی در رعنائی — دی آئینہ بنمود بدان زیبائی
گفتم صنما در بت آیم نایم؟ — فریاد بر آورد کہ نائی نائی

در صفت زنگریز پسر

زنگریز بچہ کہ دلم بیقرار اوست — کش رو بہ عشوہ رنگ نمودن شعار اوست
شہنامۂ اشک چشم مرا آل کردہ است — در شہر ہر کجا رخ زرد یست کار اوست

در صفت بقال پسر

بقال پسر کہ راحت جان آمد — یک گل بر خش ہزار بستان آمد

دویش پسِ پچہ ترازو می تاخت　　گوئی کہ مگر ماہ بمیزان آمد

در صفتِ ترسا بچہ

اے بُت بسر مسیح گر ترسائی　　باید کہ بسوے بندہ بے ترس آئی
گر چشم ترم بہ آستین پاک کنی　　گہ بر لب خشک من لب ترسائی

شہر آشوب کی غلط مثالیں

امیر خسرو نے اپنے فارسی اشعار میں جو ہندی لفظ اور فقرے جا بجا داخل کر دیے ہیں، ان کی مثال میں حافظ محمود خاں شیرانی نے اپنی کتاب پنجاب میں اُردو میں یہ رُباعی پیش کی ہے:-

تیلی پسرے کہ می فروشد تیلے　　از دست دزبانِ چرب او داد ویلے
خالے بہ لبش دیدم و گفتم کہ تل است　　گفتا کہ برو نیست دریں تل تیلے

اور اس رُباعی کو از قسم شہر آشوب قرار دیا ہے لیکن صرف ایک رُباعی پر شہر آشوب کا اطلاق نہیں کیا جا سکتا۔ آگے چل کر فرماتے ہیں:- اشعار ذیل بھی صنف شہر آشوب سے تعلق رکھتے ہیں:-

رفتم بہ تماشا بہ کنارِ جوئے　　دیدم بہ لب آب زن ہندوئے
گفتم صنما چیست بہائے موئے　　فریاد برآورد کہ دُر دُر موئے

اس رُباعی کو صنف شہر آشوب سے کوئی تعلق نہیں۔ اس میں کسی پیشہ ور لڑکے کا ذکر نہیں ہے۔ صرف ایک فقرہ 'دُر دُر موئے' ایسا آگیا ہے جو ذو لسانین بھی ہے اور ذو معنین بھی۔ اس فقرے کو اگر فارسی سمجھیے تو ایک معنی نکلتے ہیں اور اگر ہندی سمجھیے تو دوسرے معنی نکلتے ہیں[1]۔

---

[1] مولوی عبدالباسط باسط امیٹھوی (متوفی ۱۱۶۷ھ) نے اپنی کتاب منار الضوابط میں امیر خسرو کا اسی طرح کا ایک شعر لکھا ہے جو حسب ذیل ہے:-

گفتم کہ درین خانۂ مامون تو مانم　　گفتا کہ درین خانۂ جائیست مانی

اس شعر میں دو لفظ مامون اور مانی ذو لسانین اور ذو معنین ہیں۔ باسط نے اسی مقام پر امیر خسرو کی ایک رُباعی بھی لکھی ہے جو ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

داریم آرزو کہ حکایت کنیم بات　　لالہ غلام روے تو صد برگ زیر پات
ہر برہمن کہ دید رُخ خوبت اے صنم　　زنار و اگست و لکد زد بروئے لات

اس رُباعی میں فسانی زدہ الفاظ پر ہندی ہونے کا دھوکا ہوتا ہے مگر وہ فارسی ہیں۔ بات یعنی باتو، لالہ ایک مشہور و معروف پھول، پات یعنی پائے تو، لات ایک بُت کا نام۔ منار الضوابط کا ایک قدیم اور خوش خط لیکن ناقص نسخہ میرے کتب خانے میں موجود ہے۔
ادیب

اکبر بادشاہ اور شہر آشوب

اکبری عہد کی تصنیف صفت الاصناف کا ذکر اوپر آچکا ہے۔ اس کتاب کے دیباچے میں مصنف لکھتا ہے کہ ایک وقت بادشاہ نے کارخانۂ دولت کی طرف توجہ فرمائی۔ صنعت گروں کی صنعت ملاحظہ کی اور جس کسی کی صنعت دیکھی، اُس کے بارے میں ایک شعر کہہ دیا۔ چنانچہ چھیپی گر کی تعریف میں یہ مطلع کہا:

دلبر چھیپی کہ اُو در حسن بے ہمتا بُود　　حرف ہائے چاپہ او سرنوشتِ ما بود

اسی حال میں حکم ہوا کہ شعرا صنعت گروں اور پیشہ وروں کے حسن کی تعریف میں اشعار کہہ کر بادشاہ کے حضور میں پیش کریں۔ شاعروں نے اس حکم کی تعمیل کی اور شاہی عنایتوں سے سرفراز ہوئے۔ میں نے بھی چند شعر عرض کیے اور الطافِ خسروانہ سے مستفیض ہوا۔ چونکہ بادشاہ نے مجھ پر سب سے زیادہ توجہ اور عنایت فرمائی، لہٰذا یہ قطعہ نظم ہوگیا:

خسرو عالم سخن دانی　　شاہ اکبر شہ فلک مقدار
شعرا را طلب نمود شبے　　کہ نشانند گوہر اشعار
ہمہ رفتند و پیش کش کردند　　از ورِ نظم لولوے شہوار
بہ ہمہ لطفہا نمود دے　　بہ ہمہ اندک و بہ من بسیار
گرچہ من خار بودم و ہمہ گل　　من شدم گل، بہ پیش من ہمہ خار

دربار سے واپس آکر میں نے یہ رسالہ ترتیب دیا اور صفت الاصناف اس کا نام رکھا، کہ خسروِ ملکِ سخن کی نظر میں شرفِ قبول حاصل کرے۔

یوسف جرجانی کا شہر آشوب مسمّٰی بہ صفت الاصناف

صفت الاصناف میں کُل سو رُباعیاں ہیں۔ ذیل کی رُباعی سے شہر آشوب کی ابتدا کی گئی ہے۔

نقدِ سخنم کہ بے غش و دلخواہ است　　بادشاہ و گدا نفع رساں چون ماہ است
در عالم معنی شرفش بر زر مہر　　از نامِ جہاں پناہِ اکبر شاہ است

اس کے بعد اٹھانوے رُباعیوں میں مختلف طبقوں اور پیشہ وروں کے لڑکوں کی تعریف کی گئی ہے۔ آخری رُباعی در تعریف یوسف نام خود، جس پر شہر آشوب ختم ہوتا ہے، یہ ہے:

یوسف سخن از بستان بازار مگو　　تا گل باشد حکایتِ خار مگو
در زاویۂ فکر کہ خاموشانند　　خاموش نشین بیدہ بسیار مگو

یوسف جرجانی کی چند رُباعیاں صفت الاصناف سے نقل کی جاتی ہیں:

ف　صفت الاصناف کا ایک قدیم قلمی نسخہ راقم کے کتب خانے میں موجود ہے۔

در تعریف شاعر پسر

شاعر پسرے کہ چون سخن شیریں است — در ملک سخن خسرو معنی بین است
ہم سرو قدش چو طبع او موزون است — ہم لعل لبش چو شعر او رنگین است

در تعریف آتشباز پسر

آتش بازے کہ آتش حسن افروخت — آتش بازی ز عارضۂ خویش آموخت
در معرکۂ کہ آتش افشانی کرد — یک چشم زدن تمام عالم را سوخت

در تعریف زرگر پسر

زرگر کہ دل از وفا شی نازد ما را — در بوتۂ مہر می گدازد ما را
از لطف بدست ما دہد خاتم لعل — تا حلقۂ بگوش خویش سازد ما را

فارسی میں شہر آشوب کا وجود

گب (E. J. W. Gibb) نے اپنی کتاب 'ترکی شاعری کی تاریخ' میں مسیحی متوفی ۹۱۸ھ کی ایک نظم 'شہر انگیز' کا ذکر کیا ہے، جو اس نے شہر ایدریانوپل کے متعلق لکھی تھی اور یہ دعویٰ کیا ہے کہ فارسی میں اس طرح کی کوئی نظم موجود نہیں ہے۔ پروفیسر براؤن نے اپنی تاریخ ادبیات ایران میں اس دعوے کو رد کرتے ہوئے تحفۂ سامی کے حوالے سے لکھا ہے کہ فارسی میں کم سے کم ایسی دو نظمیں ضرور موجود ہیں، ایک وحیدی قمی کی نظم تبریز پر اور دوسری حزنی اصفہانی کی نظم گیلان پر۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ تحفۂ سامی میں ایسی دو نہیں، چار نظموں کا ذکر کیا گیا ہے جو ذیل میں پیش کیا جاتا ہے۔

آگہی خراسانی کا شہر آشوب

سلطان حسین میرزا کے زمانے میں آگہی خراسانی (متوفی ۹۳۲ھ) ایک فاضل انشا پرداز اور قصیدہ گو شاعر تھا، مگر اس کے مزاج میں خباثت اور حرص دنیا بہت تھی۔ اس نے امیر خسرو کے قصیدے 'دریائے ابرار' کے جواب میں اہل ہرات کی ہجو میں ایک شہر آشوب لکھا، جس کے ابتدائی شعر یہ ہیں:

حوضۂ شہر پری رشک بہشت انور است — در گلش را چشمۂ خورشید گل میخ زر است
جرم طین یک مشت خاک از خاک نیز خندقش — نرگس باغ جہان آرائے او ہفت اختر است
پائے تخت صد ہزاران خسرو گیتی گشاست — گنبد تاریخ بے شاہان انجم لشکر است
چرخ کج رو بین کہ از تاثیر او شہر چنین — مسکن جمع پریشان روزگار ابتر است

اس قصیدے میں رکیک الفاظ بہت آئے ہیں، جو ذکر کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ لیکن دو شعر جو خواجہ معین کمال کے لیے کہے گئے ہیں، ان میں اس کی تصویر کھینچ دی گئی ہے۔

از بس نشان پائے نہاست صد ہزار — اختر بہ زآبلہ بہ روے آن بدا ختر است
رو بے دشتش از کثافت مطلع نمرود را — گنہ کفیر سیت لیکن دلکش خاکستر است

مولانا احمد طبسی جو احمد آتون کہلاتے تھے اور شاہ اسمٰعیل کے معلم رہ چکے تھے، اُن کے لیے یہ شعر کہا:

احمد آتون مے شیعی مے سنی بود — چون نظر ہا بے کرشش مادہ و شش مرد است

اس شہر آشوب سے ناراض ہو کر امیر خان حاکم ہرات نے آگہی کا ہاتھ اور زبان کاٹ ڈالی۔

وحیدی قمی کا شہر انگیز

وحیدی قمی متوفی ۱۹۲۲ء فہم عالی و ذہن جلی رکھتا تھا۔ اُس میں اور ملا حیرتی مروی میں عمر بھر چلتی رہی اور دونوں نے ایک دوسرے کی نہایت رکیک ہجویں کہیں جو نقل کرنے کے قابل نہیں۔

وحیدی نے تبریز کے لیے ایک شہر انگیز بھی کہا، جس کے چند شعر یہ ہیں:

شکر للہ کہ بہر شہر انگیز — از ہمدری آمدم سوے تبریز
تا بوصف بتان تبریزی — ہم چو طوطی کنم شکر ریزی
وہ چہ تبریز رشک ہشت بہشت — مردمش خوب رو و پاک سرشت
نازنینان بہ ناز و محبوبی — در کمال لطافت و خوبی

اس شہر انگیز میں پسر شیشہ گر کی تعریف میں یہ دو شعر کہے ہیں:

دلبرے شیشہ گر بہ رعنائی — مردم دیدہ راست بینائی
بسکہ شد شیشہ اش پسندیدہ — ہمچو عینک نہند بر دیدہ

ان شعروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ وحیدی کا 'شہر انگیز' قدیم مفہوم میں شہر آشوب ہے۔

عشقی کا شہر انگیز

عشقی مکتب داری کرتا تھا۔ اُس نے تبریز کے لیے ایک 'شہر انگیز' کہا، جس کا ایک شعر یہ ہے:

ہر کہ او عاشق نمد مال است — بر سر کوے عشق پامال است

حرفی اصفہانی کا شہر آشوب

حرفی اصفہانی گیلان گیا اور اُس شہر اور اہلِ شہر کی ہجو میں ایک 'شہر آشوب' لکھا۔ اُس پر مُرتد ہونے کی تہمت لگا کر اُس کی زبان کاٹ ڈالی گئی۔

ذاتی لاری کا ایک مطلع

ذاتی لاری تبریز میں صتانی کا پیشہ کرتا تھا۔ شہر تبریز کی تعریف میں اُس کا یہ مطلع تحفۂ سامی میں نقل کیا گیا ہے:

ہر طرف شہرے دہر گوشہ بلا انگیز ہست — بہ تماشا قدمے نہ کہ عجب تبریز ہست

اگر یہ کسی مسلسل نظم کا مطلع ہے تو وہ بھی شہر آشوب ہی کی قسم کی نظم ہو گی۔

تحفۂ سامی اور مذکورۂ بالا شہر آشوبوں کی نوعیت

تحفۂ سامی کا مصنف سام میرزا شاہ اسمٰعیل ثانی سلطنت صفویہ کا فرزند تھا۔ اُس نے یہ کتاب ۹۵۷ھ میں لکھی۔ کتاب میں سات صحیفے ہیں۔ پانچویں صحیفے میں فارسی کے شاعروں کا ذکر ہے، صرف ان شاعروں کا جو مصنف کے ہم عصر تھے۔ سام میرزا کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ آگہی اور عرفی کے شہر آشوب میں ہرات اور گیلان کے لوگوں کی سخت ہجو کی گئی تھی اور وحیدی قمی کے شہر انگیز میں وصفِ بتانِ تبریزی، یعنی تبریز کے مختلف پیشہ وروں کے لڑکوں کے حسن و جمال کا ذکر کیا گیا ہے۔ عشقی کے شہر انگیز کا صرف ایک ہی شعر سامنے ہے اور اس سے گمان ہوتا ہے کہ اس نظم کا موضوع بھی 'وصفِ بتانِ تبریزی' ہے۔ یہ چاروں شاعر سام میرزا کے ہم عصر تھے۔ ان کی زیرِ نظر نظموں میں دو ایسی ہیں، جن میں کسی شہر کے لوگوں کی ہجو کی گئی ہے اور دو ایسی ہیں جن میں مختلف طبقوں اور مختلف پیشہ وروں کے لڑکوں کے حسن کا ذکر کیا گیا ہے۔ شکل کے اعتبار سے ایک قصیدہ ہے ایک مثنوی ہے اور دو کی کیا شکل تھی معلوم نہیں۔

ڈاکٹر سید عبداللہ لکھتے ہیں:-

> "تبریز اور ہرات کے علاوہ بعض اور شہر آشوبوں کا ذکر بھی تحفۂ سامی میں آیا ہے، مثلاً غفور لاہجی کا شہر آشوب گرجستان، عشقی کا شہر آشوب تبریز۔ اسی طرح وجیہ الدین عبداللہ لسانی شیرازی کا شہر آشوب خطۂ تبریز۔"

میرے مطالعے میں تحفۂ سامی کا وہ ایڈیشن رہا ہے جو پٹنہ یونیورسٹی نے ۱۹۴۴ء میں شایع کیا تھا۔ اُس میں نہ غفور لاہجی کا ذکر ملتا ہے نہ لسانی شیرازی کے شہر آشوب کا۔ ڈاکٹر عبداللہ نے لسانی کا نام 'وجیہ الدین عبداللہ' لکھا ہے۔ یہ نام بھی تحفۂ سامی کے اس ایڈیشن میں موجود نہیں ہے۔

طاہر وحید کے 'ابیات در تعریف ہر فرقہ'

شاہ عباس ثانی صفوی (۱۶۴۲ء تا ۱۶۶۶ء) کے وقایع نگار طاہر وحید (متوفی ۱۱۲۰ھ = ۱۷۰۸ء عیسوی) نے اپنی ایک نظم میں ہر طبقے کے لڑکوں کا ذکر ایک دو شعروں میں اور بعضوں کا تین چار شعروں میں کیا ہے۔ یہ اشعار قدیم بیاض میں، جو میرے کتب خانے میں موجود ہے، 'ابیات در تعریف ہر فرقہ' کے عنوان سے درج ہیں۔ ان میں سے چند شعر نمونے کے طور پر پیش کیے جاتے ہیں:

زرگر پسر

زرگر پسران نازک اندام — ہستند ہمہ چو نقرۂ خام
خواہد دل خستۂ پریشان — انگشتر زینہار ایشان

حداد پسر

حداد خبر ندارد از درد — بیہودہ چہ کوبم آہن سرد

نجار پسر

نجار پسر زند ہمیشہ — بر پائے دلم ز جور تیشہ
گاہے کہ نہادہ بس کشیدہ — چون ارہ امید من بریدہ

کمال

کمال کہ دبری فن اوست — چشم روشن ز دیدن اوست

نعمت خان عالی کا قصیدۂ شہر آشوب

عہد عالمگیری میں نعمت خان عالی کی مشہور کتاب وقایع معاصرۂ گولکنڈہ میں ایک "قصیدۂ شہر آشوب" ملتا ہے، جس میں اہل دکن کی پریشان حالی بیان کی گئی ہے۔ یہ قصیدہ شہر آشوب کے نئے مفہوم کے مطابق شہر آشوب ہے۔ لیکن اس میں شہر آشوب کے پرانے مفہوم کی جھلک بھی موجود ہے، کیونکہ شاعر نے مختلف طبقوں اور پیشوں کا ذکر کیا ہے۔ اس قصیدے کے چند شعر نقل کیے جاتے ہیں:-

درین ملک خراب امروز کس را نیست سامانے — چو گنج افتادہ اند اہل ہنر در کنج ویرانے
بسر حد رسیدہ خلق را افسرد ناداری — کہ معنی ہم ندارد این زمان حرف سخندانے
سپاہی ہم بہ میدان قناعت می کند جولان — ز شمشیر و سپر دارد دم آبے لب نانے
طبیب از علم طب دریا دمی دارد بہین معنی — نباشد خوب تر از شربت دینار درمانے
منجم را نہ شد غیر فلاکت از فلک حاصل — ز ضعف جوع بیند قرص مہ را گردۂ نانے
محاسب سال را بنوشت ماہ روزہ در دفتر — برائے آن کہ معلومش نہ شد شوال و شعبانے
نماندہ پیش شتاگی بہائے رشتۂ شمعے — مگر از عشق بازان دام گیر رشتۂ جانے
رسد تا جان سپاری کار تنبولی زبے برگی — برائے سرخروئی چون ندارد بیرۂ پانے
درودگر ارہ را از خانۂ خود را نداز خست — مگر بر ریزۂ خوانش نمودہ تیز دندانے
نہ بیند روے زر حجام اگر آئینہ نفروشد — کہ یک مو در بساطش نیست غیر از چشم حیرانے
غم روزی بہ حلاج آتش است و پنبہ می گوید — بہ این نسبت بود بردار رفتن کار آسانے
ز گھریالی یکے پرسید از روزت چہ ماند آیا — بگفت احوال اگر این است پہر نے ساعتے آنے
صدائے ماتمے از خانۂ برخاست پرسیدم — چہ شد گفتند در این خانہ وارد گشت مہمانے
ز جائے غلغل شادی شنیدم گفت ہمسایہ — کہ شمعے دید شب در واقعہ پر آرد انبانے
یکے گفتہ خداوندا بحق نوح پیغمبر — برائے قلعۂ گلکندہ کن ایجاد طوفانے

یکے می گفت اے رحمان حق موسیٰ عمران — بیار از آسمان تر انگبین یا مرغ بریانے
یکے گفت اے خداوند کریم از حرمت موسیٰ — برائے ما فرست امروز ہم چون مائدہ خوانے
یکے می گفت بہر قرض دادن خلق کن یارب — یہودے، ہندوے نصرانیے، گبرے مسلمانے

یکتا خوشابی کا جہان آشوب

احمد یار خان یکتا خوشابی خلد مکان (شہنشاہ اورنگ زیب) کے اواخر عہد میں ملک سندھ کا صوبہ دار تھا۔ مثنوی خوب کہتا تھا۔ ایک مثنوی عالمگیر کے مرثیے میں کہی جس کا نام 'جہان آشوب' رکھا۔ اس کے دو شعر یہ ہیں:-

امیران کہن بے قدر و قیمت — چو مال مردہ پامال غنیمت
ہمہ در خاک بے قدری فسردہ — چو شمشیر اصیل زنگ خوردہ

(تذکرہ بے نظیر)

فارسی کے کل شہر آشوبوں کا پتا لگانا مقصود نہیں ہے۔ اوپر جن شہر آشوبوں کا ذکر کیا جا چکا ہے وہ شہر آشوب کے ری اور اصطلاحی معنی اور اس کے بنیادی یا ابتدائی اور ثانوی یا توسیعی مفہوموں اور ہیئتوں کی توضیح کے لیے فی ہیں۔

ردو شہر آشوب کی ایک مشکوک مثال

اردو میں متعدد شہر آشوب کہے گئے ہیں۔ فرہنگ آصفیہ میں ذیل کا قطعہ شہر آشوب کی مثال میں پیش کیا گیا ہے اور امیر خسرو کی طرف منسوب کیا ا ہے:-

ہندو بچہ بین کہ عجب حسن دھرے ہے — بر وقت سخن گفتن مکھ پھول جھرے ہے
گفتم ز لب لعل تو یک بوسہ بگیرم ؟ — گفتا کہ ارے رام ترک کا ئیں کرے ہے

قطعہ امیر خسرو کی تصنیف ہو یا نہ ہو، اس میں شک نہیں کہ کسی قدیم شاعر نے اس ابتدائی دور میں کہا ہے، جب فارسی اور ندی کی آمیزش سے اردو کا پیکر تیار ہو رہا تھا۔ اس ایک قطعے کو انفرادی حیثیت میں شہر آشوب نہیں کہہ سکتے، مگر ممکن ہے کہ یہ کسی مجموعۂ قطعات میں شامل ہو، جس کو مجموعی حیثیت سے شہر آشوب کہہ سکتے ہوں۔

شمالی ہند میں اردو شاعری کا عام رواج محمد شاہ کے عہد میں ہوا۔ اس عہد کے کئی شاعروں نے شہر آشوب کہے ہیں، جن ہیں زمانی ترتیب قائم کرنا مشکل ہے۔ اس لیے ان ہم عصر شاعروں کے شہر آشوب بلا لحاظ ترتیب پیش کیے جاتے ہیں۔

ناجی کا شہر آشوب

محمد شاکر ناجی محمد شاہی عہد کے نامی شاعر تھے۔ ان کے بارے میں آزاد آبحیات میں لکھتے ہیں:-

"نادری چڑھائی اور محمد شاہی لشکر کی تباہی میں خود شامل تھے۔ اس وقت دربار کا رنگ شرفا کی خواری، پاجیوں کی گرم بازاری اور اس پر ہندوستانیوں کی آرام طلبی اور

[illegible] کو ایک طولانی مخمس میں دکھایا ہے۔"

ناجی کے اس مخمس کو شہر آشوب کہہ سکتے ہیں۔ آزاد نے اس مخمس کے حسب ذیل دو بند نقل کیے ہیں:

لڑے ہوئے تو برس بیس اُن کو بیتے تھے — دُعا کے زور سے دائی دوا کی جیتے تھے
شرابیں گھر کی نکالی مزے سے پیتے تھے — نگار و نقش میں ظاہر گویا کہ چیتے تھے
گلے میں ہنسلیاں بازو اُپر طلا کے نال

قضا سے بچ گیا مرنا نہیں تو ٹھانا تھا — کہ میں نشان کے ہاتھی اُپر نشانا تھا
نہ پانی پینے کو پایا وہاں نہ کھانا تھا — بلے تھے دھان جو لشکر تمام چھانا تھا
نہ ظرف و مطبخ و دکاں نہ قند و نقال

ناجی کے یہ دونوں بند چند لفظوں کی تبدیلی کے ساتھ مجموعۂ نغز میں بھی نقل کیے گئے ہیں۔

کمترین کا شہر آشوب پیر خان کمترین جو آبرو اور ناجی کے ہم عصر تھے اور میر و سودا کے عہد تک زندہ رہے، جو گوئی میں بڑی مہارت رکھتے تھے۔ علی ابراہیم خاں تذکرۂ گلزار ابراہیم میں لکھتے ہیں: "گویند شہر آشوب در ہجو ہر قوم گفتہ اور مخزن نکات کے مؤلف قائم چاند پوری کہتے ہیں: "ہفت صد شعر در مذمت اہل حرفہ بر سبیل شہر آشوب از وے یادگار است۔" اگر قائم کا یہ بیان صحیح ہے تو شاید اس سے زیادہ طولانی شہر آشوب نہ فارسی میں کہا گیا اور نہ اردو میں۔ ان سات سو شعروں میں صرف پانچ شعر میر نے نکات الشعرا میں اور پانچ ہی شعر میر حسن نے اپنے تذکرۂ شعرا میں نقل کیے ہیں، مگر وہ ایسے خلاف تہذیب ہیں کہ تذکرۂ میر حسن کے پہلے مطبوعہ ایڈیشن میں حذف کر دیے گئے۔ ان شعروں میں مشعلچی، پکوان والی، خمیر و دوز، فراش اور پنکھا فروش کی ہجو کی گئی ہے۔

ان شعروں پر نظر کرنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ کمترین کے شہر آشوب میں مختلف پیشوں کے آدمیوں کی ہجو ایک ایک مختصر مثنوی میں کی گئی ہے اور ان مثنویوں میں ایک بحر کی پابندی نہیں کی گئی ہے۔

حاتم کی بارہ صدی شاہ حاتم کی دو نظمیں "بارہ صدی" کے عنوان سے ایک قدیم بیاض[1] میں شامل ہیں۔ دونوں شکل میں مخمس اور موضوع کے اعتبار سے شہر آشوب ہیں۔ ان میں سے ایک نظم "شہر آشوب حاتم دہلوی" کے عنوان سے رسالہ نقوش لاہور کے دسمبر ۱۹۶۱ء کے شمارے میں شایع کر دی گئی ہے، جس میں اکیس بند ہیں۔ بیاض میں صرف گیارہ بند ہیں، مگر اُن میں تین بند ایسے موجود ہیں، جو نقوش میں نہیں ہیں۔ اُن میں ایک اس نظم کا پہلا بند ہے اور ایک آخری۔

---

[1] دو نایاب زمانہ بیاضیں، مرتبہ عبدالباری آسی، مطبوعہ کراؤن پریس الہ آباد، ۱۹۴۲ء، شایع کردہ ہندوستانی اکیڈیمی، الہ آباد، ۱۹۴۲ء

اس مخمس کا پہلا بند، جس سے واضح ہوتا ہے کہ لفظ 'بارہ صدی' سے حاتم کی مراد ہے بارھویں صدی ہجری، جس میں اُن کی زندگی گزر رہی تھی، حسب ذیل ہے:-

تو کھول چشم دل اور دیکھ قدرت کردگار — کہ جن نے ارض و سما اور کیا ہے لیل و نہار
نواکے سیس نگارہ سدا تو شہر کے دوار — کہ دور بارہ صدی کا ہے سخت ناہنجار
جہاں کے باغ میں یکساں ہے اب خزان و بہار

اور آخری بند یہ ہے:-

کرے ہے چرخ اگر تجھ اُپر جفا حاتم — تو سفلے پاس نہ کر جا کے التجا حاتم
ترے ہے رزق کا ضامن سدا خدا حاتم — تو انقلاب زمانے کا غم نہ کھا حاتم

تیسرا بند جو نقوش میں نہیں ہے حسب ذیل ہے:-

نہ کر تو جھانجھ کہ نقارچی کی نوبت ہے — مصاحبت کی اگر جلد اس کو خدمت ہے
کمینہ قوم کو ہر اک مکاں پہ عزت ہے — تو کیا ہوا کہ رذالے کی زر پتی پت ہے
ہے افتخار نجیبوں کا فخر و عزت و عار

حاتم کے اس شہر آشوب کا بنیادی موضوع وہ سماجی انقلاب ہے، جو نادر شاہ کے حملے سے وجود میں آیا تھا اور جس کے نتیجے میں طبقاتی نشیب و فراز میں کچھ ہمواری پیدا ہو رہی تھی۔ یعنی اونچے طبقے کچھ نیچے اُتر رہے تھے اور نیچے طبقے اُوپر اُٹھ رہے تھے۔ حاتم اُونچے طبقے کے آدمی تھے۔ وہ اس انقلاب کو ایک مصیبت عظیم سمجھ رہے تھے۔ اسی کے ساتھ ان کو حاکموں، امیروں، منصب داروں اور اہلکاروں کی بداخلاقی اور بداعمالی کی شکایت بھی تھی۔ اس شہر آشوب کے کچھ ٹکڑے نقل کیے جاتے ہیں:-

شہروں کے بیچ عدالت کی کچھ نشانی نہیں — امیروں بیچ سپاہی کی قدردانی نہیں
بزرگوں بیچ کہیں بوئے مہربانی نہیں — تواضع کھانے کی چاہو کہیں تو پانی نہیں
گیا جہاں سے جاتا رہا سخاوت و پیار

یہاں کے قاضی و مفتی ہوئے ہیں رشوت خور — یہاں کے دیکھیو سب اہل کار ہیں گے چور
یہاں کرم سے نہیں دیکھتے ہیں اور کی اور — یہاں سبھوں نے بھلائی ہے دل سے مروت اور
یہاں نہیں ہے مدار الغیر دار و مدار

امیرزادے ہیں حیران اپنے حال کے بیچ — تھے آفتاب پر اب آ گئے زوال کے بیچ

رذالے آج نشے بیچ زر کے ماتے ہیں — پہن لباس زری سب کو سچ دکھاتے ہیں

نظر میں آتے ہیں پُر کیسے آج آئی کے — اکڑتے پھرتے ہیں پی پی کے دودھ ملائی کے

شگفتہ لب ہے ہر اک آن پھول ہونے کا — بھلایا دھیلے نے اب دل سے زرخ گالے کا

پھریں ہیں چکلے جہاں بیچ آج تیلی کے — ملیں ہیں تیل سدا بیلے اور چنبیلی کے
ہوئے ہیں صاحب مال و زر و حویلی کے — رکھیں ہیں شوق سدا دل کے بیچ سبیلی کے
گئے ہیں بھول خدائے قدیم ہاش و جوار

حرام خور جو تھے اب حلال خور ہوئے — جو چور تھے وہ ہوئے شاہ شاہ چور ہوئے
جو زیر دست تھے سو ان دنوں میں زور ہوئے — جنھوں کو زور تھا سو اب مثال مور ہوئے
جو خاک چھانتے پھرتے تھے سو ہوئے زردار

بھرا ہے میوہ فروشوں کے پستہ و بادام — نظر میں لاتا نہیں اپنے صاحبوں کو غلام

جہاں ہیں صاحب حسن خانہ گھاس والے ہیں — محل جنھوں کے تھے ان کو کھنڈر کے لالے ہیں

جنگل کو چھوڑ کے بوم آ بسے ہیں بستی میں — نجیب چھوڑ کے شہروں کو ہیں جنگل میں خوار

نجیب خانہ بدوش ایک بینی اور دو گوش — ہے باغبان کے گھر میں بہار جوں گلزار

جہاں میں صاحب شمشیر ہیں گے مستقل گر — ہے گندھیوں کا معطر سدا دکان اور گھر
ہمیشہ نازاں ہیں بھڑ بونجے اپنے بختوں پر — اہیر دودھ ملائی دہی کے ہیں خوگر
بنا ہے خانۂ نقاش رشک نقش و نگار

دلوں کے بیچ صفائی نہیں ہے یاروں میں — کہیں جو جھوٹ بھی شاید تو اب ہزاروں میں
صندوق ساز کے زر ہے بھرا انگاروں میں — جو تھے سیس سو زر کر ہیں اب سواروں میں
عراقیوں کے ہوئے ہیں سر طویلہ حمار

حاتم کی دوسری بارہ صدی

حاتم کی دوسری بارہ صدی میں بھی کچھ اسی طرح کی باتیں کہی گئی ہیں۔ چند ملاحظہ ہوں۔

صبح کے وقت جو امرا قصے میں آتے ہیں — بنی ہے جن کی وے کیا کیا بھیس دکھاتے ہیں
جو کشمکش میں ہیں وے پیچ و تاب کھاتے ہیں — کتے خراب ہیں اور کتے زر کماتے ہیں
غرض خدا بھی یہی شدرتیں دکھاتے ہیں

عجب یہ دور ہے شرفا کا کچھ نہیں روزگار — بہت نجیب قسم زندگی سے ہیں بیزار
ہزاروں غمے پڑے پھرتے ہیں خدائی خوار — کہو تو کس طرح ہووے سپہ گری کا وقار
بہادر ہائے غضب بیجڑے کہاتے ہیں

رسالے نقدی کی بالکل طلب سے رو بیٹھے — بہت امیر جاگیروں سے ہاتھ دھو بیٹھے
غنیم چاروں طرف صوبہ دار ہو بیٹھے — جہاں پناہ سیتی ملک کو ڈبو بیٹھے
ویک دور سے تو بھی دھمکے دکھاتے ہیں

ہمارے دیکھتے ہی کچھ زمانہ اور آیا — دلوں سے مہر گئی اب جفا و جور آیا
نجیب کیا کریں دنیا کا اور طور آیا — کمینے پھیل گئے پاجیوں کا دور آیا
گلی و کوچوں میں بن کے سبھیں دکھاتے ہیں

اس کے بعد کئی بندوں میں اس بند کے آخری مصرعے کی شرح کی گئی ہے اور یہ دکھایا گیا ہے کہ نیچے طبقے کے لوگوں کی مالی حالت بہتر ہو گئی ہے۔ اُن میں خود آرائی اور خود نمائی کا شوق تو پیدا ہو گیا ہے، لیکن سلیقہ ابھی نہیں آیا ہے۔ مختلف پیشے والوں کی اسی آرائش و نمائش کو مضحک انداز میں پیش کیا گیا ہے، مثلاً

لگا کے کھیرے کی نک کنجڑے کے چلے بن ٹھن — چکتا سوئے کا طرّہ کسیرو کی سُرن
بنا کے کدو کی چوگان گیند کر بینگن — پھریں ہیں کھیلتے میدان کر کے گھر آنگن
پھر اُن کے باپ بھی اس سج پہ صدقے جاتے ہیں

یہ دھوبی بچے بھی کر جامے کو کلپ کندی — منڈا کے ڈاڑھیاں مونچھوں کو کر کے پوندی
بجا کے سیٹی بلاتے ہیں چوک کی خندی — پھریں ہیں کرتے بہم باٹ گھاٹ میں رندی
ہمیشہ دھی کو صابن لگا دھلاتے ہیں

مشک کو چھوڑ کرے کام تیر تکے کا — کسی کو زور دکھاتا پھرے ہے تکے کا
سوار بھیل پہ دم مارتا ہے حقے کا — چلے ہے دھج کو بناتا رذالہ سقے کا
دو چار یار پیچھوں کھنڈ گاتے آتے ہیں

لگا کے گھنڈیاں پھرے انگرکھے طوسی کے — لاہوری بن کے بھے پائجامے سوسی کے
ہاتھوں میں کھنڈیاں اور سونٹے آبنوسی کے — پھریں ہیں اکڑے ہوئے دودھ پی کے گھوسی کے

وے زور بازو کا بھینسوں سے آزماتے ہیں

اس مخمس کے اٹھائیس بند ہیں اور یہ غالباً ناتمام ہے۔ مقطع موجود نہیں ہے۔ اس کی زبان میں اتنی خامیاں ہیں کہ یہ حاتم کا کلام نہیں معلوم ہوتا۔

شفیق کا قصیدہ 'حسب حال زمانہ'

پچھمی زائن صاحب و شفیق اورنگ آبادی نے 'حسب حال زمانہ' کے عنوان سے ایک قصیدے کی شکل کا شہر آشوب لکھا، جس کے ابتدائی چند شعر یہ ہیں:۔

ایک دن دل نے کہا مجھ سے کہ صاحب سُن اِدھر — کیوں ریاست دن بدن ایسی ذلیل اور ہے بتر
اس دکن کے بیچ چھ صوبوں کے چھ تھے بادشاہ — عادل اور فیاض، صاحب عزم اور صاحب ہنر
اُن کی دولت میں مرفہ اور سبھی خوش حال تھے — کیا رعیت کیا سپاہی کیا امیر نامور
آسماں وہ ہی ہے اور وہ ہی زمیں خلقت ہے وہ — پھر ہوئی کس واسطے یہ زندگانی مختصر
شامت نیت ہے یا تدبیر میں ہے کچھ قصور — تب تو دشواری پڑی ہے ہر کسی کو اس قدر[1]

یہ پوری نظم میرے سامنے نہیں ہے۔ اس لیے اس کی نوعیت کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا۔

میر حسن کی رُباعیات در تعریف اہلِ حرفہ

میر حسن کے کلیات میں 'رُباعیات در تعریف اہلِ حرفہ' کے عنوان سے تیرہ رُباعیاں ملتی ہیں، جن میں نقاش، طباخ، نجار، کسان، رنگریز، سقا، باغبان، تیلی، گاذر، خیاط، تنبولی، بقال اور سمار کے رشکوں کا ذکر اس انداز سے کیا گیا ہے:۔

سقے کا پسینہ سب کو وہ پھل جاتا ہے — اس حورِ بہشتی کو کوئی پاتا ہے
وہ چاہ سے کھینچتا ہے ڈاڈول کی طرح — اور ہاتھ سے اس کے جی بھر آتا ہے

عیار بڑا ہے یہ تنبولی — لوٹا مجھے اور گرہ نہ اپنی کھولی
ہوش و خرد و تاب و تواں دل کی لے — جو کچھ کہ متاع خاص تھی سب ٹھولی

ان رباعیوں کا مجموعہ شہر آشوب ہے اپنے ابتدائی مفہوم میں۔

سودا کا قصیدہ شہر آشوب

سودا کے دو شہر آشوب ہیں، ایک قصیدے کی شکل میں اور ایک مخمس کی شکل میں۔ قصیدہ شہر آشوب چھیانوے[96] شعر کی طویل نظم ہے۔ اس کا مطلع یہ ہے:۔

اب سامنے میرے جو کوئی پیر و جواں ہے — دعویٰ نہ کرے یہ کہ مرے منہ میں زباں ہے

---

[1] مقدمہ چمنستان شعرا ص ۲۳-۲۴

قصیدے میں اہلِ دہلی کی مُفلسی اور اہلِ کمال کی بے قدری اس انداز سے بیان کی گئی ہے کہ قصیدے میں ہجو کی شان پیدا ہو ہے۔ چند شعر نمونے کے طور پر نقل کیے جاتے ہیں:۔

گھوڑا ہے اگر نوکری کرتے ہیں کسو کی — تنخواہ کا پھر عالمِ بالا پہ نشاں ہے
گزرے ہے سدا یوں علف و دانہ کی خاطر — شمشیر جو گھر میں تو سپر بنیے کے ہاں ہے
سوداگری کیجے تو ہے اس میں مشقت — دکھن میں بکے وہ جو خریدِ صفہاں ہے
قیمت جو چکاتے ہیں سو اس طرح کہ ثالث — سمجھے ہے فروشندہ پہ دزدی کا گماں ہے
ملّائی اگر کیجے تو مُلّا کی ہے یہ قدر — ہوں دو روپے اُس کے جو کوئی مثنوی خواں ہے
اور ماحضرِ آخوند کا اب کیا میں بتاؤں — یک کاسہ دال عدس اور جو کی دو ناں ہے
دِن کو تو بچارہ وہ پڑھایا کرے لڑکے — شب خرچ کے لیے گھر کا اگر ہندسہ داں ہے
وہ بیت ٹکے سیکڑہ لکھنے کا ہے محتاج — خوبی میں خط اب جس کا بہ از خطِ بتاں ہے
ہدیہ ہو سوا پانچ ٹکے گزری میں آکر — یاقوت پکارے جو بکاؤ یہ قرآں ہے
چاہے جو کوئی شیخ بنے بہر فراغت — چھٹتے ہی تو شعرا کے وہ مطعونِ زباں ہے
دیتا ہے دُمِ خر سے کوئی شلغم کو نسبت — گنبد سے کوئی پگڑی کو تشبیہ کناں ہے
دُنیا میں تو آسودگی رکھتی ہے فقط نام — عقبیٰ میں یہ کہتا ہے کوئی اُس کا نشاں ہے
سو اس پہ تیقن کسی کے دل کو نہیں ہے — یہ بات بھی گویندہ ہی کا محض گماں ہے
یاں نجمِ معیشت ہے تو واں خندۂ حشر — آسودگی حرفیست یہاں ہے نہ وہاں ہے

مندرجہ بالا اشعار مختلف مقامات سے لیے گئے ہیں۔ شاعر نے اپنے زمانے کے طبیبوں اور شاعروں کی جو حالت لکھی ہے اُسے ہم بے کم و کاست نقل کرتے ہیں:۔

طبیب

سینے پہ طب بت کے بھلا آدمی نوکر — سو دو سو روپے کا جو کسی عمدہ کے ہاں ہے
صحبت ہے یہ اُس سے اگر آقا کے نہیں چھینک — آئے تو وہ اُس کو بہ خوشونت نگراں ہے
دیتے ہیں منگا تیر و کماں ہاتھ میں اُس کے — ٹھنڈی ہوا آنے کا گر اُس وقت گماں ہے
اور ماحضر اُوپر جو وہ نواب کو دیکھے — کھانا تو یہ کھاتے ہیں پہ اُس کو خفقاں ہے
مطبوخ میں ہے خربزہ اور خربزے پہ دودھ — ہے دودھ پہ مچھلی تس اُپر گاؤ زباں ہے
تیہ بھی تو نہیں ہے کہ اسی سے ہو تسلی — اس سب پہ تفنن کے لیے بینی ناں ہے
اس میں جو کہیں درد اُٹھا پیٹ میں اُن کے — پھر بو علی سینا ہے تو واں ہیچماں ہے

رکھتے ہیں غرض مرگ سے لڑنے کو سپاہی گر ڈکری سمجھو یہ طبابت کی کماں ہے

شاعر

شاعر جو سُنے جاتے ہیں مستغنی الاحوال دیکھے جو کوئی فکر و تردد کو تو یاں ہے
مشتاقِ ملاقات اُنھوں کا کس و ناکس ملنا اُنھیں اُس سے جو فلاں ابن فلاں ہے
گر عید کا مسجد میں پڑھیں جا کے دوگانہ نیت قطعۂ تہنیت خانِ زماں ہے
تاریخ تولد کی رہے آٹھ پہر فکر گر رحم میں بیگم کے سُنیں نُطفۂ خاں ہے
استفاظ حمل ہو تو کہیں مرثیہ ایسا پھر کوئی نہ پُوچھے میاں مسکین کہاں ہے

سودا کا مخمس شہر آشوب

سودا کا دُوسرا شہر آشوب چھتیس[۳۶] بند کا مخمس ہے۔ اس میں بھی دہلی کی تباہی، وہاں کے لوگوں کی بے روزگاری، امیروں کی پریشان حالی، اور شریفوں کی کس مپرسی کا بیان ہے اس شہر آشوب میں کہیں کہیں ہجو کا رنگ بہت گہرا ہو گیا ہے۔ چند بند نقل کیے جاتے ہیں:

کہا میں آج یہ سودا سے کیوں تو ڈانواں ڈول پھرے ہے جا کہیں نوکر ہوئے کے گھوڑا مول
لگا وہ کہنے یہ اس کے جواب میں دو بول جو میں کہوں گا تو سمجھے گا تو کہ ہے یہ ٹھٹول
بتا کہ نوکری بکتی ہے ڈھیریوں یا تول

سپاہی رکھتے تھے نوکر امیر دولت مند سو آمد اُن کی تو جاگیر سے ہوئی ہے بند
کیا ہے مُلک کو مدت سے سرکشوں نے پسند جو ایک شخص ہے بائیس صوبے کا خداوند
رہی نہ اس کے تصرف میں فوجداری کول

بس اُن کا مُلک میں مارفتی جو یوں ہو تباہ کہ کوہِ زر ہو زراعت میں تو نہ دیں پرکاہ
بگڑ وہ کر سی نوکر رکھیں یہ جس پہ سپاہ کہاں سے آویں پیادے کریں جو پیش نگاہ
کدھر سوار جو پیچھے چلیں وہ باندھ کے غول

رہی فقط عربی باجے پر اُنھوں کی شان جو چاہو اس کو نہ بجوائیں تو یہ کیا امکان
پر اُن کا فکر ہے تخفیف خرچ پر ہر آن رہے گا حال اگر مُلک کا یہی تو نہ دان
گلے میں تاشہ کہاروں کے پالکی میں ڈھول

خجل ہو یہ نہ سمائے زمیں بہت پھاٹی کئی وہ شوری کھیلیں ہیں جو سوا پاٹی[۱]
تمام عمر ہے تدبیر مُلک میں کاٹی ندان کر اُٹھے بل کر گھر اینٹ کا ماٹی
پر اپنے زعم میں ہر اک بجائے خود بہلول

---

[۱] کلیات سودا کے دو مطبوعہ اور تین قلمی نسخوں کی مدد سے بھی یہ مصرع صحیح نہیں پڑھا جا سکا۔ (ادیب)

پڑے جو کام انھیں تو نکل کے کھائی سے — رکھیں وہ فوج جو موٹی پھرے لڑائی سے
پیادے ہیں سو ڈریں سر منڈاتے نائی سے — سوار گر پڑیں سوتے ہیں چارپائی سے
کرے جو خواب میں گھوڑا کسی کے نیچے الول

نہ صرفِ خاص میں آمد نہ خالصہ جاری — سپاہی تا منصدی سبھوں کو بے کاری
اب آگے دفتر تن کی کہوں میں کیا خواری — سوال دستخطی کو پھاڑ کر کے پنساری
کسی کو آنولہ دے باندھ اور کسی کو کٹول

یہ جتنے نقدی و جاگیر کے تھے منصب دار — تلاش کر کے ڈھیلتے انھوں نے ہو ناچار
نہاں قرض میں بنیوں کے دی سپر تلوار — گھروں سے اب جو نکلتے ہیں لے کے وہ ہتھیار
بغل کے بیچ تو سوٹا ہے ہاتھ میں کچکول

امیر اب جو ہیں دانا انھوں کی ہے یہ چال — ہوئے ہیں خانہ نشیں دیکھ کر زمانے کا حال
بچھی ہے سوزنی خوجہ کھڑا جھلے ہے رومال — حضور بیٹھے ہیں اک دو ندیم اہلِ کمال
دھری ہے سامنے ایک پیکدان اک تنبول

سودا بڑے زندہ دل تھے۔ جن باتوں پر دوسرے روتے اُن پر وہ ہنستے تھے۔ لیکن اپنے شہر کی تباہی سے وہ بھی آخر کہاں تک متاثر نہ ہوتے۔ آخر ہنستے ہنستے رو دیے اور شہر آشوب کا آخری حصہ دہلی مرحوم کا مرثیہ بن گیا۔ چند بند ملاحظہ ہوں :-

خراب ہیں وہ عمارات کیا کہوں تجھ پاس — کہ جن کے دیکھے سے جاتی رہی تھی بھوک اور پیاس
اور اب جو دیکھو تو دل ہوئے زندگی سے اُداس — بجائے گل چمنوں میں کمر کمر ہے گھاس
کہیں ستون پڑا ہے کہیں پڑے مرغول

یہ باغ کھا گئی کس کی نظر نہیں معلوم — نہ جانے کس نے رکھا یہاں قدم وہ کون تھا شوم
جہاں تھے سرو و صنوبر اب اس جگہ ہے زقوم — بچھی ہے زاغ و زغن سے اب اس چمن میں دھوم
گلوں کے ساتھ جہاں بلبلیں کریں تھی کلول

نجیب زادیوں کا ان دنوں ہے یہ معمول — وہ برقع سر پہ ہے جس کا قدم تلک ہے طول
ہے ایک گود میں لڑکا گلاب کا سا پھول — اور اُن کے حسنِ طلب کا ہر ایک سے یہ اصول
کہ خاکِ پاک کی تسبیح ہے جو بیچے مول

جہاں آباد تو کب اس ستم کے قابل تھا — مگر کبھو کسی عاشق کا یہ نگر دل تھا
کہ یوں مٹا دیا گویا کہ نقش باطل تھا — عجب طرح کا یہ بحر جہاں میں ساحل تھا

کہ جس کی خاک سے ہستی تھی خلق موتی رول

سودا کے اس شہر آشوب کے متعلق آزاد لکھتے ہیں :-

"بے درد ظاہر ہیں کہتے ہیں کہ بادشاہ اور دربار بادشاہ کی ہجو کہی ہے۔ غور سے دیکھو تو ملک کی بدحالی سوزی نے اپنے وطن کا مرثیہ کہا ہے۔"

میر کے چند مخمسوں میں شہر آشوب کی جھلک میر نے کوئی باقاعدہ شہر آشوب نہیں کہا، لیکن ان کے چند مخمس ایسے ہیں جن میں بعض مقامات پر شہر آشوب کی جھلک نظر آجاتی ہے۔ دو مخمسوں میں لشکر کی ابتری کی ہے اور سپاہیوں کی مفلسی، بھوک اور بے سروسامانی کا بیان کیا ہے۔ ایک مخمس کے چار بند اور دوسرے کے تین بند درج کیے جاتے ہیں :-

جس سو تو خندہ ابرو سے نگاہ — آوے لشکر میں رکھ امید رفاہ
یاں نہ کوئی وزیر ہے نے شاہ — جس کو دیکھو سو ہے بحال تباہ
طرفہ مردم ہوئے اکٹھے آہ

فوج ہی میں کو دیکھو سو ہے اداس — بھوک سے عقل گم نہیں ہیں حواس
بیچ کھایا ہے سب نے ساز و لباس — چیتھڑوں بن نہیں کسو کے پاس
یعنی حاضر یراق بیٹھے سپاہ

حال اڑتی ہے صبح سے تا شام — شام سے صبح تک ہے فکر طعام
روٹی کی جا ہے حال تک نام — ایک دو ہوں تو لوں کسو کا نام
سیزوں کے بھی جسد میں آہ

[illegible] سے رہا ہے کس میں حال — حورش و خواب بیٹھے خواب و خیال
جا [illegible] ہوئے ہیں وبال — زندگی اپنے طور پر ہے محال
مرگ ملتی نہیں ہے خاطر خواہ

[illegible] — آئے لشکر میں ہم برائے تلاش
[illegible] — ہے لب نان پہ سو جگہ پہ خراش
نے دم آب ہے نہ چھپر آتش

زندگانی ہوئی ہے سب پہ وبال — کھڑے جھینکیں ہیں روتے ہیں بقال
[illegible] سپاہیوں کا حال — ایک تمرا نیچے ہے اک ڈھال

بادشاہ و وزیر سب قلّاش
جُتے والے جو تھے ہوئے ہیں فقیر — تن سے ظاہر گئیں ہیں جیسے لکیر
ہیں مُعذّب مرض صغیر و کبیر — مکھیاں سی گریں ہزاروں نقیر
دیکھیں ٹکڑا اگر برابر ماش

ایک مخمس میں ایک 'شیخ جی' کی ہجو کی ہے، جن کے پاس دستخطی فرد، اجرا کے لیے لے گئے ہیں اور انھوں نے جھوٹ
عذر کر کے تیر کو خوب دوڑایا ہے۔ ذیل کے دو بند انھیں شیخ جی کی زبان سے ہیں:

مُردے جو ہیں دنوں کو بھرتے ہیں — سو بھی اسباب گردی دھرتے ہیں
ہیں سپاہی سو بھوکے مرتے ہیں — لو جو پی پی کے زیست کرتے ہیں
ایک تلوار بیچے ہے اِک ڈھال

دینے کا ہو کہیں ٹھکانا بھی — جود کو چاہیے زمانہ بھی
یاں نہیں شہ کے گھر میں دانا بھی — کبھو ہوتا ہے پینا کھانا بھی
ورنہ بھوکے رہے ہیں بیٹھے نڈھال

ایک مخمس میں شہر — میں خود اپنی پریشان حالی بیان ہے۔ اس مخمس کا آخری بند مشہور ہے، جو حسب ذ
ہے:—

حالت تو یہ کہ مجھ کو غموں سے نہیں فراغ — دل سوزشِ درونی سے جلتا ہے جوں چراغ
سینہ تمام چاک ہے سارا جگر ہے داغ — ہے نام مجلسوں میں مرا میر بے دماغ
از بسکہ کم دماغی نے پایا ہے اشتہار

ان نظموں کے متعلق آزاد نے سچ لکھا ہے:

"چند مخمس شکایت زمانہ میں بطور شہر آشوب کے کہے ہیں ..... مگر ایسے
کمزور کہے ہیں کہ گویا کچھ نہیں ہے۔" (آبحیات ص ۲۹)

مبتکر ابیات در تعریف ہر فرقہ ان مخمسوں کے علاوہ میر کی غزلوں میں جا بجا ایسے شعر ملتے ہیں، جن کو م
کی رباعیات در تعریف اہلِ حرفہ کے قبیل کی چیز سمجھ سکتے ہیں یا طاہر وحید
منقولۂ بالا اشعار — کی طرح 'ابیات در تعریف ہر فرقہ' کہہ سکتے ہیں، ان اشعار میں جن فرقوں کے نام آئے ہیں وہ یہ
نائی، دھوبی، معمار، عطار، بزاز، صراف، زرگر، گل فروش، اتو کش، آتش باز، باغبان، افسانہ خوان، مطرب، مفتی،
کشتی گیر، قاضی، مُفتی، طبیب، سید، برہمن، ترک، مُغل، ہندو، اہلِ دول، امیر۔ اگر میر کے یہ منتشر اشعار یک جا کر دیے
تو ایک شہر آشوب اپنے ابتدائی مفہوم میں تیار ہو سکتا ہے۔ ذیل میں ایسے چند شعر مثال کے طور پر پیش کیے جاتے ہیں

تیرش تو بہت ہے وہ زرگر پسر — پڑے ہیں کھٹائی میں مدت سے ہم

پُرشور سے ہے عشق مغنی پسراں کے — یہ کاسۂ سر کاسۂ طنبور ہوا ہے

میر کیا سادے ہیں بیمار ہوئے جس کے سبب — اُسی عطار کے لڑکے سے دوا لیتے ہیں

نعرہ اک سپاہی پسر سے لڑی — قریب اُس کے تلوار کر کر گئے

افسانہ خواں کا رٹا کا کیا کہئے دیدنی ہے — قصہ ہمارا اُس کا یارو شنیدنی ہے

وہ باغباں پسر کچھ گل گل شگفتہ ہے اب — یہ اور گل کھلا ہے اک پھولوں کی دکاں کا

وہ ترکش کا بھی پر کیا ہے سرگرم جفا — مارے تلواروں کے اُن نسبتوں کو ترکیا

کیا نظر سے جو وہ گرم طفل آتش باز — ہم اپنے چہرے پہ اُڑتے ہوائیاں دیکھیں

دل لشکر میں ایک سپاہی زلف نے ہم سے چھین لیا — ہم درویش طلب ہیں اس کی ڈیرے ڈیرے پھرتے ہیں

وہ دھوبی کا کم ملتا ہے میں دل اودھر ہے بہت — کوئی کہے اس سے ملنے میں تجھ کو کیا ہم دھوبیں ہیں

اس طرح کے اشعار بالعموم حقیقت پر مبنی نہیں ہیں، بلکہ ابتدائی شہر آشوبوں کے زیر اثر تقلیدی اور روایتی انداز میں کہے گئے ہیں۔

قائم کا شہر آشوب قائم چاند پوری نے بھی چھتیس بند کا ایک مخمس شہر آشوب کہا ہے، جس میں شہروں کی ویرانی اور شہریوں کی پریشانی کا بیان ہے۔ ابتدا بادشاہِ وقت کی سخت ہجو سے کی گئی ہے، کہ وہی ملک کی تباہی اور رعایا کی بدحالی کا ذمہ دار ہے۔ شہر آشوب کے دو بند سنیے:۔

کیسا یہ شہ کہ ظلم پر اس کی نگاہ ہے — ہاتھوں سے اُس کے ایک جہاں داد خواہ ہے
کہتا اک آپ ساتھ لشکری سپاہ ہے — ناموسِ خلق سایے میں اس کے تباہ ہے

شیطان کا یہ فعل ہے، نہ فعل اللہ ہے

رہتی تھی ایک خلق کے جی میں یہ آرزو — ہووے گا بادشاہ بھی پھر ہند میں کبھو
تا زمرے وہی ہوں سر نو وہی غلو — سو آسماں نے لا کے مسلط کیا تو تو
جس کے ستم سے چار طرف آہ آہ ہے

آگے چل کر بادشاہ کے باپ دادا تک کی خبر لی گئی ہے اور اس کی حماقتوں کو اُس کے بزرگوں کا ورثہ قرار دیا گیا ہے۔

تُو تو خدا کے فضل سے اُس باپ کا پسر — جس کا خطاب شاہِ حماقت پناہ ہے
دادا ترا جو لال کنور کا تھا مبتلا — کہتا تھا کشتیوں کے ڈبونے کو بر ملا
اس خاندان میں حمق کا جاری ہے سلسلہ — دوں دوش کس طرح سے میں تیرے تئیں بھلا
آخر گدھا پن اُس کا ترا عذر خواہ ہے

اس بادشاہ کے عہد میں شہر ویران اور ضروریاتِ زندگی نایاب ہیں :-

جو شہر میں تھے مہر سے ہر چیز میں خراج — ٹھیکے دوا کے گنج میں رہتے تھے جوں اناج
واں درد سے شکم کے کوئی مر نہ جاؤ آج — کس چیز سے حکیم کرے بیٹھ کر علاج
نے زیرہ ہے نہ سونف ہے نے نانخواہ ہے

اجڑے پڑے ہیں شہر میں دے دے مکان خوب — جن کی صفا سے جائیں تھے موتی عرق میں ڈوب
اک ریزہ خس پہ جان جہاں دیں تھے خاک رُوب — تو دوں اب اُس زمین میں حاضر سفید دُوب
بوجھوں اب اُس جگہ پہ دھتورا سیاہ ہے

غریب ہوں یا امیر سب کے سب افلاس کا شکار اور فقر و فاقے میں گرفتار ہیں۔

اک نانِ خشک شب جو میسر کسی کو آئے — ممکن ہے کیا کہ بیٹھ کے آسودگی سے کھائے
نیچے چھپے زمین کے یا آسماں پہ جائے — یوں گرد و پیش گھیرے ہے اک خلقت خدائے
جیسی طرح حصار میں ہالے کے ماہ ہے

تن زیب پہرتے جنھیں آتی تھی جی میں عار — خاصہ ہمیشہ جسم میں اُن کے تھا بے فتار
سو ظلم سے تو ہے ہیں وہ یاں تک ذلیل و خوار — دستار موے سر سے ہے ان کے سروں پہ بار
جامہ اگر ہے تن پہ تو وہ گرد راہ ہے

کیا جانے آسماں کی بگڑ کیا گئی ہے کل — محتاج مایہ دار سے لے تا بہ کم بقل
کوئی روز آگے گھر میں تھی جن کے چہل پہل — مطبخ میں اُن کے آج نہیں گر پکا تھا کل

پرسوں سے اصطبل میں نہ دانہ نہ کاہ ہے

مفلسی نے سب کے اخلاق خراب کر دیے ہیں :-

اس سب پہ اب ہے عاشق و معشوق تک یہ ڈھنگ — دیکھے جو نور شمع پہ تو جل مرے پتنگ
عالم سے اُٹھ گیا جو نہ ناموس و پاس ننگ — جس سے سُنو تو رشک سے بیٹی کے ماں ہے تنگ
دیکھو جدھر تو باپ کو بیٹے کا واہ ہے

روزی کمانے کا دروازہ بند اور سرکاری ملازمت نایاب ہے۔

حاکم جو اس ضلع کا ہے ماجد گلاب رائے — روزی ہزار ہا کی تھی واں بلکہ کچھ سوائے
سو اب جو نوکری کو کوئی اس کے پاس جائے — کہتا ہے رکھ تو لوں میں پہ چھٹا کہاں سے آئے
نے ملک ہے نہ مال نہ دولت نہ جاہ ہے

یہ زبوں حالی اور بداخلاقی شہروں سے گزر کر قصبوں میں بھی پہنچ گئی ہے۔

قصبات اک جگہ تھی شریفوں کی بود و باش — فاسق نظر پڑے جو کوئی وہاں بصد تلاش
عصمت زنوں کی عصمت مریم سے زیادہ فاش — تقوے کی رُو سے مرد فرشتوں کی سی معاش
سو بھوکھ سے حرام پہ اُن کی نگاہ ہے

اس شہر آشوب میں مختلف فرقوں طبقوں اور پیشہ وروں کا ذکر کم ہے، مگر ہے ضرور۔

آیا ہے کایتھوں پہ جو کوئی دنوں کا پھیر — سر رشتہ دار و دفتر مالی ہیں یہ کھیر (؟)
ڈالیں ہیں لا کے پیٹھ میں یہ کاغذوں کے ڈھیر — لیکن وہ کون ہے جو خریدے چھدام سیر
.... کو کچھ ضرور نہ ..... کو چاہ ہے

مفتی پھریں ہیں بھوکھ سے کرتے لحظہ لحظہ — قاضی کہے ملکی تھی مری ہی قضا مگر
ہے چودھری کے گھر میں ہمیشہ سڑ سپڑ — عاشق کے یہاں بھی ہیں تو .....
اللہ جس طرح سے رکھے واہ واہ ہے

یہ پند بند جو اُوپر نقل کیے گئے ہیں، قائم کے شہر آشوب کی نوعیت ظاہر کرنے کے لیے کافی ہیں۔

حسرت کا مخمس در احوال دہلی — جعفر علی حسرت نے بھی ایک شہر آشوب کہا ہے جو مخمس در احوال دہلی کے عنوان سے اُن کے کلیات میں شامل ہے۔ اس مخمس میں چالیس بند ہیں۔ ڈاکٹر محمد عمر نے رسالہ نقوش، لاہور کے اکتوبر ۱۹۶۲ء کے شمارے میں مطلع کو چھوڑ کر اس مخمس کے انتالیس ۳۹ بند دیوان حسرت کے اُس قلمی نسخے سے لے کر شایع کیے ہیں، جو بقول اُن کے رضا لائبریری، رام پور میں محفوظ ہے اور مصنف دیوان کے بارے میں لکھا ہے :-

"اگرچہ اس دیوان کا اندراج فہرست کتب خانہ میں ذوقی رام حسرت کے نام سے ہے، لیکن حقیقت میں یہ میر محمد حیات المخاطب بہ ہیبت قلی خاں حسرت عظیم آبادی المتوفی ۱۱۲۱ھ [۹۶-۱۷۹۵ء] کا دیوان ہے۔"

میرے استفسار پر مولانا عرشی ناظم رضا لائبریری نے تحریر فرمایا کہ "حسرت کے دیوان میں یہ مخمس نہیں ہے۔ اس کو شایع کرنے والے نے انتساب میں سخت غلطی کی ہے حقیقت یہ ہے کہ یہ مخمس جعفر علی حسرت کا ہے، جو مشہور معاملہ بند شاعر جرأت کے استاد تھے۔ وہ دہلی کے رہنے والے تھے، مگر اُن کی عمر کا زیادہ حصہ فیض آباد اور لکھنؤ میں گزرا۔ جعفر علی حسرت کے کلیات کا ایک قلمی نسخہ جلسۂ تہذیب لائبریری لکھنؤ میں محفوظ ہے، اور اس میں مخمس در احوال دہلی بھی شامل ہے۔

حسرت نے اپنے شہر آشوب میں پہلے افغانوں کے حملے سے دہلی کی تباہی کا حال تیرہ بندوں میں بیان کیا ہے۔ ابتدائی چار بند سنیے:-

نہیں ہے مرثیے سے کم جہان آباد کا حال — اگر لکھوں تو قلم نالہ زن ہونے کی مثال
دگر پڑھوں تو کہاں غم سے ہے سخن کی مجال — اگرچہ چرخ ستمگر یہ اس پہ لایا زوال
پر آپ روئے ہے رکھ منہ پہ ابر سے رومال

کیا غنیم کے لشکر نے یوں اسے ویراں — کہ جیسے باد خزاں سے ہو حالت بستاں
نہ سیل حادثہ لاوے کسی پہ یوں طوفاں — گزر گیا ستم افغاں کے ظلم سے جو وہاں
فغاں کہ ہو گیا یہ کشت سبز سب پامال

وہ باغ جس میں کہ گل رو تھے سب حسیں گل سے — اور اُن کی زلفیں فزوں تر تھیں جعد سنبل سے
چمن کے رشک تھے رخسار و خط و کاکل سے — دراز اُس پہ ہو دست ستم تطاول سے
دریغ مٹ گیا نقشہ رہا نہ وہ خط و خال

سواد اُس کے سے تھی زلف مہوشاں نخچیر — بہار اُس کی سے عرقاب شرم تھا کشمیر
ہر ایک اُس کے مکاں میں بہشت کی تعمیر — جدھر نظر کرو سو جیسے تھا عالم تصویر
نہ سر کے واں سے جدھر جا پڑے نگاہ خیال

اس کے بعد یہ دکھایا ہے کہ بادشاہ، شاہی خاندان کے افراد، امیر، جاگیردار، ملازمت پیشہ، سپاہی، نجیب، نجومی، طبیب، شاعر، مصور، سوداگر، پیرزادے، مرثیہ خوان سب کے سب مفلسی اور بے روزگاری کا شکار ہیں۔ چند بند نقل کیے جاتے ہیں:-

جو بادشاہ وہاں کا رکھے تھا تخت اوتاج — وہ اپنے قوت کو اطفال کے ہوا محتاج
خدائی ہے جسے دیتا تھا سارا ہند خراج — غنیم آن کے لے اُس سے اُس کے شہر باج

وہ شکل ہے کہ کرے شیر کو شکار شغال

جواہر اور خزانہ تو سب لٹا بیسر، رہیں سو کس پہ یہ فرقے کے لوگ اور چاکر
رہا نہ مال بجز سنگ کوٹھوں کے اندر جو چھت تھی چاندی کی دیوان خاص کے اندر

سو وہ وزیر نے کی خرچ بیچ کر ٹکسال

نجیب تو ہوئے فاقوں سے اب سبھی رنجور رہی نہ منہ پہ ہے رونق نہ اس کی چشم میں نور
جو اہل حرفہ ہیں اُن کا تو کیجیے کیا مذکور جنھوں کا کسب تھا طوائی اُن کا یہ دستور

کرہا کے چوک میں دیکھیں ہیں اک دھڑی پہ نال

وہ جو کہ فن طبابت میں تھے ارسطو راے اُنھوں نے دیکھا خدا جھوٹے تبت ما کوئی کھلے
مرض ہے جو ع بقر کا سو کس طرح سے جلے وہ چھوڑ طب کو کہیں جو کچھ اب خدا کھلاے

سلائی سرمے لے بازار میں بنے کحال

جنھوں کا پیری مریدی تھا سلسلہ جاری اُنھوں کو لینے لگی گھر میں ناں بدشواری
مرید فاقوں سے مرتے ہیں خود یہ ناچاری سُنی جہاں کہیں مجلس ہے واں کی تیاری

دو روٹی قلیے پہ جا کر لگے وہ کرنے حال

مصور اُن میں جو تھے کھینچتے ہیں حیرانی ٹکے کو کھینچ دے تصویر گرچہ ہو مانی
جو خط کے لکھنے میں مہر علی کے تھے ثانی قلم کو اُن کے ہے دن رات خون افشانی

لکھیں ہیں دھڑی کر خط خبط پشتاب کی مثال

آخری بند میں شاعر کہتا ہے کہ شہر کی تباہی اہل شہر کی بد اعمالی کا نتیجہ ہے۔

جہاں آباد نہ ہوتا کبھی طرح سے تباہ جو حسرت ایسے عمل کرتے ہم نہ نامہ سیاہ
پرائے مال پہ ناموس پر رکھیں جو نگاہ تو اُن پہ کیونکہ نہ بھیجے بھلا غضب اللہ

ہمارے آگے ہی آئے ہمارے یہ اعمال

جرأت کا مخمس، حسرت کے شاگرد جرأت کا ایک ترجیع بند مخمس ایک قدیم بیاض میں ملا، جس کا مصرع ترجیع، حضور جبل بستاں کرے نوا سنجی، لازمی قرار دیتا ہے کہ ہر بند کسی ایسی بات پر ختم کیا جائے جو اس مصرعے سے مناسبت رکھتی ہو۔ یہ پابندی اس مخمس کا خاص عیب ہے، لیکن اس میں شہر آشوب کی شان پوری طرح موجود ہے۔ متعدد دوسرے شہر آشوبوں کی طرح اس میں بھی شاعر گزرے زمانے سے یہ شکایت ہے کہ اُس نے امیروں کو مفلس اور غریبوں کو تونگر کر دیا ہے، اور شریفوں کو زوال سے دوچار کر کے کمینوں کو عروج دے دیا ہے۔ اس مخمس میں بائیس[۲۲] بند ہیں۔ چند بند اور کچھ مصرعے نقل کیے جاتے ہیں، جس سے اس کی شہر آشوبی نوعیت واضح ہو جائے گی۔

اب ان کو دے شفق چرخ شال نارنجی — بنا جو کرتے تھے لیل و نہار شطرنج
یہ دیکھ کیوں نکلے نہ اُبھے بخانۂ تن جی — ظہور حشر نہ کیوں ہو جو کھپڑی گنجی
حضور بلبل بستاں کرے نوا سنجی

جو گل فروش تھے اب ہیں وہ مالک صد باغ — جو مفلس ازلی تھے رکھیں ہیں عیش و فراغ
جو خاک روب تھے اب اُن کا عرش پر ہے دماغ — یہ کاؤں کاؤں خوش آوے کسے جو مادہ زاغ
حضور بلبل بستاں کرے نوا سنجی

سمجھتے خاک نہیں سانڈے کے جو تیل سوا — حکیم جیو کہا دیں سب ان سے پوچھیں دوا
چلے جب ایسی حماقت کی اس چمن میں ہوا — تو کیوں نہ پھر سر و گردن ہلا ہلا کے لوا
حضور بلبل بستاں کرے نوا سنجی

دیا سلائی جو بیچے تھا یا کہ سر کنڈا — ہوا ہے صاحب لشکر بنا کے اک جھنڈا
ہوائے باغ جہاں سے ہو کیوں نہ دل ٹھنڈا — جو ٹینی مرغ کا بچہ کھٹکتے ہی انڈا
حضور بلبل بستاں کرے نوا سنجی

ٹکڑ گداؤں کو دے چرخ منصب شاہی — جو گھس کھدے تھے وہ اوڑھیں دوشالۂ کاہی
لگا کے بیٹھے تھے جو خوانچہ کھائے ہے خان — بڑا گھر اس کا ہے بیت الخلا تھا جس کا مکان
جو بیچ کھاتے تھے کنجشک دام میں لا کے — کریں ہیں عرش پہ پرواز اب وہ چڑیا کے
جنھوں کے گھر تھی امارت گھر اُن کا ہے سونا — بنی گھر اس کے عمارت جو بیچے تھا چونا
معاملات میں اب اعتبار اُن کا ہے — کہ جی کو کہتے تھے پدے کی ضامنی کیا ہے

آخری بند :-

جب عدو کو ہے جرأت کی ہمسری کا خیال — وہ بھولے اپنی بھی کو اپنے جو ہنس کی چال
کہو ادنے ابھی لا؟ حسد کو جی سے نکال — ہنسیں گل اس پہ جو چھد کی پھلا پھلا پر و بال
حضور بلبل بستاں کرے نوا سنجی

راسخ عظیم آبادی کی مثنوی در بیان انقلاب زمانہ

غلام علی راسخ عظیم آبادی متوفی ۱۲۳۸ھ نے مثنوی کی شکل میں ایک شہر آشوب کہا ہے، جو مثنویات راسخ مرتبہ ممتاز میں حسب ذیل عنوان کے ساتھ شامل ہے :-

"مثنوی در بیان انقلاب زمانہ و شکایت فلک و مجملاً احوال مقیمان بلدۂ عظیم آباد"

اس مثنوی میں راسخ نے عظیم آباد (پٹنہ) کی گزشتہ خوش حالی و فارغ البالی اور موجودہ مفلسی و ناداری کا ذکر کرنے

کے بعد جن پیشوں اور پیشہ وروں کا حال لکھا ہے وہ یہ ہیں، مشایخ، خطاط، معلم، شاعر، وکالت، زراعت، تجارت، طبابت، مصاحب، سپاہ گری۔ مثنوی میں کل ایک سو بیس شعر ہیں۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے:-

گزرتی تھی آرام سے بے تعب — کہ تھے جمع اسباب عیش و طرب
کہیں مجلس عیش و بزم نشاط — کہیں دوستوں میں بہم اختلاط
جہاں اک عجب باغ تھا دل کشا — ہر اک گل میں تھی اس کے بوئے وفا
یہ گلزار اب ہو گیا خار زار — خزاں ہو گئی ہائے اس کی بہار
کوئی اس چمن میں تونگر نہیں — کوئی غنچہ ساں صاحب زر نہیں
ہے اب خاک رہ ہائے اور ان کا فرق — جو تھے سر سے پا تک جواہر میں غرق
جنہیں فرش قاقم پہ تھی دار و گیر — ہوئے ہیں وہ محتاج فرش حصیر
معطل ہے ہر کوئی بے کار ہے — فقط مفلسی بر سر کار ہے
گدائی کا کاسہ لیے در بدر — ہیں آوارہ ارباب فضل و ہنر
ہنر مند کا ہے جگر ریش ریش — نہیں جاتا ہے کوئی پیشہ بھی پیش

مشایخ جو ذی عز و تعظیم ہیں — دل ان کے بھی صدمہ کش بیم ہیں
غم قوت ہے یاں تلک ہر زماں — کہ ہیں رشتۂ سبحہ ساں ناتواں

معلموں خوشنویسوں کا ہیں حال کیا — نوشتے پر اپنے ہیں گریاں سدا
بہت فکر روزی سے ہیں دردناک — قلم غم سے ان کے ہوا سینہ چاک

وکالت کا بازار بھی سرد ہے — وکیل اب جو ہے وہ بڑا مرد ہے
کہاں اب وکالت ہو رونق پذیر — موکل ہی سب ہو گئے ہیں فقیر

زراعت کا پیشہ بھی بے آب ہے — ذرعایاں تو نایاب ہے
کرے کب یہ پیشہ کسو کو نہال — کہ سرسبز ہونا بہت ہے محال

طبابت میں بھی کچھ نہیں اب حصول — اطبا ہیں اس عہد میں سب ملول

ہر اک کو مرض مفلسی کا ہے آج　　طبیب اب بچارے کریں کیا علاج

سپاہی کی مٹی بھی ہے اب خراب　　کہ تیغا ہوا نوکری کا تو باب
جو اشجع ہیں اب اُن کا یہ رنگ ہے　　کہ قسمت سے اپنی انھیں جنگ ہے
ہیں افلاس سے ایسے اندوہگیں　　کہ مٹی کا گھوڑا امیر نہیں
نہ ترکش ہے نے تیر ہے نے کماں　　خدنگ الم کے نشاں ہدف زماں
کماں کی کماں ہو رہے ہیں تباہ　　اگر تیر ہے تو فقط تیر آہ

مختلف پیشوں اور پیشہ وروں کی کس مپرسی اور مفلسی کا بیان کرنے کے بعد شاعر شہر کی خوش حالی اور بدحالی کو اہلِ شہر کی اخلاقی حالت کا نتیجہ قرار دیتا ہے:-

یہ پٹنہ عجب دل کشا شہر تھا　　طلسمات تھا واہ کیا شہر تھا
تھے صدق صفا پیشہ اس کے مقیم　　طریقِ وفا پر بہت مستقیم
بہت نیتیں نیک رکھتے تھے سب　　زباں اور دل ایک رکھتے تھے سب
اب اس شہر کا طور ہی اور ہے　　مقیموں کا اس کے بُرا طور ہے
کوئی ان میں غماز و نمام ہے　　کسو کا سخن چینی ہی کام ہے
بہت جانتے ہیں فریب اور زور　　بہت بڑھ گیا حد سے فسق و فجور
نہیں نیک نیت کوئی یاں ولیک　　اگر ہے تو ہے وہ ہزاروں میں ایک

نظیر کا شہر آشوب

نظیر اکبرآبادی نے پینتالیس (۴۵) مخمس بند کا ایک شہر آشوب کہا ہے، جس میں آگرے کے پیشہ وروں، سپاہیوں اور امیرزادوں کی پریشاں حالی بیان کی ہے۔ اس کے چند بند نقل کیے جاتے ہیں:-

ہے اب تو کچھ سخن کا مرے کاروبار بند　　رہتی ہے طبع سوچ میں لیل و نہار بند
دریائے سخن کی فکر کا ہے موج دار بند　　ہو کس طرح نہ منہ میں زباں بار بار بند
جب آگرے کی خلق کا ہو روزگار بند

اب آگرے میں جتنے ہیں سب لوگ ہیں تباہ　　آتا نظر کسی کا نہیں ایک دم نباہ
ناگہ عزیز وا ایسے بُرے وقت سے پناہ　　وہ لوگ ایک کوڑی کے محتاج ہیں اب آہ
کب ہے ہنر کے یاد ہیں جن کو ہزار بند

صراف بنیے جوہری اور سیٹھ ساہوکار　　دیتے تھے سب کو نقد سو کھاتے ہیں اب اُدھار

کے بعد جن پیشوں اور پیشہ وروں کا حال لکھا ہے وہ یہ ہیں، مشایخ، خطاط، معلم، شاعر، وکالت، زراعت، تجارت، طبابت، مصاحب، سپاہ گری۔ مثنوی میں کُل ایک سو بیس شعر ہیں۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے:-

گزرتی تھی آرام سے بے تعب — کہ تھے جمع اسباب عیش و طرب
کہیں مجلس عیش و بزم نشاط — کہیں دوستوں میں بہم اختلاط
جہاں اک عجب باغ تھا دل کشا — ہر اک گل میں تھی اُس کے بوئے وفا
یہ گلزار اب ہو گیا خار زار — خزاں ہو گئی ہائے اس کی بہار
کوئی اس چمن میں تونگر نہیں — کوئی غنچہ ساں صاحب زر نہیں
ہے اب خاک رہ ہائے اور ان کا فرق — جو تھے سر سے پا تک جواہر میں غرق
جنھیں فرش قالیں پہ تھی دار و گیر — ہوئے ہیں وہ محتاج فرش حصیر
معطل ہے ہر کوئی بے کار ہے — فقط مفلسی بر سر کار ہے
گدائی کا کاسہ لیے در بدر — ہیں آوارہ ارباب فضل و ہنر
ہنر مند کا ہے جگر ریش ریش — نہیں جاتا ہے کوئی پیشہ بھی پیش

مشایخ جو ذی عزت و تعظیم ہیں — دل ان کے بھی صدمہ کش بیم ہیں
غم قوت ہے یاں تلک ہر زماں — کہ ہیں رشتۂ سبحہ ساں ناتواں

لکھوں خوشنویسوں کا میں حال کیا — نوشتے پر اپنے ہیں گریاں سدا
بہت فکر روزی سے ہیں دردناک — قلم غم سے ان کے ہوا سینہ چاک

وکالت کا بازار بھی سرد ہے — وکیل اب جو ہے وہ بڑا مرد ہے
کہاں اب وکالت ہو رونق پذیر — موکل ہی سب ہو گئے ہیں فقیر

زراعت کا پیشہ بھی بے آب ہے — دُر مدعا یاں تو نایاب ہے
کرے کب یہ پیشہ کسو کو نہال — کہ سرسبز ہونا بہت ہے محال

طبابت میں بھی کچھ نہیں اب حصول — اطبا ہیں اس عہد میں سب ملول

ہر اک کو مرض مفلسی کا ہے آج　　طبیب اب بچارے کریں کیا علاج

سپاہی کی مٹی بھی ہے اب خراب　　کہ نیفا ہوا نوکری کا تو باب
جو اشجع ہیں اب اُن کا یہ رنگ ہے　　کہ قسمت سے اپنی انھیں جنگ ہے
ہیں افلاس سے ایسے اندوہگیں　　کہ مٹی کا گھوڑا امیر نہیں
نہ ترکش ہے نے تیر ہے نے کماں　　خدنگ الم کے نشاں ہدف زماں
کماں کی کماں ہو رہے ہیں تباہ　　اگر تیر ہے تو فقط تیر آہ

مختلف پیشوں اور پیشہ وروں کی کس مپرسی اور مفلسی کا بیان کرنے کے بعد شاعر شہر کی خوش حالی اور بدحالی کو اہلِ شہر کی اخلاقی حالت کا نتیجہ قرار دیتا ہے:-

یہ پٹنہ عجب دل کشا شہر تھا　　طلسمات تھا واہ کیا شہر تھا
تھے صدق صفا پیشہ اس کے مقیم　　طریقِ وفا پر بہت مستقیم
بہت نیتیں نیک رکھتے تھے سب　　زباں اور دل ایک رکھتے تھے سب
اب اس شہر کا طور ہی اور ہے　　مقیموں کا اس کے بُرا طور ہے
کوئی ان میں غماز و نمام ہے　　کسو کا سخن چینی ہی کام ہے
بہت جانتے ہیں فریب اور زور　　بہت بڑھ گیا حد سے فسق و فجور
نہیں نیک نیت کوئی یاں ولیک　　اگر ہے تو ہے وہ ہزاروں میں ایک

نظیر کا شہر آشوب

نظیر اکبرآبادی نے پینتالیس[۴۵] مخمس بند کا ایک شہر آشوب کہا ہے، جس میں آگرے کے پیشہ وروں، سپاہیوں اور امیرزادوں کی پریشاں حالی بیان کی ہے۔ اُس کے چند بند نقل کیے جاتے ہیں:-

ہے اب تو کچھ سخن کا مرے کاروبار بند　　رہتی ہے طبع سوچ میں لیل و نہار بند
دریائے سخن کی فکر کا ہے موج دار بند　　ہو کس طرح نہ منہ میں زباں بار بار بند
جب آگرے کی خلق کا ہو روزگار بند

اب آگرے میں جتنے ہیں سب لوگ ہیں تباہ　　آتا نظر کسی کا نہیں ایک دم نباہ
ناگہ عزیز وا ایسے بُرے وقت سے پناہ　　وہ لوگ ایک کوڑی کے محتاج ہیں اب آہ
کسب و ہنر کے یاد ہیں جن کو ہزار بند

صراف بنیے جوہری اور سیٹھ ساہوکار　　دیتے تھے سب کو نقد سو کھاتے ہیں اب اُدھار

بازار میں پڑے ہے پڑی خاک بے شمار　　بیٹھے ہیں یوں دکانوں میں اپنی دکان دار
جیسے کہ چوبیٹھے ہوں قیدی قطار بند

ماریں ہیں ہاتھ ہاتھ پہ سب یاں کے دستکار　　اور جتنے پیشہ وار ہیں روتے ہیں زار زار
کپڑے ہے تن اُدھار تو پیٹے ہے سر شمار　　کچھ ایک دو کے کام کا رونا نہیں ہے یار
چھتیس پیشے والوں کا ہے کاروبار بند

بیٹھے بساطی راہ میں تنکے سے چنتے ہیں　　جلتے ہیں نانبائی تو بھڑ بھونجے بھنتے ہیں
دھنیے بھی ہاتھ ملتے ہیں اور سر کو دھنتے ہیں　　روتے ہیں وہ جو شربت و دارائی بنتے ہیں
اور وہ تو مر گئے جو بنیے تھے ازار بند

ہر دم کماں گروں کے اُپر پیچ و تاب ہیں　　صحاف اپنے حال میں غم کی کتاب ہیں
مرتے ہیں بینا ساز مصور کباب ہیں　　نقاش ان سبھوں سے زیادہ خراب ہیں
رنگ و قلم کے ہو گئے نقش و نگار بند

حجام پر بھی یاں تئیں ہے مفلسی کا زور　　پیسہ کہاں جو سان پہ ہو استروں کا شور
کانپے ہے سر بھگوتے ہوئے اس کی پور پور　　کیا بات ایک بال کٹے یا تراشے کور
یاں تک ہے استرے و نہرنی کی دھار بند

کیا چھوٹے کام والے و کیا پیشہ ور نجیب　　روزی کے آج ہاتھ سے عاجز ہیں سب غریب
ہوتی ہے بیٹھے بیٹھے جب آ شام عن قریب　　اُٹھتے ہیں سب دکان سے کہہ کر کہ یا نصیب
قسمت ہماری ہو گئی بے اختیار بند

جتنے ہیں آج آگرے میں کارخانہ جات　　سب پر پڑی ہیں آن کے روزی کی مشکلات
کس کس کے دکھ کو روئیے کس کس کی کیجیے بات　　روزی کے اب رخت کا ملتا نہیں ہے پات
ایسی ہوا کچھ آ کے ہوئی ایک بار بند

دیکھے کوئی چمن تو پڑا ہے اُجاڑ سا　　غنچہ نہ پھول نہ سبزہ ہرا بھرا
آواز قمریوں کی نہ بلبل کی ہے صدا　　نہ حوض میں ہے آب نہ پانی ہے نہر کا
چادر پڑی ہے خشک تو ہے آبشار بند

عاشق کہو اسیر کہو آگرے کا ہے　　ملا کہو دبیر کہو آگرے کا ہے
مفلس کہو فقیر کہو آگرے کا ہے　　شاعر کہو نظیر کہو آگرے کا ہے

اس واسطے یہ اُس نے لکھے پانچ چار بند[1]

اب تک جن شہر آشوبوں کا ذکر کیا گیا ہے، ان میں سے ابتدائی مفہوم کے شہر آشوبوں کو چھوڑ کے باقی سب شہر آشوب نادر شاہ اور احمد شاہ دُرّانی کے حملوں سے دہلی کی تباہی اور اہل دہلی کی بدحالی کے اثر سے وجود میں آئے ہیں۔ ان میں شہر آشوب کے ابتدائی مفہوم کی جھلک بھی نظر آتی ہے۔ یعنی ان میں مختلف طبقوں اور پیشہ وروں کا حال بیان کیا گیا ہے، طبقاتی درجہ بندی میں بکایک جو فرق آگیا تھا اور اس سے امرا اور شرفا کے اقتدار اور سربلندی میں جو خلل پڑ گیا تھا، اس پر غم و غصے کا اظہار کیا گیا ہے۔ ۱۸۵۷ء کے قیامت خیز ہنگامے نے دہلی کے زمین و آسمان کو بدل کر کچھ کا کچھ کر دیا۔ آس پاس کے دیہاتیوں نے شہر میں گھس کر قتل و غارت کا بازار گرم کر کے شریف، معزز اور خوش حال باشندوں کو بڑی مصیبتوں میں مبتلا کر دیا اور انگریزوں نے دہلی کے بڑے بڑے نامی گرامی لوگوں کو پھانسی پر لٹکوا دیا۔ ان الم ناک اور دہشت خیز واقعات کے بیان میں بہت سی نظمیں کہی گئیں۔ یہ نظمیں حقیقت میں دہلی مرحوم کے مرثیے ہیں۔ ان کو شہر آشوب کہنا کچھ بہت مناسب نہ تھا۔ لیکن اب شہر آشوب کے مفہوم میں اور وسعت پیدا ہو گئی اور وہ نظمیں بھی شہر آشوب کے دائرے میں آگئیں، جن میں پیشہ وروں اور طبقوں کا تخصیص کے ساتھ ذکر نہیں ہے، بلکہ شہر کی تباہی کا عمومی انداز میں بیان ہے۔

اس طرح کی نظموں کا ایک مجموعہ منشی محمد تفضل حسین خاں کوکب نے مرتب کر کے فغانِ دہلی[2] کے نام سے شایع کیا، جن میں کچھ نظموں کا اضافہ کر کے نظامی بدایونی نے فریادِ دہلی اور انقلابِ دہلی کے دُہرے نام سے ۱۹۳۱ء میں شایع کیا۔ ان نظموں میں زیادہ تر غزل کی شکل میں ہیں، مگر چند مخمس اور مسدس بھی ہیں۔ داغ دہلوی کا مسدس اپنی نوعیت میں اس مجموعے کی دوسری نظموں سے کچھ زیادہ مختلف نہیں ہے، لیکن شاعرانہ محاسن کے اعتبار سے سب سے بہتر اور سب سے زیادہ مشہور ہے۔ خود مصنف نے اپنی اس نظم کو 'شہر آشوب' قرار دیا ہے اور کچھ عجب نہیں کہ شہر آشوب کے نئے مفہوم کی بنیاد اسی نظم سے پڑی ہو۔ اس مجموعے کی نظموں کی تفصیلی کیفیت ڈاکٹر سید عبد اللہ کے اُس مقالے میں دیکھی جا سکتی ہے، جو 'شہر آشوب کی تاریخ' کے عنوان سے ان کے مجموعۂ مقالات بحث و نظر میں شامل ہے۔ یہاں صرف داغ کے شہر آشوب کے چند بند پیش کیے جاتے ہیں:-

فلک زمین و ملائک جناب تھی دِلّی　　بہشت و خلد سے بھی انتخاب تھی دِلّی

---

[1] پانچ چار کے عدد اگر اسی طرح بلا فاصلہ ہندسوں میں لکھے جائیں یعنی ۴۵ تو اس مخمس کے بندوں کی تعداد ظاہر ہوگی جو پینتالیس ہے۔

[2] ڈاکٹر سید عبد اللہ نے فغانِ دہلی مطبوعہ احسن المطابع، دہلی ۱۳۱۸ھ کے حوالے سے لکھا ہے کہ "یہ مجموعہ تین شراروں میں منقسم ہے شرارۂ اول کلام حضرت محمد سراج الدین خضر و مرثیہ رفیع السودا، شرارۂ دوم در مسدسات شہر آشوب، شرارۂ سوم در غزلیات وغیرہ"۔ میرے کتب خانے میں فغانِ دہلی کا وہ نسخہ ہے جو مطبع بدر الدجیٰ، دہلی میں ۱۳۲۰ھ میں چھپا تھا۔ اس میں صرف دو شرارے ہیں۔ مرتب کتاب نے دیباچے میں لکھا ہے "نامش فغانِ دہلی گزاشتہ بہ دو شرارہ بفرجام رسانیدہ .... نخستین شرارہ در مسدسات شہر آشوب۔ دوم در غزلیات و قطعات وغیرہ"۔

جب لکھا ہے کہ تھا لاجواب تھی دلّی　　مگر خیال سے دیکھا تو خواب تھا دلّی

پڑی ہیں آنکھیں وہاں جو جگہ تھی نرگس کی
خبر نہیں کہ اسے کھا گئی نظر کس کی

یہ شہر وہ ہے کہ انسان و جان کا دل تھا　　یہ شہر وہ ہے کہ ہر قدردان کا دل تھا
یہ شہر وہ ہے کہ ہندوستان کا دل تھا　　یہ شہر وہ ہے کہ سارے جہان کا دل تھا

رہی نہ آدھی یہاں سنگ و خشت کی صورت
بنی ہوئی تھی جو ساری بہشت کی صورت

عجیب شکل گل و گلستان نظر آئی　　پڑیں جدھر کو نگاہیں خزاں نظر آئی
جب اُٹھ کے تا مژۂ خونچکاں نظر آئی　　تو کوئی عیش کی صورت نہ یاں نظر آئی

وہ گلرخان سمن بر کے قہقہے نہ رہے
وہ بلبلان خوش الحان کے چہچہے نہ رہے

برنگ بوئے گل اہل چمن چمن سے چلے　　غریب چھوڑ کے اپنا وطن وطن سے چلے
نہ پوچھو زندوں کو بیچارے کس چلن سے چلے　　قیامت آئی کہ مُردے نکل کفن سے چلے

مقام امن جو ڈھونڈا تو راہ بھی نہ ملی
یہ قہر تھا کہ خدا کی پناہ بھی نہ ملی

پیادہ پا ہوں رواں شہسوار صد افسوس　　لہو کے گھونٹ پیئیں بادہ خوار صد افسوس
ذلیل و خوار ہوں اہل وقار صد افسوس　　ہزار حیف! دل بیقرار صد افسوس

جھکے ہیں بار الم سے تنے ہوئے کیسے
بگڑ گئے ہیں یکایک بنے ہوئے کیسے

برق لکھنوی کا شہر آشوب

۱۸۵۷ء کے ہنگامے نے لکھنؤ اور اہل لکھنؤ پر جو مصیبتیں ڈھائیں، اُن سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ اُن کے بیان میں شاعروں کی زبان خاموش اور قلم بے حرکت نہ رہے ہوں گے۔ لیکن ان نظموں کا مجموعہ مرتب کرنے کا کسی کو خیال نہ آیا۔ اور اب اتنی مدت گزر جانے کے بعد اُن کی تلاش میں کامیابی مشکل ہے۔ اس وقت صرف ایک مسدس میرے سامنے ہے جو اپریل ۱۹۶۰ء کے الٰہ آباد یونیورسٹی اُردو میگزین میں ایک قلمی بیاض سے نقل کر کے شائع کیا گیا ہے۔ اس کے مصنف برق لکھنوی نے خود اس کو 'شہر آشوب' کہا ہے،

ط　یہ مسدس برق کے مطبوعہ دیوان میں نہیں ہے۔ لیکن ان کے ایک قلمی دیوان میں شامل ہے۔ اس کے بتیس ۳۲ بند جو صغیر گلزاری

لیکن یہ مسدس بھی ۱۸۵۷ء کے غدر سے متاثر ہو کر نہیں کہا گیا ہے۔ اس کے مضامین، شاعر کا لب و لہجہ، اُس کے غم کی نوعیت، ان سب چیزوں سے صاف ظاہر ہے کہ غدر سے متاثر ہو کر واجد علی شاہ کی معزولی اور کلکتے کو روانگی کے بعد لکھنؤ کی بے رونقی اور اُداسی کا اس میں بیان کیا گیا ہے۔ اُس وقت تک شہر اُن تباہیوں سے اور اہلِ شہر اُن مصیبتوں سے محفوظ تھے، جو کچھ دن بعد غدر کے نتیجے میں پیش آنے والی تھیں۔ اس مسدس کا آخری بند، جس میں اس کو شہر آشوب قرار دیا گیا ہے، حسب ذیل ہے:-

ہم پہ اے برق جو گزرا ہے سنایا ہم نے — نقشہ سب کھینچ کے شعروں میں دکھایا ہم نے
شہر آشوب کہا رو کے رُلایا ہم نے — وقت پر دوستوں کو دوست نہ پایا ہم نے
خلق میں تیرا اقبال ہمارے وہ تھے
سب کو ثابت ہے کہ سیارہ ستارے وہ تھے

اس بند کی بیت کے دونوں مصرعوں میں وہ کا اشارہ واجد علی شاہ کی طرف ہے۔ دو اور بندوں میں بھی اسی طرح اشاروں سے کام لیا گیا ہے۔ اس نظم میں واجد علی شاہ سے محبت اور ہمدردی اور اودھ کے تختِ سلطنت پر اُن کی واپسی کی تمنا کا اظہار ہوتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ شاعر نے انگریزوں کے خوف سے بادشاہ کا نام لینا مناسب نہیں سمجھا۔ اس مسدس میں اکتالیس بند ہیں۔ اس کے چند بند نقل کئے جاتے ہیں:-

کل کے مذکور یہ ہیں اپنے بھی افسانے تھے — رشک فردوس بریں شہر کے میخانے تھے
تھالیاں ہیروں کی تھیں لعلوں کے پیمانے تھے — ماہ و خورشید رخ شمع کے پروانے تھے
سب ہوا خواہ سلیمان کہا کرتے تھے
رات دن پریوں کے جھرمٹ میں رہا کرتے تھے

قہقہے اُڑتے تھے جھمٹ تھے پریزادوں کے — میلے ہر روز ہوا کرتے تھے آزادوں کے
نالے سُنتے تھے نہ ہرگز کبھی فریادوں کے — کبھی آگاہ نہ تھے نام سے بیدادوں کے
کیا کہیں کس سے کہیں ہائے وہ صحبت کیا تھی
راجہ اندر کے اکھاڑے کی حقیقت کیا تھی

جانتے تھے کہ اسی طرح گزر جائے گی — چمن عیش میں ہرگز نہ خزاں آئے گی
آرزو نخل محبت سے ثمر پائے گی — یہ نہ سمجھے تھے قضا رنگ نیا لائے گی

بقیہ ۳۶ ـــــ نے تذکرۂ جلوۂ خضر میں درج کیے ہیں، وہ تذکرۂ ابن طوفان کے حاشیہ نمبر ۹۲ میں نقل کر دیے گئے ہیں۔
(تذکرۃ الشعراء مصنفہ ابن امین اللہ طوفان ص ۳۹-۴۲)

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد
روئے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

ایک بھی پیش نظر ان میں کی تصویر نہیں — قدر دنیا میں نہیں خلق میں توقیر نہیں
جز اجل اور کچھ اس خواب کی تعبیر نہیں — تیر ہے دل کے لیے نالۂ شبگیر نہیں

غم نے داغوں سے کیا جسم مرصع اپنا
بٹ گیا سامنے آنکھوں کے مرقع اپنا

اب بھی آجائیں جو وہ پھر وہی صورت ہو جائے — وہی ہنسیاں وہی چہلیں وہی عشرت ہو جائے
رنج سب جاتے رہیں روح کو راحت ہو جائے — پھر وہی شان ہو اپنی وہی شوکت ہو جائے

پھر وہی سیر کریں پھر وہی آبادی ہو
پھر وہی ناچ وہی رنگ وہی شادی ہو

ایک بس اُن کے نہ ہونے سے یہ سب ابتر ہوا — شربت زندگی بجسد بہیں زہر ہوا
دل کو شیشہ دو دم آب لب نہر ہوا — ہم کو دوزخ سے زیادہ چمن شہر ہوا

نالۂ دل سے دل عرش ہلا دے یا رب
موت آئے یہیں یا اُن سے ملا دے یا رب

موت جینے سے کہیں اپنے لیے بہتر ہے — بال نشتر ہیں تو ہر ایک نفس خنجر ہے
تکیہ ہے خشت لحد فرش زمیں بستر ہے — در ہیں آغوش اجل گور سے بدتر گھر ہے

چارہ اس میں نہیں برعکس جو قسمت ہو جائے
زہر کھانے کے لیے کھائیں تو امرت ہو جائے

جان صاحب کا شہر آشوب

لکھنؤ کے مشہور ریختی گو شاعر جان صاحب نے بھی ایک شہر آشوب اپنے زمانے کی مذمت میں کہا ہے۔ یہ بیالیس[۴۲] بند کا مخمس ہے۔ چند بند اس کے بھی سن لیجیے

کم نہیں تا دن سے ہر اک کی خصلت آجکل — دفن مردے کی طرح گھر گھر ہے دولت آجکل
مردوں کی ہو گئی نامرد ہمت آج کل — لکھنؤ میں شاد ہے سوموں کی خست آجکل

گور پر حاتم کے روتی ہے سخاوت آجکل

اینٹ سے یہ اینٹ بجائیں ہرگز خوف کھائیں — پیسے والے اک ٹکے کے واسطے مسجد کو ڈھائیں
ساج بی اپنے ولی کھنگر کے بھی چونا لگائیں — پہلے ہمسائے کے گھر کھودیں محل بھڑوے بنائیں

نیو کی جا ہے ہر اک دل میں کدورت آج کل

رنگ یہ بدلا زمانے نے ہر اک حیوان ہے — مُفلسی کے ہاتھ سے انسان بھی حیوان ہے
جو مُوا حیوان تھا پیسے سے وہ انسان ہے — اے دوگانہ جان دیکھو کیا خدا کی شان ہے
ہوش میں پاجی ہیں اور ہم کو ہے وحشت آجکل

مُفلسی میں کام آتا ہے نہ کوئی رشتہ دار — باپ ہے ماں ہے جو کچھ ہے ہے بوا پروردگار
غیر کیسے حال اپنوں کا یہ ہے اب آشکار — ایک بھائی کو ہے فاقہ اک ہے کرتا نہ ہر بار
اُٹھ گئی دُنیا کے پردے سے محبت آج کل

ہوگئی راحت ہے دشمن رنج ہے بنو حبیب — دُور دولت ہوگئی کس طور ہو عشرت قریب
پاؤں جو پھیلا کے سوئے پھر نہیں جاگے نصیب — جو غنی تھے پیسے والے اب وہ ہیں مفلس غریب
اُن کے گھر مہمان رہتی ہے قناعت آجکل

نائی دھوبی کنجڑے بھٹیارے قصائی تابکار — ایک کوڑی کے لیے ہوتے ہیں گردن پر سوار
لُوٹ کر ہم کو ہوئے تیلی تنبولی مالدار — ہم فقیروں سے ہیں بدتر دیکھ لو ہے آشکار
پاجیوں کے گھر میں ہو کیوں کر نہ دولت آجکل

کیفی دہلوی کا 'عالم آشوب'

بعد کے بعض شاعروں نے شہر آشوب کے طرز پر 'عالم آشوب' اور 'دہر آشوب' لکھے ہیں۔ اُردو کے ذی علم اور ممتاز ادیب اور شاعر پنڈت برج موہن دتاتریہ کیفی دہلوی نے ۱۹۲۲ء میں ایک نظم 'عالم آشوب' کے نام سے کہی۔ اُنھوں نے میری طلب پر جس خط کے ساتھ یہ نظم مجھے بھیجی تھی اُس میں اس کے متعلق یہ رائے ظاہر کی ہے:

"یہ نظم شہر آشوبوں سے مختلف ہے۔ اُن میں اکثر تضحیک یا ایک قسم کی ہجو کا پہلو ہوا کرتا تھا۔ یہ متین عرض حال ہے۔"

اور اس نظم کی وجہ تصنیف یہ بتائی ہے:-

"یکم مارچ ۱۹۲۲ء کو دہلی میں کونسل آف اسٹیٹ اور لیجسلیٹو اسمبلی میں حکومت ہند کا بجٹ (موازنہ) پیش ہوا۔ تیس کروڑ سے زیادہ گھاٹا دکھایا گیا۔ نئے ٹیکسوں کی تجویزیں پیش ہوئیں۔ سارے صوبوں میں گھاٹے کے بجٹ پیش ہوئے۔ وطن کا افلاس مدت سے دل کو دُکھ دے رہا تھا۔ یہ نئی صورتیں اس نظم کی محرک ہوئیں۔"

یہ 'عالم آشوب' قصیدے کی شکل کی بہت طولانی نظم ہے اور اس میں ہندوستان کے افلاس کا مرقع کھینچا گیا ہے۔ مصنف نے پہلے عام اہل ملک کی مُفلسی کا بیان کیا ہے، پھر ملازمت پیشہ، تجارت پیشہ، تعلیم یافتہ، مزدوری پیشہ، اہل حرفہ، اور زراعت پیشہ طبقوں کی پریشاں روزگاری دکھائی ہے۔ یہ مختلف طبقوں کے لوگوں کا ذکر کرنا 'شہر آشوب' کے قدیم مفہوم کا پرتو ہے۔

اور اس نظم کے اور حصے ایسے بھی ہیں جو شہر آشوب سے مختلف ہیں اور جن کو بقول مصنف "تیسری عرض حال" کہنا چاہیے۔ اُن میں سے بعض کے عنوان یہ ہیں۔ "وطن پرستی اور کفایت شعاری" "حکومت اور رعیت کی فروع" "مالیگیر افلاس کے اسباب" اس عالم آشوب کے چند اقتباس ذیل میں درج کیے جاتے ہیں :-

تمہید

چھائے ہیں ملک پر افلاس کے منحوس بادل — تنگ دستی کا ہے جس سر پہ خلائق کے سوار
شہر آشوب لکھا کرتے تھے پہلے سو اب — عالم آشوب کے لکھنے کا ہے مضموں تیار

ملازمت پیشہ

نوکری پیشہ جو ہیں اُن کا نہ پوچھو احوال — اُن پہ رہتی ہے مصائب کی ہمیشہ بھرمار
کیونکہ کہتے ہیں تعداد اس سے کچھ لیں بس آپ — ہونے لگتا ہے پندرھویں ہی پہلی کا شمار
سادہ خوری کی ہے ماہانہ یہ مجمل روداد — پہلے سالن اُڑا پھر دال سے چھوٹا ہے گجار
نوبت اب یہ ہے مہینے میں ہے باقی ہفتہ — پان بیوی سے تو چھوٹا ہے میاں سے بھی سگار
ذکر ہی خرچ کا آیا ذرا چھلکیں آنکھیں — کوئی ہمدرد کسی کا ہے نہ کوئی غم خوار
بن پڑے کس کی مدد ہاتھ بٹائیں کس کا — خود مصیبت میں ہوں تو ایک ہیں یار و اغیار

تجارت پیشہ

ملک کی ان کو امارت کا سمجھنا نہ امین — تم کو دیتے ہیں دکھائی جو یہ بڑھیا تجار
ان کے ہاتھوں ہی نکلتی ہے وطن کی دولت — قوم کے سر پہ چلاتے ہیں یہی تو تلوار
نظر آتے ہیں تعیش کے جو سامان تمہیں — ملک میں اُن کی درآمد کے یہ ہیں ذمہ دار
ہیں یہ دلال اگر حیثیت اصلی دیکھو — غیر ملکوں کی یہ آڑھت کے ہیں فرمانبردار

تعلیم یافتہ

کرنا چاہیں نہ وہ کچھ کر ہی سکیں ہاتھ کا کام — وہ تو اک نوکری پہ بیٹھے ہیں بس کھائے ادھار
بھول بیٹھے ہیں بزرگوں کے ہنر اور فن کو — ایک سے دے کے قلم رہ گیا اُن کا ہتھیار
اُن اسامی کہیں خالی ہوئی پھر دیکھیں آپ — بابو لوگوں کی وہ رویہ رہ دفتر میں قطار
عرضیاں عرضیوں پہ ہیں کہ چلی آتی ہیں — منسلک جن سے سفارش کے خطوں کے طومار

پیچ در پیچ کچھ اُلجھاؤ پڑے ہیں ایسے — عقل انسانی ہے سلجھانے میں جن کے بیکار
لاپدی اس کا نتیجہ جو ہے وہ ظاہر ہے — عہد حاضر سے ہوئے جاتے ہیں سب دل بیزار

ہے حکومت جو تہی دست رقیت کنگال　　کون امداد کرے کس کی سبھی ہیں ناچار

صفی لکھنوی کا 'دہر آشوب'

لسان القوم سید علی نقی صفی لکھنوی نے اپنی مثنوی تنظیم الحیات مطبوعہ ۱۹۲۸ء کے دیباچے میں اکتیس شعر کا ایک 'دہر آشوب' لکھا ہے۔ اُس کے چند شعر نقل کیے جاتے ہیں:

پُر شور و شر آج کل ہے آفاق　　ایسے بگڑے ہوئے ہیں اخلاق
اگلوں نے لکھے تھے 'شہر آشوب'　　مجھ کو لکھنا ہے 'دہر آشوب'
افریقہ و ایشیا و یورپ　　ہر خطہ سواد کفر سے گھپ
چھائی ہوئی مادہ پرستی　　فرضی نقطہ خدا کی ہستی
کمتر اُن میں خدا کے بندے　　اکثر حرص و ہوا کے بندے
فرماں بر نفس ہر کہ و مہ　　باشندۂ شہر و ساکن دہ
جنباں رگ مادہ پرستی　　ہر نفس میں انتہا کی پستی
کھانا پینا مزے اُڑانا　　جو اس پہ عمل کرے وہ دانا
افراد کو زعم کبریائی　　انفار کو دعویٰ خدائی
مخصوص، اقوام ابیض الوان　　ایک ایک دماغ تخت فرعون
خونخوار آئین زندگی ہے　　تہذیب بشر درندگی ہے
جب عقل فساد حکمراں ہو　　درہم برہم نہ کیوں جہاں ہو

(تنظیم الحیات ص ۱۳-۱۵)

عمر انصاری کا 'دہر آشوب'

اخبار زرتی، لکھنؤ کے یکم جولائی ۱۹۳۵ء کے پرچے میں عمر انصاری لکھنوی کا ایک مسدس 'دہر آشوب' کے عنوان سے شایع ہوا، جس میں پچیس بند ہیں۔ ابتدا کے چند بندوں میں اپنے زمانے کی بُرائیاں بیان کرنے کے بعد اُس عہد کے رند، قاضی، واعظ، مولوی، فلسفی، جوگی، سادھو، لیڈر، ماسٹر، طالب علم، شام ہدف ملامت بنائے گئے ہیں۔ چند بند اور کچھ مصرعے نقل کیے جاتے ہیں:

آج اک قصۂ دیرینہ سناتا ہوں میں　　خواب غفلت سے زمانے کو جگاتا ہوں میں
عہد پارینہ اُسے یاد دلاتا ہوں میں　　خود بھی روتا ہوں جہاں کو بھی رُلاتا ہوں میں

دُور جا پہنچی ہیں اس وقت نگاہیں میری
اب مسے روکے سے رُکتی نہیں آہیں میری

نہ وہ ہم ہیں نہ وہ مستی ہے نہ وہ کیف و خمار　　نہ وہ ساقی نہ وہ مطرب نہ وہ ہنگام بہار

نہ وہ دُنیا نہ وہ عالم نہ وہ شمع نہ وہ یار نہ وہ صیاد نہ پنجیں نہ وہ آتش نہ بہار
وہ محبت نہیں وہ مجمعِ احباب نہیں
وہ خریدار نہیں وہ دُرِ گوشِ آب نہیں

ساز کے ٹوٹے ہوئے تار ہیں محفل برہم نغمہ مفقود ہے موجود ہے شورِ ماتم
گرد سے تیرہ و تاریک فضائے عالم بحرِ زخار کا ہمسر ہے سرابِ شبنم
پھول مرجھائے گلستاں میں کہ لو چلتی ہے
پتی پتی کفِ افسوس پڑی ملتی ہے

اس نظم میں مختلف طبقوں کی ہجو کا انداز یہ ہے :-

رند اب وہ ہے کہ جس کا کوئی مشرب ہی نہیں قاضی وہ ہے کہ جسے عدل سے مطلب ہی نہیں

مولوی وہ ہے کہ تا ناف رکھے ریشِ دراز فلسفی وہ ہے کہ جس کی ہو خدا تک پرواز
جوگی وہ ہے کہ جو عریانی پہ اپنی جیسے ناز صوفی وہ ہے کہ جو اللہ کا ٹھہرے ہم راز
سادھو وہ ہے جو گراں لوہے کا زیور پہنے
سب سے بہتر وہی لیڈر ہے جو کھدر پہنے

طالب علم وہ بہتر ہے کہ جب کالج جائے زلفِ شب رنگ کو جس طرح بنے خوب بنائے
پھر ہوا سے جو وہ اُڑ کر رُخِ زیبا پر آئے جھٹکا دے دے کے بصد ناز وہ گردن کو ہلائے

ماسٹر وہ ہیں کہ تعلیم کو کمرے میں جو آئیں غالب و مومن و آزردہ کے کچھ شعر سنائیں
پہلے جس طرح سے ممکن ہو گپیں خوب اڑائیں گھنٹہ بج جائے تو کمرے سے وہ رخصت ہو جائیں

شعرا سے کیسے کہ ہوں اس میں معانی نایاب متمتع کسی مطلب سے نہ ہو رائے صواب

زخمہ و دھن میں کچھ فرق نہ سمجھا جائے باندھ دے شاعرِ غزا جو جہاں سے پائے

بزم میں جا کے جو اچھا کوئی گا لیتا ہے سننے والوں کو وہ البتہ رجھا لیتا ہے

اے عزیز ہیں زمانے کے یہی لیل و نہار — یعنی ہر مذہب و ملت کے یہی ہیں اطوار
مجھ کو اچھے نہیں آتے ہیں نظر کچھ آثار — صاف کہتا ہوں کہ ہے صاف دلی میرا شعار
دھر آمادہ ہے کچھ رنگ بدلنے کے لیے
جانب غرب سے سورج ہے نکلنے کے لیے

یہی عشرت ہے تو پیدا کوئی زحمت ہوگی — یہی راحت ہے تو ظاہر کوئی کلفت ہوگی
یہی دن ہے تو یہاں شام مصیبت ہوگی — یہی شب ہے تو عیاں صبح قیامت ہوگی
پھر زمانے کے سب اطوار بدل جائیں گے
وہی دنیا وہی اوضاع نظر آئیں گے

شریر بن باسی کا 'شہر آشوب'

شریر بن باسی کا چوالیس بند کا مخمس 'شہر آشوب' کے عنوان سے اخبار ہمدم لکھنؤ میں ۱۳ دسمبر ۱۹۴۸ء کو شایع ہوا۔ ایڈیٹر نے جو نوٹ اس پر لکھا ہے اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ شریر اس وقت زندہ تھے اور اُن کا کلام ہمدم میں شایع ہوتا رہتا تھا۔ اس شہر آشوب میں شاعر پہلے خطۂ لکھنؤ کے پُر فضا باغ، پُر شکوہ عمارتیں آباد تھے، اہلِ فن، اہلِ علم اور لکھنؤ والوں کی شیریں زبانی، خوش پوشاکی، شائستگی اور تہذیب یاد کرکے افسوس کرتا ہے۔ پھر دوسرے شہر آشوبوں کے خلاف مختلف پیشہ وروں کی جگہ مختلف اداروں کا حال زار بیان کرتا ہے اور مختصراً پیر، فقیر، صوفی، عالم دین، مفتی، ڈاکٹر، سرجن، نرس، عطار، انجینئر، معمار، چنگی کے ممبر، ٹیلی فون والیاں، لکچرر، پروفیسر، ڈین، اڈیٹر اور شاعر کی ہجو کرتا ہے۔ چند بند نمونے کے طور پر نقل کیے جاتے ہیں:-

کیا لکھنؤ کے شہر کی حالت کروں بیاں — باغوں کا شہر کہتے تھے جس کو کبھی میاں
جس کی صفت میں تھا کبھی سطب اللسان جہاں — ہوتا تھا جس پہ خلد بریں کا کبھی گماں
افسوس اس کو میٹ گیا دور آسماں

وہ باغ کیا ہوئے وہ گلستاں کدھر گئے — وہ بوستاں بہشت بہ داماں کدھر گئے
ہر شاخ سے طیور غزل خواں کدھر گئے — فوارے کیا ہوئے وہ خیاباں کدھر گئے
ہم نے کبھی تو ایسی نہ دیکھی کوئی خزاں

منشی نہیں دبیر نہیں منطقی نہیں — ملا نہیں فقیہ نہیں مولوی نہیں
مرشد نہیں مرید نہیں متقی نہیں — عارف نہیں فقیہ نہیں باطنی نہیں
واحسرتا کمال کا ملتا نہیں نشاں

ط میٹنا، لکھنؤ کی زبان نہیں ہے۔

جو ہے فقیر ہے مُرشد ہے شاہ ہے — چالاک ہے حریص ہے نامہ سیاہ ہے
اور خوبیوں کی جو بھی یہاں خانقاہ ہے — اب تو تلاش سینوں کی آماج گاہ ہے
کیونکر نہ دل کی آگ سے اُٹھنے لگے دُھواں

کالج یہاں پہ جتنے ہیں سب لاجواب ہیں — اسکول بھی ہمارے یہاں بے حساب ہیں
بیکار کچھ ہیں بعض حماقت مآب ہیں — بیکار مدرسے ہیں مکاتب خراب ہیں
بڑھ کر ہے جامعہ تو از اندیشہ و گماں

گو لکچرر ہیں ڈین ہیں اور ہیں پروفیسر — کچھ ان میں بے وقوف ہیں بعض ان میں بے خبر
کچھ بحث کم نگاہ قیامت کے بے ہنر — تعلیم کی ہے فکر نہ تدریس پر نظر
پیشہ غریب لوگوں کا کرتے ہیں رائیگاں

آتا نہیں ہے کوئی ہنر اور ہیں شریر — نالائقی میں جن کی نہ ہوئے کہیں نظیر
بے شرم بے حجاب سیہ بخت اور فقیر — اب ایسے لوگ ہو گئے اخبار کے مدیر
جن کو لگانی بھی نہیں آتی ہیں سُرخیاں

مطلب عروض سے نہ قوافی پہ ہے نگاہ — کیا ہو فصاحت اور بلاغت میں دستگاہ
ان شاعروں کے غول سے اللہ کی پناہ — اک شعر پہ بھی ہو گئی گر اُن کے واہ واہ
اپنے کو آپ کہتے ہیں حسان زماں

سب ہو چکا بیان تباہی کا ماجرا — جو کچھ ہوا ہمارے گناہوں کی ہے سزا
ہر ایک دل سے اب تو نکلتی ہے یہ دُعا — اُجڑا ہوا یہ دیس بسے پھر سے اے خدا
تو ہے کریم فضل کی اپنے دکھائے شاں

اس مخمس کا آخری بند نظیر اکبرآبادی کے "شہر آشوب" کے آخری بند کی نقل ہے۔ دونوں بند ملاحظہ ہوں۔

عاشق کو اسیر کہو آگرے کا ہے — مُلّا کو دبیر کہو آگرے کا ہے
مُفلس کو فقیر کہو آگرے کا ہے — شاعر کو نظیر کہو آگرے کا ہے
اس واسطے یہ اُس نے لکھے پانچ چار بند

قیدی کو اسیر کہو لکھنؤ کا ہے — قاصد کو سفیر کہو لکھنؤ کا ہے

شاعر کہو فقیر کہو لکھنؤ کا ہے احمق کہو شریر کہو لکھنؤ کا ہے
ہو کس طرح نہ اُس کی تباہی پہ نوحہ خواں

خاتمۂ کلام

مسعود سعد سلمان سے شریر بی باسی تک تقریباً نو صدیاں گزریں۔ اِس طولانی مدت میں فارسی اور اُردو میں بہت سے شہر آشوب لکھے گئے ہوں گے۔ اِن میں سے چند جو راقم کے علم میں آئے اُن کا ذکر اور اُن کے نمونے اس مقالے میں تاریخی ترتیب سے پیش کر دیے گئے ہیں۔ اِس طرح جو 'شہر آشوب' کے مفہوم میں جو تبدیلیاں ہوتی رہیں اور اس کی ہیئت اور موضوع میں جو تنوّع پیدا ہوتا رہا، اُس کا ایک خاکہ قاریوں کے سامنے آگیا ہوگا اور یہی اس مقالے کا مقصد ہے۔

مولانا ابوالکلام کی شخصیت

مولانا عبدالماجد دریابادی

ہو حلقۂ یاراں تو بریشم کی طرح نرم
رزم حق و باطل ہو تو فولاد ہے مومن

کوئی اور مومن اس آن، اس شان، اس سج دھج، اس خوبو کا جو یا نہ ہو، ان آنکھوں نے ایک تصویر تو اقبال کے قلم حقیقت رقم کی کھینچی ہوئی اپنے زمانہ میں دیکھ لی۔ اور تصویر بھی کیسی! جی سمائی، بک ٹک سے درست، نوک پلک سے آراستہ، بچ کی عظیم ہوں یا یاماں بے تکلف کا مجمع، تو آپ دیکھیے کہ مولانا کے منہ سے کس طرح پھول جھڑ رہے ہیں، لطیفوں پر لطیفے، دینی، ادبی، سیاسی، علمی، شخصی، ہر قسم کے تذکرے اور تبصرے، لطیف و شگفتہ، ایک سے بڑھ کر ایک، کہیں شعر سنا رہے ہیں، کہیں بول چال کی نثر کو شعر بنائے ہوئے ہیں اور طبیعت کی آمد ہے کہ بس پکار رہی ہے ؎

ہے زباں میری ابر گوہر بار

گھنٹوں نہیں پہروں بیٹھیے اور دل نہ گھبرائے، نہ اکتائے نہ پچھتائے۔

اور جو کہیں موقع اس کا آگیا کہ چوٹ مولانا کے ضمیر اخلاقی یا حس دینی پر پڑی، وہ خلوت ہو یا جلوت، تنہا ہو یا مجمع، تحریر ہو یا تقریر اب سماں ہی دوسرا ہے۔ ایک شعر ہے کہ گرج رہا ہے، اٹھا ہے یا سو دیئے، کہ دلائل کی عطابت کی آگ برسا رہا ہے، اور زبان ہے کہ آپ پھر صدا لگائے ہے کہ

ہے قلم میرا تیغ جوہر دار

لیکن جوش و خروش کے عالم میں بھی شرع جوانی کے دور کو چھوڑ کر قلم یا زبان قابو سے باہر نہیں، قابو کے اندر مخلق پر اور نفس پر جیسے پہرا لگا ہوا، اشتعال کے سمندر سے جیسے لہریں اٹھ رہی ہیں اور حلم و متانت کی چٹان سے ٹکرا کر واپس چلی جا رہی ہیں۔

ایک دن کی بہار سنیے، لیکن چشم تصور کے سامنے زمانہ آج سے تینتالیس سال قبل سنہ ۲۰ کا لے آئیے۔ وقت تحریک خلافت و تحریک ترک موالات کی بھرپور جولانی کا۔ بچہ بچہ کی زبان پر خلافت کے پرجوش نعرے اور "جان دیا خلافت پر" کے ترانے لیکن یو۔ پی ہی کا ایک معلوم و معروف دینی مرکز انجمن خلافت مرکز بھی۔ اس کے منتظمین کا حکم کہ تحریک خلافت سے دور رہو، گفتگو میں داخل اور اس کے علم بردار دائرۂ اسلام سے خارج۔ ادھر خلافت والوں کو یہ سوجھی کہ اپنی ایک کانفرنس یہیں اسی شہر میں کیجیے ——— اچھا صاحب، جلسہ ہوا اور گویا مخالفین کے طبل جنگ پر چوٹ پڑ گئی۔

مخالفین بڑا اٹھا کہ پہلے کہ آج عام جلسہ کو جی بھر کر درہم برہم کیجیے اور بڑھ کر فرقہ کی کسک کا پتہ آئیے اور جلسہ خلافت

ے دامن کو اپنی مقراضِ تکفیر سے تار تار کر کے رکھ دیجیے! ——— ادھر خلافت والے بھی فکر مند کہ آج تو

ہے سانپ کے منہ میں انگلی اپنی

بام دیکھیے کیا ہو، مناظرہ، ٹکراؤ، تصادم تو رکھا ہی ہوا ہے۔ لیجیے جلسہ شروع ہو گیا۔ مخالفین کی طرف سے میدانِ خطابت کا ایک
جوان، شہ زور اور پیل تن اکھاڑے میں اتارا گیا۔ کشتی پر کشتی مارے ہوئے، داؤں پیچ کی استادی میں نام پائے ہوئے۔ اور اس نے
تقریر یہ باندھا، وہ مارا کے انداز میں شروع کی۔ جلسہ پر ایک نشہ کی سی کیفیت طاری اور خلافت والوں کی زبان پر فلسفے یا خبط کے جاگ
ب یا تو نہیں کہ صدرِ جلسہ خود مولانا ابوالکلام ہی تھے یا کوئی اور، بہرحال جوابی تقریر کے لیے کھڑے ہوئے لوگ سمجھے کہ لوہے کی کاٹ کے لیے
ہا نکلا اور بس کوئی دم میں اینٹ کے جواب میں پتھر چلا۔ ادھر پولیس ہر طرح لیس، ہنگامے فساد کی منتظر، ہڑبڑ گڑبڑ کی متوقع ——— لیکن
——— لیکن ..... یہ کیا! تقریر تو شروع ہو کر ختم بھی ہو گئی اور کہیں نہ تکفیر نہ تفسیق، اور یہ تو بہت دور کی چیزیں تھیں، نہ
تضلیل، نہ تشنیع نہ تضحیک نہ تفضیح! شروع سے آخر تک بس تفہیم و تذکیر، تشریح و تبیین، نہ مناظرہ نہ مناخرہ، نہ مکابرہ، نہ مبادلہ!
تقریر دلائل و حقائق کے رنگ میں رنگی ہوئی، معقولیت اور سلامت روی کے پھولوں میں گندھی ہوئی ——— حریف اب
رنا بھی تو کیا کرتا۔ سارے ارمان پھٹا کر رہ گئے، غالب کے پرزے اڑنے کی جو خبر گرم تھی وہ مولانا کے علم و تدبر کے آگے سرد ہو کر
ھری کی دھری رہ گئی اور تماشا ہو نہ پایا! ؎

تیغ علم از تیغ آہن تیز تر
بل ز صد لشکر ظفر انگیز تر

شعر پڑھا مثنوی میں تھا، اس کا سماں آنکھوں سے آج دیکھ لیا۔

قدرت نے گویا پیدا ہی لڑائی کے لیے کیا تھا۔ کم سن ہی تھے کہ تحریر و تقریر دونوں کا شہرہ بلند ہو گیا اور دور دور والے اسی دھن
میں پڑے رہے کہ یہ لڑکا کوئی بوڑھا ہو گا۔ اور شاگرد تو علوم و فنون میں کہنا چاہیے کہ کسی کے بھی نہ ہوئے۔ فیض بس مبدءِ فیض سے پائے
ہوئے۔ رسماً کسی سے کچھ پڑھ پڑھا لیا تو اور بات ہے ورنہ حقیقتہً شاگردی کے نام سے ناآشنا اور مصداق ع

شاگردِ رشید خدا تعالیٰ

کے بنے ہوئے۔

خدنگِ نظر لکھنؤ کا ایک ادبی ماہنامہ تھا، اس کے صفحات پر جب نظر آئے تو خود ہی مرکزِ نظر بن گئے۔ لسان الصدق کلکتہ
سے نکلا تو وقت کی صحافت میں چار چاند لگا دیے۔ الندوہ کے کوچۂ علم و فضل میں جب آ نکلے تو اڈیٹر بنے بغیر اڈیٹر بن گئے اور جب
وکیل (امرتسر) ہاتھ میں لیا تو اس کا نام دور دور چمکایا اور یہ سب اس سن کی باتیں ہیں جب لڑکے کالج کے درجوں میں پڑھتے ہوتے
ہیں، جب گل کے پھول بننے کا وقت آیا اور اپنا ذاتی ہفتہ وار کلکتہ کے افق سے آب تاب سے نکلا تو

چہرہ فروغ مے سے گلستاں کیے ہوئے

یہ نام کا اجلال چند ہفتوں میں ماہ و ہفتہ یا بدرِ کامل تھا۔ انگلیاں ہر طرف سے اٹھنے لگیں اور مرحبا اور خوش آمدید کے پھول ہر شہر اور ہر قریہ سے برسنے لگے۔

تقریر و تحریر کی جامعیت جیسی اس بھرپور شخصیت کے حصہ میں آئی کم تر ہی کسی کے نصیب میں آئی۔ خطابت میں اپنی نظیر آپ تھے۔ اُردو میں خطابت کا ریکارڈ قائم کر دیا۔ صبحِ زندگی سے لے کر شامِ حیات تک سینکڑوں نہیں ہزاروں تقریریں کر ڈالیں۔ ہر تقریر انتخاب بلکہ اپنی جگہ لاجواب۔ خاطبین کے مجمع میں یہ جوہر اور زیادہ چمکتا اور اُن کے ہوائی قلعوں کو دم کے دم میں ہٹا دیتا۔ جواب کے لیے جو الفاظ ہمارے عوام کیا، خواص کی زبان پر بھی "دندان شکن" ہے لیکن ابوالکلام کی تقریر نے نہ کسی کا دانت توڑا نہ جبڑا، کانوں کی راہ سے سیدھی دل میں اُترتی اور وہیں اپنی جگہ بنا لیتی۔

تحریر و انشا میں اپنے اسلوب کے موجد بھی تھے اور خاتم بھی۔ شروع میں اسلوب بیان خدا ثقیل تھا اور کتاب تذکرہ میں تو ثقیل سے گزر کر ثقل ہو گیا ہے لیکن جاذبیت نے رفاقت اس حال میں بھی نہ چھوڑی۔ رفتہ رفتہ ثقل لطافت میں تبدیل ہو گیا۔ خارِ خاطر و کاروانِ خیال شگفتہ بیانی کے اوّل یا ختم نمونے ہیں۔ دین کی خدمت علمی رنگ میں اپنی تفسیر کے ذریعہ سے بھی کی اور متعدد فقہی رسالے جو اپنی یادگار چھوڑ گئے وہ اس کے علاوہ ——— ان کی ادبی شخصیت کی وسعت اور بلندی دونوں کا پتہ چلتا ہی کیا۔ ہزارہا صفحات پر چھاپ لگی ہوئی اُن کی انفرادیت کی، ان کے قلم کے بانکپن کی، ان کی خدمت تحقیق کی۔ زبان کے باب میں کیا لکھ کے کہتے تھے: لکھنؤ میں مستقل قیام کچھ زیادہ لمبا نہیں رہا تھا، چند ہی مہینے تو شاید رہے تھے، لیکن زبانِ لکھنؤ کی نزاکتوں پر وہ عبور حاصل کر لیا کہ جیسے سدا کے لکھنؤ میں ہوں۔

سیاسیات کے کوچہ میں قدم رکھا تو دیکھتے ہی دیکھتے صفِ اوّل کے لیڈروں میں شمار ہونے لگے۔ نوبت یہ پہنچی کہ سردار پٹیل سے اپنا لوہا منوا لیا اور گاندھی جی اور جواہر لال تو جیسے ان کا کلمہ ہی پڑھنے لگے، کلمہ اُن کی پُرجوش خطابت کا نہیں، کلمہ ان کی فہم و فراست کا، دانش و بینش کا، دُور بینی اور تدبر کا ——— کسی دُوسرے کی شخصیت سے مرعوب بلکہ متاثر ہونا تو شاید ابوالکلام نے عمر بھر جانا ہی نہیں، اُلٹے اپنی ہی شخصیت سے دُوسروں کو متاثر کرتے رہے۔ نظریاتی اختلاف کیا دینی، اور کیا سیاسی، اپنے معاصرین میں خدا معلوم کتنوں سے تھا اور وہ ہونا بالکل قدرتی تھا، لیکن اپنے ذاتی تعلقات میں فرق نہ کسی دینی اختلاف سے آنے دیا نہ کسی سیاسی اختلاف سے اور نہ اپنی طرف سے کسی اختلاف کو مخالفت میں تبدیل ہونے دیا ——— حیدر آباد میں پولیس ایکشن کے بعد جو انقلاب آیا اس کی لپیٹ میں آ کر قریب تھا کہ عربی زبان اور اسلامی علوم کا نادر و نامور ادارہ دائرۃ المعارف گردشِ روزگار کی نذر ہو جائے، عین وقت پر ابوالکلام کی شخصیت آڑے آئی اور اُس نے اس بین الاقوامی ادارہ کو قائم و محفوظ رکھ کر بھارت کے سیکولرزم کا بھرم قائم رکھا اور اپنے ملک و ملت کی نیک نامی پر آنچ نہ آنے دی۔

بابائے اردو

ذکر عبدالحق

مولوی عبدالحق، ترتیب: معین الرحمٰن

"چند ہم عصر" مولوی عبدالحق کا معروف نثری مجموعہ ہے۔ مختلف اوقات میں لکھی گئی ان تحریروں کو سب سے پہلے مولوی عبدالحق کے ایک عزیز شاگرد شیخ چاند (مرحوم) ایم۔ اے۔ ایل ایل۔ بی (ریسرچ اسکالر، جامعۂ عثمانیہ) نے جمع کیا، لیکن وہ اسے اپنی زندگی میں طبع نہ کرا سکے۔ اُن کی موت کے بعد یہ مجموعہ سلسلۂ مطبوعات انجمن ترقی اُردو (ہند) نمبر ۱۹۲ کے تحت اب سے کوئی پچیس برس پہلے شائع ہوا۔ پہلے ایڈیشن میں چودہ مضامین شامل تھے۔ ان میں سے کچھ تو رسالوں میں پہلے چھپ چکے تھے، کچھ اس مجموعے کے لیے خاص طور پر لکھے گئے اور بعض شیخ چاند مرحوم نے کتابوں کے تبصروں یا مولوی عبدالحق کے خطوط سے اقتباس کر کے اس میں داخل کر دیے۔ شیخ چاند کا خیال تو یہ بھی تھا کہ ہر تصویر کے ساتھ صاحبِ مضمون کی تصویر بھی لگا دی جائے لیکن اس کی نوبت نہ آئی۔ دُوسرا ایڈیشن اسی سلسلۂ مطبوعات کے تحت، منیجر انجمن ترقی اُردو (ہند) دہلی کی مختصر "التماس" کے ساتھ جمال پریس دہلی سے ۱۹۴۲ء میں طبع ہوا۔ اس میں راس مسعود اور میرن صاحب کے حالات کا اضافہ کیا گیا جو رسالہ "اُردو" میں شائع ہوئے تھے۔ نام دیو مالی کا تذکرہ خاص طور پر اسی ایڈیشن کے لیے لکھا گیا۔

یہ مجموعہ بہت مقبول ہوا۔ تقسیمِ ہند کے بعد، نظرِ ثانی و اضافہ کے ساتھ اس کا تیسرا ایڈیشن سلسلۂ مطبوعاتِ انجمن ترقی اُردو (پاکستان) نمبر ۱۹۲ کے تحت قاضی احمد میاں اختر جونا گڑھی (مرحوم) کے دیباچے کے ساتھ ۱۹۵۰ء میں چھپا۔ سرسید پر مولوی عبدالحق کا سیر حاصل مضمون اسی ایڈیشن میں شامل کیا گیا۔ چوتھا ایڈیشن انجمن کے اسی سلسلۂ مطبوعات کے تحت حسین سروری کے دیباچے کے ساتھ ۱۹۶۱ء میں چھپا، جس میں عبدالرحمٰن صدیقی، حسرت موہانی، پروفیسر اقبال، پروفیسر ری۔ ہٹ سک اور عبدالرحمٰن بجنوری پر مضامین کا اضافہ کیا گیا۔ "چند ہم عصر" کا پانچواں ایڈیشن بھی انجمن ہی کی جانب سے شایع ہوا۔ اس پر سالِ اشاعت کہیں درج نہیں لیکن انجمن کے کتب خانۂ خاص میں نسخے کے اندراج سے سالِ اشاعت ۱۹۶۳ء قیاس کیا جا سکتا ہے۔ نواب عماد الملک پر مضمون اسی ایڈیشن میں پہلی بار شامل ہوا۔

"چند ہم عصر" کا چھٹا ترمیم و اضافہ شدہ ایڈیشن مولوی عبدالحق کے اپنے مختصر دیباچے کے ساتھ

اردو اکیڈمی سندھ، کراچی کی طرف سے ۱۹۵۸ء میں شایع ہوا۔ اس ایڈیشن میں منشی امیر احمد مینائی پر مضمون، جو مولوی عبدالحق نے امیر مینائی کی وفات ہی کے روز لکھ کر رسالہ "افسر" میں شایع کر دیا تھا، اس اعتذار کے ساتھ حذف کر دیا ہے کہ "یہ بہت ہی سرسری مضمون ہے جس میں نہ پوری سیرت نگاری ہے اور نہ اُن کے کلام پر مکمل تبصرہ۔"

آخری ایڈیشن میں کل چوبیس شخصی خاکے شامل ہیں، جن میں سے مرزا حیرت پر مضمون مولوی عبدالحق کا لکھا ہوا نہیں ہے اس کی نشاندہی اُنھوں نے دیباچے میں کی ہے۔ بقیہ تیئیس خاکوں میں سب سے پرانی تحریر پروفیسری ہٹ سک پر ہے، جو پہلی بار رسالہ "افسر" شمارہ جون ۱۹۰۱ء میں چھپی اور جسے "چند ہم عصر" کے چوتھے ایڈیشن میں شامل کیا گیا۔ آخری خاکہ خالدہ ادیب خانم کا ہے جو لکھا "چند ہم عصر" کے اس ایڈیشن ہی کے لیے گیا تھا لیکن پہلی بار یہ ہفت روزہ "لیل و نہار" کے سالنامہ ۱۹۵۱ء (جلد: ۹ شمارہ نمبر ۱۵) میں شایع ہوا۔ اس طرح یہ سیرتیں ۱۹۰۱ء سے ۱۹۳۰ء تک کوئی ساٹھ سال کی طویل مدت میں مختلف مواقع پر لکھی گئیں۔ اس صدی کا یہ عرصہ ہی قریب قریب مولوی عبدالحق کی زندگی کا کل دوران بھی ہے۔ اُردو کے رشتے سے اپنی زندگی میں مولوی عبدالحق کا ہزارہا افراد سے راست اور قریبی تعلق رہا۔ شناساؤں کی کثرت اور وقت کے اس پھیلاؤ کے باوصف محض ان چند ممدوحین کا انتخاب اپنی جگہ قابلِ غور اور توجہ طلب ہے۔

مولوی عبدالحق کو سمجھنے کے لیے ایک بات پیشِ نظر رہنی بہت ضروری ہے۔ "بیکاری اور بیکاری" اُن کی طبع ہم رسا کی ضد تھیں۔ وہ عمر بھر برسرِ کار رہے اور جو کام بھی کیا جی سے کیا، پیشہ وری کے داغ سے اپنے دامن کو کبھی آلودہ نہ ہونے دیا۔ یہ خاکے بھی نہ سیرت نگاری کی خانہ پری کے لیے لکھے گئے اور نہ سیرت کشی کے لیے افراد کا یہ انتخاب ہی اضطراری تھا۔ دراصل وہ زندگی کے وسیع میدان میں ان افراد سے کہیں نہ کہیں، کسی نہ کسی طور متاثر ہوئے اور اسی داخلی ربط نے اُن سے یہ خاکے لکھوائے۔ متاثر محض ان معنوں میں نہیں کہ ان شخصیتوں کو اُنھوں نے اپنے تئیں آدمیت و انسانیت کی مکمل اکائی اور عظمت و بزرگی اور بڑائی کا معیار جانا، یقیناً اُنھوں نے ایسا جانا اور سمجھا اور شاید شعوری یا غیر شعوری طور پر اُن کی پیروی بھی کی ہو، لیکن اس سے ہٹ کر اس انتخاب اور چناؤ کے پس پشت بہت کچھ ان افراد سے خود مولوی عبدالحق کی اپنی ذہنی ہم آہنگی، طبعی رُجحان و میلان اور گذرانِ حیات کے اصولوں اور ضابطوں میں یک گونہ اشتراک کو بھی دخل تھا۔ یہی وجہ ہے کہ "چند ہم عصر" کے نگار خانے میں قدم قدم پر ہمیں

مولوی عبدالحق کی اپنی سیرت کی جھلکیاں اور پرچھائیاں ملتی ہیں ۔ انھوں نے اپنے بعض بزرگوں اور ہم نشینوں کی سیرت و کردار کے جو خاکے اور نقشے تیار کیے ہیں، اُن میں غیر شعوری طور پر انھوں نے اپنی ہی طبیعت کا رنگ کچھ یوں بھر دیا ہے کہ اُن کے آئینہ خانۂ فن کے عرض میں اُن کی شخصیت کا جوہر تڑپتا نظر آتا ہے اس طرح ہم عصروں کے اس انتخاب کے سہارے ہمیں خود مولوی عبدالحق کی سیرت تک رسائی میں بڑی مدد ملتی ہے اور یہ اس دستاویز کا بہت ہی دلچسپ اور نادر پہلو ہے ۔

مولوی عبدالحق کی مُرقع نگاری سے متعلق اپنے ایک مضمون (ادبی دُنیا : شمارہ نہم) میں ضمناً "چند ہم عصر" کے اسی پہلو کی طرف اشارہ کرتے ہوئے میں نے عرض کیا تھا کہ :

> شخصیتوں کی آڑ میں اُن کا شوقِ بے اختیار، دیدنی ہوتا ہے اور اُن پر عشق پیشہ امیر کے ایسے آفتِ زماں کا گماں ہونے لگتا ہے جو اپنے سارے مطلب پردے میں ادا کرے ہے ۔

اپنے اس بیان کے حق میں بخوفِ طوالت میں نے مثالیں پیش کرنے سے معذوری کا اظہار کیا تھا ۔ ذیل کا یہ مضمون اس فرض کی ادائیگی کے لیے وقف ہے ۔ دیکھیے کہ در بیانِ حکایتِ دیگراں مولوی عبدالحق نے اپنی ذات و صفات سے کیسے نقاب اُٹھائے ہیں ۔ یہ مضمون تمام کا تمام مولوی عبدالحق کی اپنی زبان و عبارت میں ہے، جسے میں نے "چند ہم عصر" کے مضامین سے اقتباس کیا ہے ۔ عبارت کے اصل حوالہ جات صفحہ وار ذیلی حاشیے میں دے دیے گئے ہیں ۔ اس سلسلے میں "چند ہم عصر" کا ایڈیشن مطبوعہ ۱۹۵۱ء کا نسخہ میرے پیشِ نظر رہا ہے ۔

مضمون میں ربط اور تسلسل قائم رکھنے کے لیے مجھے ضمیروں اور صیغوں میں خفیف رد و بدل کرنا پڑا ہے لیکن اسے جہاں تک ممکن ہو سکا "قوسین" کے ذریعے نمایاں کر دیا گیا ہے تاکہ تشابہ اور التباس کا امکان باقی نہ رہے ۔ اس کے علاوہ مضمون کی واقعیت کے اتمام کے لیے ایک فنی رعایت کے ساتھ کچھ تعزیتی پیغامات اور تاریخی قطعات بھی شامل کیے گئے ہیں ۔ میں اس ضمن میں الہ آباد حضرت حفیظ جالندھری، پروفیسر حامد حسن قادری اور حضرت رئیس امروہوی کا ممنون ہوں کہ ان بزرگوں نے اس مضمون کے لیے مجھے اپنے رُشحات سے نوازا اور "رعایتِ خاص" کے استقرار میں میری مشکل کشائی فرمائی ۔ بیجا نہ ہوگا اگر میں یہاں اپنے بزرگ حکیم اسرار احمد کریوی کا شکریہ بھی ادا کر دوں جن کی رہنمائی مجھے حاصل رہی ۔

معین الرحمن

خطاب یا نام آگے سے رکھ دیے جاتے ہیں، اس کی خصوصیات کا ان میں مطلق لحاظ نہیں ہوتا۔ نام رکھتے وقت تو ممکن ہی نہیں، معاملے خطاب کے وقت بھی اس کا خیال نہیں کیا جاتا لیکن (بابائے اردو) عبدالحق مرحوم کا نام اور خطاب (دونوں) اُن کے لیے بہت ہی موزوں نکلے ——— فرہاد کو شیریں سے اور نقی کو دشمن سے اتنا عشق نہ ہوگا جتنا انھیں (اردو) سے تھا۔ سوتے جاگتے، اٹھتے بیٹھتے یہی اُن کا ورد تھا۔ وہ بلا مبالغہ فانی (اردو) کے درجے کو پہنچ گئے تھے (اور) سچائی، بات کی اور معاملے کی، اُن کی سرشت میں تھی خواہ جان ہی پر کیوں نہ بن جائے، وہ سچ کہنے سے کبھی نہ چوکتے تھے اس میں انھیں نقصان بھی اٹھانے پڑے۔ مگر وہ سچائی کی خاطر سب کچھ گوارا کر لیتے تھے۔

(مولوی عبدالحق) مرحوم عجیب و غریب شخص ہوئے ہیں۔ وہ مختلف، متضاد اور غیر معمولی اوصاف کا مجموعہ تھے۔ اگر انھیں ایک آتش فشاں پہاڑ یا گلیشیر سے تشبیہ دی جائے تو کچھ زیادہ مبالغہ نہ ہوگا۔ ان دونوں میں عظمت و شان ہے لیکن دونوں میں خطرہ اور تباہی بھی موجود ہے۔

وہ بہت بڑے ادیب، زبردست انشا پرداز اور اعلیٰ درجے کے مقرر تھے ..... وہ آزادی کے دل دادہ اور جبر و استبداد کے پکے دشمن تھے لیکن اگر کبھی اُن کے ہاتھ میں اقتدار آتا تو وہ بہت بڑے جابر اور مستبد ہوتے۔ وہ محبت و مروت کے پتلے تھے اور دوستوں پر جان نثار کرنے کے لیے تیار رہتے تھے لیکن بعض اوقات ذرا سی بات پر اس قدر آگ بگولہ ہو جاتے تھے کہ دوستی اور محبت طاق پر دھری رہ جاتی تھی۔ دوست بھی اُن کے جانثار اور فدائی تھے، لیکن اس طرح بچتے تھے جیسے آتش پرست آگ سے بچتا ہے۔ وہ اپنے رفیقوں اور ہم کاروں کے ساتھ بڑی شفقت اور عنایت سے پیش آتے تھے اور طرح طرح کے سلوک کرتے تھے لیکن جب بگڑتے تو آپے سے باہر ہو جاتے تھے اس وقت انھیں نہ کسی کی عزت و آبرو کا خیال رہتا تھا نہ اپنے کام کا۔ اسی لیے وہ ہم کاروں سے نباہ نہ سکے اور وہ لوگ جنھیں وہ کچھ کر گئے تھے آخر کار ایک ایک کر کے الگ ہو گئے (لیکن) خفا ہو جانے کے بعد پھر ملتے تو بالکل صاف ہو جاتے اور دل پر مطلق میل نہیں رہتا تھا۔ یہ ان میں وہ کم خوبیوں کی ایک خوبی تھی۔

مرحوم الہ آباد کے ایک نہایت شریف و نجیب خاندان سے تھے۔ شادی آخر عمر تک نہ کی۔ وہ میانہ قد اور (کمزور) جسم کے آدمی تھے۔ چہرے سے اُن کے رعب داب اور متانت ٹپکتی تھی۔ چہرہ بھاری بھرکم، سر بڑا اور آنکھیں بڑی بڑی تھیں اور دیکھنے سے رعب اور اثر پڑتا تھا۔ سفید گول داڑھی رکھتے اور ہمیشہ شیروانی پہنتے۔ اُن کی ٹوپی اکثر ترکی ہوتی تھی۔ گندمی رنگ خوبرو آدمی تھے.... سفید داڑھی بھلی معلوم ہوتی تھی..... جامہ زیب تھے ہمیشہ ہندوستانی لباس پہنتے تھے..... اُن کے قوا بہت اچھے تھے بہت قابل

---

[1] صفحہ ۲۰۳ مرزا محمد سعید
[2] صفحہ ۲۰۸ سر سید احمد خاں
[3] صفحہ ۲۰۹ مولوی سید علی بلگرامی
[4] صفحہ ۲۰۹ مولوی چراغ علی
[5] صفحہ ۲۰۹ نواب محسن الملک
[6] صفحہ ۲۰۹ مولانا شبلی نعمانی
[7] صفحہ ۲۰۹ مولانا حالی
[8] صفحہ ۲۰۹ ڈپٹی نذیر احمد
[9] صفحہ ۲۰۹ مولانا سید علی بلگرامی
[10] صفحہ ۲۰۹ عبدالحلیم شرر
[11] صفحہ ۲۰۹ گوپی ناتھ امن
[12] صفحہ ۲۰۹ مولانا سید علی بلگرامی
[13] صفحہ ۲۰۹ عبدالحلیم شرر

رشک تھی۔ وہ کہا کرتے تھے کہ میں کبھی بیمار نہیں ہوا اور نہ کبھی میرا سر دکھا۔ کبھی کبھار زکام البتہ ہو جاتا ہے۔ اس سے یہ فائدہ ہے کہ دماغ صاف ہو جاتا ہے۔ اُن کا[۱] ..... پُر رعب چہرہ، اُن کی شان اور اُن کا وقار ایسا تھا کہ درحقیقت وہ زیارت کے قابل تھے۔ اُن کے[۲] اکثر ہم عصر اور ہم رُتبہ لوگ اُن کا بہت احترام اور ادب کرتے تھے اس طرح ملتے تھے جیسے چھوٹے بڑوں سے ملتے ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ علاوہ شکل و صورت کے لوگوں پر اُن کے علم و فضل اور قابلیت کا بھی رعب پڑتا تھا۔

مرحوم[۳] لڑکپن سے ذہین و ذکی مشہور تھے۔ طالب علمی کے زمانے میں بھی وہ اپنے ہمسروں میں ممتاز رہے اور (اعزاز) کے ساتھ بی۔ اے کا امتحان پاس کیا۔ تمام طالب علم (سوائے بعض کھلنڈروں کے) اور پروفیسر اُنھیں وقعت کی نگاہ سے دیکھتے تھے..... خود سرسید مرحوم اُنھیں اُن کی قابلیت کی وجہ سے عزیز رکھتے تھے۔ مرحوم[۴] کی یہ خوش نصیبی تھی کہ اُنھوں نے بزمانۂ قیام (علی گڑھ) ایسے ماہرین فن اور علمائے نامور سے تلمذ حاصل کیا جو اس وقت آسمانِ فضل و کمال کے آفتاب و ماہتاب تھے مثلاً پروفیسر (آرنلڈ) پروفیسر (بیک) پروفیسر (مارلین اور شبلی وغیرہ) جن میں سے ہر ایک اپنے فن میں یکتا تھا۔ علی گڑھ[۵] کالج میں اُن سے پہلے اور غالباً اُن کے بعد بھی کوئی ایسا طالب علم نہیں ہوا جس کا مطالعہ ایسا گہرا، معلومات ایسی وسیع اور جو کام کرنے میں ایسا ان تھک ہو..... وہ ہمیشہ علمی معاملات پر گفتگو کرتے..... وہ درحقیقت علی گڑھ کالج کے سپوت تھے۔

یہ لوگ[۶] (عبدالحق) کی خوش نصیبی تھی کہ اُن کی والدہ بڑی دانش مند اور نیک سرشت بی بی تھیں اور اُن میں انسانی اخلاق کی بہت سی خوبیاں تھیں (مولوی عبدالحق) کی زندگی پر اُن کا بڑا اثر تھا۔ جس طرح[۷] اُنھیں طالب علمی میں مولانا (شبلی) جیسے بے مثل ادیب اُستاد ملے اسی طرح اس کے بعد سرسید اور مولانا حالی جیسے عالی خیال پیشوا بھی نصیب ہوئے۔ ان بزرگوں نے اُن کے خیالات اور ادب پر بہت بڑا اثر ڈالا مگر وہ عمر بھر طالب علم ہی رہے۔ مصلحت وقت اور زمانہ شناسی اُن کے نصیب میں نہ تھی اور جو کبھی بدنصیبی سے اُنھوں نے اس کوچے میں قدم رکھا تو پہلے ہی قدم میں لغزش کھائی۔ اس چیز کے لیے کچھ تو فطری مناسبت ہونی چاہیے اور کچھ صحبت اور تجربہ، ان میں سے اُن کے پاس کچھ بھی نہ تھا۔ ایام[۸] طالب علمی و ملازمت میں وہ جہاں کہیں رہے اُنھوں نے اپنے فرض منصبی کو ایسی مستعدی و جفاکشی اور دیانت کے ساتھ ادا کیا کہ لوگ قائل ہو گئے اور جب قومی خدمت پر کمر باندھی تو اسے بھی خوش اسلوبی، بے نفسی اور بے ریائی کے ساتھ انجام دیا اور ثابت کر دیا کہ حُبِّ وطن اور قومی درد کسی خاص طبقے یا کسی خاص عمر پر موقوف نہیں ہے۔

اُن[۹] میں وہ تمام خوبیاں تھیں جو ایک شریف انسان میں ہونی چاہیے۔ گھر میں اُن کی تربیت والدہ کی زیر نگرانی ہوئی اور یہ ایسی تھی جو بہت کم لوگوں کو نصیب ہوتی ہے۔ اخلاق اور تہذیب کے جو نکتے اس فرزانہ اور نیک بیوی نے اپنے عمل اور قول سے اُن کے دل میں بٹھا دیے تھے وہ عمر بھر نہ بھولے اور اُن پر عامل رہے۔ بڑے ہو کر جو صحبت ملی وہ اس زمانے کے بہترین افراد

---

۱ صفحہ ۲۷۶ درویش پروفیسری ہیٹ سک
۲ صفحہ ۵۹ مولوی محمد عزیز مرزا
۳ صفحہ ۱۰۵ خواجہ غلام الثقلین
۴ صفحہ ۹۹ مولوی محمد عزیز مرزا
۵ صفحہ ۱۸۵ سرسید داس مسعود
۶ صفحہ ۱۸ خواجہ غلام الثقلین
۷ صفحہ ۲۴۶ سرسید احمد خاں
۸ صفحہ ۲۳۱ سرسید احمد خاں
۹ صفحہ ۴۸ مولوی چراغ علی
۱۰ صفحہ ۷۱ مولوی سید علی بلگرامی
۱۱ صفحہ ۱۲۰ مولانا وحید الدین سلیم

تھے۔ اُن میں سے ہر ایک بے ہر قابل تھا۔ اُن کے نام اب تک ہمارے ادب میں عزت سے لیے جاتے ہیں۔ تربیت اور صحبت
ہی چیز ہے۔ علم سے لگاؤ تھا۔ اہل علم اور ارباب سخن کی صحبت نے صحیح ذوق پیدا کیا۔ مطالعہ کا شوق پہلے سے تھا۔ جو دو فکر اور
تندرستی کا ملکہ قدرت نے ودیعت کیا تھا اُن سب کے بل پر انھوں نے وہ کام کیے جو رہتی دُنیا تک یادگار رہیں گے۔

طالب علمی سے فارغ ہونے کے بعد وہ حیدرآباد آئے۔ اگرچہ ابتدا میں وہ معمولی خدمت پر مقرر ہوئے لیکن خداداد ذہانت
اور قابلیت کی وجہ سے انھوں نے یہاں غیر معمولی کامیابی حاصل کی۔ اس میں شک نہیں کہ جامعہ عثمانیہ کو مولانا سے بہتر پروفیسر
نہیں مل سکتا تھا۔ شاید قدرت کو یہ منظور تھا کہ جس یونی ورسٹی کا ذریعہ تعلیم اُردو ہے وہاں اُردو کا پروفیسر بھی ایسا ہی ہونا چاہیے
جو اس کی شان اور ضرورت کے مناسب ہو۔ انھوں نے اس جامعہ کے طلبہ میں جو علمی اور ادبی ذوق پیدا کیا وہ انھیں کا کام تھا۔
اور یہ بہت بڑا احسان ہے۔ تعلیم کا اصل منشا ذوق پیدا کرنا ہے اور پھر وہ اپنا راستہ خود نکال لیتا ہے۔

حیدرآباد کی زندگی عجیب و غریب زندگی ہے۔ ممکن ہی نہیں کہ یہاں کے اطراف و حوالی کا اثر انسان پر نہ پڑے اور کچھ نہیں
تو کاہلی تو ضرور ہی ہو جاتا ہے لیکن مرحوم کی جفاکشی اور مستعدی میں آخر دم تک فرق نہ آیا۔ وہ کبھی راست بازی اور دیانت کے راستے
سے نہ بھٹکے۔ اُن کی زندگی جیسی سادہ اور بے ریا پہلے تھی ویسے ہی آخر دم تک رہی۔ غالباً مولوی (عبدالحق) سے بڑھ کر کسی شخص
نے سرکاری کام کو بے لاگ بے تعلق اور بے لوث رہ کر سرانجام نہ دیا ہوگا۔ وہ رعایت اور جانبداری جانتے ہی نہ تھے۔ معاملات
میں وہ بالکل بھول جاتے تھے کہ اُن کا تعلق کسی انسان سے ہے۔ صرف واقعات اُن کے پیش نظر رہتے تھے اور انھیں پر سے وہ
بلا رو رعایت فیصلہ کرتے تھے اور یہی وجہ ہے کہ اہل حیدرآباد جو ان باتوں کے عادی نہیں اُن سے کبھی خوش نہیں رہے۔ لیکن اس
میں حیدرآباد کی زندگی نے ایک خفیف سا تعلق خوشامد پسندی کا پیدا کر دیا تھا مگر بے عیب ذات خدا کی ہے کون ہے جس میں
کوئی عیب نہیں اور خاص کر یہ ضعف نہ ہو۔ اُن کی زندگی نہایت سادہ اور بے ریا تھی۔ باوجود جاہ و منصب اور قیام حیدرآباد
کے کبھی بھولے سے بھی راحت و عیش کی طرف مائل نہ ہوئے اور ہمیشہ طالب علمانہ زندگی بسر کرتے تھے۔

جب اہل علم میں سے کوئی شخص حیدرآباد میں وارد ہوتا خواہ وہ کہیں کا ہو تو اُن کی یہ بڑی خواہش ہوتی تھی کہ اُن کا مہمان
ہو چنانچہ (مختلف موقعوں پر مشہور قوم پرست ترک خاتون خالدہ ادیب خانم اور رؤف بیگ، سابق امیر البحر ترکی) جب
حیدرآباد تشریف لائے تو مولوی (عبدالحق مرحوم) کے مہمان ہوئے۔

کوئی پچاس سال ہوتے ہیں جب ..... آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے چند صیغے الگ الگ قائم ہوئے
(ترقی اُردو) کا صیغہ اُن کے سپرد ہوا۔ انھوں نے اپنے اس فرض کو جس مستعدی اور قابلیت سے انجام دیا وہ مخفی نہیں ہے
کانفرنس کے کئی صیغے تھے اور ان کے بعض سیکرٹری بھی اُن سے زیادہ نامور نامور لوگ تھے لیکن جیسا (ترقی اُردو) کا صیغہ

۱؎ صفحہ ۵۹ مولوی محمد عزیز مرزا
۲؎ صفحہ ۲۶، ۲۵ مولوی چراغ علی
۳؎ صفحہ ۹۰ مولوی سید علی بلگرامی
۴؎ صفحہ ۱۲۰ مولینا وحید الدین سلیم پانی پتی
۵؎ صفحہ ۶۵، ۶۴ مولوی محمد عزیز مرزا
۶؎ صفحہ ۱۰ غلام الثقلین
۷؎ صفحہ ۶۴ مولوی محمد عزیز مرزا
۸؎ صفحہ ۶۳ مولوی محمد عزیز مرزا

چکا وہ بات کسی دوسرے کو نصیب نہیں ہوئی۔

(شیخ سر عبدالقادر[1]) کے انتقال کے بعد انجمن ترقی اُردو کے صدر (عبدالحق) ہی منتخب ہوئے۔ انجمن سے اُنھیں بڑا شغف تھا اور اس پر اُن کا بڑا احسان ہے۔ اس کے لیے اُنھوں نے جگہ جگہ سے چندے وصول کیے (اور) بلا مبالغہ سُنتے، قدمے، دامے، مدد دینے میں کبھی دریغ نہیں کیا بلکہ سب سے آگے رہتے تھے۔ انجمن پر جب کوئی کٹھن وقت آیا تو وہ اس کے لیے سینہ سپر ہو گئے۔ وہ تو اپنی ذات[2] سے ایک انجمن تھے!

مرحوم[3] نے حیدر آباد سے ایک ادبی رسالہ (اُردو) نامی (۱۹۲۱ء) میں جاری کیا تھا جس کے چیف ایڈیٹر مرحوم ہی تھے۔ سالہا سال[4] تک (یہ رسالہ) اُن کی ادارت میں نکلتا رہا۔ اس رسالے نے ادبی ذوق کے پھیلاؤ میں بڑا کام کیا۔ اس میں اچھے تنقیدی اور ادبی مضمون نکلتے رہے۔ رسالہ اُردو[5] سے اُنھیں خاص لگاؤ تھا۔ (خود) اُن کے بعض بہترین مضامین "اُردو" میں (ہی) شائع ہوئے (یہ رسالہ[6]) جاری کر کے (اُنھوں نے) اپنے انداز تحریر، بے لاگ تنقید اور روشن خیالی سے (مضمون) نویسی کا پایہ بڑھایا (اس) کے ذریعہ اُردو ادب میں انقلاب پیدا کیا (اور) ٹائپ کو رواج دیا۔ لیکن[7] افسوس ہے کہ (یہ رسالہ اُن کے انتقال) کے بعد بند ہو گیا۔ ایسے رسالوں اور اخباروں کی اب بھی ضرورت ہے۔

(مرحوم[8]) بحیثیت ایک عام انسان کے ایک عجیب و غریب شخص تھے اور یہی وجہ ہے کہ اُن کی نسبت رائے قائم کرنے میں لوگوں کو مغالطہ ہوا ہے۔ عموماً ہر شخص دوسرے سے اپنی طبیعت اور مزاج کے مطابق توقع رکھتا ہے اور چونکہ وہ تقریباً ہر شخص سے جُدا اور نرالی طبیعت رکھتے تھے اس لیے بہت کم لوگ ایسے تھے جو اُن کی صحیح طور سے قدر کر سکتے تھے۔ مثلاً مولوی صاحب مرحوم ایک تو طبعاً خاموش طبع تھے اور دوسرے اُنھیں اپنے وقت کی قدر بہت تھی۔ (وہ[9]) ایک کم سخن..... فلاسفر مزاج، کوہ وقار اور عالی خیال شخص تھے (اور وقت[10]) ایسی بیش بہا شے کو فضول باتوں میں ضائع کرنا نہیں چاہتے تھے۔ ہر وقت[11] مطالعے یا غور و فکر یا لکھنے میں مصروف رہتے تھے اور ایسے وقت میں کسی کی طرف متوجہ نہیں ہوتے تھے۔ چنانچہ[12] اسی وجہ سے وہ عام طور پر لوگوں سے ملنے سے بہت گھبراتے تھے اور جو لوگ ملنے آتے تھے اُن سے صرف کام کی بات کے سوا دوسری بات نہیں کرتے تھے اور چاہتے تھے بہت جلد ملاقات ختم ہو جائے۔ یہی[13] نہیں کہ بات چیت کم کرتے ہوں بلکہ فضول اور زائد باتوں سے اُنھیں طبعی نفرت تھی اور جو کوئی[14] خواہ مخواہ دیر لگاتا تھا اور نہیں ٹلتا تھا تو وہ بہت جز بز ہوتے تھے..... اور سوائے بعض ہم مذاق احباب کے کسی سے زیادہ باتیں نہیں کرتے تھے لیکن چھوٹے بچوں سے بے تکلف باتیں کرتے تھے اور ان سے مزے مزے کے سوالات کرتے اور ان کے سوالوں کے جواب نہایت شرح و بسط اور خوبی کے ساتھ دیتے..... لیکن جب لڑکا سیانا ہو جاتا اور اس میں ادب و تمیز پیدا ہو جاتی تو پھر اُس سے باتیں کرنا چھوڑ دیتے تھے اور حقیقت بھی یہ ہے کہ چھوٹے بچوں میں جو بھولا پن

---

[1] صفحہ ۲۰۲ سر سید راس مسعود
[2] صفحہ ۷۷ مولوی سید علی بلگرامی
[3] صفحہ ۲۸۶ سر سید احمد خاں
[4] صفحہ ۴۲ مولوی چراغ علی
[5] صفحہ ۲۱-۲۰ مولوی چراغ علی
[6] صفحہ ۳۶۶ آغا عبدالرحمٰن صدیقی
[7] صفحہ ۳۶۲ مولانا حسرت موہانی
[8] صفحہ ۷۷ مولوی سید علی بلگرامی
[9] صفحہ ۴۰ مولوی چراغ علی
[10] صفحہ ۴۲ مولوی چراغ علی
[11] صفحہ ۱۱۷ حکیم امتیاز الدین
[12] صفحہ ۱۲۱ مولینا وحید الدین سلیم
[13] صفحہ ۴۰ مولوی چراغ علی
[14] صفحہ ۴۲ مولوی چراغ علی
[15] صفحہ ۴۱ " " "

خیال کے ظاہر کرنے میں بے تکلفی اور سادگی، گفتگو میں بے ساختہ پن اور [illegible] کر جو مساوات ہوتی ہے وہ بڑے ہو کر نہیں رہتی۔ بڑے ہو کر خیال کے ظاہر کرنے میں کچھ تصنع اور کچھ ادب اور لحاظ مانع ہوتا ہے۔ پھر وہ مساوات کا خیال بھی نہیں رہتا۔ خود داری و بزرگی کے خیالات پیدا ہو جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ باتیں کرتے ہوئے چھوٹے بچے پیارے ہوتے ہیں اور اگر کوئی بنانے والا ہو تو اس وقت انھیں بہت کچھ سکھا سکتا ہے۔

اگرچہ بہت کم باتیں کرتے تھے مگر معاملات میں خوب گفتگو کرتے تھے لیکن اس میں بھی کوئی لفظ زائد اور فضول نہیں کہتے تھے اور ان کا جملہ اکثر دو تین یا ایک دو لفظ سے زیادہ کا نہیں ہوتا تھا۔ صرف کام کے دو ایک لفظ کہہ دیتے تھے جس میں مافی الضمیر ادا ہو جاتا۔ جب کسی مسودے میں کچھ بنا دیتے تو گویا ساری تحریر میں جان ڈال دیتے تھے۔ اگرچہ وہ خاموش طبع تھے اور ان میں عالمانہ متانت پائی جاتی تھی لیکن اپنے بے تکلف دوستوں کی صحبت میں خوب باتیں کرتے تھے جس سے ان کی زندہ دلی کا ثبوت ملتا تھا۔

زندہ دلی ان کی فطرت میں تھی۔ اگرچہ عمر کے ساتھ ساتھ کام کی کثرت روز بروز بڑھتی جاتی تھی اور نئے نئے حالات اور واقعات ان پر ہجوم کر کے ٹوٹ پڑے تھے لیکن ان کی زندہ دلی میں فرق نہ آیا۔ وہ اپنے بعض بے تکلف دوستوں سے بڑی دل لگی اور شوخی کی باتیں کرتے تھے بلکہ چھیڑوں سے بھی نہیں چوکتے تھے۔ یہ زندہ دلی ان کے کٹھن کام میں سہارے کا کام دیتی۔ (ان کے) چہرے پر (بالعموم) مسکراہٹ رہتی تھی جسے دیکھ کر خوشی ہوتی تھی۔ وہ بچوں میں بچے، جوانوں میں جوان اور بوڑھوں میں بوڑھے تھے۔ غم اور فکر کو پاس نہ آنے دیتے تھے اور ہمیشہ خوش رہتے تھے اور دوسروں کو بھی خوش رکھتے تھے۔ ان سے ملنے اور باتیں کرنے میں غم غلط ہوتا تھا اور آخر دم تک ان کی زندہ دلی ویسی ہی رہی۔ ان کے دوستوں کو ان کی زندہ دلی، خوش طبعی، ان کے لطیفے اور ان کے سفر کے عجیب و غریب واقعات ..... ہمیشہ یاد آئیں گے۔ ان کی ظرافت، خوش طبعی اور شوخی کے چٹکلے اور لطیفے ایک دو نہیں سینکڑوں ہیں جو افسوس کسی نے جمع نہیں کیے اگر ان کے خطوط جو تعداد میں بے شمار تھے یک جا مرتب ہو جاتے تو ان میں علاوہ اور بہت سے نکتوں کے ان کی ظرافت کے پُر لطف لطیفے بھی ملتے۔ ان کے خطوط کا جو مجموعہ شایع ہوا ہے۔ وہ اصل خطوں کا عشر عشیر بھی نہیں۔ ظرافت دلیل ذہانت ہے اور زندہ دلی سلامت طبع اور رجائیت کی نشانی ہے۔ یہ کام کے بار گراں کو ہلکا کرنے میں سب سے بڑی معین اور ایک کثیر الاشغال شخص کے لیے بعض کٹھن منزلوں کے طے کرنے میں سب سے اچھا بدرقہ ہے۔ جن صاحبوں کو اس بے نظیر شخص سے ملنے کا اتفاق ہوا ہے۔ وہ خوب جانتے ہیں کہ ہر فن میں خواہ ادب ہو یا فلسفہ یا تاریخ وہ ایسی ایسی باریکیاں پیدا کرتے تھے کہ خود اس فن کے ماہرین بھی دنگ رہ جاتے تھے۔ قدرت نے (مولوی عبدالحق) مرحوم کو بہت سی خوبیاں عطا کی تھیں۔ وجاہت، ذہانت، خوش بیانی اور فیاضی ان کی ایسی عام اور ممتاز صفات تھیں کہ ایک راہ چلتا بھی چند

---

[1] صفحہ ۲۰ مولوی چراغ علی
[2] صفحہ ۱۳۹ گرو دیو کا اقبال از رہاں
[3] صفحہ ۲۱۴ شیخ محمد
[4] صفحہ ۵۸، ۲۵۷ ڈاکٹر محمد اقبال
[5] صفحہ ۳۶۸ آہ: عبدالرحمٰن صدیقی
[6] صفحہ ۱۳۹ حسن الملک
[7] صفحہ ۲۳۸ سر سید احمد خاں
[8] صفحہ ۲۳۹ سر سید احمد خاں

منٹ کی بات چیت میں معلوم کر لیتا تھا۔ . . . . . ان میں پارس پتھر کی خاصیت تھی۔ کوئی ہو، کہیں کا ہو، اُن سے چھوا نہیں اور کندن ہوا نہیں! اُن کی باتیں نہایت پُر لطف اور مزے کی ہوتی تھیں۔ ان میں ایک جادو ہوتا تھا جو سامعین کے دل پر بے اختیار اثر کرتا تھا اور لوگ گرویدہ ہو جاتے تھے اور یہی وجہ تھی کہ عام و خاص ہر فرقے میں مقبول تھے۔ وہ بڑے پُر اثر اور پُر جوش مقرر تھے اور بلا تکلف تقریر کرتے تھے لیکن تقریر سے زیادہ اُن کی تحریر پُر زور اور شان دار ہوتی تھی۔ چنانچہ اُن کے بعض مضامین اُردو انشا پردازی کے بہت عمدہ نمونے ہیں۔ اُن کے قلم اور آواز میں بڑا زور تھا۔ اُن کے چہرے سے اُن کی طباعی اور ذہانت معلوم ہوتی تھی۔ باتیں مزے لے لے کر اور ٹھیر ٹھیر کر کرتے تھے۔ جلدی اُن کے مزاج میں نہ تھی۔ آواز میں شیرینی اور دل کشی تھی۔ اکثر لوگ جو ان سے ملنے یا کسی معاملے میں گفتگو کرنے آتے تو ان کی ذہانت اور لیاقت کے قائل ہو جاتے۔

حافظہ اُن کا بڑے غضب کا تھا۔ جو چیز ایک دفعہ پڑھ لی یا نظر سے گزر گئی وہ پتھر کی لکیر تھی۔ (وہ) صبح کے نو بجے سے شام کے ۵ بجے تک لکھنے پڑھنے میں مصروف رہتے تھے۔ اُن کا علم اس قدر وسیع تھا کہ گویا زندہ انسائیکلوپیڈیا تھے۔ اور اس لیے اُن کی باتیں نہایت دلچسپ اور بصیرت افروز ہوتی تھیں۔ کسی قسم کا مسئلہ اور کسی فن کی بحث اُن کے سامنے پیش کیجیے وہ کوئی نہ کوئی بات ضرور سجھا دیتے۔

وہ بڑے ظریف بھی تھے۔ اُن کی ظرافت عجیب شان کی ظرافت تھی۔ ان کے ایک ایک ٹھٹول میں وہ وہ مضمون و نکات ہوتے تھے جو عمر بھر کے مطالعہ اور کتابوں کے کھنگالنے سے بھی حاصل نہیں ہو سکتے۔ وہ ایک چٹکلے میں بڑے بڑے مسائل کا فیصلہ کر دیتے تھے۔ اُن کے خاص لفظ اور جملے جن میں جدت اور طباعی کی بُو پائی جاتی تھی اب تک دلوں میں چبھتے ہیں اُن کا لب و لہجہ (اور) اُن کی شیریں بیانی بعض اوقات . . . . . انسان کو پھڑکا دیتی تھی۔ اُن کی گفتگو میں جو سحر تھا وہ میں نے آج تک کسی میں نہیں دیکھا۔ علاوہ اس کے اُن سے باتیں کرنے میں جو سبق حاصل ہوتا تھا وہ یہ تھا کہ واقعات کے ہر پہلو پر نظر ڈالنی چاہیے۔ ورنہ صحیح نتیجے کا اخذ کرنا محال ہے۔ رسوم کی پابندی، عادت کی بندھن ہمیشہ بلا ارادہ بھیڑ چال پر مجبور کرتی ہے اور تقلید اس قدر اندھا کر دیتی ہے کہ معمولی سے معمولی بات جو خلافِ عادت ہے نظر نہیں آتی۔ وہ ہر بات میں ایک نیا پہلو دکھاتے جو ہمیں نظر نہیں آتا تھا اور معمولی سے معمولی بات میں وہ شان پیدا کر دیتے تھے جو دوسروں کو نہیں سوجھتی تھی اور یہی عین مقصد ہے تعلیم و تربیت کا کہ انسان واقعات کے پہلو پر صحت کے ساتھ نظر ڈال سکے اور جو یہ نہیں تو کوئی تعلیم انسان کے مفید نہیں ہو سکتی لیکن افسوس کہ اب ہم اُن کی صحبت سے مستفید نہیں ہو سکتے۔ وہ ہمیشہ کے لیے ہم سے جدا ہو گئے گو وہ ہم میں سے تھے مگر اُن کی باتیں ہم سے نرالی تھیں ؎

یاد وہ جوہر ہی الگ تھا جو ہر انسان سے ——— یاد نکلتے اب نہیں ایسے جواہر کان سے

۱؎ صفحہ ۴ سید محمود
۲؎ صفحہ ۱۸ مولانا وحید الدین سلیم پانی پتی
۳؎ صفحہ ۷۰ مولانا سید علی بلگرامی
۴؎ صفحہ ۳۶۶ آ۔ عبدالرحمٰن صدیقی
۵؎ صفحہ ۲۲۱ یمین صاحب
۶؎ صفحہ ۳۷۳ ورد علی پروفیسری بیٹ لک
۷؎ صفحہ ۶۱ مولوی محمد عزیز مرزا
۸؎ صفحہ ۱۴۶ محسن الملک
۹؎ صفحہ ۵/۲ سید محمود

وہ بڑے ذکی [illegible] کسی قدر نازک طبع واقع ہوئے تھے۔ وہ بڑے خود دار (بھی) تھے اور کسی ایسی بات کو جو خودداری کے خلاف ہوتی برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ وہ جس کام کو لیتے تھے اس میں ہمہ تن منہمک ہو جاتے تھے اور چاہتے تھے کہ جو جوش اور آگ اُن میں ہے وہی دوسروں میں بھی ہو لیکن یہ کہاں ہوتا ہے خصوصاً ایسے زمانے میں جہاں ہمیں پتھروں سے سر پھوڑنا ہے۔ نتیجہ ظاہر ہے کہ ایسی ہوتی ہے اور یہ مایوسی انھیں پریشان کر دیتی تھی۔ چنانچہ انھیں ناکامیوں اور ناکامیابیوں نے انھیں ایک بار (صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خاں سے رجوع ..... ہونے پر) مجبور کیا۔

مخالفت سہنے کا اُن میں عجیب و غریب مادہ تھا۔ کیسا ہی اختلاف ہو وہ صبر کے ساتھ سنتے رہتے تھے جواب دیتے تھے لیکن حجت نہیں کرتے تھے۔ بعض اوقات نامعقول بات اور کٹ حجتی پر (ضرور) غصہ آتا تھا خاص کر جب کسی دوست کی طرف سے مخالفت ہوتی تو انھیں بڑا صدمہ ہوتا تھا۔ وہ دوست کا اختلاف گوارا نہیں کر سکتے تھے۔ اس میں وہ بہت مبالغہ کرتے تھے اور اکثر عقل پر جذبات غالب آجاتے تھے کارزار دنیا میں لڑے بھڑے کام نہیں چلتا یہاں چرکے بھی سہنے پڑتے ہیں، زخم بھی کھانے پڑتے ہیں، سر بھی دینا پڑتا ہے جو اس کے لیے تیار نہیں اس کے لیے پسپا ہو جانا ہی بہتر ہے بلکہ سرے سے اس میدان میں قدم ہی نہیں رکھنا چاہیے (لیکن) رائے کے اختلاف سے ذاتی تعلق اور علاقات میں کبھی فرق نہ آتا۔ ان معاملات میں وہ خوب بحث کرتے اور بعض اوقات شدت کے ساتھ لیکن اُن کا دل صاف رہتا وہ عمر بھر مخالفتیں برداشت کرتے رہے اور (آخر آخر) یہ اُن کے لیے معمولی بات ہو گئی تھی۔

وہ نہایت تیز فہم، صائب الرائے، جفاکش، مستقل مزاج اور اپنے ارادے کے پکے تھے۔ کام سے چپکا لگاؤ تھا اور اسی میں اُن کی جیت تھی۔ بڑے غور و خوض کے بعد رائے قائم کرتے اور رائے قائم کرنے کے بعد پھر اس سے کبھی نہ ہٹتے تھے گویا وہ رائے پتھر کی لکیر ہوتی تھی۔ آدمی متفکر بھی ہو اور عملی بھی ایسا شاذ و نادر ہوتا ہے ..... (وہ) جو کہتے اور سمجھتے تھے اس پر عامل بھی تھے۔ وہ ہمیشہ علمی مباحثوں میں بڑی دلچسپی کا اظہار کرتے تھے ..... اُن کی رایوں میں خاص بات ہوتی تھی اور صاف معلوم ہوتا تھا کہ یہ ایک ایسے شخص کے دماغ کا نتیجہ ہیں جو غور و فکر کا عادی ہے۔ (لیکن) مرحوم میں ایک بڑا نقص تھا کہ بعض اوقات خود غرض لوگوں کے بہکانے سے بھٹک جاتے تھے (اور) ایسی باتیں کر گزرتے تھے جو ان کی شان کے شایاں نہ ہوتی تھیں۔

عام طور پر انسان فطرتاً کاہل اور کام چور ہوتا ہے ـــ آرام طلبی ہم میں کچھ موروثی ہو گئی ہے (لیکن وہ) مستعد ایسے تھے کہ اچھے اچھے جوان اُن کا مقابلہ نہیں کر سکتے تھے۔ دن ہو یا رات ہو ہر وقت کام کے لیے تیار۔ جو کام کرنے والے تھے۔ تصنیف و تالیف کا کام بھی کرتے تھے (قومی زبان) اور (اردو) کے لیے مضامین بھی لکھتے تھے۔ معترضین کے جواب بھی دیتے تھے۔ (اُردو) کالج کے حساب

ص۱ صفحہ ۱۹۰ سرسید راس مسعود
ص۲ ۱۱۱ خواجہ غلام الثقلین
ص۳ ۲۳۰ سرسید احمد خاں
ص۴ ۲۳۰ ۔ ۔ ۔ ۔
ص۵ ۲۳۰ نام ور۔ دہلی
ص۶ ۱۱۲ خواجہ غلام الثقلین
ص۷ ۱۳۲-۳۵ گورنمنٹ کالج لاہور

ص۸ صفحہ ۲۰۱ سرسید راس مسعود
ص۹ ۱۷۶ حالی
ص۱۰ ۱۹۸ سرسید راس مسعود
ص۱۱ ۲۹ مولوی چراغ علی
ص۱۲ ۲۸ ۔ ۔
ص۱۳ ۱۰۶ مولوی سید علی بلگرامی
ص۱۴ ۲۶-۲۲۵ سرسید احمد خاں

ص۱۵ صفحہ ۲۲۲ سرسید احمد خاں
ص۱۶ ۱۹۸ سرسید راس مسعود
ص۱۷ ۲۳۳ مولانا حسرت موہانی
ص۱۸ ۱۵ مولوی چراغ علی
ص۱۹ ۱۸۰ حالی
ص۲۰ ۲۲۸ نام دیو۔ مالی

کتاب اور دوسرے اہم کاموں کی نگرانی بھی کرتے تھے۔۔۔۔ خطوں کے جواب لکھتے یا لکھواتے، ملاقاتیوں سے ملتے۔۔۔۔ کس کس کام کا ذکر کیا جائے کاموں کا ایک ہجوم تھا جسے وہ استقلال اور اطمینان سے صبح سے لے کر شام تک برابر کرتے رہتے تھے۔ بڑھاپے کے زمانہ میں بھی اُن کے انہماک اور محنت کا یہی حال تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ کام اور محنت کرنے ہی سے انسان بنتا ہے اور اسی سے اس کی سیرت بنتی ہے اور اسی سے اس کے دماغی اور اخلاقی قوا کی جلا ہوتی ہے۔ اس سے مُراد وہ کام ہے جس کے کرنے میں انسان کو لذت ملے اور شوق اسے اور اُبھارے، ورنہ کام، کام نہیں رہتا بیگار ہو جاتی ہے۔ (عبدالحق) کا یہی حال تھا وہ بڑے سے بڑا اور چھوٹے سے چھوٹا کام ایسے شوق اور تندہی سے کرتے تھے گویا اُن کی دُنیا اور عاقبت کا انحصار اسی پر ہے۔

اُن کے بڑھاپے پر جوانوں کو رشک آتا تھا اور ان کی مستعدی کو دیکھ کر دل میں اُمنگ پیدا ہوتی تھی۔ ان کی زندگی بے لوث تھی اور اُن کی زندگی کا ہر لمحہ کسی نہ کسی کام میں صرف ہوتا تھا۔ مجھے وہ اکثر یاد آتے ہیں اور یہی حال ان کے دوسرے جاننے والوں اور دوستوں کا ہے اور یہ ثبوت ہے اس بات کا کہ وہ کیسے اچھے آدمی تھے۔ قومیں ایسے ہی لوگوں سے بنتی ہیں۔ کاش ہم میں بہت سے (عبدالحق) ہوتے!!

وہ بہت سادہ مزاج، بھولے بھالے اور منکسر المزاج تھے مگر بکارِ (اُردو) ہوشیار اور بکارِ دُنیا بے کار تھے۔ اُن کی کاردانی اور کارگزاری ریاست حیدر آباد میں ضرب المثل (تھی) وہ کام کرنے میں بجلی اور محنت کرنے میں آندھی تھے۔ معاملات کی تہ کو اس قدر جلد پہنچتے تھے کہ جن لوگوں نے انھیں معاملات کو ہفتوں اور مہینوں مطالعہ کیا تھا وہ بھی دیکھتے رہ جاتے تھے۔ سرکاری خدمت کی کٹھن اور دشوار منزلوں کو اُنھوں نے ہمیشہ اس آسانی سے طے کیا کہ کبھی ان کی طبیعت پر گراں نہ گزرا جو کام دوسرے لوگ آٹھ آٹھ دس دس گھنٹوں میں طے نہیں کر سکتے تھے۔ وہ مرحوم نے دو تین گھنٹوں میں بھگتا دیا اور پھر اس دقیق النظری کے ساتھ کہ کیا مجال کہ کوئی بات رہ جائے اپنے فرائض نہایت دیانت داری اور دلچسپی کے ساتھ ادا کیے۔ اور نہ کبھی کام کرنے سے اُکتائے اور نہ آج کا کام کل پر چھوڑا ـــــــ تعلیم یافتہ شخص کے یہی معنی ہیں کہ وہ جس کام پر ہاتھ ڈالے اُسے حُسن و خوبی کے ساتھ ادا کرے۔ خدا نے اُنھیں ایسا جوہر عطا کیا تھا جس کے سامنے بڑی بڑی تصانیف کی کچھ حقیقت نہیں وہ جوہر ان کی غیر معمولی دماغی قوت تھی جو نہ امتحانات کے پاس کرنے سے حاصل ہوتی ہے نہ کتابوں کے پڑھنے اور فضیلت کی دستار باندھنے سے۔ مرحوم کی ذہانت، قابلیت اور وسعتِ معلومات پر ایک عالم گواہ ہے۔

اگرچہ بظاہر اکھڑ تھے مگر دل میں خلوص تھا۔۔۔۔۔۔۔ اور دوستوں کے قدر دان تھے۔۔۔۔۔ تصنع سے دور نہایت بے تکلف اور آشنا پرست تھے۔ وہ کم آمیز اور دیر آشنا تھے مگر نہایت باوضع، دوستی کے پکے اور صادق القول شخص تھے۔

---

۱ صفحہ ۱۳۷ گمڈی کا لال نور خاں
۲ صفحہ ۹۰ مولوی عبدالعزیز مرزا
۳ صفحہ ۹۱ مولوی محمد عزیز مرزا
۴ صفحہ ۲۱۱ میرن صاحب
۵ صفحہ ۲۳۰ نام دیو ـــ مالی
۶ صفحہ ۹۱ مولوی محمد عزیز مرزا
۷ صفحہ ۵۸/۱۵۷ شیخ غلام قادر گرامی
۸ صفحہ ۱۵۸ شیخ غلام قادر گرامی
۹ صفحہ ۲ سید محمود
۱۰ صفحہ ۲۳۸ سر سید احمد خاں

(اور) جس سے جو تعلق ہو گیا اُسے آخر دم تک نبھایا۔ ..... وہ اُن کے سچے ہمدرد اور اُن کی بیوی اور سلامتی کے خواہاں تھے ..... وہ دوستی کے معاملے میں رشتے ناتے کی کوئی حقیقت نہیں سمجھتے تھے۔ اُن کا قول تھا کہ "اگر ساری دُنیا قبضے میں ہو اور کوئی دوست نہ ہو تو وہ ہیچ ہے اگر ساری دُنیا کے بدلے میں ایک دوست ہاتھ لگ جائے تو ارزاں ہے۔" لیکن اُن کی دوستی آسان نہ تھی۔ وہ کہا کرتے تھے دعوتوں میں جانے اور بہت سے دوست پیدا کرنے میں وقت ضائع ہوتا ہے اور بہت سی فضول اور بے مصرف باتیں کرنا پڑتی ہیں۔ صرف دو تین خاندانوں کے اور کسی سے راہ و رسم نہ تھی مگر جن کے ساتھ محبت تھی خلوصِ دل سے تھی۔

وہ مصیبت کے وقت کام آتے اور ایسی حالت میں بے طلب مدد کے لیے پہنچتے اور جہاں تک امکان ہوتا وہ ہر قسم کی مدد کرتے۔ اُن کی دوستی پُرانے لوگوں کی سی دوستی تھی جو دوست کے لیے ہر قسم کی تکلیف برداشت کرتے اور ہر قسم کی قربانی کے لیے تیار ہو جاتے تھے۔ وہ جس طرح دوستی میں پکے تھے اسی طرح نفرت میں بھی شدید تھے۔ یہ نفرت کسی ذاتی بنا پر نہ تھی بلکہ جو لوگ بے اصول ہوتے، ذاتی فائدے کے لیے ایمان بیچنے کے لیے تیار ہو جاتے یا قوم سے غداری کرتے اُن سے نفرت ہی نہیں اُنھیں سخت عداوت ہو جاتی تھی۔ وہ ایسے لوگوں کو بھی پسند نہیں کرتے تھے جو بدتمیز یا گندے ہوتے چونکہ وہ خود صاف گو تھے اس لیے غیبت کو پسند نہیں کرتے تھے خصوصاً اپنے کسی دوست کے خلاف ایک لفظ بھی گوارا نہ کرتے تھے (وہ خود بھی) دوست کا اختلاف گوارا نہیں کر سکتے تھے۔ یہ دوستی پُرانے وقتوں کی دوستی تھی۔ پُرانے بزرگ اسی پر عامل تھے کچھ بھی کہے یا کچھ بھی کرے وہ ادبدا کے دوست کا ساتھ دیتے۔

قدامت اور جدت عجب طرح سے اُن کے مزاج میں سموئی ہوئی تھیں۔ قدامت ایسی کہ اچھے اچھے پُرانے بزرگ اُن کی گرد کو نہیں پہنچ سکتے تھے اور جدت ایسی کہ نئی روشنی کے ستارے بھی اُن کے آگے ماند تھے۔ وہ کسی ملازم کو شکایتیں سُننے کے بعد برطرف نہ کرتے۔ یہ بات اُن میں پُرانی تہذیب کی تھی۔ میں نے ایسے کئی بزرگوں کو دیکھا ہے کہ جب اُنھوں نے کسی پر اعتماد کر لیا تو پھر کوئی کچھ کہا کرے اور کیسی ہی شکایت کرے اُن پر کچھ اثر نہ ہوتا تھا بلکہ اُلٹا خفا ہوتے تھے اسی قسم کی مروّت (مولوی عبدالحق) میں بھی تھی۔ کسی نے سچ کہا ہے "خانۂ مروّت تباہ" چنانچہ اُن کے (ایک پروردہ نوجوان) کے معاملہ میں یہی ہوا۔ یہ شخص (لکھنؤ) کے (ایک) ممتاز خاندان کا تھا ..... بارہا اُن تک شکایت پہنچی کہ یہ آدمی قابلِ اعتماد نہیں ہے (کسی ذریعۂ معاش کے باوجود) بڑی شان سے رہتا ہے۔ اُس کی دیانت مشتبہ ہے۔ میں نے بھی اس شخص کو دیکھا تھا۔ وہ فی الحقیقت رئیسوں کی طرح رہتا تھا۔ ان شکایتوں کے جواب میں وہ کہتے کہ شریف زادہ ہے، گھر سے خوشحال ہے۔ وہ صاف ستھرا اور سلیقے سے رہتا ہے تو لوگ اُس سے جلتے ہیں۔

اُن میں قدیم وضع اور جدید تہذیب کی بعض خوبیاں اس خوش اسلوبی سے باہم ملی ہوئی تھیں کہ اس امتزاج نے اُن

---

[1] صفحہ ۲۹، ۳۳۸ سرسید احمد خاں
[2] صفحہ ۳۲۰ سرسید احمد خاں
[3] صفحہ ۲۷۲/۷۳ ورڈش پروفیسری ہٹ سک
[4] صفحہ ۱۱۶ حکیم امتیاز الدین
[5] صفحہ ۳۴۳ نواب عماد الملک
[6] صفحہ ۹۷/۳۹۶ آواز عبدالرحمٰن صدیقی
[7] صفحہ ۳۴۱ سرسید احمد خاں

کی روشِ زندگی میں ایک قسم کا حسن پیدا کر دیا تھا۔ وہ[1] کبھی کبھی مغربی مزاج کے آدمی معلوم ہوتے تھے لیکن اکثر وہ ٹھیٹ ہندی تھے۔ اُن کی طرزِ معاشرت پُرانے اور نئے دونوں طبقے کے لوگوں کے لیے قابلِ تقلید نمونہ تھی۔

وہ اگرچہ[2] کبھی کبھی رنجیدہ ہو جاتے تھے لیکن یہ[3] عارضی صورت ہوتی تھی کچھ دنوں کے بعد یہ کدورت دل سے محو ہو جاتی اور ویسے ہی خلوص اور محبت سے ملتے جیسے پہلے ملا کرتے تھے۔ کبھی[4] دل میں کینہ یا بُغض نہیں رکھتے تھے۔ اُن کا فیض عام تھا دوست، دشمن بلا امتیاز اس سے متمتع ہوتے تھے۔ انتقام کا کبھی خیال نہ کیا بلکہ جن لوگوں نے اُن سے بُرائی کی اُنھوں نے اس کا بدلہ ہمیشہ بھلائی سے دیا اور بیسیوں مثالیں ہمارے سامنے ایسی موجود ہیں کہ دوستوں سے بڑھ کر اُنھوں نے دشمنوں کو نوازا۔

حقیقت[5] یہ ہے کہ (مجموعی طور پر) اُن کو دوست بھی ایسے ملے تھے کہ اُن پر جان چھڑکتے تھے اور یہ اُن کی بڑی خوش نصیبی تھی۔ یہ سب (مولوی عبدالحق) کے خلوص، سچائی، راست بازی اور محبت کا اثر تھا۔ اس جاں لیوا بیماری میں (اُن کے رفیق حکیم اسرار احمد کریوی، اُن کے نیاز مند متین الرحمٰن مرتضیٰ اور اُن) کے ملازم (بنارس خاں) نے جیسی خدمت کی نہ جورو کر سکتی تھی نہ فرزند کر سکتا تھا (یہ) اُن کی خفگی، درشتی اور چڑچڑے پن کو ہنس ہنس کے گوارا کرتے تھے اور انھیں خوش رکھنے کی کوشش کرتے۔

(مولوی صاحب کو) عامیانہ خیالات سے بہت چڑ[6] (اور) جھوٹ[7] سے سخت نفرت تھی۔ جھوٹے کو کبھی مُنہ نہیں لگاتے تھے ہمارے شرفا مروت میں آکر یا تالیفِ قلوب کی خاطر یا اس خیال سے کہ دل شکنی نہ ہو سچ کو چھپاتے یا جھوٹ کے مرتکب ہوتے ہیں یا ایسے کام کی حامی بھر لیتے ہیں جو وہ نہیں کر سکتے یا ان کا کرنا ان کے ضمیر کے خلاف ہے۔ اس کا نتیجہ کذب یا پشیمانی ہوتا ہے (مولوی عبدالحق) کا مسلک بالکل صاف تھا جب وہ کسی کام کو نہیں کر سکتے تھے یا نہیں کرنا چاہتے تھے یا اسے اپنے اصول اور وضعداری کے خلاف سمجھتے تھے تو صاف انکار کر دیتے تھے۔ وہ[8] راست گفتاری اور صاف گوئی میں نیک نام نہیں بدنام تھے۔ اُنھوں[9] نے اپنے خیالات کو کبھی نہیں چھپایا۔ جو دل میں تھا وہی اُن کی زبان اور قلم پر تھا۔ کبھی اس کی پروا نہیں کی کہ اس سے اُن کی ذات کو نقصان پہنچے گا۔ اُن کی زندگی میں اکثر ایسے موقعے آئے جب اُن کے خیر اندیش اور مخلص دوستوں نے ان کو کسی فعل سے باز رہنے کی صلاح دی اور دُنیاوی اعتبار سے معاملے کی اُونچ نیچ سمجھائی لیکن اُنھوں نے وہی کیا جو اُن کے ضمیر نے کہا اور ہمیشہ کمال اخلاقی جرأت سے کام لیا۔ بے ریائی اور صداقت عمر بھر ان کا شعار رہا۔

مصلحت[10] کا داغ اُن کے دامن پر نہ تھا جو جی میں آتا کہہ بیٹھتے اور جو چاہتے کر گزرتے تھے جہاں کسی نے غلطی کی ٹوک دیتے تھے کبھی یہ نہ سوچا کہ اس کا محل و موقع بھی ہے یا نہیں یہی وجہ ہے کہ جو لوگ ان کی طبیعت سے واقف نہ تھے ان کی باتوں

---

[1] صفحہ ۲۰۴ سر سید راس مسعود
[2] صفحہ ۲۶۰ آہ! عبدالرحمٰن صدیقی
[3] صفحہ ۲۶۷ "
[4] صفحہ ۴۱۶ نواب عماد الملک
[5] صفحہ ۶۳ مولوی محمد عزیز مرزا
[6] صفحہ ۶۴ "
[7] صفحہ ۶۴ "
[8] صفحہ ۴۰۱ نواب عماد الملک
[9] صفحہ ۳۳۷ سر سید احمد خاں
[10] صفحہ ۶۴ مولوی محمد عزیز مرزا
[11] صفحہ ۳۴۰ سر سید احمد خاں
[12] صفحہ ۴۱۵ نواب عماد الملک
[13] صفحہ ۱۱۹ مولانا وحید الدین سلیم

سے اکثر [illegible] اُن کے مذہب میں دل آزاری کفر تھی لیکن رائے کی آزادی میں وہ سب سے آگے تھے۔ وہ اس قدر راست باز اور بے لوث تھے کہ سچ بات کہنے میں کبھی کسی کی پروا نہیں کرتے تھے اس لیے بعض لوگ ان سے خوش نہیں رہتے تھے مگر ان کی لیاقت اور سچائی کے سب قائل تھے۔

انھوں نے ہر جگہ سچ کی حمایت اور آزادی کی تائید کی۔ اصول کی خاطر لڑائیاں کیں، نقصان اُٹھایا، دوستوں کی ناراضگی اور لیڈروں کی خفگی برداشت کی لیکن اصول نہ چھوڑا۔ وہ حساب کے کھرے، بات کے کھرے اور دل کے کھرے تھے۔ وہ انگریزی شوشائٹی کو پسند نہیں کرتے تھے اور ان کے آداب و تکلفات کو مہمل سمجھتے تھے۔ وہ فرماتے تھے کہ انگریزوں کی قوم جب جاہ و مال میں منہمک رہتی ہے اور اسے صرف روپیہ کمانا اور اس کا صرف کرنا آتا ہے۔ اور باقی کسی دوسری بات کی پروا نہیں۔ وہ انگریزی قوم کو اچھا نہیں سمجھتے تھے (یو۔پی کے مہاجروں) کی نسبت مرحوم کا خیال تھا کہ یہ پچاس سال میں فنا ہو جائیں گے۔ کیونکہ ثروت کا مدار تجارت پر ہے اور یہ لوگ تجارت چھوڑ کر نوکری کی طرف ڈھل رہے ہیں۔

اُن کا گھر مہمان سرائے تھا۔ آنے جانے والے کھانے کے وقت بے تکلف اُن کے گھر پہنچ جاتے اور وہ اس سے بہت خوش ہوتے تھے..... بعض اوقات ٹولیاں کی ٹولیاں پہنچ جاتی تھیں اور وہ اُن کی دعوتیں بڑی فیاضی سے کرتے تھے۔ اُن کی مہمان نوازی دیکھ کر عرب کی ضرب المثل مہمان نوازی یاد آتی تھی۔ ہند اور غیر ملک کے سیاح اور علما کے لیے اُن کا مکان مہمان خانہ تھا اور بڑی فراخدلی کے ساتھ تھی میزبانی ادا کرتے تھے۔ سچے دل سے خاطر تواضع کرتے اور (مہمان) کے خوش رکھنے کی کوشش کرتے تھے۔

(مولوی عبدالحق) کی سیرت میں دو ممتاز خصوصیتیں تھیں۔ ایک سادگی، دوسری دردِ دل..... خاکساری اور فروتنی خلقی تھی۔ اس قدر بڑے ہونے پر بھی چھوٹے بڑے سب سے (عزت) اور خلوص سے ملتے تھے..... اُن کا رتبہ بہت بڑا تھا مگر انھوں نے کبھی اپنے آپ کو بڑا نہ سمجھا۔ بڑوں کا ادب اور چھوٹوں پر شفقت تو وہ کرتے ہی تھے لیکن بعض اوقات وہ اپنے سے چھوٹوں کا بھی ادب کرتے تھے۔ اس سے بڑھ کر خاکساری کا کیا ثبوت ہوگا کہ انھوں نے اپنی کتابوں پر جو اصلی اور حقیقی معنوں میں تصنیف ہوتی تھیں ہمیشہ "مرتبہ" لکھا۔ "مؤلفہ" یا "مصنفہ" کا لفظ نہ لکھا۔

وہ ایک دردمند دل رکھتے تھے، مصیبت زدوں کی داستان سن کر اُن کا دل بھر آتا تھا اور فوراً مدد کے لیے آمادہ ہو جاتے۔ ایسے متعدد واقعات میرے سامنے پیش آئے۔ خود میں نے اُن سے کہہ کر بہت سے لوگوں کے کام نکالے۔ مشکل کے وقت اُن کے دوست انھیں آگھیرتے تھے۔ وہ بلا تامل سینہ سپر ہو جاتے، یہاں تک کہ انھوں نے بعض

---

[1] صفحہ ۲۶۹ ڈاکٹر [illegible]
[2] صفحہ ۲۰۰ [illegible]
[3] صفحہ ۲۰۵
[4] صفحہ ۱۰۱ حالی

[5] صفحہ ۱۰۹ [illegible]
[6] صفحہ ۱۰۳، ۱۰۲ سرور سید علی بلگرامی
[7] صفحہ ۱۰۳
[8] صفحہ ۱۰۲ حالی

[9] صفحہ ۲۶۵، ۲۶۶ عبدالرحمٰن صدیقی
[10] صفحہ ۱۰۱ سرور سید علی بلگرامی
[11] صفحہ ۱۶۳ حالی
[12] صفحہ ۲۰۲ سر سید احمد خاں

ایسے دوستوں کو مصیبت اور تباہی سے بچایا جو شاید اس کے مستحق نہ تھے۔ حاجت مندوں کی حاجت روا کرنے میں بڑی فراخدلی سے کام لیتے تھے..... (اور) اپنے پرائے خصوصاً مصیبت زدہ لوگوں کے ساتھ سلوک کرتے رہتے تھے۔ سفارشیں کر کے لوگوں کے کام نکالتے تھے۔ اس میں چھوٹے بڑے کی کوئی تخصیص نہ تھی۔ (انھوں نے) غریبوں اور مستحقوں اور مفلوک الحال شرفا کی ہمیشہ مدد کی۔ اکثر اس طرح دیتے تھے جس پر یہ قول صادق آتا ہے کہ "دہنے ہاتھ سے یوں دے کہ بائیں ہاتھ کو خبر نہ ہو۔" مولوی صاحب مرحوم اپنے دوستوں اور عزیز و اقربا سے بھی سلوک کرتے تھے لیکن کبھی کسی پر ظاہر نہیں ہونے دیتے تھے۔ روپے پیسے کی بالکل محبت نہیں تھی، بہت سیر چشم اور عالی ظرف واقع ہوئے تھے۔ جب روپیہ اُن کے پاس آتا تو اس کے دینے میں وہ بڑی فیاضی سے کام لیتے تھے، اگرچہ اکثر اس سے وہی متمتع ہوتے تھے جو چالاک یا چلتے پرزے ہوتے اور یہی وجہ ہے کہ اُن کے پاس کبھی روپیہ جمع نہ ہوا اور خالی ہاتھ اس دنیا سے کوچ کیا۔ مرحوم کی عادت تھی کہ جب کوئی شخص علمی کام یا تجارت کے لیے روپیہ طلب کرتا تو حتی الامکان بڑی خوشی سے اس کی مدد کرتے تھے۔ مرحوم بہت بامروت (بھی) تھے اگر کوئی شخص ان سے کسی قسم کی درخواست کرتا اور وہ اسے پوری نہ کر سکتے تو خاموش ہو رہتے مگر جب دوسری بار پھر آتا تو اس شرمندگی میں سب سے مقدم اس کا خیال کرتے اور حتی الامکان اس کی مقصد براری میں کوشش کرتے۔

مرحوم اپنے دوستوں کو مدد دینے اور ان کے کام نکالنے میں بڑے بہادر تھے اور اس میں وہ کسی قسم کی رکاوٹ یا مشکل کی پروا نہیں کرتے تھے (اس) کے لیے ہر وقت مستعد رہتے تھے اور بعض اوقات دلیرانہ کام کر گزرتے تھے۔ بیکسوں اور درماندوں کا سہارا اور مایوسوں کی آس تھے۔ نہایت بے تعصب اور روشن خیال مسلمان تھے اور اس بات کو خوب سمجھتے تھے کہ اس درماندہ قوم کی دستگیری کرنا فرض ہے۔ لڑ بھگڑ کر، خوشامد سے، چاپلوسی سے، غرض ہر طرح کام نکال لیتے تھے۔ اس طرح انھوں نے سینکڑوں آدمیوں کو فائدہ پہنچایا۔ اپنا کام نکال لینے کا بھی خوب ڈھب یاد تھا۔ دوسروں سے کام لینے کا انھیں بڑا اچھا سلیقہ تھا۔ وہ کچھ ایسے مہر آمیز طریقے سے کہتے تھے اور اس طرح ہمت افزائی کرتے تھے کہ لوگ خوشی خوشی ان کا کام کرتے تھے۔ اپنے ملازموں اور ماتحتوں سے بھی اُن کا حسنِ سلوک ایسا تھا کہ وہ اُن کی فرمائش کی تعمیل ایسی تن دہی اور شوق سے کرتے تھے جیسے اُن کا کوئی ذاتی کام ہو اور وقت پر جان لڑا دیتے تھے۔ کام کرنے والوں کی قدر بھی کرتے تھے اور انھیں فائدہ پہنچانے کی تاک میں رہتے تھے اور بے دھڑک فائدہ پہنچاتے تھے۔ وہ اپنے دوستوں سے بھی خوب پھسلا کر کام لیتے تھے۔ وہ اپنے دفتر کے ملازموں پر نیچے کے نوکروں سے بڑی شفقت اور مہربانی کا برتاؤ کرتے تھے۔ کبھی سختی یا درشتی سے پیش نہیں آتے تھے اور اُن کے عیوب سے چشم پوشی کرتے تھے۔ وہ اس بات کو ہرگز پسند نہیں کرتے تھے کہ ملازموں کے ساتھ بُرا برتاؤ کیا

---

۱ صفحہ ۱۹۳ حالی
۲ صفحہ ۱۰۴ مولوی سید علی بلگرامی
۳ صفحہ ۸۸ " " " "
۴ صفحہ ۲۰۱ سر سید اس مسعود
۵ صفحہ ۲۴۱ " " " "
۶ صفحہ ۳۷۷ سر سید احمد خاں
۷ صفحہ ۶۴ مولوی محمد عزیز مرزا
۸ صفحہ ۹۰ مولوی سید علی بلگرامی
۹ صفحہ ۱۷۴ حسن الملک
۱۰ صفحہ ۲۴۱ سر سید اس مسعود
۱۱ صفحہ ۲۲ مولوی چراغ علی
۱۲ صفحہ ۹۲ مولوی سید علی بلگرامی
۱۳ صفحہ ۱۰۵ " " " "
۱۴ صفحہ ۲۰۱ سر سید اس مسعود

جانے۔ نوکروں کی اوباشی اور بدزبانی کو نہایت مکروہ فعل اور بد اخلاقی سمجھتے تھے۔ نوکروں پر کبھی سختی نہیں کرتے تھے نہ کبھی کسی معاملے میں ان سے باز پرس کرتے اور نہ کبھی کوئی سخت کلمہ کہتے۔ بعض اوقات ایسا ہوا کہ کسی نوکر نے ان کی کوئی عزیز یا بیش قیمت چیز توڑ ڈالی، خفا ہونا تو درکنار انھوں نے پوچھا تک نہیں کہ کیوں کر ٹوٹی اور کس نے توڑی۔

آدمی کے پہچاننے میں انھیں خاص ملکہ تھا۔ تھوڑی سی ملاقات اور بات چیت میں آدمی کو پوری طرح بھانپ لیتے تھے۔ ان کے ملنے والے برے اور بھلے ہر قسم کے آدمی تھے۔ دنیا نیکوں ہی کے لیے نہیں اس میں بدوں کا بھی حصہ ہے اور شاید دنیا کی بہت سی رونق انھیں کے دم سے ہے۔ وہ دونوں سے کام لیتے تھے ـــ

(مرحوم) کی چال ڈھال، ان کی ہیئت، ان کی طرز معاشرت، ان کا برتاؤ سب نرالے تھے ..... وہ اپنے فن میں باکمال تھے ..... وہ غریبوں کے غم خوار اور دوستوں کے ہمدرد تھے۔ افسوس کہ (ملک) ایک ایسی ذات سے خالی ہو گیا جس کی نظیر اب نہیں ہے لوگ انھیں بہت یاد کریں گے۔ احباب کے جلسے ان کے بغیر سونے ہوں گے اور سب سے زیادہ ان کے غریب دوست ان کا ماتم کریں گے۔

(دنیا) میں جہاں ہمیشہ کوئی نہ کوئی فتنہ بپا رہتا ہے اور ایک بکھیڑے سے نجات نہیں ملتی کہ دوسرا جھگڑا کھڑا ہو جاتا ہے وہ اسی طرح رہے جیسے طوفان موج خیز میں لائٹ ہاؤس ..... وہ اپنے تمام سرکاری نیز (ذاتی) امور میں ہر قسم کے تعصبات سے بری تھے (اور) سب جھگڑوں کو فضول اور ہیچ سمجھتے تھے ان کی توجہ اور ان کا دل کہیں اور تھا ـــ

پاک ہیں آلائشوں میں، بندشوں میں بے لگاؤ
رہتے ہیں دنیا میں سب کے درمیاں سب سے الگ (حالی)

بے تعصبی کا وصف ان ہی لوگوں میں پایا جاتا ہے جن کی طبیعت میں انصاف ہوتا ہے۔ ان کے احباب میں ہندو اور عیسائی بھی تھے اور ان سے ان کا برتاؤ ویسے ہی خلوص اور محبت کا تھا جیسا مسلمان دوستوں سے۔ انھوں نے کبھی کوئی ایسی بات نہ کہی جس سے دوسرے مذہب والوں کی دل آزاری ہو۔ اگرچہ بعض معاملات میں انھیں ہندو سرگروہوں سے اختلاف تھا لیکن اس اختلاف کا اثر کبھی ان کے اخلاق یا برتاؤ پر نہیں پڑا۔ کسی مذہب و ملت سے انھیں خصومت یا پرخاش نہ تھی یہاں تک کہ وہ اسلامی فرقوں میں سے بھی کسی سے تعلق نہیں رکھتے تھے۔ آخر زمانے میں (وہ) گفتگو میں اکثر محاسن اسلام کا ذکر کرتے تھے اور افسوس کیا کرتے تھے کہ لوگ اصول سے زیادہ فروع پر زور دیتے ہیں اور توہمات کو مذہب سمجھ رکھا ہے۔

شیعہ سنی کے جھگڑے کے متعلق ان کی رائے یہ تھی کہ یہ بالکل جھگڑا ہے (وہ اکثر اپنے رفیق حکیم اسرار احمد کریوی سے ایک عربی عالم کی کتاب (کا ذکر کرتے تھے) جس میں اس نے اس پر خوب بحث کی ہے۔ مرحوم کا ارادہ تھا کہ اس کتاب کا ترجمہ

ط صفحہ ۲۲ مرزا جواد علی
ح صفحہ ۲۹ " " " "
ش صفحہ ۲۲ " " " "

ر صفحہ ۱۴۷ ابن الملک
ر صفحہ ۱۶۲ حالی
ر صفحہ ۲۴۷ مذہب کا راز الملک

ر صفحہ ۱۷ حکیم امتیاز الدین
ط صفحہ ۲۵۰ سر شیدا احمد خاں
ط صفحہ ۹۰ مرزا سید علی بلگرامی

اُردو میں (کرائیں) لیکن افسوس یہ خیال عمل میں نہ آیا۔ مرحوم صحیح بخاری کے بڑے مداح اور قدردان تھے اور کہتے تھے کہ عربی زبان سیکھنے کے لیے اس سے بہتر کوئی کتاب نہیں۔ مرحوم مولوی نذیر احمد کے ترجمۂ قرآن کو (بھی) بہت پسند کرتے تھے۔

اگرچہ مرحوم تعصب سے بری اور مشرب وسیع رکھتے تھے لیکن غیرت و حمیت قومی اُن میں ضرور تھی اور اسلام و بانیٔ اسلام پر دل سے یقین رکھتے تھے۔ مگر مولویوں کی جاہلانہ اور متعصبانہ باتوں سے سخت ناراض ہوتے تھے۔ وہ اس اسلام کو جس کی تعلیم قرآن نے دی ہے حقیقی مذہب خیال کرتے تھے باقی تمام تفریقوں کو فضول اور لغو سمجھتے تھے۔ مرحوم ہندوستان کے مروّجہ پردے کو بہت بُرا سمجھتے تھے نیز ان لوگوں کو اچھی نظر سے نہیں دیکھتے تھے جو تعدد زوجات کے حامی ہیں۔

(مرحوم) طالب علموں اور اہلِ علم کا بہت خیال کرتے تھے اور خواہ اُن کی دُنیاوی حیثیت کیسی ہی ادنیٰ کیوں نہ ہو اور وہ کیسے ہی پھٹے حال میں کیوں نہ ہوں اُن سے بڑی مروّت اور اخلاق سے پیش آتے تھے اور جائز مدد دینے میں کبھی دریغ نہ کیا کرتے تھے، اُن کی صحبت سے خوش ہوتے تھے۔ وہ اہلِ علم سے مل کر بہت خوش ہوتے تھے اور ایسے اشخاص پر جن میں طالب علمانہ جستجو اور صحیح ذوق ہوتا بہت مہربان ہوتے اور اُن کے لیے جو بھی ممکن ہوتا کرنے کو تیار ہو جاتے۔ اور جب ان کے علم میں آجاتا کہ فلاں عالم کوئی مُفید علمی کام کر رہا ہے تو سفارش کر کے حکومت سے امداد دلوانے میں دریغ نہ کرتے (اور اسی لیے) اُن کی مجلس میں عموماً علمی چرچے رہتے تھے..... افسوس کہ اب کوئی جگہ ایسی نہ رہی جہاں ایسی صحبت کا لطف حاصل ہو سکے۔ جب کسی ہونہار تعلیم یافتہ نوجوان کو دیکھتے تو بہت خوش ہوتے تھے اور حوصلہ افزائی کرتے تھے۔ یوں تو عام طور پر اور ہم لوگوں میں خاص کر یہ بڑا عیب ہے کہ اپنے تئیں ہم عصروں کے کمال کی داد دینے میں بڑا بخل کرتے ہیں لیکن مرحوم اس میں بڑے فیاض تھے۔ وہ صرف اہلِ علم کی قدر و منزلت نہ کرتے تھے بلکہ ان کے کام کو بھی وقعت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ قدردانی کا یہ حال تھا کہ جہاں کوئی اچھی تحریر نظر سے گزری تو فوراً داد دیتے اور خط لکھ کر لکھنے والے کی ہمت بڑھاتے۔

(مرحوم) جدید تعلیم کے بڑے حامی تھے اور اس کی اشاعت اور تلقین میں مقدور بھر کوشش کرتے رہے لیکن آخر عمر میں ہمارے کالجوں کے طلبہ کو دیکھ کر انھیں کسی قدر مایوسی ہونے لگی تھی۔ (انھیں) اکثر یہ خیال رہتا تھا کہ تحصیلِ علم کے لیے سہولتیں پیدا کی جائیں۔ طلبہ میں وہ خاص طور پر مقبول تھے..... طالب علموں سے انھیں دلی ہمدردی تھی اور طرح طرح سے اُن کی مدد کرتے تھے، وہ اپنی جیب سے نادار طلبہ کو وظیفے دیتے تھے۔ سفارشیں کرتے تھے، نوکریاں دلواتے تھے، اُن کی مشکلوں میں کام آتے تھے، جائز معاملات میں اُن کی حمایت کرتے تھے، اُن کے وقار کو اپنا وقار اور اُن کی عزت کو اپنی عزت سمجھتے تھے۔ نام و نمود کی خاطر یا ٹالنے کی غرض سے نہیں بلکہ وہ ان کے سچے خیراندیش اور بہی خواہ تھے اور

---

۱ صفحہ ۹۸ مولوی سید علی بلگرامی
۲ صفحہ ۴۴ " چراغ علی
۳ صفحہ ۱۰۴ " " "
۴ صفحہ ۶۳ " محمد عزیز مرزا
۵ صفحہ ۱۷۵ حالی
۶ صفحہ ۱۹۰ سر سید راس مسعود

۷ صفحہ ۸۷ مولوی سید علی بلگرامی
۸ صفحہ ۱۰۱ " " "
۹ صفحہ ۲۲۵ نواب عماد الملک
۱۰ صفحہ ۱۷۵ حالی
۱۱ صفحہ ۱۸۱ " "
۱۲ صفحہ ۱۹۰ سر سید راس مسعود

۱۳ صفحہ ۹۸ مولوی سید علی بلگرامی
۱۴ صفحہ ۸۰ " " "
۱۵ صفحہ ۳۹۰ نواب عماد الملک
۱۶ صفحہ ۸۶ سید علی بلگرامی
۱۷ صفحہ ۸۴ " " "
۱۸ صفحہ ۲۷۸ سر سید احمد خاں

طلبہ بھی اُن سے دلچسپی کی محبت کرتے تھے اور اُن کی سعادت مندانہ اطاعت کرتے تھے۔

(مولوی عبدالحق) کا اصلی ذوق علمی و ادبی تھا۔ اُن کا مطالعہ طالب علمی سے لے کر آخر تک جاری رہا۔ مطالعے میں بے حد شغف تھا۔ گویا یہی اُن کا اوڑھنا بچھونا تھا۔ . . . . . تین چار گھنٹے سونے میں اور ایک آدھ گھنٹہ ہوا خوری میں تو البتہ گزر جاتا تھا ورنہ باقی تمام وقت کام میں اور خاص کر مطالعہ کتب اور تالیف و تصنیف میں صرف ہوتا۔

تحقیق و تفتیش کی چٹک تھی وہ جس مضمون کا خیال کرتے اس کی تہ تک پہنچتے اور اس کے مآخذ و مطلبہ کے سراغ میں پتے پتے اور ڈالی ڈالی پھرتے اور پاتال تک کی خبر لاتے۔ اپنی کتاب (یا مضمون) کے واسطے سامان جمع کرنے کے لیے کتابوں کے دفتر چھان ڈالتے۔ اور لوگوں کو بھیج کر دیگر مقامات سے نایاب کتابیں تلاش کرا کر بہم پہنچاتے . . . . . اور بعض اوقات ایسے ایسے مقامات سے خوشہ چینی کرتے جہاں دوسروں کا خیال بھی نہ پہنچتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ جس مضمون پر انھوں نے قلم اٹھایا دوسروں کے لیے بہت کم گنجائش چھوڑی ہے۔ اُن کی تصانیف پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن کا مطالعہ کس قدر وسیع تھا اور مواد فراہم کرنے کے لیے انھوں نے کس قدر محنت اور مشقت اٹھائی ہے۔ وہ قدامت پرست نہ تھے بلکہ انھوں نے بہت سی پرانی رسموں کو توڑ چھوڑ کے رکھ دیا۔ ہر بات کو تحقیق اور عقل کی کسوٹی پر پرکھتے تھے جو اس میں پوری اترتی اس پر عمل کرتے۔ تقلید کے مطلق قائل نہ تھے۔ جدت اور نئی روشنی کے حامی تھے۔ وقار اور متانت اُن پر ختم تھی استقلال میں پہاڑ تھے۔ آزاد خیال ایسے تھے کہ سچ بات کہنے یا لکھنے میں کبھی نہ چوکتے۔ مطالعہ اور تحقیق میں اپنا ثانی نہ رکھتے تھے۔

وہ علم کی قدر کرتے تھے . . . . . خود بھی طالب علم تھے اور باوجود اس مرتبہ پر پہنچنے کے اُن کے مزاج میں طالب علمانہ سادگی موجود تھی اور ادبی و علمی گفتگو میں اُن کا انداز تخاطب بالکل ایسا ہی ہوتا تھا جیسے ایک طالب علم سے ہوتا ہے۔ اس وقت وہ فرق مراتب کا بالکل خیال نہیں کرتے تھے۔

مرحوم کو کتابوں کا حد سے بڑھا ہوا شوق تھا۔ ہمیشہ عمدہ اور نادر الوجود کتابوں کی ٹوہ میں رہتے تھے۔ علمی کتاب کی دوسری چیزوں کی طرح کوئی خاص قیمت نہیں ہوتی۔ یہ قدردانی پر ہے بعض وقت سودا کرنے میں انمول کتاب ہاتھ سے جاتی رہتی ہے اور اس کا پچھتاوا عمر بھر رہتا ہے (مولوی عبدالحق) کتابوں کے بڑے قدردان تھے اور اس قدردانی کا نتیجہ تھا کہ جب کوئی ایسی کتاب آگئی تو بے بہا نہ چھوڑتے اور منہ مانگی قیمت دیتے۔ چنانچہ (انھوں نے) ایک نہایت عمدہ کتب خانہ چھوڑا ہے جس میں کتابوں کی تعداد دس ہزار سے کم نہیں۔ یہ ذخیرہ بہت بیش قدر اور نادر الوجود ہے اور تمام ہندوستان میں کسی دوسری جگہ ایسا بیش بہا مجموعہ موجود نہیں۔ اور اس میں بہت کم ایسی کتابیں ہیں جن پر اُن کے نشان یا نوٹ نہ ہوں۔

---

۱ صفحہ ۲۷۸ سرسید احمد خاں	۲ صفحہ ۱۳ خواجہ غلام الثقلین	۳ صفحہ ۲۱-۲۲ مولوی چراغ علی
۴ صفحہ ۲۲ مولوی چراغ علی	۵ صفحہ ۲۲۹ سرسید احمد خاں	۶ صفحہ ۲۲ "
۷ صفحہ ۲۰۰ نواب محسن الملک	۸ صفحہ ۰۰ مولوی سید علی بلگرامی	۹ صفحہ ۸۱ " سید علی بلگرامی
۱۰ صفحہ ۲۹۲ "	۱۱ صفحہ ۰۰ "	۱۲ صفحہ ۸۱ "
	۱۳ صفحہ ۰۰ مولوی چراغ علی	

علم و ادب سے لگاؤ انھیں پہلے سے تھا۔ تحقیق اور تلاش و جستجو کی لگن نے اس ذوق کو بہت پختہ کر دیا تھا۔ طبیعت بہت حساس اور نظر بہت وسیع تھی۔ دُنیا کے ادبی شاہکار بہت کم ایسے ہوں گے جو اُن کی نظر سے نہ گزرے ہوں گے۔ اس سے اُن کے ذوق میں عجیب لطافت اور وسعت پیدا ہو گئی تھی جو اُن کے مضامین سے صاف ظاہر ہے۔ اس فاضل شخص کی زندگی عجیب و غریب تھی۔ اُنھوں نے تمام عمر علم کے مطالعہ اور علم کی خدمت میں صرف کی۔ گو خود درویشوں کی طرح (زندگی) بسر کی مگر دُوسروں کو ہر طرح فائدہ پہنچایا۔ ہمارے مدارس اور کالج کے اُستادوں اور طالب علموں کو اس بے ریا اور بے نفس شخص کی زندگی سے سبق حاصل کرنا چاہیے۔ سچے عالم ایسے ہی ہوتے ہیں۔

اُن کی صحبت مغتنمات میں سے تھی۔ اس میں حکیمانہ اور طالب علمانہ دونوں شانیں نظر آتی تھیں۔ اپنے زمانے کے پُرانے حالات (اگلے) بزرگوں کی خودداری، وضع داری اور شجاعت کے کارنامے اور اُن کے توہمات، اسراف اور شیخی کے قصے بڑے مزے سے بیان کرتے تھے۔ اُن کا تخیل اس قدر بلند تھا کہ فہم وہاں پہنچتے پہنچتے ٹرٹھرانے لگتا تھا۔ شعر کا ذوق ایسا پاکیزہ اور اعلیٰ درجے کا تھا کہ میں نے آج تک کسی میں نہیں دیکھا۔ اُن کا مطالعہ بہت وسیع تھا۔ قدیم اساتذہ کے کلام پر بہت اچھی نظر تھی اور خاص صحبتوں میں اُن کا منتخب کلام سُناتے اور کبھی کبھی شعر کے محاسن و معائب پر تنقیدی نظر ڈالتے جسے سُن کر اُن کے ذوق کی داد دینی پڑتی تھی۔ اگر کوئی ان چیزوں کو قلم بند کر لیتا تو وہ ایک نادر بیاض ہوتی..... (وہ خود ہمیشہ) اپنے پاس ایک بیاض رکھتے تھے جہاں کہیں کوئی اچھا شعر یا کوئی خیال یا کام کی بات نظر پڑی وہ جھٹ اپنی بیاض میں لکھ لیتے تھے۔ غرض (مولوی عبدالحق) کی صحبت میں بعض اوقات ایسے علمی و ادبی نکات مل جاتے تھے جو گہرے مطالعہ اور فکر کا نتیجہ ہوتے تھے۔ اُن کے علمی ذوق، علم و ادب کی سرپرستی اور صحبت سے جو فیض لوگوں کو پہنچا وہ (شاید) ان کی تالیفات سے کہیں زیادہ استوار اور دُور رس ہے!

علم کے ساتھ صحیح ذوق بھی ضروری ہے۔ علم کتنا ہی وسیع ہو صحیح ذوق نہ ہو تو علم بے نتیجہ اور بے ثمر ہے۔ آدمی کو علم، دولت، آسائش و آرام، محنت سے مل جاتا ہے لیکن صحیح ذوق بہت کم لوگوں کو نصیب ہوتا ہے۔ یہ دولت نہ علم سے ملتی ہے نہ مال و زر سے اور نہ محنت سے۔ صحیح ذوق زندگی کی جان ہے۔ اس سے زندگی کے ہر شغل و شعبہ میں ایک نرم اور سُہانی سی روشنی آجاتی ہے اور باوجود نشیب و فراز اور اونچ نیچ کے سبز حیات کے طے کرنے میں بہت کچھ سہولت ہو جاتی ہے۔ (مولوی صاحب) کا ذوق بہت سلیم اور پاکیزہ تھا اور یہ ذوق علم و ادب تک ہی نہ تھا..... زندگی کی ہر چھوٹی بڑی چیز میں لطف آتا تھا۔

طبیعت میں نفاست پسندی بہت تھی۔ صناعی کے دل دادہ تھے۔ اچھی چیز کو دیکھ کر پھڑک جاتے تھے۔ بڑی صفائی اور سلیقے سے رہتے تھے۔ کھانے کے بڑے شوقین تھے۔ خوب کھاتے تھے کھلاتے تھے۔ جب کوئی دعوت میں انگریزی کھانے

ط صفحہ ۲۰۹ ڈاکٹر بجنوری
ط ۰ ۱۱۶/۱۱۷ حکیم افتخار احمد
ط ۰ ۲۴۲ نواب عماد الملک
ط صفحہ ۲۷۵ درویش پروفیسری بہت تک
ط ۰ ۲۴۴ نواب عماد الملک
ط ۰ ۲۵۵ ڈاکٹر محمد اقبال
ط صفحہ ۲۴۴ نواب عماد الملک
ط ۰ ۲۵۵ ڈاکٹر محمد اقبال
ط ۰ ۲۰۳ سر سید راس مسعود

کھاتا تو بہت ناک بھوں چڑھاتے تھے اور اس کا بہت بُرا مانتے تھے۔ (مولوی) صاحب کھانا تو خیر اچھا کھاتے ہی تھے لیکن کھانے کی خوبی اور اُس کی باریکیوں کو خوب سمجھتے تھے (اور) کھانے کے عیب و ہنر کو بھی خوب پرکھتے تھے ..... اُن کا باورچی (شیر) تھا یہ بھی (میرٹھ) کا تھا ..... خوب کھانا پکاتا تھا۔ اس کے ہاتھ میں خاص مزہ تھا۔ رہنے سہنے، کھانے پینے، پوشاک غرض اُن کی ہر چیز میں نفاست پائی جاتی تھی۔

سادگی دُرکاری کمال صناعی ہے۔ اس میں ادب بھی شامل ہے۔ سادہ زبان لکھنا آسان نہیں۔ سادہ زبان لکھنے کے یہ معنی نہیں کہ آسان لفظ جمع کر دیے جائیں۔ ایسی تحریر سپاٹ اور بے مزہ ہوگی۔ سلاست کے ساتھ لطف بیان اور اثر بھی ہونا چاہیے یہ صرف باکمال ادیب کا کام ہے یہ اسی وقت ممکن ہے کہ زبان پر پوری قدرت ہو اور اسی کے ساتھ موضوع تحریر پر بھی کافی وسیع اور گہری نظر ہو۔ اسی لیے کسی فن یا علم کی ابتدائی یا آسان کتابیں ایسا ہی شخص لکھ سکتا ہے جسے اپنے فن یا علم پر کامل عبور ہے۔ وہ اپنے خیالات کو سادہ الفاظ میں ایسے مرغوب طرز بیان کے ذریعہ عام فہم مثالیں دے کر ادا کرتا ہے کہ مضمون قابل فہم اور دلکش ہو جاتا ہے۔ جن کا علم ادھورا ہوتا ہے، وہ کبھی اپنے خیالات صفائی اور خوبی سے ادا نہیں کر سکتے۔ تحریر یا تقریر کا مقصد ہوتا ہے کہ لوگ اسے سمجھیں، اس کے اثر کو قبول کریں اور لطف اٹھائیں۔ اگر یہ نہیں تو تحریر یا تقریر محض بیکار اور تضیع اوقات ہے۔ (مولوی عبدالحق) کی تحریر اسی لیے مقبول ہوئی کہ وہ سادہ، پُراثر اور پُرخلوص تھی۔ معمولی لکھے پڑھے شخص کی سمجھ میں بھی آتی اور اس کے دل میں گھر کرتی ..... یہ اثر رنگین عبارت، مقفیٰ مسجع جملوں، تشبیہوں اور استعاروں کے ایچ پیچ سے پیدا نہیں ہو سکتا۔ وہ اپنے مطلب کو سادہ لفظوں میں صاف صاف بیان کرنے کا بہت خیال رکھتے تھے اور دوسروں کو بھی اس کی تاکید کرتے تھے۔

(مولوی عبدالحق) کا یہ کمال تھا کہ کیسا ہی مشکل اور پیچیدہ مسئلہ ہو۔ وہ اس خوبی اور صفائی سے بیان کرتے تھے کہ پڑھنے والے کے ذہن میں اُترتا چلا جاتا تھا۔ ضبط اور اعتدال اُن کے بہت بڑے اوصاف تھے۔ یہ دو خوبیاں اُن کے (ہاں) کامل طور پر پائی جاتی ہیں۔ ورنہ جوش میں آکر آدمی سررشتۂ اعتدال کھو دیتا ہے اور بک کر کہیں کا کہیں نکل جاتا ہے اور بجائے کچھ لکھنے کے چیخنے چلانے لگتا ہے۔

اس خیال کا اظہار اُنھوں نے کئی جگہ کیا ہے کہ جو شخص اُردو کا ادیب اور محقق ہونا چاہتا ہے اُسے سنسکرت یا کم سے کم بھاشا کا جاننا ضروری ہے۔ ایک بار جب اُردو لغت کی ترتیب کا ذکر اُن سے آیا تو فرمانے لگے کہ "اُردو لغات میں ہندی کے وہ الفاظ جو عام بول چال میں آتے ہیں یا جو ہماری زبان میں کھپ سکتے ہیں بلا تکلف، کثرت سے داخل کرنے چاہئیں۔" خود اپنی (تحریر) میں وہ ہندی الفاظ ایسی خوبصورتی سے لکھ جاتے کہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ گویا وہ اس موقع کے لیے وضع ہوئے

---

۱ صفحہ ۲۲۲ نواب عماد الملک
۲ " ۲۵۵، ۲۵۶ سرسید احمد خاں
۳ " ۱۹۹ حالی
۴ صفحہ ۱۴۰ محسن الملک
۵ " ۲۰۰ سرسید احمد خاں
۶ " ۹۹، ۱۶۵ حالی
۷ صفحہ ۱۴۸ محسن الملک
۸ " ۱۷۲ حالی

نھوں نے بہت سے ایسے ہندی الفاظ اُردو ادب میں داخل کیے جو ہماری نظروں سے اوجھل تھے اور جن کا آج تک کبھی
رسو ادیب یا شاعر نے کیا ہندی ادیبوں اور شاعروں نے بھی استعمال نہیں کیا تھا۔ لفظ کا صحیح اور برمحل استعمال جس سے
یں جان پڑ جائے اور لفظ خود بول اُٹھے کہ لکھنے والے کے دل میں کیا چیز کھٹک رہی ہے ادب کا بڑا کمال ہے اور یہ
(مولوی عبدالحق) سے سیکھے! ——— دلوں میں گھر کر لینے کے جو گُر ادب میں ہیں اُن میں سے ایک یہ بھی ہے!

ایک بار فرمایا کہ "جو لوگ تذکیر و تانیث اور دلی لکھنؤ کی زبان کے متعلق دُور از کار اور فضول بحثوں
اور جھگڑوں میں پڑے ہوئے ہیں وہ بڑی غلطی پر ہیں ..... زبان دلی اور لکھنؤ کی تابع نہیں
بلکہ خیالات کی تابع ہے۔ کسی تحریر یا ادب کی پُشت پر جب کوئی صحیح جذبہ یا خیال نہیں ہوتا تو لفظوں
سے کھیلنا پڑتا ہے۔ جن لوگوں کے خیالات رکیک ہیں اُن کی زبان کبھی فصیح نہیں ہو سکتی"

حقیقت یہ ہے کہ (مولوی عبدالحق) جیسی طبیعت اور ذہانت اور جدت کے بہت کم لوگ ہوتے ہیں۔ وہ اعلا درجے
ار تھے۔ اُن کی تحریر جامع و مانع اور حشو و زوائد سے پاک ہوتی تھی۔ یہ حال اُن کی تمام تصانیف کا ہے۔ اُن کی تحریر میں بڑی
تھی اور حافظہ بھی غیر معمولی پایا تھا۔ بات کی تہ تک خوب پہنچتے تھے اور زبان کے تو اُستاد تھے ..... وہ الفاظ
بڈوں اور اُن کی فطرت کو خوب سمجھتے تھے اور لفظوں کی تلاش یا نئے لفظوں کے بنانے میں کمال رکھتے تھے۔ اور یہ لفظ
موزوں اور جلد بنلتے تھے کہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ اُن کے دماغ میں سانچے بنے بنائے رکھے ہیں جن سے الفاظ ڈھلتے چلے
ے ہیں۔ وہ دُوسرے ادیبوں کی طرح الفاظ اور محاورے سوچ سوچ کر اور ڈھونڈ کر نہیں لکھتے تھے اور نہ عبارت کے
ے اور سنوارنے کی کوشش کرتے تھے۔ وہ شروع سے آخر تک بلا توقف اپنے خیالات لکھتے چلے جاتے تھے اور پوری
ایک مسلسل خوب صورت لڑی ہوتی تھی۔ میں اس کی بہت سی مثالیں پیش کر سکتا ہوں لیکن طوالت کے خوف سے
د ہوں۔

حقیقت یہ ہے کہ اُردو نثر میں جو انقلاب اور ترقی ہم اس وقت دیکھتے ہیں اور اس میں جو وُسعت اور ادبی صلاحیت
انی ہے وہ (اُن ہی) کا طفیل ہے ..... متین، سادہ اور خوشگوار نثر لکھنا جو علمی اور ادبی مضامین ادا کرنے کی قوت
ہے۔ (اُنھوں) نے سکھایا۔ اُردو زبان میں ابھی تک وہ توانائی پیدا نہیں ہوئی تھی جو ایک زبان کے ادب کے لیے لازم ہے۔
ی عبدالحق) نے اس کے قالب میں ایک نئی رُوح پھونکی اور اُردو ادب میں ایک انقلاب پیدا کر دیا۔ اُنھوں نے زبان کو
سے نکالا۔ انداز بیان میں سادگی کے ساتھ قوت پیدا کی، سنجیدہ مضامین کا ڈول ڈالا۔ جدید علوم و فنون کے ترجمے انگریزی
رائے۔ خود کتابیں لکھیں اور دُوسروں سے لکھوائیں۔

ف ۸۷ مولوی سید علی بلگرامی
ف ۱۲۲ مولینا وحید الدین سلیم
ف ۱۲۲ " " "
ف ۴۰۱ نواب عماد الملک

ف ۲۸۳ سر سید احمد خاں
ف ۱۱۸ مولینا وحید الدین سلیم
ف ۲۹۲ سر سید احمد خاں
ف ۲۸۵ " " "

ف ۸۸ مولوی سید علی بلگرامی
ف ۲۶ مولوی چراغ علی
ف ۱۹۱ سر سید احمد خاں

اُن کی بڑی خواہش تھی کہ اُردو زبان میں اعلیٰ درجے کے ناول خصوصاً ڈرامے لکھے جائیں اور اس بات پر افسوس کرتے تھے کہ یورپین زبانوں سے بہترین ناولوں اور ڈراموں کا اُردو میں ترجمہ نہیں کیا گیا تاکہ وہ نمونے کا کام دیں۔ بعض وقت جو کوئی اعلیٰ درجے کی کتاب چھپتی تو اس کی تعریف کرتے اور دوسروں کو بھی پڑھنے کا شوق دلاتے۔

علمی، ادبی اعتبار سے اُردو زبان میں اُن کا بہت بڑا درجہ ہے۔ اُن کا ذوقِ ادب (بہت) اچھا تھا..... اُن کی بے شمار تحریروں میں (اگر) ادبی نقطۂ نظر سے ایک انتخاب کیا جائے تو یہ انتخاب ہماری زبان و ادب کا بے مثل شاہکار ہوگا۔ یہ ادبی ذوق ہی تو تھا جس نے انھیں اُردو لغات اور اُردو کی تاریخ لکھنے پر آمادہ کیا۔ اُن کی تحریروں میں اکثر جگہ ادبی جواہر ریزے اور حسنِ بیان سے پہلے ثقیل زبان کے الفاظ اور محاورے اور مزاح و ظرافت کی پھلجھڑیاں نظر آئیں گی۔ (لیکن اُن) سے یہ توقع کرنا کہ اُن کی ہر تحریر ادب کا اعلیٰ نمونہ ہو عبث ہے۔ (انھیں) ادائے مطلب میں صفائی اور سادگی کا اس قدر خیال تھا کہ بعض وقت وہ مضمون کو عام فہم بنانے کی خاطر حسنِ بیان کو قربان کر دیتے تھے۔ اس وجہ سے (کہیں کہیں) اُن کی عبارت سست اور بے لطف معلوم ہوتی ہے لیکن جو ادبی یا علمی تحریریں اور مضامین دل لگا کر لکھے ہیں وہ حسنِ بیان اور خیالات اور زبان کی سلاست و فصاحت کے اعتبار سے اُردو ادب کے خزانے میں بے نظیر جواہر پارے ہیں۔ ان میں تمام ادبی خوبیاں ہیں۔ تلمیحات بھی ہیں، تشبیہات و استعارات بھی ہیں، محاورات بھی ہیں، لطفِ زبان بھی ہے، مزاح اور ظرافت کی چاشنی بھی ہے لیکن ہر چیز اپنے محل پر ہے اور تکلف و تصنع سے بری۔

یوں تو عمر کے ساتھ ساتھ اُن کے کام بھی بڑھتے گئے جو مختلف نوعیتوں اور حیثیتوں کے تھے لیکن اصل کام جس پر اُن کی پوری ہمت اور توجہ صرف ہوئی وہ (اُردو زبان کے پھیلاؤ) کا تھا۔ اُردو کے عاشق تھے اور اسے برصغیر کی قومی زبان خیال کرتے تھے اور اس کی ترقی و فروغ کے لیے طرح طرح کی تدبیریں سوچا کرتے تھے۔ اُردو کی حمایت میں (مولوی عبدالحق) نے کبھی کوتاہی نہیں کی جب کبھی اُردو پر آنچ آتے دیکھی تو اس کی حمایت کے لیے فوراً کمربستہ ہو گئے۔ اُردو کی حمایت کو (وہ) اپنا بہت بڑا فرض اور ایک اہم قومی خدمت سمجھتے تھے اور اس معاملے میں اُنھوں نے کبھی کوتاہی نہیں کی بلکہ سب سے پہلے قدم آگے بڑھایا۔

(یہ) بات اُن کی سیرت میں ایسی تھی کہ جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے..... (اُردو کو اُنھوں نے) اپنی بیٹی کی طرح پالا پوسا..... (اس کی) پرورش کی..... اور مرتے دم تک کبھی اپنے سے جُدا نہ کیا جو کچھ کماتے وہ اس کے (لیے) لا کر رکھ دیتے تھے۔ اُنھوں نے اپنے پرچے (اُردو) کے ذریعے سے (زبان و ادب) پر بڑے بڑے پُرزور مضامین خود لکھے اور دوسروں سے لکھوائے اور اسی پر اکتفا نہ کیا بلکہ جگہ جگہ جا کر لیکچر دیے اور تقریریں کیں۔ انھیں کیا پڑی تھی کہ (اور تمام)

---

۱ سفر ۱۸۲ حالی	۱۰ سفر ۲۰۵ سرسید راس مسعود	۱۴ سفر ۲۲۰-۲۲۴ سرسید احمد خاں
۲ " ۲۹۲-۲۹۱ سرسید احمد خاں	۱۱ " ۱۹۶ سرسید احمد خاں	۱۵ " ۲۵۶ ڈاکٹر محمد اقبال
۳ " ۹۴ سرسید احمد مسعود	۱۲ " ۲۰۹	۱۶ " ۲۹۳ سرسید احمد خاں
۴ " ۲۲۳ میرن صاحب	۱۳ " ۱۱۰ خواجہ غلام الثقلین	۱۷ " ۲۲۴-۲۲۳ تمین صاحب

چھوڑ کر مارے مارے پھرتے لیکن محض (اُردو زبان) کی خاطر وُہ زمین کے گز بنے ہوئے تھے۔ وہ خود طرح طرح کی تکلیف اُٹھاتے لیکن اس پر کسی قسم کی آنچ نہ آنے دیتے تھے..... اُنھیں ہر وقت اس کا فکر رہتا تھا اور اُن کی زندگی کا مقصد ہی یہی تھا.... (کہ) جس طرح بن پڑے اس کی خدمت کریں۔ حق (پدری) شاید کسی نے اس طرح ادا کیا ہو۔ یہ وضع داری، یہ محبت و شفقت اور ایثار اب کہاں نظر آتا ہے۔ اپنے کو مٹا کر (مقصد) کی خدمت کرنا یہی جوہرِ انسانیت ہے۔

ہر شخص میں قدرت نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے۔ اس صلاحیت کو درجۂ کمال تک پہنچانے میں ساری نیکی اور بڑائی ہے درجۂ کمال تک نہ کبھی کوئی پہنچا ہے اور پہنچ سکتا ہے۔ لیکن وہاں تک پہنچنے کی کوشش ہی میں انسان، انسان بنتا ہے یہ سمجھو کندن ہو جاتا ہے۔ حساب کے دن جب اعمال کی جانچ پڑتال ہو گی۔ خدا یہ نہیں پوچھے گا کہ تُو نے کتنی اور کس کی پوجا پاٹ یا عبادت کی۔ وہ کسی کی عبادت کا محتاج نہیں۔ وُہ پوچھے گا تو یہ پوچھے گا کہ میں نے جو استعداد تجھ میں ودیعت کی تھی اُسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تو نے کیا کیا اور خلق اللہ کو اس سے کیا فیض پہنچایا۔ اگر نیکی اور بڑائی کا یہ معیار ہے تو (عبدالحق) نیک بھی تھے اور بڑے بھی!

افسوس کہ ان کی زندگی کے آخری ایام انتہا درجے کی تلخی اور کرب و الم میں گزرے۔ (مرحوم کا) بڑے بڑے حاذق ڈاکٹروں نے علاج کیا مگر تیر کمان سے نکل چکا تھا۔ حالت بہت ردّی ہو چکی تھی..... حکیموں اور ڈاکٹروں کی حذاقت اور چارہ سازی دھری رہ گئی اور حکمت و تدبیر کچھ کارگر نہ ہوئی۔ وُہ وقت جو ٹلنے والا نہیں ہے اور جس سے کوئی جاندار بچ نہیں سکتا آن پہنچا اور وُہ (۱۶ر اگست ۱۹۶۱ء کو) ہمیشہ کے لیے اس دُنیا سے رُخصت ہو گئے۔

قلم ان کا آخر دم تک نہ رُکا۔ موت سے چند روز پہلے تک جب تک کہ بالکل مجبور نہ ہو گئے۔ برابر لکھتے رہے۔ ایسا جامع صفات اور جامع حیثیت بے لوث و بے نفس، پُر عزم و استقلال، سراپا خلوص و صداقت ہمیں اس سے پہلے (ملا) اور نہ اس کے بعد نصیب (ہو گا)..... اور آخر دم تک مردانہ وار بلکہ دیوانہ وار کام کرتے کرتے دُنیا سے چل بسا۔ اس کے پاس نہ رہنے کو گھر تھا نہ مرنے کو۔

ہمارے مُلک میں خوشامدیوں کی کوئی کمی نہیں وُہ ہر بڑے آدمی پر اس طرح ٹوٹ کر گرتے ہیں جیسے شہد پر مکھیاں لیکن سچ اور جھوٹ کا امتحان جب ہوتا ہے جب وُہ بڑا آدمی اپنے اقتدار سے محروم ہو جاتا ہے۔ (ان) کی (رحلت) کے وقت کرام پچ گیا تھا اور ہزارہا آدمی کا ٹھٹھ باہر اور اندر لگا ہوا تھا۔ سینکڑوں آدمی جن میں امیر، غریب، بیوائیں، یتیم سب ہی تھے زار و قطار رو رہے تھے۔ وُہ کیا چیز تھی جس نے چھوٹے بڑے سب کا دل موہ لیا تھا؟ مرحوم کی وفات پر تمام اُردو انگریزی اخبارات میں اظہارِ افسوس و ملال کیا گیا لیکن ہم یہاں بخوفِ طوالت صرف دو تحریروں کو نقل کرتے ہیں ایک (صدرِ

ف صفحہ ۳۲-۳۱ نام دیو — مالی
ف ۲۵۱ سر سید احمد خان
ف ۲۵۲ " "

ف صفحہ ۲۵۱ سر سید احمد خان
ف ۱۱۴ خواجہ غلام الثقلین
ف ۱۴۴ حسن الملک

ف صفحہ ۵۱ مولوی چراغ علی
ف ۲۵۱ سر سید احمد خان
ف ۵۲ مولوی چراغ علی

مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خاں) کا اظہارِ افسوس جو انھوں نے (زیارت) سے کیا اور جو (مختلف رسائل و اخبارات میں) طبع اور شائع ہوا۔ دوسرا (ابوالاثر حضرت حفیظ جالندھری) کا الم ناک خبر (پر) انھوں نے راقم کو، لکھا تھا۔ حقیقت میں دونوں تحریریں سچی اور دل سے لکھی گئی ہیں۔

(از جریدہ "قومی زبان" تعزیتی پیغام فیلڈ مارشل محمد ایوب خاں صدر پاکستان: جلد ۱۹، شمارہ ۱۴ تا ۱۷)

(مولوی عبدالحق کی وفات ایک عظیم قومی نقصان ہے۔ اُن کے انتقال سے ہم علم و ادب کے ایک سچے پرستار سے محروم ہو گئے ہیں۔ مرحوم اپنے مقصد کے حصول کے لیے ایک مضبوط اور غیر متزلزل چٹان کی طرح ہمیشہ رہے۔ اُن کی ذات برصغیر پاک و ہند کے گزشتہ ایک سو سال کی اسلامی ثقافت کی مظہر تھی۔ اُن کا ہمارے درمیان سے اُٹھ جانا ایک عظیم ادارے کے ختم ہو جانے کے مترادف ہے۔

ذاتی طور پر اُن کے انتقال سے میں اپنے ایک قابلِ احترام دوست سے محروم ہو گیا ہوں اپنے مقصد سے انھیں جو لگاؤ تھا میں اس سے ہمیشہ فیض حاصل کرتا رہا ہوں۔

میری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انھیں اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے۔")

(ابوالاثر حضرت حفیظ جالندھری کا اظہارِ غم اور خراجِ عقیدت از مکتوب محررہ یکم اپریل ۱۹۶۲ء)

("اُردو کا ذکر آتے ہی ہمارے دور کے ادب و شعر کی دُنیا میں آج کون ہے جو مولوی عبدالحق مرحوم کے نام پر ادب و احترام کا خراج ادا نہ کرے۔ ہم لوگ، میں اور میرے ہم عصر جو اُردو میں شعر و شاعری یا نثر نگاری کے دعویدار ہیں سب کے سب بابائے اُردو مولوی عبدالحق مغفور کے زیرِ بار احسان ہیں۔ وہ اوّل سے آخر تک اس زبان کی ترویج و ترقی اور حفاظت کے لیے جو کار اور برسرِ پیکار رہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو اُردو (کبھی کی) نیا میاں نہ سہی کونوں کھدڑوں میں پناہ گزیں ہو چکی ہوتی اور ہم سب بھاشا بھاشا کی بولیاں بولتے نظر آتے۔

نیز برِاعظم ہند کے باشندے، وہ کوئی بھی ہوں، اس قدر جلد اُردو اور ہندی کی وہ معرکہ آرائی نہیں بھول سکتے جو اس صدی کے آغاز سے مسلسل جاری ہے اور میں سمجھتا ہوں ابھی مدتوں جاری رہے گی۔ یہ معرکہ آرائی چند نمایاں پہلو اختیار کر چکی ہے۔ اور میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اُردو نے کسی محاذ پر شکست نہیں کھائی۔ مولوی عبدالحق صاحب اس یورش کے مقابل اُردو کی حفاظت کرنے والوں کے محاذ کے سپہ سالار تھے۔

آج پاکستان کی دو قومی زبانوں میں اُردو جو ایک زبان تسلیم کر لی گئی ہے یہ مولوی عبدالحق ہی کی مساعیِ جمیلہ اور انتھک کارگزاری کا ثمر ہے جس کے لیے اس مردِ حق پرست نے اپنی جان تک

دے دی، قربان ہو گئے اور کہا

ہم یہاں کام آ گئے، آگے تمہارا کام ہے

فرما کر جسمانی طور پر ہم سے رخصت ہو گئے ہیں۔ لیکن الحمدللہ اردو کا پرچم آگے ہی آگے لہرا رہا ہے۔ مولوی عبدالحق کی روح پھول برسا رہی ہے اور ہم سب کو حوصلہ بخش رہی ہے اور آگے بڑھتے جانے کی تلقین فرما رہی ہے۔"

مرحوم[1] کے انتقال پر بہت سی تاریخیں لوگوں نے کہیں۔ ان میں سے چند یہاں لکھی جاتی ہیں۔ سید (ہاشمی فرید آبادی صاحب) نے جو (عربی) ضائع میں تاریخ کی صنعت کو بہت پسند کرتے تھے یہ تاریخ نکالی:

"غَفَرَ اللّٰہُ لَہٗ"

۱۳۸۱ھ

(حضرت[2] رئیس امروہوی) مدظلہ العالی نے اسے نظم میں اس طرح موزوں فرمایا ہے ؎

"رحلت مولوی محترم عبدالحق
مرگ تازہ پئے توسیع زبان اردو
زندہ شد۔ شیوۂ اسلاف گرامی ازوے
بودہ است از صف سرسیدؒ و حالیؒ ہم او
ہاشمی۔ فکر چو فرمود پئے سال رئیس
ہاتف غیب صدا زد غفر اللہ لہٗ"

۱۳۸۱ھ

(حضرت[3] رئیس امروہوی) نے خود بھی ایک قطعہ (تاریخ) مرحوم کی وفات پر لکھا ہے جس میں گویا مرحوم کے کام اور سیرت کی کامل تصویر کھینچ دی ہے۔ وہ یہ ہے ؎

"ہزار رنگ یہ دنیائے نو بہ نو بدلے
مگر کہاں بدل مولوی عبدالحق

نقوش خدمت اردو کہ ہیں جہاں افروز — نتائج عمل مولوی عبدالحق
رفیق سید و حالی و اکبر و آزاد — وجود بے بدل مولوی عبدالحق
ہر اک محاذ پہ اردو کا پاسباں ٹھہرا — جہاد بر محل مولوی عبدالحق

---

[1] صفحہ ۵۶ مولوی چراغ علی
[2] صفحہ ۵۶ مولوی چراغ علی
[3] صفحہ ۵۶ مولوی چراغ علی

ادارۂ ادبی ترقی و خدمت — اساس ہے خلل مولوی عبدالحق
فنون نثر میں نظم و نگارش و تحریر — قصیدہ غزل مولوی عبدالحق
رئیس اہل عقیدت بھلا نہیں سکتے — عزیمت و عمل مولوی عبدالحق

غم اجل میں بھی سال اجل رہے در پیش
کہو "غم اجل مولوی عبدالحق"

۱۳۸۱ھ

(پروفیسر حبیب اللہ صاحب غضنفر امروہوی) نے بھی جو ایک عالم شخص ہیں اور ایک زمانے تک (ناگپور) میں ملازم تھے اور اب (اردو کالج کراچی میں صدر شعبۂ اردو) ہیں ایک اچھا قطعہ تاریخ لکھا ہے جو ذیل میں درج کیا جاتا ہے ؎

نائے غضنفر وصف کیا بابائے اردو کے لکھوں — ذات والا فخر پاکستان و صد عظمت نشان
صاحب نقد و نظر بھی صاحب اسلوب بھی — آفتاب نثر اردو بالیقیں و بے گماں
تلخ و شیریں زندگی کا کس قدر انجام ہے
"شام غم" سے ہے سن ترحیل عبدالحق عیاں

۱۳۸۱ھ

(پروفیسر حامد حسن صاحب قادری) نے بھی مرحوم کی دو تاریخیں ایک سن عیسوی میں دوسری ہجری نبوی میں کہیں جو یہ ہیں ؎

جدا ہم سے بابائے اردو ہوئے — ہم اب فیض سے ان کے محروم ہیں
انھوں نے جو اردو کی کیں خدمتیں — وہ سب قوم کے دل پہ مرقوم ہیں
بہت ان کے احسان آئیں گے یاد — کہ اب محسن ان کے سے معدوم ہیں
یہ اللہ کے فضل سے ہے امید — کہ باغ جنان میں وہ مرحوم ہیں
لکھا قادری نے یہ سال وفات
کہ تھے "خادم قوم" "مخدوم ہیں"

۱۹۶۱ء

مولوی عبدالحق احسان شعار — جن سے پاک و ہند دونوں فیض یاب ہیں
برگزیدہ محسن علم و ادب — پھر نہ کیوں "بابائے اردو" ہو خطاب

۱؎ صفحہ ۵۰ مولوی چراغ علی — ۲؎ صفحہ ۵۰ مولوی چراغ علی

خدمتِ اُردو میں دی جس نے عزیز — ایسی ہستی ہے جہاں میں انتخاب
نام عشاقِ زباں میں کر گئے — بے نظیر و بے مثال و لاجواب!
قادری اُن کی ہے تاریخِ وفات
"خادمِ قومی زباں، عزت مآب!"

۱۳۸۱ھ

بہت سے ایسے ہیں جو ایک چیک پر دستخط کر دینے سے دُنیا میں یکایک نامور ہو جاتے ہیں۔ بہت سے ہیں جنھیں اتفاقاتِ زمانہ نے بڑا آدمی بنا دیا ہے۔ بہت سے ہیں محض نام و نمود کے لیے زمین آسمان ایک کر دیتے ہیں اور شہرت یا نام حاصل کرنے کے لیے سب کچھ کر گزرتے ہیں اور آخر بڑے آدمی بن جاتے ہیں لیکن کم ہیں جو محض اپنی لیاقت، محنت اور خلوص کے ساتھ کام کر کے عزت اور بڑائی حاصل کرتے ہیں۔ یہ بڑائی پائیدار ہوتی ہے۔ مرحوم اسی مظلوم اور چھوٹے گروہ میں سے تھے۔ باوجود اس لیاقت و (عظمت) کے اپنی زندگی درویشانہ بسر کی۔ شہرت، دولت اور حکومت جن سے ایک عالم میں ہیجان اور انقلاب برپا ہے اور جن کی آگ تقریباً ہر سینے میں مشتعل ہے وہ ان کی آنچ سے بالکل محفوظ تھے ورنہ چاہتے تو اس قدر شہرت اور دولت حاصل کر سکتے تھے جو دوسرے کی قدرت سے باہر ہے لیکن اُنھوں نے حقارت سے اس پر نظر ڈالی اور مستانہ وار ٹھکرا کر چلے گئے۔

ملٹن نے ایک جگہ لکھا ہے کہ "شہرت انسان کا فطری ضعف ہے" اور حقیقت میں سچ بھی ہے۔ اس سے بچنا قریب قریب محال ہے لیکن بعض خدا کے بندے جنھیں غیر معمولی دماغی قوت عطا ہوئی ہے اور جن کا علم و فضل تبحر کے رتبے کو پہنچ گیا ہے ایسے بھی ہیں کہ شہرت پر لات مار کر گنجِ تنہائی کو غنیمت سمجھتے ہیں اور اپنے فلسفے اور خیالات میں، خواہ باد ہوائی کیوں نہ ہوں مگن ہیں۔ یا تو وہ اس ضعف کی قوت سے واقف نہیں کہ وہ انسان کو کیا سے کیا کر دیتا ہے یا وہ اسے حقارت کی نظر سے دیکھ کر پستی کی طرف مائل نہیں ہوتے اور اپنے تئیں ایک غلام یا بیل گھوڑے کی طرح ناگوار محنت پر مجبور نہیں کرتے اور چند بد مذاقوں کی ہا ہا یا چند سمجھ داروں کی واہ واہ کے لیے کاغذ کو سیاہ اور لب کو وا کرنا گوارا نہیں کرتے۔ بعینہٖ یہی حالت اُن کی تھی۔ وہ کہا کرتے تھے۔ "کیا حاصل ہے شہرت سے؟ یہی نا کہ لوگ ہمارے نام سے واقف ہو جائیں۔ بالفرض اگر یہ ہو بھی تو اس سے کیا خوشی ہو سکتی ہے اور اگر یہی ہے تو کیوں نہیں ہزاروں لاکھوں کارڈ چھپوا کر اپنا کام اور نام درج کر کے تقسیم کر دیں کہ ایک دُنیا اُن دونوں سے واقف ہو جائے اور پھر پیٹ بھر کر خوش ہو لیں۔" ..... اس پاک نفس، عالی دماغ شخص کی حالت پر نظر ڈالنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک پارسا صفت، درویش منش، صوفی مشرب اور بالغ نظر حکیم تھا۔ وہ خواجہ حافظ کی غزلیں اور قطعات پڑھتے اور مزے لیتے۔ وہ اپنی روزانہ ضروریات کی ..... کچھ پروا نہ کرتے اور بے تکلف سادہ زندگی بسر کرتے جس میں نہ نئے فیشن کو دخل

---

۱ صفحہ ۱۰۰ خواجہ غلام الثقلین — ۲ صفحہ ۸۰۔۷۰۶ سید نور

تھا اور نہ پرانی وضع کا زور چلتا تھا۔ مگر جس قدر وہ ان چیزوں سے بے پروا تھے اسی قدر اخلاص میں مستثنیٰ تھے۔

انسان کی اصلی فضیلت اور برتری اس کے اخلاق (ہی) میں ہے۔ افراد ہوں یا اقوام، اخلاق کے زوال میں اُن کا زوال اور اخلاق کی پابندی اور استواری میں اُن کی عظمت و وقعت ہے۔ (مولوی عبدالحق) کی کامیابی کا راز اُن کے اخلاق حمیدہ میں تھا۔ اخلاق سے صرف یہی مُراد نہیں کہ آدمی دُوسروں سے خندہ پیشانی سے پیش آئے، خاطر مدارات کرے، وقت پر کسی حاجت مند کی حاجت روا کرے۔ زبان و قلم سے ہمدردی کا اظہار کرے یا جیسا کہ اکثر تعریف کے طور پر کہا جاتا ہے "مرنج و مرنجان" ہو ——— اخلاق کی حدود اس سے بہت آگے تک ہیں۔ عزم و استقلال، ضبط و تحمل، جرأت (خصوصاً اخلاقی جرأت) کام کی لگن، فرض شناسی، دیانت، صداقت، رواداری، انصاف، ہمدردی، ایثار، انسان کے اصل جوہر ہیں۔ ان سب میں ایثار کا درجہ سب سے اعلیٰ ہے۔ یعنی ذاتی اغراض پر قومی مفاد کو ترجیح دے۔ انتہا یہ ہے کہ اپنے آپ کو بھول جائے۔ انسانیت اسی سے عبارت ہے ؎

می تواں شد قطب عالم می تواں شد غوث وقت
ہمہ چہ خواہی می توانی شد بجز انساں شدن!

چیست انسانی تپیدن از تپ ہمسائگاں
وز ہجوم غنچہ در باغ حسن پژماں شدن

خواریدن خویش را از خواری ابنائے جنس
در شبستان تنگ دل از محنت زنداں شدن

اخلاق کچھ تو انسان کو فطری طور پر ارثاً ملتے ہیں اور کچھ تعلیم اور صالح ماحول اور صحبت سے میسر آتے ہیں لیکن اس جدید دور اور جدید تہذیب میں تعلیم، تعلیم نہیں رہی۔ ہماری تعلیم گاہیں دُکانیں ہیں جن میں دستاویزی مال کی خرید و فروخت ہوتی ہے یا ایک قسم کے کارخانے ہیں جن میں فرمائشی مال تیار ہوتا ہے۔ ہمارے سکولوں اور کالجوں میں جو تعلیم دی جاتی ہے اس کی رسائی زیادہ سے زیادہ حافظے یا ذہن تک ہوتی ہے۔ اخلاق، صرف و نحو، منطق یا ریاضیات و تاریخ کی طرح نہیں رٹائے جا سکتے۔ رہا صالح ماحول اور صحبت ——— تو وہ سرے سے ناپید ہیں۔ اب ایک صورت یہ ہے کہ اُن بزرگوں اور اُولوالعزم ہستیوں کے سوانح حیات اور کارنامے لکھنے پڑھنے اور پڑھانے کا شوق پیدا کیا جائے جنھوں نے اپنی قوم یا ملک یا بنی نوع انسان کی بھلائی کے لیے طرح طرح کی آفتیں اور مصیبتیں اور دُکھ سہے اور اپنے پیچھے نقش چھوڑ گئے جو آنے والوں کے لیے ہمیشہ ہدایت و رہنمائی کا کام دیں گے۔ ان قربانیوں، صبر و استقلال اور بے نفسی کے ذکر اذکار سُننے اور پڑھنے والوں کے دلوں پر کچھ نہ کچھ اثر کیے بغیر نہیں رہیں گے۔ (عبدالحق) کی ہستی بھی ایسی ہی تھی!

اُن کی اخلاقی جرأت، آزادیٔ خیال، رواداری، انصاف پسندی، بے تعصبی، فیاضی اور ہمدردی کے ہندو مسلمان سب

ف صفحہ ۲۲۴، ۲۲۵، ۲۲۶ سر سید احمد خاں

ف صفحہ ۲۲۷ سر سید احمد خاں

قائل تھے جس کام کو اُنھوں نے اپنے ہاتھ میں لیا ۔ اُسے کامل خلوص اور تندہی سے انجام دیا۔ ایسے وقت میں جب کہ بے لاگ ادبی ریاکام کرنے والوں کی شدید ضرورت ہے، جب کہ قومی ترقی کے ہر شعبے میں انسانوں کی تلاش ہے، جب کہ کام بہت ہیں اور کام کرنے والے کم، ایک صائب الرائے، معتدل مزاج، بے لاگ اور باخلوص کام کرنے والے کا اُٹھ جانا غضب ہے!——

آدمی کا مرنا کوئی انوکھی بات نہیں۔ موت اٹل ہے اور سب کو آنے والی ہے اور اس لیے کوئی ڈر کی چیز نہیں لیکن ایسی موت جو بے وقت ہو اور خصوصاً جب اس کا وار ایسے شخص پر پڑے جو اپنی خوبیوں اور لیاقت میں عدیم النظیر ہو اور جس کی ذات سے ایسی توقعات ہوں جو اتنی بڑی قوم اور ایسے وسیع ملک میں کسی دوسرے سے پوری ہوتی نظر نہ آتی ہوں۔ اور خاص کر جب کہ یہ سانحہ ایسی قوم میں واقع ہو جہاں پہلے ہی سے قحط الرجال ہو تو ایسی موت (واقعی) غضب ہے اور قیامت ہے اور اس کا جس قدر ماتم کیا جائے کم ہے۔

ہمیں جو اس قوم کے اعضا ہیں جس میں آج کل ایسے لوگ بہت کم پیدا ہوتے ہیں ایسے لوگوں کی بہت قدر کرنی چاہیے جن کا ہونا ہمارے لیے فخر ہے اور جن کے سہارے اور مدد سے قوموں کو ایسی مدد ملتی ہے کہ ایک ایک ان میں سے لاکھوں پر بھاری ہوتا ہے۔ دنیا میں اکثر ہوا ہے کہ ایک سپاہی کی ہمت سے شکست کھاتے کھاتے فوج فتح پا گئی ہے، ڈوبتے ڈوبتے جہاز صرف ایک شخص کی دانشمندی سے پار اُتر گئے ہیں۔ یہ زمانہ ہمارے لیے بڑا کڑا زمانہ ہے ہمیں ایسے لوگوں کی سخت ضرورت ہے ان کا ہونا ہمارے لیے نعمت عظمیٰ اور ان کا مرجانا ہمارے لیے ایک بلائے مبرم ہے ..... اُن کا غم مدتوں ہمارے لیے تازہ رہے گا۔

مرحوم میں اس قدر محاسن اور خوبیاں جمع تھیں کہ آج باوجود تلاش کے کوئی اُن کا جانشین نہیں ملتا۔ لوگ اُنھیں زمانہ دراز تک یاد رکھیں گے ——— انسان نہیں رہتا لیکن اس کے اعمال رہ جاتے ہیں جو کسی کے مٹائے نہیں مٹ سکتے، یہی اس کی پونجی یہی اس کی آل اولاد اور یہی اس کی کمائی ہے ..... اولاد کس کے نہیں ہوتی اور کون جاندار ہے جو اس پر قادر نہیں، بلکہ جتنے ادنیٰ اور حقیر جانور ہیں اُتنی ہی اُن کے زیادہ اولاد ہوتی ہے۔ چنانچہ بعض کیڑے ایسے ہیں کہ اُن کے چند گھنٹوں میں ہزاروں لاکھوں بچے پیدا ہوتے ہیں اور مرجاتے ہیں لیکن انسان کا نام اُس کے کام سے ہے۔ آج جو ہم مرحوم کو یاد کر رہے ہیں تو کیا اُن کی اولاد، اور مکانات اور جاہ و ثروت کی وجہ سے؟ ——— ہرگز نہیں یہ سب آنی جانی چیزیں ہیں بلکہ اُن کے کیریکٹر اور کام کی وجہ سے اُن کا کیریکٹر اور کام خود ہمیں اُن کی یاد دلا رہا ہے۔ اُن کی بھلائیاں، اُن کے کارنامے اور اُن کے احسانات اُن کی یاد کو ہمیشہ زندہ رکھیں گے۔ بس یہی ایک چیز ہے جو مرحوم کو زندہ رکھے گی اور یہی ایک چیز ہے جو دنیا میں اللہ کے نیک بندوں کو زندہ رکھتی ہے۔ میں اُن کی موت کو قومی سانحہ سمجھتا ہوں۔ اُن کے ہونے سے ہمیں بڑا سہارا تھا۔ ہر علمی و ادبی کام میں ہم اُن کا نام سب سے

---

۱ صفحہ ۱۰۸ خواجہ غلام الثقلین	۱ صفحہ ۵۹ مولوی محمد عزیز مرزا	۱ صفحہ ۱ سید محمود
۲ " ۵۹ مولوی محمد عزیز مرزا	۲ " ۱ سید محمود	۲ " ۵۹ مولوی محمد عزیز مرزا
۳ " ۱۲ سید محمود	۳ " ۶۵ مولوی محمد عزیز مرزا	۳ " ۵۹ مولوی چراغ علی
۴ " ۶۵ مولوی محمد عزیز مرزا	۴ " ۵۲ مولوی چراغ علی	۴ " ۱۲۲ مولانا وحید الدین سلیم

پہلے شریک کرتے تھے، اب جو وہ نہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ہماری قوت کم ہو گئی ہے۔

(مولوی عبدالحق) کی زندگی سے ہمیں بہت سے بے بہا سبق ملتے ہیں۔ ملک کا اپنے نصب العین پر آخر دم تک قائم رہنا۔ اس کے لیے ہر جائز ذریعہ کو کام میں لانا۔ مخالف قوتوں کا دلیری سے مقابلہ کرنا۔ محنت و مشقت سے کبھی جی نہ چرانا۔ دن رات کام میں لگے رہنا۔ تساہل اور کاہلی کو پاس نہ پھٹکنے دینا خود ایک بڑا کارنامہ ہے۔ ہم میں سے کتنے ہیں جنھوں نے مرحوم کی طرح اپنی ساری عمر علم و ادب کی خدمت میں صرف کر دی ہو۔ اس راہ میں مخدوم بننا آسان ہے مگر خادم ہونا بہت دشوار ہے۔ مرحوم اُن لوگوں میں سے تھے جو اپنے بل بوتے پر کھڑے ہوتے اور اپنی محنت سے دُنیا میں جاہ و ثروت، لیاقت و فضیلت حاصل کی۔ اپنے سہارے آپ کھڑے ہونا خدا کی بڑی نعمت اور بڑے پن کی علامت ہے جو دُوسروں کا سہارا تکتا رہتا ہے وہ خود کبھی نہیں بڑھتا اور جو بڑھتا ہے تو جتنا چاہتا ہے اُس سے زیادہ کھوتا ہے۔ ..... اُن کی زندگی ایک سبق ہے اُن لوگوں کے لیے جو دُنیا میں بڑھنا اور کچھ کرنا چاہتے ہیں اور اُن کے کارنامے جوانانِ ملک کے لیے دلیلِ راہ کا کام دیں گے۔

یہ عالی دماغ شخص سرزمینِ ہندوستان میں ایسے پیدا ہوئے ہیں کہ اُن پر جتنا فخر کریں بجا ہے اور ایسے وقت میں ہوئے جب کہ موقع بہت نازک ہو چلا تھا۔ غالباً (مولوی عبدالحق) سے بڑھ کر کسی شخص نے کام کو اس طرح بے لاگ، بے تعلق اور بے لوث رہ کر سرانجام نہ دیا ہوگا۔ مرحوم ہر جہت اپنی اعلیٰ قابلیت، تجربہ کاری، عالی ظرفی اور راستی و راست بازی کے ہماری قوم کے بے مثل افراد میں سے ہیں۔ قومیں ایسے ہی لوگوں سے بنتی ہیں۔ کاش ہم میں بہت سے (عبدالحق) ہوتے!!

آج اُن کی موت پر ایک بڑے جلسے کو حقیقی رنج اور افسوس ہے اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ اُردو علم و ادب کا ایک ستون گر گیا۔ مرحوم ہر اعتبار سے ایک دیو پیکر شخص تھے اُن کے رفقاء اور اُن کے ہم عصر اُن کے سامنے پودے تھے۔ (اُن) کے انتقال سے اُردو ادب کی صف میں ایک ایسی خالی ہو گئی ہے جس کا پُر کرنا آسان نہیں۔ (اُن) کا غم مدتوں ہمارے لیے تازہ رہے گا۔ اُن کی زندگی صاف بتاتی ہے کہ شوق اور محنت عجیب چیزیں ہیں جسے ہم کمال کہتے ہیں وہ انھیں دونوں کا خانہ زاد ہے ———

وقت ایک نعمت ہے اور خدا کی دُوسری نعمتوں کی طرح انسان وقت پر بھی اس کی قدر نہیں کرتا اور قدر اس وقت ہوتی ہے جب کہ وہ ہاتھ سے نکل جاتا ہے۔ انسان دُنیا میں نہیں رہتا مگر اس کے اعمال رہ جاتے ہیں لیکن کتنے اعمال ایسے ہیں جنھیں بقا ہو؟ جو قدر اور وقعت کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہوں؟ اور لوگوں کے دلوں پر قبضہ رکھتے ہوں۔ ... انسان کی زندگی بہت تھوڑی ہے بہت مشکل ہے کہ وہ اس چند روزہ حیات میں تحصیل بھی کرے، پایۂ تکمیل کو بھی پہنچے اور پھر ایسے کام بھی کرے جنھیں بقائے دوام ہو اور خلقِ خدا کو اُن سے فائدہ پہنچے ..... مرحوم نے زندگی عزیمت اور باقی عمر میں

ص صفحہ ۳۳۶ سر سید احمد خاں
ص " ۲۲ مولوی چراغ علی
ص " ۱۳۸ کرنل کاول۔ نور خاں
ص " ۱۱۸ مولینا وحید الدین سلیم
ص صفحہ ۱۲۰ مولینا وحید الدین سلیم
ص " ۲۵ مولوی چراغ علی
ص " ۱۲۳ مولینا وحید الدین سلیم
ص " ۱۲ سید محمود
ص " ۱۰۷ مولوی سید علی بلگرامی
ص صفحہ ۱۲ مولوی چراغ علی
ص " ۲۹ " "
ص " ۱۵۵ مولوی محمد علی
ص " ۱۲۳ مولینا وحید الدین سلیم

بہت سے کام یکھے لیکن دُنیا میں یادگار وہی رہیں گے جن کا اثر دُوسروں کے قلوب اور دماغوں تک پہنچے گا۔ اور یہ اُن کی تحریریں ہیں جو اُن کے قلم سے نکلیں، ملک میں پھیلیں اور سُورج کی روشنی کی طرح ایک سرے سے دُوسرے سرے تک حیاتِ عالم میں اپنا مُفید کام کرتی رہیں گی اور مرحوم کی یاد کو اُن کے قدردانوں کے دلوں میں تازہ رکھیں گی۔

جو لوگ یہاں کامیابی اور عزت کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں اُنھیں مولوی (عبدالحق) مرحوم کی مثال پیشِ نظر رکھنی چاہیے اور یہ یاد رکھنا چاہیے کہ زمینِ شعر میں قبلہ رانی کا نتیجہ سوائے ندامت کے کُچھ نہیں۔ اُنھیں مولوی (عبدالحق) مرحوم کی طرح اُس زرخیز زمین میں تخم ریزی کی کوشش کرنی چاہیے جس کے نتائج اب تک بارور ہیں اور جس کی وجہ سے اُن کا نام ہمیشہ عزت و حُرمت کے ساتھ یاد کیا جائے گا ؎

بارے دُنیا میں رہو، غم زدہ یا شاد رہو
ایسا کُچھ کر کے چلو، یاں کہ بہت یاد رہو (میر)

وہ ہم میں نہیں رہے لیکن وہ اپنی زندگی کا ایسا عظیم الشان کارنامہ چھوڑ گئے ہیں، جو ہمارے لیے صحیفۂ ہدایت ہے۔ اُن کی رائے میں کہیں کہیں غلطیاں بھی نظر آئیں گی۔ لیکن اُن کے خلوص و صداقت اور راست کرداری میں مُطلق شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔ اس میں شبہ نہیں کہ انسان کی اصلی ترقی دماغی قوت پر منحصر ہے۔ دولت اس کی محض معین ہے۔ انسان کی رُوح کو اگر ایک گاڑی تصور کیا جائے تو یہ جوڑی اس کو کھینچنے والی ہے، لیکن اگر اس کی باگ عقل کے ہاتھ میں ہے تو یہ زمین تو کیا فلک الافلاک تک پہنچ جائے گی۔ لیکن خُدانخواستہ اگر اس کی باگ عقل کے ہاتھ سے چھین لی جائے تو وہ پاش پاش ہو جائے گی۔ لیکن ہم اُن کی (آخر) زندگی سے متعلق اس سے زیادہ نہیں کہیں گے کیونکہ اب وُہ وہاں ہیں جہاں ہماری آواز نہیں پہنچ سکتی اور جو کُچھ اُنھوں نے چھوڑا ہے وُہ ایسا کُچھ ہے کہ اُس کی نظیر نہیں.....

..... دُنیا میں نہ کہیں خالص نیکی پائی جاتی ہے اور نہ خالص بدی۔ اسی طرح نہ انسان بے عیب ہوا ہے نہ ہوگا۔ دیکھنا یہ ہے کہ جب کسی شخص میں ایسی خوبیاں ہوں جو عام طور پر دُوسروں میں نہیں پائی جاتیں اور جن کا ہونا عجائبات اور نوادر میں سے ہے تو ایک ایسے شخص کا ہم میں سے اُٹھ جانا کیسے کُچھ رنج اور ایسے کُچھ الم کا باعث نہ ہوگا۔ زمانے کی ترقی کبھی رُکتی نہیں اس کا قدم ہمیشہ آگے پڑتا ہے ممکن ہے ہم میں بہت سے لائق اور فاضل لوگ پیدا ہوں یہ سب کچھ ہوگا مگر (مولوی عبدالحق) کہاں! ——— اُن کی باتیں فسانے کے طور پر رہ جائیں گی اور مدتوں اُن کا ذکر کر کے لوگ اُنھیں یاد کریں گے ؎

دو رہا باید کہ تا صاحب دلے پیدا شود
بایزید اندر خراساں با اویس اندر قرن

..... وُہ ہم میں ایسے تھے جیسے پودوں میں دیو۔ افسوس ایسی نسلیں ہم میں سے مٹتی جاتی ہیں۔ عظیم الشان چیزیں گو وہ

ط صفحہ ۲۹ مولوی چراغ علی ط صفحہ ۲۵۲ سر سید احمد خاں ح صفحہ ۱۰ تا ۱۱ سید محمود

عمل ہمارے لئے کیسا کچھ اور صاحب ہوں لیکن صرف اُن کے وجود ہی سے دُنیا پر اس قدر اثر پڑتا ہے جو بڑے بڑے کاموں سے حاصل نہیں ہو سکتا۔ مثلاً چاندنی رات کو جب ہم نیلگوں آسمان پر نظر ڈالتے ہیں جس کی وسعت کی کوئی انتہا نہیں تو کیا ہمارے دل و دماغ پر کوئی خاص اثر نہیں پڑتا ——— جب ہم سمندر کے کنارے کھڑے ہو کر اس کی وسیع سطح اور بے پیاں موجوں کو دیکھتے ہیں تو کیا اس سے قلب پر عجیب کیفیت پیدا نہیں ہوتی؟ یہی حال اُن وسیع النظر عالی دماغ لوگوں کا ہے کہ وہ کچھ نہ کریں لیکن اُن کا اثر نہایت پر زور اور عجیب و غریب ہوتا ہے۔

آپ یہ جانتے ہیں (اُن کے بعض بے تکلف دوست انہیں) "ایک شاندار انسانی کھنڈر" کہا کرتے تھے۔ لیکن کیا کھنڈر ہم کو عزیز نہیں ہوتے؟ ——— کیا کھنڈروں کی وقعت ہمارے دلوں میں نہیں ہوتی؟ ——— کیا ہم گوارا کر سکتے ہیں کہ کسی زمانے کی وہ زندہ یادگاریں جو زندہ ثبوت ہیں ہماری تہذیب و شائستگی کا، دُنیا سے فنا مٹا ہو جائیں ———؟ ایک جدید اور نئی عمارت کے خراب ہو جانے اور اس کے ٹوٹ جانے کا اتنا رنج نہ ہوگا جتنا ایک کھنڈر کے مٹ جانے کا۔ لیکن افسوس کہ وہ عالی شان کھنڈر ہماری نظروں سے غائب ہو گیا اور ادب و تہذیب کا نہایت لائق فرزند زمین کا پیوند ہو گیا اور وہاں بکھر پائی جو اس بزرگ کی سب سے مستحکم اور زندہ یادگار ہے جسے اُس نے اپنے ہاتھوں سے بنایا اور اُسی دھن میں دُنیا سے گزر گیا جہاں اب تک اُس کی رُوح پھر رہی ہوگی۔ یہاں سیاح اور مسافر دُور سے آئیں گے اور وہ آنسو بہا جائیں گے!

مرحوم ہماری قدیم تہذیب کا بے مثال نمونہ تھے۔ شرافت اور نیک نفسی اُن پر ختم تھی۔ چہرے سے شرافت ہمدردی اور شفقت ٹپکتی تھی اور دل کو اُن کی طرف کشش ہوتی تھی۔ اُن کے پاس بیٹھنے سے معلوم ہوتا تھا کہ کوئی چیز ہم پر اثر کر رہی ہے۔ اُن کی ذہانت، جودتِ طبع، وسیع النظری اور علم و فضل کو دیکھ کر دل میں عزت و احترام پیدا ہوتا تھا اور جب اُن کی شرافتِ نفس، عالی ظرفی، شفقت دوستی اور خودداری کو دیکھتے تھے تو دل بے اختیار اُن کی طرف کھنچتا تھا اور اُن سے محبت ہونے لگتی تھی۔ ایسے لوگ جن سے ہر شخص حذر کرتا جب اُن سے ملتے تو اُن کے حسنِ سلوک اور محبت کا کلمہ پڑھتے ہوئے جاتے تھے۔ وہ پرلے درجے کے نکتہ چیں جو دُوسروں کی عیب گیری بے سبب بغیر مانتے ہی نہیں اُن کے ڈھنگ یہاں آکر گر جاتے تھے۔ اخلاق اگر سیکھنے کی چیز ہے تو وہ ایسے ہی پاک نفس بزرگوں کی صحبت میں آ سکتے ہیں ورنہ دُنیا میں پند و نصائح کی کمی نہیں، دفتر کے دفتر بھرے پڑے ہیں، کیسا ہی بُرا زمانہ کیوں نہ ہو، دُنیا کبھی اچھوں سے خالی نہیں ہوتی۔ اب بھی بہت سے صاحبِ علم و فضل، باکمال، ذی وجاہت، نیک سیرت اور نیک دل لوگ موجود ہیں۔ مگر افسوس کہ کوئی (عبدالحق) نہیں!!

ص ۱۲ سید عسکری — ص ۱۳ حالی — ص ۱۹ ڈاکٹر بجنوری

اُردو کا قدیم ترین ادب

ڈاکٹر سہیل بخاری

اُردو ادب کے مورخین اپنی بات کی ابتدا حضرت امیر خسرو دہلوی سے کرتے ہیں اور کچھ کہہ مکرنیوں۔ دوسخنوں اور پہیلیوں کا ذکر کرنے کے بعد ایک غزل بھی اُن کے نام سے منسوب کرتے ہیں جس کا مطلع ہے "زحال مسکیں مکن تغافل درائے نینان بنائے بتیاں" اس کے فوراً بعد وہ دلّی سے سینکڑوں میل دُور دکن پہنچ کر بیجاپوری شعرا کا کلام سُنانے لگتے ہیں۔ لیکن ان کی اس سلسلہ بندی سے ادب کی تاریخ میں جو جھول پیدا ہو جاتا ہے وہ ایسا نہیں ہے جسے آسانی سے نظر انداز کیا جا سکے۔

حضرت امیر خسرو دہلوی کے فارسی کلام سے یہ ضرور ثابت ہوتا ہے کہ اُنھوں نے ہندی زبان میں بھی طبع آزمائی کی تھی لیکن اس بات کی کوئی داخلی یا خارجی شہادت نہیں ملتی کہ وہ جس زبان کو ہندی کہتے ہیں وہ یہی زبان ہے جسے بعد میں زبان اُردو یا زبان اُردوئے معلّیٰ کا نام دیا گیا۔ نہ ان کا ہندی کلام ہی کسی مخطوطے یا مطبوعہ کتاب کی صُورت میں ہم تک پہنچ سکا ہے جس سے اُن کی زبان کے متعلق کوئی حتمی فیصلہ کیا جا سکے البتہ ان کا وہ ہندی کلام جس کا اُوپر ذکر کیا گیا روایتاً اُن کے نام سے منسوب چلا آ رہا ہے جس کی حیثیت ابھی تک محض الحاقی ہے۔ جب سے حافظ محمود شیرانی نے اپنی تحقیق کے بعد یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ خالق باری حضرت امیر خسرو کی نہیں بلکہ عالمگیری عہد کے ایک بزرگ خسرو نامی کی تصنیف ہے اس وقت سے حضرت امیر خسرو کا مندرجہ بالا ہندی کلام بھی مشتبہ ہو گیا ہے۔

اس الحاقی کلام کی نوعیت بھی کچھ ایسی ہے جو اس شبہے کو تقویت بخشتی ہے۔ چنانچہ ان کی مشہور غزل "زحال مسکیں" کا اگر لسانی تجزیہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اس کی زبان اُردو نہیں برج بھاشا ہے۔ یہ ضرور ہے کہ مولانا محمد حسین آزاد نے اُردو کو برج بھاشا سے مشتق بتایا تھا لیکن یہ بات حافظ محمود شیرانی کی کتاب "پنجاب میں اُردو" کی تصنیف سے پہلے کی ہے۔ اس لحاظ سے ادب اُردو کی تاریخوں میں اس غزل کے تذکرے کا کوئی جواز نہیں ہے اور کہہ مکرنیوں اور پہیلیوں پر ابھی تحقیق کی ضرورت ہے کہ کہیں یہ بھی انھیں بزرگ خسرو کی تصنیف نہ ہوں جنھوں نے خالق باری لکھی ہے۔ البتہ تاریخ ادب میں ان کو اس وقت تک جگہ دی جا سکتی ہے جب تک کہ وہ تحقیق سے کسی غیر کی ثابت نہ ہوں۔

ان مورخین اُردو کے پاس جو حضرت امیر خسرو کے بعد تاریخ ادب کا سلسلہ بیجاپوری شعرا کے کلام سے ملاتے ہیں اس بات کا کوئی جواب نہیں ہے کہ اگر اُردو دہلی کی قدیم زبان تھی اور وہاں اس کا اس حد تک چرچا تھا کہ حضرت امیر خسرو جیسے شاعر اس میں پیدا ہوئے تو پھر ان کے بعد اُردو شعر گوئی کی روایت دہلی میں یکایک ختم کیوں ہو گئی۔ متداول کُتب تاریخ میں ہند شمالی کی باقاعدہ شاعری دبستان دہلی سے شروع ہوتی ہے جس کی بیخ نشاندگی آرزو، آبرو، مظہر جانجاناں وغیرہ کرتے ہیں لیکن یہ لوگ حضرت امیر خسرو کی وفات کے تین سو سال بعد پیدا ہوتے ہیں۔ جو مورخین اُردو تاریخ کے اس طویل خلا کو بیجاپوری شعرا کے کلام سے پُر کرنے کی کوشش کرتے ہیں

وہ یہ نہیں بتاتے کہ اسی دہلی میں جسے اُردو کی جنم بھوم کہا جاتا ہے حضرت امیر خسرو کے بعد اُردو شاعری کے یکایک سو جانے اور پھر تین سو سال کے بعد چالیس بیدار ہو جانے کے وجوہ کیا ہیں۔

یہاں اس سلسلے کا یہ پہلو بھی قابل غور ہے کہ مورخین ادب بیجاپوری شعرا کے جس کلام کو تاریخ ادب میں شامل کر رہے ہیں وہ اُردو نہیں بیجاپوری زبان میں ہے۔ یہ بات بعض طبائع پر گراں ضرور گزرے گی اور وہ محض تنگ نظری یا دوسری مصلحتوں کی خاطر اس کو تسلیم کرنے سے انکاری ہوں گی لیکن کیا کیا جائے کہ حقیقت یہی ہے۔ میں نے "اُردو نامہ" کراچی کے اٹھارھویں شمارے میں نہایت تفصیل سے لسانی تجزیہ کر کے اُردو اور دکنی دونوں کے کثیر تعداد اختلافات واضح کر دیے ہیں اور یہ بتا دیا ہے کہ ہم نے تاریخی تسلسل قائم کرنے کی کوشش میں وقت کی لیپ کو جس مراد سے پلٹنا چاہا ہے وہ اتنا کمزور ہے کہ اس پر سے گزرنا تو درکنار اس پر کھڑا ہونا بھی ناممکن ہے اس لیے اہل دہلی کی شعر گوئی کے اس طویل تسلسل کی تشریح دکنی شعرا کے کلام سے نہیں ہو سکتی۔

اس مقام پر جس عام غلط فہمی کا اظہار کیا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ بیجاپوری بولی جس زبان کی قدیم شکل ہے ہماری بول چال اس کا جدید روپ ہے یعنی ہماری زبان اور بیجاپوری میں جدید و قدیم کا رشتہ ہے لیکن بیجاپوری کو قدیم کہنے والے شاید اس حقیقت سے بے خبر ہیں کہ بیجاپور میں آج بھی وہی زبان بولی جا رہی ہے جس میں قدیم دکنی شعرا و ادبا نے آج سے چار سو سال پہلے اظہار خیال کیا تھا اور جسے ہمارے مورخین اُردو کے قدیم کا نام دے رہے ہیں۔ آج اُسی زبان میں وہاں لوک گیت گائے جا رہے ہیں اور لوگ اپنے اپنے گھروں اور بازاروں میں اسی بولی سے کام چلا رہے ہیں اس لیے یہ زبان جس قدر قدیم کہلانے کی مستحق ہے اسی قدر اسے جدید بھی کہا جا سکتا ہے۔ دوسری طرف ہماری زبان (اُردو) جس قدر جدید ہے اسی قدر قدیم بھی ہے بلکہ اس زبان کا سراغ جو ہم آج کل بول رہے ہیں آج سے چار سو سال نہیں بلکہ چھ سو سال تک بھی مل جاتا ہے جیسا کہ سطور آئندہ میں ظاہر ہوگا۔ عجیب بات یہ ہے کہ ایک طرف تو لوگ امیر خسرو کی پہیلیوں اور کہہ مکرنیوں کو جو قدیم دکنی شاعری سے بھی قدیم تر ہیں اُردو زبان کے اولین نمونے کہتے ہیں اور دوسری طرف دکنی کو اُردو سے قدیم بھی مانے جا رہے ہیں حالانکہ ہماری بول چال دکنی کے مقابلے میں امیر خسرو کی مذکورہ بالا تخلیقات سے بہت قریب ہے۔ ایسی صورت میں دکنی کے بجائے امیر خسرو کی زبان کو اُردو سے قدیم کہنا زیادہ معقول معلوم ہوتا ہے۔

خود دکنی کے بعض شعرا و مصنفین نے بھی اس موقف کی تائید کی ہے کہ دکنی اور اُردو دو مختلف زبانیں ہیں۔ چنانچہ مولوی محمد باقر آگاہ ویلوری نے اپنے رسالے "من درپن" (سن تصنیف ۱۲۰۶ھ) میں جو معجزات نبی کریمؐ سے متعلق مفصل معلومات فراہم کرتا ہے اس خیال کو یوں واضح کر دیا ہے۔

اگر بھاکے میں اُردو کے میں کہتا
کوئی اس کو یہاں کے لوگوں سے نہ چھپتا

ماہنامہ "قومی زبان" کراچی بابت جنوری سن ۱۹۶۲ء کے صفحہ ۲۹ پر اس مقام کی عبارت یہ ہے:

"آگاہ نے اسے آسان دکنی زبان میں لکھا ہے جسے وہ اُردو نہیں کہتے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ان کے خیال میں دکنی و اُردو دو جدا جدا زبانیں ہیں۔"

حقیقت واقعہ یہ ہے کہ اُردو ادب کے متعلق ہمارا ایک مخصوص نظریہ قائم ہو گیا ہے اور وہ یہ ہے کہ ہم اُردو صرف اس زبان کو تسلیم کرتے ہیں جو ایرانی لپی میں لکھی جاتی ہے اور ایرانی لپی مسلمانوں کے ساتھ ہندوستان میں آئی ہے۔ اس لیے اس زبان کا جو ادب مسلمانوں کی آمد سے پہلے دیو ناگری لپی میں لکھا ہوا ہے ہم اپنے ادب میں شامل نہیں کرتے۔ دوسری طرف ایرانی لپی کا بیجاپوری ادب اُردو ادب سے زیادہ قدیم اور زبان کی مقدار میں ملتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اُردو زبان کو قلم بند کرنے کے لیے ایرانی لپی کا استعمال مسلمانوں کی آمد کے صدہا سال بعد ہوا ہے بلکہ بیجاپور میں مقامی زبان ابتدا ہی سے ایرانی لپی میں منتقل ہو چکی تھی۔ شمالی ہندوستان میں فارسی زبان سن ۱۸۳۲ء تک سرکاری اور دفتری کارروائیوں کا واحد ذریعہ رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ابتدا میں فارسی زبان کے مقابلے میں جسے سرکاری پشت پناہی حاصل تھی اُردو زبان کی طرف لوگوں نے بہت کم توجہ دی اور یوں اس کا جو تھوڑا بہت سرمایہ جمع بھی ہوا تو وہ انفرادی کوششوں کا نتیجہ تھا لیکن دکن میں بیجاپوری زبان کو ابتدا ہی سے سرکاری منصب مل گیا تھا اس لیے اسے حکومت اور عوام دونوں کی سرپرستی بیک وقت نصیب ہو گئی تھی۔ غرض لپی کے اس اشتراک نے ہمارے ادب میں ایک غلط فہمی کو جنم دیا اور ہم بیجاپوری ادب کو اُردوئے قدیم کہنے لگے۔

اُردو ادب کا یہ نظریہ جس کی بنیاد لپی پر قائم کی گئی ہے لسانی اعتبار سے بالکل باطل ہے کیونکہ زبان روح اور لپی اس کا جسم ہوتی ہے اور جس طرح جسم کی تبدیلی سے روح کی ماہیت نہیں بدلتی اسی طرح لپی کے فرق سے زبان کی اصلیت میں فرق نہیں آسکتا۔ اس سلسلے میں خود ہمارے خیالات میں ایک عجیب تضاد ملتا ہے کہ ہم نہ صرف اس ایرانی ادب کو جو عربی لپی میں لکھا جا رہا ہے ایرانی تسلیم کرتے ہیں بلکہ اس سرمائے کو بھی ایرانی مانتے ہیں جو ایران میں مسلمانوں کے ورود سے ہزاروں سال پیشتر جمع ہو چکا تھا لیکن جب اُردو ادب کا مسئلہ سامنے آتا ہے تو فوراً اپنا موقف تبدیل کر کے دیو ناگری لپی میں جمع ہونے والے اُردو زبان کے ادب کو سنسکرت یا ہندی وغیرہ کہہ کر اپنی تاریخوں سے خارج کر دیتے ہیں اور یہ نہیں سوچتے کہ جس طرح ایران قدیم میں مسلمانوں کے وہاں پہنچنے سے قبل خالص ایرانی ادب کے نمونے ملتے ہیں اسی طرح ہندوستان میں بھی مسلمانوں کی آمد سے پہلے خالص اُردو کے ادب پارے دستیاب ہوتے ہیں جو تاریخ ادب اُردو کی تکمیل کے لیے اسی طرح ضروری ہیں جس طرح قدیم ایرانی نمونے تاریخ ادبیات ایران کا اہم جزو ہیں۔

تاریخ ادب کی اسی کمی کے باعث زبان اُردو کی ابتدا کے بارے میں بھی بہت سی غلط فہمیاں پیدا ہو گئیں کیونکہ محققین و مورخین نے تحقیق و تاریخ زبان کی بنیاد اسی ادب پر قائم کی جو ایرانی لپی میں دستیاب ہوتا ہے چنانچہ اُردو کا آغاز بالعموم شاہجہانی عہد سے کیا جاتا ہے جبکہ اُردوئے معلّٰی کے علاقے کی نسبت سے اس کا نام زبان اُردو رکھا گیا اور نمونے تو اس کے بھی بعد کے زمانے سے شروع ہوتے ہیں۔ مورخین نے امیر خسرو کو اُردو کا پہلا شاعر ضرور مانا ہے لیکن وہ امیر خسرو کے بعد کے قدمائے دہلی تک ہند شمالی کی اُردو کے نمونے پیش کرنے سے قاصر ہیں جس کی وجہ یہ ہے کہ اس درمیانی عہد کے نمونے دیو ناگری لپی میں ملتے ہیں جو تک ان کی نظر نہیں گئی یا اگر ان کی نظر پڑی بھی تو انھوں نے انھیں اس لیے نظر انداز کر دیا کہ وہ صرف ایرانی لپی میں ہی لکھی ہوئی زبان کو اُردو تسلیم کرتے ہیں۔ چنانچہ اس سلسلے میں قدیم دیو ناگری مخطوطات و مطبوعات کی جستجو از حد ضروری ہے کہ تاریخ ادب کی صحیح تکمیل صرف اسی طرح ممکن ہو سکتی ہے۔

دراصل اُردو اور ہندی ایک ہی زبان کے دو روپ ہیں جسے ماہرین لسانیات نے کھڑی بولی کا نام دیا ہے۔ ان کے موجودہ

دونوں میں دو فرق واضح ہیں۔ ایک یہ کہ اردو سراسر دخیل لفظ۔ ہندی دیوناگری لپی میں لکھی جاتی ہے اس لیے اس میں سنسکرت الفاظ کی بھرمار ہو گئی ہے اور اردو نے ایرانی لپی میں تحریر ہونے کے باعث بے شمار عربی فارسی الفاظ مستعار لیے ہیں لیکن علم زبان کے لحاظ سے دونوں کے یہ اضافات قابل التفات نہیں کیونکہ ان سے زبان کی بنیادی خصوصیات پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ اس نقطۂ نظر سے ہندی اور اردو کی تاریخ ایک ہی ہے خاص کر کھڑی بولی کی قدیم تاریخ اردو زبان کا بھی ایسا ہی اہم حصہ ہے۔ جیسا ہندی زبان کا اور اس کے قدیم ادب میں سنسکرت یا دوسری معاصر بولیوں کے مستعار الفاظ کی موجودگی کے باوجود اسے اردو کے قدیم ادب سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔

میں نے سطور ذیل میں اسی کھڑی بولی کے کچھ قدیم نمونے پیش کرنے کی کوشش کی ہے جو ہمارے ادب کے اجزائے لاینفک ہیں اور صرف ایسے ٹکڑے منتخب کیے ہیں جن میں سنسکرت الفاظ کم سے کم اور عربی فارسی الفاظ زیادہ سے زیادہ پائے جاتے ہوں۔ اس کے باوجود اگر کہیں سنسکرت الفاظ کی تعداد زیادہ نظر آئے تو اسے نمونوں کی کمی کے بہانے میری تلاش کی کمی سمجھنا چاہیے کیونکہ میں نے کچھ شعرا کا ذکر اس علم کے باوجود کہ وہ کھڑی بولی کے شاعر تھے محض اس وجہ سے نہیں کیا کہ ان کا کلام میرے سامنے نہیں ہے۔ ان کے علاوہ ابھی ایسے بہت سے شاعروں کے نام بھی رہ گئے ہوں گے جن کی دریافت مزید تحقیق کی محتاج ہے۔ چنانچہ جب تک ان تمام شعرا کا مکمل کلام سامنے نہ ہو نہ نمونوں کا قرار واقعی انتخاب ہو سکتا ہے نہ اس ادب پر صحیح تنقید ہی ہو سکتی ہے۔

میر امن نے مقدمہ "باغ و بہار" میں زبان اردو کی ابتدا عہد اکبری سے کی ہے لیکن میں اپنی گفتگو کا آغاز حضرت امیر خسرو کے عہد سے ہی کرتا ہوں جن کو ہمارے مورخین اردو زبان کا پہلا شاعر مانتے ہیں۔ امیر خسرو کے زمانے میں ملک دیس کے ایک نامور درویش گیانیشور نامی گزرے ہیں جو موجودہ پیٹھن (دکن) سے چار کوس پر دریائے گوداوری کے جانب شمال اپنے گاؤں میں سن ۱۲۷۵ء میں پیدا ہوئے تھے۔ ان کی تصنیفات میں سے آج کل چار کتابیں ملتی ہیں جن میں بھگوت گیتا کی شرح جو انھوں نے گیانیشوری کے نام سے لکھی تھی بہت مشہور ہوئی۔ ان کے اردو کلام کا ایک نمونہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

سو ہی کپا کے ہے کپا دے نہیں گرو کا بچا
دُنیا تج کر کھاک (خاک) لگائی جا کر بیٹھا بن موں
کھیر مدرا بجرا سن میں دھیان دھرت ہے من موں
تیرتھ کر کے اور مکھوئی جوگ جگت میں ساری
دھن کا من او کنھہ تیاگے جوگ کمایا بھاری
گپت ہوئے کر پرگٹ ہوئے گوکل متھرا کاسی
بندھ ہوئے جی پران جو نکلے ستیہ لوک کے باسی
شاستروں میں تو نہیں رہا کچھ پران گاین ایا
بھید بدھی کا مارگ چلتا تن کا ٹکڑا کایا
کنڈلنی کون کھوب (خوب) چڑھائے پریم رندھر کو جو دے

چلتا ہے پانی کے اُوپر بوت سو ہی ہووے
حکم فورتی کا گیانیشور کون تو کون اوپر جانا
سدگرو کی جان کرپا بھئی تان آپ ہی آپ پچھانا

اس نمونے میں کچھ الفاظ سنسکرت کے ہیں کیونکہ دیوناگری لپی کے اشتراک کے باعث ہندوستانی زبانوں میں سنسکرت کے دخیل الفاظ کا پایا جانا فطری ہے۔ ان کے علاوہ چند الفاظ برج بھاشا کے بھی بے تکلفی سے نظم ہو گئے ہیں جس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ برج بھاشا اُردو دونوں زبانوں کے مہاراشٹری گروہ سے تعلق رکھتی ہیں اور اس لیے انھیں مکانی اور زمانی قرب ہمیشہ حاصل رہا ہے۔ دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ گیانیشور ایک بھگت تھے اور بھگتوں کا کلام باغ و بہار زبان میں ملتا ہے۔ بہرحال ان تھوڑے سے لفظوں کو چھوڑ کر پوری نظم میں اُردو کا ٹھاٹھ قائم ہے بلکہ اس میں کچھ فارسی اور عربی کے لفظ بھی موجود ہیں جو اس ابتدائی زمانے میں ہندوستانی زبانوں کے مسلمانوں کے اثرات ثابت کر رہے ہیں۔ اس نظم کا شعرائے بیجاپور کے کلام سے موازنہ کر کے دیکھیے جو گیانیشور کے بعد کے زمانے میں گزرے ہیں اور پھر فیصلہ کیجیے کہ ان میں سے کس کی زبان کو اُردو کہا جا سکتا ہے۔

گیانیشور کی ایک بہن مکتا بائی بھی مرہٹی زبان کی شاعرہ تھیں جو ان سے عمر میں چار سال چھوٹی تھیں۔ ان کے کلام میں بھی اُردو الفاظ کا دخل ملاحظہ فرمائیے۔ نمونہ یہ ہے۔

واہ واہ صاحب جی سدگرو لال گسائیں جی
لال بیج میں ادھ کالا اونٹھ پیٹھ سوں کالا
پیت انمنی بھر مرگمچا رس جھوسنے والا
سہسر دل موں اکھلی کھائے آج لوں پرانا
جہاں تہاں سادھو دسوا آپ ہی آپ ٹھکانا
سدگرو چیلے دونوں برابر ایک سا موں بھائی
ایک سے ایسے درس پانے مہاراج مکتا بائی

اب یہاں سے بھگتوں اور سنتوں کا ایک طویل سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ ان میں نام دیو کا نام سب سے پہلے آتا ہے جو گیانیشور کے معاصر اور ذات کے درزی تھے۔ ان کے اُردو کلام ملاحظہ کیجیے:

میں اندھلے کی ٹیک تیرا نام کھند کارا (خداوندگار)
میں گریب میں مسکین تیرا نام ہے ادھارا

آج نامے بیٹھل دیکھا مورکھ کو سمجھاؤں رے
پانڈے تری گائتری لوسے کا کھیت کھاتی تھی

دونوں میں دو فرق واضح ہیں۔ ایک یہ کہ اور دوسرا دخیل لفظ۔ ہندی دیو ناگری لپی میں لکھی جاتی ہے اس لیے اس میں سنسکرت الفاظ کی بھرمار ہو گئی ہے اور اُردو نے ایرانی لپی میں تحریر ہونے کے باعث بے شمار عربی فارسی الفاظ مستعار لیے ہیں لیکن علم زبان کے لحاظ سے دونوں کے یہ اتفاقات قابل التفات نہیں کیونکہ ان سے زبان کی بنیادی خصوصیات پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ اس نقطۂ نظر سے ہندی اور اُردو کی تاریخ ایک ہی ہے خاص کر کھڑی بولی کی قدیم تاریخ اُردو زبان کا بھی ایسا ہی اہم جزو ہے۔ جیسا ہندی زبان کا اور اس کے قدیم ادب میں سنسکرت یا دوسری مقامی بولیوں کے مستعار الفاظ کی موجودگی کے باوجود اسے اُردو سے قدیم ماننے پر چارہ نہیں۔

میں نے سطور ذیل میں اسی کھڑی بولی کے کچھ قدیم نمونے پیش کرنے کی کوشش کی ہے جو ہمارے ادب کے اجزائے ترکیبی ہیں اور صرف ایسے ٹکڑے منتخب کیے ہیں جن میں سنسکرت الفاظ کم سے کم اور عربی فارسی الفاظ زیادہ سے زیادہ پائے جاتے ہیں۔ اس کے باوجود اگر کہیں سنسکرت الفاظ کی تعداد زیادہ نظر آئے تو اسے نمونوں کی کمی کے بجائے میری کوشش کی کمی سمجھنا چاہیے کیونکہ میں نے کچھ شعرا کا ذکر اس علم کے باوجود کہ وہ کھڑی بولی کے شاعر تھے محض اس وجہ سے نہیں کیا کہ ان کا کلام میرے سامنے نہیں ہے۔ ان کے علاوہ ابھی ایسے بہت سے شاعروں کے نام بھی رہ گئے ہوں گے جن کی دریافت مزید تحقیق کی محتاج ہے۔ چنانچہ جب تک ان تمام شعرا کا مکمل کلام سامنے نہ ہو نہ نمونوں کا قرار واقعی انتخاب ہو سکتا ہے نہ اس ادب پر صحیح تنقید ہی ہو سکتی ہے۔

میر امن نے مقدمۂ "باغ و بہار" میں زبان اُردو کی ابتدا عہد اکبری سے کی ہے لیکن میں اپنی گفتگو کا آغاز حضرت امیر خسرو کے عہد سے ہی کرتا ہوں جن کو ہمارے مورخین اُردو زبان کا پہلا شاعر مانتے ہیں۔ امیر خسرو کے زمانے میں ملک دیس کے ایک نامور درویش گیانیشور نامی گزرے ہیں جو موجودہ پیٹھن (دکن) سے چار کوس پر دریائے گوداوری کے جانب شمال اپنے گاؤں میں سن ۱۲۷۵ء میں پیدا ہوئے تھے۔ ان کی تصنیفات میں سے آج کل چار کتابیں ملتی ہیں جن میں بھگوت گیتا کی شرح جو انھوں نے گیانیشوری کے نام سے لکھی تھی بہت مشہور ہوئی۔ ان کے اُردو کلام کا ایک نمونہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

سو ہی کپا کے بے کپا دے نہیں گرو کا بچا
دُنیا تج کر کھاک (خاک) لگائی جا کر بیٹھا بن مون
کیپر مدرا بجرا سن میں دھیان دھرت ہے سن مون
تیرتھ کر کے اور مکھوئی جوگ جگت میں ساری
دھن کا سن او کنھہ تیاگے جوگ کمایا بھاری
گپت ہوئے کر پرگٹ ہوئے گو کل متھرا کا سی
بندھ ہوئے جی پران جو نکلے سیتہ لوک کے باسی
شاستروں میں تو نہیں رہا کچھ پران گیان مایا
بھید بدھی کا مارگ چلتا تن کا ٹکڑا کایا
کنڈلنی کون کھوب (خوب) چڑھائے پرم رندھر کر جو دے

چلت ہے پانی کے اُوپر بوت سو ہی ہووے
حکم فورتی کا گیانیشور کون تن کون اوپر جانا
سدگرو کی جان کرپا بھئی تان آپ ہی آپ پچھانا

اس نمونے میں کچھ الفاظ سنسکرت کے ہیں کیونکہ دیوناگری لپی کے اشتراک کے باعث ہندوستانی زبانوں میں سنسکرت کے دخیل الفاظ کا پایا جانا فطری ہے۔ ان کے علاوہ چند الفاظ برج بھاشا کے بھی بے تکلفی سے نظم ہو گئے ہیں جس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ برج بھاشا اور اُردو دونوں زبانوں کے مہاراشٹری گروہ سے تعلق رکھتی ہیں اور اس لیے انھیں مکانی اور زمانی قرب ہمیشہ حاصل رہا ہے۔ دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ گیانیشور ایک بھگت تھے اور بھگتوں کا کلام باغ و بہار زبان میں ملتا ہے۔ بہرحال ان تھوڑے سے لفظوں کو چھوڑ کر پوری نظم میں اُردو کا ٹھاٹھ قائم ہے بلکہ اس میں کچھ فارسی اور عربی کے لفظ بھی موجود ہیں جو اس ابتدائی زمانے میں ہندوستانی زبانوں پر مسلمانوں کے اثرات ثابت کر رہے ہیں۔ اس نظم کا شعرائے بیجاپور کے کلام سے موازنہ کر کے دیکھیے جو گیانیشور کے بعد کے زمانے میں گزرے ہیں اور پھر فیصلہ کیجیے کہ ان میں سے کس کی زبان کو اُردو کہا جا سکتا ہے۔

گیانیشور کی ایک بہن کتابائی بھی مرہٹی زبان کی شاعرہ تھیں جو ان سے عمر میں چار سال چھوٹی تھیں۔ ان کے کلام میں بھی اُردو زبان کا دخل ملاحظہ فرمائیے۔ نمونہ یہ ہے۔

واہ واہ صاحب جی سدگرو لال گسائیں جی
لال بیچ میں ادلو کالا اونٹھ پیٹھ سون کالا
پیت انمنی بھر مر گمپھا رس بھونے داو
سہسر دل مون اکھلی کھائے آج لون پرانا
جان تہاں سادھو دسوا آپ ہی آپ ٹھکانا
سدگرو چیلے دونوں برابر ایک سامون بھائی
ایک سے لیے درس پائے مہاراج کتا بائی

اب یہاں سے بھگتوں اور سنتوں کا ایک طویل سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ ان میں نام دیو کا نام سب سے پہلے آتا ہے جو گیانیشور کے معاصر اور ذات کے درزی تھے۔ ان کے اُردو کلام ملاحظہ کیجیے:

میں اندھلے کی ٹیک تیرا نام کھند کارا (خداوندگار)
میں گریب میں مسکین تیرا نام ہے ادھارا

آج نامے جیٹھل دیکھا مورکھ کو سمجھاؤں رے
پانڈے تری گائتری لودھے کا کھیت کھاتی تھی

لے کر لیٹا گھڑی تو دی لو نخت و تخت باتی تھی
پانڈے ترا ماد یو دھوے بلد چڑھا آوت دیکھا تھا
مودی کے گھر کھانا پکا وا کا لڑکا مارا تھا
پانڈے ترا مام چندر سو بھی آوت دیکھا تھا
ساون سیتی سر پر جوتی گھر کی جوتی گنوائی تھی

نام دیو کے بعد ان سادھوؤں میں کبیر داس کا نام بہت مشہور ہوا۔ یہ قوم کے جولاہے تھے۔ بنارس ان کا مولد اور گھر (ضلع بستی یو۔ پی) ان کی جائے وفات ہے۔ ان کے عہد کے متعلق محققین میں شدید اختلاف ملتا ہے۔ بہر حال ان کا زمانہ سن ۱۳۹۹ء سے ۱۴۱۸ء تک مانا جا سکتا ہے کیونکہ یہ سکندر لودھی کے معاصر تھے۔ ان کا نمونہ کلام یہ ہے:

برہ کی چوٹ لگی مرے من میں بیدھ گیا تن سارا
اوشدھ مول کچھ نہیں لاگے کیا کرے بید بچارا

ناڑ جلے جیسے لکڑی کا تروا کیس جلے جیسے گھاس کا پولا

بات نہ پوچھو سادھو کی پوچھ لیجے گیان مول کرو تروار کا پڑا رہن دو میان

بید کتیب افترا بھائی دل کا فکر نہ جائے ٹک دم کراری جو کرو حاضر حضور خدا ئے

سب آئے اس ایک میں ڈار پات پھل پھول اب کہو پاچھے کیا رہا کہ پکڑا جب مول

سم درشٹی ست گرو کیا میٹا بھرم بکار جہاں دیکھو تہاں ایک ہی صاحب کا دیدار

رام سمر پچھتائے گا من
پاپی جیسا اوبھ کرت ہے آج کال اٹھ جائے گا
اپنا اوکے جنم گنوایا مایا بھرم بھلائے گا
دھن جوبن کا گرب نہ کیجے کا گھر جیون کل جائے گا
جو جم آئے کیس گرہ پکڑے تا دن کچھ نہ بس آئے گا

سرن بھی دیا نہیں کینی تو گھر چوٹان کھائے گا
دھرم رائے جب لیکھا مانگے کیا گھرے کے جائے گا
کہت کبیر سنو رے سنتو سادھو سنگت تر جائے گا

رہنا نہیں دیس برانا ہے
یہ سنسار کاگد کی پڑیا بوند پڑے گل جانا ہے
یہ سنسار کانٹ کی باڑی اُلجھ پلجھ مرجانا ہے
یہ سنسار جھاڑ اور جھانکڑ آگ لگے برجانا ہے
کہت کبیر سنو بھئی سادھو ست گرو نام ٹھکانا ہے

من پھولا پھولا پھرے جگت میں کیسا ناتا رے
ماتا کہے یہ پُتر ہمارا بہن کہے بر میرا
بھائی کہے یہ بھجا ہماری نار کہے نر میرا
پیٹ پکڑ کے ماتا روئے باہنہ پکڑ کے بھائی
پیٹ جھپٹ کے تریا روئے ہنس اکیلا جائی

ہمیں ہیں عشق مستانہ ہمیں کو ہوشیاری کیا
رہیں آزاد یا جگ میں ہمیں دُنیا سے یاری کیا
جو بچھڑے ہیں پیارے سے بھٹکتے دربدر پھرتے
ہمارا یار ہے ہم میں ہمیں کو انتظاری کیا
خلق سب نام اپنے کو بہت کر سر پٹکتا ہے
بہن گرو نام سانچا ہے ہمیں دُنیا سے یاری کیا
نہ پل بچھڑے پیا ہم سے نہ ہم بچھڑیں پیارے سے
انھیں سے نیہہ لاگی ہے ہمیں کو بے قراری کیا
کبیرا عشق کا ماتا دوئی کو دُور کر دل سے
جو چلنا راہ نازک ہے ہمیں سر بوجھ بھاری کیا

کبیر کے گرو بھائی رے داس کاشی کے ایک چمار خاندان میں پیدا ہوئے۔ ان کے باپ نے ان کے سادھو پن سے تنگ آکر گھر سے نکال دیا تھا اس لیے جوتیاں بنا بنا کر اوقات بسر کرتے تھے۔ کبیر داس کے بعد ان کا اتنا اثر ہوا کہ جودھپور کے راٹھور رتن سنگھ کی اکلوتی بیٹی میرا بائی ان کی چیلی ہو گئی تھیں۔ نمونۂ کلام یہ ہے:۔

نرپت ایک سنگھاسن سویا سپنے بھیا بھکاری
اچھت راج بچھرت دکھ پایا سوگت بھئی ہماری

بل کی بھیت پران کا تھا رکت بند کا گارا　　ہاڑ ماس ناڑی کا پنجر پنکھی ہے بچارا

پرانی کیا میرا کیسا تیرا　　جیسے تروز پنکھ بسیرا

دکھیا درد نہ درد پایا　　بہت پیاس جواب نہ پایا

دھرم داس کسونڈھی باندھوگڑھ کے بڑے مہاجن تھے۔ ان کے صحیح سن ولادت و وفات کا علم نہیں ہے لیکن کبیر داس کے ہم عصر تھے۔ سن ۱۵۱۸ء میں کبیر کی وفات پر ان کے جانشین ہوئے اور پندرہ بیس سال بعد وفات پائی۔ انھوں نے دور دور تک یاترا کی تھی۔ متھرا سے واپسی پر ان کی ملاقات کبیر داس سے ہوئی جنھوں نے انھیں بھگتی کی طرف مائل کیا۔ ان کے کلام کا نمونہ یہ ہے۔

ہم ست نام کے بیپاری

کوئی کرنی لاوے کانسا پیتل کوئی کرنی لوہا سپاری
ہم تو لاویں نام دھنی کو پورن کھیپ ہمارا ری
پونجی نہ ٹوٹے نفع چوگنا بنج کیا ہم بھاری
ہاٹ جگائی روک نہ سکے نہ بھے گھیل ہمارا ری
موتی بوند گھٹ ہی میں اپجے سکرت بھرت کٹھاری
پن پدارتھ لاد چلا ہے دھرم داس بے چاری

گرو نانک کا نام محتاج کے بانی کی حیثیت سے کافی مشہور ہے۔ یہ ۱۴۶۹ء میں کلیان چند کھتری کے یہاں پیدا ہوئے جو موضع تلونڈی تحصیل شرقپور ضلع لاہور کے صوبہ رائے بلار پٹھان کے کارکن تھے۔ انھوں نے اپنی عمر کے تیئس سال سیر و سیاحت میں گزارے آخر سولہ سال کرتار پور میں گزار کر تقریباً ستر سال کی عمر میں وفات پائی۔ اگرچہ ان کا بیشتر کلام پنجابی زبان میں تھا لیکن کبھی کبھی اردو میں بھی طبع آزمائی کر لیتے تھے۔ نمونہ یہ ہے:

ٹھاکر کا سیوک آگیا کاری　　ٹھاکر کا سیوک سدا پکاری

در گھر مکاں بستی گھوڑے چھوڑ دولایت دیس گئے　　پیر پیکامبر سالک صادق چھوڑی دنیا تھا ئیں پئے

کوجا بانگ نواج مسقو نیل روپ بنواری　　گھر گھر میاں سبھراں جی آن بنی اور تماری
بے تو میرا پت صاحب قدرت کون ہماری　　چارے کونٹ سلام کریجے گھر گھر صفت تمہاری

گھولی گیرو رنگ چڑھایا دستر بھیس بھیکاری کاپڑ پھاڑ بنائی کنتھا جھولی لایا دھاری
گھر گھر مانگے جگ پر بوڑھے من اندھے چتاری بھرم بھلانا سبد نہ چینے جوئے بازی ہاری

انھیں بھگتوں میں پندرھویں صدی عیسوی کے کرشن متی کا بھی نام آتا ہے جو سارنگ گڑھ (پنجاب) کے باشندے تھے اور تجارت کی غرض سے جو مہاراشٹر پہنچے تو وہیں کے ہو رہے۔ یہ مہان بھاو پنتھ کے مبلغ تھے۔ ان کے کلام کا نمونہ یہ ہے:

جڑ مول بن دیکھا ایک درخت گولر کا
اس کو انت اُپار گولر لاگے شمار نہیں پھولوں کا
زمیں آسماں برابر دیکھے دو دو چندا سورج دیکھے نو لاکھ تارے۔
چودھا بھون ساتوں دریا دیکھے پربت ندی نالے کئی ہزار

بھگتوں کے کلام کے مندرجہ بالا نمونوں سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس قدیم زمانے بھی ہماری زبان کا روپ وہی تھا جو ہم آج دیکھ رہے ہیں چنانچہ لوگوں نے جو ایک طلسم باندھا ہے کہ ہندوستان کی تمام زبانوں میں سے صرف اُردو ہی ایک ایسی زبان ہے جو اپنے روپ فلمی تصویروں کی طرح جلد جلد بدلتی رہی ہے وہ ان تحریروں کے پیش نظر یک لخت ٹوٹ جاتا ہے۔ بہرحال سولھویں صدی کے نصف اوّل تک اُردو زبان کے نمونے ہمیں بھگتوں کے یہاں ملتے ہیں۔ اس کے بعد تاریخ ہندوستان میں ایک نیا موڑ آتا ہے اور آگرہ سکندرلودھی کے بعد ایک بار پھر عہد اکبری میں راجدھانی قرار پاتا ہے تو مغل اعظم کے دور کی تمام رعنائیاں ادب و فن کی صورت میں ایک مقام پر جمع ہو جاتی ہیں۔ غالباً آگرے کی اسی چمک دمک کو دیکھ کر میر امن نے یہ نتیجہ نکالا تھا کہ اُردو زبان کا آغاز اکبر بادشاہ کے زمانے سے ہوا ہے چنانچہ وہ باغ و بہار کے مقدمے میں کہتے ہیں۔

"جب اکبر بادشاہ تخت پر بیٹھے تب چاروں طرف کے ملکوں سے سب قوم قدردانی اور فیض رسانی اس خاندان کی سن کر حضور میں آکر جمع ہوتے لیکن ہر ایک کی گویائی اور بولی جدی جدی تھی۔ اکٹھے ہونے سے آپس میں لین دین سود اسلف سوال جواب کرنے ایک زبان اُردو کی مقرر ہوئی۔"

حقیقت صرف اتنی ہے کہ عہد اکبری میں اطراف ملک کے اہل کمال آگرے میں سمٹ آئے تھے چنانچہ اس زمانے میں جہاں ادبیات فارسی کو ابوالفضل، فیضی، عرفی وغیرہ سے اور اودھی زبان کو تلسی داس اور ملک محمد جائسی سے اور برج بھاشا کو سورداس جیسے عظیم شاعروں اور انشا پردازوں سے فروغ ہوا وہاں اُردو زبان کے پودے کو بھی اس وقت کی آب و ہوا راس آئی اور اس کے بھی کچھ سرپرست پیدا ہو گئے چنانچہ برج بھاشا میں شعر کہنے والے کبھی کبھی کھڑی بولی یعنی اُردو میں بھی طبع آزمائی کر لیا کرتے تھے۔ یہی حال نثر میں بھی ہے کہ ایک ہی کتاب یا عبارت میں اُردو اور برج بھاشا دونوں شیر و شکر نظر آتی ہیں۔ چونکہ برج بھاشا بھی فرقہ والوں کی مذہبی زبان بن گئی تھی۔ اس لیے ان کی مذہبی کتابوں میں ایسے نمونے ملتے ہیں جن میں برج بھاشا کے ساتھ ساتھ اُردو بھی استعمال کی گئی ہے۔ ان کے علاوہ اس دور میں جن شاعروں اور نثر نگاروں کی تخلیقات ملتی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اُردو زبان کو مذہب کے علاوہ دوسرے موضوعات پر اظہار خیال کیلئے بھی استعمال کیا گیا ہے لیکن دیوناگری لپی کے باعث بعض نقلوں میں سنسکرت الفاظ کی بھرمار ہے۔

یہاں میں اس عہد کے جن شعرا کا اُردو کلام پیش کرنا چاہتا ہوں ان میں عبدالرحیم خان خاناں کا نام سرفہرست آتا ہے جو عہد اکبری

کے ایک بہت بڑے امیر گزرے ہیں۔ ان کے نام پر آگرے کا ایک محلہ "کشن خانخاناں" کہ تک آباد چلا آرہا ہے۔ ان کا سن ولادت ۱۵۵۳ء اور سن وفات ۱۶۲۵ء ہے۔ یہ بیرم خاں کے بیٹے اور اکبری دربار کے نو رتنوں میں سے ہیں۔ اکبر ان کی بہت عزت کرتا تھا۔ عربی فارسی سنسکرت، برج بھاشا اور اردو کے اچھے عالم تھے۔ ان کی محفل میں علما کا ہجوم رہتا تھا۔ بڑے غریب نواز اور کرشن جی کے معتقد تھے جو ان کی شاعری کا اصل موضوع ہیں۔ برج بھاشا کے بہت اچھے شاعر ہونے کے باوجود اردو میں بھی انھوں نے کچھ چھند کہے ہیں جو ان کی کتاب مناشک میں پائے جاتے ہیں۔ ایک چھند پیش کیا جاتا ہے۔

کمت لت مالا دا جو ہمہ جڑا تھا — چپل چکھیں والا جپا نہ فی میں کھڑا تھا
کٹ تٹ پر میلا پیت سیدا نہ یہ — ابھن ابھیلا یار سیدا اکیلا

پرمانند داس کان کبھی برہمن اور قنوج کے باشندے تھے اور بلبھ آچاریہ کے شاگرد تھے۔ ان کا ذکر "چوراسی وشنوؤں کی وارتا" میں ملتا ہے۔ ان کی کھڑی بولی کا چھند ملاحظہ کیجیے۔ کرشن جی کی تعریف میں کہتے ہیں۔

دیکھو ری یہ کیسا بالک مانی جست جایا ہے — سُند بدن کمل دل لوچن دیکھت چند لجایا ہے
پرن برہم الکھ ابناسی پرگٹ نند گھر آیا ہے — پرمانند کرشن من موہن چرن کمل چت لایا ہے

عالم دربار اکبری کے ایک مسلمان شاعر تھے جنھوں نے ۱۹۱۰ء میں "مادھو نل کام کندلا" نامی قصے کو برج بھاشا میں نظم کیا تھا۔ ان کے کلام اردو کا نمونہ ملاحظہ فرمائیے:

غم کے نصیب سے غنی ہے جیسے داج پائے — عاشق غریب کو گمان منی مال کیا
ناز تے نواج کے لیک ہی نہال کیا — جیونے کی جوک میں جدائی کا زوال کیا
وہ اس روز سے خراب ہوا خاک ہی میں — خیمہ نہیں غنی بیچ تیرا خیال کیا
دل دے جو آئے سو دلا سا بھی پاوے وا تو — یار دلدار ایسے بیدل کا حال کیا

اسی زمانے میں سوامی نپٹ نرنجن نامی ایک اور شاعر ہوئے ہیں جن کے کلام اردو میں برج بھاشا کا پٹ بھی ملا ہوا ہے۔ ملاحظہ کیجیے:

چمن مد چھکا جاگے پچھے تے اچھک ہوت — اچھک چھکا ہے گھوم گھومت خمساری کا
نس دن نس دن جب سدھ آوت ہے — تب لپ جاوے سدھ صاحب شماری کا
نپٹ نرنجن امر مرنے کا نہیں — ایک بار مارو نام آوے نا دوباری کا
ہوں تو متوالا اوچھے مدکا نہ لیں والا — پور کر پیالہ کھوج رہے نا خماری کا

ایک اور سوامی پیتمبر (مہاراشٹر) کے ایک سنت اور جناردھن سوامی کے شاگرد تھے۔ انھوں نے شمالی ہندوستان کا بھی دورہ کیا تھا چنانچہ یہ کچھ دن کاشی میں بھی رہے اور وہیں انھوں نے اپنی کچھ کتابیں بھی تصنیف کیں۔ ان کا عہد ۱۷۰۰ء بتایا جاتا ہے۔ ان کی اردو شاعری کا نمونہ یہ ہے:

اللہ رکھے گا ویسا رہنا — مولا رکھے گا ویسا رہنا
کوئی دن سر پر چھپر اُڑا دے — کوئی دن سر پر گھڑا چڑھا دے
کوئی دن ترنگ اُوپر چڑھا دے — ماس کھالس چڑھا دے
کوئی دن شکر دُودھ ملیدا — کوئی دن اللہ مانگت جُدا
کوئی دن سیوک ہاتھ جوڑ کھڑے — کوئی دن نجیک نہ آوت ٹھڑے
کوئی دن راجا بڑا ادھکاری — ایک دن ہوئے کنگال بھکاری
ایکا جناردن کرت کرتاری — غافل کیوں کرتا معذوری

دیو چھنال کا چھنال کا — کھیل کھلاڑی بانیا
چھند بڑا سکھر کو بانا — جاکر جھروکے میں بیٹھا
بڑا دُھوم کا داتا — نہیں جات پات کچھ ناتا
ایک ناتھ کا والی — یا سے کون دیوے گالی

دل کی گانٹھ کھولو — یارو رام نام بولو
کوئی نہیں آوے ساتھ — بھنڈے کا ہے کون کرے بات
جورو لڑکے ماں باپ — سب پسارے ہاتھ
ہتی گھوڑے پالکی — نہیں آوے ساتھ
دو دن کا بزار یارو — کاہے کون کرتا بات
جھوٹی مایا جھوٹی کایا — جھوٹا سب دن رات
ایکا جناردن بولے بھائی — کوئی نہیں آئے ساتھ

حضرت بھولا مولا — سب دُنیا پالن والا
سب گھر میں سائیں براجے — کرت ہے بول بالا
غریب نواز ہیں غریب تیرا — تیرے چرن کون رت والا
اپنا ساتھی سمجھ کے لینا — سلیل دو ہی الا
جن رُوپ سے ہے جگت پسارا — دو ہی سنوال الا

جنی جناردن ایک ناتھ سوامی کے گرو بھائی۔ جناردن سوامی کے چیلے اور مہاراشٹر کے رہنے والے تھے اور پنڈھرپور

میں تعینات تھے۔ اُن کی تاریخ وفات سن ۱۶۰۱ء ہے ان کا بھی کچھ کلام اُردو زبان میں ملتا ہے مثلاً

جب تو آیا تب کیا لایا کیا لے جائے گا
کس نے بلایا جھوٹھا دھندا چھوڑ یا پھندا دیکھت کیا ہو اندھا
کہت جنار دن سُن ارے من نہ چھوڑ اس سائیں کے چرن

اس عہد کے سنتوں میں داود دیال کا نام سب سے نمایاں ہے۔ یہ ۱۵۴۴ء میں احمد آباد (بھارت) کے ایک برہمن گھرانے میں پیدا ہوئے اور ۱۶۰۴ء میں ان کا انتقال ہوا۔ ہندوستان کا داود پنتھ انھیں سے چلا ہے۔ جے پوری فوج کے ناگا انھیں کے پنتھ سے تعلق رکھتے تھے۔ یہ اُردو، برج بھاشا، فارسی، گجراتی، مارواڑی اور مرہٹی کے عالم تھے۔ ان کی زندگی بیشتر راجپوتانے میں گزری ہے اس لیے ان کی زبان پر برج بھاشا اور راجستانی کا زیادہ اثر ہے لیکن کچھ کلام پنجابی اور ریختہ میں بھی موجود ہے۔ ریختے کا نمونہ ملاحظہ فرمائیے۔

عشق اللہ کی ذات ہے عشق اللہ کا رنگ — عشق اللہ اوجود ہے عشق اللہ کا رنگ
عاشق معشوق ہو گیا عشق کہاوے سوئے — داود اس معشوق کا اللہ ہی عاشق ہوئے
سب آیا اس ایک میں ڈال پان پھل پھول — داود پیچھے کیا رہا جب نج پکڑا مول
کاہو نہ سنسار کا نیسے کیے پاؤ — داود تین طلاق دے بھاویں تیدھر جاؤ
جب سائیں کو سجدہ کیا تب سر دھرا اُتار — یوں داود جیوت مرے مرمن و ہوا کو مار

عہد اکبری کے ایک مشہور شاعر و مصنف گنگ برہم بھٹ نے اُردو نثر میں بھی ایک کتاب "چند چھند ورنن کی مہما" نامی لکھی تھی۔ اس کا نمونہ یہ ہے:

"سدہ شری شری ۱۰۸ شری شری پات ساہ جی شری دل پت جی اکبر ساہ جی آم کاش (عام خاص) میں تکھت (تخت) اُوپر براجمان ہوئے اور آم کاش بھرنے لگا ہے جس میں تمام امراؤ آنے آئے کرنش (کورنش) بجا لائے [illegible] کے اپنی اپنی بیٹھک پر جا بیٹھے اپنی اپنی مسل سے۔ جن کی بیٹھک نہیں سو ریشم کے رسے میں ریشم [illegible] کے کھڑے تا جیم (تعظیم) میں رہیں۔"

"اتنا سُن کے پات ساہ جی شری اکبر ساہ جی آد (آدھ) سیر سونا زہر داس چارن کو دیا۔ ان کے ڈیڑھ سیر سونا ہو گیا۔ راس و نچنا پورن بھیا۔ آم کاش (عام خاص) پرکاس (برخاست) ہوا جس کا سمبت ۱۶۲۷ کاتی گھو ماس سدی ۱۳ اگر وار کے دن پورن بھئے۔"

اکبر کے انتقال پر ہی سولھویں صدی کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ ۱۶۰۵ء میں سلطنت جہانگیر کو منتقل ہوتی ہے اور پھر ۱۶۲۸ء میں شاہجہاں بادشاہ بن جاتا ہے لیکن آگرہ بدستور پایۂ تخت رہتا ہے یہاں تک کہ ۱۶۴۸ء میں شاہجہاں آگرے سے اُٹھ کر دلی بساتا ہے۔ اس زمانے کی اُردو کا کچھ حال تذکروں اور تاریخوں سے بھی معلوم ہونے لگتا ہے اور پایۂ تخت سے منسلک ہونے والوں کے علاوہ اطراف ملک کے جنگلوں کے یہاں سے بھی اکتشاف کیا جا سکتا ہے۔ چنانچہ گنگ جہاں سے بھی مندرجہ ذیل اشعار منسوب کیے جاتے ہیں:

دیں جگر زخم جفا کو دل صد چاک ہیں ہم — دیکھیں گر کچھ بھی وفا اس بُت بے باک میں ہم
نقش پا کی طرح اے راحت جان عاشق — تیرے قدموں سے مٹا ہو کے ملے خاک میں ہم

جہانگیر کے بیٹے شہریار کے اردو کلام کا بھی نمونہ دیکھیے۔

چاند سے چکور ٹلے میگھ سے بھی مور ٹلے — چوری سے چور ٹلے دل سے دلدار جو
روگیوں تے روگ ٹلے بھوگیوں تے بھوگ ٹلے — جوگیوں تے جوگ ٹلے کامیوں تے نار جو
پربت سے سیس وٹلے دھن سے کبیر ٹلے — دن کا بھی پھیر ٹلے ہو بڑا ہزار جو
لیکن (اے) شہریار ناتو یہ اعتبار — ٹلے نہیں ہو نہار ہووے ہو نہار جو

سُندر داس ایک ڈھوسر بنیے پرمانند نامی کے گھر ۱۵۹۶ء میں بمقام دوسہ ریاست جے پور پیدا ہوئے۔ جس وقت دادو دیال دوسہ آئے ہیں اُن کی عمر چھ سال کی تھی۔ یہ اسی وقت سے ان کے چیلے ہو کر ساتھ ساتھ رہنے لگے۔ کاشی میں تیس سال کی عمر تک (۱۹ برس) سنسکرت، ویدانت اور پُران پڑھتے رہے۔ سنسکرت کے علاوہ ہندی، فارسی، گجراتی، مرواڑی وغیرہ زبانیں بھی خوب جانتے تھے۔ ۱۶۳۵ء میں ایک اور سادھو کے ساتھ فتح پور (شیخاواٹی) چلے گئے اور وہیں رہ پڑے۔ فتح پور کے نواب الف خان، دولت خان اور بہادر خان سے ان کی اچھی رسم و راہ تھی۔ الف خان بھی بھاشا کے شاعر تھے۔ سندر داس فن شاعری کے ماہر تھے۔ انھوں نے ویدانت پر اچھے شعر کہے ہیں۔ ان کی مختصر تصنیفات کی تعداد ۴۰ سے اوپر ہے۔ ۱۶۸۹ء میں بمقام سانگانیر (جے پور) انتقال کیا۔ ان کے کلام ریختہ کا نمونہ یہ ہے:

سُندر جو غافل ہوا تو وہ سائیں دُور — جو بندہ حاضر ہوا تو حاضر آن حضور

سُندر اندر پیس کر دل میں غوطہ مار — تو دل ہی میں پائیے سائیں سرجن ہار
سُخن ہمارا مانیے مت کھوجے کہوں اور — سائیں سینے بیچ ہے سندر سدا حضور
سُندر دل کی سیج پر عورت ہے ارواح — اس کو جاگیا چاہیے صاحب بے پرواہ

لوک داس کڑا ضلع الہ آباد کے رہنے والے ۱۵۷۴ء میں سُندر داس کے یہاں پیدا ہوئے جو فات کے کلڑ کھتری تھے۔ لوگ بن میں کمبل بیچتے گاؤں گاؤں پھرا کرتے تھے۔ کچھ عرصے کے بعد بھگوت گیتا کا ورد شروع کیا۔ دُور دُور تک شہرت پھیلی اور لوگ زیارت کو آنے لگے۔ یہ دراوڑ دیس کے جماتا تھل داس کے چیلے تھے۔ انھوں نے ۱۶۸۲ء میں ۱۰۸ سال کی عمر پا کر انتقال کیا ہے۔ کڑا (الہ آباد) جے پور، گجرات، پٹنہ، کالپی، نیپال، کابل، ملتان اور جگناتھ پوری میں ان کے پنتھ کی خاص گدیاں رہی ہیں۔ نمونۂ کلام یہ ہے:

اجگر کرے نہ چاکری پنچھی کرے نہ کام — داس ملوکا کہہ گئے سب کے داتا رام

تیرا میں دیدار دوانا
گھڑی گھڑی تجھے دیکھنا چاہوں شہ صاحب رحمانا

ہوا الست خبر نہیں تو کی پیا پریم پیالہ
ٹھاڑا ہوں تو گر پڑا تیرے رنگ متوالہ
کہیں لوک اب قضا کر ہوں ول ہی سوہن دل لایا
مجھے حق ہتے میں دیکھیا پورا مرشد پایا
جہاں جہاں پچھا پھرے تہاں تہاں پھرے گھنگھے
کہیں لوک جہاں سنت جن ہتاں دیا جائے

شوامی کے معاصر تکارام کے ابھنگ بھی اردو زبان کا اچھا نمونہ پیش کرتے ہیں۔ ان کے ابھنگوں کی تعداد پانچ چھ ہزار کے قریب بتائی جاتی ہے۔ یہ مہاراشٹر کے باشندے اور ذات کے شودر تھے۔ سن ۱۶۰۸ء میں پونا کے قریب ایک گاؤں دیہو نامی میں ان کی پیدائش ہوئی۔ تجارت ان کا ذریعۂ معاش تھی۔ ایک بار ایسا اتفاق ہوا کہ قحط میں قحط پڑ گیا اور ساتھ ساتھ ان کے کاروبار میں بھی خسارہ آیا۔ اسی عالم مفلسی و بے کسی میں ان کی بیوی نے طاقوں سے ایڑیاں رگڑ رگڑ کر جان دے دی تو تکارام کا دل دنیا سے اچاٹ ہو گیا اور سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر بھگت بن گئے۔ شوامی ان پر بڑا مہربان تھا۔ اس نے ایک بار انھیں برہمنوں کے مقام سے بھی بچایا تھا۔ ان کے کلام کا نمونہ یہ ہے:

کیا گاؤں کوئی سننے والا — دیکھیں تو سب جگ ہے بھولا
کیسو اپنے رام ہی ساتھ — جیسی ویسی کر رہیں بات
کہاں سے لاؤں دوسری بانی — دیکھے ایسے لوگ پرانی
گردھر لال جہاں کا بھولا — راگ کا نہیں جانت تو کا

سترھویں صدی عیسوی کے وسط میں تاج نامی کوئی مسلمان خاتون بھی گزری ہیں جو کرشن جی کی عقیدت مند تھیں۔ ان کے خاندان اور وطن کے متعلق علم نہیں ہو سکا ہے۔ ان کا کلام رنگیلا اور رسیلا ہے جس میں اردو کے ساتھ ساتھ پنجابی کے بھی کچھ الفاظ ملتے ہیں۔ اس سے گمان ہوتا ہے کہ ان کا تعلق سرزمین پنجاب سے ہوگا۔ نمونۂ کلام یہ ہے:

سنو سنو جانی میرے دل کی کہانی — تم دست ہی بھلائی جو نائی بھی سہوں گی میں
دیو پر جب لگائی میں ذرا جو بھلائی — تجھے کلہ کران ساڑے گنہ گہوں گی میں
سیاہ سلونا سرتاج سر کے دیے — تیرے نیہ داگ میں نداگ جو دھوں گی میں
سنسد کے کمار کرہاں تانڈی صورت پہ — تانڈ تالی پیارے سہندوانی جو رہوں گی میں

چھیل جو چھبیلا سب رنگ میں رنگیلا بڑا — چت کا اڑیلا کہوں ویرتوں سے نیارا ہے
مال گلے سوہے ناک موتی سیت سوہے — کان کوں ہے سو کنڈل مکت سیں دھارا ہے
دشٹ جن مارے ست جن رکھوالے تاج — چت ہت ہارے پریم پریت کر وارا ہے

نسعد جو کا پیارا جن کنس کو پچھارا وہ بندرابن وارا کرشن صاحب ہمارا ہے

اسی زمانے میں آگرے کے پنڈت چندر بھان برہمن کا نام بھی سامنے آتا ہے جو دارا شکوہ کے منشی تھے۔ پنڈت برج موہن دتاتریہ کیفی آبخانی کی تلاش کے مطابق برہمن کی یہ غزل "خدائے کس شہر اندر ہمن کو لائے ڈالا ہے" اردو کی پہلی غزل شمار کی جاتی ہے۔

۱۶۴۸ء کے آس پاس ایک اور شاعر دنے دجے نامی بھی گزرے ہیں جو سنسکرت کے بہت اچھے عالم تھے۔ ان سے ایک کتاب "دنے دواس" یادگار ہے۔ ان کا اردو کلام ملاحظہ کیجیے:

گھوڑا جھوٹا ہے رے تو مت بھولے اسوارا
توئے مدایہ لاگت پیارا انت ہوئیگا نیارا
چرے چیز اور ڈرے قید سول دبٹ چلے اٹارا
زین کسے تب سویا چاہے کھالے کو ہشیارا
توب خزانہ خرچ کھلاو دیو سب نعمت چارا
اسواری کا اوسر آوے گلیا ہوئے گنوارا
چھن تاتا چھن پیاسا ہوئے خزمت کراون ہارا
دوڑ دور جنگل میں ڈارے جھوٹے دھنی بچارا
کر دو چوکڑا چاتر چوکس دیو چابک دو چارا
اس گھوڑے کو دنے سکھاؤ جیون پاؤ بھو پارا

کل پتی مسر آگرے کے رہنے والے اور ذات کے برہمن تھے۔ ان کے والد کا نام پرش رام مسر تھا۔ ان کا سال ولادت ۱۶۲۰ء اور عہد تصنیف ۱۶۷۰ء بتایا جاتا ہے۔ ریاست جے پور کے راجا رام سنگھ کے یہاں رہتے تھے۔ سنسکرت کے اچھے عالم تھے اور فن شعر گوئی میں بڑی بصیرت رکھتے تھے۔ ان کی کھڑی بولی کا چند ملاحظہ کیجیے:

ہوں میں مشتاق تیری صورت کا نور دیکھ دل بھرپور ہے کہنے جواب سے
مہر کا طالب فقیر ہے مہربان چاتک جیون جیوتا ہے سوات دارے آب سے
تو تو ہے دانی یہ خوبی کا خزانہ تسے کھول کیوں نہ دیجے سیر کیجے تو اب سے
دیر کی تو آب جان ہوتی ہے کباب بول حیاتی کا آب بولو کچھ مہتاب سے

مہاتما گری داس ریاست کشن گڑھ (راجپوتانہ) کے راجا بلبھی فرقے کے گوسوامی رنچھور داس جی کے چیلے اور کرشن جی کے بھگت تھے۔ انھوں نے ۱۶۷۳ء میں برج میں انتقال کیا ہے۔ یہ سنسکرت، فارسی، کھڑی بولی اور ڈنگل کے طالب علم تھے اور گجراتی، پنجابی اور گڑھوالی زبانوں سے بھی واقفیت رکھتے تھے جیسا کہ ان کی تصنیفات سے معلوم ہوتا ہے۔ ان کی کھڑی بولی کا نمونہ یہ ہے:

اس عشق کے مضامین کرنا بیان کیا ہے پھر چشم ہو کیا ہی شاعر زبان کیا ہے

عشق اس کی جھلک ہے جیوں سورج کی دھوپ جہاں عشق تہاں آپ ہے قادر نادر روپ

آیا عشق پیٹ میں کھائی چشم چھپیٹ سو ہی آیا خلق میں اور پھر یہی سب پیٹ

۱۸۰۰ء کے آس پاس بھاسی (یوپی) میں ایک مسلمان شاعر رس رنگ ہی گزرے ہیں۔ یہ بزرگ برج بھاشا اور کھڑی دونوں زبانوں میں شاعری کرتے تھے۔ ان کی کھڑی بولی کا نمونہ یہ ہے:

تیرے محب بانکے نے چشم کی چوٹ ماری ہے کھڑا ہے سامنے ہی میں ذرا نہیں پلک ٹاری ہے
جلایا انھیں نے مجھ کو جنھوں یہ گھانس ماری ہے تڑپت کدہی نہ جیتا بچھوا درد بھاری ہے

بھردھر داس آگرے کے باسی اور وفات کے بعد ایک شاعر ہوئے ہیں جنھوں نے ۱۸۲۴ء میں جیمنی اشٹک نامی ایک کتاب بھی تصنیف کی تھی۔ یہ برج بھاشا کے ساتھ ساتھ کھڑی بولی میں بھی شعر کہتے تھے۔ ان کے کلام کا نمونہ یہ ہے:

جوگی تو جنگم سے بڑا وہ لال کپڑے پہرتا اس رنگ سے محرم نہیں کپڑے رنگے سے کیا ہوا
پرتھی کے پترا بانچتا گھر گھر کتھا کہت پھرے نج برہم کو چینا نہیں برہمن ہوا تو کیا ہوا

سیتل ایک مشہور مہنت تھے جو ہردوئی شاہ آباد کے قریب کسی گاؤں کے رہنے والے تھے۔ ان کا عہد ۱۸۳۳ء کے لگ بھگ کہا جاتا ہے۔ انھوں نے ایک پوری کتاب کھڑی بولی میں لکھی ہے جس کے تین حصے ہیں۔ گلزار چمن، آنند چمن اور بہار چمن۔ اس کتاب میں مختلف موضوعات پر ۱۵۰ چھند ہیں۔ سیتل برج بھاشا، فارسی اور سنسکرت کے علاوہ جوتش کے بھی ماہر تھے۔ ان کا کلام جوشیلا اور تشبیہات و استعارات سے مرصع ہے۔ انھوں نے بڑے بڑے تلخ اندیشے ہیں اور مدحت سخا کے ساتھ ساتھ تخیل کی بلند پروازی بھی دکھائی ہے۔ ان کے کلام سے تین چھند درج کیے جاتے ہیں:

گو سرد چند پر ٹھیر گیا جب فی کے بوند پسینے کا
یا کندن کمل کلی اوپر جھلکا ہٹ رنگ بینے کا
دیکھے سے ہوش کہاں رہوے جو پہ رہو کل سینے کا
یا اصل بدنشاں پر کھینچا چوکا الماس نگینے کا

ہم غب طرح سے جان گئے جیسا آنند کا کند کیا
سب روپ سیل گن تیج پنج تیرے ہی تن میں بند کیا
تجھ حسن پربھا کی باتی سے پھر بدھ نے یہ فرفند کیا
چمپک دل سوں جو بی نرگس چامی کر چیلا چند کیا

چندن کی چوکی چار پڑی سوتا تھا سب گھن جٹا ہوا
چوکے کی چمک ادھر ہنس ناب داڑم پھٹا ہوا
ایسے میں گرھن سے ستیل اک خیال بڑا اٹ پڑا ہوا
بہتل نے نجم نجم تے اونی انگ اچھلنٹ کا ٹا ہوا

اب ہم قدمائے دہلی کے دور میں داخل ہو چکے ہیں اس لیے مزید نمونے پیش کرنے کی حاجت نہیں ہے بلکہ اردو زبان کے قدیم ادب پر ایک سرسری نظر ڈال کر اس کی چند خصوصیات کو واضح کر دینا ضروری ہے۔

(۱) یہ تمام سرمایہ دیوناگری لپی میں لکھا ہوا ملتا ہے جس کے گنجلک جتنے مزید تحقیق و تلاش سے صاف ہو سکتے ہیں اور غلطیاں بھی تقابل اور موازنے سے دور کی جا سکتی ہیں بلکہ مجھے یقین ہے کہ اس طرح ہمیں مندرجہ بالا نمونوں سے بھی بہتر نمونے مل جائیں گے اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ممکن ہے کہ تلاش و جستجو سے ایرانی لپی کے بھی کچھ نمونے دستیاب ہو جائیں لیکن ان کی تعداد نسبتاً بہت کم ہوگی۔

(۲) یہ سرمایہ بیشتر منظومات پر مشتمل ہے جس میں دیسی یعنی پنگل کے عروض سے کام لیا گیا ہے اور اقسام نظم کے نام بھی دیسی ہیں مثلاً دوہا، سوریا، چوپئی، چھپئی وغیرہ۔ البتہ کہیں کہیں بعض شعرا نے ایرانی اوزان بھی استعمال کیے ہیں جو یقیناً ایرانی ادب کے بڑھتے ہوئے اثرات کا ثبوت دے رہے ہیں۔

(۳) چونکہ شعرائے مذکورہ بالا میں زیادہ تعداد بھگتوں اور سنتوں کی ہے اس لیے نمونوں کا بیشتر حصہ بھی درویشانہ اور صوفیانہ خیالات سے مملو ہے جس میں اشتراکی امتیاز، رسم پرستی اور نمائشی زہد و اتقا سے بیزاری کا اظہار کیا گیا ہے اور دنیا کی بے ثباتی کے پیش نظر عمل صالح، مساوات اور انسان دوستی کی تعلیم دی گئی ہے لیکن عام شعرا کے یہاں دوسرے موضوعات بھی ملتے ہیں جن میں عشق حقیقی کے ساتھ ساتھ عشق مجازی کی چاشنی بھی پائی جاتی ہے بلکہ کرشن بھگتی کے پردے میں تو شعرا نے حسن و عشق کی جملہ واردات کر سنائی ہیں اور ہجر و وصال، سراپا نگاری، معاملہ بندی، درد و غم وغیرہ کے تمام مرقعے کھینچ دیے ہیں۔ تحقیق سے ایسے نمونوں میں بھی کافی اضافہ ہو سکتا ہے۔

(۴) بھگتوں کی زبان سدھکڑی ہے جس میں ہندوستان کی مختلف بولیوں کے تانے بانے گتھے ہوئے ملتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ

ہندی مصنفین بھگتی تحریک کے علمبردار تھے جو مختلف علاقوں سے آئے تھے اور جنہوں نے اپنے اپنے عقائد و نظریات کے پرچار کے لیے جگہ جگہ کی یاترائیں کیں اور ہر زبان کی بولیوں کے الفاظ اپنی تبلیغی نظموں میں اس لیے شامل کیے کہ ان کا پیغام عوام کی سمجھ میں آجائے لیکن عام شعرا کے یہاں برج بھاشا کا اثر زیادہ ہے۔ اس کے علاوہ دیوناگری لپی میں لکھی جانے والی دوسری زبانوں کی طرح اس ادب میں بھی سنسکرت کے کافی الفاظ ملتے ہیں جس کا سبب مذہبی وابستگی کے سوا اور کچھ نہیں البتہ عربی فارسی الفاظ جو اس کے بعض حصوں میں کم اور بعض شعرا کے یہاں زیادہ نظر آتے ہیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ مسلمانوں کی زبانوں کا اثر یہاں کے عوام پر ابتدا ہی سے پڑ چلا تھا جو بڑھتے بڑھتے ادیبوں اور انشا پردازوں تک جا پہنچا۔

(۵) زبان کی بحث ہمیں ریختے تک لے جاتی ہے۔ "ریختہ" کے لغوی معنی گری پڑی پریشان چیز کے ہیں۔ فن تعمیر کی اصطلاح میں ریختہ گچ کو کہتے ہیں جو پسے ہوئے کنکر اور چونے کے ملانے سے تیار ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ ہندوستانی اور ایرانی سُروں کو ملا کر جو موسیقی تیار ہوتی ہے اسے بھی ریختہ کہتے ہیں۔ ادب میں ریختہ کا لفظ نظم کے لیے استعمال ہوا ہے جس کی مختلف قسمیں میر تقی میر نے اپنے تذکرے میں تفصیل سے بیان کی ہیں۔ مختلف ادوار کے ریختے دیکھنے سے پتا چلتا ہے کہ یہ لفظ صرف مسلمانوں کی شاعری ہی سے مخصوص نہ تھا بلکہ ریختے تو بہت سے ہندوؤں کے یہاں بھی ملتے ہیں۔ میں نے کبیر داس، رے داس، داد و دیال، غریب داس وغیرہ کے ریختوں کے مخطوطے دیکھے ہیں جن سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ریختے کی تعریف میں لپی یا اوزان کی کوئی پابندی نہیں ہے کیونکہ ریختے دیوناگری لپی میں بھی لکھے گئے ہیں اور پنگل کی بحروں میں بھی۔ البتہ ریختہ دوسری عام نظموں سے صرف زبان کے معاملے میں مختلف ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے ریختہ اس نظم یا شعر کو کہتے ہیں جس کی زبان اُردو (کھڑی بولی) ہو اور اس میں عربی فارسی کے کچھ الفاظ بھی استعمال کیے گئے ہوں۔ اب اگر اس ادبی یا لسانی اصطلاح کو فن تعمیر اور فن موسیقی کی اصطلاح سے ملا کر دیکھا جائے تو لفظ ریختہ کے معنی مرکب یا آمیزے کے نکلتے ہیں جس کا فارسی معنی گری پڑی پریشان چیز سے کوئی تعلق نہیں اور اس لیے لفظ ریختہ کو ان معنوں میں خالص دیسی لفظ "ریختا" کی تفریس سمجھنا چاہیے۔

اُردو زبان کے مندرجہ بالا نمونوں سے یہ بات بالکل واضح اور صاف ہو جاتی ہے کہ اُردو کا جو قدیم ادب ہماری تاریخوں میں ملتا ہے اس سے پہلے پہلے کا ادب دستیاب ہو سکتا ہے اور ہماری زبان اور ہمارے ادب کی تاریخ میں جو تین سو سال کا خلا ہے اسے بیجاپوری زبان کے ادب سے پُر کرنے کے بجائے خود اُردو زبان کے ادب سے ہی پُر کیا جا سکتا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ اس کام میں محنت تو بہت اور جانفشانی درکار ہے کیونکہ یہ سرمایہ مخطوطات اور مطبوعات کی صورت میں جا بجا بکھرا ہوا پڑا ہے لیکن اسے یکجا کرنا دراصل ادب کا اہم فریضہ بھی ہے۔ وما علینا الا البلاغ۔

اس مضمون کی تیاری میں جن کتابوں سے مدد لی گئی ہے ان کے نام درج ذیل ہیں۔

۱۔ ہندی ساہتیہ کا دوسرا اتہاس مرتبہ سوریہ کانت۔

۲۔ ہندی ساہتیہ کا اتہاس ۔ رام چندر شکل
۳۔ مشر بندھو ونود حصہ اول مرتبہ مشر بندھو
۴۔ ہندی کے مسلمان کوی ۔ گنگا پرشاد سنگھ
۵۔ سنت ساہتیہ ۔ بھونیشور ناتھ مسر
۶۔ اشٹ چھاپ ۔ دھیریندر ورما
۷۔ دادو دیال کی بانی مرتبہ پنڈت شری دھرشنولال جی
۸۔ مہاتما کبیر ۔ ہری اوس دویدی۔
۹۔ گرو گرنتھ صاحب ۔ (گورمکھی)
۱۰۔ تذکرہ جلوۂ خضر حصہ اول ۔ صفیر بلگرامی ۔

مشترک الفاظ

رشید حسن خاں

اردو میں 'مشترک الفاظ' خاصی تعداد میں ہیں۔ مشترک الفاظ سے وہ لفظ مراد ہیں جن کی تذکیر و تانیث میں اختلاف ہے۔ یہ اختلاف کئی طرح کا ہے: کچھ لفظ دہلی لکھنؤ کے دبستانی اختلاف کے تحت آتے ہیں کہ دہلی والے مذکر استعمال کرتے ہیں اور لکھنؤ والے مونث، یا اس کے برعکس۔ کچھ لفظوں کی صورت یہ ہے کہ ایک ہی دبستان کے کچھ لوگ مذکر کہتے ہیں، کچھ لوگ مونث۔ یہ بھی ہے کہ ایک ہی استاد نے ایک لفظ کو کبھی مذکر نظم کیا، کبھی مونث۔ ایک صورت یہ بھی ہے کہ ایک لفظ ایک زمانے میں مذکر تھا بالاتفاق، رفتہ رفتہ اس کی تانیث کی طرف رجحان بڑھتا گیا، اور اب وہ بالعموم مونث بولا جاتا ہے۔ لیکن لغات میں یا دوسری متعلقہ کتابوں میں یہ تفصیل موجود نہیں۔

ہمارے یہاں ایک بڑی کمی یہ بھی ہے کہ مختلف لغات میں مختلف قول ملتے ہیں۔ یہ اختلافات کبھی تو اپنے مکتبۂ خیال کی طرفداری کا نتیجہ ہوتے ہیں، اور کبھی عدم تحقیق کا۔ صاحب شعر کے قاعدوں اور تلفظ کے مسائل میں بھی سب سے بڑی دقت یہی ہے کہ عموماً لغات میں نقل قول پر بھروسہ کیا گیا ہے۔ بہت سے الفاظ ایسے ملیں گے جن کی تذکیر و تانیث کا یقینی شرح میں نہیں ہو سکا۔ استعمال میں دونوں طرح آتے رہے۔ کچھ دنوں کے بعد کسی نے ایک صورت کو قبول کر لیا، کسی نے دوسری صورت کو۔ نتیجہ یہ ہوا کہ کسی کتاب میں ایک قول کو ترجیح دی گئی، کسی میں دوسرے قول کو جگہ دی گئی۔ مخدومی ڈاکٹر عبدالستار صدیقی صاحب نے اس طرف نہایت خوبی کے ساتھ اشارہ کیا ہے:

> "جنس یا تانیث و تذکیر کا اختلاف ہر دور میں رہا ہے۔ اور یہ اختلاف مکان اور زمان دونوں پر مبنی ہے۔ بعض صورتیں ایسی بھی ہیں کہ زمان و مکان کا تفاوت نہیں، پھر بھی اختلاف موجود ہے۔ ایک ہی شاعر ایک لفظ کو کبھی مونث، کبھی مذکر کہہ جاتا ہے۔ بات یہ ہے کہ اردو نے مختلف اور متعدد زبانوں سے لفظ لیے ہیں۔ جب کوئی نیا لفظ آیا، اگر اس میں اردو کی رو سے کوئی علامت تانیث یا تذکیر کی نہ تھی، تو ایک مدت تک اس کی جنس متعین نہ ہو سکی۔ اور اسی لیے اکثر لفظوں کا فیصلہ آج تک نہ ہو سکا۔ جنس ہی کے متعین ہونے پر جمع کی صورت کا انحصار ہوا کرتا ہے۔ اسی لیے اردو میں جنس اور صرف، دونوں سیال حالت میں ہیں۔" (مقدمۂ کلیات ولی۔ طبع دوم۔ ص ۳۴)

ایک صورت یہ بھی ہے کہ ایک شاعر نے غلطی سے ایک جگہ کسی لفظ کو رواج عام کے خلاف مذکر یا مونث نظم کر دیا۔ اس استعمال کو قبول عام حاصل نہیں ہوا، لیکن بعض لغت نویسوں نے اس کو سند کے طور پر قبول کر کے اس لفظ کو مختلف فیہ الفاظ میں شامل کر دیا۔ ایسا بھی ہے کہ جن استاد کو یا کسی ایک شعر کو، کسی لفظ کی تذکیر یا تانیث کے لیے بطور سند پیش کیا گیا ان استاد کو یا اس شعر کو صرف بطور سند پیش ہی نہیں کیا جا سکتا تھا، بعض لفظ فنی کا کرشمہ تھا۔ لیکن اس سے ایک خطا اندراج کا اضافہ ہو گیا اور بعد والوں کے لیے دو

اختلافی مسئلہ بن گیا۔ ایسے الفاظ کا جائزہ ایک نہایت دلچسپ اور مفید کام ہوگا۔ ذیل میں ایسے کچھ الفاظ کو ضروری تفصیلات ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔ کوشش کی جائے گی کہ اس سلسلے کو جاری رکھا جائے۔ قسط اول میں ۶ لفظوں کو شامل کیا گیا ہے : ، صاد، آخوش، الاپ، ایجاد، اطلا۔

---

۱) آب :

یہ لفظ حقیقی معنی کے لحاظ سے پانی کا مرادف ہے اور بالاتفاق مذکر۔ مجازاً تاب اور آبداری کے معنی میں بھی مستعمل ہے ان معانی میں مونث ہے۔ اردو لغات میں بھی اس کو مونث ہی لکھا گیا ہے۔ لیکن جلال نے اپنے رسالۂ تذکیر و تانیث ، رالشعرا میں اس کو مختلف فیہ الفاظ میں شامل کیا ہے (اگرچہ مونث کو مرجح لکھا ہے) اور سند میں آتش کا ایک شعر اور ایک ع اور بحر کا ایک شعر پیش کیا ہے۔ جلال کی تقلید میں رشحات صغیر اور ارمغان احباب میں بھی اس لفظ کو مختلف فیہ لکھا گیا ہے۔ اور کی سند میں آتش کا وہی ایک شعر پیش کیا گیا ہے جس کو جلال نے درج کیا ہے ——— لیکن جلال کا یہ فیصلہ محل نظر ہے۔ نے مذکر کی سند میں حسب ذیل شعر پیش کیے ہیں۔ [انھوں نے آتش کے دوسرے شعر کا صرف مصرع ثانی لکھا ہے۔ مصرع اول اضافہ کیا گیا ہے] :

حکیم سید ضامن علی جلال لکھنوی متوفی ۱۹۰۰ء تذکرۂ کاملان رام پور) کا یہ قابل قدر رسالہ پہلی بار ۱۲۹۳ھ میں شائع ہوا تھا۔ اس وقت اس کا نام کارآمد شعرا تھا۔ جلال نے نظر ثانی کے بعد اس کو مفید الشعرا کے نام سے شائع کیا۔ اس رسالے کے کچھ مندرجات سے اختلاف کیا گیا ہے لیکن اس کو ہمیشہ قدر کی نگاہوں سے دیکھا گیا ہے اور مستند سمجھا گیا ہے۔ جلال کے سب سے بڑے مخالف مولوی سید ظہیر احسن شوق نیموی نے اس رسالے کے متعلق جو کچھ لکھا ہے اس سے اس کی اہمیت کا بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ انھوں نے مختلف رسائل تذکیر و تانیث کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے : "ان میں مفید الشعرا جناب جلال کی تالیفات سے ہے۔ ... یہ رسالہ باعتبار حجم اگرچہ چھوٹا ہے اور سند کے اشعار بھی بہت کم ہیں۔ مگر الفاظ اس میں سب رسالوں سے کہیں زیادہ ہیں۔ چونکہ اس کا مولف اہل اساتذۂ لکھنؤ سے ہے اور زبان حال لکھی ہے۔ اگرچہ بعض جگہ بمقتضائے بشریت فاحش لغزش بھی ہے، مگر پھر بھی اس کو ترجیح ہے کیونکہ دوسرے رسالوں کی بنا صرف تتبع پر ہے۔ زبان قدیم و جدید و شاذ وغیرہ کی کیفیت ان سے ظاہر نہیں ہوتی۔ رشحات صغیر میں اس کی کوشش کی گئی ہے۔ مگر وہ بات جو مفید الشعرا میں ہے نہیں۔" (حاشیہ رسالہ اصلاح ص ۲۱)

شیخ امداد علی بحر لکھنوی تلمیذ ناسخ (تذکرۂ نادر) "تحقیق الفاظ میں رشک کے بعد ناسخ کے شاگردوں میں یہی ممتاز تھے" (آب بقا ص ۱۴۲) ان کا مطبوعہ دیوان موجود ہے جس کا نام ریاض البحر ہے۔ قواعد زبان و لغت پر مشتمل ایک رسالہ بھی مرتب کیا تھا جس کا مخطوطہ رضا لائبریری رام پور میں محفوظ ہے۔ راقم الحروف نے اس قابل قدر رسالے کو مجلۂ اردو ادب (علی گڑھ) کے شمارہ ۱۹۶۳ء میں شائع کرا دیا ہے ——— کتابوں میں بحر کا سال وفات ۱۲۷۳ھ لکھا ہوا ہے۔ غالباً سب سے پہلے صغیر بلگرامی نے

لطف ہے یہ یا الٰہی مے کشوں کو مت ملے | کیا گہر کی قدر، جب آب گہر جاتا رہا (آتش)
جب ملا ہے یار تو ہے اُنت پیسا | ڈوبوں گا میں ڈوبے گا آب گہر مجھے (۰)
جب کہ بھے زندگی، مرنا نہ شمشیر یار | اپنے حق میں آب حیوان آب آہن ہو گیا (تجر)

اس سلسلے میں کئی باتیں قابل توجہ ہیں:

(۱) آب، بمعنی تاب و آبداری، مونث ہے۔ لیکن جب یہ مرکب ہو جیسے آب گہر، آب آہن، آب تیغ وغیرہ، اور اس کو مذکر استعمال کیا جائے، تو وہاں درحقیقت آب حقیقی سے استعارہ ہوتا ہے۔ لفظ آب کے مجازی معنی (آبداری) مراد نہیں لیے جاتے۔ ایسے مقامات پر آب حقیقی کے لوازم مذکور ہوتے ہیں۔ اس لیے ان مرکبات کو مذکر استعمال کیا جائے گا۔ اس سے مفرد لفظ آب کی تانیث پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ جیسا کہ امیر مینائی نے لکھا ہے:

"شعرا، جب آب گہر یا آب تیغ کو مذکر باندھتے ہیں، تو وہ آب حقیقی سے استعارہ ہوتا ہے۔ اور لوازم آب حقیقی کے ثابت کرتے ہیں۔ جیسا کہ تجر کے اس شعر میں، کٹوں تک یا گلو تک ہوا، آب حقیقی کے لوازم سے ہے۔ ؎ کٹے کٹواتے ہیں میرے، باڑھ پہ ہے آب تیغ ٭ آج گلوں تک ہوا، کل تا گلو ہو جائے گا۔" (امیر اللغات ص ۱۳)

آتش کے شعر ثانی اور تجر کے شعر میں، آب آہن اور آب گہر کی یہی صورت ہے، کہ معمولی شعرا کے مطابق، دونوں جگہ آب حقیقی سے استعارہ کیا گیا ہے اور آب حقیقی کے لوازم موجود ہیں۔ اس لیے ان اشعار کو مفرد لفظ آب کی تذکیر کی سند میں کسی طرح نہیں پیش کیا جا سکتا۔

جلوۂ طور میں اس سنہ کو لکھا ہے۔ بعد کو اسی کو نقل کیا جاتا رہا۔ امیر مینائی کے ایک شاگرد، مولوی مہدی علی خاں ممتاز رام پوری نے ایک مجموعہ قطعات تاریخ وفات مرتب کیا تھا۔ جس کا مخطوطہ رضا لائبریری رام پور میں محفوظ ہے۔ اس کا نام تاریخ لطیف ہے۔ اس میں امیر کا کہا ہوا قطعۂ تاریخ وفات تجر موجود ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا انتقال ۱۲۹۶ھ میں ہوا تھا۔ اس قطعے کا شعر آخر یہ ہے ؎ ساختم فکر بتاریخ وفاتش چو امیر ٭ گفت دل "تجر بیک موج بکوثر رسید" ۱۲۹۶ یہ واضح رہے کہ امیر کا انتقال ۱۲۹۶ھ میں ہوا ہے۔

ع سید فرزند احمد سفیر بلگرامی، متوفی ۱۲۹۰ھ (تلامذۂ غالب) کی معروف تالیف میرے پیش نظر اس کا وہ ایڈیشن ہے، جو سفیر کی نظر ثانی کے بعد مطبع احمدی پٹنہ سے شائع ہوا تھا۔ آئندہ اس کتاب کے لیے صرف لفظ مثنوی استعمال کیا جائے گا۔

ع مولوی منشی قادر علی صفی پوری، ملازم ریاست بھوپال، مطبع شاہجہانی بھوپال میں ۱۲۹۱ھ میں چھپا تھا۔ اچھا خاصا رسالہ ہے۔ البتہ تحقیق سے نسبتاً کم کام لیا گیا ہے۔ آئندہ اس کے لیے لفظ ارمغان لکھا جائے گا۔

(۲) آتش کے پہلے شعر میں "آبِ گہر" ضرور اس طرح آیا ہے کہ اس کے سوا کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ یہاں اُن سے تسامح ہوا۔ اور اُنھوں نے بے خیالی میں "آبِ گہر" کو اس طرح نظم کر دیا جیسے آبِ حقیقی سے استعارہ کیا گیا ہو۔ حالانکہ یہاں لفظِ آب مجازی معنی میں آیا ہے۔ اس خیال کی تائید کئی طرح ہوتی ہے:

(الف) آتش کے کلیات میں، زیرِ بحث شعر کے علاوہ، جہاں بھی یہ لفظ بہ ترکیب آیا ہے، آبِ حقیقی کے لوازم کے ساتھ آیا ہے۔ مثلاً:

کلیاں آبِ گہر کی بھی جو خوشہ و کرتے	تیرے دانتوں کی نہ دانتوں میں صفائی ہوتی	(کلیات نولکشور پریس ص ۳۲۳)
ہمارے اشک کے قطرے ہیں حاصل آبِ گوہر سے	بھرا چاہے جو پانی دو ہم چاہِ زنخداں میں	(ص ۱۹۱)
رُوح کو تفریح اُن انتوں کے دیکھے سے ہوئی	آبِ گوہر سے، مرا دل کا صنوبر ہو گیا	(ص ۱۰)
الٰہی بازوِ قاتل میں زورِ دستِ قدرت دے	روانی ہے اسی کے دم سے آبِ خشک خنجر میں	(ص ۱۸۹)

(ب) آتش نے مفرد لفظ آب کو (مجازی معنی میں) مذکر نظم نہیں کیا۔ البتہ ایک جگہ مونث ضرور نظم کیا ہے۔ وہ شعر یہ ہے:

جائے ہر مُوئے تن اے کاش میں گردن رکھتا — آب ابرو کے ہر اک بال میں تلوار کی تھی (ص ۲۶۸)

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آتش درحقیقت اس کی تانیث کے قائل تھے۔

(ج) آتش اور اُن کے تلامذہ کے یہاں (زیرِ بحث شعر سے قطع نظر کرتے ہوئے) آبِ گہر (موتی کی آب کے معنی میں) کہیں مذکر نظم نہیں ہوا ہے۔ البتہ تانیث کی مثال مل سکتی ہے۔ مثلاً:

چاہیے انسان کو بھی پاسِ حفظِ آبرو — یاد رکھے، جائے پھر آبِ گہر ملتی نہیں

رند (دیوان نولکشور پریس ص ۱۸۴)

(د) آتش کے زیرِ بحث شعر کو، مفرد لفظ آب کی تانیث کی سند کے طور پر، جلال اور اُن کی تقلید میں مولف ارمغان کے سوا کسی نے تسلیم نہیں کیا۔ نہ "آبِ گہر" کی تانیث کی سند میں قبول کیا بلکہ سب نے یہ صراحت کر دی ہے کہ آتش نے یہ خلافِ جمہور کہا ہے۔ صفیر بلگرامی، جنھوں نے جلال کی تقلید میں اس لفظ کو مختلف فیہ لکھ دیا ہے، لکھتے ہیں:

"یا بعض الفاظ جن میں سب شعرا و فصحا متفق ہیں۔ مگر ایک دو شاعروں نے اُن کے خلاف باندھا۔ تو ہم کو جمہور کی تقلید کرنی ہوگی۔ جیسے آبِ گہر، کہ جو قواعد کی رو سے بھی مونث ہے اور فصحا کا برتاؤ بھی یہی ہے! اُس کو آتش مذکر باندھ گئے ہیں۔" (ارشادات ص ۲۹)

شوق نیموی نے رسالہ اصلاح میں "آبِ معنی آبداری کو" مونث لکھ کر، لکھا ہے:

---

* مولوی سید نصیر حسن شوق نیموی عظیم آبادی۔ تلمیذ شفا دہلوی۔ اپنے زمانے کے نہایت معروف اہلِ علم میں تھے۔ جلال کے سب سے بڑے حریف تھے۔ کئی رسالے ان کے رد میں لکھے ہیں۔ متوفی ۱۷ رمضان ۱۳۲۶ھ۔ "شوق سخنور" مادۂ تاریخ وفات ہے۔ ان کی مثنوی "سوز و گداز" کے آخر میں قطعاتِ تاریخ بھی شامل ہیں۔ ایک قطعہ میں ان کی تصانیف کے نام بھی ہیں۔ (مثنوی سوز و گداز مطبوعہ

"جلالؔ نے جس کو مذکر استعمال کیا ہے، وہ جمہور شعرا کے خلاف ہے" (ص ۲۱)

یہ درحقیقت ایراد ہے جلالؔ کے اس قول پر کہ یہ لفظ "الفاظِ مشترک" میں سے ہے ——— اسی ذیل میں شوقؔ نے مزید لکھا ہے: "ہاں جہاں پانی کی رعایت کی گئی ہو، وہاں مذکر بھی استعمال کرنا درست ہے" ——— اور مثال میں ناسخؔ کا ایک مصرع اور تجرؔ کا وہی شعر لکھا ہے، جس کو جلالؔ نے آب بمعنی آبداری کی تذکیر کی سند میں پیش کیا ہے ——— یہ بھی درحقیقت ایراد ہے اس پر کہ جلالؔ نے سند میں یہ شعر پیش نہیں کیا اور "لوازم آب حقیقی" والے نکتے تک اُن کی نظر نہیں پہنچی۔

مؤلف "معین الشعرا" نے "آب بمعنی آبداری" کو "مؤنث" لکھ کر حاشیے میں لکھا ہے:

"خلاف جمہور کے ایک جگہ آتشؔ نے مذکر بھی لکھا ہے"

اور آتشؔ کے زیرِ بحث شعر کو درج کیا ہے۔

(ر) تجرؔ کا جو شعر جلالؔ نے مذکر کی سند میں درج کیا ہے، جیسا کہ اُوپر لکھا جا چکا ہے، اُس کو لفظ آب کی تذکیر کی سند میں نہیں پیش کیا جا سکتا۔ نہ جلالؔ کے سوا کسی نے اس کو پیش کیا ہے۔ اس ضمن میں یہ بات خاص طور سے قابلِ ذکر ہے کہ تجرؔ نے ہر جگہ آب (بمعنی آبداری) کو مؤنث ہی نظم کیا ہے۔ اُن کے دیوان میں ایک شعر بھی ایسا نہیں ہے، جس میں یہ لفظ بہ تذکیر آیا ہو۔ مؤنث کی چند اسناد درج کی جاتی ہیں:

جو آب آئنے کی جائے، ہم معتبر ہوں ——— وہ کون ہیں جو اسی کی ہیں آبرو لیتے (دیوان، ص ۲۰۰)

مثانی موتیوں کی آب اس کے دہان نے ——— اُڑا دیا لب جلیں نے رنگ لالوں کا (ص ۱۴)

گردوں ہے پیتے، زہر و چنو پیالے ——— ایک قطرہ ہے، موتی کی آب ہوگا (ص ۲۰)

نیز اُن کے دیوان میں آب گہر یا اس نوع کا کوئی مرکب، جس میں آب حقیقی سے استعارہ نہ ہو بلکہ آبداری کے معنی مراد ہوں، مذکر نظم نہیں ہوا ہے۔

(س) اُردو کے کسی لغت نگار نے لفظ آب بمعنی آبداری کو مذکر نہیں لکھا، سب نے صرف مؤنث لکھا ہے۔ نیز آب گہر، آب آہن، آب تیغ جیسے مرکبات کو، جن میں آبداری کے معنی ہوں، صرف مؤنث لکھا ہے۔ اسی طرح جن رسائل تذکیر و تانیث کا ذکر آ چکا ہے،

---

(۱) نظامی پریس پٹنہ، ان کا رسالہ اصلاح اس زمانے میں خاصا مقبول ہوا تھا۔ میرے پیش نظر وہ ایڈیشن ہے جس کو مولانا حسرت موہانی نے اُردو پریس علی گڑھ سے شائع کیا تھا۔ دراصل ان کے دو رسالوں کا مجموعہ ہے۔ ایک فارسی رسالہ ازاحۃ الاغلاط، جو لغت کے موضوع پر ہے۔ دوسرا اصلاح، جس میں مختلف قواعد زبان درج کئے گئے ہیں۔ کارآمد رسالہ ہے۔

(۲) مولفہ منشی غلام حسین آفاق بنارسی، تلمیذ جلیل مانکپوری۔ متوفی ۲ دسمبر ۱۹۳۲ء (مقدمۂ معین الشعرا) تذکیر و تانیث کے موضوع پر غالباً سب سے ضخیم کتاب ہے۔ بلکہ اچھا خاصا لغت ہے۔ اسناد کے ساتھ ساتھ ہر لفظ کے اعداد بھی لکھ دیے ہیں۔ یہ کتاب مؤلف کے انتقال کے بعد صدیق بکڈپو لکھنؤ سے شائع ہوئی۔ سال طبع درج نہیں۔ سنہ تکمیل تالیف ۱۳۵۰ھ ہے۔ اچھی علمی کتاب ہے۔

اُن کے علاوہ دُوسرے قابلِ ذکر رسائل میں بھی مفرد لفظ آب یا اس کے مذکورہ مرکبات کو صرف مونث لکھا گیا ہے۔ مثلاً رسالۂ بسیط[1]، رسالۂ جلیل[2]۔

مختصر یہ کہ مفرد لفظ آب بمعنی تاب و آبداری متفق علیہ مونث ہے۔ اس کے مرکبات، جن میں آب حقیقی سے استعارہ ہو، مذکر آتے ہیں۔ جن میں آبداری کا مفہوم ہو، وہ مونث آتے ہیں۔ آتش کے ایک شعر کی حیثیت شاذ کی ہے۔ یہ آتش کا تسامح ہے۔ اس لیے اس شعر کی بنا پر، اس لفظ کو مختلف فیہ الفاظ میں شامل نہیں کیا جا سکتا۔ جلال نے آتش و تجر کے جو دو اور شعر اس کی تذکیر کی سند میں پیش کیے ہیں، یہ جلال کا تسامح ہے۔ ان اشعار میں ایسے دُوسرے اشعار کی طرح آب حقیقی سے استعارہ کیا گیا ہے اس لیے ان کو آب بمعنی آبداری کی بحث میں پیش ہی نہیں کیا جا سکتا۔

صاد :

عربی کے حروفِ تہجی میں چودھواں حرف ہے۔ آنکھوں کو بھی اس سے تشبیہ دیتے ہیں۔ صحیح یا منظور ہونے کی علامت بھی ہے۔ ان سارے معانی میں اس کو مذکر استعمال کیا گیا ہے۔ اسناد لغات میں موجود ہیں۔ لیکن ایک غلط فہمی کی بنا پر اس کو بھی مشترک الفاظ میں شامل کر لیا گیا۔ معلوم نہیں اس غلط فہمی کا آغاز کس سے ہوا۔ البتہ یہ معلوم ہے کہ بیشتر ارباب لغات و رسائل اس میں مبتلا ہوئے۔ ایک ایسے شعر سے اس کی تانیث پر استدلال کیا گیا، جس کو تانیث کی سند میں ہرگز نہیں پیش کیا جا سکتا تھا۔ لیکن "نقلِ قول" کو کیا کہا جائے کہ رفتہ رفتہ اس کا مختلف فیہ ہونا مسلّم ہو گیا۔

جلال نے مفید الشعراء میں، اس کو صرف مذکر لکھا ہے اور یہ بالکل صحیح ہے۔ صاحب فرہنگ آصفیہ نے اس کو "اسم مذکر و مونث" لکھ کر مثال میں مثنوی گلزارِ نسیم کا یہ شعر لکھا ہے :

صاد آنکھوں کی دیکھ کر پسر کی ۔۔۔ بینائی نے جیسے پر نظر کی

اور اس شعر کے نیچے مزید صراحت کی ہے کہ "تانیث کی مثال بھی اسی شعر سے ثابت ہے" ——— مولفین رشحات و نور اللغات

---

[1] یہ رسالہ غیر مطبوعہ ہے۔ اس کا مخطوطہ رضا لائبریری رام پور میں ہے۔ مولفہ آغا محسن علی عرف آغا جو ہندی لکھنوی ابن محمد علی خاں ابن نواب شجاع الدولہ (تذکرۂ انتخاب یادگار) یہ دربار رام پور سے متعلق تھے۔ یہ مخطوطہ فہرست کتب خانۂ ریاست کے بموجب مولف کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ اس میں الفاظ کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے (۱) مذکر (۲) مونث (۳) مشترک۔ مشترک الفاظ میں اس کی بھی صراحت کر دی گئی ہے کہ مولف کی رائے میں ترجیح کسے ہے۔ رسالے کا سال اتمام ۱۲۹۴ھ ہے۔ بعض اعتبارات سے خصوصاً مولف کی شخصیت کے لحاظ سے یہ رسالہ قابلِ ذکر ہے۔ ان کی متعدد تصانیف غیر مطبوعہ کتاب خانۂ رام پور میں محفوظ ہیں۔ ۱۳۱۳ھ میں انتقال ہوا (تاریخ لطیف) لکھنؤ میں غفران مآب امام باڑے میں قبر ہے (آب بقا)

[2] حافظ جلیل حسن جلیل ملیح آبادی (تلمیذ و جانشین امیر مینائی) کی تالیف اس لغت کا رسالہ تذکیر و تانیث ہے۔ سال ترتیب ۱۳۲۶ھ ہے۔ اختر دکن پریس حیدر آباد میں چھپا تھا۔

دار منال نے بھی نسیم کے اسی ایک شعر کو تانیث کی سند میں پیش کیا ہے۔ اور اس طرح ان حضرات نے بھی اس لفظ کو مختلف غیر الفاظ میں شامل کر دیا۔ حالانکہ نسیم کے شعر سے تانیث ثابت نہیں ہوتی۔ اثبات تانیث کے لیے ضروری ہے کہ مصرع کو یوں لکھا جائے ع صاد آنکھوں کی دیکھ کر پسر کی۔ لیکن یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ اس مصرع میں "آنکھوں کی" کی جگہ "آنکھوں کے" نہیں ہے؟

قواعد تذکیر و تانیث میں یہ ایک ملا ہوا قاعدہ ہے کہ کوئی ایسا شعر جس میں محض "کی" یا "کے" سے تذکیر و تانیث ظاہر ہوتی ہو اور اس مقام پر غلط کتابت کا احتمال پیدا ہو سکتا ہو یا اسی قبیل کی اور کوئی محتمل التعریف صورت ہو، ایسے شعر کو بطور سند پیش نہیں کیا جا سکتا۔ سند کے شعر کے لیے یہ ضروری ہے کہ اس سے وضاحت اور قطعیت کے ساتھ، تذکیر یا تانیث کا اظہار ہوتا ہو۔ چوں کہ نسیم کے مذکورہ شعر سے اس قطعیت کا اظہار نہیں ہوتا، اس لیے اس شعر کو تانیث کی سند میں پیش نہیں کیا جا سکتا۔

اس شعر میں، میری رائے میں، "صاد آنکھوں کے" پڑھا جانا چاہیے۔ دو وجوہ سے: (۱) "آنکھوں" جمع ہے، تناسب بیان کا تقاضا ہے کہ یہاں اس کی مناسبت کامل کے لحاظ سے شبہ بھی جمع ہو یعنی مصرع کو یوں پڑھا جائے ع

صاد آنکھوں کے دیکھ کر پسر کی

(۲) اس وقت تک صاد کی تانیث کی کوئی دوسری سند نہیں پیش کی جا سکی ہے۔ باوصف تلاش، مجھے نظم و نثر میں کہیں بھی یہ لفظ مونث نہیں ملا۔ البتہ مذکر کی بیسیوں مثالیں ہیں۔ اس اعتبار سے بھی "صاد آنکھوں کے" مرجح ہے۔

اب سے پہلے یائے معروف و مجہول کی کتابت میں کوئی امتیاز ملحوظ نہیں رکھا جاتا تھا۔ اسی بنا پر اس زمانے کی کسی تحریر میں اگر کوئی لفظ بیائے معروف یا یائے مجہول لکھا ہوا یا چھپا ہوا ہو، تو اس کتابت کی بنیاد پر اس کی تذکیر و تانیث کا فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔ مثنوی گلزار نسیم کا پہلا اڈیشن، ۱۲۶۰ھ میں مطبع حسینی میر حسن رضوی سے شائع ہوا تھا۔ اس میں اس زمانے کے رواج کے مطابق یائے معروف و مجہول کا امتیاز نہیں ہے۔ یہ مصرع اس طرح لکھا ہوا ہے ع

صاد آنکھوں کی دیکھ کر پسر کی

لطیفہ یہ ہے کہ چکبست نے ۱۹۰۵ء میں اس مثنوی کا جو اڈیشن شائع کیا (جو اس زمانے میں معرکۂ چکبست و شرر کی بنیاد بنا تھا) اس میں بھی "صاد آنکھوں کی" ہے۔ جن لوگوں نے پہلے اڈیشن کو یا نسخۂ چکبست کو دیکھا اور اس بات کو ملحوظ نہیں رکھا کہ یہاں "کی" یا "کے" میں سے کیا مرجح ہو سکتا ہے۔ یا یہ کہ "کی ہو یا کے" اس سے نہ تانیث پر استدلال کیا جا سکتا ہے نہ تذکیر پر۔ (اس کے لیے دوسرے اساتذہ کا طرز عمل دیکھنا ہوگا) انھوں نے اسے "صاد آنکھوں کی" پڑھا اور اس کی بنیاد پر یہ فرض کر لیا کہ نسیم نے اس لفظ کو مونث نظم کیا ہے ——— شروع میں ایک نعت نویس نے لکھا، دوسروں کے لیے محض اس نعت نویس کا لکھنا، آیت و حدیث ہو گیا۔

مجھے تعجب اس پر ہے کہ صفیر بلگرامی نے رشحات میں اس شعر کو تانیث کی سند میں قبول کر لیا۔ اور اس طرح انھوں نے اس

۱؎ یہ اڈیشن کمیاب ہے۔ رضا لائبریری رام پور میں اس کا ایک نسخہ محفوظ ہے۔

لفظ کو مختلف فیہ الفاظ میں شامل کر دیا۔ حالانکہ صفیر نے اس رسالے میں متعدد جگہ یہ صراحت کی ہے کہ جن اشعار میں غلط الکاتب کا احتمال ہو۔ یا محض کی 'کے' پر سند کا انحصار، ایسی اسناد کو قبول نہیں کیا جا سکتا۔ یہی نہیں، انھوں نے دوسروں پر اس سلسلے میں اعتراضات بھی کیے ہیں۔ مثلاً جلال نے مفید الشعرا میں لفظ مشتری کی تانیث کی سند میں یہ دو شعر لکھے ہیں:

نقد جاں لائی ہے تا لے مول نور اُس ماہ سے — مشتری رکھا ہے نام اپنے لیے برجیس کا (ناسخ)

تیرا غلام کچھ مہ کنعاں فقط نہیں — کہتی ہے مشتری بھی میں تیری خرید ہوں (؟)

صفیر نے ان اسناد پر اعتراض کرتے ہوئے لکھا ہے:

"مولف کہتا ہے کہ کار آمد شعرا کی ان مثالوں سے مونث ہونا کچھ ضرور نہیں کہ ثابت ہو۔ کیونکہ کتابت کی غلطی بھی ہو سکتی ہے۔ یعنی نقد جاہ لایا ہے، اور کہتا ہے 'مشتری' بھی کہہ سکتے ہیں۔" (رشحات ص ۴۷)

جلال نے طوطی کی تانیث کی سند میں رشک کا یہ شعر بھی پیش کیا ہے:

طوطی سبزۂ خط صاف یہی کہتی ہے — ہیں وہی عارض آئینۂ جاناں اب تک

صفیر نے اس پر بھی یہی اعتراض کیا ہے۔

"اور رشک کے شعر کی سند جو دی گئی، اس کو ماننا مشکل ہے۔ کیونکہ 'طوطی سبزۂ خط صاف یہی کہتا ہے' بھی ہو سکتا ہے۔ از روئے غلطی کتابت یہ مثال کافی نہیں۔ حضرت جلال ایسی ہی مثالیں دیا کرتے ہیں۔" (رشحات ص ۶۸)

ایک طرف تو یہ احتیاط کہ افعال میں بھی غلطی کتابت کے احتمال کی بنا پر اُن کو بطور سند قبول نہ کرنا۔ دوسری طرف یہ صورت کہ جس سند کی بنا محض 'کی' اور 'کے' کے فرق پر ہے، اُس کو بے تکلف قبول کر لیا!!

بہر حال، صاد مذکر ہے۔ جن لوگوں نے گلزار نسیم کے زیر بحث شعر کی بنا پر مونث فرض کر کے، اس کو مختلف فیہ الفاظ میں شامل کر دیا، اُن سے غلطی ہوئی۔ اس شعر میں "صاد آنکھوں" کے "مرجع" ہے۔ بالفرض کوئی صاحب مرجع نہ مانیں، تب بھی اصولاً اس شعر کو تانیث کی سند میں نہیں پیش کیا جا سکتا۔ اور جب تک کوئی مثال تانیث کی نہ ملے۔ اُس وقت تک اس کو مختلف فیہ بھی نہیں کہا جا سکتا۔

۳۔ الاپ:

جلال نے مفید الشعرا میں 'الاپ' کو مشترک الفاظ میں شامل کیا ہے۔ اس کی صراحت نہیں کی کہ ترجیح کسے ہے۔ البتہ آغا حجو ہندی نے رسالۂ بسیط میں مذکر کو مرجح لکھا ہے۔ جلال نے مذکر کی سند میں ایک شعر لکھا ہے، اور مونث کے متعلق لکھا ہے کہ اس کی سند کلام اساتذہ میں نہیں ملی۔ ان کی عبارت یہ ہے:

"الاپ مختلف فیہ ہے۔ مذکر و مونث دونوں طرح بولا جاتا ہے۔ چنانچہ قدرت نے مذکر کہا ہے ؎

ایک ہی پٹے کے تم سمجھو تو ہیں یہ سب الاپ — گر صدائے بانگ ہے ور نغمۂ ناقوس ہے

اور مونث کی کوئی مثال مؤنث کر کلام اساتذہ میں مل نہیں۔ اتفاق یاد پڑتا ہے کہ مونث بھی کہا گیا ہے۔"

جلال نے مذکر کی سند میں جو شعر درج کیا ہے، وہ شاہ قدرت اللہ قدرت دہلوی کا ہے۔ تذکرۂ میر حسن، تذکرۂ ہندی، اور سخن شعرا میں یہ انہیں کے نام سے درج ہے۔ یہ ان کی بہت مشہور غزل کا شعر ہے، جس میں وہ معروف ترین قطعہ بھی شامل ہے جس کا پہلا شعر یہ ہے:

کل ہوس اس صنم نے ترغیب دی تھی مجھے　　کیا ہی ملک روم ہے کیا سرزمین روس ہے

ان تذکروں میں زیر بحث شعر کا متن مختلف ہے، جو درج ذیل ہے:

ایک ہی پردے کی گر کہو تو ہے یہ سب الاپ　　گر صدائے بانگ ہے، ورنہ نغمۂ ناقوس ہے　(تذکرۂ میر حسن

ایک ہی پردے کے یہ سب سمجھے تو ہیں الاپ　　گر صدائے بانگ ہے، ورنہ نغمۂ ناقوس ہے　(تذکرۂ ہندی

ایک ہی پردے کی گر کہو تو یہ ہیں سب الاپ　　گر صدائے چنگ ہے یا نغمۂ ناقوس ہے　(سخن شعرا)

تذکرۂ میر حسن کے مطبوعہ نسخے کے ساتھ ساتھ اس کا ایک قلمی نسخہ (مخزونہ رضا لائبریری رام پور) بھی پیش نظر ہے، دونوں میں ایک متن ہے۔ اور اس سے الاپ کی تذکیر کے بجائے تانیث ظاہر ہوتی ہے۔ صرف اس شعر کو سند میں نہیں پیش کیا جا سکتا۔ قدرت کا دیوان ابھی تک نہیں چھپا ہے، سنا ہے پٹنہ میں کوئی صاحب اس کو مرتب کر رہے ہیں۔ ممکن ہے اس سے کوئی قطعی رائے قائم کرنے میں مدد مل سکے۔

اس وقت صورت حال یہ ہے کہ مفید الشعرا، رسالۂ بسیط، اور رشحات میں اس کو مختلف فیہ لکھا گیا ہے۔ جلال نے مذکر کی سند میں قدرت کا شعر پیش کیا ہے، رشحات میں بھی وہ منقول ہے؛ گویا مذکر کی سند میں صرف ایک شعر پیش کیا گیا ہے، جس کو اصولاً پیش نہیں کیا جا سکتا۔ اس طرح اس کی تذکیر بے سند ہے، اور اس اعتبار سے یہ خاصہ مختل نظر۔

آصفیہ، امیر اللغات، نور اللغات، رسالۂ جمیل، اور معین الشعرا میں اس کو صرف مونث لکھا گیا ہے۔ نور اللغات میں تانیث کی سند میں واجد علی شاہ اختر کا یہ شعر لکھا ہوا ہے:

طبلوں پہ لگیں وہ پڑنے تھاپیں　　پھنچیں گردوں پہ وہ الاپیں

یہی شعر معین الشعرا میں منقول ہے۔ آصفیہ میں مثنوی میر حسن کا یہ شعر سند تانیث میں پیش کیا گیا ہے:

وہ رقص بتاں اور وہ ستھری الاپ　　وہ گوری کی تانیں وہ طبلوں کی تھاپ

یہی شعر امیر اللغات میں ہے۔ مولف بہار ہند نے بھی تذکیر و تانیث کی صراحت کے بغیر اسی شعر کو درج کیا ہے۔ لیکن میر حسن کے اس

ف مولوی مرزا محمد مرتضیٰ عرف محمد بیگ عاشق لکھنوی اور دہلی میں ستم لطیف کے نام سے لکھا کرتے تھے۔ یہ لغت جون ۱۸۸۱ء میں مطبع شوکت جعفری لکھنؤ میں چھپا تھا۔ مرتب کی صراحت کے مطابق اس کو چار جلدوں میں شائع کرنے کا ارادہ تھا، لیکن صرف جلد اول چھپ سکا، یہ صرف حرف ھ پر مشتمل ہے۔ مرتب لکھنؤ کے ارباب اقتدار میں سے تھے۔ اگر یہ لغت مکمل ہو جاتا تو واقعی کام کا لغت ہوتا۔ بقول چکبست: "لکھنؤ کی زبان اور محاوروں کی جتنی تحقیق مرزا مرحوم کو تھی، اس کا اندازہ ان کی مشہور تالیف "بہار ہند" کے دیکھنے سے بخوبی کیا جا سکتا ہے۔ افسوس ہے کہ ملک نے اس لغت کی کافی قدر نہ کی، ورنہ اگر اس کے باقی تین حصے بھی چھپ جاتے تو اردو زبان کی اصطلاحوں اور محاوروں کا ایک لاجواب مجموعہ مرتب ہو جاتا۔" (مضامین چکبست ص ۲۲۵)

مرے تانیث قطعاً ثابت نہیں ہوتی۔ "مُحرّر" الاپ بھی ہو سکتا ہے۔ اس لیے اس شعر کو تانیث کی سند میں پیش کرنا درست نہیں۔ اختر کے شعر
ے یقیناً تانیث ظاہر ہوتی ہے۔ میں فی الوقت یہ کہنے سے قاصر ہوں کہ یہ شعر اُن کی کسی مثنوی سے ماخوذ ہے اور یہ کہ اصلاً اسی طرح ہے۔
اس شعر کا متن بالکل صحیح ہے اور یہ اختر کا ہے، تو بالیقین اثباتِ تانیث کے لیے کافی ہے ——— لیکن یہ واضح رہے کہ اس
ند سے یہ کسی طرح لازم نہیں آتا کہ یہ لفظ صرف مونث ہے۔ جیسے رشک کے اس شعر سے:

وصل کی رات بنا نامۂ شوقِ محبوب　　شام لفظیں ہیں، سپیدی ہی سحر کاغذ کی

(مجموعۂ دواوین رشک ص ۳۱۴)

ابت نہیں کیا جا سکتا کہ "لفظ" صرف مونث ہے۔

ہندی کے متعدد اساتذہ سے دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ سنسکرت اور ہندی میں الاپ مذکر ہے۔ لُغات میں بھی صرف مذکر
ا ہوا ہے۔ ملاحظہ ہو۔ ہندی شبد ساگر (شائع کردہ ناگری پرچارنی سبھا) برہت ہندی کوش (شائع گیان منڈل بنارس) سنسکرت
بد ارتھ کوش (مرتبۂ دوارکا پرشاد شرما)۔

یہ لفظ فنِ موسیقی کی ایک اصطلاح ہے، اس لیے مناسب معلوم ہوا کہ اس فن سے تعلق رکھنے والے حضرات سے استصواب کیا
ئے۔ اس سلسلے میں جناب شاہد احمد دہلوی سے رجوع کیا۔ موصوف اس فن کے قابلِ ذکر جاننے والوں میں سے ہیں۔ شاہد صاحب
ے از راہِ التفاتِ خاص ضروری تفصیل سے مطلع کیا۔ موصوف کے مکتوب کا اقتباس درج ذیل ہے:

"پیشہ وروں کی زبان پر "الاپ" مذکر ہے اور کتابوں میں بھی، اس لیے میں بھی مذکر ہی بولتا ہوں۔

(۱) معارف النغمات مصنفہ ٹھاکر نواب علی خاں، جو اُردو کی واحد مستند کتاب ہے، اُس میں بھی ص ۱۰۴ پر
یہ عبارت درج ہے: "آج کل الاپ بھی، دھرپد کی طرح، چار حصوں پر منقسم کر دیا گیا ہے۔"

(۲) "آجکل" کے موسیقی نمبر مطبوعہ اگست ۱۹۵۸ء کے ص ۸۰ کالم ۱ سطر ۱ میں کہا گیا ہے کہ "دھرپد کا الاپ یا بین کار کا جوڑ
وہ ماحول پیدا کر دیتا ہے جو دُوسری گائیکیوں یا باج نے ابھی تک پیدا نہیں کیا ہے" ——— مضمون نگار ہیں اُستاد
رحیم الدین خاں ڈاگر، جن کا کام ہی الاپ کرنا اور دھرپد گانا ہے۔

(۳) کتاب اسرارِ کرامت عرف نغماتِ نعمت، مطبوعہ ۱۸۹۰ء، ص ۸۷، س ۹، "ہر راگ کے الاپ کے واسطے تین سے مقرر
کی گئی ہیں" ——— یہ کتاب نعمت اللہ خاں نے لکھی تھی اور اس کی تکمیل اُن کے بیٹے کرامت اللہ خاں نے کی تھی۔ نعمت اللہ
خاں دربارِ نیپال کے گائک تھے۔

الاپ مذکر ہی بولا جاتا ہے۔ مگر غیر پیشہ وروں سے مونث بھی سُنا ہے۔ لُغت میں شاید اسی وجہ سے دونوں طرح درج کر دیا
گیا ہو۔"

اس عبارت سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ یہ لفظ دونوں طرح مستعمل رہا ہے۔ فنِ موسیقی سے تعلق رکھنے والے بالعموم اس
کو مذکر استعمال کرتے رہے ہیں (یہ غالباً ہندی کا اثر ہے) اور دُوسرے لوگ بالعموم مونث۔ اسی لیے اکثر اربابِ لُغات نے اس

کو صرف مونث لکھا ہے۔

ارمغان میں الاپ کو مذکر لکھ کر سند میں قدرت کا زیر بحث شعر نقل کیا گیا ہے۔ لیکن پہلا مصرع اس طرح لکھا ہوا ہے:

ایک ہی پڑے کی تم سمجھو تو ہیں یہ سب الاپ

اس سے تو تانیث ظاہر ہوتی ہے! یہ تو غیر لفظی کتابت ہو سکتی ہے۔ لیکن واقعی دلچسپ بات یہ ہے کہ جلال نے تو مفید الشعرا میں یہ صراحت نہیں کی تھی کہ قدرت دہلوی ہیں یا لکھنوی۔ مگر مؤلف ارمغان نے ایجاد بندہ سے کام لے کر انھیں "لکھنوی" بنا دیا۔

مولف آصفیہ نے الاپ کو "غلط العوام" لکھا ہے اور آلاپ (بہ الف ممدودہ) کو صحیح لفظ مانا ہے۔ لیکن اس فیصلے میں وہ منفرد ہیں۔ جملہ ارباب لغت اور اساتذہ کا اس پر اتفاق ہے کہ مستعمل عام و خاص الاپ (بغیر مد) ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ صاحب آصفیہ نے، بغیر غور کیے ہوئے، فیلن کی تقلید کی ہے۔ سنسکرت میں آلاپ ہے (سنسکرت شبد ارتھ کوشبد) ہندی میں الاپ بھی مستعمل ہے (ہندی شبد ساگر) متعدد مستشرقین نے اپنے لغات میں الاپ کو "آلاپ کی بگڑی ہوئی صورت بتایا ہے، فیلن بھی انھیں میں شامل ہے۔ مولوی صاحب نے اس کا خیال کیے بغیر کہ اردو میں کس طرح مستعمل ہے، اس کے نوشتے کو حرف آخر مان لیا۔

۴۔ آغوش:

جلال نے مفید الشعرا میں لکھا ہے:

"آغوش" بعضوں کے عندیے میں گود کے قیاس پر مونث ہے، حالانکہ بہ قید نظم مذکر پایا جاتا ہے۔"

مذکر کی سند میں آتش و رند کا ایک ایک شعر پیش کیا ہے ۔۔۔ جلال کی عبارت مبہم ہے، حقیقت یہ ہے کہ اساتذۂ دہلی نے اس لفظ کو مونث نظم کیا ہے، اور اساتذۂ لکھنؤ نے مذکر۔ صرف میر علی اوسط رشک لکھنوی (تلمیذ ناسخ) کا ایک شعر عام طور سے مونث کی سند میں پیش کیا گیا ہے، وہ شعر یہ ہے:

شب فرقت کی آمد پا کے، آغوش لحد پھیلی قضا کی مہربانی ہے، اجل سرگرم احساں ہے

(مجموعۂ دواوین رشک ص ۳۰۴)

رشک کے مجموعۂ دواوین میں اور کہیں یہ لفظ اس طرح نظم نہیں ہوا کہ تذکیر یا تانیث کے متعلق کوئی فیصلہ کن بات کہی جا سکے، مثلاً:

منظور الٰہی تھی ہم آغوشی جاناں تب تو مری آغوش تمنا کو بنایا (ص ۸۰)

آغوش زمیں تو ہاتھ آئی گو ہم مردود آسماں ہیں (ص ۲۲۳)

دونوں شعروں میں، مری اور آئی کو، بیائے مجہول بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جلال کا یہ لکھنا کہ "بقید نظم مذکر پایا جاتا ہے" صرف اس حد تک صحیح ہے کہ گویا اساتذۂ لکھنؤ نے اس کو مذکر نظم کیا ہے۔ لیکن اساتذۂ دہلی نے اس کو مونث باندھا ہے اور اس کی مثالیں عام ہیں یہی عدم صراحت امیر اللغات میں ہے۔ مؤلف نے لکھا ہے:

"شعرا نے مذکر بھی کہا ہے اور مونث بھی استعمال کیا ہے، چنانچہ مثالوں سے پیدا ہے، مگر مؤلف کے

نزدیک اس کی مذکر کو ترجیح ہے۔"

صحیح صورتِ حال یہ ہے کہ لکھنؤ سے متعلق حضرات میں سے بیشتر نے اس لفظ کو یا تو صرف مذکر لکھا ہے (رسالۂ بسیط) یا مذکر کو مرجح بتایا ہے (امیر اللغات، مفید الشعرا، معین الشعرا، رسالۂ اصلاح)۔ صفیر نے رشحات میں اس کو مختلف فیہ لکھا ہے لیکن یہ صراحت نہیں کی کہ ترجیح کسے ہے۔ صرف مولفِ نور اللغات نے مونث کو مرجح لکھا ہے۔

دہلی سے متعلق حضرات نے اس کو صرف مونث تسلیم کیا ہے۔ ابتداءً فرہنگ آصفیہ میں آغوش مذکر چھپا ہوا تھا۔ مولف اختلاف اللسان نے اس سلسلے میں لکھا تھا:

"آغوش۔ لکھنؤ میں مذکر بولا جاتا ہے..... منشی سید احمد صاحب دہلوی نے فرہنگ آصفیہ میں آغوش کو مذکر لکھا ہے۔ اس کے متعلق صاحب فصیح اللغات نے شبہ ظاہر کیا ہے کہ یا تو کاتب کی غلطی ہے۔ یا حقیقت میں اہلِ دہلی بھی اس لفظ میں اختلاف رکھتے ہیں۔ حضرت اُستاد مرحوم (فصیح الملک داغ دہلوی) نے فرہنگ آصفیہ میں آغوش کو مذکر چھپا دیکھ کر، قافیہ و ردیف کے لحاظ سے یہ لفظ مونث کہا ہے ؎

سُنتا ہی نہیں وہ بُت مے نوش ہماری　　خالی ہے شبِ وصل بھی آغوش ہماری

اہلِ دہلی آغوش کو عموماً مونث ہی بولتے ہیں۔ فرہنگ آصفیہ میں جو اس کو مذکر لکھا ہے تو یہ یقیناً کتابت کی غلطی ہے کیونکہ ایسی غلطیاں کتاب مذکورہ میں اکثر پائی جاتی ہیں۔" (اختلاف اللسان ص ۲)

مولف اختلاف اللسان کا خیال صحیح تھا۔ یہ کتابت کی غلطی تھی کیونکہ اس کے بعد جو باضابطہ اڈیشن شائع ہوئے ان میں یہ مونث لکھا ہوا ہے۔ لیکن اس تبدیلی کی طرف کوئی اشارہ نہیں کیا گیا ہے۔ اس ضمن میں مولف آصفیہ کی دو اور فروگزاشتوں کا ذکر بھی بے محل نہ ہوگا:

(۱) مولف آصفیہ نے آغوش کی تانیث کی سند میں دو شعر درج کیے ہیں۔ لیکن ان اشعار سے نہ "تانیث" ثابت ہوتی ہے نہ تذکیر۔ (یہ اشعار اشاعت اوّل میں نہیں تھے) شعر یہ ہیں:

ط مولفہ منشی وجاہت حسین وجاہت جھنجھانوی، تلمیذ داغ۔ سالِ طباعت ۱۹۰۶ء مطبوعہ رفاہ عام اسٹیم پریس لاہور۔ مولف کے الفاظ میں اس کتاب میں "دہلی اور لکھنؤ کی زبان کے الفاظ اور محاورات کا فرق بیان کیا گیا ہے۔ جو مسخرے کا رسالہ ہے۔ بعض الفاظ سے متعلق طولانی بحثیں بھی شامل ہیں جو اس زمانے میں مختلف رسائل میں شائع ہوئی تھیں۔ ان سے بہت سے اختلافات اور ضروری امور سے متعلق بہت سی کارآمد باتیں معلوم ہو جاتی ہیں۔ مولف نے سرورق پر زبانِ دہلی کو "اُردوئے معلّٰی" اور زبانِ لکھنؤ کو "اُردوئے مسلّٰی" لکھا ہے۔

ظ ۱۹۰۰ء میں "ارمغانِ دہلی" کے نام سے اس کا ایک حصہ شائع ہوا تھا۔ ۱۹۰۰ء میں مولف نے چھوٹی تقطیع پر ایک رسالہ نکالنا شروع کیا جس میں اجزا نے لغت شائع ہوتے تھے۔ ۱۹۰۱ء میں فرہنگ آصفیہ کی چوتھی جلد شائع ہوئی۔ تیسری جلد ۱۹۰۸ء میں چھپ چکی تھی۔ اس وقت مولف نے ان ۱۱ رسالوں کے اجزا کے مجموعے کو جلد اول و دوم قرار دیا۔ پھر ۱۹۰۸ء پہلی جلد بڑی تقطیع پر باضابطہ شائع ہوئی۔ دوسری بار یہ ۱۹۱۰ء میں چھپی۔

کروٹ بھی نہ لی راحت آغوش لحد میں　　بند آنکھ کے ہوتے ہی ہوئے بے خبر ایسے　　(نسیم دہلوی)

تجھ میں اس میں ربط ہے گویا بجب بادو گل　　دور رہا آغوش میں لیکن گریزاں ہی رہا　　(ذوق)

(۲) "آغوش کھول کر لینا" کی سند میں تعشق لکھنوی کا یہ شعر لکھا ہے:

ہو گئی ہے مستعد اور ترحم موج　　دوڑی آغوش کھول کر ہمہ موج

صاف ظاہر ہے کہ یہ شعر "آغوش کھول کر لینا" کی سند نہیں ہو سکتا۔ امیر اللغات و نور اللغات میں "آغوش کھول کر لینا" درج نہیں ہاں "آغوش کھول کر پٹنا" ضرور درج ہے اور سند میں ناسخ کا یہ شعر لکھا ہوا ہے:

بسان ساحل دریا ہو مشکل چھوٹنا ناسخ　　پٹ جاؤں اگر میں کھول کر آغوش جاناں سے

امیر اللغات میں "آغوش سے نکلنا" کی سند میں داغ کا ایک شعر درج کیا گیا ہے، جس میں کاتب صاحب نے لیے معروف کی جگہ، یائے مجہول لکھ دی ہے۔ جس سے تانیث تذکیر سے بدل گئی ہے۔ شعر یہ ہے:

جس طرح تو مرے آغوش سے نکلا اے شوخ　　یوں ہی ہاتھوں سے نکلتی ہے طبیعت میری

"مری آغوش" ہونا چاہیے۔

۵۔ ایجاد:

لفظ ایجاد کی داستان خاصی دلچسپ ہے۔ اساتذۂ دہلی و لکھنؤ نے بالعموم اس لفظ کو بالاتفاق مذکر استعمال کیا ہے، لیکن متعدد تصریحات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ کچھ لوگ اس کی تانیث کے بھی قائل رہے ہیں، اگرچہ تانیث کی کوئی مثال پیش نہیں کی جا سکتی ہے۔ غالباً اس کی وجہ یہ ہے کہ اس زمانے میں گفتگو میں یہ تانیث رائج ہوگا، چونکہ خود اساتذہ بالاتفاق اس کو مذکر مانتے رہے ہیں، اس لیے بہ تذکیر نظم کرنے کی جرأت نہیں کی گئی۔ اس سے زیادہ دلچسپ صورت حال یہ ہے کہ جس لفظ کو دونوں دبستانوں کے اساتذہ بالاتفاق مذکر مانتے ہیں، رفتہ رفتہ اس کی تانیث کی طرف رجحان بڑھتا گیا، یہاں تک کہ آج کل عام طور سے اس کو مونث استعمال کیا جاتا ہے۔

مفید الشعراء، تصفیہ، امیر اللغات اور ارمغان میں ایجاد کو صرف مذکر لکھا گیا ہے۔ اختر کا مطلق ذکر نہیں۔ صقیر نے رشحات میں اس کو مذکر لکھ کر مزید صراحت کی ہے: "مؤلف کہتا ہے کہ ایجاد جو مونث مشہور ہے، اس کی سند مجھے ابھی تک نہیں ملی" (ص ۱۵۱) آگے چل کر مزید لکھا ہے: "عوام میں ایجاد کا لفظ مونث مستعمل ہے، حالانکہ مذکر ہے۔" (ص ۲۲۲) مؤلف نور اللغات نے بھی اس کو مذکر لکھا

---

[1] مؤلف مبین الشعراء نے ایجاد کو مذکر لکھ کر حاشیے میں یہ صراحت کی ہے کہ منشی امیر اللہ تسلیم نے اسے مونث بھی نظم کیا ہے، اور سند میں تسلیم کا یہ شعر لکھا ہے: "شب اصدا سے کیا تسلیم غنچہ کو شہید، دیکھیے ایجاد اس ترک ستم ایجاد کی۔" لیکن مؤلف کا یہ خیال صحیح نہیں۔ خود مولانا امتیاز علی خاں صاحب عرشی کے مکتوب سے معلوم ہوا کہ اس غزل کی "ردیف" کی "کے" بجائے "کا" ہے۔ یعنی دوسرا مصرع دراصل اس طرح ہے: "دیکھیے ایجاد اس ترک ستم ایجاد کا۔" تسلیم کی یہ غزل ان کے دیوان موسوم بہ طلسم حلی افروز میں ص ۳۰۹ پر ہے۔

ہے، البتہ یہ صراحت کر دی ہے کہ "بعض حضرات کی زبان پر یہ لفظ مونث ہے۔" اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صاحبِ رُشحات کی تحریر کے برعکس، بعض خواص بھی اس کو گفتگو میں مونث استعمال کرتے تھے۔

امیر مینائی نے امیر اللغات میں تو اختلاف کی طرف کوئی اشارہ نہیں کیا، البتہ ایک خط میں اس کی صراحت کی ہے:

"ایجاد مذکر ہے۔ اس لفظ کی تانیث و تذکیر میں بحث چھڑی ہوئی ہے ..... سُنا جاتا ہے کہ نواب مرزا خاں صاحب داغ کا قول ہے کہ دلی میں مونث ہے۔ مگر کلام میں مونث کا پتا نہیں چلتا۔ اگر ایک معتبر شاعر نے بھی مونث کہا ہوتا، تو کہا جاتا کہ مختلف فیہ ہے۔ اور بغیر کلام میں آئے ہوئے، کہیں کہیں بول چال میں ہونا، کافی نہیں۔" (مکاتیب امیر مینائی ص ۱۴۲)

ان تصریحات سے یہ بہر طور ظاہر ہوتا ہے کہ اس کی تانیث بھی معرضِ بحث میں رہی ہے۔ یہاں پہلے اس امر کی وضاحت ضروری ہے کہ امیر نے 'داغ سے جو قول منسوب کیا ہے' وہ صحیح نہیں۔ معلوم نے امیر کو یہ غلط اطلاع کہاں سے لی، جس کو انھوں نے مان بھی لیا۔ داغ قطعیت کے ساتھ اس کی تذکیر کے قائل تھے۔ انھوں نے اپنے شاگرد مولانا احسن مارہروی کو ایک خط میں لکھا ہے:

"ایک اشتہار اس گلدستے میں آپ چھاپ دیجیے کہ اکثر اُستاد کے شاگرد، بجائے خود استاد بن کر، اپنی غزلیں بے اصلاحی چھپوا دیتے ہیں، اس میں غلطیاں رہ جاتی ہیں۔ کسی نے لفظ ایجاد اور ارشاد کو مونث باندھا، حالانکہ اہلِ دہلی کی زبان پر دونوں لفظ مذکر ہیں۔" (انشائے داغ ص ۱۳۳)

مختصر یہ کہ ایجاد کو اساتذۂ دہلی و لکھنؤ بالاتفاق مذکر مانتے آئے ہیں۔ لیکن رفتہ رفتہ اس کی تانیث کی طرف رُجحان بڑھتا گیا۔ اس سلسلے میں داغ کے شاگرد رشید مولانا احسن مارہروی کے دو اقتباسات قابلِ توجہ ہیں، جن سے اس رُجحان کا بہ خوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے:

احسن صاحب نے، داغ کے خط کے جواب میں لکھا ہے:

"میری غزل میں ایجاد کہیں مونث نہیں ہے اور نہ میں نے لکھا۔ غالباً حضور نے ملاحظہ نہیں فرمایا۔ میاں احسن شاہجہاں پوری نے مونث لکھا ہے، جس کی اگلے پرچے میں تصحیح ہو جائے گی۔ مولوی عبدالحی بیخود نے ایجاد کو مونث لکھا ہے۔ خدا جانے کیا بات ہے کہ ایسے کہنہ مشق بھی ایسی فاش غلطیاں کرتے ہیں۔"

یہی مولانا احسن، ایک زمانے کے بعد، اپنی کتاب تاریخ نثرِ اردو میں لکھتے ہیں:

"لفظ ایجاد، کہ اس کو تمام یا بکثرت شعرائے دہلی و لکھنؤ نے مذکر استعمال کیا ہے۔ لیکن اب چند شعرا کے سوا، اس کی تذکیر پر ہر شخص کو تامل ہے۔ یہی حال لفظ فہم وغیرہ کا ہے۔" (ص ۳۵۸)

جناب اثر لکھنوی نے میرے استفسار کے جواب میں لکھا ہے:

"ایجاد اور اپیل میری زبان پر مونث ہیں، مگر اس کے برخلاف بھی سُنا ہے۔ تذکیر و تانیث کے لحاظ سے مختلف فیہ کہنا مناسب ہوگا۔" (مکتوب اثر بنام راقم الحروف)

میں نے بالعموم اس کو مونث سنا ہے اور آج کل کی تحریروں میں بھی مونث دیکھا ہے۔ مثلاً "زبانوں کا سیکھنا سکھانا، جدید زمانے کی ایجاد

ہے۔" عبدالحق صاحب (قواعد اُردو ص ۲) "امریکہ کی ایک نئی ایجاد" سب کہتے ہیں۔ یہ کوئی نہیں کہتا کہ "امریکہ کا ایک نیا ایجاد"۔ چونکہ اس کو اساتذہ نے مذکر استعمال کیا ہے اس لئے اس کو مشترک الفاظ میں شامل کیا جانا چاہیے لیکن اس صراحت کے ساتھ کہ آج کل یہ عام طور سے مونث استعمال کیا جاتا ہے۔

۶۔ اطا :

جلال نے منیر الشعرا میں اس کو مختلف فیہ لکھا ہے :

"اطا مختلف فیہ ہے یعنی مذکر و مونث دونوں طرح بولا جاتا ہے لیکن مذکر بیشتر اور مونث کم تر جیسا کہ رشک مستقل مونث فرماتے ہیں ؎

نامۂ جاناں ہے کیا لکھا مری تقدیر کا　　خط کی انشا اور ہے لکھنے کی اطا اور ہے

اور مونث اس کی تذکیر کا قائل ہے۔"

رشک[1] کے دونوں مطبوعہ دواوین میں یہ لفظ اور کہیں اس طرح نہیں آیا ہے کہ تذکیر یا تانیث کے متعلق کوئی فیصلہ کن بات کہی جا سکے۔ اہل فن اس سلسلے میں مختلف الرائے ہیں۔ صاحب فرہنگ آصفیہ نے اس کو صرف مذکر لکھا ہے، تانیث کا مطلق ذکر نہیں کیا ——— مولف فصیح اللغات

---

[1] میر علی اوسط رشک لکھنوی تلمیذ ناسخ، متوفی ۱۲۶۸ھ (کلیات نیر شکوہ آبادی) معمولات زبان و قواعد شاعری میں یکتا تھے۔ عہد ناسخ سے منسوب بہت سی اصلاحات زبان و قواعد کے دراصل رشک تھے (آبحیات ذکر ناسخ) رشک کے دو دیوان ایک ہی جلد میں چھپے تھے۔ ایک کا نام "نظم مبارک" ہے، دوسرے کا "نظم گرامی"۔ یہ تاریخی نام ہیں۔ یہ مجموعہ اُن کی زندگی ہی میں ۱۲۶۳ھ میں چھپا تھا۔ ایک دیوان اس میں ہے، دوسرا حاشیے پر۔ تیسرا دیوان جو اُن کی زندگی ہی میں مرتب ہو چکا تھا (دریاچۂ نفس الفتنہ) شائع نہیں ہو سکا۔ اس کا ایک نسخہ پاکستان میں ہے اور ایک آزاد و بریلی کی لائبریری میں (حواشی تذکرۂ ابن امین اللہ خاں ص ۲۲)

[2] داغ کے عزیز شاگرد (مولانا) احسن مارہروی نے اس لغت کی ترتیب کا کام شروع کیا تھا۔ بقول مولانا احسن "اول اول تو حضرت مبرور (داغ) کو اس کتاب سے کوئی خاص دلچسپی نہیں ہوئی۔ مگر رفتہ رفتہ جب میرے شوق اور خلوص خدمت کا اندازہ فرمایا تو اس کتاب کی طرف متوجہ ہوئے۔ اور ایسی توجہ فرمائی کہ اُٹھتے بیٹھتے، کھاتے پیتے، سوتے جاگتے، احسن ہے اور فصیح اللغات، فصیح اللغات ہے اور اس کی تالیف (مقدمۂ یادگار داغ)، داغ کا خیال یہ تھا کہ اس طرح "زبان دہلی" کا ایک صحیح لغت مرتب ہو جائے گا۔ فرہنگ آصفیہ بھی زبان دہلی کا گنجینہ ہے۔ لیکن مولف آصفیہ کے متعلق داغ کی جو رائے تھی، وہ مولوی عبدالرزاق کانپوری (مولف الہراکہ) کے اس بیان سے معلوم ہوگی۔ مولوی صاحب نے دہلی دربار کے موقع پر داغ سے ملاقات کی تھی، اس کا حال لکھتے ہوئے، انھوں نے لکھا ہے :

"میں نے دریافت کیا کہ مولوی سید احمد دہلوی نے تیس سال کی محنت میں فرہنگ آصفیہ لکھی ہے، تحقیقات لغات اور محاورات اور زبان کی حیثیت سے اس کتاب کی نسبت جناب کی کیا رائے ہے؟ فرمایا کہ سید احمد عرب سرائے کے باشندے تھے۔ اور یہ کہ

نے بھی اس کو مذکر لکھا ہے، اور جلال کے علی الرغم نے اس کی نفی کی ہے کہ فصحا اس لفظ کو دونوں طرح بولتے ہیں۔ انھوں نے لکھا ہے:

"یہ لفظ اہل قفوں کی بول چال میں بحالتِ تذکیر و تانیث، دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے۔ مگر اب تک شعرائے متقدمین و متاخرین میں، رشک لکھنوی کے سوا، اور کسی کے کلام میں اطا کی تانیث نہیں پائی گئی۔" (فصیح الملک۔ مئی ۱۹۰۹ء)

صفیر نے رشحات میں اس کو صرف مختلف فیہ لکھنے پر اکتفا کی ہے۔ مولفین امیر اللغات و فرہنگ اللغات و معین الشعرا نے اس کو مذکر لکھ کر، یہ صراحت کر دی ہے کہ صرف رشک نے اسے مونث لکھا ہے [یہ واقعہ ہے کہ رشک کے مذکورہ شعر کے علاوہ، اور کوئی مثال اس کی تانیث کی نہیں پیش کی جا سکی ہے] یہی بات نفس اللغۃ کے دیباچہ نگار نے لکھی ہے: "یہ لفظ عموماً زبانوں پر تذکیر کے ساتھ ہے ..... لیکن رشک نے مونث باندھا ہے۔" گویا ان سب حضرات کے نزدیک اس کی تذکیر مرجح ہے، اور یہ کہ رشک کا شعر از قبیل شاذ ہے۔ ان میں سے کسی نے جلال کی طرح یہ نہیں لکھا کہ یہ لفظ مونث بھی بولا جاتا ہے۔ (کمتر سہی) اس سے واضح طور پر یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کسی زمانے میں بھی یہ لفظ بہ تانیث مستعمل نہیں تھا۔

لیکن صاحب رسالۂ بسیط نے اسے مختلف فیہ لکھ کر، مونث کو مرجح لکھا ہے۔ اس کے علاوہ، مرزا غالب کی ایک تصنیف میں بھی یہ لفظ بہ تانیث موجود ہے: "اطا، اہل ہند کی اطا کے موافق رہی۔" (تیغ تیز۔ مطبوعہ اکمل المطابع۔ ص ۲۴)

صاحب رسالۂ بسیط کے اس قول، اور مرزا صاحب کے اس جملے سے، جلال کے اس قول کی مکمل تائید ہوتی ہے کہ یہ لفظ دونوں

(بقیہ) کر خاموش ہو گئے۔ مکرر سوال کرنا میں نے بھی ادب کے خلاف سمجھا۔" (یادِ ایام ص ۲۵۴) یہ بات پیش نظر رہنا چاہیے کہ عرب سرائے پرانی دہلی کے باہر ہے۔ اس سے داغ کی رسائی کا بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ وہ مولوی صاحب موصوف کو اہل زبان میں سے نہیں سمجھتے تھے۔ افسوس یہ ہے کہ یہ لغت مکمل نہ ہو سکا۔ حیدرآباد کے ایک پریس میں اس کے کچھ اجزا چھپے بھی تھے، لیکن معلوم نہیں کیا ہوئے۔

مولانا احسن نے مئی ۱۹۰۹ء سے رسالہ فصیح الملک جاری کیا (مقدمہ مشیر و کار داغ) اس لغت کے کچھ اجزا اس میں شائع ہوئے تھے۔ اب اس رسالے کے تمام شمارے بھی یکجا بہ مشکل ملیں گے۔ یہ نہایت افسوس کی بات ہے۔ داغ اس لغت کے لیے سند کے اشعار خاص طور سے کہتے تھے۔ اگر یہ مکمل ہو جاتا تو واقعی کام کی چیز ہوتا۔ صولت پبلک لائبریری رام پور میں اس کے کئی سال کے شمارے محفوظ ہیں۔

ط یہ رشک کا مصرعہ ہے۔ اس کا نام تاریخی ہے۔ اس کا صرف حصہ اول، ان کی موت کے بعد نیر پریس لکھنؤ سے شائع ہوا تھا۔ یہ صرف حرف ت تک ہے۔ باقی حصوں کا پتا نہیں چلتا۔ امیر مینائی نے ایک خط میں لفظ مسالا کے ذیل میں، اس لغت کی ایک عبارت درج کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لغت مکمل ہو چکا تھا اور اس کا مخطوطہ امیر کی نظر سے گزرا تھا۔ امیر کا یہ خط، مکاتیب امیر مینائی (مرتبہ احسن اللہ خاں ثاقب) میں شامل ہے۔ جلال، رشک کے شاگرد تھے۔ انھوں نے اپنے لغت گلشن فیض میں، نفس اللغۃ کی بہت سی عبارتوں کو شامل کر دیا ہے اور کہیں حوالہ نہیں دیا۔ نفس اللغۃ کا دیباچہ نشتر لکھنوی نے لکھا ہے، جس میں بہت سی کام کی باتوں کو یکجا کر دیا ہے۔

طرح مستعمل تھا، البتہ "بیشتر" اور "مونث کثر" رشک کا مذکورہ شعر اگر قابل استناد (تانیث کے لیے) نہ مانا جائے (جس کی بحث آگے آئے گی) تب بھی اس کی تانیث ثابت رہے گی اور اس میں دہلی و لکھنؤ کی تخصیص نہیں ہوگی۔

مختصر یہ کہ بیشتر اساتذۂ دہلی و لکھنؤ کا اس پر اتفاق رہا ہے کہ مذکر ہے۔ ارباب لغت نے رشک کے مذکورہ شعر کو استعمال شاذ مانا ہے۔ لیکن مؤلف فصیح اللغات کی طرح یہ کہنا کسی طرح صحیح نہیں ہوگا کہ یہ لفظ محض ناواقفوں کی بول چال میں بہ تانیث مستعمل تھا۔ ایک گروہ مختصر اس کی تانیث کا قائل تھا۔ اور یہ لوگ بھی اتنے ہی معتبر تھے جتنے دوسرے گروہ کے لوگ۔ یہ بات جلال کی صراحت سے بھی ثابت ہوتی ہے۔ البتہ آج کل بالعموم مذکر بولا جاتا ہے شاید ہی کوئی شخص اب اسے بہ تانیث استعمال کرتا ہو۔ کم از کم میری نظر سے ایسی کوئی مثال نہیں گزری۔ نہ مونث بولتے ہوئے سنا۔

اس بحث کے بعد، یہ بات بھی غور طلب ہے کہ کیا رشک کے اس شعر کو تانیث کی سند میں پیش کیا جا سکتا ہے؟

لفظ صاد کے ذیل میں یہ واضح کیا جا چکا ہے کہ ایسے اشعار جن میں خط الکاتب کا احتمال ہو سکتا ہو، فائدۂ استناد نہیں دیتے۔ جب تک کسی شعر میں زیر بحث لفظ اس طرح نہ نظم ہوا ہو کہ قطعیت کے ساتھ اس کو بطور سند پیش کیا جا سکے، اس وقت تک اس شعر کو نہ سند میں پیش کیا جا سکتا ہے نہ قبول کیا جا سکتا ہے ——— رشک کے اس شعر کی یہی صورت ہے۔ اس میں لفظ "صاد" کی تانیث کی "بنیاد" کی پر ہے۔ یہ مصرع یوں بھی ہو سکتا ہے ؎

خط کی انشا اور ہے لکھنے کا اور ہے۔

ایسا کوئی ثبوت موجود نہیں کہ رشک نے درحقیقت کیا لکھا تھا۔ حقیقی صورت حال کچھ بھی ہو، مسلمات قواعد اور مختارات ارباب فن کے اعتبار سے، اس شعر کو بہ طور سند نہیں پیش کیا جا سکتا۔ اس شعر سے تانیث "صاد" کی سند لینا، بالکل ایسی بات ہے جیسے ارباب لغت اور بعض دوسرے حضرات نے، مثنوی گلزار نسیم کے ایک شعر سے (جو صاد کی بحث میں مذکور ہوا ہے) محض اس بنا پر کہ "صاد" آنکھوں کی "چھپا ہوا" ہے، صاد کی تانیث فرض کر لی۔

مجھے تعجب اس پر ہے کہ جلال نے اس شعر کو کس طرح بطور سند قبول کر لیا؟ جب کہ وہ اس کے قائل تھے کہ ایسے مواقع پر محض کا، کی، سے تانیث و تذکیر کا فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔ انھوں نے لفظ رقم کے ذیل میں اس کی صراحت بھی کر دی ہے:

"ہندسے کے معنی پر رقم کو جناب مرزا داغ مرحوم نے مذکر فرمایا ہے ؎

ہمارے رزق کا ہے فرد قسمت میں رقم خالی ہمیشہ صفر کے مانند رہتا ہے شکم خالی

حالانکہ رقم بمعنی مذکور باتفاق مونث بولا جاتا ہے۔ پس مؤلف مستمام کہتا ہے کہ عجب نہیں ہے کہ اصل میں یہاں "کی" ہو۔ اور کاتب نے "کا" لکھ دیا ہو۔"

سفیر کی بھی اس مسئلے میں یہی رائے تھی کہ ایسے مقامات پر محض کا یا کی سے فائدۂ استناد حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ ان کی عبارت لفظ صاد کے ذیل میں پیش کی جا چکی ہے۔ لیکن دونوں حضرات نے رشک کے اس شعر کو قبول کر لیا کسی اختلاف کے بغیر۔ حالانکہ اس کی بھی بالکل وہی صورت ہے۔

اور مثال میں ایک بڑی چیپ مصنف ہے: اس میں مفرد لفظ املا درج نہیں۔ البتہ "املا و انشا" درج ہے، گویا یہ مرکب امتزاجی ہے! مولف نے اس مرکب کو مونث لکھ کر سند میں رشک کا زیر بحث شعر درج کیا ہے۔ موصوف نے املا کی مسلمہ تذکیر کا مطلق ذکر نہیں کیا۔ مہذب اللغات میں املا کو مذکر لکھا گیا ہے۔ مولف نے اس کے بعد یہ صراحت کر دی ہے کہ "رشک اور اختر (شاہ اودھ) نے مونث بھی نظم کیا ہے" لیکن موجودہ دور میں مذکر ہی ہے۔ تانیث کی سند میں رشک کا زیر بحث شعر اور واجد علی شاہ کا یہ شعر لکھا ہے:

مگر یہ بھی نکلا سراپا غلط تھی انشا غلط اور املا غلط

مولف مہذب اللغات کا یہ خیال ہرگز صحیح نہیں کہ اختر کے اس شعر سے املا کی تانیث ثابت ہوتی ہے۔ اس شعر سے نہ تانیث ثابت کی جا سکتی ہے نہ تذکیر۔ مصرع ثانی میں یہ لازم نہیں ہے کہ "تھی" کا اطلاق املا پر بھی ہو ——— مولف نے اسی ذیل میں مزید لکھا ہے: "املے کی کاپی، املے کا قلم وغیرہ رائج ہیں۔" لفظ املا میں اضافہ روا نہیں۔ ورنہ پھر "انشے کی کاپی" بھی لکھا جا سکتا ہے۔

مفید الشعراء میں رشک کے مذکورہ شعر کا مصرع اول اس طرح ہے ؎

نامہ بتاں ہے کیا لکھا میری تقدیر کا

اس رسالے کے جو اڈیشن میری نظر سے گزرے ہیں، ان میں اسی طرح ہے۔ رشک کے دیوان میں "یا لکھا میری تقدیر کا" ہے۔ (ص ۳۵۵)

ادب اور زندگی کا تعلق

ڈاکٹر گیان چند

ادب اور زندگی کا تعلق اتنا واضح نہیں جتنا کہ عام طور پر سمجھا جاتا ہے۔ ایک عرصہ ہوا شیخ چاند نے سودا پر جو کتاب لکھی تھی اس میں پہلا باب تاریخی پس منظر کا تھا۔ کسی دقیع تحقیقی و تنقیدی منصوبے میں سیاسی پس منظر دکھانے کی یہ پہلی کوشش تھی۔ 'لکھنؤ کا دبستانِ شاعری' اور 'دلی کا دبستانِ شاعری' بھی اسی موضوع سے شروع ہوتے۔ ڈاکٹر خواجہ احمد فاروقی نے 'میر حیات اور شاعری' لکھی تو کتاب کا کافی حصہ میر کے زمانے کے تاریخی حالات کی نذر کر دیا۔ پھر کیا تھا ہر مقالہ نگار کو ایک سہل سا فارمولا مل گیا کہ کتاب کی ابتدا میں دلی اور لکھنؤ کی وہی تاریخ دہرا دی گئی جو سو بار پڑھ چکے ہیں۔ وہی غلام قادر روہیلے کا شاہ عالم کی آنکھیں نکالنا۔ وہی نصیر الدین حیدر کی جلسہ رقاصاں اور وہی جان عالم پیا کا پری خانہ سجانا۔ اودھ پنچ کے طنز نگاروں نے مسدس حالی پر اسکولی بچوں کی زبانی فقرہ چست کیا تھا:

> "جناب مصنف نے جغرافیے کا تو خاتمہ کر دیا ہے۔ مسدس یاد کرو اور انٹرنس کا امتحان پاس۔ کوئی کہتا ہے کہ علم تاریخ میں تو معاذ اللہ وہ مجسم ہے کہ ہسٹری آف گریس اور ہسٹری آف روم تو گویا گھر کی لونڈی ہے۔"

ان مقالوں کے پہلے باب پر بھی یہی پھبتی چست ہوتی ہے اب قرینہ عام ہے کہ تحقیقی مقالہ لکھنے والوں کو تاریخی پس منظر لکھنے کے لیے تاریخوں کی ورق گردانی بھی نہیں کرنی پڑتی۔ اب تک کے شائع شدہ مقالوں ہی سے کافی سامان مل جاتا ہے۔

تنقید کو محض لٹریری ہسٹری آف انڈیا بنا دینا اس وقت تک بے سود ہے جب تک کہ ان واقعات کا زیر بحث مصنف یا مصنف سے تعلق روشن نہ کیا جائے۔

آرٹ برائے آرٹ کی رسم اتنی ہی پرانی ہے جتنا خود آرٹ لیکن ایک نظریے کی صورت میں اسے سب سے پہلے اٹھارویں صدی کی ابتدا میں فرانس کے وکٹر کزن نے [illegible] کے فقرے سے ادا کیا۔ اس کے برعکس انگلستان میں میتھو آرنلڈ نے ادب کو زندگی کی تنقید قرار دیا۔ اردو میں ادب برائے زندگی کا نعرہ ترقی پسند تحریک کے ساتھ بلند ہوا۔ ڈاکٹر اختر حسین رائے پوری نے اعلان کیا:

ط یہ اعتراض مجھ پر بھی صادق ہوتا ہے کیونکہ میکرڈنل کے مقالے 'اردو مثنوی شمالی ہند میں' میں بھی یہ باب ہے۔ ابتدا میں نے اسے بہت مختصر لکھا تھا لیکن ایک ممتحن نے اعتراض کیا کہ تاریخی پس منظر کو اور منضبط ہونا چاہیے تھا۔ مجبوراً میں نے بھی اسے بڑھایا لیکن سیاسی واقعات کی بجائے سماجی اور معاشی حالات پر زیادہ زور دیا ظ ادب اور انقلاب۔ ص۔ ۹۔ ڈی سزائیڈیشن۔

"تخلیق ادب معاشی زندگی کا ایک شعبہ ہے اور ادب زندگی کا پروردہ اور آئینہ دار ہے۔"

مولوی عبدالحق نے بھی شہادت دی۔

"ادب کی بنا زندگی پر قائم ہے اور اگر یہ نہیں تو وہ ایک لچر سی کہانی ہے۔ یہ جو کہا گیا ہے کہ ادب زندگی کا ایک آئینہ ہے وہ حقیقت پر مبنی ہے۔"

سوال پیدا ہوتا ہے: کیا اچھا ادب وہی ہے جو زندگی کی آئینہ داری کرے یا اس سے بھی بڑھ کر زندگی کی اصلاح کرے! اس سوال کا جواب دینے کے لیے ہمیں دریافت کرنا ہے کہ

زندگی ادب کو کس حد تک متاثر کرتی ہے؟

ادب زندگی کو کس حد تک متاثر کرتا ہے؟

زندگی کے معنی کیا ہیں؟ جتنے ذی روح ہیں ان سب کو ملا کر زندگی کہہ سکتے ہیں۔ ان کے جذبات و خیالات کو بھی زندگی کا جزو قرار دیا جائے گا کیونکہ فکر کا چشمہ زندگی ہی سے ابلتا ہے۔ تو وہ تخلیقیں جن میں کسی جان دار کا بالواسطہ بھی ذکر نہ ہو زندگی سے معرا کہی جائیں گی کہ نہیں مثلاً:

گلابی سا ہو جانا دیوار و در — درختوں سے آنا شفق کا نکھار
وہ چادر کا چھٹنا وہ بادل کا زور — ہر اک جانور کا درختوں پہ شور
وہ سرو سہی اور آب رواں — وہ پانی کا مستی سے بہنا وہاں

(مثنوی میر حسن)

یا

صف باندھے دونوں جانب بوٹے ہرے ہرے ہوں — ندی کا صاف پانی تصویر لے رہا ہو
ہو دلفریب ایسا کہسار کا نظارہ — پانی بھی موج بن کر اٹھ اٹھ کے دیکھتا ہو
آغوش میں زمیں کے سویا ہوا ہو سبزہ — پھر پھر کے جھاڑیوں میں پانی چمک رہا ہو

(اقبال۔ ایک آرزو)

ان اشعار میں زندگی نہیں فطرت ہے لیکن ان کے حسن میں شبہ نہیں۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ زندگی کے بغیر بھی ادب پارے میں حسن ہو سکتا ہے۔ لیکن یہ استثنائی صورتیں ہیں۔ یہ نظموں کے اقتباس ہیں۔ ان کے پہلے اور بعد کے اشعار زندگی سے خالی نہیں۔

اگر زندگی کو محض ذی روحوں کے تذکرے کے مترادف قرار دیا جائے تو وہ کون سا ادب پارہ ہے جو اس وسیع حصار میں نہ سما سکے۔ طلسم ہوش ربا اور مثنوی گلزار نسیم میں بھی زندہ کرداروں کا ذکر ہے لیکن ادب برائے زندگی کے نظریے کا کوئی متبع ان سے آسودہ نہیں۔ انھیں زندگی کا آئینہ دار نہیں قرار دیا جاتا۔ شاید ان کے فوق فطری کردار ان داستانوں کو زندگی کی بارگاہ

ط افکار عبدالحق ص ۹۰

سے خارج کر دیتے ہیں۔ ایسی داستانیں بھی ہیں جن میں کوئی ذوق نظر کا عنصر نہیں شعور باغ و بہار کے پہلے درویش کی سیر یا الف لیلہ میں سوتے جاگتے کی کہانی یا قصۂ عورت وغیرہ۔ نئے ادیب انھیں بھی زندگی آمیز اور زندگی آموز نہیں ملتے۔ آخر ان میں کسی نہ کسی زمانے کی زندگی کا تو ذکر ہے ہی۔ غالباً ادب کو زندگی کا آئینہ کہنے کے معنی یہ ہیں کہ ادب ہم عصر زندگی کا آئینہ ہو کسی گئے گزرے ماضی کا نہیں۔ چنانچہ اختر رائے پوری کہتے ہیں:

"ادب زندگی کا ایک شعبہ اور اپنے ماحول کا ترجمان ہے"

اس میں پہلی قباحت تو یہ ہے کہ اپنے ماحول کی ترجمانی کا مطالبہ ادیب سے تاریخی ناول اور نظمیں لکھنے کا حق چھین لیتا ہے۔ اس سے قطع نظر ہم عصر زندگی کی محض ترجمانی سے بھی بات نہیں بنتی۔ واسوخت امانت، مثنوی بہار عشق اور دیوان جان صاحب اپنے عہد کی زندگی کے آئینہ دار ہیں۔ ان کی حقیقت نگاری میں شبہ نہیں پھر بھی انھیں سراہا نہیں جا سکتا۔ مجنوں گورکھپوری نے سوال اٹھایا۔

"کیا ادب کے معنی صرف زندگی کی تکرار یا نقل کے ہیں۔ اگر زندگی کے محض اعادہ یا مثنیٰ کو ادب کہتے ہیں تو پھر اصل اور مثنیٰ میں کیا فرق ہے اور اس کی ہم کو کیا ضرورت ہے۔ ادب یا حسن کاری اگر زندگی کی محض ایک سادہ نقل ہے تو یقیناً ایک فعل عبث ہے جو زیادہ سے زیادہ تفریح کا ذریعہ بن سکتا ہے۔"

احتشام حسین نے اس کا جواب دیا۔

"چونکہ ادب ہوائی قلعہ بنانے کا نام نہیں ہے اس لیے شاعر اور ادیب کا کام یہیں نہیں ختم ہو جاتا کہ وہ ایک حقیقت پسند کی حیثیت سے جو کچھ دیکھتا ہے وہی لکھ دے بلکہ وہ جس طرح محسوس کرتا ہے کہ ایسا ہونا چاہیے اس کا اظہار بھی کرے۔"

بھارتیہ ساہتیہ پرشد ناگپور کے تاریخی اجلاس اپریل ۱۹۳۸ء میں جو اعلان نامہ پنڈت جواہر لال نہرو، منشی پریم چند، ڈاکٹر عبدالحق اور اختر رائے پوری وغیرہ کے دستخطوں سے شائع ہوا تھا اس میں کہا گیا تھا

"کیا آج جب ترقی اور پستی کی طاقتوں میں فیصلہ کن جنگ شروع ہو چکی ہے ادب اپنے کو غیر جانبدار رکھ سکتا ہے؟ ..... اگر زندگی کا سب سے اہم مسئلہ یہ ہے کہ سماج کے چہرے سے بیکاری، افلاس اور ظلم کے داغ دھوئے جائیں تو شاید کہنے کی ضرورت نہیں رہ جاتی کہ ادب کا اشارہ کس جانب ہو ..... زندہ اور صادق ادب وہی ہے جو سماج کو بدلنا چاہتا ہے۔"

واسوخت امانت اور بہار عشق یہ فریضہ سرانجام نہیں دیتیں۔ انھیں پڑھ کر کسی ذکی الحس قاری کے دل میں جنسی ظلم کے خلاف جذبات ابھر آتے ہیں تو یہ مصنف کے منشا کی وجہ سے نہیں۔ لیکن اس کوتاہی کا الزام صرف انھیں کتابوں پر کیوں رکھا جائے، باغ و بہار، فسانۂ عجائب، مثنوی میر حسن، گلزار نسیم، قصائد ذوق، دواوین میر و غالب چند منتخب اشعار کے سوا سماج کے چہرے سے بیکاری، افلاس اور ظلم کے داغ دھوتے ہیں نہ سماج کو بدلنے کا اشارہ کرتے ہیں لیکن ہم انھیں ٹھکرا نہیں سکتے سو فتنی نہیں قرار دے سکتے۔ ان سے بھی آگے بڑھ کر دیکھا جائے تو حمد حقیقی اور حمد وصلی کے عظیم مالی شاہکار بھی بیکاری افلاس اور ظلم کے خلاف تیغ بکف نہیں نظر آتے

---

[1] ادب اور انقلاب ص ۱۱ [2] ادب اور زندگی [3] تنقیدی جائزے ص ۵۰ طبع سوم

ہیسٹ، اوڈیسی، شاہنامہ، کالیداس اور شیکسپیئر کے ڈراموں میں سماج کو بدلنے کا جذبہ کوئی خاص نمایاں نہیں۔ جاگیرداری دور کی ان یادگاروں کو پرکھنے کے لیے ہم اپنے معیاروں کو نہیں بدل سکتے چنانچہ اختر رائے پوری نے کالیداس، تلسی داس، ٹیگور اور اقبال سب کو جنت پرستی کا سرٹیفکیٹ دے دیا۔

ماضی کے ادب عالیہ نے ترقی پسند نقادوں کو عجیب دُبدھا میں ڈال دیا۔ انھوں نے اچھے ادب کے لیے جو اصول و معیار قائم کیے تھے وہ ان شاہکاروں کے سامنے دم توڑ دیتے تھے لیکن اب ان شاہکاروں کی عظمت اتنی مسلّم ہے، ان کے بقائے دوام پر صدیوں کی ایسی مہر ثبت ہو چکی ہے کہ جو نظریۂ ادب ان سے منکر ہو اس نظریے کو ناقص ٹھہرایا جائے گا اس لیے ترقی پسند نقاد ادب عالیہ کو اپنانے پر مجبور ہوئے۔ سردار جعفری نے 'ترقی پسند ادب' میں اختر رائے پوری کے اعتراضات سے انحراف کیا اور تسلیم کیا کہ ماضی کا عظیم ورثہ ہمارا قومی سرمایہ ہے۔ انھوں نے کالی داس، شیکسپیئر، ٹیگور، میر، غالب، اقبال سب کی اہمیت اور عظمت کا اعتراف کیا۔

اپنا موضوع ترقی پسندی نہیں۔ صرف یہ اشارہ کرنا مقصود تھا کہ ادب کے وہ شاہکار بھی عظیم ہیں جو زندگی اور سماج کے معاشی حالات کو بہتر بنانے کے مدعی نہیں اور اس کا اعتراف ترقی پسندی کے سرکاری ترجمان بھی کرتے ہیں۔

اب تین طرح کی تخلیقات ملاحظہ ہوں۔ اوّل وہ ہیں جن میں زندگی کو بہتر بنانے کی کوشش بھی ہے اور جمالیاتی پہلو بھی خاطر خواہ ہے مثلاً

شہانِ کج کلہ پر تنگ ہے عالم کی پہنائی
درِ دہقاں پہ دستک دے رہی ہے شانِ دارائی
جہاں بانی دہکتی آگ ہے گرتی ہوئی بجلی
ہمیشہ اُس نے دُنیا میں کیا دورِ کہن پیدا
ہزاروں تجربوں کے بعد اب انسان یہ سمجھا ہے
کہ شاہی سے نہیں ہوتا شرافت کا چلن پیدا
نہ ہو چیں جبہ جب تک جبینِ شہریاری پر
نہیں ہوتا کلاہِ خسروی میں بانکپن پیدا
سُن اے غافل کہ تا روزِ قیامت نسلِ شاہی سے
نہ ہوگا بزمِ انسانی کا صدرِ انجمن پیدا

(جوش۔ زوالِ جہاں بانی)

یہ سماں اور اک قوی انسان یعنی کاشتکار
ارتقا کا پیشوا، تہذیب کا پروردگار
جس کی محنت کا عرق تیار کرتا ہے شراب
اڑ کے جس کا رنگ بن جاتا ہے جاں پرور گلاب
خون جس کا بجلیوں کی انجمن میں باریاب
جس کے سر پر جگمگاتی ہے کلاہِ آفتاب
جس کی محنت سے بھبکتا ہے تن آسانی کا باغ
جس کی ظلمت کی ہتھیلی پر تمدن کا چراغ

(جوش۔ کسان)

کسی بھی پیمانے سے دیکھا جائے۔ ادب میں ان کا اعلیٰ مقام ہے اور رہے گا۔

دوسری وہ تحریریں ہیں جن میں زندگی کو سنوارنے کی کوشش نہیں جو بعض نقادوں کے نزدیک جنت پسندانہ بھی کہی جا سکتی ہیں لیکن جن کی حسن کاری میں کوئی شبہ نہیں مثلاً

رہیئے اب ایسی جگہ چل کر جہاں کوئی نہ ہو
ہم سخن کوئی نہ ہو اور ہم زباں کوئی نہ ہو
بے در و دیوار سا اک گھر بنایا چاہیے
کوئی ہمسایہ نہ ہو اور پاسباں کوئی نہ ہو
پڑیئے گر بیمار تو کوئی نہ ہو تیمار دار
اور اگر مر جائیے تو نوحہ خواں کوئی نہ ہو
(غالب)

یہ نغمے یہ ترانے یہ شباب و شعر کا عالم
یہ آرائش مکانوں کی یہ زیبائش مکینوں کی
یہ رعنائی حسینوں کی یہ صحبت نازنینوں کی
یہ عمریں یہ بہاریں یہ شباب و شعر کا عالم
نہ لے جائے گا میں یارب یہیں رہنے دے تو مجھ کو
یہ دنیا ہے تو جنت کی نہیں ہے آرزو مجھ کو
(دنیا کی بہاریں۔ اختر شیرانی)

زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے
ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے
(درد)

—

نہ محفل نغمہ ہوں نہ پردہ ساز
میں ہوں اپنی شکست کی آواز
(غالب)

—

زندگی جبر ہے اور جبر کے آثار نہیں
ہائے اس قید کو زنجیر بھی درکار نہیں
(فانی)

—

اگر نہ زہرہ جبینوں کے درمیاں گزرے
تو یہ حیات کو کس طرح کہاں گزرے
(جگر)

—

ان تخلیقات میں کہیں شکست ہے کہیں فرار۔ کہیں فقدان عمل ہے۔ کہیں افسردگی لیکن یہ انسان کے بنیادی جذبوں اور آفاقی تجربوں سے تعلق رکھتی ہیں۔ ان میں سے بعض پر ایک یا ڈیڑھ صدی گزر چکی ہے لیکن وہ ابھی تک تر و تازہ ہیں۔ حافظ و خیام کی شاعری کئی صدیاں دیکھ چکی ہے اگر اس کی بہار ابھی تک جواں ہے تو کیوں نہ ہم امید کریں کہ یہ ابھی اور کئی صدیوں تک وقت کے دھارے کی حریف ہو سکے گی۔ ادبیات ماضی کے بیشتر کارناموں میں زندگی کو بدلنے کا کوئی جذبہ یا محرک دعوت نہیں۔ نثر میں الف لیلہ، باغ و بہار، نیاز کا افسانہ یہ پڑھ دینے کی اسی طرح کی جوش ربا تخلیقات ہیں جو ذہن پر چھا جاتی ہیں اور قلب کو مسرور کر دیتی ہے۔

تخلیقات کی تیسری قسم وہ ہے جو ہمیں زندگی کو بہتر بنانے کا سودا ہے لیکن جو شریت کے حسن سے عاری ہیں مثلاً

کام اچھا کرنا چاہیے نہ کہ جلد

کام اچھا کوئی ہو آیا اگر انسان سے
اس میں کی تاثیر اُس نے جس قدر اچھا کیا
کب کیا کیونکر کیا یہ پوچھتا کوئی نہیں
بلکہ ہیں یہ دیکھتے جو کچھ کیا۔ کیسا کیا

حالی

غریبوں کی فاقہ کشوں کی صدا ہے
مرے جا رہے ہیں
امیروں کے عیشوں کا انبار سر پر
لدے ہیں زمانے کے افکار سر پر
زمیندار کاندھوں پہ سرکار سر پر
مرے جا رہے ہیں

(ڈاکٹر تاثیر۔ غریبوں کی صدا)

اے مئے پندار سے مخمور اے سرمایہ دار
اے کہ ہے دولت پرستی تیرا بے مایہ شعار
اے کہ دولت ہی تری دُنیا ہے اور دولت ہی دیں
اے کہ تو دولت کو ہے سمجھا ہوا پروردگار
زعم میں سرمایہ داری کے یہ وحشت یہ جنوں
قصۂ مزدور سُننا بھی ہے تجھ کو ناگوار
خود پچوڑی تُو نے دولت خون سے مزدور کے
اور پھر غم خواری مزدور بھی ہے تجھ پہ بار
حق محنت اس کا دینے میں تجھے سو عذر ہیں
ہیں عرق جس کی جبیں کا تیرے دُرِ شاہوار
اپنی عشرت گاہ میں تو محوِ خوابِ عیش ہے
اور مزدور اک شکستہ جھونپڑی میں بے قرار

(سیماب۔ اے سرمایہ دار)

یہ تخلیقات گرد آلود کتابوں میں دفن ہیں۔ یہ زندگی آمیز بھلے ہوں لیکن خود اُن کی قسمت میں زندگی نہیں۔ ان کی پیدائش چند سال بعد ہی ان کا کوئی نام لیوا نہیں۔ زندگی اور سماج کو بہتر بنانے کی خواہش بڑا نیک جذبہ ہے لیکن اس کو کیا کیا جائے یہ ادب کی حیاتِ ابدی کا ضامن نہیں۔ ہم لاکھ چاہیں کہ بہترین ادب وہی قرار دیا جائے جو ان طاقتوں کا ساتھ دے جو دُنیا سے ظلم کی بے انصافی کو مٹانا چاہتی ہیں لیکن زمانے کا فیصلہ کچھ اور ہے اور کہا گیا ہے کہ وقت بہترین منصف ہے۔

تلنگانہ میں کسانوں کی شورش ہوئی جھٹ ایک ناول لکھ دیا گیا۔ کوریا کی لڑائی ہوئی یا لومبا کی شہادت ہوئی ایک افسانہ وجود میں آگیا۔ ہندوستان پر چین کا حملہ ہوا قومی نظموں کا سیلاب آگیا گویا گولہ بارود کی جگہ یہ نظمیں ہی مورچہ سر کریں گی۔ ان ہنگامی موضوعات سے متعلق ہنگامی ادب کو اپنے دور میں ضرور داد و تحسین مل جاتی ہے لیکن کیا آپ سوچ سکتے ہیں کہ سو دو سال بعد اس قسم کی تخلیقات کو رکھ جائیں گی۔ اگر نہیں تو انہیں ادبِ عالیہ میں شمار نہیں کیا جا سکتا۔ ان کی مثال سینما کے ان چلتے ہوئے چٹپٹے گانوں کی سی ہے جو کچھ دن کے لیے ہر ریڈیو۔ ہر لاؤڈ سپیکر، ہر زبان پر شورِ قیامت جگا دیتے ہیں۔ یہ غلغلہ کوئی چار چھ ماہ تک رہتا ہے۔ اس کے بعد

ان گیتوں اور افسانوں کی نادر کتابوں کو اس طرح طاق نسیاں میں ڈال دیا جاتا ہے جیسے وہ کبھی تھیں ہی نہیں۔ ان کے مقابلے میں پچھلے زمانے کبھی اس طرح زبان زد عوام نہیں ہوتے لیکن یہاں سے کا یہی چلن ہے اور رہے گا۔ زندگی کی سب سے بھرپور آئینہ داری روزنامہ اخبار کرتا ہے لیکن اخبار ایک دن کے بعد ہی ایسا باسی بے جان اور مُردہ ہو جاتا ہے کہ ردّی کی ٹوکری میں پھینک دیا جاتا ہے۔ اس کے مقابلے میں زندہ جاوید ادب عالیہ زندگی کا اتنا بڑا احساس نہ ہوتے ہوئے بھی زندہ و پائندہ رہتا ہے۔

ادب کو زندگی کا آئینہ کہنے والے بیشتر نقاد یہ غلطی کرتے ہیں کہ زندگی کو خارجی ماحول کا ہم معنی سمجھ لیتے ہیں۔ زندگی میں ماحول کی اہمیت مسلّم ہے۔ ہم اکثر مسائل کو (سب کو نہیں) اپنے معاشی طبقے کے زاویۂ نظر سے دیکھتے ہیں۔ ادیب کے ذہن اور جذبات کی تعمیر و تشکیل میں ماحول بڑی حد تک اثر انداز ہوتا ہے لیکن فن کار کی شخصیت کے طلوع و خال تنہا یہی متعین نہیں کرتا۔ آخر کیا بات ہے کہ میر اور سودا، انشا اور مصحفی، ذوق اور غالب، اصغر اور جگر ایک شہر ایک ماحول میں رہتے ہوئے بھی ایک دوسرے سے اتنے ہی مختلف تھے جتنے دو مختلف علاقوں دو مختلف زمانوں کے باشندے ہو سکتے ہیں اس کے معنی یہ ہیں کہ اجتماعی ماحول کے ساتھ ساتھ ہر شخص کا انفرادی ماحول بھی اتنا ہی اہم ہے لیکن یہ بھی انسانی ذہنیت کی پوری تاویل نہیں کر سکتا۔

کیا آپ نے ایسی مثالیں نہیں دیکھیں کہ دو حقیقی بھائیوں کے مزاج اور سیرت میں بُعدِ مشرقین ہے۔ دونوں ایک معاشرے کے جزو ہیں۔ دونوں کا انفرادی ماحول یکساں ہے لیکن خیالات یکساں نہیں۔ ایک خوش باش عیش آرا تو دوسرا خلوت پسند فلسفی مزاج ہو سکتا ہے۔ اکبر الہ آبادی نے کہا تھا۔

شیخ جی کے دونوں لڑکے باہنر پیدا ہوئے ایک ہیں کلیر پولیس میں ایک چھانسی پر چڑھے

بہت ممکن ہے دونوں کا ماحول مختلف ہو گیا ہو۔ دونوں مختلف قسم کے حلقوں میں اُٹھتے بیٹھتے ہوں لیکن دونوں کے مزاج اور کردار، پسند و ناپسند میں بھی ضرور فرق رہا ہو گا۔

سماجیات میں ایک بحث ہے کہ انسانی ذہن و کردار کی تشکیل میں ماحول زیادہ اہم ہے کہ وراثت۔ سماجیات کا موضوع چونکہ سماج ہے اس لیے وہ وراثت کو نظر انداز کر کے ماحول کے حق میں فیصلہ دیتی ہے۔ اس کے مقابلے میں علم الاجسام (Biology) ماحول پر وراثت کو ترجیح دیتا ہے۔ نسلی خصوصیات پر زور دینا مبالغہ ہے لیکن بالکل بے اصل بھی نہیں۔ شیخ محمد اکرام نے غالب نامے میں غالب کے کلام میں نسلی ذہنیت کے نقوش تلاش کیے۔

انگریزی کی کہاوت Like father like son بالکل ترے پاؤ رتی سچ ہے۔ کسی تخلیق کا اسلوب مصنف کی شخصیت کا عکس ہوتا ہے۔ انشا ہنسوڑ تھے تو ان کی اکثر تخلیقات میں بھی وہی ہنسوڑ پن، مسکراتا ہوا چہرہ دکھائی دیتا ہے۔ حالی نہایت شریف اور منکسر المزاج تھے تو ان کی تحریریں سادہ ہوتی ہیں۔ شبلی کا جمالیاتی ذوق بالیدہ تھا تو ان کا اسلوب بھی جمالی پہلو کو نظر انداز نہیں کرتا۔ انسان کا مزاج ایسی پیچیدہ گتھی ہے کہ اس کے عوامل اور محرکات کا صحیح تجزیہ مشکل ہے۔ بعض انسان خلوت پسند ہوتے ہیں تو بعض گنبدِ افلاک میں غلغلہ بپا کر دینا چاہتے ہیں۔ بعض شقی القلب ہوتے ہیں تو دوسرے ع آنچہ بر خود نہ پسندی بہ دیگراں مپسند کو اپنا اصولِ حیات بنا لیتے ہیں۔ بعض اشخاص جو سدھا کو دیکھ کر آگ بگولہ ہو جاتے ہیں تو بعض ہمیشہ ع ہے جستجو کہ خوب سے خوب تر

ماں کے چکر میں پھنسے رہتے ہیں۔ کسی کو جنس زدہ ([illegible]) بنا دینے کی ذمے داری اس کے خارجی ماحول پر ہی نہیں ہوتی۔ جذباتی شخصیت کی تشکیل کرنے والے عوامل کی تعیین موجودہ مقالے کا مقصد نہیں نہ راقم السطور کو اس کی صلاحیت ہے لیکن یہ طے ہے کہ شخصیت محض ماحول کی زائیدہ نہیں ہوتی اور ادب شخصیت کا انعکاس ہوتا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ انسانی دماغ میں مختلف جذبوں اور صلاحیتوں کے مختلف خطے ہوتے ہیں۔ اعصابی نظام، بعض غدود اور ان کی طرح تیں انسان کی داخلی شخصیت میں ترمیم کرتی رہتی ہیں۔ انسان کی نفسیاتی دنیا محض شعور پر مشتمل نہیں اس میں تحت الشعور اور لاشعور بھی محو لہو و لعب ہیں۔ جوانی اور ضعیفی میں انسان کے مزاج، پسند و ناپسند اور رجحانات میں جو تبدیلی ہوتی ہے کیا وہ خارجی ماحول میں تبدیلی کے باعث ہوتی ہے؟ نہیں۔ ماحول اور معاشرے میں اکثر کوئی انقلابی فرق نہیں ہو جاتا ہاں جسم کی ساخت میں ضرور انقلاب ہو جاتا ہے۔ اسی لیے شباب اور شیب کی ادبی تخلیقات کا رنگ جدا جدا ہوتا ہے۔ صحت مند اور مریض دنیا کو مختلف زاویوں سے دیکھتے ہیں۔

اب تک کی بحث سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ:

> اگر 'ادب زندگی کا آئینہ ہے' کہہ کر زندگی سے خارجی ماحول مراد لیا جاتا ہے تو یہ مکمل صداقت نہیں۔ 'ادب ماحول کا آئینہ ہے' سے بہتر صداقت ہے "ادب شخصیت کا آئینہ ہے۔" اور شخصیت کی تعمیر میں ماحول کا بڑا ہاتھ ہوتا ہے لیکن یہ تنہا محرک نہیں۔

بحث کا دوسرا رخ یہ ہے کہ ادب زندگی کو کہاں تک متاثر کرتا ہے۔

حالی نے مقدمۂ شعر و شاعری میں کچھ واقعات درج کیے ہیں کہ شاعر کی نظموں نے بدصورت کنواریوں کی خانہ آبادی کرا دی۔ قبیلوں کو انتقام لینے پر اکسا دیا اور غریب الدیار بادشاہ کے دل میں وطن کی یاد گدگدا دی۔ بعض تنقیدی مضامین میں یہ پڑھنے میں آتا ہے کہ نئی نسل شبلی سے (یا کسی اور سے) متاثر ہے تو ذہن میں یہی سوال ابھرتا ہے کہ الٰہی نئی نسل کے کتنے افراد ہیں جن تک شبلی کی رسائی ہو سکی ہے۔ شخصی حکومتوں کی بات دوسری تھی بادشاہ یا رئیس جس شاعر کو نوازتے تھے عوام بھی اس کے گرویدہ ہو جاتے تھے۔ وسل و رسائل کے آج جیسے ذرائع تو تھے نہیں قیمتی یہ تھا کہ نثری کتابوں کی اشاعت کم ہو پاتی تھی چونکہ نظموں کا یاد رکھنا آسان ہے اور وہ دلوں کو گرماتی بھی ہیں اس لیے زبان سے زبان پر گزر کر وہ دور دور تک پہنچ جاتی تھیں۔ آج جس کثرت سے کتابیں رسالے اور اخبار جاری ہیں ان میں منظومات کا حصہ عشر عشیر بھی نہیں۔

ہمارے ملک کی آبادی میں پڑھے لکھوں کا تناسب ۲۰ فی صد سے زیادہ نہ ہوگا۔ ان میں اردو پڑھے لکھے اور بھی تھوڑے ہوں گے۔ ان میں بھی ادبیات کا مطالعہ کتنے آدمی کرتے ہیں۔ حکومت اور سیاسی پارٹیوں کے پاس پروپیگنڈے کے کتنے وسائل ہیں ریڈیو۔ اخبار و ستاویزی فلمیں وغیرہ۔ ہم پر دن رات اس پروپیگنڈے کی بوچھار ہوتی رہتی ہے۔ ہمارے عقائد اسی سے تشکیل پاتے ہیں۔ اردو پڑھنے والے بھی کوئی مستثنیٰ مخلوق نہیں ان کی محبت و نفرت کے موضوعات کی تشکیل میں اقبال و جوش ملیح آبادی اور کرشن چندر کی تحریروں کا زیادہ اثر ہوگا یا روزانہ اخبار اور ریڈیو کا۔ ہم اخبار میں پڑھتے ہیں کہ امریکہ میں گورے نوجوانوں کی ایک عجیب جنسیوں پر گوریوں کی

پوچھا ذکر تے ہمارے گزر گئی یا افریقہ سے ہندوستانیوں کو نکالا جا رہا ہے تو ہمارے دماغ کا درجۂ حرارت ایک دم ۱۰۰ ڈگری پر پہنچ جاتا ہے۔ ادب اتنا زود اثر کہاں۔

آج کی زندگی بڑی پیچیدہ ہے۔ ادیب فکر اپنے مُنہ میاں مٹھو نہیں کہ وہ زندگی کو یوں جنت بنا سکتے ہیں اور یوں استعمار و بربریت کی طاقتوں کے خلاف جو حرب ہیں لیکن واقعتاً سماجی زندگی کا رُخ متعین کرنے میں ان کی حیثیت پہاڑ پر چیونٹی یا سمندر میں قطرے سے شاید ہی زیادہ ہو۔

جنگ آزادی میں شاعر انقلاب نے اپنی نظموں میں غلامی کے خلاف کیا کیا جھنجھلاہٹیں اور جھنجھلاہٹیں دکھائیں ہیں ہے ہند کے ذلیل غلامانِ روسیاہ اور ہے نامرد قوم میں بھی پیدا کیا ہے کیوں ——— وغیرہ۔ ان سے پوچھا جا سکتا تھا کہ حضرت ان سوالوں سے کہیں آزادی مل سکتی ہے۔ اس ٹانٹ ڈپٹ کی بجائے کچھ کیجیے، کوئی راہ عمل بتائیے کہ بدیسی حکومت سے کیونکر گلو خلاصی ہو۔ اور کرنے والے کر رہے تھے۔ ان کی جد و جہد اور قربانیوں نے آزادی دلائی۔ جوش اور دوسرے ادیبوں کی تخلیقات سے اس کی رفتار میں کوئی نمایاں فرق پڑتا نہیں دکھائی دیا۔ ملک کی آزادی اور تقسیم جوش و اقبال کی مرہونِ منت نہیں وہ مختلف سیاسی تحریکوں کی تدریج اور سرگرمیوں کا نتیجہ ہے۔

ملک کا سماجی اور معاشی ارتقا کس جہت میں ہوگا یہ نہ ادیبوں کے ناول طے کرتے ہیں نہ شاعروں کی نظمیں۔ یہ سیاسی پارٹیوں اور تکنیکی ماہروں کا میدان ہے۔

رموزِ مملکت خویش خسرواں دانند گدائے گوشہ نشینے تو حافظا مخروش

سیاسی پارٹیوں کا پروگرام ایوانِ قانون ساز اور حکومت کی معرفت عمل کے سانچے میں ڈھلتا ہے۔ منصوبہ بندی کمیشن ہے۔ قومی لیبوریٹریاں ہیں۔ طرح طرح کے ماہرین ہیں ہماری زندگی کس طرح گزرے گی اس کا فیصلہ ان کے ہاتھوں میں ہے۔ یہ جو کچھ بتاتے ہیں ہم اس پر بلیک کہتے ہیں۔ ان کے اور ہمارے درمیان مراسلت کا وسیلہ روزنامہ اخبار ہیں۔

آج دنیا کی تقدیر سیاستدانوں اور تکنیکی ماہروں (Technocrats) کے ہاتھ میں ہے ادیبوں کے نہیں۔ ادب کی تاثیر اور ہمہ گیری کی بات صرف ادیب کرتے ہیں۔ ارباب اقتدار کے سامنے یہ دعویٰ دہرایا جائے تو وہ اس معصوم دعوے پر مسکرا کر گزر جائیں گے۔ مزدور یا کسان کے سامنے بڑے بڑے ادیبوں کا ذکر کیا جائے تو وہ حیرت سے پوچھیں گے کہ یہ کن مخلوقات کا نام لے رہے ہو۔

ہمارے ذہن اور معتقدات کو سب سے زیادہ متاثر کرنے والے ہمارا پسندیدہ روزنامہ اور ہمارے قومی ریڈیو کی خبریں ہیں۔ تاثیر کی وسعت اور گہرائی کے لحاظ سے ادبی تخلیقات صحافت کے آگے پانی بھرتی ہیں۔ یہ صورت حال صرف ان ممالک میں نہیں جہاں خواندگی کی کمی ہے۔ مغرب میں جہاں تعلیم بہت عام ہے اور ادیبوں کی آواز بہت زیادہ لوگوں تک پہنچتی ہے وہاں بھی ادیب سماجی ارتقا کا رُخ متعین نہیں کرتے۔ وہاں کی حکومت، سیاسی گروہوں اور سرمایہ داروں کے پاس رائے عامہ کو متاثر کرنے والے وسائل افراط سے ہیں۔ وہاں پروپیگنڈا ایک فن لطیف بن گیا ہے۔

پھر بھی تخلیقات اثر آفریں ہوتی ہیں اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا ہے

دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے

ے بڑے مصنفوں کے قلم میں جادو ہوتا ہے۔ وہ قاری کو کم از کم وقتی طور پر اپنا ہم خیال بنا لیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ انگریز حکومت ے جوش کی نظم ضبط کی اور روسی حکومت نے نوبل پرائز پانے والے ناول کو اپنی قلم رو میں شائع نہ ہونے دیا۔ ایک اچھے ناول یا نانے کا اثر کتنی دور تک رہتا ہے اور شاید تحت الشعور میں بس کر رہ جاتا ہے لیکن افسوس تو یہ ہے کہ ہمارے ملکوں کے سیاست اں ادبیات کا مطالعہ نہیں کرتے۔ قانون ساز ایوانوں کے بیشتر اراکین تو محض حرف شناس ہی ہوتے ہیں۔ جو پڑھے لکھے ہیں انھیں ی ادبیات کے مطالعے کی فرصت نہیں۔

آج ادبیات کے علاوہ دوسرے موضوعات مثلاً تاریخ، معاشیات، سیاسیات، سائنس وغیرہ پر کثرت سے لکھا جا رہا ہے ربیات کے طلبہ کے علاوہ دوسرے قارئین اپنے اپنے پسندیدہ موضوع کا مطالعہ کرتے ہیں۔

سردار جعفری نے سچ کہا ہے۔

"ادب حقیقت کو بدلتا ضرور ہے لیکن خارجی فطرت اور ماحول پر براہ راست اثر انداز نہیں ہوتا... وہ پہلے انسان کے جذبات پر اثر انداز ہوتا ہے اور اس طرح انسان میں داخلی تبدیلی پیدا کرتا ہے۔"

ادب کا اثر ہوتا ہے لیکن ان پڑھے لکھوں پر جن تک اس کی رسائی ہو سکے۔ ابھی ملک میں خواندگی بہت کم ہے۔ مستقبل میں جوں ں خواندگی بڑھے گی ادب کے قارئین کا حلقہ وسیع تر ہوتا جائے گا۔ لیکن اب ایک اور خطرہ ہے۔ ملک کی ضرورتوں کے درپیش بجا طور پر زور دیا جا رہا ہے کہ فنون کی تعلیم کے مقابلے میں سائنس اور تکنیکی تعلیم کو زیادہ فروغ دیا جائے۔ ادبیات کا ہر پروفیسر اپنے بچوں کو انجنیری ڈاکٹری کی تعلیم دلا رہا ہے اور کسی انجنیئر یا میڈیکل کالج کے پروفیسر یا ماہر معاشیات کے سامنے شعر و ادب کا ذکر چھڑ جائے تو وہ اسے یکاری کے مسئلے سے زیادہ اہمیت نہ دے گا۔ آنے والی نسلوں میں تعلیم کے ساتھ ساتھ ادب کی مقبولیت اسی تناسب سے بڑھ جائے گی یسا سوچنا خوش فہمی ہے۔ تعلیم کے فروغ کے معنی مطالعۂ ادب کا فروغ نہیں۔

جب یہ صاف نظر آتا ہے کہ سماج کے ارتقا میں جو طاقتیں کام کر رہی ہیں ادب ان میں سب سے پیچھے سب سے کم زور ہے تو پھر ادب یں مقصدیت کی بحث اپنی بہت کچھ معنویت کھو دیتی ہے۔

سماج کی بہتری کی کوشش کتنا مستحسن کام ہے لیکن یہ کام ادب کی نسبت صحافت، سیاسی کتابیں، سیاسی نیتا، ماہرین معاشیات، موجدین سائنس زیادہ حسن و خوبی سے سرانجام دے رہے ہیں۔ ادب کو بھی اس مبارک کام میں ہاتھ بٹانا چاہیے لیکن ادب اگر کبھی کبھار اس جد و جہد سے منہ موڑ لے تو بھی سماجی ترقی کی رفتار میں کوئی نمایاں فرق نہ پڑے گا۔ یہ مسلم کہ ادیب کو کوئی ایسی چیز پیش نہ کرنی چاہیے جو سماج کو مرکز

ط ترقی پسند ادب بار دوم ص ۲۹

اشعار کی تعریف سے باہر ہے لیکن اگر وہ بعض نقلات ایسی چیزیں پیش کرے جو سوسائٹی کو ادبی اعتبار سے نہ بتائیں دکھائیں بلکہ زبان کو
اور صورت حال کو بگاڑ کر کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔ [1] حفیظ جالندھری:

سنا ہے میری سنی بات کر آئے گی وادی میں
بہار و کیف کی بدلی اتر آئے گی وادی میں
سرور و نور کا کوثر چھلک جائے گی وادی میں
نسیم بادیہ منظر کو مہکائے گی وادی میں
شباب و حسن کی بجلی سی لہرائے گی وادی میں
سنا ہے میری سنی بات کر آئے گی وادی میں

(اختر شیرانی)

دنیا کی محفلوں سے اکتا گیا ہوں یا رب
کیا لطف انجمن کا جب دل ہی بجھ گیا ہو
شورش سے بھاگتا ہوں دل ڈھونڈتا ہے میرا
ایسا سکوت جس پر تقریر بھی فدا ہو
مرتا ہوں خامشی پر یہ آرزو ہے میری
دامن میں کوہ کے ایک چھوٹا سا جھونپڑا ہو
اے سیر کی جو چڑیوں کے چہچہوں میں
چشموں کی شورشوں میں باجا سا بج رہا ہو
راتوں کو چلنے والے رہ جائیں تھک کے جس دم
امید ان کی میرا ٹوٹا ہوا دیا ہو

(اقبال)

میں نہیں کہہ سکتا کہ اس قسم کی تخلیقات مفید ہیں کہ نہیں ہیں لیکن انھوں نے انسان کو ہمیشہ آسودگی بخشی ہے اور ہمیشہ آسودگی بخشیں گی۔ مجنوں کے اس قول سے کہ حقیقت اتفاق ہے۔

"اخبارات میں سوائے روح عصر کے کچھ نہیں ہوتا اور ادب میں علاوہ روح عصر کے بھی ایک عنصر ہوتا ہے جس کا تعلق ماورائے عصر سے ہوتا ہے اور جس کی بدولت وہ ادب ہر زمانے کی چیز بن جاتا ہے یعنی وہی واقعیت (Realism) اور تخیلیت (Idealism) کا شیر و شکر ہونا۔ آج کل کے مشہور انگریزی نقاد جے۔ بی۔ پریسٹلی (J. B. Priestley) کا خیال بہت صحیح ہے کہ سرکاری اپنی آرٹ کو زندہ رکھنے کے لیے تھوڑی سی ایسوں کی ضرورت ہمیشہ پڑے گی۔"

زندۂ جاوید ادب میں اس ایسوں کا شائبہ ضرور رہتا ہے لیکن ایسوں کی مقدار تھوڑی ہی ہونی چاہیے۔ زیادہ ہوگی تو وہ زندگی کے لیے مہلک ہے۔

---

[1] ادب اور زندگی باب دوم ص ۲۰

اہلِ نوائط کی اُردو خدمات کا ایک جائزہ

نصیر الدین ہاشمی

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ جنوبی ہند میں مسلمان فوجی ترک و احتشام سے آنے سے صدیوں پہلے جہازوں کے ذریعہ پُرامن طریقے پر تجارت اور تبلیغِ اسلام کے لیے آچکے تھے۔ ان آنے والے مسلمانوں میں اہلِ نوائط کا بڑا حصہ تھا۔ چنانچہ مولانا سید سلیمان ندوی نے اپنی کتاب عرب اور ہند کے تعلقات میں حسب ذیل صراحت فرمائی ہے:۔

> روایتوں سے ثابت ہوتا ہے کہ اسلام اور عربوں کا تیسرا مرکز ہندوستان کا وہ آخری کنارہ ہے جس کو ہندوؤں کے پرانے زمانہ میں کیرالا کہتے تھے اور بعد کو ملیبار کہنے لگے ..... ملیبار کے یہی مسلمان عرب تاجر اور سوداگر اور تارکینِ وطن ہیں جو موپلا اور نائت کے ناموں سے ہندوستان میں مشہور ہیں اور جن کے ہاتھوں میں پرتگیزوں سے پہلے تک سمندر کی باگ تھی ..... (صفحہ ۲۶۵، ۲۶۹)

ملیبار کے دوسرے متابل ساحل کو عرب مغرب کہتے تھے اس کا موجودہ مشہور نام کارومنڈل ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ ساحل کا یہ حصہ بھی چند صدیوں کے بعد عربوں کے استعمال میں آیا ہے۔ چند ہی صدی کے آخر سے اس کا نام سننے میں آتا ہے۔ ساتویں صدی میں یہاں عربوں کا اچھا خاصا عمل دخل معلوم ہوتا ہے (صفحہ ۲۷۰، ۲۷۱)۔

اگرچہ مولانا سید سلیمان نے صرف کیرالا کے سلسلہ میں اہلِ نوائط کا ذکر کیا ہے اور کارومنڈل کے تذکرہ میں اُن کا نام نہیں لیا گیا ہے۔ مگر واقعہ یہ ہے کہ کیرالا کی طرح کارومنڈل میں اہلِ نوائط آئے ہیں۔ چنانچہ ندوی صاحب نے ساتویں صدی کا جو تذکرہ کیا ہے وہ ابنِ بطوطہ کے سفرنامہ سے ماخوذ ہے اس کی صراحت بھی ندوی صاحب نے فرمائی ہے۔ ابنِ بطوطہ کی صراحت خصوصیت سے پڑھنے کے قابل ہے جس کی صراحت آگے آتی ہے۔

یہ امر ہنوز تحقیق طلب ہے کہ اہلِ نوائط کس سنہ میں ہندوستان آئے۔ چونکہ تمام اہلِ نوائط شافعی مذہب کے پیرو ہیں اس لیے یہ قیاس کیا جاسکتا ہے کہ وہ تیسری صدی ہجری کے بعد آئے ہوں گے۔ لیکن جو دوسرے تاریخی شواہد ملتے ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ تیسری صدی ہجری کے بہت پہلے ہی ہندوستان میں آگئے تھے۔ بہرحال ان کے ہندوستان آنے کا زمانہ صحیح طور پر ہنوز متعین نہیں کیا جاسکتا۔

اہلِ نوائط کے ہندوستان میں متوطن ہونے کے متعلق جو مواد ملتا ہے اس سے واضح ہوتا ہے کہ وہ اوّلاً سواحل کارومنڈل اور کرناٹک پر اُترے اور جنوبی ہند میں دُور دُور تک پھیل گئے۔ جن مقامات پر اہلِ نوائط نے قیام کیا وہ کوکن، قیکل، بمبئی۔

گولکنڈہ۔ گلبرگہ۔ بیدر۔ بیجاپور۔ حیدرآباد۔ ویلور۔ ارکاٹ۔ مدراس۔ بنگلور۔ میسور۔ سدھوت۔ کرنول وغیرہ مقامات ہیں۔ ان میں سے اکثر مقامات پر اب بھی اُن کی خاصی تعداد موجود ہے۔

اہلِ نوائط کا ذریعۂ معاش تجارت تھا اس کے ساتھ ہی وہ درس و تدریس تبلیغ اسلام کے کاموں میں پوری توجہ، مستعدی اور انہماک سے مصروفِ عمل رہے۔ جب وہ ہندوستان آئے تھے تو ان کی مادری زبان عربی تھی۔ ہندوستان میں آکر رہائش کرنے لگے۔ تجارت اور تبلیغ اسلام میں مصروف ہوئے تو دیسی زبانوں کو حاصل کرنا ان کے لیے ضروری تھا۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ جنوب میں آپس کے میل جول سے زبان پیدا ہونے لگی یعنی قدیم اردو میں اُن کا بڑا حصہ تھا۔ مگر سردست اس کے متعلق بھی صحیح طور پر رائے پیش نہیں کی جا سکتی۔

دکن میں جب اسلامی حکومتیں، بہمنی، عادل شاہی، قطب شاہی، نظام شاہی، بریدیہ اور پھر آصفیہ وغیرہ قائم ہوئیں اور ان میں سے اکثر حکومتوں کی سرکاری زبان فارسی تھی تو اہلِ نوائط نے بھی عربی کے ساتھ فارسی اور پھر اردو کو اپنا لیا۔

دکن کی ادبی تاریخ کا جائزہ لیا جائے تو واضح ہوتا ہے کہ یہاں عربی فارسی ایک زمانہ دراز تک علماء اور فضلاء اور اصحابِ علم کی تصانیف اور تالیفات کی زبان رہی حتیٰ کہ خطوط بھی فارسی میں لکھے جاتے تھے۔ اگرچہ دکن میں سنہ ۸۰۰ھ کے اوائل سے دکنی (قدیم اردو) کا رواج رہنے کا ثبوت ملتا ہے۔ اور نہ صرف بول چال بلکہ تحریر میں آجانے کا کثیر ذخیرہ ہم دست ہو گیا ہے لیکن اس کے باوجود علماء اور اصحابِ علم میں فارسی کا ہی رواج عرصہ دراز تک باقی رہا۔ کیونکہ اکثر علماء اردو میں تصانیف کرنے کو اپنی شبکی تصور کرتے اور پس و پیش کرتے تھے۔ اظہارِ خیالات کے لیے اس کو کمتر ہی ایر تصور کیا جاتا رہا۔

میرے مضمون کا عنوان اہلِ نوائط کی اردو خدمات کا جائزہ ہے علمی خدمات نہیں ہے اس لیے اہلِ نوائط کے علمی اور ادبی کارناموں کو جو عربی فارسی میں ہوئے متروک کر کے صرف اردو کے متعلق صراحت کی جاتی ہے۔

اہلِ نوائط کی تاریخ پر نظر ڈالی جائے تو واضح ہوتا اور اس امر کا ثبوت ملتا ہے کہ صدیوں سے اہلِ نوائط نے درس و تدریس اور تصنیف و تالیف کو اپنی زندگی کا نصب العین بنا رکھا تھا اور اس قوم کے کئی مشاہیر اس خصوص میں نام آور ہوئے ہیں۔ چنانچہ مشہور اسلامی سیاح ابن بطوطہ نے اپنے سفرنامہ میں اس قسم کے دو بزرگوں کا حال اس طرح قلمبند کیا ہے:

"دوسرے دن صبح کو ہنور میں پہنچے۔ یہ ایک بہت بڑی کھاڑی پر واقع ہے۔ اس شہر کے عابدوں میں شیخ محمد ناگوری ہیں انھوں نے میری دعوت اپنی خانقاہ میں کی۔ فقہ اسمٰعیل جو کلام اللہ پڑھاتے ہیں اس شہر میں رہتے ہیں۔ وہ نہایت پرہیزگار خوش خلق اور فیاض ..... اس شہر میں تیرہ مکتب لڑکیوں کے ہیں اور تیس مکتب لڑکوں کے ہیں۔ یہاں کا بادشاہ جمال الدین ہے یہاں کے راجہ کو کچھ معین خراج دیتا ہے۔ بادشاہ سلطان جمال الدین محمد بن حسن بڑا نیک بخت ہے ہمیشہ باجماعت نماز پڑھتا ہے۔ جب میں اس کے پاس ٹھیرا ہوا تھا تو افطار کے وقت مجھے بلایا بھی تھا۔ فقہ علی اور فقہ اسمٰعیل بھی موجود رہتے تھے۔"

(ہنور کو اب ہانور کہتے ہیں احاطہ بمبئی میں شمالی کنڑا کے ضلع میں ایک تحصیل کا صدر مقام ہے) ملا علی جن کا تذکرہ ہے وہ ملا علی ہاشمی تفسیر رحمانی کے مصنف ہیں اور فقہ اسمٰعیل راقم کے اجداد میں شامل ہیں اس لیے واضح ہے کہ اہلِ نوایط کرالا کے علاوہ کارومنڈل میں بھی آگئے تھے۔ یعنی ملک کو کن کا مرکز بنا ہوا تھا۔)

اس زمانہ کے بعد بھی اس قوم کے مشاہیر نے درس و تدریس اور تصنیف و تالیف کو جو ان کا آبائی ورثہ تھا متروک نہیں کیا۔ اہلِ نوایط کی عربی اور فارسی تصانیف کا سلسلہ ۱۳۰۰ھ کے بعد بھی جاری رہا۔ اگر مشاہیر نوایط کی صرف عربی فارسی تصانیف کی فہرست پیش کی جائے تو کئی سو کتابوں کا تذکرہ کرنا ہوگا۔ یہاں اس موقع پر دشوار ہے کیونکہ ہم کو صرف اردو کا تذکرہ کرنا ہے۔ اولاً یہ بحث پیدا ہوتی ہے کہ اہلِ نوایط نے اردو کی خدمت کی ابتدا کب سے کی ہے۔ اور کس نے اردو کا زمانے پیش کرنے کا آغاز کیا۔

واضح ہو کہ اہلِ نوایط کا بڑا کارنامہ تبلیغ اسلام اور درس و تدریس کے ساتھ تجارت بھی رہا۔ زمانہ سابق میں عام طور سے تمام علماء و فضلاء اردو کے قطع نظر عربی فارسی کو اپنے اظہارِ خیال کا ذریعہ قرار دیتے تھے چنانچہ ان ہی وجوہ سے سنہ ۱۳۰۰ھ (سنہ ۱۸۸۳ء) تک ہی ان کے فارسی یا عربی تصانیف ہمدست ہوئے ہیں حتیٰ کہ خطوط بھی عرصۂ دراز یعنی ۱۳۲۴ھ تک بعض اصحاب[1] فارسی میں لکھا کرتے تھے۔

اگر میں یہ صراحت کروں کہ قاضی محمود بحری وہ پہلے نائطی شاعر اور مصنف ہیں جنھوں نے قدیم اردو میں طبع آزمائی کی ہے تو شاید یہ اعتراض کیا جائے کہ اب تک مورخین ادب نے قاضی صاحب کو نائطی نہیں لکھا ہے پھر کس طرح قاضی صاحب کو اہلِ نوایط میں شامل کیا جاتا ہے۔ اس خصوص میں مصنف تذکرہ گلزارِ اعظم کی صراحت قابلِ ملاحظہ ہے جو حسب ذیل ہے:

"مختار تخلص باقر حسین مخاطب بہ خطاب پدر خود حسن علی خان از اولاد قاضی محمود بحری از قوم نائطہ معزز ان این شہر است۔" صفحہ (۳۴۷)

یہ تذکرہ ۱۲۷۳ھ (۱۸۵۶ء) میں طبع ہوا ہے۔ اس سے واضح ہے کہ قاضی محمود بحری کی اولاد اس زمانہ میں موجود تھی اور اہلِ نوایط میں ان کو شامل کیا گیا تھا۔

اگر سر دست قاضی محمود کے نام کو مزید تحقیق کے لحاظ سے حذف کر دیا جائے تو جس نائطی شخص کو اردو کا پہلا نائطی شاعر تسلیم کرنا چاہیے وہ سعادت اللہ ہیں۔

یہ وہی سعادت اللہ خان ہیں جن کو عالمگیر نے ذوالفقار خان کے خطاب سے ارکاٹ کا صوبہ دار بنایا تھا۔ آپ کے دربار میں فارسی گو شاعروں کا ہمیشہ جمگھٹا رہتا تھا۔ جن میں قزلباش خان، فضل اللہ خان، آغا محمد مقیم دکھنی، رائے بست رائے وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔ مصنف سعید نامہ (جو ان کے عہد کی تاریخ ہے) اس امر کی صراحت کرتا ہے کہ ان کے دربار میں شعراء کے کلام

---

[1] راجا بہادر امیر نواب شرف الدولہ جو راقم کے دادا تھے ۱۳۲۴ھ تک فارسی میں خط لکھا کرتے تھے۔

پر مباحثہ ہوتا تھا۔ خواص اللہ [illegible] کی تصانیف کا ذکر رہا کرتا۔ سعادت اللہ خاں خود بھی شاعر تھے اور ان کو شعر کا اچھا ذوق تھا۔ فی البدیہہ شعر کہا کرتے۔ ایک مرتبہ بیجاپور کے شاعر عبداللہ ذاکر نے اپنی درخواست شعر میں پیش کی۔ . . . . . محرم میں اکثر اوقات دکنی زبان میں مرثیے کہا کرتے جو فصاحت و بلاغت کے لحاظ سے اپنی آپ نظیر ہوتے افسوس ہے کہ ان کا کوئی مرثیہ دستیاب نہیں ہوا۔ ۱۱۲۶ھ میں ان کا انتقال محمد پور (ارکاٹ) میں ہوا۔ بہرحال موجودہ معلومات کے لحاظ سے اہل نوائط میں ان کو پہلا اردو گو شاعر تسلیم کرنا صحیح ہو سکتا ہے۔

اب مضمون کو سہولت کی غرض سے چند ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے تاکہ ہر دور کی اردو خدمات کا حال واضح ہو سکے۔ حسب ذیل ادوار قائم کیے جائیں گے۔

پہلا دور	ماقبل سنہ ۱۸۰۰ء تا سنہ ۱۸۰۰ء
دوسرا دور	سنہ ۱۸۰۱ء تا سنہ ۱۸۵۷ء
تیسرا دور	سنہ ۱۸۵۸ء تا سنہ ۱۹۰۰ء
چوتھا دور	سنہ ۱۹۰۱ء تا سنہ ۱۹۴۷ء
پانچواں دور	سنہ ۱۹۴۷ء تا سنہ ۱۹۶۳ء

ان ہی ادوار کے تحت یہاں مختصر مراجعت کی جاتی ہے۔ امید ہے کہ موجب دلچسپی ہوگی۔

پہلا دور

ماقبل سنہ ۱۸۰۰ء تا سنہ ۱۸۰۰ء

اس دور میں اہل نوائط کی اردو خدمات کے سلسلہ میں صرف شاعری اور نثر نگاری کی مراجعت کی جاتی ہے۔ اس دور کے کئی ایک نوائط کے نظم اور نثر نگاری کے ذخیرے بدست آگئے ہیں۔ جو شعرا اور نثر نگاران کو پیش کیا جا سکتا ہے وہ یہ ہیں:۔

مولوی محمد باقر آگاہ ان کے والد بیجاپور کی عادل شاہی حکومت کے خاتمہ کے بعد دیلور (علاقہ مدراس) آگئے اور باقر آگاہ کی ولادت، نشو و نما اور تعلیم و تربیت دیلور میں ہوئی۔ آپ سنہ [illegible]ھ میں تولد ہوئے اور مدراس میں سنہ ۱۲۲۱ھ میں انتقال فرمایا۔ آگاہ کی عربی فارسی تصانیف کی تعداد (۳۰۳) ہے۔ اس میں سے (۱۶) اردو میں۔ تمام کتابیں نظم میں ہیں اور مثنوی کی صورت میں ہیں مگر اکثر کتابوں میں کئی صفحوں کا دیباچہ نثر میں ہے۔ ان کتابوں میں اشعار کی تعداد ایک لاکھ سے زیادہ ہوتی ہے۔ مثنویاں ایک کے باقی تمام سوانح، سیر و مناقب فقہ کے عنوان پر لکھی ہیں خصوصیت سے عورتوں کے لیے ان کتابوں کے لکھنے کا تذکرہ کیا گیا ہے کیونکہ اصحاب علم عام طور سے عربی فارسی میں تعلیم پاتے اور ان ہی کتابوں کا مطالعہ کرتے تھے۔ عورتوں کے لیے یہ سہولت نہیں تھی اس لیے باقر آگاہ نے خصوصیت سے عورتوں کا تذکرہ کیا ہے۔

باقر آگاہ کا کلیات بھی ہے جس میں اصنافِ سخن کے کئی اقسام مثلاً قصیدہ، غزل، رباعی، قطعہ، مرثیہ سب کچھ شامل ہے۔ آگاہ کو خاندان والا جاہ ارکاٹ کے دربار سے زیادہ تعلق رہا مگر ان کا کوئی قصیدہ والیٔ ملک کی مدح اور ستائش میں ہے بلکہ تمام قصاید نعتیہ ہیں، آگاہ کی بلند کرداری کی یہ ایک عمدہ مثال ہے۔ آگاہ کی مثنویوں، قصیدہ اور غزل کے چند شعر پیش کیے جاتے ہیں۔

آنحضرت صلعم کی سخاوت کا تذکرہ

سخاوت میں کوئی اوس کا ثانی نہیں — نہ تھا جود کون اس کی . . . نہیں
سوان سون دیا اونٹ روز حسین — غریبان کون اوخلق کا نورِ عین
بقول ہوازن دیا چھے ہزار — درم اوشہنشاہ عالی تبار
نسے یک مسلمان کون اوبے بدل — دیا یک جنگل بہر کو بحری سیگل
کہاں قوم کون جاگو لسے گریان — محمد اوپر لاؤ ایمان جان
سخاوت کون اوس کی نہیں انتہا — جو ظاہر سخاوت کا ہے مدعا
میں رحمت کا اوس کی کرون کیا بیان — سراپا ہے اوس کون خدا در قرآن
رکھا رحمت العالمین اوس کا نام — رؤف رحیم بھی اسے شاد کام
شہنشاہ کی رحمت اسے نام ور — ابھی سب پر حتیٰ کہ شیطان و دہر

اُمت میں نبی کی جو ہین عورات — افضل ہین سب عورتان سے سُن بات
لکھتا ہون میں اس کتاب اندر — احوال نساء کا اے برادر
اس شاہ کی دختران کا احوال — اس شاہ کی عورتان کا احوال
اُمت میں جو عورتان تھے کامل — تھا قرب خدا کا ان کو حاصل

غزل کا نمونہ:-

فریاد میری تیرے تغافل کو بڑھایا — کیا خوب ملا تجھے میری فغان کا

کون سے گلرو کی جلوہ گاہ ہے تاب اندر شراب
یون مہکتی ہے جواب میرے گلاب اندر شراب

پر مباحثہ ہوتا تھا۔ خواص [illegible] کی تصانیف کا ذکر رہا کرتا۔ سعادت اللہ خاں غوری بھی شاعر تھے اور ان کو شعر کا اچھا مذاق تھا۔ فی البدیہہ شعر کہا کرتے۔ ایک مرتبہ بیجاپور کے شاعر عبداللہ ذاکر نے اپنی درخواست شعر میں پیش کی۔ . . . . . .

. . . . . محرم میں اکثر اوقات دکنی زبان میں مرثیے کہا کرتے جو فصاحت و بلاغت کے لحاظ سے اپنی آپ نظیر ہوتے افسوس ہے کہ ان کا کوئی مرثیہ دستیاب نہیں ہوا۔ ۱۱۲۵ھ میں ان کا انتقال محمود بند (ارکاٹ) میں ہوا۔ بہرحال موجودہ معلومات کے لحاظ سے اہل نمایلی میں ان کو پہلا اردو گو شاعر تسلیم کرنا صحیح ہو سکتا ہے۔

اب مضمون کو سہولت کی غرض سے چند ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے تاکہ ہر دور کی اردو خدمات کا حال واضح ہو سکے۔ حسب ذیل ادوار قائم کیے جائیں گے۔

پہلا دور	ماقبل سنہ ۱۸۰۰ء تا سنہ ۱۸۰۰ء
دوسرا دور	سنہ ۱۸۰۱ء تا سنہ ۱۸۵۷ء
تیسرا دور	سنہ ۱۸۵۸ء تا سنہ ۱۹۰۰ء
چوتھا دور	سنہ ۱۹۰۱ء تا سنہ ۱۹۴۷ء
پانچواں دور	سنہ ۱۹۴۷ء تا سنہ ۱۹۶۳ء

ان ہی ادوار کے تحت یہاں مختصر مراجعت کی جاتی ہے۔ امید ہے کہ موجب دلچسپی ہوگی۔

پہلا دور

ماقبل سنہ ۱۸۰۰ء تا سنہ ۱۸۰۰ء

اس دور میں اہل نمایلی کی اردو خدمات کے سلسلہ میں صرف شاعری اور نثر نگاری کی مراجعت کی جاتی ہے۔ اس دور کے کئی ایک نمایلی کے نظم اور نثر نگاری کے ذخیرے بہم پہنچے ہیں۔ جن شعرا اور نثر نگاران کو پیش کیا جا سکتا ہے وہ یہ ہیں:۔

مولوی محمد باقر آگاہ ان کے والد بیجاپور کی عادل شاہی حکومت کے خاتمہ کے بعد ویلور (علاقہ مدراس) آگئے اور باقر آگاہ کی ولادت، نشو و نما اور تعلیم و تربیت ویلور میں ہوئی۔ آپ سنہ ۱۱۵۰ھ میں تولد ہوئے اور مدراس میں سنہ ۱۲۲۰ھ میں انتقال فرمایا۔ آگاہ کی عربی فارسی تصانیف کی تعداد (۳۰۳) ہے۔ اس میں سے (۱۶) اردو میں۔ تمام کتابیں نظم میں ہیں اور مثنوی کی صورت میں ہیں مگر اکثر کتابوں میں کئی صفحوں کا دیباچہ نثر میں ہے۔ ان کتابوں میں اشعار کی تعداد ایک لاکھ سے زیادہ ہوتی ہے۔ مثنوی [illegible] ایک کے باقی تمام سوانح، سیر و مناقب فقہ کے عنوان پر لکھی ہیں خصوصیت سے عورتوں کے لیے ان کتابوں کے لکھنے کا تذکرہ کیا گیا ہے کیونکہ اصحاب علم عام طور سے عربی فارسی میں تعلیم پاتے اور ان ہی کتابوں کا مطالعہ کرتے تھے۔ عورتوں کے لیے یہ سہولت نہیں تھی اس لیے باقر آگاہ نے خصوصیت سے عورتوں کا تذکرہ کیا ہے۔

باقر آگاہ کا کلیات بھی ہے جس میں اصنافِ سخن کے کئی اقسام مثلاً قصیدہ، غزل، رباعی، قطعہ، مرثیہ سب کچھ شامل ہے۔ آگاہ کو خاندانی حالات اور ارکاٹ کے دربار سے زیادہ تعلق رہا مگر ان کا کوئی قصیدہ والیٔ ملک کی مدح اور ستائش میں نہیں بلکہ تمام قصاید نعتیہ ہیں، آگاہ کی بلند کردار کی یہ ایک عمدہ مثال ہے۔ آگاہ کی مثنویوں، قصیدہ اور غزل کے چند شعر پیش کیے جاتے ہیں۔

آنحضرت صلعم کی سخاوت کا تذکرہ

سخاوت میں کوئی اوس کا ثانی نہیں — نہ تھا جود کون اس کی . . . نہیں
سوان صوں دیا اونٹ روز حسین — غریبان کون اوخلق کا نورِ عین
بقول ہوازن دیا چھے ہزار — درم اوشہنشاہ عالی تبار
نے یک مسلمان کون اوبے بدل — دیا یک جنگل بہر کو بحری سیگل
کہاں قوم کون جاگو اے گمریان — محمد اوپر لاؤ ایمان جان
سخاوت کون اوس کی نہیں انتہا — جو ظاہر سخاوت کا ہے مدعا
میں رحمت کا اوس کی کرون کیا بیان — سراپا ہے اوس کون خدا در قرآن
پکار رحمت العالمین اوس کا نام — رؤف رحیم بھی اسے شاد کام
شہنشاہ کی رحمت اے نام ور — ابھی سب پر حق کہ شیطان و دہر

اُمت میں نبی کی جو ہیں عورات — افضل ہیں سب عورتان سے سن بات
لکھتا ہوں میں اس کتاب اندر — احوال نساء کا اے برادر
اس شاہ کی دختران کا احوال — اس شاہ کی عورتان کا احوال
اُمت میں جو عورتان تھے کامل — تھا قرب خدا کا ان کو حاصل

غزل کا نمونہ:-

فریاد میری تیرے تغافل کو بڑھایا — کیا خوب بلا تیرے میری فغان کا

کون سے گلرو کی جلوہ گاہ ہے تاب اندر شراب
یوں چمکتی ہے جواب میرے گلاب اندر شراب

دل میں میرے ساقی نہیں داستان شوق
کس طرح سے کروں میں پیارے بیان شوق

جب لگائے خدنگ دل کو میرے مژگان
پانی ہی بھرتے بھرتے نکلا اپنی پائے چشم

ہے میری جان دل پر حکم غمزہ کا تیری نافذ
مگر تقدیر کے نایب ہیں تیری آج کل انکھیا

ہستی سے تنگ دل ہوا اب نیستی کی
پھر کاش اس جہان سے ہو جائوں بے خبر میں

جو چشم تجلی سے تیرے دور پڑے ہیں
حیرت میں ہوں کہ نور سے مجبور پڑے ہیں

عشق میں ہم تو کچھ گنہ نہ کیا
بے گنہ ہوں کو کیوں ستاتے ہو

جب سے ہم تجھکو یک نظر دیکھے
تجھکو ہر شے میں جلوہ گر دیکھے
تو ہی منظور چشم و دل ہے سدا
کیا ہوا گر ادھر ادھر دیکھے
کب شعلہ زار عشق کا دل تاب لاسکے
ذرہ میں آفتاب کہاں سے سما سکے

رباعی :-

تا دل میں سماتا ہے تیرا عکسِ جلال
نہ آنکھ میں ماتا ہے تیرا نورِ جمال
ہیں ملک و ملک میں جتنے اربابِ کمال
تمہید میں تیرے ہو گئے یکسر لال
اس گریہ و زاری و دعا سے توبہ
اس توبہ پہ عجب دریا سے توبہ
پستی کی علامات ہیں یہ سب چیزیں
یارب یہ علامات بلا سے توبہ

دیوان

زین العابدین نام دیوان تخلص۔ علی دوست خان فرزند حسین خان دوست خان چندا صاحب کے داماد تھے۔ فارسی اردو میں شاعری کرتے تھے۔ صاحب گلدستۂ کرناٹک اور تذکرہ گلزارِ اعظم میں آپ کا حال درج ہے۔

افسوس ہے کہ ان کے دیوان کے غزلیات وغیرہ بدست نہیں ہوئے۔ صرف مرثیوں کا مواد بدست ہوا ہے۔ نمونہ ہے :

آج سلطان پیمبر پہ ہے غم — شاہ مردان شبیر اکبر پہ ہے غم
سخت ہے خاتونِ جنت غم میں — شاہِ دین شبیر و شبر پہ ہے غم

کیا کربلا میں آلِ عرب پر ستم ہوا — جب اوپر امام دوسرا پُر الم ہوا
آلِ رسولِ حق پہ تظلم کا حال دیکھ — ... کے دل عیش بکام عدم ہوا
ہند گرد غم سوں بکھرا ... شش جہان — عالم پہ ہی جب سُنے ایجاد غم ہوا

. . . . . .

افسوس کہا کر غم سوں کھدو کے زار زار
دیوان پر کا یو ماتم جسم ہوا[۱]

---

[۱] کتب خانہ سالار جنگ حیدرآباد ۔ رقعات امام اللہ حسینی ۔ ادب نثر فارسی (۱۴۴)

مرثیہ :-

ہوا ختم یار غم سوں سرو بستان نبوت کا
ہوا باد غم سوں گل شمع بزم ولایت کا
سدا غم گین دو عالم کوں کیا ہے چاند ماتم کا
سکایا ہے نہال عیش کوں یا دختران خم کا
دھلیا تخت امامت جب منے سروں دو عالم کی
گری ..... رہتی حرف ختم کا
ہوا ختم شہادت قتل خاک کربلا میں جب
خوشی کا نام مجلسوں کم ہوا ہے جام جیوں جم کا

.....

شفات ..... کوں کریں گے ساقی کوثر
دکھیا ہوں اسد محشر کوں اس شاہ مکرم کا
سدا دیوان رویا حیف کا غم سو شہیدان کی
چھتر ہے سر پہ اس کی کرو اہل بیت اکرم کا

مرثیہ :- کربلا جب مقتل شہزادہ اکمل ہوا
خاک اس کا بر زمین آسمان افضل ہوا
غم کیوں نہ ہو دو عالم کوں محیط
آفتاب دین کی مغرب عرصہ کربل ہوا

---

(۳) اس دور کے ایک اور شاعر عجز ہیں :-

غلام محی الدین نام تھا۔ ارکاٹ میں ۱۱۸۲ھ میں تولد ہوئے اور ۱۲۲۵ھ میں مدراس میں انتقال ہوا۔ والاجاہ کے قریب فرزند عظیم الدولہ کی تعلیم اور تربیت سے متعلق کئی فارسی کتابوں کے مصنف ہیں اپنے انتقال تک درس و تدریس میں مشغول رہے۔ فارسی اور اردو میں دیوان مرتب کیے تھے۔ کئی کتابوں کے مصنف ہیں جو فارسی اور اردو میں ہیں۔ کلام کا نمونہ پیش ہے۔

بے خبر عشق بتاں سے تھا میرا دل افسوس
اس بچارہ پہ عبث فتنہ چلائیں آنکھیں

یار کے عشق نے جب سے مجھے سرشار کیا
چشم انگور کو . . . . خون بار کیا
ہمیں کعبہ و دیر سے نہیں کچھ کام
کہ ہر جا ترا جلوہ ہم دیکھتے ہیں
کیا تیری چشم کا پیمانہ ہے
حسن جس امر کا مستانہ ہے
مدت گزر گئی نہ سنی یار کی خبر
اس شوخ دلربا بت غم خوار کی خبر
معجز خیال ہستی موہوم کو وداع
درپیش ہے سفر مجھے دارالبقا طرف
ایک دم جلنے پر مت لاف کرے پروانہ
شمع کو دیکھ کہ تا صبح جل جاتی ہے

مختار

باقر حسین نام مختار تخلص۔ قاضی محمود بحری کے پوتے تھے۔ فارسی شاعری میں اچھی دستگاہ حاصل تھی۔ مشاعرہ اعظم میں شریک ہوا کرتے۔ اپنے دادا کی طرح اردو سے بھی دلچسپی تھی۔ تصوف سے بھی شغف تھا۔

افسوس ہے کہ اردو کلام اب تک بدست نہیں ہوا ہے۔

ان کے علاوہ کئی اور شعرا کا پتہ چلتا ہے جو اس دور میں اردو کی خدمت کرتے تھے۔ بہرحال اردو کی خدمت شاعری کے لحاظ سے کئی اصحاب نے کی ہے۔

شاعری کی طرح نثر نگاری کی جانب بھی اہل نوائط نے توجہ کی تھی اس دور کی نثر کا نمونہ پیش ہے۔

(۱) مولانا باقر آگاہ کی نثر کا نمونہ یہ ہے :-

اگرچہ باقر آگاہ نے اردو نثر میں اپنی کوئی مستقل تصنیف نہیں چھوڑی ہے مگر اکثر نظم کی کتابوں میں طویل دیباچہ نثر میں قلمبند کرتے رہے ہیں جس میں اردو کی تاریخ اور تنقید بھی آگئی ہے۔ چنانچہ یہاں اس قسم کا ایک نمونہ پیش کیا جاتا ہے۔ جو نثر کے متعلق گویا تنقید ہے۔

"تعصب کو یک طرف رکھ کر کلیات سودا کو بغور ملاحظہ کر کر انتخاب کرے اور ان سبھوں کو یک

داستان گلشن جشن یا علی نامہ سے مقابلہ دیوے تا اندازہ سے اس کی اور اس کی بلاغتی واقف ہوئے۔ سودا کو چھوڑئے جس شاعر فارسی گو سے چاہیے خواہ قصاید میں خواہ مثنوی میں اسے مقابل کیا جائے۔ بالفعل بھی مہر و ماہ یکتائے فن طرازی باقل خان رازی کتیں قصہ مہر و ماہ کا ہے گلشن جشن سے مواجہ کر دیکھیے تا معنی مثل دکھنی کے ہاتھ لکھنی کو آرسی کیا کا خوب سمجھے۔"

کہاں نصرتی سخن کے یہ دولہا ۔۔۔ طابعہ قدرت کے مجھ کو صلہ
کہا سودا کتیں انصاف سے ۔۔۔ کر صدقے کر دو مجھ کو آگاہ سے

(۲)

مولوی محمد غوث شرف الملک عربی فارسی کے عالم متبحر تھے۔ چند سال تک ریاست ارکاٹ کی وزارت عظمیٰ کے فرائض انجام دیے مگر اپنے علمی مشاغل میں اس ملازمت کو مانع قرار دے کر مستعفی ہوئے۔ آپ کی تصانیف کی تعداد (۲۱) ہے جو عربی اور فارسی میں ہیں۔ آپ کی ایک کتاب جو فقہ کا ترجمہ ہے اردو میں ہے۔ آپ سنہ ۱۱۶۶ھ میں تولد ہوئے اور سنہ ۱۲۳۸ھ میں انتقال ہوا۔ نمونہ نثر یہ ہے:-

"جان تو بے شک بندہ جانچا گیا ہے درمیان اس کے کہ فرمانبرداری کرے وہ اللہ برتر کی پس ثواب پاوے اور درمیان اس کے کہ نافرمانی کرے اس کی پھر عذاب کیا جاوے اور جانچ اللہ کی موقوف ہے ساتھ عمل شرع کے اور ساتھ عمل غیر شرع کے۔"

تبصرہ اگرچہ اس پہلے دور کے شعرا اور نثر نگاران کی تعداد زیادہ نہیں ہے مگر شعرا نے اصناف سخن کے تمام شعبوں میں اپنے فکر کی جولانیاں دکھائی ہیں۔ مثنوی۔ قصیدہ۔ غزل۔ رباعی۔ قطعہ اور مرثیہ میں اپنے خیالات کے تخیل کے جوہر پیش کیے ہیں۔ ان کی شاعری اسلوب کی جدت طرز ادا کی ندرت اور تخیل کی بلند پروازی کے لحاظ سے قابل داد رہی ہے۔ انھوں نے اس وقت کی عام اور سلیس زبان کو اپنے اظہار خیال کا ذریعہ بنایا تھا۔

دکن کے دوسرے شعرا داستانوں میں اپنے افکار کو زیادہ سے زیادہ پیش کرتے رہے مگر نائلی شعرا نے عشقیہ داستانوں کے بجائے۔ سیر۔ مناقب۔ سوانح۔ فقہ اور عقاید کے مضمون کو اپنے خیالات کی جولان گاہ بنا رکھا تھا۔ انھوں نے باوجود تقرب شاہی مدح قصاید پیش کرنے سے اجتناب کیا۔ نعتیہ قصاید پیش کرتے رہے۔

دوسرا دور

سنہ ۱۸۰۰ء تا سنہ ۱۸۵۷ء

اس دور کے کئی شعرا کا تذکرہ تذکرۂ گلزار اعظم میں موجود ہے جن میں سے بعض فارسی کے ساتھ اردو میں بھی

طبع آزمائی کرتے تھے۔ مگر افسوس ہے ان شعرا کا اُردو کلام سردست بہدست نہیں ہوا۔ اس دور کے فارسی گو شعرا جن کا تذکرہ گلزار میں ہوا ہے ان کے نام حسب ذیل ہیں:۔

(۱) آگاہ علی رضا خاں (۲) احمد، قاضی احمد (۳) انست، حکیم اشرف الدین (۴) رفیع، حسن علی (۵) احسن، سید محمد اسحٰق (۶) برہان، سید برہان الدین (۷) بیہوش، محمد قادر علی متوفی سنہ ۱۲۲۰ھ (۸) جودت، غلام حسین (۹) حیدری، غلام حسن متوفی سنہ ۱۲۱۳ھ (۱۰) ذہن، علی دوست (۱۱) رسا، محمد رحمت اللہ (۱۲) شایان، محمد اسلم متوفی سنہ ۱۲۲۴ھ (۱۳) صاحب، غلام علی (۱۴) عزت، عبدالقادر (۱۵) عتیق، محمد صبغۃ اللہ (۱۶) فرحت، محمد صبغۃ اللہ (۱۷) لائق، غلام دستگیر (۱۸) مختار، باقر حیدر (۱۹) نحسین، شرف الدین (۲۰) گوہر، محمد باقر خان (۲۱) نصرتی، افضل خاں (۲۲) وارع، حکیم شاہ زین العابدین (۲۳) افسر

ان میں سے بعض کے اُردو میں شعر کہنے کی صراحت کی گئی ہے مگر افسوس ہے کہ ان کا اُردو کلام تذکرۂ مذکور میں نہیں ہے اور دوسرے ذرائع سے سردست کوئی کلام نہیں ملا ہے۔

جن شعرا کا کلام بہدست ہوتا ہے ان کی صراحت کی جاتی ہے:۔

(۱) ملک محمود نام جوہر تخلص تھا۔ کرنول کے جاگیردار تھے۔ والی کرنول کے مصاحبوں میں شامل تھے۔ آپکے فرزند غلام حسین گوہر اور پوتے غلام حیدر شہوار تخلص بھی شاعر تھے۔ جوہر کا قلمی دیوان کتب خانہ آصفیہ میں موجود ہے۔ کلام کا نمونہ پیش ہے۔

چاہ میں اوس مہ کنعان کی جو میں ڈوب رہا
میری آنکھوں کی مدد گریۂ یعقوب رہا

قیامت کا مجھے کیا ٹھیک اپنے دل کو اے جوہر
بھروسہ ہے پیمبر کا بھروسہ ہے پیمبر کا

بوسہ دے لبوں کا تو کیا چشم کالی ہے
شکر سے بھی شیریں ہے بادام محبت

آج آنے سے تیرے میرا ہوا گھر آباد
تا قیامت رہے تو اور تیرا گھر آباد

تم آ بیٹھو میرے لال لال آنکھوں میں
رکھوں گا پتلی سا تم کو سنبھال آنکھوں میں

اُس چشمِ پُرخمار میں جوہر نہیں ہے دل
یک سوختہ کباب ہے جامِ شراب میں

یوں دُرِ اشکِ غمِ شاہ نجف سے نکلے
ایسے موتی نہ کبھو صاف صدف سے نکلے

یاد تیری مجھے اے ساقی کل رات لگی
ہچکی شیشہ کو بھی فی الفور میرے سات لگی
جہاں اوس اخترِ روشن کی جلوہ گاہ رہی
بشکلِ قبلہ نما اپنے بھی نگاہ رہی

عجب اپنی بنی ہے شکل اوس کے عشق میں جو سر
نہ طاقت وصل کی ہے مجھکو نہ تاب جدائی ہے

۲۔ ناظر غلام عبدالقادر نام اور ناظر تخلص۔ قادر اعظم خان خطاب، دربار ارکاٹ سے ملا تھا۔ سنہ ۱۲۰۰ھ میں ولادت ہوئی اور سنہ ۱۲۴۳ھ میں انتقال ہوا۔ ناظر تخلص تھا۔ ریاست ارکاٹ کے سرسامان اور مہتمم کتب خانہ تھے۔ فارسی اور اُردو میں طبع آزمائی کرتے تھے۔

بہار اعظم۔ شرح سکندر نامہ۔ گلستان نسب اُن کی تصانیف ہیں۔

۳۔ ذکا حبیب اللہ نام۔ ذکا تخلص۔ سنہ ۱۲۴۴ھ میں تولد ہوئے اور سنہ ۱۲۹۲ھ میں وفات پائی۔ اگرچہ آپ کا انتقال سنہ ۱۸۵۷ء کے بعد ہوا ہے مگر آپ کی شاعری کا آغاز اور اُس کے پختہ ہونے کا زمانہ سنہ ۱۸۵۷ء سے پہلے کا ہے اس لیے آپ کا تذکرہ قدیم کیا گیا ہے۔

ذکا نے غالب سے بھی اصلاحِ سخن لی اور غالب کو اپنے شاگرد رشید پر فخر تھا۔ ذکا اصنافِ سخن کی ہر شاخ میں طبع آزمائی کرتے تھے قصیدہ، غزل، مثنوی میں ذکا کا فراخیہ کلام بھی ملتا ہے۔

ذکا کے متعلق غالب کی صراحت یہ ہے :-

۱۔ یہ کلام کسی بادشاہ کا نہیں کسی امیر کا نہیں کسی شیخ و شاب کا نہیں۔ یہ کلام میرے ایک دوست روحانی کا ہے اور فقیر دوست کے کلام کو معرضِ اصلاح میں بنظرِ دشمنی دیکھتا ہے

پس جب ..... بہیں ادا نہیں تو جو مجھ کو لطف آتا ہے بے حیف

میں کہوں گا نثر میں نعمت خان عالی کے طرز کا احیا کیا ہے مگر پیرایہ کچھ اور دیا ہے۔ قصاید میں انوری کا چربہ اٹھایا ہے مگر طبیعت نے اچھا زور دکھایا ہے۔ غزل میں متاخرین کا انداز عاشقانہ سوز و گداز منشی محمد حبیب اللہ صاحب ذکا سخنور ہمہ دان و یکتا نکتہ طراز۔ آفرین آفرین صد آفرین صد ہزار آفرین۔"

اس سے واضح ہو سکتا ہے کہ ذکا کا شاعری میں کیا درجہ تھا۔ نمونہ ملاحظہ ہو۔

اے خداوندِ کار بندہ نواز فی المثل تو طبیب میں بیمار
ہے جگہ رحم کی تیرے آگے کہ میں چلاؤں روؤں زار نزار
شعر و انشا کی قدر ایک طرف ہوں میں چودہ برس کا کارگزار
اتنی مدت ہوئی مگر نہ ہوا کسی صورت سے ملزم سرکار
چاہتا ہی رہا کوئی خدمت جس میں دو ماہ ہونے بیش قرار
ہے میری ذات میں وہ استعداد کہ نہیں شیوا میرا استعداد
ہے کوئی کام جو نہ دوں انجام کون سا گھاٹ جو نہ اتروں پار
بس ذکا دیکھی تیری لسانی باوب ہے یہ آصفی دربار

فاضل کبھی مجھ سے وہ ستمگر نہ ہوا تھا یعنی کہ میں اندیشۂ محشر نہ ہوا تھا
اچھا کیا پچھلی سے جو رخصت کی شادی مرنے کا مرے وقت مقدر نہ ہوا تھا

نازک تم ایسے ہو تو مجھے کیا امیدِ قتل
ایک ہاتھ کی تو ہاتھ میں تلوار چاہیے

تمام ہو گیا کام اپنے روتے روتے میں
بہانا اشک کا پس موت کا بہانا ہوا

[illegible] سے سر اٹھا کے تجھے دیکھتے نہیں
بندوں کو اپنے عجز پہ کتنا غرور ہے

گیسوئے رُخ کا بوسہ دو
چاند گہن ہے صدقہ دو
بھیڑ لگی ہے اوپر اونکے
آگے سے سرکو رستہ دو

تو نے میرا جنازہ اُٹھتا ہے
تم بھی آکر کندھا دو

قابو نہیں جو چھا.... پر اونکے پاؤں میں
ٹھگیا کو سات گھاٹ کا پانی پلاؤں میں
ہاتھ گرمی سے میرے نفس کے جل جائیگا
موسیٰ بن جاؤ گے یا حضرت عیسیٰ دیکھو

قائل ہوں میں غالب کے ذکاء طرز سخن کا
ایسا کوئی دنیا میں سخن ور نہ ہوا تھا

طاعت کی کس کو سوجھتی ہے جز نفس میں
کعبہ کو کون جائے جو گھر میں حرم رہے

توفیق بھنگ پینے کی دے خدا سبز لے
کیوں حال کچھ مدک کے بھی چہرے اُٹا... میں

اس دور کے نثر کے نمونے کے لیے ہم صرف قاضی عبدالودود کو پیش کرتے ہیں جن کی تصانیف کی آج بھی مانگ ہے۔

مولوی محمد صبغۃ اللہ مولوی محمد صبغۃ اللہ۔ مولوی محمد غوث شرف الملک کے چھوٹے فرزند تھے۔ سنہ ۱۲۱۱ھ میں تولد ہوئے اور سنہ ۱۲۸۰ھ میں انتقال ہوا۔ مدراس کی جامع مسجد میں مدفون ہیں۔

مولوی محمد صبغۃ اللہ نے اپنے زمانہ کے جید علماء سے تعلیم حاصل کی اور اپنے ذوق و شوق سے بہت جلد فارغ التحصیل ہو گئے۔ حدیث، فقہ، تفسیر، تاریخ، فلسفہ کے علاوہ ریاضی، ہیئت اور طب میں بھی مہارت تامہ رکھتے تھے۔

اعظم جاہ اور نظام غوث خان کے زمانہ میں خدمات صدارت قضات اور مفتی سے سرفراز تھے اولاً عمدۃ العلماء بدر الدولہ ذی الملک معتمد جنگ کا خطاب ملا۔ پھر امام العلماء منصف الدولہ۔ معدلت خان قاضی الاسلام مستعد جنگ کے خطاب سے معلوم ہوئے مگر آپ زیادہ تر قاضی بدر الدولہ کے لقب سے یاد کیے جاتے ہیں۔

قاضی بدر الدولہ ایک بلند پایہ مصنف تھے۔ عربی، فارسی کے علاوہ آپ اردو زبان کے بھی مصنف ہیں۔ آپ کی کتابوں کے قطع نظر اردو کتابیں (۱۳) ہیں جن کی فہرست حسب ذیل ہے۔

شمار	نام کتاب	فن	کیفیت
(۱)	ریاض النسوان	فقہ	خاص کر عورتوں کے لیے لکھی گئی ہے۔
(۲)	رسالہ در احکام عدت	"	بیوہ عورتوں کے لیے مرتب فرمایا تھا۔
(۳)	فواید بدریہ	سیر	آنحضرت صلعم کی مکمل سیرت ہے۔
(۴)	بہشت گلزار	"	ابو بکر صدیق کے حالات ہیں۔
(۵)	نثر الجواہر	"	شیخ عبدالقادر جیلانی کے حالات
(۶)	خزانہ معدلت	اخلاق	
(۷)	توشہ فلاح	مناسک	حج کے مناسک
(۸)	قوت الارواح	"	توشہ فلاح کی شرح ہے۔ کتاب کی ضخامت ڈیڑھ سائز کے ۸۰۰ صفحے ہیں۔ عربی میں بھی کوئی کتاب اس فن میں اتنی ضخیم نہیں ہے۔
(۹)	گلزار ہدایت	عقاید	
(۱۰)	ترجمہ حصن حصین	حدیث	
(۱۱)	حواشی بر مسلم	"	

۱؎ تاریخ احمدی و تاریخ الفرائض

باقر آگاہ نے جس کام کو شروع کیا تھا اس کو قاضی بدر الدولہ نے پوری طرح ترقی دی اور نظم کی بجائے نثر میں اپنے خیالات کا اظہار فرمایا چونکہ آپ کی زبان بلحاظ ارتقا قدیمی زیادہ صاف تھی اس لیے اب آگاہ کی جگہ آپ کی کتابوں نے لے لی۔ صوبہ مدراس اور بمبئی میں آپ کی تصانیف کے کئی کئی ایڈیشن شائع ہوئے ہیں۔

فواید بدر۔ سیرۃ النبی کی بہترین کتاب ہے۔ سنہ ۱۲۹۸ھ میں اس کی تالیف ہوئی ہے۔ اس کے دو باب ہیں۔ پہلے باب میں پیدائش سے وفات تک کے حالات درج ہیں اور دوسرے باب میں صورت اور سیرت، اخلاق و عادات کا ذکر کیا گیا ہے۔

پہلے باب میں جو واقعات بعثت و ہجرت کے سنین کے لحاظ سے بیان کیے گئے ہیں اور دوسرے باب میں شمائل کا ایسا بے مثل خلاصہ مرتب کیا ہے جس سے زیادہ واضح اور بہتر اور ناممکن ہے۔ عربی الفاظ کے لیے نہایت موزوں و مناسب الفاظ لکھنا اور پھر ایسا کہ پڑھنے والے کو اردو زبان کا لطف آئے اور نامانوس الفاظ نہ معلوم ہوں درحقیقت کامیاب کوشش ہے۔ اس امر کا دعویٰ کیا جا سکتا ہے کہ فی زمانہ بھی ایسی مستند اور مکمل کتاب معدودے چند ہی ہوں گے۔

اس کتاب کا ایک جدید ایڈیشن حال ہی میں حیدرآباد سے شائع ہوا ہے۔ قاضی بدر الدولہ کی دیگر اردو کتابیں بھی اسی طرح قابل قدر ہیں۔ شرح توشہ فرح مناسک میں ایک ایسی گراں قدر کتاب ہے کہ فارسی تو کیا عربی میں بھی ایسی کوئی کتاب نہیں ہے۔ ہشت گلزار میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی مفصل سیرت لکھی گئی ہے جو اپنی حیثیت سے اردو زبان کی تنہا کتاب ہے۔

قاضی بدر الدولہ نے زبان اردو کی جو خدمت انجام دی ہے وہ فراموش نہیں ہو سکتی۔ اب تک ان کی تصانیف کا مروج رہنا خود اس امر کی دلیل ہے کہ ایک صدی کے بعد بھی وہ اسی طرح قابل قدر ہیں۔ قاضی صاحب کی عبارت کا نمونہ حسب ذیل ہے:۔

"آنکھیں حضرت کے بڑے تھے اور آنکھوں میں سرخی تھی اور حلقہ بہت سیاہ تھا۔ جب حضرت دیکھتے تو پورا دیکھتے اور آنکھیں نیچے کرتے۔ پیشانی مبارک کشادہ تھی اور بھوں دونوں ملے ہوئے اور کمان دار تھے اور اس کے سرے پتلے تھے۔ بینی مبارک ہموار باریک اور پیچ بلند تھی اور دہن شریف بلند تھا۔ دندان مبارک نہایت سفید روشن براق آبداری اور رونق کے ساتھ تھے۔"

آنحضرت صلعم کی بزم کا حال اس طرح قلمبند فرماتے ہیں:۔

"جو مرد صحابہ کو کوری آنکھ دیکھتے تھے کہ حضرت کے روبرو نہایت ادب سے بیٹھتے ہیں اور کچھ کام فرمائے تو اس کو کرنے دوڑتے اور وضو کیے تو اس پانی کو پینے ایک پر ایک گرتے ہیں اور بات پکار نہیں کرتے تو تعظیم سے حضرت کی طرف نظر جماتے ہیں۔"

ایک جنگ کے واقعات کو یوں تحریر فرمایا ہے:۔

"مسلمانان بھی اپنی فوج آراستہ کر کر ان کے مقابلہ میں گئے اس قدر جنگ ہوا آخر زید بن حارثہ نیزوں کے ماروں سے زخمی ہوئے اور نشان کے تئیں جعفر بن ابی طالب نے جنگ پر مستعد ہوئے دونوں لشکر جب باہم خلط ہوئے جعفر گھوڑے پر سے اتر کر اس کے ٹانچے مار کے جنگ شروع کیے۔ سیدھا ہاتھ اڑ گیا بائیں ہاتھ میں نشان لیے۔ وہ بھی کٹ گیا تو چھاتی سے لگائی آخر شہید ہوئے۔"

مصنف مرحوم کی سب سے پہلی تصنیف ریاض العنوان ہے جس کو آپ نے سنہ ۱۲۲۴ھ میں تصنیف فرمایا جب کہ آپ کی عمر ۱۹ سال کی تھی۔ یہ فقہ شافعی کی بہترین کتاب ہے جس میں عقاید و احکام طہارت و عبادت بشرح بسیط جمع کیے ہیں۔ اس کتاب نے جس قدر عام نفع پہنچایا ہے اس کا بیان نہیں ہو سکتا۔ اور حقیقت یہ ہے کہ تمام ضروری مسائل عام فہم زبان میں بیان کر دیے گئے ہیں کہ سامنے پھر دوسری کتاب کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ دیباچہ میں فرماتے ہیں۔

"کتابان فقہ شافعی کے عربی زبان میں بہت تصنیف ہوئے ہیں لیکن عورتان اور اکثر عوام الناس کے تئیں زبان عربی سے کچھ آشنائی نہ ہونے کے سبب سے ان کے حاصل کرنے سے قاصر رہتے ہیں اس واسطے یہ عاجز چند مسایل فقہ کے زبان ہندی میں جمع کیا تا لوگاں مستفید ہوں۔"

اس کے بعد آپ نے مختلف باب میں اپنی کتاب کو تقسیم کیا ہے اور اس کو کتاب کا نام دیا ہے مثلاً کتاب الایمان، کتاب الطہارت، کتاب الصلوٰۃ وغیرہ اور پھر ان میں فصل مقرر کیے ہیں جن میں مختلف مسائل کو بیان کیا ہے۔ مسائل کے بیان کا طریقہ یوں ہے:-

"اول رکن اسلام کا بعد از کلمہ توحید کے نماز ہے اور نماز بے طہارت کے درست نہیں اور پانی مستعمل یعنی تھوڑا پانی جو ایک بار کسی فرض کام میں آیا ہے اگرچہ پاک ہے لیکن پاک کرنے والا نہیں ہے۔ فرض کام کیا مثلاً اس پانی سے غسل فرض یا وضو فرض کیا ہووے یا کوئی نجاست دور کیا ہووے۔"

آپ کی آخری تصنیف تفسیر فیض الکریم ہے جس کو آپ نے صرف سات پاروں تک ختم فرمایا تھا کہ سنہ ۱۲۸۰ھ میں پیام اجل آپہنچا۔

فن مضمون کے پہلے آپ نے نزول قرآن اور اس کے جمع کرنے اور تفسیر و تاویل پر بحث کی ہے اور پھر سورہ فاتحہ کی تفسیر اور اس کی فضیلت بیان کی ہے۔ آپ کی تفسیر کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے قرآن کی آیت لکھتے ہیں اور اس کے معنے بیان کرنے کے بعد اس پر بحث کرتے جاتے ہیں۔ حج کا حکم، کسب مباح۔ ربا، شفاعت، خدا رسول اور اولی الامر کی اطاعت، خلق آدم علیٰ صورۃ، جادو کرنے والے کا مرتبہ، اجماع امت، تحریف انجیل، ذبح وغیرہ عنوانات پر کافی بحث کی ہے چونکہ مصنف کی یہ آخری تصنیف ہے اس لیے نمونہ اس کا بھی درج کرنا بے جا نہ ہوگا۔

حا تاریخ الخوالیط

"واعتصموا بحبل اللہ جمیعاً" اور مضبوط پکڑو اللہ کی رسی سب مل کر۔ اللہ کی رسی سے مراد اللہ کا دین ہے یعنی دین اسلام کو اختیار کرو اس کو رسی سے تعبیر کیا کیونکہ باریک تنگ راہ میں گر پڑنے اور پیر پھسلنے کا اندیشہ ہو تو رسی جس کے دونوں طرف راہ کے دو جانب سے باندھے ہوں پکڑے تو اس کو خوف نہیں رہتا۔ حق کی راہ بھی بہت باریک تنگ ہے اکثر لوگوں کے پیر اس پر لغزش پاتے ہیں جس نے دین اسلام مضبوط پکڑا تو بڑے خوف سے نجات پایا۔ بعضے کہتے ہیں اس سے مراد قرآن ہے کیونکہ جو اس کے احکام پر چلے گا تو اس کو نجات ہوگی۔ الخ۔

نزول الٰہی کے متعلق بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

"اللہ تعالیٰ اُترتا ہے کرکے جو آیا ہے اس سے اللہ کی رحمت اور بندوں پر متوجہ ہونا اور اُن پر لطف اور مہربانی کرنا مراد ہے"

اس مختصر بیان سے اس امر کا اندازہ ہو سکتا ہے کہ قاضی بدر اللہ دولہ کی وجہ سے زبانِ اُردو نے مذہبی علوم کے دائرہ میں کہاں تک ترقی کی تھی۔

تبصرہ

دوسرے دور کا تذکرہ ختم ہو چکا اس دور میں سرفہرست جن شعراء اور نثر نگاروں کا تعارف کیا گیا ہے ان کے کارنامے تاریخ اُردو ادب میں خصوصیت رکھتے ہیں۔ ہندی والے بھی ان کو اپنی تاریخ میں نمایاں طور سے جگہ دیتے ہیں۔ ان کی خدمات ہر آئندہ قابلِ تحسین ہیں۔ اگرچہ سنہ ۱۸۵۷ء کے قبل صرف شاعری اور نثر نگاری کے سوا دوسرے اُردو خدمات نہیں ہوئے یعنی کسی نامکمل اخبار، رسالہ یا انجمن کا تذکرہ نہیں ہوا ہے۔

تیسرے دور میں شاعری اور نثر نگاری کے علاوہ دوسرے اُردو خدمات کا حال بھی قلم بند کیا جائے گا۔

(باقی آئندہ)

ط قاضی بدر اللہ دولہ کی تمام کتابیں شائع ہو گئی ہیں اور ریاض الفتوح کے تو کئی کئی اڈیشن شائع ہوئے ہیں۔ ابھی حال میں یہ دونوں کتابیں حیدرآباد سے شائع کی گئی ہیں۔

حضرت آغا شاعر

محمد حبیب اللہ رشدی

حیدر آباد دکن میں ۱۹۳۲ء کا غالباً اکتوبر کا مہینہ تھا، ایک روز میں، میرے محترم بزرگ مولانا سید مختار احمد مرحوم، اپنے چھوٹے بھائی جناب سید مرغوب احمد مرحوم کے ہاں گئے۔ انھوں نے بڑی مسرت اور مباہات کے ساتھ ہمیں یہ خبر سنائی کہ ——— "میرے استاد حضرت آغا شاعر قزلباش تشریف لائے ہوئے ہیں اور شہید یار جنگ کے ہاں مقیم ہیں ———" میں نے بڑے اشتیاق سے ان سے درخواست کی کہ ہمیں بھی وہاں لے چلیں۔ انھوں نے کہا ——— "وہاں جانے کی ضرورت نہیں، حضرت قبلہ روز صبح ٹہلتے ہوئے یہاں تک آجاتے ہیں۔ آپ کل علی الصبح یہاں آجائیں تو ملاقات ہو جائے گی اور اطمینان سے بات چیت بھی کر سکیں گے۔" ہم نے کہا ——— "بہت اچھا کل صبح ہم ضرور یہیں آجائیں گے۔"

میرے ان دونوں بزرگوں کے والد، عربی کے جید عالم، مولانا سید عبد اللہ ٹونکی تھے جنھوں نے انیسویں صدی کے اواسط میں مصر کے جامعہ ازہر میں عربی کی تکمیل کی تھی، اس کے بعد کئی مرتبہ مصر آتے جاتے رہے تھے۔ عربی زبان پر انھیں اتنی قدرت حاصل ہو گئی تھی کہ بے تکلف شعر کہتے تھے۔ ان کے ایک بے نقط مدحیہ قصیدہ کو دیکھ کر توفیق پاشا خدیو مصر نے تعجب کا اظہار کیا تھا اور وائسرائے ہند کے نام ایک سفارشی خط دیا تھا۔ جناب سید مرغوب احمد مرحوم نے اپنے والد کے ورثۂ علم و ادب میں سے اپنا حصہ رسدی بڑے بھائی سے طلب کرنا شاید خلافِ ادب سمجھا اس لیے اس سے دست بردار ہو کر اپنے لیے ایک ایسا میدانِ عمل تلاش کر لیا تھا جو نہ صرف خاندانی روایات کے لحاظ سے نیا تھا بلکہ خود شہر حیدر آباد کے لیے بھی نیا نیا تھا۔ انھوں نے اس زمانے میں ——— یعنی بیسویں صدی کے آغاز میں ——— موٹر کار کی نئی نئی ایجاد کی مشینری سے واقفیت حاصل کی تھی اور بیمار موٹروں کو ٹھیک ٹھاک کرنے میں کمال پیدا کیا تھا۔ ان کا کارخانہ جس میں موٹروں کی اور دوسری عام مشینری کی مرمت کی جاتی تھی، حیدر آباد کی ایک بارونق سڑک پر تھا۔ کارخانے سے ملا ہوا اپنے رہنے کا مکان بھی بنوا لیا تھا۔ ان کی آمدنی ہزاروں روپیہ ماہوار کی تھی۔ وہ ہمارے سامنے کئی مرتبہ اپنے استاد حضرت آغا شاعر کا ذکر کر چکے تھے۔ شاگردی کا یہ تعلق تیس سال پہلے کا تھا جبکہ حضرت آغا شاعر اپنے استاد حضرت داغ دہلوی کی زندگی میں حیدر آباد میں قیام فرما تھے۔ میں خیال کرتا تھا کہ جناب مرغوب احمد صاحب کو نوجوانی میں شاعری کا چسکا پڑا ہوگا اور اتفاقات نے حضرت آغا شاعر کے سے خوش گو شاعر کا شاگرد بننے کا موقع فراہم کر دیا ہوگا۔

حضرت آغا شاعر نے ریاست جھالاواڑ (راجپوتانہ) سے ایک ماہوار رسالہ "آفتاب" جاری کیا تھا۔ یہ رسالہ میں نے حیدر آباد کے کسی کتب خانہ میں یا کسی کالج میں یا کسی اہلِ علم کے ہاں نہیں دیکھا۔ صرف جناب مرغوب احمد کے ہاں ۱۹۲۱ء میں دیکھتا تھا جبکہ میں فرسٹ ایر میں زیرِ تعلیم تھا۔ اس وقت حضرت آغا شاعر کو حیدر آباد سے گئے ہوئے اٹھارہ انیس برس ہو چکے تھے۔ لوگ انھیں

بھلا چکے تھے۔ جس انہماک اور اشتیاق سے رسالہ "آفتاب" کا مطالعہ کیا کرتا تھا اس کو دیکھ کر جناب مرغوب احمد صاحب نے اُس کے بہت سے پرانے شمارے مجھے دے دیئے تھے جن کو میں نے تقسیم ہند کے وقت تک بڑی احتیاط سے رکھا تھا۔ لیکن حیدرآباد سے میری منتقلی کے دوران میں بہت سی کام کی کتابوں کے ساتھ ساتھ "آفتاب" کے سارے پرچے خبر نہیں کہاں ہجرت کر گئے۔ بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ وطن کی محبت نے انھیں میرے ساتھ ہجرت کرنے نہیں دی۔ اس وقت میری کتابوں میں صرف ایک نومبر ۱۹۲۸ء کا پرچہ رہ گیا ہے۔

جناب مرغوب احمد مرحوم کی زبانی حضرت آغا شاعر کی آمد کا میں نے جو ذکر کیا ہے اُس زمانے میں حضرت جوش ملیح آبادی ہمارے مکان سے چند قدم کے فاصلہ پر ایک باغ والے بنگلے میں اُٹھ آئے تھے۔ اُن دنوں ہمارا یہ معمول تھا کہ میں صبح سویرے تیار ہو بیٹھتا تھا کہ حضرت جوش ملیح آبادی تشریف لاتے ہم دونوں تفریح کے لیے "باغ عامہ" جاتے جو قریب ہی تھا۔ گھنٹہ آدھ گھنٹہ گھوم پھر کر سورج نکلنے کے بعد اپنے اپنے گھروں کو واپس آجاتے۔

جس روز حضرت آغا شاعر سے ملاقات کا ارادہ تھا اُس روز بہت ہی سویرے سے میں اور حضرت مولانا مختار احمد صاحب تیار ہو کر باہر نکلنے ہی والے تھے کہ جناب جوش کا ڈنڈا اور رومانے پر برسا۔ میں فوراً باہر نکلا۔ تشویش یہ تھی کہ حضرت جوش غزل کے مخالف ہیں اس لیے حضرت آغا شاعر کے سے قدیم غزل گو سے ملنا پسند بھی کریں گے یا نہیں۔ میں نے جناب جوش سے کہا ——— "حضرت آغا شاعر آئے ہوئے ہیں وہ صبح سویرے مرغوب احمد صاحب کے کارخانہ تک آتے ہیں۔ اس وقت میں مولانا سید مختار احمد صاحب کے ساتھ وہیں جا رہا ہوں، کیا آپ بھی تشریف لے چلیں گے؟" ——— یہ میں نے کچھ ایسے مضمحل لہجے میں کہا جس کا جواب میرے نزدیک یقینی انکار تھا۔ لیکن میری توقع کے خلاف جناب جوش نے بھی حضرت آغا شاعر سے ملاقات کا اشتیاق ظاہر کیا۔ حضرت جوش کے لیے جناب مرغوب احمد کوئی نئے آدمی نہیں تھے۔ حضرت جوش کی موٹر کار کو اکثر بیمار پڑ جانے کی عادت تھی اس کی وجہ سے یہ دونوں مدت سے ایک دوسرے سے متعارف تھے۔

غرض ہم تینوں جناب مرغوب احمد کے ہاں پہنچے۔ وہ اپنے کارخانے کے پھاٹک کے سامنے کھڑے انتظار کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا ——— "حضرت قبلہ بس اب آتے ہی ہوں گے" ——— پھر یہ کہا ——— "یہاں انتظار کرنے کے بجائے کیوں نہ ہم خود اُدھر چلے چلیں؟" ——— ہم لوگ تھوڑی ہی دُور گئے تھے کہ دُور سے حضرت آغا شاعر آتے دکھائی دیے۔ جناب مرغوب احمد صاحب نے کہا ——— "دیکھیے وہ تشریف لا رہے ہیں" ——— انھوں نے آغا صاحب سے ہمارا تعارف کرایا۔ اب ہم سب آغا صاحب کے ساتھ کارخانے کی طرف پلٹے۔ وہاں پہنچنے سے پہلے جناب مرغوب احمد صاحب نے آغا صاحب سے کہا ——— "حضرت آپ کو حیدرآبادی ناشتا کھائے بہت زمانہ ہو گیا ہوگا، یہاں قریب ہی ایک نیا ہوٹل کھلا ہے اور میں ناشتا کا بھی انتظام ہے۔ اگر کوئی حرج نہ ہو تو ناشتا کھائی جائے" ——— آغا صاحب نے کہا ——— "ہاں ہاں چلے چلو" ———

یہ صحبت دیر تک رہی۔ گفتگو میں جناب مرغوب احمد اور جناب جوش ہی زیادہ حصہ لیتے رہے۔ . . . . . .

. . . . . کبھی کبھی حضرت مولانا مختار احمد بھی ایک آدھ فقرہ فرما دیتے تھے۔ میں خاموش تماشائی بن کر

اس افسانوی ہستی کی باتیں سُنتا رہا جس کا برسوں سے ذکر سُن چکا تھا۔ میرے لڑکپن میں حیدرآباد دکن میں ایک غزل بہت گائی جاتی تھی جس کا مطلع ہے:

یہ کیسے بال بکھرے ہیں یہ صورت کیوں بنی غم کی
تمہارے دشمنوں کو کیا پڑی ہے میرے ماتم کی

ادبی شعور پیدا ہونے کے برسوں بعد مجھے یہ معلوم ہوا کہ یہ غزل حضرت آغا شاعر کی تھی۔ میرے لڑکپن میں حیدرآباد میں حضرت داغ کا بڑا چرچا تھا۔ انھیں انتقال کیے چند ہی سال ہوئے تھے۔ شہر میں اُن کے کئی شاگرد موجود تھے جو اُستاد مانے جاتے تھے۔ ایک شاگرد حضرت نادان تھے جو حضرت داغ سے قرابت بھی رکھتے تھے۔ ایک صاحب ضیاء الدین ضیا گورگانی تھے جن کی بیوی حضرت داغ کی اہلیہ کی قریبی عزیزہ تھیں۔ اس لحاظ سے وہ گویا حضرت داغ کے داماد تھے۔ غالباً حضرت داغ ہی کے تعلق سے حیدرآباد آئے تھے اور سرکاری ملازم ہو گئے تھے۔ یہ مُغلیہ شہزادے تھے۔ "صاحب عالم" پکارے جاتے تھے۔ غزل کے معاملے میں کسی کو خاطر میں نہ لاتے تھے۔ انھوں نے طویل عمر پائی۔ تقسیم ہند سے سال دو سال پہلے مجھے ایک مرتبہ اُن سے نیاز حاصل کرنے کا موقع ملا تھا اور چند غزلیں اُن کی زبان سے سُنی تھیں۔ اُس وقت اُن کی عمر اسّی پچاسی سال کی تھی۔ ایک طوائف بھی بقید حیات تھیں جو حضرت داغ کی ملازمت میں رہ چکی تھیں۔ اکثر شاگردانِ داغ اس مغنیہ خاتون کی بڑی عزت و تعظیم کیا کرتے تھے۔ بعض شاگرد مشاعرے میں جانے سے پہلے اُن کو اپنی غزل سُنانا باعث برکت سمجھتے تھے اس لیے انھیں غزل سُنائے بغیر مشاعرے میں نہیں جاتے تھے۔ ایک حضرت بارق تھے جن کا اسی زمانے میں انتقال ہو چکا تھا۔ ان کے ایک عزیز میرے ہم عمر اور لڑکپن کے ملاقاتیوں میں سے تھے۔ مجھ سے عمر میں بڑے تھے۔ ہم لوگوں کو اپنی غزل سُنا کر بڑا رعب جماتے تھے۔ بعض واقف کار کہتے تھے کہ ــــــ اس کے ہاں حضرت بارق کا کلام ہے۔ انھیں کی غزلیں ہیں جو یہ اپنے نام سے سُناتا ہے۔ اس کو تو ایک مصرعہ بھی موزوں کرنا نہیں آتا۔"

غرض، ۱۹۳۴ء میں حضرت آغا شاعر کے سامنے بیٹھ کر اُن کی باتیں سُنتے ہوئے لڑکپن کی ساری باتیں حافظہ میں اُبھر آئیں۔ داغ پرستی کا زمانہ گزر چکا تھا۔ یونیورسٹی سے ہر سال جیسیوں گریجوئٹ نکل رہے تھے۔ مولانا سید وحید الدین سلیم پانی پتی اُردو کے پروفیسر تھے۔ غزل دشمنی اُن کی طبیعت کا جزو ایمان تھی۔ اُن کی تلقین اور تبلیغ سے بہت سے شاگرد غزل اور غزل گوئی کے خلاف ہو کر کالج سے نکلتے تھے جن کے نزدیک داغ اور امیر شاعر ہی نہیں تھے۔ ہاں خوب یاد آیا ــــــ ایک مرتبہ حضرت سلیم کے مکان پر ہم چند طالب علم بیٹھے ہوئے تھے۔ مولانا حسب عادت، غزل کے خلاف تشنیع اور تضحیک کے تیر چلا رہے تھے۔ رفتہ رفتہ داغ بھی زیر بحث آ گئے۔ میرا ادبی شعور داغ پرستی کی فضا میں بیدار ہوا تھا، مجھ سے رہا نہ گیا۔ میں نے جو کچھ عرض کیا اُس کا مفہوم کچھ اس قسم کا تھا کہ کچھ ہی ہو، داغ کو شاعر ماننا ظلم ہے۔ اس پر حضرت سلیم بپھر گئے۔ کہنے لگے ــــــ اچھا داغ کا کوئی ایسا شعر سُناؤ جسے تم واقعی شعر سمجھتے ہو ــــــ حضرت سلیم نے اس تیقن کے ساتھ یہ فقرہ فرمایا تھا کہ میں جو بھی شعر سُناؤں گا اُس میں وہ تضحیک کا کوئی نہ کوئی پہلو نکال ہی لیں گے۔ کچھ غور کے بعد مجھے داغ مرحوم کا یہ شعر یاد آیا:

ہم مر مٹے تو پرسشِ نام و نشاں ہے اب ــــــ اس کی خاموشی کو محبت کہاں ہے اب

ندا بخشے، مولانا سلیم کی بہت سی خوبیوں میں ایک خوبی یہ بھی تھی کہ حق ناشناس بھی تھے۔ مجھ سے یہ شعر سن کر کچھ سوچ میں پڑ گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد کوئی پہلو نظر نہ آیا۔ دھیمے لہجے میں یہ فرمایا ——— بھئی، کہتے کہتے غزل کے ایک آدھ اچھا شعر بھی موزوں ہو جاتا ہے ——— میں کہاں سے کہاں پہنچ گیا! ——— غرض حضرت آغا شاعر کی مسحور کن گفتگو کی وجہ سے وہ صحبت دیر تک جمی رہی۔ رخصت ہوتے وقت حضرت آغا سے آئندہ ملاقات کے وقت و قیام کا تعین کر کے ہم لوگ گھر واپس ہوئے۔

اس کے بعد حضرت آغا شاعر سے کئی ملاقاتیں رہیں۔ رفتہ رفتہ مجھ پر بڑی نظر عنایت فرمانے لگے تھے۔ ان ملاقاتوں میں مجھے جو باتوں کا علم ہوا ان میں ایک یہ بھی تھی کہ انھوں نے تھیٹروں کے لیے کئی ڈرامے بھی لکھے تھے جو تھیٹر کمپنیوں کے مالکوں کو فروخت کر دیے تھے اور کھیلے بھی گئے۔ حضرت آغا شاعر سے جب حشر کاشمیری کا ربط ضبط بڑھا تو ایک مرتبہ آغا حشر نے کہا ——— تمہارے نام کے ساتھ یہ آغا کا لفظ بہت اچھا لگتا ہے۔ اگر تم برا نہ مانو تو میں بھی اپنے تخلص کے ساتھ یہ لفظ استعمال کروں ——— آغا شاعر نے فرمایا ——— اس میں برا ماننے کی کیا بات ہے۔ ضرور یہ لفظ استعمال کیجیے ——— آغا صاحب نے بڑی صاف دلی کے ساتھ یہ بھی فرمایا تھا کہ ——— ڈرامے کے معاملہ میں آغا حشر کے ڈراموں کی قدر میرے ڈراموں سے زیادہ تھی۔ انھیں اپنے ڈرامے کے دو ہزار روپیہ ملتے تھے اور مجھے صرف ایک ہزار۔ *

آغا صاحب کو اپنے منظوم ترجمہ قرآن مجید کی طباعت کی بڑی فکر تھی۔ ۱۹۳۶ء میں حیدرآباد دکن آنے کا ایک بڑا مقصد یہی تھا۔ مجلد اور باتوں کے ہماری گفتگو کا موضوع زیادہ تر اسی مقصد کی تکمیل کے سلسلے میں پیروی اور تدبیر کی باتیں ہوا کرتی تھیں۔ مسلمانوں کے قومی زوال کے اسباب میں اس خاص سبب پر بہت کم غور کیا جاتا ہے کہ حقیقی خادمانِ علم و ادب کے ساتھ ہمارے صاحبانِ اقتدار کس درجہ مجرمانہ تغافل سے کام لیتے ہیں۔

انگریزوں کے دورِ حکومت میں صرف چند والیانِ ریاست اور اُمرا نے ادبی سرپرستی کے فرض کو پہچانا۔ ایسی ریاستوں میں حیدرآباد کی ریاست کو شاید پہلا درجہ حاصل تھا اور ریاست کے امرا میں مہاراجہ کشن پرشاد کا نام سرِفہرست تھا۔ افسوس ہے کہ حیدرآباد میں حضرت آغا شاعر نے جن صاحبانِ اقتدار کی سرپرستی پر بھروسا کیا انھوں نے اس فرض کو نہ پہچانا۔ آغا صاحب کی بزرگی، اُن کی زبان دانی اور شعر گوئی میں اُن کے وسیع تجربے وغیرہ کا کوئی لحاظ نہیں کیا گیا، ورنہ منظوم ترجمۂ قرآن مجید کی طباعت کے اخراجات کی منظوری اور آغا صاحب کو ایک معقول وظیفۂ علمی کا جاری ہونا کچھ مشکل بات نہیں تھی۔ ڈھائی مہینے کی تگ و دو کرنے کے بعد آغا صاحب کو مایوس ہونا پڑا۔

(۲)

مولانا سید مختار احمد مرحوم کے کتب خانہ میں ماہوار رسالہ "زبان" کے ایک سال کے پرچے مجلد تھے۔ یہ رسالہ دہلی کے ایک ہندو رئیس[1] نکالتے تھے۔ میں نے حضرت آغا شاعر کا نام اس میں دیکھا تھا۔ میں نے بڑے شوق سے اُس کا مطالعہ کیا تھا۔ مگر اب مجھے یاد نہیں کہ

---

[1] ورجینشور پرشاد مائل دہلوی۔

رسالہ "زبان" کی وہ جلد کس سنہ کی تھی البتہ اتنا یاد ہے کہ اس کے ایک شمارے میں حکیم محمود خاں دہلوی کی وفات کا تذکرہ تھا۔ پرچہ کے مالک نے اپنی والدہ کی علالت کا حال بیان کر کے یہ بتایا تھا کہ حکیم صاحب مرحوم نے کیسا عجیب علاج کیا تھا۔ حکیم محمود خاں دہلوی کی وفات ۱۸۹۱ء میں ہوئی اس لیے رسالہ "زبان" کی وہ جلد بھی اُسی سنہ کی ہوگی۔

حضرت داغ دہلوی ۱۸۹۱ء سے پہلے حیدرآباد دکن آچکے تھے اور امید وار ملازمت تھے۔ فروری ۱۸۹۱ء میں مرحوم حضور نظام میر محبوب علی خاں نے اپنی غزلوں کی اصلاح اُن کے ذمہ کی۔ تنخواہ ایک ہزار روپیہ ماہوار منظور ہوئی۔ بعض لوگ بارہ سو اور بعض پندرہ سو بھی بتاتے ہیں۔ میرے قدیم کرم فرما مولوی نصیر الدین صاحب ہاشمی نے اپنی کتاب "دکن میں اُردو" میں دو ہزار بتائی ہے غرض اس سال سے حضرت داغ کو ذریعۂ معاش سے اطمینان حاصل ہوا۔ داغ کی شہرت تمام ہندوستان میں تھی۔ وہ پہلے دربار رام پور سے وابستہ تھے۔ نواب کلب علی خاں مرحوم کی وفات کے بعد رام پور میں نہ رہ سکے۔

شاہ دکن میر محبوب علی خاں کے اُستاد بن جانے کے بعد حضرت داغ حیدرآباد کے رؤسا اور شرفاء سے بھی روشناس ہوئے اور شعراء سے بھی۔ حیدرآباد میں اُن کے بہت سے شاگرد تھے۔ ڈاک کی سہولتوں کے عام ہو جانے کی وجہ سے سارے ہندوستان سے اصلاح کے لیے غزلیں آنے لگیں۔ حضرت علامہ اقبال نے بھی چند غزلیں اصلاح کے لیے بھیجی تھیں۔

قیاس یہ ہے کہ حضرت آغا شاعر بھی اپنی غزلیں اصلاح کے لیے بذریعہ ڈاک حیدرآباد بھیجنے لگے ہوں۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ رسالہ "زبان" سے آغا صاحب کا تعلق منقطع ہونے کے بعد اُنھوں نے حیدرآباد آنے کا ارادہ کیا ہو اور اُستاد سے مشورہ کر کے حیدرآباد کا رُخ کیا ہو اور دہلی سے اپنی روانگی کی اطلاع بھی کر دی ہو۔ لیکن دُوسرا قیاس یہ ہے کہ آغا صاحب کے کوئی بزرگ جو پہلے سے حیدرآباد میں مقیم تھے اور حضرت داغ سے ربط رکھتے تھے وہی اُستاد شاگرد کے درمیان متوسل رہے ہوں۔ یہ قیاس اس بنا پر قائم ہوتا ہے کہ آغا صاحب نے "بزم داغ کے چشم دید نقوش" کے عنوان سے جو سلسلۂ مضامین لکھا ہے اُن میں اپنے خلاف شاگردوں داغ کی ایک سازش کا واقعہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں ——— "مجھ سے یہ ساری کہانی چچا صاحب مرحوم نے نقل کی تھی" ——— بہرحال حیدرآباد میں اُستاد شاگرد کی پہلی ملاقات ایک دلچسپ لطیفہ ہے جو یہاں پیش کرتا ہوں۔

حضور نظام میر محبوب علی خاں مرحوم کے زمانے تک حیدرآباد کے امراء قدیم منصبہ دربار کے امراء کا نمونہ تھے۔ ایک نواب خان خاناں تھے جن کے متعلق مشہور تھا کہ وہ شہنشاہ اکبر کے مشہور سپہ سالار عبدالرحیم خان خاناں کی اولاد سے تھے۔ ایک مہاراجہ کشن پرشاد تھے جن کے خاندان کے متعلق کہا جاتا تھا کہ وہ راجہ ٹوڈرمل کی نسل سے ہے۔ ایک راجہ شیوراج رائے رایاں تھے جو کایستھ قوم کے تھے اور مشہور تھا کہ اُن کے جدِ اعلیٰ "بانیٔ سلطنت آصفیہ نظام الملک آصف جاہ اوّل کے محاسب اعلیٰ یا جدید اصطلاح میں وزیر فینانس تھے اور اُنھیں کے ساتھ دہلی سے دکن آئے تھے۔ ان کے علاوہ امرائے پائیگاہ اور دُوسرے بڑے بڑے جاگیردار بھی تھے جو سلطنت آصفیہ کے رُکن رکین تھے۔

مہاراجہ کشن پرشاد، حضور نظام میر محبوب علی خاں کے ساتھ کھیلتے تھے۔ ریاست کا ایک قدیم عہدہ "پیشکاری" (یعنی پرسنل سیکرٹری کا) تھا جو مہاراجہ کا موروثی عہدہ بن گیا تھا۔ یہ عہدہ اگرچہ نام کا عہدہ رہ گیا تھا اور کوئی فرائض اس سے متعلق نہیں تھے مگر ریاست

سے اس کی تحریک [illegible] ہوئی تھی۔ حضور نظام مرحوم نے انھیں جدید طرز کی حکومت یعنی مجلس وزراء (کیبنٹ) میں پہلے پہل وزیر اوقاف بنایا تھا اور بعد میں "دیوان" یعنی وزیر اعظم بنا دیا تھا۔ وہ اس عہدہ پر مرحوم حکمران کی وفات تک کام کرتے رہے۔ موجودہ نظام میر عثمان علی خاں نے اپنی تخت نشینی کے بعد انھیں وزارت عظمیٰ سے ہٹا دیا اور سر سالار جنگ اوّل کے پوتے نواب یوسف علی خاں سالار جنگ ثالث کو وزیر اعظم بنایا تھا۔ علم و ہنر کی قدر دانی اور شرفاء نوازی میں مہاراجہ کشن پرشاد کے برابر کوئی دوسرا امیر نہیں تھا۔

جس زمانے میں حضرت آغا شاعر حیدرآباد گئے ہیں، مہاراجہ کشن پرشاد جوان تھے، شعر و شاعری سے بڑا شغف رکھتے تھے، مشاعروں کی خود صدارت کرتے تھے۔ آغا صاحب کے بیان سے تو یہ اطلاع ملتی ہے کہ اکثر "چندو لعل کی بارہ دری" میں بزم شاعر منعقد ہوتی تھی۔ مہاراجہ کشن پرشاد دیوان چندو لعل شاد آں کے پرنواسے اور اُن کی جاگیر، املاک اور عہدۂ پیشکاری کے وارث تھے۔ ظاہر ہے کہ یہ مشاعرے انھیں کے ایما سے ہوتے تھے اور سرکاری مشاعرے سمجھے جاتے تھے۔

آغا صاحب جب حیدرآباد پہنچے تو انھوں نے محمد دار الشفا میں اپنے ایک دوست سید حسن مرزا صاحب دہلوی اور دیر کے ہاں قیام کیا لیکن یا تو ریل ہی میں بیمار ہو گئے تھے یا شہر میں داخل ہوتے ہی مرض نے حملہ کیا۔ مرض کچھ اس قسم کا تھا کہ معالجہ کے لیے اُن کا ہسپتال میں داخل ہونا ضروری ہو گیا۔ چنانچہ حیدرآباد کے صدر ہسپتال میں جو "دواخانۂ افضل گنج" کہلاتا تھا، داخل ہو گئے۔ کئی روز زیر علاج رہنے کے بعد ان کی طبیعت ٹھیک ہوئی اور ڈاکٹر نے گھر جانے کی اجازت دے دی۔ شفاخانے سے باہر نکلے تو معلوم ہوا کہ آج ہی شام کو سرکاری مشاعرہ ہے۔ بہر طرح پر ایک پھڑکتی ہوئی غزل کہی اور شام کو مشاعرے میں جا پہنچے۔ مہاراجہ کشن پرشاد صدر مشاعرہ تھے۔ ان کے قریب حضرت داغ تشریف فرما تھے۔ آس پاس اُس عہد کے نامور شعرا اور رؤسا جمع تھے۔ مشاعرہ شروع ہوا۔ جب شمع آغا صاحب کے سامنے آئی تو آغا صاحب نے سامعین کو مخاطب کر کے فرمایا کہ ـــــــ "میرا قاعدہ یہ ہے کہ میں اپنا ناچیز کلام سنانے سے پہلے تبرکاً اپنے استاد کا کچھ کلام سناتا ہوں۔ اس وقت میں اپنے اُستاد کے دو اشعار پیش کرتا ہوں" ـــــــ یہ کہہ کر آغا صاحب نے اپنے اُستاد کا نام لیے بغیر دو اشعار سنائے۔ اشعار سن کر شاگردانِ داغ اور خود حضرت داغ سناٹے میں آ گئے کہ یہ کون شخص ہے جو میرے اشعار کو اپنے اُستاد کے اشعار کہہ کر سنا رہا ہے۔ حضرت داغ نے پوچھا ـــــــ "آپ کے اُستاد کون ہیں ذرا ان کا نام بتا دیجیے" ـــــــ آغا صاحب نے بلند آواز سے کہا ـــــــ "میرے اُستاد ہیں حضرت فصیح الملک نواب مرزا خاں داغ دہلوی" ـــــــ مہاراجہ بہادر نے چپکے سے پوچھا "یہ کون صاحب ہیں؟" اُستاد داغ نے فرمایا ـــــــ "میں نہیں جانتا، آج پہلی مرتبہ یہ صورت دیکھی ہے" ـــــــ پھر اُستاد داغ نے پوچھا ـــــــ "آپ کون صاحب ہیں، ذرا اپنا نام بتائیے" ـــــــ آغا صاحب نے کہا ـــــــ "جی میں آغا شاعر ہوں" ـــــــ داغ نے کہا ـــــــ "اوہ بھئی آغا تم کب آئے؟ مجھ سے کیوں نہیں ملے؟ ذرا یہاں آؤ" ـــــــ آغا صاحب قریب گئے۔ اُستاد نے گلے سے لگایا۔ پھر پوچھا ـــــــ "تم مجھ سے ملے کیوں نہیں" ـــــــ آغا صاحب نے کہا ـــــــ "بتائیے، آتے ہی بیمار پڑ گیا، ہسپتال میں داخل ہوا۔ اتنے دن ہسپتال میں رہا لیکن آپ نے خبر تک نہ لی"۔

اُستاد سے مل کر اپنی جگہ جا بیٹھے جو غالباً نو مشق شعرا میں تھی۔ صدر مشاعرہ مہاراجہ کشن پرشاد نے کہا ـــــــ "آغا صاحب ذرا قریب آ جائیے" ـــــــ آغا صاحب جھجک کر کچھ آگے بڑھے۔ مہاراجہ نے کہا ـــــــ "اور آگے آئیے" ـــــــ آغا صاحب

اور آگے بڑھ کر مہاراجہ کے قریب پہنچ گئے۔ مہاراجہ نے کہا ——— "اور آگے آئیے" ——— اس سے آگے بڑھنے میں ادب مانع تھا۔ آغا صاحب نے جھلا کر کہا ——— "تو کیا حضور کی گود میں آ بیٹھوں؟" ——— آغا صاحب کی اس جھلاہٹ پر مہاراجہ زیرِ لب مسکرا کر خاموش ہو گئے۔ آغا صاحب نے غزل سنائی اور خوب خوب داد پائی۔ یہ تھی شاگرد کی استاد سے پہلی ملاقات!

۱۹۲۱ء میں آغا صاحب نے اپنے رسالہ "آفتاب" میں ایک نہایت دلچسپ سلسلۂ مضامین شروع کیا تھا۔ جس کا عنوان تھا ——— "بزمِ داغ کے چشم دید نقوش" ——— اس سلسلہ کا غالباً پہلا مضمون یہی واقعہ تھا جس کو میں پڑھ چکا تھا۔

۱۹۳۶ء میں آغا صاحب سے جو ملاقاتیں رہیں اُن میں ایک روز میں نے اس واقعہ کا ذکر چھیڑ دیا۔ آغا صاحب نے تفصیل کے ساتھ سارا قصہ سنایا۔ رسالہ "آفتاب" میں جو کچھ چھپا تھا وہ بہت مختصر تھا۔ خود آغا صاحب کی زبان سے اس واقعہ کو سن کر جو مزا آیا وہ چھپے ہوئے مضمون سے کہیں زیادہ تھا۔

افسوس ہے کہ میں اُن سے یہ نہ پوچھ سکا کہ وہ پہلی مرتبہ کس سنہ میں حیدرآباد تشریف لائے تھے کچھ تو اُن کی بزرگی کا رعب اور کچھ میری عقیدت، ان دونوں نے میرے لبوں پر مُہر سی لگا دی تھی۔ وہ جو کچھ فرماتے اُسے سُن لینا ہی اپنی خوش قسمتی سمجھتا تھا۔ اپنی طرف سے کوئی سوال کرنے کی ہمت نہیں ہوتی تھی۔ صرف حضرت جوش ہی ایسے آدمی تھے جو اپنے شوخ ظریفانہ فقروں سے اُن مرحوم کو مسکرانے پر مجبور کر دیتے تھے۔ ایک مرتبہ جناب جوش کے ہاں (اسی باغ والی کوٹھی میں) حضرت آغا شاعر تشریف فرما تھے، میں بھی موجود تھا۔ جناب جوش نے نہایت اصرار کے ساتھ کہا ——— "حضرت آپ میرے یہاں قیام فرمائیں" ——— آغا صاحب نے اپنے عادتی حزنیہ لہجہ میں جواب دیا ——— "نہیں جوش، تمہیں بڑی زحمت ہو گی۔ مجھے صبح سویرے ہی وضو کے لیے گرم پانی درکار ہوتا ہے" ——— وہ کچھ اور کہنا چاہتے تھے کہ جناب جوش نے بات کاٹتے ہوئے ڈرامائی لہجہ میں کہا ——— "کیا حضرت آپ وضو، طہارت وغیرہ یہ سب حرکتیں کرتے ہیں؟" ——— جناب جوش نے یہ فقرہ کچھ اس انداز سے کہا کہ آغا صاحب ہنس پڑے اور اپنے اسی لہجہ میں جواب دیا ——— "جوش کبھی میں بھی جوان تھا" ——— میں نے کہا یہ نادر اتفاق ہے کہ "جوان جوش" اور "بوڑھا جوش" دونوں یکجا ہیں۔

(۳)

آغا صاحب پہلی مرتبہ کس سال حیدرآباد دکن گئے؟ کتنی مدت وہاں قیام کیا؟ ان کا ذریعۂ معاش وہاں کیا رہا؟ ——— یہ تین سوالات ایسے تھے جن کا جواب مجھے حیدرآباد میں کسی ذریعہ سے حاصل نہیں ہوا۔ ۱۹۳۶ء میں مجھے حیدرآباد میں آغا صاحب سے ملنے کا موقع ملا تھا۔ اب ۱۹۶۲ء میں اُس ملاقات کو تینتیس ۳۳ سال ہوتے ہیں۔ اتنی مدت کے بعد یہاں کراچی میں چند ہی روز قبل ان سوالات کا جواب ملا ہے۔ آغا صاحب کے فرزند جناب سرخوش کی عنایت سے مجھے رسالہ "کنول" کا مارچ ۱۹۳۶ء والا نمبر دیکھنے کا موقع ملا جس میں آغا صاحب کا ایک مضمون ——— "فقیر کی پہلی پھیری" ——— شائع ہوا ہے۔ اس مضمون سے نہ صرف ان سوالوں کا جواب ملتا ہے بلکہ حیدرآباد کے دور کی ایک جھلک بھی نظر آجاتی ہے جو میری آنکھوں کے سامنے شبِ سحری کی طرح جھلملا کر ختم ہو گیا۔

آغا صاحب فرماتے ہیں کہ ۱۹۰۱ء میں پہلی مرتبہ حیدرآباد گئے اور محلہ "دارالشفا" میں اپنے ایک دوست سید حسن رضا صاحب

دہلی [illegible] مکان پر قیام کیا۔ چند ہی روز کے بعد وہ راجہ رائے رایاں بہادر، امانت دولت، آصف جاہی کی بارگاہ میں بہ
دیے گئے۔ راجہ صاحب کے یہ سب خاندانی خطابات ہیں۔ آغا صاحب نے جس ہستی کا ذکر فرمایا ہے ان کا نام "شیو راج" تھا۔
ان کے صاحبزادے راجہ شام راج بہادر، تقسیم ہند سے پہلے حکومت حیدرآباد کے وزیر رہ چکے ہیں اور غالباً حیات ہیں۔ یہ خاندا
حیدرآباد کے امرائے عظام میں شمار کیا جاتا ہے۔ آغا صاحب شہسوار بھی تھے۔ فرماتے ہیں:-

"شرگیا ش راجہ رائے رایاں بہادر کو جب یہ معلوم ہوا کہ میں صرف قلم ہی کا مرد نہیں ہوں، بلکہ اچھا خاصا شہسوار بھی ہوں، پھر تو راجہ صاحب کے اصطبل سے گزر کر سرمہ راجہ بہادر (کشن پرشاد) کے اصطبل تک رسائی ہوگئی۔ نیلی، رستم، کیوترس جیسے قیمتی گھوڑے صبح و شام میری سواری کے لیے مخصوص ہو گئے۔"

اس زمانے میں حیدرآباد کے امرا کو شاعری سے کتنی دلچسپی تھی۔ آغا صاحب کے اس بیان سے اس کا اندازہ ہو سکتا ہے:-

"اسی زمانے میں راجہ رائے رایاں بہادر کو بھی شاعری سے کچھ ایسی دلچسپی ہوئی کہ ایک خاص مشاعرہ بھی قائم ہو گیا جس میں میری، میر نادر علی برتر اور مرحوم منشی منتخب الدین تجلی، سکرٹری و نائب سکرٹری ہوئے۔ یہ فقیر بھی ان مشاعروں کا جزو لاینفک بن گیا۔ غرض خوب خوب صحبتیں ہوئیں۔ . . . . . القصہ، میں اکثر مشاعروں میں روح رواں مشاعرہ قرار دیا جانے لگا۔ خدا غریق رحمت کرے، اس وقت حضرت فصیح الملک بہادر مرزا داغ مرحوم بھی زندہ تھے۔ پھر تو مولانا ضیاء، گرامی، ترکی، حسامی، رسوا، اچھے اچھے کہنے والوں سے صحبتیں رہیں۔ اللہ، اللہ، اس وقت کا حیدرآباد کچھ جہان آباد[1] سے کم نہ تھا۔"

میر نادر علی برتر غازی پوری حضرت نظیر دہلوی کے شاگرد تھے اور حضرت نظیر غالب کے شاگرد تھے۔ حضرت برتر کی ایک غزل میری طالب علمی کے زمانے میں چپ چپ گاتا پھرتا تھا۔ یہ غزل سارے ہندوستان میں مقبول ہوئی۔ حتانی ضلعوں میں قوال اس برسوں گاتے رہے۔ گراموفون ریکارڈوں میں بھی بھری گئی تھی۔ حضرت برتر کے ایک شاگرد، حیدرآباد کے ایک معزز خاندا کے فرد، جناب عبدالکریم وکانی المتخلص بہ "تہذیب" سے میری ملاقات یہاں کراچی میں ۱۹۵۲ء میں ہوئی۔ حضرت برتر کے سے حالات مجھے "تہذیب" مرحوم سے معلوم ہوئے جن میں ایک بات یہ تھی کہ حضرت برتر شاعری میں راجہ رائے رایاں کے ا تھے۔ حضرت خواجہ شمس الدین (مدفون اورنگ آباد دکن) کے مرید ہوئے۔ بیعت کے بعد انھوں نے وہ غزل کہی تھی جو اتنی مقبول عام ہوئی۔ مجھے پوری غزل یاد نہیں تھی۔ "تہذیب" مرحوم نے مجھے اس کے پانچ شعر سنائے تھے جو یہاں درج کر

---

[1] ولی، شاہجہان آباد

ن :

جانے کیا ساقی کی آنکھوں نے اشارا کر دیا
نذرِ ساغر آج ہم نے زہد و تقویٰ کر دیا
دل کو آزارِ محبت کے مزے آنے لگے
اُس کے ہیں قربان جس نے درد پیدا کر دیا
میکدے میں کل تو تھا میں خشک ساحل کی طرح
آج ساقی نے مجھے قطرے سے دریا کر دیا
کعبہ والوں سے جو پوچھی میں نے منزل یار کی
بتکدے کی سمت چپکے سے اشارا کر دیا
ہم بُرے سے تھے بُرے برؔ تر خدا کا شکر ہے
اک نگاہِ شمس نے اچھے سے اچھا کر دیا

حضرت نادر علی برؔ تر ۱۹۲۱ء تک بقیدِ حیات تھے۔ آغا صاحب نے اپنے رسالہ "آفتاب" کے نومبر ۱۹۲۱ء کے پرچے میں اُن کی ایک غزل شائع فرمائی ہے جس کا مطلع ہے :

پھر بہار آئی جنونِ فتنہ ساماں بڑھ گیا
تا بدامن پھر مرا چاکِ گریباں بڑھ گیا

مُنشی منتجب الدین تجلّی مرحوم کے صاحبزادے تمکین کاظمی میرے قدیم کرم فرما تھے۔ طالب علمی کے زمانے میں ایک مرتبہ میں گلبرگہ میں تمکین کاظمی صاحب سے ملنے کے لیے اُن کے مکان پر گیا تو حضرت تجلّی کی زیارت بھی نصیب ہوئی تھی۔ اس کے دو تین سال بعد اُنھوں نے وفات پائی۔ تمکین کاظمی صاحب نے بے شمار مضامین اور دو تین کتابیں لکھیں۔ ۱۹۶۱ء میں رسالہ نگار کراچی کے جوش نمبر کے لیے اُنھوں نے ایک مضمون حیدرآباد دکن سے بھیجا تھا افسوس ہے کہ اس رسالہ کی اشاعت سے پہلے تمکین کاظمی صاحب کی وفات کی خبر آئی۔

ضیا مُفتی نور الضیاء الدین ضیا یار جنگ اورنگ آباد کے ایک جاگیردار خاندان کے جانشین تھے۔ حیدرآباد میں کئی سال تک مُفتی عدالت العالیہ (ہائی کورٹ) رہے اور بعد میں ہائی کورٹ کے جج ہو گئے تھے۔ مولانا گرامی کی طرح فارسی ہی میں شعر کہتے تھے اور اُستاد مانے جاتے تھے۔ شاعری کے علاوہ شطرنج اور اپنی قانونی بصیرت میں بہت مشہور تھے۔ موجودہ حضور نظام کے دربار میں بھی زمانہ میں بڑا رسوخ اور وقار رکھتے تھے۔ مہاراجہ کشن پرشاد کے گہرے دوست تھے۔ قدیم حیدرآبادی شرافت اور روایات کا نام رکھنے میں اپنی آپ نظیر تھے۔

اس مضمون میں آغا صاحب نے راجہ رائے رایاں بہادر کو کئی جگہ "آقائے نامدار" لکھا ہے۔ اس سے خیال ہوتا ہے کہ غالباً

مہاراجہ صاحب کی سرکار میں بعد ملازمت منسلک رہے ہوں گے۔

ایک جگہ سر عبدالقادر مرحوم کے حیدرآباد تشریف لانے اور آغا صاحب کو مولانا شبلی اور عبدالحلیم شرر لکھنوی سے متعارف کرانے کا بھی ذکر فرمایا ہے:

> اسی اثنا میں علامہ شبلی نعمانی اور مولوی عبدالحلیم شرر لکھنوی مرحوم جو حسن اتفاق سے حیدرآباد کے کسی علمی ادارے میں کام کر رہے تھے میرے محبوب ترین دوست محبی سر عبدالقادر کی وساطت سے ان حضرات کی بھی دید و دید ہو گئی۔ مولوی شبلی مرحوم تو مجھ ناچیز کے کلام اور طرز خوانندگی کے اس قدر دار و شیدا ہوئے کہ بار بار تشریف لائے اور ناچیز کی عزت بڑھائی۔ دو چار دفعہ مولوی صاحب نے مجھے اپنے دولت کدہ پر طلب فرمایا اور اس قدر اصرار سے میرے ناچیز کلام کو پڑھوایا کہ میں پہلے ہی دیوانہ تھا اور رہے سہے حواس کھو بیٹھا۔"

آغا صاحب جب حیدرآباد گئے ہیں تو پنڈت رتن ناتھ سرشار مصنف فسانۂ آزاد وغیرہ بقید حیات تھے۔ جناب سرشار کو غالباً مہاراجہ کشن پرشاد نے خود حیدرآباد بلایا تھا اور اپنے ہاں رکھا تھا۔ ان کی ہر مزاحت کا خاص خیال رکھا جاتا تھا۔ سرشار ہی کے مشورے اور اصلاح سے مہاراجہ بہادر نے دو تین ناول لکھے تھے جو شائع ہو چکے ہیں۔ مہاراجہ کشن پرشاد کی سرپرستی میں ایک رسالہ "دبدبۂ آصفی" شائع ہوتا تھا۔ اس کی ادارت مہاراجہ بہادر نے سرشار کے سپرد کر دی تھی۔ میں نے حیدرآباد کے ثقہ لوگوں سے یہ سنا تھا کہ آخری زمانے میں جناب سرشار کا توازن دماغی غالباً کثرت مے نوشی سے بگڑ گیا تھا۔ اس حالت میں وہ کاغذ کی پرچیوں پر ناول کے سے دو ایک مکالمے لکھتے اور کسی شاگرد پیشہ کو دے کر کہتے کہ مہاراجہ بہادر کو دے آؤ۔ وہ حکم کی تعمیل کرتا۔ شرع شرع میں تو مہاراجہ بہادر نے ان پرچیوں کو دیکھا ہوگا۔ بعد میں جب سب کو یقین ہو گیا کہ ان کا دماغی توازن قائم نہیں ہے تو خود شاگرد پیشہ ان کی ایسی پرچیوں کو ادھر ادھر کہیں ڈال دیتے تھے مہاراجہ کے ملاحظہ میں پیش نہیں کرتے تھے۔

۱۹۰۲ء میں جناب سرشار نے وفات پائی۔ ان کی وفات کا دردناک واقعہ آغا صاحب نے اپنے ایک مضمون میں بیان کیا ہے جو ان کے مجموعۂ مضامین "خارستان" میں شائع ہوا ہے۔ وہ ایک مشاعرہ کا حال بیان کرتے ہیں جو شہر کے باہر چندو لعل کی بارہ دری میں منعقد ہوا تھا:

> ..... جب گرامی مرحوم پڑھ چکے تو بارہ بج چکے تھے۔ ان کے بعد حسب ذیل نے دو تین رباعیاں پڑھی تھیں جو رام رنگی کے متوالے، ملک کے نامور ادیب، پنڈت رتن ناتھ سرشار لڑکھڑاتے ہوئے شمع کے سامنے خود آ بیٹھے اور کہا ——— اب جگر تھام کے بیٹھو مری باری آئی۔

مشاعرے کے ختم ہو جانے کے بعد کے حالات لکھتے ہیں:

جیسا کہ اوپر ذکر آچکا ہے، پنڈت رتن ناتھ سرشار جو آج ضرورت سے زیادہ پُر کیف تھے، وہ آج شہر نہ جا سکے اور اپنے ایک رفیق سفر شاید منشی دھار کا پرشاد اُنچ لکھنوی کے ہمراہ اسی بارہ دری میں شب باش ہونا پڑا۔ یہ دونوں صاحب چونکہ حضور وزیر صاحب سر مہاراجہ بہادر کے مہمان تھے اس لیے یہاں بارہ دری میں بھی اُن کے لیے ایک خاص کمرہ مخصوص تھا۔ دونوں صاحب وہیں اپنے اپنے بستروں پر جا لیٹے۔ یہ کمرہ بارہا دیکھا بھالا تھا، مگر اس میں لکڑی کی گھڑونچیوں پر آب دار خانہ تھا جس پر پانی کے مٹکے، گولیں، صراحیاں اور گلاس سجے ہوئے تھے اور دوسری طرف ویسی ہی گھڑونچیاں رکھی ہوئی تھیں جن پر دھلی ہوئی نواڑ کی چکتیاں تہ بہ تہ دھرا اوپر چھت تک چنی ہوئی تھیں۔ اب قسمت کی بات اس کا کسی کو دھیان بھی نہیں رہا کہ پانی کی گھڑونچیاں کس طرف ہیں اور نواڑ کی چکتیاں کدھر ہیں۔ اتفاق سے اسی رات پنڈت جی کو پیاس کی شدت اور خمار کی تونس نے یکایک چونکا دیا۔ حلق میں کانٹے پڑ رہے تھے۔ آپ دیوانہ وار بستر سے اُٹھ کر پانی کی تلاش میں چلے۔ اس شدت اضطراب میں اپنی دانست میں یہی سمجھے کہ آب دار خانہ اوپر ہی ہے۔ آہ، آہ، مگر وہ موت کا دھوکا تھا، قضا اس غریب کو ان گھڑونچیوں کی طرف لے گئی جن پر نواڑ چنی ہوئی تھی اور وہ اُسی گھبراہٹ میں ٹٹولتے ہوئے، انھیں گھڑونچیوں پر جا چڑھے۔ ستم یہ ہوا کہ پانی کا وہاں نشان نہ پاکر جو عالم بدحواسی میں ہاتھ پاؤں مارے تو ان غریب کا پاؤں پھسل گیا اور وہ اوندھے مُنہ اس گھڑونچی کے حلقے میں جا گرے۔ ان کے گرتے ہی اُوپر سے اُدھر رکھی ہوئی نواڑ کی چکتیاں دھڑا دھڑ انھیں پر آ پڑیں۔ جس کے صدمے سے ان کی جان نکل گئی۔

آہ، آہ، دوسری صبح کو یہ ہولناک خبر مقامی اخباروں میں تھی۔ بس جو پڑھتا تھا سر پکڑ کر رہ جاتا تھا۔

آغا صاحب نے سرشار کی موت پر ایک مرثیہ بھی کہا تھا۔ اس کے متعلق اپنے مضمون "فقیر کی پہلی پھیری" میں لکھتے ہیں:

> اسی زمانے میں مشہور و معروف فسانہ نگار پنڈت رتن ناتھ سرشار لکھنوی کا افسوس ناک حادثہ ہو گیا۔ میں نے بھی متاثر ہو کر ایک نظم کہی جو راجہ رائے رایاں بہادر کو بہت پسند آئی۔ سرشار مرحوم مہاراجہ بہادر کے مہمان تھے اور مجھ پر کرم فرماتے تھے۔ میری نظم ان کا مرثیہ تھی۔ ایک دن راجہ رایاں بہادر نے مجھے اپنے ہم رکاب لیا اور سر مہاراجہ بہادر کے حضور میں لے جا کر وہی نظم مہاراجہ کو سنوائی۔ اس طرح حضرت شاد با تقاضہ بھی رسائی ہو گئی۔ امید قوی چمک گئی۔

[illegible] ۱۹۰۱ء میں لارڈ کرزن کی وفات ہوئی اور ان کے سب سے بڑے لڑکے ایڈورڈ ہفتم جو پرنس آف ویلز تھے تخت نشین ہوئے۔ انگلستان میں ان کا دربار تاج پوشی ۱۹۰۲ء کے غالباً ابتدائی مہینوں میں ہونے والا تھا۔ لارڈ کرزن ہندوستان کے وائسرائے تھے، انھوں نے ہندوستان میں بھی بتقاضائے دہلی جشن تاج پوشی منعقد کرنے کا فیصلہ کیا چنانچہ تمام والیانِ ریاست کو اس دربار میں شرکت کی دعوت دی گئی۔ لارڈ کرزن کے پیشِ نظر ایک مصلحت یہ تھی کہ تمام والیانِ ریاست کے سامنے انگریزی فوج کی شان و شوکت کا مظاہرہ کیا جائے اور عام ہندوستانیوں کو مرعوب کیا جائے۔ اس سلسلے میں آغا صاحب اپنے اسی مضمون ——— فقیر کی پہلی پھیری ——— میں لکھتے ہیں:

> غرض میں انھیں رنگ رلیوں میں تھا کہ یکایک ۱۹۰۳ء کا دلی دربار زبان زدِ خلائق ہو گیا۔
> ..... تمام راجہ مہاراجہ طلب ہوئے یہاں تک کہ خود خلد آشیاں، نواب میر محبوب علی خاں، اعلیٰ اللہ مقامہٗ، آصف سادس بھی مع اپنے تمام خدم و حشم، جاگیرداروں اور اشاف کے دلی جانے پر تیار ہو گئے۔ اعلیٰحضرت خلد آشیاں کا ایما پاتے ہی جنرل کمشنر مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر نے بھی پا تراب کرنا چاہا۔ انھیں کے ساتھ ساتھ تمام روسائے دکن کی بھی عنانِ توجہ اُدھر ہی تھی۔ مرحوم راجہ رائے رایاں بہادر، امانت و دیانت، آصف جاہی کا بھی پیش خیمہ برآمد ہوا۔ ان کی طرف سے دلی کیمپ کا انتظام کرنے کے لیے مولوی علی احمد صاحب سب سے پہلے دلی جانے کو آمادہ ہو گئے۔ قسمت کی بات ابھی میسلکر ہمراہی حضرات اپنے اپنے انتظامات میں تھے کہ سب سے پہلے ——— قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند ——— کے موافق، میں بدبخت جو ڈیڑھ سال سے دلی جانے پر اُدھار کھائے تھا، فوراً ایک بیش قرار رقم لے کر پہلے سے پہلے انتظام کرنے کو چل پڑا۔
>
> یہ خبر شدہ شدہ نواب فصیح الملک بہادر حضرت داغ مرحوم کو بھی پہنچی کہ آغا شاعر انتظام کے لیے دلی جا رہا ہے۔ آہ! وہ مر گئے ہیں، اور مجھے مرنا ہے، انھوں نے مجھے فوراً بلایا اور ہر چند ڈرایا، دھمکایا کہ یہ کیا حماقت ہے بھئی ——— بھلا؟ آغا شاعر اور انتظام؟ جو لوگ تمھیں وہاں خدمت پر وہاں بھیج رہے ہیں وہ یا تو تمھارے سخت دشمن ہیں یا ان کے حواس بجا نہیں۔ دیکھو آغا شاعر! حیدرآباد نہ چھوڑو۔
>
> مگر میں کب سنتا تھا۔ میں نے ان کی منتیں بھی کیں کہ آپ یہ بھانجے کیوں شاعر

ہیں، حضرت! میں خود ڈیڑھ برس سے وطن جانے کو ترس رہا تھا۔ اب قدرت نے یہ غیب سے سامان پیدا کر دیا ہے۔ خدا کے لیے آپ اس چلتی گاڑی میں روڑا نہ اٹکائیں۔

آخر وہ بہشتی بھی مجھے اتنا بضد دیکھ کر خاموش ہو گئے اور میں ۳۰ء میں دلی واپس آ گیا۔

جہاں تک مجھے یاد ہے حضرت آغا صاحب نے یہ فرمایا تھا کہ کیمپ نہ ہونے کے لیے انھیں مہاراجہ کشن پرشاد نے دس ہزار روپے دے کر بھجوایا تھا۔ حضرت داغ نے اُس کی مخالفت کی تھی۔ آغا صاحب نے جب اس مخالفت کا گلہ شکوہ کیا تو حضرت داغ نے کہا تھا کہ یہ یقین ہے کہ تم پھر حیدرآباد نہیں آؤ گے۔ یہ کہتے ہوئے ان کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ لیکن آغا صاحب بضد ہوئے تو روانہ ہو گئے۔ ممکن ہے میرا حافظہ غلطی کر رہا ہو اس لیے میں نے آغا صاحب ہی کا بیان یہاں نقل کر دیا۔ دوسری بات یہ ہے کہ آغا صاحب ۱۹۲۰ء کے آخری مہینوں میں حیدرآباد سے گئے ہوں گے۔ لندن میں جشن تاج پوشی ایڈورڈ ہفتم کی اچانک بیماری کی وجہ سے کئی ماہ ملتوی کرنا پڑا تھا۔ اُن کا اپنڈی سائٹس کا اپریشن ہوا اور کئی ماہ کی علالت کے بعد اگست ۱۹۰۲ء کو وہ رسم تاج پوشی کے بعد ہندوستان میں یہ دربار جنوری ۱۹۰۳ء میں منعقد کیا گیا۔ ظاہر ہے کیمپ وغیرہ کے انتظامات کے لیے لوگوں کو کئی ماہ پہلے بلانے جانا پڑا ہوگا۔

میرا خیال ہے کہ ۱۹۰۳ء سے ۱۹۱۹ء تک آغا صاحب مختلف مقامات میں مختلف مشاغل میں مصروف رہے۔ ڈرامہ نویسی کا یہی زمانہ ہوگا۔ ممکن ہے کہ آغا حشر کاشمیری سے اسی دور میں ملاقات ہوئی ہو۔ انھیں نے آغا شاعر کو ڈرامہ لکھنے کی ترغیب دی ہو اور انھیں کی کوششوں سے تھیٹروں کے مالکوں تک رسائی اور ڈراموں کی فروخت کے مراحل طے ہوئے ہوں۔ ڈراما نویسی کے سلسلے میں آغا صاحب نے کلکتہ اور بمبئی کا سفر بھی کیا ہوگا اور ممکن ہے کچھ مدت ان شہروں میں مقیم بھی رہے ہوں۔

۱۹۱۹ء کے لگ بھگ، آغا صاحب کا ریاست جھالاواڑ سے تعلق قائم ہوا ہوگا۔ یہ قیاس میں نے اس بنا پر قائم کیا ہے کہ میرے پاس رسالہ "آفتاب" کا جو شمارہ ہے وہ نومبر ۱۹۲۱ء کا ہے۔ اس پر جلد ۷ اور نمبر ۱۰ درج ہے، گویا ۱۹۲۱ء کے ختم تک رسالہ "آفتاب" کو جاری ہوئے سات برس گزر چکے تھے۔

ریاست جھالاواڑ کے حکمران "رانا سر بھوانی سنگھ" آغا صاحب پر بہت مہربان تھے۔ جھالاواڑ کے دس بارہ سال کے قیام میں آغا صاحب نے بڑے اطمینان اور فراغت سے زندگی بسر کی۔ وہاں ان کی بڑی قدر و منزلت تھی۔ ۱۹۲۴ء کے لگ بھگ جھالاواڑ سے آغا صاحب کا تعلق منقطع ہو گیا ہوگا۔ اپنے اُس خط میں جو جنوری ۱۹۳۳ء میں لکھا گیا ہے آغا صاحب فرماتے ہیں:

> ..... میں کیا اور میرا کلام کیا؟ ایک ٹمٹماتا ہوا چراغ ہوں جو اب یقیناً گل ہو جائے گا۔ کیونکہ آج ۶۔ ۷ برس سے ۱۶ سو میل کے دھاوے کر رہا ہوں اور کہیں پاؤں نہیں ٹکتا.....

[illegible] نکالا جاسکتا ہے کہ چھ سات برس پہلے یعنی ۱۹۳۳ء کے لگ بھگ ریاست جھالاواڑ سے آغا صاحب کا تعلق ٹوٹ گیا تھا۔ ظاہر ہے اسی وقت سے رسالہ "آفتاب" کی اشاعت بھی بند ہو گئی ہوگی۔ ریاست سے قطع تعلق کی وجہ غالباً مولانا بہزاد لکھنوی والی ریاست کی وفات ہوگی۔ نئے والی ریاست نے آغا صاحب سے تغافل برتا ہوگا، آغا صاحب وہاں سے چل کھڑے ہوئے۔

ریاست جھالاواڑ کے قیام کے آخری سال دو سال میں یا ریاست سے تعلق ختم ہو جانے کے بعد آغا صاحب عشرۂ محرم رائے پور میں گزارا کرتے تھے۔ وہاں سے انہیں چار سو روپیہ (سالانہ) ملتے تھے۔ ذی قعدہ ۱۳۵۰ھ (مارچ ۱۹۳۲ء) کے آخری دنوں میں آغا صاحب نواب شہید یار جنگ کی طلبی پر حیدرآباد آئے تھے، جمادی الاول ۱۳۵۱ھ (اکتوبر ۱۹۳۲ء) میں شہید صاحب نے پھر آغا صاحب کو حیدرآباد بلوایا۔ ڈھائی ماہ کے قیام کے بعد ماہ شعبان ۱۳۵۱ھ (دسمبر ۱۹۳۲ء) میں دہلی واپس آ گئے۔ اس کے بعد پھر کبھی حیدرآباد نہیں آئے۔

آغا صاحب کے جاننے والوں میں شاید دو فی صدی کو بھی ان کا اصلی نام معلوم نہ ہوگا۔ مجھے بھی یہاں کراچی میں جناب سرخوش سے معلوم ہوا کہ نام "غضنفر علی" ہے جو تاریخی نام ہے اس سے ۱۲۹۰ھ کے اعداد نکلتے ہیں اور ۱۸۷۳ء اس سے مطابقت رکھتا ہے۔ سرسٹھ (۶۷) برس کی عمر پا کر ۱۲ مارچ ۱۹۴۰ء میں آغا صاحب نے رحلت فرمائی۔

ایلفرڈ نوبل

ضیاالدین احمد برنی

ڈائنامیٹ جیسی دھماکہ پیدا کرنے والی چیز کی آمدنی سے نوبل انعامات کی بنیاد ڈالی گئی تھی اور اب بھی جب جب انعامات کا اعلان ہوتا ہے دُنیا کے علمی طبقوں میں ایک بہت بڑا دھماکہ پیدا ہو جاتا ہے۔

آج سے ۱۴۱ سال قبل (۱۸۳۳ء میں) ۲۱ اکتوبر کی صبح کو سویڈن کے پایۂ تخت اسٹاک ہام (Stock holm) کے ایک امیر گھرانے میں ایک بچہ پیدا ہوا جس کا نام ایلفرڈ برنارڈ نوبل رکھا گیا۔ یہی وہ بچہ ہے جس نے بڑے ہو کر ڈائنامیٹ ایجاد کیا اور اس کے ذریعے جو کروڑوں روپے کمائے اُس کا بہت بڑا حصہ مرتے دم ایسے انعامات کے لیے وقف کر دیا جو سب سے بڑے بین الاقوامی علمی اعزازات سمجھے جاتے ہیں اور ان کے پانے والے نہ صرف عالمگیر اور دوامی شہرت حاصل کر لیتے ہیں بلکہ عمر بھر کے لیے مالی مشکلات سے بھی آزاد ہو جاتے ہیں۔

ایلفرڈ نوبل چھوٹے سے قد کا اور معمولی شکل و صورت کا آدمی تھا۔ اس کی صحت کبھی اچھی نہیں رہی۔ وہ بڑا محنتی اور جدوجہد کرنے والا انسان تھا۔ مالدار اور مشہور ہونے کے باوجود اُس کی زندگی بڑی سادہ تھی، اس میں غرور اور بڑائی کا احساس نام کو نہ تھا۔ وہ تقریباً اپنا سارا وقت اپنی تجربہ گاہ میں گزارتا، اور اس سے جو وقت بچتا اپنی ماں کی خدمت میں صرف کرتا۔ اُس نے شادی نہیں کی۔ اُس کی ساری محبتوں کا مرکز اُس کی ماں تھی۔

نوبل کا انتقال ۱۰ دسمبر ۱۸۹۶ء کو صبح کے وقت ہوا۔ اس وقت اس کی عمر ساٹھ سال کی تھی۔ نوبل ایک عجیب و غریب خبط میں مبتلا تھا۔ اسے ڈر تھا کہ کہیں وہ زندہ نہ دفن ہو جائے اور اس لیے اس نے نصیحت کی تھی کہ مرنے کے بعد اس کی لاش جلا دی جائے۔ چنانچہ یہ وصیت پوری کی گئی۔ مرنے سے کچھ پہلے اس نے ایک پھٹے ہوئے کاغذ پر اپنی مشہور زمانہ وصیت لکھی جس میں درج تھا کہ

> رشتے داروں کو تھوڑی سی رقم دینے کے بعد میری ساری دولت (۹۴ ملین پونڈ) ایک انعامی فنڈ کے قیام میں صرف کی جائے جس کا سالانہ منافع برابر کے ۵ انعاموں میں تقسیم کر کے ایک انعام اس شخص کو دیا جائے جس نے فزیکل سائنس (طبیعات) میں نہایت اہم کام کیا ہو، دوسرا انعام کیمسٹری (علم کیمیا)، تیسرا انعام فزیالوجی (علم الادویہ) میں اہم دریافت کرنے والے اشخاص کو دیا جائے۔ چوتھا انعام اس مصنف کو دیا جائے

جس نے تخلیقی نوعیت کی کوئی کتاب لکھی ہو اور پانچواں انعام اس شخص کو دیا جائے جس نے اقوامِ عالم کے مابین امن پیدا کرنے کے سلسلہ میں نمایاں کردار ادا کیا ہو۔ میں تاکید کرتا ہوں کہ یہ انعامات بلا امتیاز مذہب و قومیت صرف مستحق لوگوں کو دیے جائیں۔"

ایلفرڈ نوبل بہت مالدار شخص تھا۔ وہ پندرہ فیکٹریوں اور ۵۳ تیل بردار جہازوں کا مالک تھا۔ ڈائنامیٹ ایجاد کرنے کے علاوہ اس نے ۳۵۵ اور چیزیں بھی پیٹنٹ کرائیں جن میں بندوقوں کی بارود، مصنوعی ربڑ، گلیپارچہ اور ایک قسم کا مارکٹ نمایاں ہیں۔ یہ انعامات ۱۹۰۱ سے دیے جاتے ہیں۔

نوبل کے انتقال سے لے کر اب تک تقریباً ڈھائی کروڑ روپیہ انعامات کی شکل میں تقسیم ہو چکا ہے۔ سب سے زیادہ نوبل پرائز پانے والے اہل جرمنی ہیں۔ اس کے بعد انگلستان کی، پھر فرانس کی، پھر امریکہ کی باری آتی ہے۔ سویڈن اور ناروے کے لوگوں نے بھی ۲۶ انعامات حاصل کیے ہیں۔ برصغیر ہند و پاکستان کے صرف دو آدمیوں ڈاکٹر رابندر ناتھ ٹیگور (۱۹۱۳) اور سر سی۔ وی رامن (۱۹۳۰) کو انعام ملا ہے۔ روس کے کسی شخص کو آج تک انعام نہیں دیا گیا حالانکہ نوبل کی وصیت میں یہ چیز خاص طور پر درج تھی کہ انعامات کی تقسیم میں قومیت و مذہب کا ذرا سا بھی لحاظ نہ رکھا جائے۔ ہند و پاکستان میں اقبال اور گاندھی اور روس میں چیخوف اور ٹالسٹائے اس قابل تھے کہ انہیں انعامات دیے جاتے مگر یہ سب نظر انداز ہو گئے۔

ہر سال اسٹاک ہام میں ۱۰ دسمبر کو ایلفرڈ نوبل کی برسی کے موقع پر بڑی پُرشکوہ تقریب منعقد ہوتی ہے جس میں سویڈن کے بادشاہ بہ نفس نفیس انعامات تقسیم کرتے ہیں۔ مشہور امریکی مصنفہ پرل بک نے اس تقریب کا حال یوں بیان کیا ہے:

"میں ۹ دسمبر کو اسٹاک ہام کے ہوائی اڈے پر پہنچی اور مجھے ایک زبردست استقبالیہ کمیٹی نے خوش آمدید کہا جس میں تمام سویڈن امریکی سفیر کے علاوہ نوبل کمیٹی کے ارکان اور سویڈن کے شکر نارج کے ممبر شامل تھے۔ مجھے فوراً گرانڈ ہوٹل پہنچا دیا گیا جہاں خصوصی شاہی کمرے میں میرے قیام کا انتظام کیا گیا تھا۔ دوسرے دن (۱۰ دسمبر) صبح کو شکر نارج سے دو ایلچی آئے جنہوں نے شام کی رسومات کے بارے میں ساری تفصیلات بتانے کے بعد یہ درخواست کی کہ بادشاہ کے ہاتھ سے انعام لینے کے بعد میں اُلٹے پاؤں اپنی کرسی تک واپس آنے کی کوشش کروں کیونکہ اس سے پہلے دو انعام لینے والوں نے بادشاہ کی طرف پیٹھ کر دی تھی جس کا سویڈن کی رعایا نے بہت بُرا مانا تھا۔ چنانچہ شام کو میں وقت پر اُس آراستہ پیراستہ ہال میں جا پہنچی۔ ٹھیک ۸ بجے ایک سویڈش سپاہی اور ایک سویڈش طوطے نے بگل بجا کر شاہی آمد کا اعلان کیا۔ بادشاہ کے بیٹھ جانے کے بعد نوبل کمیٹی کے ممبر اپنی اپنی جگہوں پر بیٹھ گئے۔ ان کی آمد پر بادشاہ تعظیماً کھڑے ہو گئے۔ یہی وہ واحد موقع ہے جبکہ بادشاہ اپنی رعایا کے کسی ممبر کی آمد پر کھڑے

ہوتے ہیں۔

میرے برابر کی کرسی پر ایک اور نوبل پرائز جیتنے والے اطالوی ڈاکٹر ایزیکو فرنی بیٹھے ہوئے تھے۔ سویڈش زبان میں تقریریں ہو رہی تھیں جن کو میں مطلق نہیں سمجھ سکی۔ اس کے بعد میرا تعارف ہوا اور میں انعام لینے کے لیے بادشاہ کے سامنے جا پہنچی۔ بادشاہ نے مجھ سے ہاتھ ملایا اور ایک سونے کا تمغہ دیا جو چمڑے کے بکس میں رکھا ہوا تھا جس کے ایک طرف نوبل کی تصویر اور دوسری طرف اس کا نام کندہ تھا۔ ایک لفافہ میں انعام کا وہ حکم نامہ تھا جس کو بعد میں چیک کی صورت میں بدل دیا جاتا تھا اس رسم کے بعد سائے پیروں لوٹنے کی مصیبت درپیش تھی۔ ایک تو میں اونچی ایڑی کے جوتے پہنے ہوئے تھی جن کی ایڑیاں مشرقی بیش قیمت قالینوں میں دھنسی جاتی تھیں۔ دوسرے میرے زرین فراک کے پیچھے کا حصہ فرش پر اٹکا ہوا تھا۔ میں بہت سنبھل سنبھل کر ایک ایک قدم پیچھے ہٹ رہی تھی۔ میری اس مشکل کو دیکھ کر لوگوں نے ہمدردی میں تالیاں بجانی شروع کر دیں۔ وہ تو غنیمت ہوا کہ میں نے قالین کے ڈیزائن کو ذہن نشین کر لیا تھا ورنہ ممکن تھا کہ میں اپنے برابر والی کرسی پر بیٹھے ہوئے ڈاکٹر کی گود میں جا پڑتی۔ اگلے روز اسٹاک ہام کے اخبارات نے بڑی بڑی سرخیوں میں یہ خبر چھاپی "پرل بک بڑی تمکنت سے پیچھے کو لوٹیں۔"

نوبل پرائز پانے والے کے لیے ضروری ہے کہ چاہے وہ دنیا کے کسی حصہ میں ہو خود ایک سال کے اندر اندر اسٹاک ہام پہنچ کر نوبل پرائز حاصل کرے ورنہ انعام ضبط ہو جاتا ہے اور نوبل فنڈ میں جمع کر دیا جاتا ہے۔ چنانچہ ۱۹۳۹ میں جرمنی کے مشہور ڈاکٹر Gerhard Domagk کو سنا نامہ معلوم ہونے پر نوبل پرائز ملا۔ لیکن ہٹلر نے حکومت جرمنی کو نوبل پرائز لینے سے منع کر دیا تھا اور اس کی جگہ نیشنل اسٹیٹ پرائز لگا دیا تھا اس لیے جنگ ختم ہونے کے بعد ۱۹۴۷ء میں اس ڈاکٹر نے اپنا انعام طلب کیا۔ اسے رقم تو ملی نہیں البتہ تمغہ اور سند مل گئی۔

نوبل پرائز کی رقم اتنی بڑی ہوتی ہے کہ اب تک کسی شخص نے اس کے لینے سے انکار نہیں کیا سوائے جارج برنارڈ شا کے۔ جب شا کو سویڈن کے سفیر نے انعام ملنے کی خوشخبری سنائی تو بڑے میاں نے زور سے چلا کر کہا کہ "میں اس روپیہ کا کیا کروں گا؟" سفیر نے بڑی متانت سے جواب دیا کہ "سوچ سمجھ کر تحریری جواب دیجیے گا۔" ایک ہفتہ بعد شا کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا اور انھوں نے انعام کی رقم سے ایک ایسی سوسائٹی قائم کرنے میں لگا دیا جو سویڈن اور انگلینڈ کے درمیان ادبی اور ثقافتی تعلقات بڑھانے میں مدد دیتی ہے۔

نوبل پرائز پانے والوں کی کیا عمر ہونی چاہیے؟ کیا نوبل کا مقصد یہ تھا کہ یہ انعام ان لوگوں کو دیے جائیں جو ایک عرصے سے سائنس، طب، ادب اور امن کے بارے میں عظیم شہرت کے مالک رہے ہیں یا ان انعامات سے ایسے ذہین اور جدت پسند نوجوانوں کو بھی نوازا جائے جو اپنے کارناموں سے دنیا میں اپنے لیے اعلیٰ جگہ حاصل کرنے کی جد و جہد میں مصروف

رہتے ہیں ، لیکن عموماً انعام پانے والے بہت زیادہ عمر کے ہوتے ہیں۔ رڈیارڈ کپلنگ سب سے زیادہ کم عمر تھا جسے نوبل پرائز ملا۔ انعام پانے کے وقت اس کی عمر صرف ۴۱ سال تھی۔ بقول برنارڈ شا :

"نوبل پرائز ایک ایسی بچاؤ ٹیٹی ہے جو تیراک کی حفاظت کے لیے اس وقت سمندر میں پھینکی جاتی ہے جبکہ وہ تقریباً کنارے پر پہنچ چکا ہے۔"

غالباً نوبل پرائز بانٹنے والوں کو نوبل کی یہ بات یاد ہوگی کہ

"میں کسی آدمی کو ایک پیسہ بھی دینا نہیں چاہتا۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ اس میں جدوجہد کرنے کی رغبت ہی نہ رہے۔"

یہ ہے مختصر سی داستان سویڈن کے ایک باشندے کی جو انسانیت کی تاریخ میں ایک سنگِ میل ہے۔

جرمن افسانہ اور اس کا ارتقا

علی ناظم

بیسویں صدی کی ابتدا ہی سے جرمن قوم میں جو شکست و ریخت اور تعمیر و تشکیل کا عمل نظر آتا ہے اس کی خارجی صورت تو دو جنگیں ہیں لیکن اس کے ساتھ پوری تہذیبی و ادبی زندگی پر جو اثرات مرتب ہوئے ہیں ان میں بھی جرمن قوم کی انفرادیت نمایاں نظر آتی ہے۔ وثوق سے تجزیہ نہیں کیا جا سکتا کہ جرمنی کو ان منازل تک لانے کے لیے تنہا اس کی جغرافیائی حیثیت، معاشی نظام یا بسمارک کی بصیرت کو دخل ہے یا تنہا ان افکار کا تیجہ ہیں جن میں کانٹ کی انتقادیت، ہیگل کی تصوریت، شوپنہار کی قنوطیت، نٹشے کی پسند رومانیت یا اس کی قوم کی سائنسی مادیت شامل ہے، یا پھر اس کے قومی خصائل ہی تنہا اس کے عوامل رہے ہیں۔ اسباب کچھ ہوں نہ ہوں یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ پچھلے تیس برس میں جرمنی جن سیاسی، سماجی اور شعوری حوادث سے دوچار ہوا ہے اس کی نظیر کسی اور ملک میں نہیں ملتی۔ یوں تو گزشتہ جنگِ عظیم سے دنیا کے اور بہت سے ممالک بھی شدت سے متاثر ہوئے لیکن ان ممالک میں بلا کا دور گزر جانے کے بعد حالات معمول پر آ گئے اور کوئی شے دائمی انقلاب کی محرک نہ بن سکی لیکن کون کہہ سکتا ہے کہ ۱۹۳۳ء میں ہٹلر کے برسرِ اقتدار آنے کے بعد جرمن قوم جس انقلاب آفریں دور میں داخل ہوئی تھی آج بھی منقسم برلن اور مغربی و مشرقی محاذ کی شدید کشمکش کی موجودگی میں وہ دور ختم کر چکی ہے۔ آج کی جرمن قومی زندگی میں جو سیاسی بے یقینی کا ماحول پیدا ہو چکا ہے اس کے اثرات نہ صرف بین الاقوامی سیاست تک ہی محدود نہیں ہیں بلکہ اس کی صدائے بازگشت زندگی کے ہر شعبہ میں سنی جا سکتی ہے۔ آج کا جرمن افسانہ اس کی ایک واضح مثال پیش کرتا ہے۔

یہاں ہم اس قوم کے ادب کا مطالعہ کر رہے ہیں کہ جنگ اور مابعد کے اثرات کی ذہنی کیفیت کا ایک سلسلہ دیکھ سکیں اور اس خصوصیت کے ساتھ افسانوی ادب ہمارے پیشِ نظر ہے کہ یہ زندگی کا براہِ راست مطالعہ کرتا ہے۔ اس کا زمانہ اگرچہ جنگ یا اس کے آس پاس کا زمانہ ہے لیکن آج کے جرمن افسانوی ادب کا جائزہ لینے سے پیشتر ہمیں مجموعی حیثیت سے ان تمام مسائل کو زیرِ بحث لانا ہے جو جدید جرمن افسانہ کی تشکیل، اس کے نشوونما اور اس کے تدریجی ارتقا کا موجب بنے ہیں۔ ان عوامل کے بغیر آج کے جرمن افسانہ کو سمجھنا ممکن نہیں۔ اس سلسلہ کے بنیادی حقائق مندرجہ ذیل ہیں:-

۱۔ جرمن ادب میں افسانہ کی حیثیت کا تعین اور اس کا تاریخی ارتقا۔

۲۔ جنگ سے پہلے کا افسانوی ادب۔

۳۔ انقلابی [illegible]۔

۴۔ موجودہ افسانوی ادب کا جائزہ۔

جرمن بحث کو علاقائی زبانوں کی مانند تین بڑے شعبوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

جرمن بحث

Der Roman	Die Novelle	Die Erzählung or Die Kurzgeschichte
(ناول)	نویلے (طویل قصے)	افسانہ (مختصر کہانی)

یہاں ناول اور اس کی تکنیک سے قطع نظر صرف "نویلے" اور "مختصر کہانی" ہی زیر بحث ہیں۔ آج کا جرمن افسانہ نویلے کی ایک ذیلی صنف کہا جاتا ہے لہذا افسانہ کا جائزہ لینے سے قبل نویلے کا تفصیلی مطالعہ ناگزیر ہے۔

نویلے کی تعریف کا مسئلہ نزاعی نوعیت رکھتا ہے۔ اس بارے میں نقادوں کی آرا میں بڑا اختلاف پایا جاتا ہے چنانچہ اب تک کئی کتابیں اس مخصوص تکنیک کی تشریح و توضیح میں لکھی جا چکی ہیں۔ یہاں اختلافات سے بچتے ہوئے صرف انہی تعریفوں کو زیر بحث مقصود ہے جن سے نویلے کا مفہوم بہ آسانی سمجھا جا سکے۔

نویلے (Novelle) دراصل اطالوی زبان کے لفظ 'Novella' سے ماخوذ ہے جس کے معنی جرمن زبان میں Neuigkeit یا "خبر" ہوتے ہیں۔ ادب میں یہ لفظ نثر کی اس صنف کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جس میں کسی واقعہ یا شخصیت کا بیان مخصوص اور غیر معمولی انداز میں کیا جائے۔ یہاں اس واقعہ یا شخصیت کا اہم یا غیر اہم ہونا چنداں ضروری نہیں البتہ اس کو پیش کرنے کے لیے جو انداز اختیار کیا جاتا ہے وہ بالکل انوکھا اور کسی قدر غیر متوقع ہوتا ہے۔ گوئٹے نے نویلے کی مختصر لیکن جامع تعریف ان الفاظ میں کی ہے۔

'Was ist eine Novelle nondern als eine sich ereignete unerhörte begebenheit !'

ترجمہ: نویلے کیا ہے؟ صرف یہی کہ یہ ایک ان سنی لیکن آپ بیتی واردات کا بیان ——

گویا بیان کا مخصوص انداز میں پیش کیا جانا ہی نویلے کی سب سے بڑی خصوصیت ہے۔ جدید جرمن نقاد جارج فن لوکاچ[1] اپنی انتقادیات کی مشہور کتاب[2] "ذہن اور ہیئت" میں نویلے کی ایک پُر شکوہ تعریف کی ہے۔ وہ کہتا ہے:

"Das Wesen der Novelleform ist kurzgefasst · ein Menschenleben durch die endliche Kraft einer Schicksalsstunde gedruckt"——

---

1. George von Lukacs.
2. 'Die Seele und die Formen'.

ترجمہ : نویلے کی تخلیق وہی ہے جس میں انسانی زندگی قسمت کے کسی ازلی لمحہ کے ہاتھوں ناقابلِ بیان قوت کے ساتھ منضبط ہو جائے۔

نویلے کی ہیئت میں سب سے اہم شے اس کا انوکھا انداز ہے جس کو "نثری آرٹ میں تخلیق اور ہیئت" کے مصنف[2] پیٹش نے "غیر معمولی" (ungewöhnlich) اور "انوکھا" (neues) کہا ہے۔ اس کے نزدیک نویلے میں یہ غیر معمولی موڑ کے نقاط نہ ہونے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے اور بیان کیا جانے والا زندگی کا جز محض اکائی کی حیثیت سے بیان ہوتا ہے جس کی وجہ سے شدت برقرار رہتی ہے۔ یہی شدت اور ارتکاز بیان کو انوکھا، غیر معمولی اور غیر متوقع بنا دیتی ہے چنانچہ انگریزی میں نویلے کی ایک بہت ہی مختصر تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے۔

Novelle ——— a description of intense maturity.

ترجمہ : نویلے، کمال شدت کا ایک بھرپور بیان۔

یہاں نویلے کا مفہوم اور اس کی طوالت اس کو دیگر مروجہ اصناف سے ممیز نہیں کرتے بلکہ اس کی پیش کش کا عجیب و غریب انداز جس میں شدت اور تاثر کے عناصر بدرجہ اتم پائے جاتے ہیں اس کو مختلف اصنافِ سخن سے ممتاز بنا دیتا ہے۔ تھیوڈور اشٹورم[3] کا مشہور نویلے "باسی گلاب"[4] صرف چند صفحات پر مشتمل ہے اس کے برخلاف لڈوک ٹیک[5] کی تخلیق "جوان بڑھئی"[6] پورے چار سو صفحات پر پھیلے ہونے کے باوجود نویلے ہی ہے۔

نویلے، ناول یا کہانی سے طوالت اور کینوس کے سائز ہی میں مختلف نہیں ہوتا بلکہ موضوع اور نوع کے اعتبار سے بھی اس کی بالکل جداگانہ حیثیت ہوتی ہے۔ نویلے اور ناول کا ایک بڑا فرق یہ ہے کہ ناول میں پھیلاؤ کی آزادی ہوتی ہے چنانچہ واقعات یکے دیگرے وجود میں آتے رہتے ہیں جن سے شخصیت کے تمام پہلوؤں کی تعمیر ہوتی رہتی ہے اور آخر کار یہی ارتقا ہیرو کا انجام بن جاتا ہے برخلاف اس کے نویلے کا پورا زور صرف کسی ایک پہلو پر رہتا ہے اور باقی پہلو محض ضمنی نوعیت سے بیان کیے جاتے ہیں۔ اسی طرح افسانہ میں جہاں ایک نقطہ سے دوسرے نقطہ تک عموماً براہِ راست رسائی ہوتی ہے ضمنی اجزا بڑی اہمیت رکھتے ہیں لیکن نویلے ہمیشہ مرکزی دلچسپی کے نقطہ (centre of interest) سے وابستہ رہتا ہے۔ وہ اطراف کا جائزہ ضرور کرتا ہے لیکن ہمیشہ مرکز کے رشتے سے۔ جوسس ہوف[7] کا ایک طویل نویلے "یہودی کی کتاب"[8] اپنے ہیرو[9] فریڈرش میرگل

---

1. 'Wesen u. Formen der Erzahlkunst.'
2. R. Petsch
3. Theodor Storm
4. 'Spate Rosen'
5. Ludwig Tieck
6. 'Der junge Tischlermeister'
7. Hulshoff
8. 'Die Judenbuche
9. Friedrich Mergel

کی پوری زندگی اس [illegible] سے کر موت تک بیان کرتا ہے لیکن پوری کہانی صرف ایک مرکزی فعل [illegible]
کے ضمن میں بیان ہوتی [illegible] ہیں، یہودی کا قتل ہے۔

انگریز نقادوں میں کیمبرج کے پروفیسر بنیٹ[1] نے خصوصیت کے ساتھ نویلے کی صنف پر جامع تحقیق کی ہے انھوں نے ا
کے مفہوم کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے۔

A Novelle is a narrative in prose, usually shorter than a novel, dealing with one particular situation, conflict, event or an aspect of a personality, it narrates something 'new' in the sense of something 'striking'.

ترجمہ: نویلے ایک نثری بیان ہے جس کی طوالت عام طور پر ناول سے کم ہوتی ہے۔ یہ کسی شخصیت کے کسی خصوصی پہلو، تنا
واقعہ سے متعلق ہوتا ہے اور ہمیشہ کسی "نئی" بات کو بیان کرتا ہے جسے "نیا" اس لیے کہا جا سکتا ہے کہ وہ کسی قدر چو
دینے والی ہوتی ہے۔

ان مختلف تعریفوں کی روشنی میں نویلے کا مفہوم بخوبی سمجھا جا سکتا ہے۔ بین الاقوامی ادب میں یہ یا اس کے آس پاس کی صنف
مختلف ناموں کے ساتھ رائج ہے چنانچہ انگریزی کا طویل مختصر افسانہ (Long short story) یا فرانسیسی کا نویلے
(Novelle) کم و بیش جرمن نویلے ہی کے مفہوم کو ادا کرتے ہیں۔ پچھلی دو صدیوں میں دنیا کے بہت سے نامور ادیبوں
نے اس صنف کو اظہار خیال کا ذریعہ بنایا تھا۔ اس سلسلہ میں روسی ادب سے چیخوف، گورکی، ٹالسٹائی، ترگنیف، لیکوف، فرانسیسی
سے موپساں، ہسپانوی ادب سے الارکون اور اطالوی ادب سے پیرانڈیلو[3] کے نام بطور مثال پیش کیے جا سکتے ہیں۔

جرمن ادب میں نویلے اٹھارویں صدی کے آخر میں آیا اور بہت جلد ادب کی ایک مقبول صنف بن گیا۔ جرمن مزاج
شدت پسندی اس صنف کی قبولیت کا سب سے بڑا راز تھی چنانچہ اس کو "قومی صنفِ ادب" کی حیثیت سے اپنایا گیا۔ کلاسیکی عہد
سے کر آج تک جرمن نثر کی سب سے مقبول صنف یہی نویلے رہا ہے۔ اگر اس دور میں ہم "جرمن افسانہ" کی تاریخ اور اس کے ارتقا کا جا
میں تو یہی "افسانہ" کی جگہ "نویلے" ہی نظر آتا ہے۔ گوئٹے کے عہد سے لے کر موجودہ دور تک جرمن ادب میں لاتعداد نویلے لکھے گئے
جو زندگی کے مختلف شعبوں پر محیط ہیں۔ اسی بنا پر مضامین کے اعتبار سے ان کو مختلف گروہوں میں بانٹ دیا گیا ہے۔ نویلے کے خا
مکتبے یہ ہیں:

۱۔ کلاسیکی نویلے۔ ۲۔ مابعد الطبیعاتی نویلے۔

---

1. E.K. Bennett
2. Mateo n
3. Pirandello

۳۔ رُومانی نویلے۔ ۵۔ شاعرانہ یا حقیقی نویلے

۴۔ بیانیہ نویلے۔ ۶۔ نفسیاتی نویلے۔

جرمن ادب میں نویلے نویسی کی تاریخ اٹھارویں صدی کے نصف آخر میں گوئٹے کے "جرمن آوارہ گردوں کی گفتگو" سے شروع ہوتی ہے۔ یہ دور رومانیت پسندی کا تھا جس میں کچھ ہی عرصہ بعد داخلیت کی شدت ہوگئی اور تقریباً پوری انیسویں صدی تک یہی رنگ چھایا رہا۔ اس انداز نے بالآخر اپنی انتہا پر پہونچ کر ہیئت کے مروجہ اصولوں سے انحراف کیا اور کلائسٹ نے مابعد الطبیعاتی مسائل کو بھی نویلے کی صنف میں داخل کر دیا اس کے ساتھ ہی اس نے تاریخی و شخصی نویلے لکھ کر اس ٹیکنک میں بالکل نئے تجربے کیے۔ خالص رومانی مضامین کی فضا لڈوک ٹیک، آئشن ڈورف، آرنم اور ہوف من نے پیدا کی۔ خاص طور پر ہوف من نے فنی نویلے (Künstlernovelle) لکھ کر اس صنف میں بڑا حسن پیدا کیا۔ حقیقت پسندانہ اور تخیلی تجربوں کی ابتدا گوٹ ہیلف اور آئرباخ کے ہاتھوں ہوئی اس دور کے نویلے (Dorfnovelle) کہلاتے ہیں۔ اس دور تک جرمن نویلے فنی طور پر انتہائی پختہ اور تخیلی دولت سے مالا مال ہو چکا تھا اس کی وسعت بھی بے اندازہ تھی چنانچہ اب عوامی ترجمانی کا کام بھی اسی صنف سے لیا جانے لگا۔ اس عہد نے اشٹورم، کیلر، گوٹ فرید، موریکے، رابے، اوٹو لڈوگ اور گرل پارسر جیسے فنکار پیدا کیے۔ اس دور کے اختتام پر نفسیاتی تجربوں کا آغاز ہوا چنانچہ پاول ہیزے اور مائر نے نفسیاتی مسائل پر کامیاب نویلے لکھے جسے آگے چل کر تھومس من، رلکے اور ہوف من اشٹال کی فنی صلاحیتوں نے معراج کمال پر پہونچا دیا۔ اس درمیان میں ہیئت کی بے قاعدگی جو ایک عرصہ سے چلی آتی تھی ولیم شیفر اور پاول ارنسٹ کے ہاتھوں دور ہوئی۔

نویلے نویسی کی ابتدا سے لے کر موجودہ عہد تک کی تاریخ یہیں پر ختم ہوتی ہے۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ادب کی یہ نئی اور روایتی صنف عہد جدید کے تقاضوں کو بھی پورا کر سکتی ہے یا نہیں؟ تاریخی شہادت کی روشنی میں اس کا جواب نفی میں ملتا ہے جبکہ بیسویں صدی کے آغاز اور اس کے ابتدائی ایام گزر جانے کے بعد ہمیں نویلے اپنی روایتی عظمت کھوتا نظر آتا ہے۔ اب اس میں وہ شکوہ باقی نہیں جو قدیم زمانے سے بطور ورثہ چلا آرہا تھا اور بیسویں صدی کی ایک چوتھائی گزر جانے کے بعد تو نویلے فنی اعتبار سے بالکل بے جان معلوم ہوتا ہے اس کے ساتھ ہی مختصر افسانہ کا آغاز ہوتا ہے۔

نویلے کی اس علمداری کے نتیجہ میں نثر کی دیگر اصناف کو پنپنے کا موقعہ نہیں مل سکا۔ لیکن مختصر نثر نویسی کے تجربات جاری ضرور رہے چنانچہ Marchen Parabeln, Ankdote, Grotesken کے عنوانات سے اس

---

1. Unterhaltungen deutscher Ausgewanderten
2. Kleist
3. Ludwig Tieck
   Eichendorff
   Arnim
   E.T.A. Hoffmann
4. Gotthelf
   Aurbach
5. Storm
   Keller
   Gottfried
   Morike
   Rabe
   Otto Ludwig
   Grillparzer
6. Paul Heyse
   C. F. Mayer
   Thomas Mann
   Rilke
   Hoffmannstahl
7. Wilhelm Shafer
8. Paul Ernst

دور میں جو کچھ لکھا جاتا رہا وہ بڑی حد تک مختصر افسانہ سے قریب معلوم ہوتا ہے اس درمیان میں لکھی جانے والی بعض کہانیاں تو قطعاً افسانوی انداز رکھتی ہیں چنانچہ یہاں مختصر نویسی کے اس دور کا مجموعی حیثیت سے تذکرہ کیا جانا ضروری ہے جو اس پروفیسر کی سرپرستی میں گزرا۔

جرمن ادب کا مطالعہ کرنے کے لیے اس کو تین بڑے تاریخی ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

۱۔ گوئٹے کا دور	۱۷۵۰	تا	۱۸۳۲
۲۔ حقیقت پسندی کا دور	۱۸۳۲	تا	۱۸۸۵
۳۔ فطرت پسندی سے جدید دانیت تک	۱۸۸۵	تا	موجودہ عہد۔

گوئٹے کا عہد بظاہر افسانوی ادب سے کوئی ربط نہیں رکھتا لیکن اس عہد کا تذکرہ جرمن ادب کی ہر صنف کے تذکرہ کے ساتھ ناگزیر ہے کہ اس دور نے جرمن ادب پر دائمی اثرات چھوڑے ہیں۔ اسی زمانہ میں جرمن ادب کا نشاۃ ثانیہ ہوا جو تاریخ میں "طوفان و ہیجان" (Sturm und Drang) کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس کا آغاز اگرچہ ہرڈر[1] کے عہد سے ہو چکا تھا لیکن گوئٹے اور شلر نے اس کو معراج کمال پر پہونچا دیا۔ اٹھارویں صدی کی اس انقلابی تحریک نے جرمن ادب میں ایک نئی روح پھونک دی۔ اس دور میں ادب کو کلاسیکی بندھنوں سے آزاد کیا گیا، اس میں داخلیت کی جذبات پرستی اور انفرادیت کے عناصر کو ابھارا گیا اور فرسودہ اخلاقی و تمدنی اقدار سے اعلانیہ بغاوت کی گئی جس کے باعث جرمن قوم زندگی کی ایک نئی حرارت محسوس کرنے لگی اسی حرارت کو "خالص جرمن روح" کا نام دیا جاتا ہے چنانچہ آج تک جرمن ادب میں کسی نہ کسی انداز سے یہی روح کارفرما نظر آتی ہے۔ ان خوبیوں سے قطع نظر اس تحریک کی بے انتہا شدت، داخلیت اور انفرادیت کا اپنی حدود سے تجاوز ادب میں عام بے راہ روی، غیر آہنگی اور کسی قدر بے ترتیبی کا بھی موجب بنا چنانچہ بعد کے حقیقت پسند دور میں "طوفان و ہیجان" کے اس خروش کے ساتھ ہی اس کی خوبیاں اور خامیاں بڑے نمایاں طور پر محسوس کی جاتی ہیں۔

نثری ادب میں اس دور کی اہم ترین شخصیت جورج بوشنر ہے جس کی واحد کہانی "لینس" (Lenz) جرمن مختصر افسانہ کی قدیم مثال کہی جا سکتی ہے۔ یہ کہانی "طوفان و ہیجان" کے آخری دنوں میں لکھی گئی ہے جس میں اس تحریک کے جمالیاتی اصولوں اور شاعرانہ حقائق کو بڑے واضح انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ بدقسمتی سے بوشنر کے انفرادی خیالات (خصوصاً اس کی فلسفہ میں عینیت اور ادب میں رومانیت سے نفرت) اس کو شہرت نہ دے سکی۔ انگریزی ادب میں کیٹس کی طرح بوشنر کی جوان موت نے جرمن ادب کو بھی ناقابل تلافی نقصان پہونچایا۔ اس دور کی ایک اور اہم مختصر کہانی ہے "برجیٹا" (Brigitta) ہے

---

1. Johann Gottfried Herder (1744-1803)
2. George Buchner

جس سے اڈلبرٹ اشٹیفٹر[1] کی فنی مہارت کے ساتھ اس کے مشاہدۂ فطرت کا احساس ہوتا ہے۔ ہوفمن اشٹھال کی کئی مختصر کہانیاں بھی جن میں اس کی فنکاری، شاعرانہ فکر اور انداز کی جدت نمایاں ہے اس دور کے مختصر افسانہ کی عمدہ مثالیں ہیں۔

انیسویں صدی کے آخری ایام میں حقیقت پسندی کا دور بھی ختم ہوا اور اس پر تاثریت کا غلبہ ہونے لگا اسی زمانے میں جرمن ادب نے بین الاقوامی تاثرات بھی قبول کیے خاص طور سے فلاؤبر، موپساں، دوستوفسکی، ژابیلے[2] انزینسو، اسکرڈ اُلڈ اور ڈی ایچ۔ لارنس کی تحریروں نے جرمن لکھنے والوں کو شدت سے متاثر کیا چنانچہ رومانیت کے اس رجحان کو اپنا لینے کے بعد سماجی برائیوں کا برملا اظہار کیا جانے لگا۔ اگرچہ اس تشہیر کا مقصد (خود فطرت پسندوں کے بقول) 'بدی' کا استیصال تھا لیکن اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا کہ ۱۹۰۰ء کے آس پاس بدی کی یہ نشر و اشاعت بالآخر ابتذال کی حد تک پہونچ گئی۔ افسانوی ادب میں اس دور کی اہم شخصیت آرتھر شنٹلر[3] ہے جسے خالص آسٹرین فطرتیت کا نمائندہ کہا جاتا ہے اس کا فن ترقی یافتہ ہونے کے ساتھ زندگی کی توانائی سے بھرپور ہے۔ محبت کے مسائل کو اس نے روایتی انداز کے مقابلہ میں عقل و شعور کی میزان پر جانچنے کی کوشش کی ہے جس میں وہ جابجا نفسیاتی حقائق بھی بیان کر جاتا ہے اس کی فن کارانہ ذہانت موپساں سے کم نہیں تاہم اظہار کی بے باکی اور مخصوص رنگ کی اشاریت کہیں کہیں اخلاقی حدود سے متجاوز ہو جاتی ہے جہاں وہ (Adulterer) کو بھی محض ایک "بے ضرر کھیل" کہہ کر آگے بڑھ جاتا ہے۔ اس کے برعکس اسی تحریک کے دوسرے بڑے علمبردار گیرہارٹ ہاؤپٹ من[4] کے یہاں خیالات میں تنوع کے ساتھ زندگی سے ہم آہنگی کا احساس ہوتا ہے۔ اس کی تخلیقات مختلف متنوع عناصر کا مرکب ہیں جن میں زندگی کے مسائل کی تشریح کے ساتھ ان کا حل ڈھونڈنے کی بھی کوشش کی گئی ہے۔ فنی اعتبار سے بھی اس کا انداز پختہ اور بھرپور ہے۔ ہاؤپٹ من کی سب سے بڑی خوبی اس کی ہمہ گیری ہے یہی وجہ ہے کہ فطرتیت کے دور سے اگر اس شخصیت کو نکال دیا جائے تو یہ دور بالکل بے رنگ نظر آتا ہے۔

بیسویں صدی کے آغاز کا زمانہ یورپ میں عام نفسیاتی تحریک کا زمانہ ہے۔ اس دور میں فرائڈ کی نفسیاتی تحلیل، پراوسٹ اور جوئس کا تجزیاتی اسلوب ہر یوروپی فنکار کے ذہن پر مسلط تھا۔ دوسری طرف فرانسیسی اہل قلم موضوع، ہیئت اور اسلوب میں نت نئے تجربے کر رہے تھے اس سلسلہ میں فلاؤبر کا انداز خصوصیت کے ساتھ جرمن لکھنے والوں کو متاثر کر رہا تھا۔ انہی محرکات نے جرمن ادب میں ایسی شخصیت کو جنم دیا جو آج بھی نہ صرف جرمن بلکہ بین الاقوامی ادب میں پائے کی شخصیت سمجھی جاتی ہے۔ یہ شخصیت تھومس مان[5] ہے جس نے پرانی قدروں کا زوال اور نئی قدروں کا عروج خود اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے اور آج بھی وہ ان دونوں کے درمیان ثابت قدمی سے کھڑا نظر آتا ہے اس دور کے تھومس مان کا افسانوی سرمایہ اگرچہ قلیل ہے لیکن اس میں بھی فن کارانہ صلاحیتوں کا غیر معمولی اظہار پایا جاتا ہے۔ "ابتری اور ابتدائی آلام"[6] میں اس نے خیالات و جذبات کو دانشورانہ خطوط پر پیش کرنے کے کامیاب تجربے کیے ہیں۔ بعد کی کہانیاں

---

1. Adelbert Stifter
2. Gabriele d Annunzio
3. Aurther Schnitzler
4. Gehart Hauptmann
5. Thomas Mann
6. 'Disorder & Early Sorrows'

اس کے ترقی یافتہ [illegible] مثالیں ہیں۔ وہ ایک عظیم فن کار ہونے کے ساتھ ساتھ بڑا مصلح بھی ہے لہذا زندگی کی بے قاعدگیوں اور بے اعتدالیوں سے [illegible] پر تلی نہیں کرتا بلکہ ان کی اصلاح چاہتا ہے اس کے یہاں محاسبہ کا سب سے بڑا معیار نفسیات ہے جس کی صداقتوں سے وہ کبھی روگردانی نہیں کرتا۔ نوع انسانی کے تحفظ اور اس کی سلامتی کا خواہاں ہونے کی حیثیت سے وہ عوامی قدروں کا پورا پورا احترام کرتا ہے۔ آنے والے دور میں اس کو انہی خیالات کے جرم میں معتوب کیا گیا۔ نازی غلبہ کے زمانہ میں اس نے وطن کو ہمیشہ کے لیے خیرباد کہا اور امریکہ کی شہریت قبول کر لی۔ برلن یونیورسٹی کے اعزازی گریجویٹوں کی فہرست سے اپنا نام خارج کیے جانے پر اس نے یونیورسٹی کے ڈین سے مراسلت میں اپنے نظریات کی فاضلانہ توجیہات دی ہیں افسانوی ادب کے علاوہ فکشن کے دوسرے شعبوں پر بھی تھومس مان کی شخصیت چھائی نظر آتی ہے۔ اس کا اثر و نفوذ آج کے جرمن ادب میں بھی سرایت کیے ہوئے معلوم ہوتا ہے۔

۱۹۱۴ء میں جرمنی کی پہلی سیاسی سعت واقع ہوئی جس سے ادب شدت کے ساتھ متاثر ہوا۔ جنگ کے خاتمہ پر فاتح اقوام اپنی تمدنی زندگی کی از سر نو تعمیر میں مصروف ہو گئیں لیکن جرمنی اس سے محروم رہا۔ شکست اور پھر محبوب دونوں سے جرمنی پسماندگی کا شکار ہو گیا اور مدت تک اس کو اپنے حریفوں کا دست نگر رہنا پڑا اس طرح قومی زندگی میں شکست خوردگی اور واماندگی کی فضا پیدا ہو گئی۔ عوام پر سرمایہ دار طبقہ کے خلاف عام بیزاری کا اظہار کرنے کے لیے یہی رجحان تاریخ میں "منکریت" (NIHILISM) کے نام سے موسوم ہے جس میں اشپینگلر نے اپنی شہرہ آفاق کتاب "زوال مغرب" (untergang des Abendlandes) لکھ کر یورپی تمدن کے انہدام کا اعلان کیا۔

اس تھکن، افسردگی اور بیچارگی کے ماحول نے فنکاروں کو کسی ذہنی پناہ گاہ کی تلاش کے لیے مجبور کیا۔ یہی پناہ گاہ ادب میں اظہاریت کی تحریک تھی۔ یہ تحریک اگرچہ ۱۹۱۱ء کے لگ بھگ ہی جرمن ادب میں متعارف ہو چکا تھا تاہم اس وقت تک اس کو محض "تاثریت کے خلاف نظریہ" کی حیثیت سے استعمال کیا جاتا تھا۔ اظہاریت پسندوں نے نیو لیبی عہد کے رومانیت پسندوں کی فنکارانہ روش اور ان کی رائج کردہ اخلاقی و فلسفیانہ قدروں کو یکسر بدل ڈالا۔ انھوں نے حقیقت پسندوں کے اس نظریہ کا بھی بطلان کیا کہ محض معلومات صداقت کو پیش کرنا فن ہے۔ ایک طویل عرصہ تک یہی اظہاریت کی تحریک جرمن ادب پر چھائی رہی جس کا سلسلہ کم و بیش دائمر جمہوریہ کے آغاز تک جاری رہا۔ یہاں پہونچکر اس تحریک نے ایک ایسا موڑ لیا جو آگے چل کر خود ایک ہنگامہ پرور تحریک کی صورت اختیار کر گیا۔

یہ ماورائیت کی تحریک تھی۔ جرمن ادب اس نئی تحریک سے جس حد تک متاثر ہوا اس کا اندازہ آج کی تخلیقات سے بھی بخوبی کیا جا سکتا ہے۔ اسی ضمن میں جرمن ادب میں ایک ایسی شخصیت کا نام لیا جاتا ہے جس نے نہ صرف جرمن بلکہ بیسویں صدی کے فکشن پر بھی گہرے نقوش چھوڑے ہیں آج کے جرمن افسانے میں جا بجا اسی کی صدائے بازگشت سنی جاتی ہے۔ یہ

---

1. Oswald Spengler (1880-1936)
2. 'Weimar Republik'

حیثیت فرانس کافکا ہے جو جرمن ادب میں ماورائیت کا سب سے بڑا نمائندہ سمجھا جاتا ہے۔ کافکا کا فن اور اس کی تخلیقات کلیتہً اسی تحریک سے وابستہ ہیں جن کا مطالعہ کرنے کے لیے اس تحریک کا پس منظر پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔

بیسویں صدی کے ادب کی یہ انقلابی تحریک فرانس سے شروع ہوئی اور بہت جلد یورپ و امریکہ کے ممالک تک پہنچ گئی۔ ادب کے ساتھ آرٹ کے دیگر شعبوں پر بھی اس سے دور رس اثرات مرتب ہوئے۔ ہمسایہ ملک ہونے کی حیثیت سے جرمنی نے ان اثرات کو شدت سے قبول کیا۔

بیسویں صدی کے فرانسیسی ادب پر برگساں کے وجدانی فلسفے نے گہرا اثر ڈالا جس نے مصوری میں تاثریت اور بعد میں پکاسو کے فن 'مکعبیت' (cubism) کی صورتیں اختیار کیں۔ اسی زمانہ میں فرائڈ کی نفسیاتی تحلیل نے لاشعور کی پُراسرار تہ بہ تہ پرتوں سے آگاہی دے کر یورپی ذہنوں میں انقلاب برپا کر دیا چنانچہ فرانسیسی شاعری میں اپولی نیئر کی شخصیت ہی وہ عناصر ہم آہنگ نظر آتے ہیں اسی شخص نے سب سے پہلے 'ماورائیت' کا لفظ بھی استعمال کیا جو آنے والے دور میں ایک عظیم ادبی تحریک کا نام بنا۔ اپولی نیئر نے خارجی صداقتوں سے ہٹ کر ماورائی حقیقتوں کو اپنا موضوع بنایا اس کے ساتھ ہی اس نے ہیئت کے روایتی اصولوں سے انحراف کا آغاز کیا جس نے پہلے دادیت (Dadaism) اور بعد میں ماورائیت (surrealism) کی صورتیں اختیار کیں۔

'دادائیت' کا آغاز ۱۹۱۶ء میں سوئٹزرلینڈ میں ترسیئن تسارا[2] اور اس کے معاصرین نے کیا۔ یہ لوگ اپولی نیئر کے تتبع میں 'خالص شاعری' کے قائل تھے جس میں خارجیت ایک بے معنی لفظ تھا۔ اس شاعری کا مقصد (خود اس نظریے کے بانیوں کے بیان کے مطابق) محض تحت الشعور سے آنے والے پیغامات کی ترسیل تھا جس کے لیے اوزان بحور اور ردیف و قافیہ کی پابندی کوئی معنی نہیں رکھتی۔ تھوڑے ہی عرصہ میں اس تحریک نے اپنے وقت کے تمام اخلاقی و ذہنی تحفظات کو بالائے طاق رکھ کر آرٹ میں بے راہ روی کو جائز قرار دے لیا۔

دادائیت کے اس منفی رجحان اور اس کی بے اعتدالیوں کے باعث اس کے بہت سے حامی اس سے الگ ہو گئے جنھوں نے نئے مکتبۂ فکر کی بنیاد ڈالی۔ یہی مکتبۂ فکر ماورائیت کہلاتا ہے جس کا بانی آندرے بریتوں[3] تھا۔ اس تحریک کے ماننے والوں کا کہنا تھا کہ عالم محسوسات کے علاوہ ایک اور عالم بھی اپنا وجود رکھتا ہے جو اس ظاہری اور حسی عالم سے بالکل مختلف ہے۔ اس عالم تک رسائی حاصل کرنے کا واحد ذریعہ لاشعور ہے جس کو استعمال کرنے کے لیے انسان کو عقل و منطق سے کنارہ کش ہو جانا ضروری ہے چنانچہ ماورائیت میں خارجی اور معروضی حقیقت کوئی معنی نہیں رکھتی اس کی جگہ لاشعور کی داخلی حقیقت سب پر مقدم ہوتی ہے۔ ماورائی فنکار حقیقت کو خارجی اشیاء میں تلاش نہیں کرتا بلکہ اس کے لیے وہ لاشعور کی مدد سے خود اپنے وجود کی گہرائیوں میں اتر جاتا

---

1. Guillaume Apollinaire
2. Tristan Tzara
3. Andre Breton

ہے یہ عمل عقلی دارامے کا تابع نہیں چنانچہ اندرے برتیوں نے اس عمل کو "خالص نفسیاتی خود حرکیت" (Psychic Automatism) کا نام دیا ہے۔ حقیقت کی اس لاشعوری تلاش میں "ادبی انسانیت" کا ماورا سے خود بخود رشتہ قا
جوجاتا ہے جس کی کوئی منطقی توجیہ نہیں کی جاسکتی۔ ایڈمنڈ کازیمیر نے اپنی شاعرانہ "اظہاریت" میں اس رشتہ کی سب سے بڑی خو
یہی بتائی ہے کہ یہ ہر قسم کی عقلی و منطقی توجیہات سے بالاتر ہے۔ ماورائیت پسندوں کی دلیل ہمیشہ یہ رہی کہ موضوع اور معرو
کے تضاد کی موجودگی میں انسان اپنی حقیقت کو نہیں پاسکتا کہ "خالص معروض فریب نظر یا خالی خولی بے حقیقت صورت ہے
اس کے لیے انسان کو باطنی وجدان سے کام لینا چاہیے جو لاشعور کی اتھاہ گہرائیوں میں موجود اور حقیقت کے اسرار منکشف ک
ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ماورائیت میں لاشعور کو "مطلق حقیقت" (Absolute Reality) کی حیثیت دی جاتی ہے

ماورائی فنکاروں نے اظہار کے لیے براہ راست (Symbolism) کا طریقہ اختیار کیا ہے جس میں ہیئت اور ز
کا کوئی تعین نہیں ہوتا۔ رمزیت کا ہر ہر لفظ کسی نہ کسی ذہنی کشمکش کی علامت کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے جس سے لاشعور میں د
ہونی یادوں کا ایک سلسلہ قائم ہوجاتا ہے۔ رمزیت کے کسی لفظ کا مفہوم خارجی حقیقتوں کو سامنے رکھ کر نہیں نکالا جاسکتا کیونکہ
محض کسی ذہنی کیفیت کی جانب ایک اشارہ کی حیثیت رکھتا ہے یہی وجہ ہے کہ بعض اوقات رمزیت محض الفاظ کا ایک چیستاں مع
ہوتی ہے۔ ملارمے کہتا ہے "نظم تو ایک معمہ ہے جس کا حل پڑھنے والوں کو نکالنا چاہیے۔"

جرمنی میں واگنر[3] کی موسیقی رمزیت کی نفسیات کے لیے بہت سازگار ثابت ہوئی اور فن کاروں نے جابجا اس سے استفادہ
... کیا۔ اس موسیقی کی عنصری نے یادوں کا ایک طلسمات پیدا کرتی ہے جس کے ذریعہ انسان لاشعور کی پُراسرار اتھاہ گہرائیوں میں
جاتا ہے۔ اس پُراسرار دھندلکے میں بھٹکنے سے انسانی شعور خود بخود منتشر قوتوں سے ہم آہنگ ہوجاتا ہے۔ رمزیت کا یہی انداز فن
فنکاروں میں قبولیت کا باعث بنا۔

کہا جاتا ہے کہ ماورائیت کی تحریک محض دادائیت کے ردعمل کے نتیجہ میں پیدا ہوئی جس کا خود اپنا کوئی بڑا محرک نہیں تھا۔ تا
کی روشنی میں اس بات سے انکار نہیں کیا جاسکتا لیکن اس حقیقت کو بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا کہ بین الاقوامی طور پر ماورائیت کا ر
اس وقت سے بہت پہلے ہی سے محسوس کیا جارہا تھا جس کے بنیادی عوامل میں فرائڈ کی لاشعور کی بصیرت، ہیگل کے تصوراتی نظ
اور مارکس کے سیاسی افکار شامل تھے جن کا زمانہ دادائیت سے پہلے کا ہے۔ خصوصاً فرائڈ کا پیش کردہ نظریہ لاشعور[4]، انا، فوق ا
اصولی حقیقت کا نظریہ اس تحریک کا سب سے بڑا محرک کہا جاسکتا ہے جس کے ذریعہ انسان نے پہلی مرتبہ مافوق الفطرت عناصر سے چھٹ
پاکر لاشعور کے ذریعے خود اپنے وجود کی حقیقت اور زندگی کے آلام کا حل ڈھونڈنے کی کوشش کی۔ اس کوشش میں وہ کہاں تک

---

1 Edschmid Kasimer
2. 'Uber den Expressionismus in der Literatur & die neue Dichtung.
3. Richard Wagner (1813-1883)
4. Freud: 'Unbewusstsein, ich, uberich & Princip der Wirklichkeit.

یاب ہوا اس کا اندازہ لگانا مشکل ہے البتہ اتنا وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ اس تجربہ سے انسان نے ایک ایسی حقیقت ضرور پالی جو مسرت
ماور تھی۔ یہ حقیقت خود اس کی اپنی آگاہی تھی

اسی حقیقت کی تلاش بوڈلیر، رامبو اور رین بو کی گہری رمزیت میں پوشیدہ ہے اور اسی منزل تک پہنچنے کے لیے پوکو پراسرار
نی فضا کے جنگلوں سے گزرنا پڑا ہے۔ کافکا اسی دنیا کا ایک ہیبت ناک کابوس ہے۔

جرمن ادب میں نظم میں میرنک[1] اور نثر میں کافکا[2] ماورائیت کے اولین علمبردار کہے جاتے ہیں۔ کافکا کی اہمیت کا سبب اس کا
معمولی انداز، اس کے تخیل کی رسائی اور اس کا عجیب غریب احساس ہے۔ اس کا فن ثنویت اور سائنس کے دور میں بھی پُراسرار عناصر
اہمیت کو منواتا ہے۔ اور ایک فنکار ہونے کی حیثیت اس کے یہاں بھی ہیئت کی عام بے قاعدگیاں پائی جاتی ہیں جہاں وہ خارجیت کے
رشتوں سے آزاد ہو کر محض لاشعور کی دھندلی گہرائیوں میں غوطہ زنی کرتا ہے اور اس دنیا کے عجیب غریب اور منتشر تلازمات کی جانب
ارائی و علامتی میں اشارے دیتا ہے۔ وجود اور حقیقت کا انکشاف اس کے فن میں کسی قدر خوف کے ساتھ ظاہر ہوا ہے۔ "تغیر"[3]
ں انسانی وجود کا مجہول ہو کر ایک ہولناک حشراتی مخلوق میں تبدیل ہو جانا اسی خوف کی علامت ہے جہاں زندگی پر خارجی قوتوں کی یورشیں
ے بے بس کیے دیتی ہیں۔ تمدن کی پیچیدہ ساخت اور اس کے من مانے اصول و قواعد میں جکڑ جانے کے بعد انسان کرب محسوس کرنے
لگے یہاں کافکا اپنی جبری گرفت میں ان پراسرار طاغوتی طاقتوں کو بھی محسوس کرتا ہے جو غیر مرئی طور پر انسان کا گلا گھونٹ رہی ہیں۔ یہی احساس
سزا کی بستی[4] میں شدت سے محسوس کیا جا سکتا ہے جو جرم و سزا کی ایک پُراسرار لیکن انتہائی ہولناک داستان ہے۔ اسٹیفن اسپنڈر نے کیا خوب
کہا ہے کہ اس منزل پر کافکا آنے والے دور کا پیغمبر نظر آتا ہے کہ 'بے جرم سزا' کا جو میکانی انداز کافکا کے تخیل نے ۱۹۲۰-۲۳ء کے لگ بھگ
محسوس کر لیا تھا، صرف بیس سال کے اندر ہی اندر آوشوٹس[5] اور دیگر بتیس[6] نازی مقتل گاہوں میں اس کی عملی تشکیل بھی دیکھ لی گئی۔ اسی طرح
شہری ڈاکٹر[7]" خواب" اور بعد کے مختصر نثری مجموعہ (Die Erzählungen) کی ایک ایک کہانی اس کے عظیم فن کی نمائندگی
کرتی ہے۔ کافکا کا احساس قاری کو تخیل کی ایک ایسی دنیا میں پہنچا دیتا ہے جہاں کرب کے ہوتے ہوئے بھی اس کا احساس ختم ہو جاتا ہے۔ اس
حد میں وہ جا بجا واہمہ کی مدد لیتا ہے لیکن اس واہمہ پر حقیقت کا دھوکہ ہوتا ہے اور کبھی کبھی اس اجنبی احساس میں حقیقتیں بھی واہمہ معلوم
ہونے لگتی ہیں۔ اس کی تخلیقات بلاشبہ جاگتے انسان کا خواب ہیں جو خواب ہونے کے باوجود بیدار حقیقتیں نظر آتی ہیں۔

کافکا کے فن پر اس کی دائم المریض شخصیت، باپ سے اس کے ذہنی تصادم (father complex) اور
"یہودی معاشرے" میں اس کی یہودی نسبیت نے گہرا اثر ڈالا ہے۔ یہی تمام عناصر اس کو زندگی سے خوف دلانے کا بھی محرک ہوئے
ہیں یہی وجہ ہے کہ بعض حلقوں میں اس پر شخصیت سے انحراف کا الزام بھی عاید کیا جاتا ہے لیکن کافکا کا فن ایک ایسی دنیا کی نمائندگی کرتا

---

1. Mernik
2. Franz Kafka
3. 'Die Verwondlung'
4. 'In der Straf Colonie'
5. 'Auschwitz'-the concentration camp.
6. 'Der Landarzt'
7. 'Der Traum'

ہے جو شخصیت کی وارفتگی سے بالاتر ہے۔ ایک نقاد نے اس عظیم فنکار کی شخصیت اور اس کے فن کو "منجمد سمندر" سے تعبیر کیا ہے۔ ایسا سمندر جو اپنے اندر ناقابلِ قیاس وسعت اور بے پناہ عمق کو لیے ہوئے منجمد ہو جائے، اس کی بے پایاں وسعت اور گہرائی کے راز تو اسی وقت دیکھے جا سکتے ہیں جب یہ پگھل جائے۔

کافکا کا انتقال ۱۹۲۴ء میں ہوا۔ ۱۹۱۳ء کے آس پاس کا زمانہ جدید جرمن افسانہ کی تشکیل کا زمانہ ہے جسے ہم "خالص جرمن افسانہ" (Deutsche Erzählung) کہہ سکتے ہیں خواہ وہ ناولٹ کے ارتقا سے وجود میں آیا ہو یا قدیم کہانی (Anekdot) کی ترقی یافتہ شکل ہو۔ جیسا کہ مضمون کے ابتدائی حصہ میں بیان کیا گیا ہے کہ جرمن بھاشا میں ناولٹ کچھ اس طرح رچ بس چکا ہے کہ عام طور پر (Short Story) کی جگہ خالص سے ناولٹ ہی کا نام لے دیا جاتا ہے حالانکہ ٹیکنک کے اعتبار سے دونوں میں بڑا فرق ہے جس کی وضاحت پہلے ہی پیش کی جا چکی ہے۔

اس ضمن میں افسانہ کا نام آتے ہی ہمارے ذہنوں میں فوراً چیخوف، موپساں، پاؤ کے مثالی افسانوں کا خاکہ ابھرتا ہے جس میں بقول پو، "وحدتِ تاثر" ایک لازمی شرط ہے اور واقعات کی مناسب و موزوں ترتیب محض تاثر کی شدت میں اضافہ کرنے کے لیے کی جاتی ہے۔ یہاں دیگر پہلوؤں سے عمداً گریز کیا جاتا ہے برخلاف اس کے جرمن افسانوں میں عموماً مضمون کے مطابق کسی چیز کو اکائی مان کر اس کی مکمل حیثیت سے بیان کرنے کے تجربے پائے جاتے ہیں جس سے افسانہ (Short Story) کی ٹیکنک سے ہٹ جاتا ہے اور اس پر پھیلی ہوئی کہانی (Ausgedehnte Anekdote) کا گمان ہونے لگتا ہے۔ ایسے قصے عام طور پر مختصر افسانے کے مقابلہ میں زیادہ طویل ہوتے ہیں۔ لیکن اس صورت کا ہر جرمن افسانہ پر اطلاق ضروری نہیں۔ آج کے جرمن افسانے عام طور پر "وحدتِ تاثر" کی بنا پر ہی لکھے جاتے ہیں جو مختصر افسانہ کا بین الاقوامی معیار ہے۔

جدید جرمن افسانہ کی تشکیل کا زمانہ بدقسمتی سے جرمنی کی تاریخ کا انتہائی ہیجانی زمانہ ہے جسے پکتا اور اُبلتا ہوا زمانہ (Kochende Zeit) بھی کہا جاتا ہے۔ یہ وہ دور تھا جب جرمنی میں معاشی حالات انتہائی ابتر ہو چکے تھے سارے ملک میں اقتصادی بدحالی، سیاسی عدم استحکام اور سازشوں کا دور دورہ تھا۔ "قومیت" کا دیوانہ وار پروپیگنڈا کیا جا رہا تھا اور ہٹلر کی پارٹی ہر ممکن طریقے سے پارلیمنٹ (Reichstag) میں اکثریت حاصل کرنے کی کوشش میں مصروف تھی۔ بالآخر یہ افراتفری کا دور ختم ہوا اور جرمنی میں مکمل طور سے ڈکٹیٹر شپ قائم ہو گئی۔ اس کے ساتھ ہی اس ملک کا وہ انقلابی دور شروع ہوتا ہے جس کے سنگین نتائج آج بھی جرمن دنیا بھگت رہی ہے۔ اس انقلاب نے زندگی کے ہر شعبہ کو سرے سے بدل ڈالا جس کا براہِ راست اثر ادب پر بھی ہوا۔ اس دور کے بیشتر فنکار اسی ہنگامے سے متعلق رہے ہیں اور ان کی زیادہ تر تخلیقات میں یہی انقلاب سرایت کیے ہوئے ہے لہٰذا ان مصنفین اور ان کی تخلیقات کو سمجھنے کے لیے اس انقلاب کا پس منظر اور اس کے اثرات کا جائزہ لینا ضروری ہے کہ جرمن ادب پر اس کے اثرات دائمی نوعیت رکھتے ہیں۔

جرمنی کی تاریخ کا یہ بھیانک دور ۱۹۳۳ء میں نیشنل سوشلسٹ تحریک کی کامیابی سے شروع ہوا اور مسلسل بارہ برس تک انتہائی ڈرامائی انداز میں جاری رہ کر ۱۹۴۵ء میں برلن میں ہٹلر کی خودکشی پر ختم ہو گیا لیکن اس کے مدوررس اثرات جرمن زندگی پر آج اور آئندہ بھی محسوس کیے جاتے رہیں گے۔ جنگ کے خاتمہ پر جرمنی کی سیاسی حیثیت یکسر بدل گئی۔ اس کو شمولی آسٹریا چار فوجی منطقوں میں بانٹ دیا گیا۔ اس وقت ملک کی اقتصادی حالت مکمل طور پر تباہ ہو چکی تھی۔ جنگ کے بعد کے تین سال تک یہی اقتصادی بحران جاری رہا جس کا خاتمہ ۱۹۴۸ء کی کرنسی اصلاحات پر ہوا اور ملک کی معیشت رفتہ رفتہ پھر اپنی اصلی حالت پر واپس آنے لگی۔ اس کے کچھ ہی عرصہ بعد امریکی، برطانوی اور فرانسیسی منطقے ملا کر "وفاقی جمہوریہ جرمنی" (Bundes Republic Deutchland) کی تشکیل کی گئی اور روسی علاقہ میں جداگانہ طور پر ڈیموکریٹک ریپبلک (Deutche Demokratische Republik) کی حکومت قائم ہوئی۔ ۱۹۵۵ء میں اتحادی قوتوں نے باضابطہ طور پر جرمنی سے اپنے سیاسی و فوجی دستبرداری کا اعلان کیا جس کے ساتھ ہی آسٹریا اور سوئٹزرلینڈ کو ان کی روایتی سیاسی غیر جانبداری حاصل ہو گئی۔ جرمنی کا سب سے بڑا شہر اور دارالخلافہ برلن اتحادیوں اور روس کے درمیان سیاسی اکھاڑہ ثابت ہوا۔ یہ شہر اطراف سے روسی منطقہ سے گھرا ہونے کے باوجود زبردست جنگی اہمیت رکھتا تھا لہٰذا دونوں حریفوں میں سے کوئی بھی اپنے حق سے دستبردار نہیں ہوا۔ اس طرح برلن کی تقسیم عمل میں آئی۔ مشرقی برلن روسی علاقہ تسلیم کیا گیا اور مغربی برلن میں امریکہ، برطانیہ اور فرانس تینوں طاقتوں کے لیے فوجی منطقے قائم ہو گئے۔ ابتدا میں برلن کی تقسیم محض خاردار تاروں کے ذریعہ عمل میں آئی لیکن بعد میں سیاسی پیچیدگیوں کے باعث پختہ دیوار تعمیر کر دی گئی۔ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ دیوار دو علاقوں کے درمیان خطِ فاصل ہے یا خطِ متارکہ جنگ جبکہ آج بھی اس کے ہر دو طرف موجود سیاسی بلاکوں کا زبردست جنگی محاذ قائم ہے۔

جنگ شروع ہوتے ہی ادب میں بھی غیر صحتمندانہ ماحول پیدا ہو گیا۔ جذباتیت کی شدت نے ادب کی اعلیٰ کلاسیکی قدروں کو "کتر" اور "غیر مفید" بنا دیا۔ اس ہیجانی دور کا ادب کس حد تک "ادبی" کہا جا سکتا ہے اس بارے میں کچھ کہنا مشکل ہے البتہ اتنا ضرور کہا جا سکتا ہے کہ اس میں دشمن سے اندھی نفرت کے مقابلہ میں "سچی حب الوطنی" کے عناصر کا بھی فقدان ہے۔ بل یونیورسٹی کے پروفیسر واٹر ہاؤس[1] نے اس جنگی ادبی سرمایہ کی قیمت کا اندازہ لگانے کے لیے ریاضی کا ایک کلیہ دریافت کیا ہے:

Quality of literature & its moral justification

ان کا کہنا ہے کہ اس دور کے ادبی اوصاف اپنے اخلاقی محاسب سے نسبت رکھتے ہیں۔ یعنی اخلاقی محاسب جتنا سخت کیا جائے گا ادب کی قیمت اتنی ہی کمتر دکھائی دے گی۔ اس معیار پر ادب کے اس دور کو بدترین دور سے تعبیر کیا جا سکتا ہے صرف یہی نہیں بلکہ دوسری جانب اس عہد کے انتہا پسندانہ نظریات اور خطرناک سیاسی رجحانات نے عام ادب کی ترقی اور اس کے ارتقا کو بھی شدید نقصان پہنچایا۔

جرمن ادب کی تاریخ میں نازی عہد سے زیادہ سنگین اور مستبد دور آج تک نہیں گزرا۔ اس عہد میں زندگی کے دیگر شعبوں کی مانند ادب پر بھی کڑی پابندیاں عاید کر دی گئیں۔ ہر اس ادبی تخلیق کو "ناپسندیدہ" قرار دیا گیا جس میں "خالص آریائی روح" نہیں پائی

---

1. Prof. Water House

جاتی تھی [illegible] کیا گیا جس کا فن اس جوہر سے خالی تھا۔ خوش قسمتی یا بدقسمتی سے اس دور کے لکھنے والوں کی جہات تھی جن میں سے ہر یہودی تھے بلکہ یہودی ہونا نازی حکمرانوں کا ناقابلِ معافی جرم تھا۔ چنانچہ تمام یہودی ادیب بلا تخصیص معتوب کیے گئے ان کے علاوہ وہ تمام ادیب بھی جو غیر یہودی ہونے کے باوجود نیشنل سوشلزم پر یقین نہ رکھتے تھے نازی عتاب کا شکار ہوئے۔ ان میں سے بیشتر کو ملک بدر کر دیا گیا اور وہ ادیب جنھوں نے جرمنی کے حدود میں رہتے ہوئے نازیت کے خلاف آواز اٹھائی زندگی کے بدترین [illegible] میں مبتلا کر دیے گئے۔ مئی ۱۹۳۳ء میں نازی حکام نے باضابطہ طور پر ایسی تمام تصانیف نذرِ آتش کر دیں جو ان کے نزدیک "قومی مفاد" کے منافی تھیں اور آئندہ کے لیے ایسی تصانیف کو جرم قرار دے دیا۔

نازی آمریت کے نزدیک صرف وہی ادیب پسندیدہ تھے جو "آریائی فخر" کے ترانے گا سکیں یا پھر خاک و خون کے دور انگیز نغمے سنا کر قوم کو جنگ کے جہنم میں دھکیل سکیں تاکہ Sieg, Heil! Sieg, Heil (فتح مرحبا، فتح مرحبا) کے فلک شگاف نعروں کی عملی تکمیل کی جا سکے۔ اس قسم کے ادیبوں کو اس دور میں بھی تصنیف و تالیف کی مکمل آزادی رہی ان خوش نصیبوں میں کولبن ہیر یوست، بلنک اور گرم وغیرہ کے نام لیے جا سکتے ہیں۔ البتہ بدقسمتوں کی فہرست کا شمار مشکل ہے جنھیں "خاموش" رہنے سے لے کر موت تک کی سزائیں دی گئیں اس سلسلہ میں مشہور ناول نویس جارج برن کی ہولناک موت جرت ناک واقعہ ہے ۱۹۳۳ء میں آڈشوٹس کے نازی کیمپ میں محض صیہونیت کے مسئلہ پر اظہارِ خیال کے جرم میں ان کی تصانیف زندہ جلا دیا گیا۔ یہاں تمام متاثرہ ادیبوں کا تذکرہ ممکن نہیں صرف افسانوی ادب سے متعلقہ وہ شخصیتیں پیشِ نظر ہیں جن کا تذکرہ مضمون میں شامل ہے یہ وہ ادیب تھے جنھیں بہرحال جرمنی کے حدود میں رہنے کی اجازت حاصل رہی لیکن ان کو اس کی بھاری قیمت ادا کرنی پڑی۔

کازمیر، ارنسٹ سینگر، برنگر مین، ہاؤس مین اور الزبتھ لینگسر کو "خاموش" رہنے کی سزا دی گئی اور تا حکمِ ثانی تصنیف و تالیف سے روک دیا گیا۔ یہی نہیں بلکہ الزبتھ سے جنگ کے دوران فیکٹری میں جبریہ محنت بھی کروائی گئی اور اس کی بڑی لڑکی کو آڈشوٹس کے کیمپ میں بھیج دیا گیا۔ الزبتھ آئنسٹر کے بہت سے اعزا پولینڈ کے جنگی کیمپوں میں قتل کر دیے گئے۔ اسی طرح ڈولف گالمگ بدرشیرت کو ہٹلر کی حکومت کے خلاف باغیانہ خیالات رکھنے کے جرم میں دو مرتبہ قید کی سزا بھگتنی پڑی۔ تیسری مرتبہ اسی جرم کے ارتکاب میں اس کو موت کی سزا بھی سنا دی گئی جو بعد میں جبراً روسی محاذ پر بھیجنے کی صورت میں تبدیل کر دی گئی۔

جبری ترکِ وطن کی سزا پانے والے ادیبوں میں سے کچھ نے پہلے قریب جوار کے یورپی ممالک مثلاً آسٹریا، سوئٹزرلینڈ، اٹلی

---

1. Kolbenheyer
   Jost
   Blunk
   Grimm
2. George Hermann
3. Kasimir
   Ernest Junger
   Bergengruen
   Hausmann
   Elisabeth Langgasser
4. Schreib Verbot
5. Ilse Aichinger
6. Wolfgang Borchert

یا فرانس میں پناہ ڈھونڈی لیکن آنے کے تسلط کے بعد یہ لوگ براعظم چھوڑنے پر مجبور ہوئے اور ان میں تھومس من[1]، برٹولٹ بریشٹ، اسٹیفن سوائگ، آرنولڈ سوائگ، اسٹیفن اندرس، فرانس ورفل، جورج کائزر، کارل سوگائر اور ارنسٹ گلیسر جیسے ادیبوں کے نام شامل ہیں۔ ان ادیبوں نے جلاوطنی کے زمانہ میں جو کچھ لکھا وہ تاریخ میں "پناہ گزیں ادب" (Emigrantenliteratur) کہلاتا ہے۔ پناہ گزیں ادب میں اس دور کے ہنگامی اثرات کے ساتھ ان ممالک کا مقامی رنگ بھی شامل ہو گیا اس کے علاوہ ایک طویل عرصہ تک ملکی اور پناہ گزیں ادیبوں کے درمیان کوئی مادی رابطہ نہ ہونے کی وجہ سے اس میں ملکی ماحول سے ہم آہنگی باقی نہ رہ سکی۔ جنگ کے بعد جب ان پناہ گزینوں کو جرمنی واپس آنے کا موقع ملا تو انھیں خود بھی مقامی ماحول بالکل اجنبی محسوس ہونے لگا جس کا اثر ان کی تخلیقات پر بھی نمایاں نظر آتا ہے۔

اس پس منظر سے اس پُر ہول فضا کو بخوبی سمجھا جا سکتا ہے جو جرمن ادب پر سراسیمگی، دہشت اور بے یقینی کا باعث بنی۔ جنگ کے بعد بلکہ آج بھی جرمن تخلیقات پر جنگ کا یہی دہشت ناک کابوس مسلط نظر آتا ہے۔ موجودہ دور کے تقریباً تمام بڑے لکھنے والے اسی آشوب عہد کی صدائے بازگشت ہیں۔ ڈرفاں[2] دین برک نے اپنی کتاب (Das Dritte Reich) میں اس جابر عہد کو "تیسری حکومت" کے نام سے موسوم کیا ہے۔ وہ قرون وسطیٰ کے جرمنی کو "پہلی حکومت" اور بسمارک کے جرمنی کو "دوسری حکومت" کہنے کے بعد فیشل سوشلزم کی عملداری کو "تیسری حکومت" کہتا ہے۔ آج جرمن زبان میں شاید جرمنی کے لیے یہی لفظ "تیسری حکومت" طنزیہ طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ ہمارے مضمون کا یہ حصہ بڑی حد تک "تیسری حکومت" ہی سے متعلق ہے۔

یہ افسانوی دور جنگ سے پیشتر کے عہد سے شروع ہو کر موجودہ عہد تک پھیلا ہوا ہے جس میں بے شمار ادبی شخصیتیں شامل ہیں ان تمام کا تذکرہ مضمون کو کتاب بنا دینے کے مترادف ہوگا لہٰذا صرف ان شخصیتوں اور ان کی تخلیقات کے مختصر بیان پر اکتفا کی گئی ہے جو کسی نہ کسی اعتبار سے افسانوی عہد کی ممتاز شخصیتیں ہیں اور جدید جرمن افسانہ کی تشکیل میں ان کے تجربات کا نمایاں حصہ ہے۔ ان لوگوں کا محض افسانہ نگار ہونا چند ان ضروری نہیں جب کہ بہت سے ادیبوں کے ساتھ یہی معاملہ درپیش ہے۔ یہ لوگ بحیثیت غنائی شاعر، ناول نویس یا ڈرامہ نگار ادب میں جانے جاتے ہیں لیکن ان کی افسانوی تخلیقات (خواہ وہ کتنی ہی محدود کیوں نہ ہوں) جرمن افسانہ کی تاریخ میں غیر معمولی اضافہ ہیں۔

یہاں جرمن سے مراد صرف جرمنی ہی کے اہل قلم نہیں بلکہ اس کا دائرہ ان تمام ممالک تک وسیع ہے جہاں جرمن ادبی زبان کی حیثیت سے استعمال کی جاتی ہے ان میں وسطی اور مشرقی یورپ کے بہت سے ملکوں کے نام آتے ہیں جہاں اور زبانوں کے

---

1. Thomas Mann
   Bertolt Brecht.
   Stefan Zweig
   Arnold Zweig
   Stefan Andres
   Franz Werfel
   George Kaiser
   Karl Zuckrueyer
   Ernst Glaser
2. Moller van den Bruck

علاوہ ازیں ان کی حیثیت سے جرمن ہی مستعمل ہے۔ اس سلسلہ کی سب سے بڑی مثال کافکا ہے جس نے چیک (CZECH) ہونے کے باوجود تمام تصانیف جرمن میں چھوڑی ہیں یا آرتھر کوئسلر جو ہنگری کا متولد ہے لیکن ہمیشہ جرمن میں لکھتا ہے۔ سوئٹزرلینڈ اور آسٹریا کے ادیب تو جرمن کو اور بھی حیثیت ہی سے استعمال کرتے ہیں کہ یہ ان کی قومی زبان بھی ہے۔

جیسا کہ اب تک بیان کیا جا چکا ہے جنگ سے قبل کے جرمن ادب پر اظہاریت ہی کا رنگ چھایا ہوا تھا۔ نیشنل ازم کے رجحان نے اس تحریک کے ماننے والوں میں قومی احساسات کو شدید تر بنا دیا چنانچہ ہیرٹولٹ بریشٹ کے یہاں بھی اجتماعی احساس انقلابی شعور کیساتھ ظاہر ہوا۔ 'وائمار جمہوریہ' کے آغاز ہی میں اس نے بحیثیت ڈرامہ نگار بڑے جرأت مندانہ تجربات کیے۔ اس کے یہاں پسماندگی کا احساس غالب تھا جس کی وجہ سے اسے جرمنی تلخی اور جابجا طنز کے پہلو سے نفرت کا اظہار ملتا ہے۔ 'کلینڈر کی کہانیوں' میں اگرچہ اس کا اسلوب بہت سادہ ہے لیکن اس سادگی میں بھی انقلابی رجحان کی جھلک ملتی ہے اس کا یہی فکری انداز آگے چل کر اشتراکی مسلک سے ہم آہنگ ہو جاتا ہے۔ بریشٹ کی تخلیق 'بوڑھی عورت' موجودہ جرمن افسانہ کی ایک نمائندہ مثال کہی جا سکتی ہے۔

ہرمن ہیسے سوئٹزرلینڈ کا باشندہ ہے لیکن اس کا انداز خالص جرمن نمونہ کا ہے۔ افسانہ کے علاوہ اس کو ناول نگار اور شاعر کی حیثیت سے بھی جانا جاتا ہے۔ ۱۹۴۶ء میں ادب کا نوبل پرائز حاصل کرنے کے بعد اس کی شہرت بین الاقوامی حلقوں تک پہونچ چکی ہے۔ ہیسے کا اسلوب مقدمیت سے بھرپور رہنے کے ساتھ ہی بڑا پُراسرار اور اجنبی محسوس ہوتا ہے اس کے یہاں وقت کا کوئی خاص تعین نہیں۔ وہ جبریت کا قائل ہے اور زندگی کے ناقابل حل مسائل کو انسان کا مقدر جانتا ہے اپنے فن کے بارے میں اس نے ایک جگہ خود بھی کہا ہے

"میں جانتا ہوں میں کوئی ادیب نہیں۔ ہم آج کے لکھنے والے اسٹوکو کلی کے لیے استعمال کر رہے ہیں جس کی سرے سے کوئی ہستی نہیں۔"

ہیسے مسیحیت کے ایک قدیم مسلک پیٹ ازم (Pietism) کا پیرو ہے جس کی وجہ سے اس کی شخصیت میں روحانیت کا عنصر نمایاں رہتا ہے۔ اس فرقہ کی ایک خاتون کیٹرینا ہیسے اٹھارویں صدی میں گوئٹے کے خیالات پر بھی اثر انداز ہوئی تھی۔ مسیحی مبلغ کی حیثیت سے اس کو جوانی میں ہندوستان جانے کا بھی اتفاق ہوا جہاں سے اس نے قدیم ہندو ویدانت اور بدھ فلسفہ کا گہرا اثر قبول کیا جسے اس کی تخلیق 'سدھارتا' میں واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے اس کی بیشتر تخلیقات میں مشرق و مغرب پہلو بہ پہلو نظر آتے ہیں ابتدائی افسانوں مجموعہ 'اس طرف' کا انداز کسی قدر قنوطی ہے لیکن بعد کی تخلیقات میں اس کی متنوع شخصیت کے تمام عناصر پائے جاتے ہیں۔ اس انداز میں وہ بہت کچھ قدیم جرمن انشا پرداز ماسرمن سے ہم آہنگ ہے۔

---

1. Aurther Koestler
2. Bertdt Berecht
3. Weimar Republik
4. 'Kallendergeschichten'
5. 'Die Unwurdige Greisen'
6. Hermann Hesse
7. Frau Ketenberg
8. 'Sidharta'
9. 'Diesseits'
10. Wassermann

جنگ کے بعد کی ناسازگار فضا میں لکھنے والوں میں ایمل اشتراؤس[1]، ولیم شیفر، ویشرت، فرانس ورفل، جورج ہیم، اور گوٹ فرڈ بائے کے ادیب سمجھے جاتے ہیں۔ ان کے یہاں فطری حقیقت نگاری میں سماجی شعور بھی نمایاں ہے۔

ایمل اشتراؤس جنوب مغربی خطہ سے تعلق رکھتا ہے۔ ادب میں اس کا سرمایہ اپنے ہمعصروں کے مقابلہ میں بہت کم ہے لیکن اس نے بدلتی ہوئی قدروں کو نئے زاویوں سے سمجھانے کی کوشش کی ہے اس کے مقابلہ میں شیفر کا ادبی سرمایہ بہت زیادہ ہے۔ اسلوب میں وہ اگرچہ قدیم اساتذۂ فن کلائسٹ، کیلر اور جیبل کا تتبع کرتا ہے لیکن اس کا فکری انداز ان سے بالکل مختلف ہے۔ "قصے"[2]، "گلوبند کی کہانی"[3] اور "ہولڈرلن کی اقامت گاہ"[4] اس کے جدید اور ترقی یافتہ فن کی عمدہ مثالیں ہیں جن میں خارجیت نمایاں ہے۔ ویشرت کے یہاں حقائق کا تلخ اظہار ہے۔ وہ انسانیت کا ہمدرد اور اس کی فلاح کا خواہاں ہے چنانچہ آمرانہ عناصر کے خلاف اس کا لہجہ ہمیشہ سخت رہا ہے۔ قیصری حکومت کی علمداری اس کے نزدیک قوت کے عدم توازن کی بدترین مثال ہے۔ ویشرت کا مجموعہ "سفید بیل"[5] شروع سے آخر تک سیاسی شعور کا آئینہ دار ہے۔

ورفل کے فن میں سچائی اور حقیقت نمایاں ہے۔ غنائی شاعر ہونے کی حیثیت سے نثر میں بھی اس کا لہجہ بہت شیریں اور دل آویز معلوم ہوتا ہے۔ جذبات کی صحیح صحیح ترجمانی کے علاوہ شعوری مسائل کی بھی بہتات نظر آتی ہے۔ نازیت کا ہدف بننے کے بعد وہ ترکِ وطن پر مجبور ہوا۔ چنانچہ پناہ گزیں ادب میں بھی ورفل کا بڑا حصہ ہے۔

اس عہد کے چند نامور شعرا مثلاً جورج ہیم، ارنسٹ اسٹڈلر[6] اور ٹراکل وغیرہ نے بھی خال خال مختصر نثری تجربے کیے ہیں جو فنی اعتبار سے اتنا اہم نہیں جتنا ان کا کلام وقیع سمجھا جاتا ہے۔ ہیم اظہاریت پسند شاعر ہے نثر میں بھی اس کا انداز معتدلانہ خوبیاں رکھتا ہے۔ سیہ شاہدے کی گہرائی بعض اوقات الہام تک پہنچ جاتی ہے۔ گوٹ فرڈ بین ہمعصروں میں سب سے الگ تھلگ منکریت (Nihilism) کے دور میں کسی قدر چونکا دینے والی آواز ہے۔ اس کے یہاں ذہن اور آرٹ دونوں میں نظم و ضبط پایا جاتا ہے اس کی شخصیت میں کسی حد تک روائتی فلسفہ کا پرتو بھی ہے۔ ایک زمانہ تک اس نے نازیت کی طرفداری بھی کی لیکن اس کی تحریروں میں پروپیگنڈائی رنگ نہیں آسکا البتہ فکر کی گہرائی اور فن کی سطح کم ہو گئی۔

رابرٹ والزر[7] کو سوئزر (Swiss) ہونے پر بھی جرمنی کے چوٹی کے لکھنے والوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ ناول نویس ہونے کے ساتھ ساتھ اس نے بہت سی مختصر نیز طویل کہانیاں لکھی ہیں جو اسلوب کی جدت کے ساتھ زبان میں والزر کی مہارت کا نمونہ ہیں۔ زبان میں وہ ہمیشہ اپنی مخصوص جدتوں سے کام لیتا ہے جو مترجمین کے لیے دشواریوں کا سبب بنتی ہیں۔

---

1. Emil Strauss
   Wilhelm Shafer
   Wiechert
   Franz Werfel
   George Heym
   Gottfried Benn
2. 'Anakdoten'
3. 'Halsbandgeschichte
4. 'Holderlins Einkehr
5. Der Weisse Buffel
6. Ernst Stadler
   George Trakl
7. Robert Walser

اسٹیفن سوائیگ[1] آسٹریا کے اس طبقے سے تعلق رکھتا ہے جو جدید رومانیت کے بھرتے ہوئے کا سلسلہ کہلاتا ہے۔ اس کی تحریریں اپنے
کے سماجی و نفسیاتی حقائق سے معمور دکھائی دیتی ہیں۔ ایک ماہر فطرت شناس شکار ہونے کی حیثیت سے اس نے انتہا پسندی کے دور کا
بخوبی مشاہدہ کیا تھا اور وہ اس کے انجام سے بھی واقف تھا لیکن حالات کا رخ پھیرنا اس کی طاقت سے باہر تھا۔ اس احساس نے اس کے
فن میں یاسیت کے عنصر کو نمایاں کر دیا۔ یہی یاسیت اس کی موت کا بھی باعث ہوئی۔ جرمن ترک وطن کے بعد سوائیگ نے برازیل میں سرا
خودکشی کر لی۔ موجودہ نثر لکھنے والوں میں اس کی تخلیقات کو وقیع نظر سے دیکھا جاتا ہے۔

جنگ کی ہولناک تباہ کاریوں نے ایک مرتبہ جرمن قوم پر جنگ کے صحیح مفہوم کو واضح کر دیا اور دوسری جنگ ویتناؤں کے فخر کی
کی بجائے دہشت ناک آسیب کی طرح ذہنوں پر چھا گئی جس کے سایہ میں خون پسینہ، بھوک، پیاس، ہنگامہ، قتل و غارتگری، آہ و بکا، اور فریاد
سب کچھ دکھائی دینے لگا۔ دوسری جانب انسانیت نے نثر کا انداز بھی بدل ڈالا اور اسلوب ہیئت کے ساتھ اسلوب پر بھی خصوصی توجہ دی جانے
لگی۔ اس کی انتہائی کامیاب اور ترقی یافتہ صورت ایڈ شمڈ کلزمیر کے یہاں ملتی ہے۔ اس کا انداز توانا اور حقیقت آفریں ہے جس میں ذاتی
مشاہدات نے اعتماد کی فضا پیدا کی ہے۔ بدلے ہوئے حالات کے نفسیاتی تقاضوں سے وہ پورے طور پر باخبر نظر آتا ہے۔

ارنسٹ گلیسر[3] سیاسی خلفشار سے بے حد متاثر ہے وہ اس کو تمدن کی غارت گری کہہ کر احتجاج کرتا ہے اس کے برعکس ہرمن کیسٹن
کے یہاں احتجاج کی بھی سکت نظر نہیں آتی وہ زندگی سے حد درجہ خائف ہو چکا ہے اور ہر شر کو بے یقینی کے عالم میں دیکھتا ہے۔ اس کے ہاں
فضا آنا ایگر کی ہے جس کے لہجہ میں شدت نہ ہونے کے باوجود تلخی کا اثر غالب ہے۔ 'تیسری حکومت' کے مصنف نے اس کے فن کو بھی شدت سے
متاثر کیا ہے۔ بالکل یہی ماحول ولی برڈل[7] کے یہاں بھی ہے اس کا افسانوی سرمایہ کافی ہے جس کا بیشتر حصہ 'تیسری حکومت' ہی سے
متعلق ہے۔

کارل سزگارٹر[8] کا انداز کسی قدر شکستہ ہے وہ اس ہلاکت آفریں دور میں بھی زندگی کے خوش آئند پہلو کو نظر انداز نہیں کرتا۔ طنز
لطیف حربوں سے اس نے جابجا زندگی کی لغزشوں اور کوتاہیوں کا احساس دلایا ہے۔ ابتدا میں وہ محض ناولٹ نگار ہی کی حیثیت سے
جانا جاتا تھا۔ لیکن بعد کی مختصر کہانیوں نے اس کو مختصر افسانہ کی فہرست میں شامل کر دیا۔

اس ماحول کی ایک منفرد آواز الفریڈ پولگار[9] ہے جس کے یہاں حالات کا بڑا واضح اور مربوط اور حقیقت پسندانہ تجزیہ ملتا ہے
کی تخلیقات بلاشبہ اپنے وقت کی انسائیکلوپیڈیا ہیں جن کو دیکھ کر اس دور کے مسائل کو بخوبی سمجھا جا سکتا ہے۔ اس کو زبان پر حیرت انگیز
حاصل ہے جس سے انداز میں شوخی، جدت، طنز اور استعارات کی خوبیاں پیدا ہو گئی ہیں۔ ابتدائی کہانیوں میں "آج اور کل" میں

1. Stefan Zweig
2. Edschmid Kasimir
3. Ernst Glaser
4. Hermann Kesten
5. Anna Seghers
6. Willi Brodel
7. Karl Zuckmayer
8. Alfred Polgar

'Gestern u. Heute'
'Ich bin Zeuge'
'Schwarz auf weiss'.

بد سے سیاہ" اور جدید کہانیوں میں "دوسری طرف" اور "شفق میں" کو کتاب میں مختصر نثر کے بہترین نمونے ہیں۔ جو زف ہوفمولر نے
تخلیقات کرنے والے دور کے کلاسیک سے تعبیر کیا ہے۔

آسٹریا کے کیتھولک حلقے سے ادیب کی خلاف بار بار آواز اٹھائی گئی ہے انہی میں ایک آواز میل ماکس بھی ہے۔ وہ روحانی قدروں
برار ہے اور شعر کی تمام کاوشوں کو مذہب کے تابع کر دینا چاہتا ہے اسی سے ملتا جلتا رنگ آرنولڈ سوائیگ کا ہے جو انسانیت کی
کے لیے سچی ہمدردی کا احساس پیدا کرنا ——— ضروری سمجھتا ہے۔

ہنگری سے آرتھر کوسٹلر کی شخصیت غیر معمولی صلاحیتوں کی مظہر ہے اس کی بیشتر تخلیقات میں سیاسی عنصر غالب ہے۔ اسپین کی خانہ جنگی
سے لے کر جنگ عظیم تک کے بین الاقوامی بحران نے کوسٹلر کو سیاسی بصیرت دی ہے۔ گزشتہ سالوں میں خود ہنگری کے انقلاب سے اس کی
ریں نمایاں طور پر متاثر معلوم ہوتی ہیں۔ ایسے ہی تجربات کا دانشورانہ اظہار خان وبر ویرنگ کے یہاں ملتا ہے البتہ اس کے یہاں فرانسیسی
از کی تنقید موجودہ جرمن روایت کے برعکس نظر آتی ہے۔

ارنسٹ یونگر اس دور کی اہم ترین شخصیتوں میں شامل ہے۔ اس کی شخصیت ادب کے مختلف شعبوں پر حاوی ہے۔ اس کا
سیاسی و نفسیاتی الجھنوں کو اس نے اپنا موضوع قرار دیا ہے۔ کہیں کہیں ماحول کا عمیق مشاہدہ اس کو قنوطی بھی بنا دیتا ہے اور یکایک
حریت کی صدائے بازگشت سنائی دینے لگتی ہے۔ برتری کا احساس اس کے یہاں بھی ہے لیکن فسطائی فلسفہ کے ساتھ نہیں۔ یونگر کی
یقات پر ہدایت کا اثر بھی نمایاں ہے خصوصاً جدید اشاریت میں اس کو حیرت انگیز قدرت حاصل ہے۔

جنگ سے کچھ سال پیشتر یا اس کے دوران ادب پر سیاست جس انداز سے اثر انداز ہوئی اس کے نتیجہ میں انتہا پسند گروہ نے
ادب کو بھی سیاسی تحریک بنا دیا ان لوگوں نے اپنا مقصد کو حاصل کرنے کے لیے نیشنل سوشلزم کو مختلف صورتوں کے ساتھ ذہنوں
پر مسلط کرنے کی جدوجہد کی اور ہر امکانی طریقے سے قومی جذبات کو مشتعل کیا۔ کوبن ہیرو، بلنک، گرم، سلش وغیرہ اسی گروہ سے تعلق رکھتے
تھے۔ ان کے نظریات کا محرک خود جرمنی کا اپنا ماضی تھا جس کی تاریکی میں پسماندگی اور بیچارگی کے سوا کچھ نہ تھا۔ اس کے علاوہ ان لوگوں
نے ان خطرات کو اچھی طرح محسوس کر لیا تھا جو مستقبل میں اس قوم کا مقدر بننے والے تھے چنانچہ فسطائی فلسفہ کے بموجب اپنے آئیڈیل
کو حاصل کرنے کی آخر تک کوشش کرنا خواہ اس کا انجام ہلاکت ہی کیوں نہ ہو، ان کے ذہنوں پر بھی مسلط تھا۔ اس انتہا درجہ کی جذباتیت نے
ادب کو خالص پروپیگنڈا بنا دیا۔ بلنک کا مجموعہ "گھر میں آگ" اسی رنگ کی ایک عمدہ مثال ہے۔

---

1. 'Anderseits'
   'Begegnung im Zwie licht.
2. Jaseph Hofmiller
3. Mell Max
4. Arnold Zweig
5. Aurther Koestler
6. Von der Viring
7. Ernet Junger
8. Kolbenheyer
   Blunck
   Grimm
   Zellich
9. 'Feuer im Nebel.'

زندگی کو فلسفیانہ بصیرت سے پرکھنے کا انداز گوئٹے کے عہد سے جرمن ادب میں رائج ہے۔ ہنس کارو[1] کے یہاں بھی بصیرت افروزی انداز میں پائی جاتی ہے۔ وہ بظاہر تمدن کی پرانی قدروں کا پابند ہے لیکن حقائق کو ہمیشہ نئے زاویوں سے پیش کرتا ہے۔ حقیقت کو اشاریت کے پردے میں کہنا اس کی سب سے بڑی فنکاری ہے جس میں جابجا کافکا کا تتبع ملتا ہے۔ اس کے برعکس ہرمن کلاڈیس[2] کے یہاں فلسفیانہ مباحث کی کوئی اہمیت نہیں وہ روزمرہ کے مسائل ہی کو اپنا موضوع قرار دیتا ہے۔ ہنس فرانک[3] کی تخلیقات زبان و بیان کی خوبیوں سے مزین ہوتی ہیں وہ خیالات کی ترجمانی کے لیے ہمیشہ دلچسپ پیرایہ ڈھونڈتا ہے۔ من فریڈ ہاؤس مین[4] کا انداز ایک بھٹکے ہوئے مسافر کی طرح قاری کو مختلف دنیاؤں کی سیر کراتا ہے۔ بنیادی حیثیت سے وہ روایت پسند ہے اور قدیم المانی زندگی کو دلکش انداز سے پیش کرتا ہے۔

ولہیلم لے من[5] کے یہاں بھی وارداتوں کی ترجمانی ہے اسی طرح زیریں جرمنی کے مقبول افسانہ نگار ارنسٹ پیٹر[6] کے یہاں بھی مسائل کی بہتات دکھائی دیتی ہے۔ کارل ہنس اشتروبل[7] نے جدید مختصر افسانہ کی ترقی یافتہ تکنیک استعمال کی ہے جس میں مشاہدے کی شدت کے ساتھ تخیل کی سطح بھی بلند ہے۔ بشوف فریڈرش[8] نے زندگی کے اہم مسائل کو اپنا موضوع بنایا ہے۔ وہ قدیم روایت کا متحرک ہے اور اس کو ذہنی ناآسودگی کا سبب بتاتا ہے۔ اس کا موضوع جدید روایت ہے جس میں اس کے خیال کے مطابق تخیل حقیقت سے ہم آہنگ ہو جاتا ہے۔

آسٹریا سے قنوطی انداز کی ایک آواز ہنا گزش[9] واگریل ہے جس کے اسلوب پر دوستوفسکی کا فنی اثر انداز ہوا ہے۔ اس المناک دور میں ایناؤیڈل[10] کا تشفی آمیز لہجہ واقعی تشفی کا موجب ہوتا ہے۔ فن کی انتہائی پختگی کے ساتھ وہ زندگی کے شدائد پر مادرانہ شفقت کے ساتھ تسلی دیتی ہے۔ سب کچھ ہو جانے کے باوجود اس کو یقین ہے کہ بھٹکی ہوئی روحیں سکون پا جائیں گی اور اس دن دنیا کے سارے دکھ درد مٹ جائیں گے۔ خود اسی کے الفاظ میں۔

"ایک دن ایسا ضرور آنے والا ہے جب ماؤں کے آنسو اتنی مقدار میں جمع ہو جائیں گے کہ جنگ کا غضب ناک شعلہ خود بخود بجھ جائے گا۔"

تسلی کا ایک بڑا ذریعہ مذہب بھی ہے چنانچہ لیسونت[11] کے یہاں خالص رومانی فضا ہے جس میں روایتی اور دیومالائی حکایتیں بھی کیتھولک تصوف میں ڈوبی نظر آتی ہیں۔ اسی طرح اینا اندریس[12] کی تخلیقات میں خود اس کی کلیسا کی تربیت کا رنگ نمایاں ہے۔ اسپین کی خانہ جنگی اور گزشتہ جنگ عظیم کے تجربات نے اس کے فن کو بھی شدت سے متاثر کیا ہے۔ اس کی تخلیقات میں جوش و ولولہ کا بھی عنصر ملتا ہے۔ زبان کی صحت اور تخیل کی جدت کے لحاظ سے اس کو آج کے جرمن افسانہ نگاروں میں ممتاز حیثیت حاصل ہے۔

---

1. Hans Carossa
2. Hermann Claudius
3. Hans Frank
4. Manfried Hausmann
5. Wilhelm Lehmann
6. Ernst Peter
7. Karl Han- Strobl
8. Bischoff Friedrich
9. Heinrich Waggrel
10. Ina Biedel
11. Gertude von Lefort
12. Stefan Anders

سنجیدہ مزاج کے مضمون کو ارنسٹ پینزولڈ[1] نے بڑی عمدگی سے نبھایا ہے اس کا انداز بہت کچھ ہرمن ہیسے سے ملتا جلتا ہے طنز کے ساتھ نفاست اور حسنِ بیان کی خوبیاں برٹنگ جورج[2] کے یہاں ملتی ہیں وہ حقیقت پسند تحریک کا نمائندہ ہے اور عام انسانی کمزوریوں پر کڑی تنقید کرتا ہے۔ مقصدیت سے بھرپور تجربات ولف گانگ ملر[3] نے کیے ہیں۔ البرشٹ گوز[4] کی تحریریں تلخ حقائق سے پُر نظر آتی ہیں۔ وہ تیسری حکومت' کی بداعمالیوں پر سفاکانہ انداز میں تبصرہ کرتا ہے اس کے ساتھ ہی آنے والے دور سے پُر امید بھی ہے لیکن والٹر جینس[5] اور ہرمن لینس[6] نے ساری خطاؤں کا سزاوار دوسروں ہی کو گردانا ہے۔ اس دور میں اُن کی یہ فنوطیت بڑی حد تک سیاسی حالات کا تقاضا کہی جا سکتی ہے۔ والٹر کے یہاں سراسیمگی کا احساس بھی غالب ہے لیکن لینس کی تحریروں میں تلخی کے ساتھ ندامت بھی محسوس ہوتی ہے۔ اس کے نزدیک ہنگاموں سے زیادہ اہم ان کے اندر پوشیدہ عوامل ہیں جن کو وہ بڑی سنجیدگی سے پرکھتا ہے اس لحاظ سے اس کا اسلوب اوروں سے کچھ مختلف ہے۔

رودولف بورشارڈ[7] کو ایک عرصہ تک نوبلے نویس اور مضمون نگار کی حیثیت سے ہی جانا جاتا تھا لیکن بعد کے افسانوی مجموعہ نے اس کو صفِ اوّل کے افسانہ نگاروں میں شامل کر دیا۔ زندگی کے تمام اور جانے بوجھے مسائل پر قلم اٹھاتے ہوئے وہ زبان کے اعجاز سے عجیب و غریب تاثرات پیدا کرتا ہے۔

پچھلی نصف صدی سے جرمن ادب میں برگنگرین[8] کی کثیر اور مختلف النوع تصانیف کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ اس نے جرمن افسانہ کو بھی نئی تکنیک سے روشناس کیا ہے اس کا مکتبۂ فکر بہت وسیع نظر آتا ہے جس میں نفسیات و روحانیت کے مضامین خصوصیت سے قابلِ ذکر ہیں۔ کیتھولک عقیدہ کی پابندی سے وہ عام انسانی قدروں کو سب پر ترجیح دیتا ہے۔ یہی وجہ تھی کہ اُس کو نازی عملداری میں تصنیف و تالیف کے حق سے محروم کر دیا گیا۔ برگنگرین کے ابتدائی مجموعہ "ریوال میں موت"[9] کا رنگ عموماً مزاحیانہ ہے لیکن بعد کے مجموعے "آخری شہسوار"[10] اور "آخری شہسوارہ"[11] اس کے فن کی بہترین مثالیں ہیں۔ مختلف حلقوں کی مخالفت کے باوجود اس کو آج کے صفِ اوّل کے ادیبوں میں شمار کیا جاتا ہے۔

جنگ کے بعد جرمن افسانہ کو نئی تکنیک سے پیش کرنے میں پرانے فن کاروں کے ساتھ نئی نسل نے بھی سرگرمی سے حصہ لیا ہے جس کی وجہ سے پچھلے پندرہ برس میں جرمن افسانہ نے حیرت انگیز ترقی کی۔ اور آج وہ بڑا اعتبار سے بین الاقوامی سطح پر نظر آتا ہے۔ اس دور کو جرمن افسانے کی نشاۃ ثانیہ بھی کہا جاتا ہے۔ ویڈسن[12] کا خیال ہے کہ صحیح معنوں میں "خالص جرمن افسانہ" کا دور یہی زمانہ ہے۔ اس دور کے بیشتر فنکاروں کی تخلیقات جرمن رواج کے مطابق ریڈیو کے ذریعہ سامعین تک پہونچیں اور بعد میں

---

1. Ernst Penzoldt
2. Britting George
3. Wolfgang Muller
4. Abrecht Goes
5. Walter Jens
6. Hermann Lenz
7. Rudolf Borcherdt
8. Bergengruen
9. 'Der Tod von Reval
10. 'Der letzte Rittmeister'
11. 'Die letzte Rittmeisterin
12. Prof. W. Waidson

زندگی کے [illegible] کو نفسیاتی بصیرت سے پرکھنے کا انداز گوئٹے کے عہد سے جرمن ادب میں رائج ہے۔ ہنس کارو سا[1] کے یہاں بھی بصیرت اور [illegible] پائی جاتی ہے۔ وہ بظاہر تمدن کی پرانی قدروں کا پابند ہے لیکن حقائق کو ہمیشہ نئے زاویوں سے پیش کرتا ہے حقیقت کو اشاریت کے پردے میں کہنا اس کی سب سے بڑی فنکاری ہے جس میں جا بجا کافکا کا تتبع ملتا ہے۔ اس کے برعکس ہرمن کلاڈیس[2] کے یہاں نفسیاتی مباحث کی کوئی اہمیت نہیں وہ روزمرہ کے مسائل ہی کو اپنا موضوع قرار دیتا ہے۔ ہنس فرانک[3] کی تخلیقات زبان و بیان کی خوبیوں سے مزین ہوتی ہیں وہ خیالات کی ترجمانی کے لیے ہمیشہ دلچسپ پیرایہ ڈھونڈتا ہے۔ من فریڈ ہاؤس من[4] کا انداز ایک بھٹکے ہوئے مسافر کی طرح تلاش کر مختلف دنیاؤں کی سیر کراتا ہے۔ بنیادی حیثیت سے وہ روایت پسند ہے اور قدیم المانی زندگی کو دلکش انداز سے پیش کرتا ہے۔

ولیم لے من[5] کے یہاں محض نجی وارداتوں کی ترجمانی ہے اسی طرح زیریں جرمنی کے مقبول افسانہ نگار ارنسٹ پیٹر[6] کے یہاں بھی نجی مسائل کی بہتات دکھائی دیتی ہے۔ کارل ہنس اشتروپل[7] نے جدید مختصر افسانہ کی ترقی یافتہ تکنیک استعمال کی ہے جس میں مشاہدے کی شدت کے ساتھ تخیل کی سطح بھی بلند ہے۔ بشوف فریڈرش[8] نے زندگی کے اہم مسائل کو اپنا موضوع بنایا ہے۔ وہ قدیم روایت کا شکر ہے اور اس کو ذہنی ناآسودگی کا سبب بتاتا ہے۔ اس کا موضوع جدید روایت ہے جس میں اس کے خیال کے مطابق تخیل حقیقت سے ہم آہنگ ہو جاتا ہے۔

آسٹریا سے قنوطی انداز کی ایک آواز ہنا گزش واگریل[9] ہے جس کے اسلوب پر دوستوفسکی کا فنی اثر انداز ہوا ہے۔ اس اضطرابی دور میں ایناز ویڈل[10] کا تشفی آمیز لہجہ واقعی تشفی کا موجب ہوتا ہے۔ فن کی انتہائی پختگی کے ساتھ وہ زندگی کے شدائد پر ہمدردانہ شفقت کے ساتھ تسلی دیتی ہے۔ سب کچھ ہو جانے کے باوجود اس کو یقین ہے کہ بھٹکی ہوئی روحیں سکون پا جائیں گی اور اس دن دنیا کے سارے دکھ درد مٹ جائیں گے۔ خود اسی کے الفاظ میں۔

"ایک دن ایسا ضرور آنے والا ہے جب ماؤں کے آنسو اتنی مقدار میں جمع ہو جائیں گے کہ جنگ کا غضب ناک شعلہ خود بخود بجھ جائے گا۔"

تسلی کا ایک بڑا ذریعہ مذہب بھی ہے چنانچہ لیفورٹ[11] کے یہاں خالص روحانی فضا ہے جس میں روایتی اور دیومالائی حکایتیں بھی کیتھولک تصوف میں ڈوبی نظر آتی ہیں۔ اسی طرح اشینو اندرسن[12] کی تخلیقات میں خود اس کی کلیسا کی تربیت کا رنگ نمایاں ہے۔ اسپین کی خانہ جنگی اور گزشتہ جنگ عظیم کے تجربات نے اس کے فن کو بھی شدت سے متاثر کیا ہے۔ اس کی تخلیقات میں جوش و ولولہ کا بھی عنصر غالب ہے۔ زبان کی صحت اور تخیل کی جدت کے لحاظ سے اس کو آج کے جرمن افسانہ نگاروں میں ممتاز حیثیت حاصل ہے۔

---

1. Hans Carossa
2. Hermann Cladius
3. Hans Frank
4. Manfried Hausmann
5. Wilhelm Lehmenn
6. Ernst Peter
7. Karl Hans Strobl
8. Bischoff Friedrich
9. Heinrich Waggrel
10. Ina Siedel
11. Gertude von Lefort
12. Stefan Anders

سنجیدہ مزاج کے مضمون کو ارنسٹ پینزولڈ[1] نے بڑی عمدگی سے نبھایا ہے اس کا انداز بہت کچھ ہرمن ہیسے سے ملتا جلتا ہے طنز کے ساتھ نفاست اور حسنِ بیان کی خوبیاں برٹنگ جورج[2] کے یہاں ملتی ہیں وہ حقیقت پسند تحریک کا نمائندہ ہے اور عام انسانی کمزوریوں پر کڑی تنقید کرتا ہے۔ مقصدیت سے بھرپور تجربات ولف گانگ مولر[3] نے کیے ہیں۔ البرشٹ گوز[4] کی تحریریں تلخ حقائق سے پُر نظر آتی ہیں۔ وہ نیزی حکومت کی بد اعمالیوں پر سفاکانہ انداز میں تبصرہ کرتا ہے اس کے ساتھ ہی آنے والے دور سے پُر امید بھی ہے لیکن والٹر جینس[5] اور ہرمن لینس[6] نے ساری خطاؤں کا سزاوار دوسروں ہی کو گردانا ہے۔ اس دور میں اُن کی یہ قنوطیت بڑی حد تک سیاسی حالات کا تقاضا کہی جا سکتی ہے۔ والٹر کے یہاں سراسیمگی کا احساس بھی غالب ہے لیکن لینس کی تحریروں میں تلخی کے ساتھ ندامت بھی محسوس ہوتی ہے۔ اس کے نزدیک ہنگاموں سے زیادہ اہم ان کے اندر پوشیدہ عوامل ہیں جن کو وہ بڑی سنجیدگی سے پرکھتا ہے اس لحاظ سے اس کا اسلوب اوروں سے کچھ مختلف ہے۔

روڈولف بورشارڈ[7] کو ایک عرصہ تک نویلے نویس اور مضمون نگار کی حیثیت سے ہی جانا جاتا تھا لیکن بعد کے افسانوی مجموعے نے اس کو صفِ اوّل کے افسانہ نگاروں میں شامل کر دیا۔ زندگی کے تمام اور جانے بوجھے مسائل پر قلم اٹھاتے ہوئے وہ زبان کے اعجاز سے عجیب و غریب تاثرات پیدا کرتا ہے۔

پچھلی نصف صدی سے جرمن ادب میں برگنگرین[8] کی کثیر اور مختلف النوع تصانیف کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ اس نے جرمن افسانہ کو بھی نئی تکنیک سے روشناس کیا ہے اس کا مکتبۂ فکر بہت وسیع نظر آتا ہے جس میں نفسیات و رومانیت کے مضامین خصوصیت سے قابلِ ذکر ہیں۔ کیتھولک عقیدہ کی پابندی سے وہ عام انسانی قدروں کو سب پر ترجیح دیتا ہے۔ یہی وجہ تھی کہ اس کو نازی عملداری میں تصنیف و تالیف کے حق سے محروم کر دیا گیا۔ برگنگرین کے ابتدائی مجموعہ "ریوال میں موت"[9] کا رنگ عموماً مزاحیانہ ہے لیکن بعد کے مجموعے "آخری شہسوار"[10] اور "آخری شہسوارہ"[11] اس کے فن کی بہترین مثالیں ہیں۔ مختلف حلقوں کی مخالفت کے باوجود اس کو آج کے صفِ اوّل کے ادیبوں میں شمار کیا جاتا ہے۔

جنگ کے بعد جرمن افسانہ کو نئی تکنیک سے پیش کرنے میں پرانے فن کاروں کے ساتھ نئی نسل نے بھی سرگرمی سے حصہ لیا ہے جس کی وجہ سے پچھلے پندرہ برس میں جرمن افسانہ نے حیرت انگیز ترقی کی۔ اور آج وہ ہر اعتبار سے بین الاقوامی سطح پر نظر آتا ہے۔ اس دور کو جرمن افسانے کی نشاۃ ثانیہ بھی کہا جاتا ہے۔ ویڈسن[12] کا خیال ہے کہ صحیح معنوں میں "خالص جرمن افسانہ" کا دور یہی زمانہ ہے۔ اس دور کے بیشتر فنکاروں کی تخلیقات جرمن رواج کے مطابق ریڈیو کے ذریعہ سامعین تک پہونچیں اور بعد میں

---

1. Ernst Penzoldt
2. Britting George
3. Wolfgang Muller
4. Albrecht Goes
5. Walter Jens
6. Hermann Lenz
7. Rudolf Borcherdt
8. Bergengruen
9. 'Der Tod von Reval'
10. 'Der letzte Rittmeister'
11. 'Die letzte Rittmeisterin
12. Prof. W. Waidson

مستقل قسامت کی صورت میں آئیں۔

گیرڈ گائزر کا نام جنگ کے بعد کی فضا کی عکاسی کے لیے مشہور ہے۔ اس نے جنگ سے واپس آنے والے فوجیوں کی زندگی پر فنکارانہ انداز میں قلم اٹھایا ہے جس کی تہ میں ایک عظیم ہنگامہ پوشیدہ نظر آتا ہے۔ ہائنس ہوبر کا انداز بڑی حد تک روایتی اور دیانتی کہا جا سکتا ہے۔ افسانے کے مقابلے میں ریپورتاژ میں زیادہ کامیاب ہوا ہے۔

ہنس ایرش نوساک بنیادی طور پر ڈرامہ نگار ہے۔ افسانوی ادب میں اس کا سرمایہ جنگ کے بعد کا ہے۔ وہ آج کے جرمنی کو درپیش مسائل پر گہری بصیرت رکھتا ہے۔ ادبیت سے متعلق نہ ہونے کے باوجود اس کی باریک بینی اور خصوصی اشاریت کہیں کہیں بڑا انداز اختیار کر لیتی ہے۔ "لیکیا" "موت سے انٹرویو" اور "خاص رپورٹ" اس کی دانشورانہ بصیرت کی عمدہ مثالیں ہیں۔

بڑے شاعر کی تحریروں کو دیکھ کر اس ہولناک دور کی یاد تازہ ہوتی ہے جب جرمنی خاک و خون اور کھنڈرات کا ملک بن گیا تھا۔ جنگ کا خوفناک آسیب اس کی تخلیقات پر بھی چھایا نظر آتا ہے۔ اس ہنگامے نے اس کو وطن سے دور کر دیا۔ جنگ کے بعد اس کو نورمبرگ کی عدالت میں بھی پیش ہونا پڑا جہاں اس نے نازی جنگی مجرموں کے مترجم کے فرائض انجام دیے۔ اس کی تحریروں میں انہی حوادث کا اثر غالب ہے۔

الزبیتھ لینگسر جنگ سے قبل غنائی شاعرہ اور ناول نویس کی شہرت رکھتی تھی۔ نازی عہد کی "جبری خاموشی" کے بعد ۱۹۴۶ء سے اس نے دوبارہ لکھنا شروع کیا۔ اس مرتبہ اس کی توجہ کا مرکز خصوصیت کے ساتھ مختصر افسانہ رہا۔ چنانچہ اشارہ کہانیوں کے مجموعہ "ٹوٹنا" سے اس کو افسانہ نگاروں میں بھی صف اول کی فن کار تسلیم کر لیا گیا۔ یہ تمام کہانیاں جنگ کے دوران یا اس کے فوراً بعد کی لکھی ہوئی ہیں۔ الزبیتھ کی تصانیف بڑی پرمعنی اور اشراقی انداز کی ہوتی ہیں جن میں جا بجا خود کلامی کی تکنیک استعمال کی جاتی ہے۔ اس کے یہاں خارجی عمل کے مقابلے میں نفسیاتی تحلیل پر زور ہوتا ہے۔ وہ جرمنی کے متوسط طبقہ کی بہترین ترجمانی کرتی ہے۔ اس کے فن پر بھی جنگ اور صیہونی جبر پر نازی آمریت کے اثرات نمایاں ہیں۔

ہرمن کاسک حقیقت کو تخیل سے اور اجاگر کرتا ہے۔ زندگی کے عملی و نظری پہلوؤں پر اس کی گرفت بہت مضبوط ہے۔ وہ ادب کی استقامت کا قائل ہے۔ تمثیلی افسانوں کے تند و تیز لہجے میں اس نے اس اندھی تقلید کے خلاف اعلانیہ بغاوت کی جو قومی شعور کو جھٹک کر رہی تھی۔ وہ تمدن کی میکانی ساخت سے بیزار ہے اور تباہ شہروں کے ملبے پر کھڑا جھک خواب کی پناہ گاہیں تلاش کرتا ہے۔ اس رمزیت میں جا بجا کافکا کا اثر و نفوذ سرایت کیے نظر آتا ہے۔ اس کا فن حال کی ساری ناامیدیوں اور مایوسیوں کا آئینہ دار ہونے کے باوجود ایک خوش آئند مستقبل کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

---

1. Gerd Gaiser
2. Heinz Hober
3. Hans Erich Nossack
4. 'Nekyia'
5. 'Interview mit dem Tode
6. Wolfgang Hildesheimer
7. Elisabeth Langgasser
8. 'Der Torso'
9. Hermann Kasack
10. 'Der Webstuhl'

کورٹ کوزنبرگ[1] اپنے رنگ کا واحد لکھنے والا ہے جس نے معقولات کی ساری حد بندیاں توڑ کر لمحات و توہم کی فوقیت کو منوانے کی کوشش کی ہے۔ وہ زندگی کی یکسانیت اور بے کیفی سے اُکتا کر تخیل و مبالغہ کی دُنیا میں جا بستا ہے۔ معقولیت کے خود ساختہ اور مصنوعی ضابطوں پر اس نے تمسخر کے حربے استعمال کیے ہیں اس عجیب و غریب انداز میں کہیں کہیں ہوف فن کے روایتی انداز کا بھی پرتو نظر آنے لگتا ہے۔ آج کے جرمن افسانہ نگاروں میں کوزنبرگ صفِ اوّل کا فنکار شمار ہوتا ہے۔ اب تک اس کے متعدد مجموعے شائع ہو چکے ہیں جن میں "نیلا خواب"[2] "سورج مکھی کے پھول"[3] "زندگی کی شراب"[4] اور "لا بوتیلا"[5] خاصی شہرت رکھتے ہیں۔

ہائنس ریتسے[6] کے یہاں اخلاقی و مابعد الطبیعاتی اقدار کا پورا پورا احترام ہے۔ وہ فرد اور جماعت کے باہمی رشتہ پر فلسفیانہ مباحث سے گریز کرتا ہے لیکن فرد کو معاشرے میں اس کے صحیح مقام پر دیکھنا چاہتا ہے۔ اس مقصد کی تکمیل کے لیے وہ معاشرے کی مروجہ قدروں سے مکمل بغاوت نہیں کرتا لیکن اس کے کمزور پہلوؤں پر طنز کے تیر برساتا ہے۔ "بے راہ رو"[7] "جیتو اور سانپ"[8] اور "خود اپنا انعام"[9] اپنے طنزیہ انداز، سادگی اور واقعیت کی بنا پر جدید جرمن افسانوں کے عمدہ مجموعے خیال کیے جاتے ہیں۔

ہائنرش بول[10] موجودہ جرمن افسانہ نگاروں میں چوٹی کا فنکار سمجھا جاتا ہے۔ جنگ کے باقیات کا اثر اس پر بھی نمایاں ہے لیکن وہ ان مسائل پر مابعد الطبیعاتی بصیرت بد کھتا ہے۔ روزمرہ کی جرمن زندگی پر بھی اس کا مشاہدہ بہت عمیق ہے۔ روحانیت پر کامل اعتقاد اس کے نزدیک سب مصائب کا مداوا ہے۔ حقیقت کو موثر بنانے کے لیے بول جا بجا تمثیل کا انداز اختیار کر لیتا ہے۔ نہ صرف کرسمس کے لیے[11] "ابتدائی سالوں کی روٹی"[12] "پل پر"[13] یا "چاقو پھینکنے والا"[14] اس ضمن میں اس کی بہترین مختصر کہانیاں کہی جا سکتی ہیں۔

ولف گانگ بورشیرت[15] کی شہرت کا سبب اس کی معرکۃ الآرا ڈرامائی تخلیق "دروازے کے باہر"[16] ہے لیکن بعد کے "مکمل مجموعہ" نے اُسے کو شاعر، افسانہ نگار اور رپورتاژ نویس کی حیثیت سے بھی منوا لیا۔ بورشیرت کی افسانوی تخلیقات اگرچہ مروجہ پلاٹ کی پابند نہیں ہوتیں لیکن ان کا دلچسپ اور موثر انداز بیان قاری کو متاثر کرتا ہے۔ اکثر مرقعوں پر وہ محض وقتی اور لمحاتی تاثرات کو بھی فنکاری کے ساتھ کینوس پر پھیلا دیتا ہے اس کی تخلیقات اپنے وقت کے ہنگاموں کی جیتی جاگتی داستانیں ہیں جن میں زندگی کی خواہش بھی ہے اور اس سے خوف بھی۔ ان شدائد کے خلاف بورشیرت کی آواز ایک دامانہ لیکن شدید احتجاج کی حیثیت رکھتی ہے۔ نثر میں وہ عظیم جرمن ڈرامہ نویس جورج بوشنر سے متاثر ہوا ہے لیکن ہیئت کی جدید تشکیل میں اس کے تجربے انفرادی نوعیت رکھتے ہیں جس کی مثالیں "اسی مشکل کو" اور "سنگ مل" میں دیکھی جا سکتی ہے۔

---

1. 'Kurt Kusenberg
2. 'Der blaue Traum'
3. 'Die Sonnenblumen'
4. 'Wein auf Lebenszeit'
5. 'La Botella'
6. Heinz Risse
7. 'Irrfahrer'
8. 'Schlangen in Genf'
9. 'Belohne dich Selbst'
10. Heinrich Boll
11. 'Nichtnur zur Weinachzeit
12. 'Das Brot d. Fruhen Jahre'
13. 'Uber die Brucke'
14. 'Der Man mit dem Messers'
15. Wolfgang Borchert
16. 'Draussen vor der Tur.'
17. 'An diesem Dienstag'

ازے آئشنگر جرمنی کے طبقۂ اناث میں سب سے زیادہ شہرت یافتہ فنکارہ ہے۔ اس کا اسلوب مروجہ انداز سے بالکل مختلف نظر آتا ہے۔ خصوصیت کے ساتھ روایتی افسانہ کی تشکیل میں ازے کا حصہ بہت نمایاں ہے۔ اس کی تخلیقات میں انسانی جذبات و محسوسات ایک آفاق گیر انداز میں پیش ہوتے ہیں۔ ماورائیت میں وہ براہ راست کافکا اسکول کا تتبع کرتی ہے چنانچہ اس کے یہاں بھی حقائق، اساطیر، علائم اور اسرار و رموز کی بھول بھلیاں قاری کے لیے خواب کی تمثیلوں کا کام کرتی ہیں جن میں گم ہو کر زمانی و مکانی احساسات ختم ہو جاتے ہیں اور پڑھنے والا تصورات کی دنیا ہی کو حقیقی دنیا سمجھنے لگتا ہے۔ ازے کا ابتدائی افسانوی مجموعہ "بندھا انسان"[1] کے نام سے ۱۹۵۵ء میں شائع ہوا تھا جس کو اب تک یورپ کی تمام بڑی زبانوں میں ترجمہ کیا جا چکا ہے حال ہی میں فشر لاگ نے اس کی نثری تخلیقات کا ایک اور مجموعہ "معدوم لمحہ"[2] کے نام سے شائع کیا ہے جس میں ماورائیت کی جدید تکنیک استعمال کی گئی ہے۔

ازے کے بیان پر جدید جرمن افسانہ کا جائزہ ختم ہو جاتا ہے۔ اس میں ابتدا سے لے کر موجودہ عہد تک کے تمام نامور فنکار شامل ہیں لیکن ان لکھنے والوں کے علاوہ بھی نئی نسل کے اور بہت سے قلم کار ہیں جن کی تخلیقات جرمن اخبارات و رسائل میں چھپتی رہتی ہیں۔ دورِ حاضر میں یہ لوگ بھی جرمن افسانہ کی ترقی میں نمایاں حصہ لے رہے ہیں ان کی تخلیقات کا محور آج کی جرمن زندگی ہے جو ناقابلِ حل مسائل سے دوچار ہے اس ضمن میں جنگ کے باقیات، جرمنی پر یوروپ و امریکہ کی یلغار، مختلف معاشروں کا تصادم، سیاسی و نظریاتی کشمکش، برلن کا بحران، ایٹمی خطرات اور سب سے بڑھ کر آنے والی جنگ کا خوف موجودہ لکھنے والوں پر اثر انداز ہے۔ ان فن کاروں میں ہانڈرنش الفریڈ، بہائم شوار سباخ، بینڈر ہاؤس، ہربرٹ آئزن رائش، ولی فیزے، ہوگو ہارٹنگ، مائن اڈنبل ولی کراسپ، فرانس نابل، گیہارٹ پول، لوئزے رنسر، ارنسٹ شنابل، اور ہاؤس شوماخر جیسے قلم کار شامل ہیں ——

۱۷۹۷ء میں گوئٹے نے ادب کی دائمی قدروں کے بارے میں کہا تھا۔

"ادب کی دنیا اپنا ایک وجود رکھتی ہے جسے کبھی ختم نہیں کیا جا سکتا۔ آرٹ کی اس دنیا سے اس جیسی یا اور دوسری نئی دنیائیں پیدا ہوتی رہیں گی۔ اس دنیا میں ابدی زندگی سانس لیتی ہے جو ہمیشہ سے بوڑھی، جوان اور

---

1. Ilse Aichinger
2. Der Gefesselte
3. Zu keiner Stunde
4. Andresch Alfred
5. Beheim Schwarzbach
   Bender Haus
   Herbert Eisenreich
   Willi Fehse
   Hugo Harting
   Meinrad Inglin
   Willi Kramp
   Franz Nabl
   Gehart Pohl
   Luise Rinser
   Ernst Schnabl
   Hans Schumacher

بچ رہی ہے۔ آنے والے حوادث اس کی اس ازلی حیثیت کو نہیں بدل سکیں گے اور اس دُنیا میں بسنے والے فن کی سعادتوں سے یوں ہی فیضیاب ہوتے رہیں گے جن کا عام آدمی احساس بھی نہیں کر سکتا۔"

صرف چار سال گزرے تھے کہ حالات کے تغیر نے کارولینے شلیگل کے دل میں خدشات پیدا کر دیے۔ ۱۸۰۱ء میں اُس نے آنے والے خطرات سے متاثر ہو کر ولیم شلیگل کے نام ایک خط میں لکھا۔

"میرے دوست، مسلسل دوہرائے جا۔ یہ زندگی کس قدر مختصر ہے لیکن پھر بھی کتنی عظیم! بالکل آرٹ کی دُنیا کی مانند۔ نقاد لکھتے رہیں گے، قوانین یونہی تھکتی رہیں گی، نظام بدل جائیں گے اور جب یہ دُنیا کاغذ کے ایک جیتے پُرزے کی طرح جلے گی تو یاد رکھ آرٹ کا یہ سارا مال و متاع اس بھیانک شعلہ کی آخری لپک ثابت ہوگا، اور پھر اندھیرا چھا جائے گا۔"

نہیں کہا جا سکتا آج کی جرمن دُنیا کیا محسوس کر رہی ہے؟ آیا وہ گوئٹے کی اس 'یقین دہانی' سے مطمئن ہے یا شلیگل والے خطرات سے خائف ——— ؟؟

---

1. Karoline Schlege
2. With-Im Schlege!

۸، برس کے بعد

ادارۂ نقوش

مکاتیب نمبر

کی صورت میں

خطوط کا دوسرا غیر مطبوعہ اور نایاب سرمایہ

اردو ادب

کے حوالے کرنے کا اہتمام کر رہا ہے

اگر آپ بھی اس سلسلے میں ہماری کچھ مدد کر سکتے ہوں
تو اس سے دریغ نہ فرمائیں تاکہ ادب کا مکاتیبی باب
ابدیت کی حدوں کو چھو لے

مجلس ترقی اردو لاہور

کی

کلاسیکی اور تحقیقی مطبوعات

(تفصیلی فہرست مفت طلب فرمائیے)

مقالاتِ سرسید	سرسید احمد خاں	۱۰/۰۰
مواعظِ حسنہ	از ڈپٹی نذیر احمد	۴/۰۰
سوانح مولانا روم	از شبلی نعمانی	۲/۵۰
قصص ہند	از مولانا محمد حسین آزاد	۲/۰۰
نقش لطف	از شیر علی افسوس	۸/۰۰
دیوانِ غالب	از خواجہ الطاف حسین حالی	۹/۰۰
امراؤ جان ادا	از مرزا رسوا لکھنوی	۵/۰۰
فسانۂ مبتلا	از ڈپٹی نذیر احمد دہلوی	۴/۵۰
فردوسِ بریں	از عبدالحلیم شرر	۲/۰۰
مرقعِ چغتائی	از مرزا رسوا لکھنوی	۲/۵۰
وطن	از محمد بخش مہجور	۶/۰۰
سرورِ سخن	از میر سخن دہلوی	۵/۰۰
غرور افروز	از شیخ حفیظ الدین احمد	۴/۵۰
جوہرِ اخلاق	از جیمز کارکرن	۱/۵۰
جامع الحکایات ہندی		۳/۰۰
صدقِ ہندی	از میر بہادر علی حسینی	۳/۰۰
گلِ سفرت	از حیدر بخش حیدری	۴/۵۰
مجالسِ تقصص	از شاہ عالم ثانی	۹/۰۰
کتابِ داغ	از داغ دہلوی	۷/۵۰
دیوانِ درد	از خواجہ میر درد	۳/۵۰
رسالۂ گل کرسٹ (قواعد زبان اردو)	از گل کرسٹ	۲/۵۰

بہارِ دانش	از مرزا جان تپش	۳/۰۰
بیتال پچیسی	از مظہر علی خاں ولا	۴/۰۰
بہارستانِ ناز	از حکیم مسیح الدین رسا	۴/۵۰
ملک العزیز ورجنا	از عبدالحلیم شرر	۵/۵۰
واسوخت امانت		۲/۷۵
مقالاتِ سرسید احمد خاں	چودہ جلدیں	۶۳/۰۰
توتا کہانی	از حیدر بخش حیدری	۳/۵۰
سکنتلا	از کالم علی جوان	۲/۲۵
موازنۂ انیس و دبیر	از شبلی نعمانی	۸/۰۰
نشتر	از سجاد حسین انجم	۴/۰۰
باغِ اردو	از میر شیر علی افسوس	۵/۰۰
کلیاتِ مومن	(دو جلدیں)	۱۲/۰۰
توبۃ النصوح	از ڈپٹی نذیر احمد	۷/۷۵
ذوق ۔ سوانح اور انتقاد	از ڈاکٹر تنویر احمد علوی	۸/۰۰
مومن ۔ حالاتِ زندگی	از فائق رام پوری	۵/۵۰
ڈراما نگاری کا فن	از ڈاکٹر محمد اسلم قریشی	۶/۵۰
مرزا محمد ہادی مرزا رسوا	از ڈاکٹر میمونہ حکیم انصاری	۶/۰۰
اصولِ انتقادِ ادبیات	از سید عابد علی عابد	۹/۰۰
مباحث	از ڈاکٹر سید محمد عبداللہ	۱۲/۰۰
میر امن سے عبدالحق تک	از ڈاکٹر سید محمد عبداللہ	زیرِ طبع
مقالاتِ حافظ محمود شیرانی		زیرِ طبع

سول ایجنٹ

مکتبۂ ادبِ جدید

۱۵ پٹیالہ گراؤنڈ ۔ میکلوڈ روڈ ۔ لاہور

ترقی میں دوش بدوش

تیل کیا ہے؟ روشنی اور توانائی۔ روشنی اور توانائی ترقی و خوشحالی کا ملغوبہ ہیں۔ توانائی کو عظیم قوت میں تبدیل کرنے اور دور دور تک روشنی پہنچانے کے لئے بند تعمیر کئے جاتے ہیں۔ وارسک بند پاکستان کی زبردست ترقی کا مظہر ہے۔ اسے وجود میں لانے کے لئے برما شیل کے تیل سے چلنے والی مشینیں مسلسل رات دن مصروف رہیں۔ اور اب وارسک کے بعد منگلا بند کی تعمیر شروع ہو گئی ہے۔ اس عظیم بند کی تعمیر کے لئے بھی برما شیل ہی تیل فراہم کر رہی ہے۔ برما شیل کو اس بات پر فخر ہے کہ وہ ترقی و خوشحالی کے ان عظیم منصوبوں میں پاکستانی عوام کے دوش بدوش ہے۔



بھروسے کے قابل — برما شیل

دِلفریب اور دیدہ زیب پارچہ جات

خوش رنگ
اور
خوش وضع

کالونی

ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ
اسماعیل آباد (ملتان)

کالونی سیلز ڈپو
۴۴۔ بی ایڈورڈ روڈ مندر الہنپتال
۴۸۔ دی مال۔ لاہور۔

L.S.S. 5/15.

اکیڈمی لائبریری سیریز

پہلا سیٹ

[illegible] گلزار نسیم، دیا شنکر نسیم، مقدمہ سید وقار عظیم	۱/۲۵
[illegible] (ناول)، ڈپٹی نذیر احمد مع فرہنگ	۲/۵۰
انتخاب مضامین سرسید، مع سوانح تنقید و تعارف و فرہنگ	۱/۲۵
انتخاب مقالات مہدی، مع تذکرہ و تنقید بابائے اردو	۰/۷۵
انتخاب مقالات شبلی، مع تذکرہ و تبصرہ علامہ الدین خالد	۱/۲۵
دہلی کا ایک یادگار مشاعرہ، فرحت اللہ بیگ	۲/-
نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی	
کچھ اپنی زبانی، فرحت اللہ بیگ	۱/۲۵
آزادی و تہذیب، مترجمہ ڈاکٹر سعادت بریلوی	۲/۵۰
اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر، علامہ شبلی	۱/۲۵
الفوز الکبیر، حضرت شاہ ولی اللہؒ	۲/۲۵
احق الذین، منشی سجاد حسین ایڈیٹر اودھ پنچ	۱/۲۵
خطبات اقبال، مرتبہ رضیہ فرحت بانو	۱/۲۵

دوسرا سیٹ

شاہد [illegible]، قاضی عبدالغفار حسینی	۲/-
توبۃ النصوح (ناول)، ڈپٹی نذیر احمد	
تبصرہ مولانا عبدالماجد دریا آبادی	۲/-
ضدی (ناول)، مصنفہ عصمت چغتائی	۱/۲۵
چوٹیں (افسانے)، مصنفہ عصمت چغتائی	۱/۷۰
باغ و بہار، مصنفہ میر امن دہلوی	
مقدمہ و تذکرہ سید ابو الخیر کشفی	۲/-
فریب زلف (ناول)، مرزا محمد ہادی رسوا، مقدمہ ڈاکٹر محمد احسن فاروقی	۱/۵۰
مریم مجدلینی (ناول)، مصنفہ ماریس باترلنگ، ترجمہ آنند نرائن ملا آبادی	۱/۲۵
دیوان غالب (مطابق طاہر ایڈیشن)	۱/۲۵
امراؤ جان ادا (ناول)، مرزا محمد ہادی رسوا	
تنقید و تبصرہ ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی	۳/-
اختری بیگم (ناول)، مرزا محمد ہادی رسوا	۲/۵۰
بوڑھا اور سمندر (ناول)، مصنفہ ارنسٹ ہیمنگوے	
(نوبل انعام یافتہ)، ترجمہ و تعارف ابن سلیم	۲/-

حالی اور نیا تنقیدی شعور، مصنفہ اختر انصاری ۱/۵۰

تیسرا سیٹ

دیوان خواجہ میر درد، مرتبہ عبدالباری آسی	۱/۵۰
مقدمہ شعر و شاعری، مصنفہ الطاف حسین حالی	۱/۷۵
نیرنگ خیال (مضامین)، محمد حسین آزاد	
تبصرہ اسلم فرخی مع فرہنگ	۱/۷۵
یادگار غالب (سوانح و شرح)، مولانا حالی	
(جلد اول)، مقدمہ سید ابو الخیر کشفی	۲/۷۵
یادگار غالب (جلد دوم)، مولانا حالی (فارسی نظم و نثر کا انتخاب)	۲/۲۵
زلوراہ (افسانے)، منشی پریم چند	۲/۷۰
موازنہ انیس و دبیر، علامہ شبلی نعمانی (تنقید و تجزیہ)	۳/-
ایک ملکہ ایک محبوبہ، ترجمہ عمر عامر	
(نپولین اور اس کی محبوبہ کے خطوط)	۱/۲۵
چھوئی موئی (افسانے)، عصمت چغتائی	۲/-
قصص ہند (تاریخ)، محمد حسین آزاد	۲/-
عود ہندی (انشاء)، مرزا غالب	۲/-
کلیات آتش، مرتبہ مقدمہ سید وقار عظیم	۸/۵۰

چوتھا سپا عجوبات سیٹ

امریکی انتخابات، پروفیسر ہاورڈ آر پینی مین	
(ایک سیاسی جائزہ)، مترجمہ ڈاکٹر احمد عبدالقدیر وغیرہ	۱/۵۰
مختصر تاریخ ادب اردو، ڈاکٹر اعجاز حسین	۵/-
ترکی حور (ڈرامہ)، آغا حشر کاشمیری	۱/۵۰
مسدس حالی (صدی ایڈیشن)، مولانا حالی	۲/۲۵
مثنوی سحر البیان، میر حسن دہلوی	۱/۶۰
شریر بیوی (ناول)، حکیم بیگ چغتائی	
کولتار (ناول)، حکیم بیگ چغتائی	
اقتصادی ترقی کے بیسز ڈی کالونز روڈ	
تجربہ باقی ساپنے، ترجمہ پروفیسر صوفی گلزار احمد	۲/۵۰

اردو اکیڈمی سندھ
بہادر شاہ مارکیٹ، کراچی

+ پنجاب آفس

اردو مرکز
گنپت روڈ، لاہور





برقِ جہندہ

جوش ملیح آبادی

چرخ تک شورِ لنِ ترانی ہے
ہائے کیا مدھ بھری جوانی ہے

شوخ، بے باک، چلبلی، مضطر
نقہ میں طوفاں، انیتوں میں بھنور

انکھڑیوں میں غزل سرا کاجل
گرمیٔ تن سے کھولتی ہیکل،

انکھڑیوں میں نہیں یہ نیند کا بھاؤ
جوئے صہبا میں چل رہی ہے ناؤ

یوں جوانی کی زد پہ بالکپن
جوں ہوا میں حریر کا دامن

کم سنی و شباب کا سنگم
رُخ پر اک جھٹپٹے کا ہے عالم

موجِ گُل نے، بدن کو ڈھالا ہے
سایۂ شاخِ گل نے پالا ہے

شوخیوں سے ہیں خال و خد روشن
موتیوں پہ دمک رہی ہے کرن

"جوگیا" کی لٹک تکلم میں
بھیرویں کی کھنک تبسم میں

چال میں گھومتا ہے یوں کولا
جیسے جھولے دھنا سری جھولا

روئے تاباں پہ ولولے ایسے
قصرِ مرمر پہ چاندنی جیسے

یوں اُبلتا ہے جسم سے کندن
موجِ زر ہے تمام پیراہن

زیرِ پوشاک شعلۂ دل جو
جیسے پتوں میں پرفشاں جگنو

زلف کی چھاؤں میں طرب گاہیں
تارِ زر کی بنی ہوئی باہیں

الاماں! تابِ رخ میں لاکھوں طور
وَقِنا ربّنا عذابَ النّور

الھڑ

جوش ملیح آبادی

الھڑ، چنچل، شوخ، دِوانی
بات ھلالی، لہجہ کتانی
اپنے سے خود کھینچا تانی
لٹ میں لرزاں پیت کہانی
جیسے کھلتی بال کمانی
آہا ہا، چت چور جوانی
اوہو ہو، گھنگھور جوانی

گاہ سراب و گاہ ہے جیحوں
گاہ ہے لیلیٰ، گاہ ہے مجنوں
دن کو "آہا" شب کو "اوں ہوں"
وقتِ ایفا، رشکِ قاروں
وقتِ پیماں، حاتمِ ثانی
آہا ہا، چت چور جوانی
اوہو ہو، گھنگھور جوانی

تن میں بجتا رم جھم ساون
من میں چلتی پُروا سَن سَن
پھنکتا پنڈا، تپتا جوبن
گاہے چھلیں، گاہے اَن بَن
پل میں شوم، اور پل میں دانی
آہا ہا، چت چور جوانی
اوہو ہو، گھنگھور جوانی

دور رہو تو یارِ خنداں
پاس جو آؤ تیغِ عریاں
خلوتِ کفر و جلوتِ ایماں
پاؤں پڑو تو شاداں فرحاں
ہاتھ بڑھے تو آنا کانی
آہا ہا، چت چور جوانی
اوہو ہو، گھنگھور جوانی

دیکھا مجھ کو ندیا نارے
پلو ڈھلکا، مچلے دھارے
پلکیں جھپکیں، ٹوٹے تارے
آنکھ جھکا لی، ڈر کے مارے
بھولی ساری آنی بانی
آہا ہا، چت چور جوانی
اوہو ہو، گھنگھور جوانی

ایک لٹک میں سو جھکورے
نیناں جیسے پھول کٹورے
کہتے ہیں یہ پاپی ڈورے
"نگال نہ چھونا نیناں موریے"

نیناں تو ہوں گی اور دوانی
آہا ہا چت چور جوانی
اوہو ہو، گھنگھور جوانی

بائیں چمپا، دہنے بیلا
جوہی لونڈی، گیندا چیلا
رنگوں کا وہ مکھ پر ریلا
سندر بن میں جیسے میلا

میلا، جیسے بھور سہانی
آہا ہا، چت چور جوانی
اوہو ہو، گھنگھور جوانی

اجلی گھلی، اتھلی، اچپل
بھٹکتی پلکیں، چھبتا کاجل
گھور بھنور کی تن میں ہلچل
گھٹ میں آندھی، لٹ میں بادل

جھکے بریں رات کی رانی
آہا ہا، چت چور جوانی
اوہو ہو، گھنگھور جوانی

تال کے بر میں، جھل جھل زیور
لے میں، ترچھی موج کوثر
سر کے سر پر آڑا جھومر
پل ہے دھنک کا دہن کے اوپر

بول گلابی، تانیں دھانی
آہا ہا، چت چور جوانی
اوہو ہو، گھنگھور جوانی

آبی آنچل، سرخ شلوکا
نیناں بکھرے، مکھڑا لوکا
رنگ سنہرا، انگ بھبھوکا
بال کھلے تو جنگل کوکا

بات جو کی تو برسا پانی
آہا ہا، چت چور جوانی
اوہو ہو، گھنگھور جوانی

○

فراق گورکھپوری

فرزانگی بڑھی تو سراسر خوشی گھٹی
اے روشنیٔ طبع تو برمن بلا شدی

میری خطاؤں پر بھی نہیں لطف میں کمی
یعنی تمھاری اب وہ محبت نہیں رہی

تھی تیری چشمِ ناز میں یا میرے دل میں تھی
وہ مے کہ جام ہی میں رہی اور چھلک گئی

اس بزمِ ناز میں جو سنی تھی نہ ان سنی
عشق زباں دراز نے وہ ان کہی کہی

رہ داغِ غم وہ میری زباں پر رکی رکی
ہونٹوں پہ تیرے موجِ تبسم تھمی تھمی

شاعر سے کہہ رہی ہے یہ ہونٹوں کی پنکھڑی
سو خوش بیانیوں کا جواب ایک خامشی

خم پر مرے وہ ضبطِ تبسم نہ ہو کہیں
ہونٹوں کی اوٹ میں وہ کرن سی دبی دبی

آنکھوں کی حسن کے صدقے کہ ہونٹ پر
اک مسکراہٹ اور یہ آنکھیں بھری بھری

اے طالبِ بقائے محبت یہ جان لے
ہر چیز آنی جانی ہے ہر شے ہے رفتنی

یہ تو نہیں کہ عشق پہ دائم رہے عتاب
تو مہرباں ضرور ہو لیکن کبھی کبھی

ساقی ترے نثار دیا ارغواں نشاط
لیکن لہو بھی کچھ رگِ پیمانہ دے گئی

یہ سحر کاریاں تری آنکھوں کو وقف ہیں
موسیٰ کے معجزے ہیں نہ جادوئے سامری

بیداریاں بھی منتظر انگڑائیوں کی ہیں
"اٹھیے بس اب کہ لذتِ خوابِ سحر گئی"

ہم دیکھتے ہی رہ گئے اندازِ چشمِ ناز
"دل سے تری نگاہ جگر تک اتر گئی"

میری فسردگی کو مٹائے تو میں کہوں
یوں تو تری نگاہ ہے پیغامِ زندگی

ہم شاعروں کو چھوڑ کے تھی جن کی دھوم دھام
دنیا کو یاد آ نہ سکے ان کے نام بھی

میں نے سکونِ حسن کو دیکھا جو غور سے
وہ درد تھا کہ روحِ محبت تڑپ گئی

آئی تھی شاعری سے گلے ملنے روحِ عصر
کہہ کر "تجھے فراق کو سونپا" گزر گئی

○

سید عابد علی عابد

بے سبب آپ کا وہ برسرِ احساں ہونا
ناگہاں عقدۂ دشوار کا آساں ہونا

دوستو! دولتِ کونین کہاں ملتی ہے؟
در بدر خاک بسر چاک گریباں ہونا

دل دہی میں تری جانب سے کمی کوئی نہ تھی
میری قسمت میں ہے درماندہ و حیراں ہونا

قفسِ باغ میں وہ شورشِ آہنگِ طیور
وہ مرا فصلِ بہاراں میں غزل خواں ہونا

ناصحا! تجھ کو یہ ایں دشمنیٔ اہلِ نیاز
زیب دیتا تھا درِ ناز کا درباں ہونا

ہمدمو! وقت یہ کہتا ہے کہ اب لازم ہے
رہ ہر و قتل گہ کوچۂ جاناں ہونا

اے حیا! انجمنِ ناز میں لینا کوئی آڑ
لبِ لعلیں کی جگہ چشمِ سخن داں ہونا

غمِ دنیا مجھے رکھتا ہے پریشاں خاطر
کاش دیکھوں ترے گیسو کا پریشاں ہونا

مرے جانے کی تمنا میں جیے جاتے ہیں
چارہ گر! دیکھ لیا درد کا درماں ہونا

کیا تماشا ہے کہ شہروں کو جلائے عابد
آتشِ لالہ کا صحرا میں فروزاں ہونا

صدائے بے صدا

احمد ندیم قاسمی

اظہارِ مدعا کی اجازت کا شکریہ
لیکن مری زبان تو واپس دلائیے
الفاظ سے صدا کی صفت کس نے چھین لی
اس رہزنی کا کھوج تو پہلے لگائیے

جب مل گیا مجھے مری آواز کا سراغ
جنباں رہیں گے کنجِ لحد میں بھی میرے لب
یوں بولنے کو بول تو دوں آج بھی، مگر
تاروں کے ٹوٹنے سے نہ ٹوٹا سکوتِ شب

○

احمد ندیم قاسمی

آج کی شب تم نہ آپائے، مگر اچھا ہوا
چاندنی روئی ہوئی ہے، چاند ہے ٹوٹا ہوا

شام کا جادو تھا یا شدت تمھاری یاد کی
وقت کیا، مجھ کو تو دریا بھی لگا ٹھہرا ہوا

جان و تن جلتے ہیں لیکن ایک کیفیت کے ساتھ
حسن اک شعلہ تو ہوتا ہے، مگر پگھلا ہوا

ہجر کا احساس تنہائی ہے بے قیدِ مقام
مجھ کو تو صحنِ چمن بھی دامنِ صحرا ہوا

جذبۂ تخلیق نے ماتم کی مہلت ہی نہ دی
ہر لٹے منظر سے اک منظر نیا پیدا ہوا

وقت کی اپنی طبیعت، عشق کا اپنا مزاج
زندگی پر چھا گیا ہے ایک پل گزرا ہوا

آدمی اک تھا، مگر اس کے ہزاروں رُوپ تھے
وہ کبھی بندہ، کبھی آقا، کبھی مولا ہوا

کیا سوائے موت، کچھ بھی دستِ قدرت میں نہیں؟
یہ تماشا تو ہے صدیوں سے مرا دیکھا ہوا

دشمن

قتیل شفائی

میں اور وہ جب ملتے ہیں تنہائی میں
بند کواڑوں پر لہرانے والے کچھ پردوں کے سوا
کوئی اور نہیں ہوتا

میرے ہونٹوں کے پیچھے
اور اس کے دل کی دھڑکن میں
کہرام سا مچنے لگتا ہے
میں سوچتا ہوں
سب کچھ کہدوں
وہ چاہتی ہے
سب کچھ سُن لے
ہر بار مگر
کچھ کہنے سننے سے پہلے
اک انجانا سا شخص کوئی
معلوم نہیں کس رستے سے
ان بند کواڑوں کے اندر آجاتا ہے
تب مرے ہونٹوں کے پیچھے
اور اس کے دل کی دھڑکن میں
کہرام مچاتی رہتی ہے

[illegible]
میں بے کھٹکے
سب کچھ کہدوں
وہ بن سہمے
سب کچھ سُن لے

[redacted]

نیند کے گہرے سمندر میں جہاں غرقاب تھا
ایک میں ساحل پہ تھا سو ماہیٔ بے آب

کیا بتاؤں دوستو، ان کے خیال آنے کا حال
جھلملاتی جھیل میں لرزاں کوئی مہتاب تھا

بہہ گئے آنکھوں سے جب آنسو تو یاد آیا مجھے
اک جہانِ آرزو آباد زیرِ آب تھا

اب بھی ہے میرے گریباں میں کسی ہاتھوں کی باس
کون کہتا ہے خلوصِ دوست نایاب تھا

مجھ سے ہو گئیں کچھ اس لیے بھی منزلیں
ہمسفر میرا خود اپنا ریشۂ خواب تھا

محفلِ سبھی کو مل گیا اعزازِ جام
ایک دیوانہ تو بیگانۂ آداب تھا

نور ہو گیا اک جلوۂ خورشید سے
ورنہ میں اب تک فقط اک خشک شب تھا

کیا بتاؤں آنکھیں بند کر کے رات ان
میں نے دیکھا جو کھلی آنکھوں کو وہ خواب تھا

میں کشتی کے لیے آغوش پھیلائے تھی
یا خدا کی ذات تھی یا حلقۂ گرداب تھا

دشمن

قتیل شفائی

میں اور وہ جب ملتے ہیں تنہائی میں
بند کواڑوں پر لہراتے کچھ پردوں کے سوا
کوئی اور نہیں ہوتا

میرے ہونٹوں کے پیچھے
اور اس کے دل کی دھڑکن میں
کہرام سا مچنے لگتا ہے
میں سوچتا ہوں
سب کچھ کہہ دوں
وہ چاہتی ہے
سب کچھ سُن لے
ہر بار مگر
کچھ کہنے سننے سے پہلے
اک انجانا سا شخص کوئی
معلوم نہیں کس رستے سے
ان بند کواڑوں کے اندر آجاتا ہے
تب میرے ہونٹوں کے پیچھے
اور اس کے دل کی دھڑکن میں
کہرام مچاتی باتوں کا
اک مدفن سا بن جاتا ہے
تھرّاتے لب سل جاتے ہیں
گاتی دھڑکن رُک جاتی ہے
اس بار مگر
جی چاہتا ہے
اک سازش کر لیں ہم دونوں
جب بند کواڑوں کے اندر
مجبور پرانی عادت سے
وہ شخص اگر پھر آجائے
اس شخص کی روشن آنکھوں کو
ہم دانیں گرم سلاخوں سے
اس شخص کے سنتے کانوں میں
ہم پگھلا ہوا سیسہ بھر دیں
پھر کھول کے بند کواڑوں کو
اور نوچ کے بوجھل پردوں کو
میں بے کھٹکے
سب کچھ کہہ دوں
وہ بن سہمے
سب کچھ سُن لے

○

قتیل شفائی

نیند کے گھر سے سمندر میں جہاں غرقاب تھا
ایک میں ساحل پہ تھا سو ماہیٔ بے آب تھا

کیا بتاؤں دوستو، ان کے خیال آنے کا حال
جھلملاتی جھیل میں لرزاں کوئی مہتاب تھا

بہہ گئے آنکھوں سے جب آنسو تو یاد آیا مجھے
اِک جہانِ آرزو آباد، زیرِ آب تھا

اب بھی ہے میرے گریباں میں کئی ہاتھوں کی باس
کون کہتا ہے خلوصِ دوستاں نایاب تھا

دور مجھ سے ہو گئیں کچھ اس لیے بھی منزلیں
ہمسفر میرا غلامِ ریشم و کمخواب تھا

بر سرِ محفل سبھی کو مل گیا اعزازِ جام
ایک دیوانہ ترا بیگانۂ آداب تھا

دل منور ہو گیا اک جلوۂ خورشید سے
ورنہ میں اب تک فدائے کرکبِ شب تاب تھا

سوچتا رہتا ہوں آنکھیں بند کر کے رات دن
میں نے دیکھا جو کھلی آنکھوں وہ کیسا خواب تھا

میری کشتی کے لیے آغوش پھیلائے قتیلؔ
یا خدا کی ذات تھی یا حلقۂ گرداب تھا

ایکٹرس کا کنٹریکٹ

مجید امجد

مرا وجود، مری زندگی کا بھید ہے، دیکھ
یہ ایک ہونٹ کے شعلے پہ برگِ گل سے خراش
یہ ایک جسم کے کندن میں گدگدی سے گداز
یہ ایک روح بھنچے بازوؤں میں کھیلتی لہر

ذرا قریب تو آ، دیکھ تیرے سامنے ہیں
یہ سرخ رس بھرے لب جن کی اک جھلک کے لیے
کبھی قبیلوں کے دل جوشنوں میں دھڑکے تھے
جو تو کہے، تو یہی ہونٹ، سرخ رس بھرے ہونٹ
ترے لہو میں شگوفے کھلا بھی سکتے ہیں

قریب آ، یہ بدن، میری زندگی کا طلسم
تری نگاہ کی چنگاریوں کا پیاسا ہے
جو تو کہے، تو یہی نرم، لہریا، آنچل
یہی نقاب، مری چٹکیوں میں اٹکی ہوئی
یہی ادا، مری انگڑائیوں سے مسکی ہوئی
یہ آبشار، دھلانوں سے گر بھی سکتی ہے
بس ایک شرط! یہ گوہر سطور دستاویز
ذرا کوئی یہ وثیقہ رقم کرے تو سہی
اِکائیوں کے اِدھر، جتنے دائرے ہوں گے
اِدھر بھی اُتنے ہی عکس ان برہنہ شعلوں کے

○

میکش اکبرآبادی

جنگ میں بھی اک صلح کا پہلو، صلح میں بھی اک جنگ کی آن
اِن گھاتوں کے نام ہیں کیا کیا ان باتوں کو کیا کہتے ہیں

بات ہوائی جیسے بادل، آنکھ جھپکتی جیسے بجلی
جسم مہکتا جیسے گلشن چال لچکتی جیسے لہریں

جسم پہ یوں پوشاک سجی ہے جیسے شبنم پھولوں پر
رنگ سنہری گل کالوں پر جیسے مانک کندن میں

اُس کی زلفیں جیسے ناگن بل کھائے بجلی لہرائے
اور نہ جانے کیسی ہیں وہ چھو کر کس نے دیکھی ہیں

اُس کی آنکھیں، اُس کی آنکھیں! کیسی ہیں کیا بتلاؤں
حیرت سے مجھ کو سوچنے دیجئے اُس کی آنکھیں اُس کی آنکھیں

○

شاد عارفی

قدم سنبھل کے بڑھاؤ کہ روشنی کم ہے
اگر یہ بھول نہ جاؤ کہ روشنی کم ہے

گھروں کو آگ لگاؤ کہ روشنی کم ہے
یہیں سے بات بناؤ کہ روشنی کم ہے

جواب یہ کہ کوئی رہنمائے قوم ہیں آپ
اگر کسی کو بتاؤ کہ روشنی کم ہے

سحر کو شام سمجھنا جو بس کی بات نہیں
یہی سوال اٹھاؤ کہ روشنی کم ہے

"شریکِ بزمِ سیاست" ہیں کچھ "بڑے چہرے"
ذرا قریب تو آؤ کہ روشنی کم ہے

صدا لگاؤ کہ "آنکھیں عجیب نعمت ہیں"
انھیں یقین دلاؤ کہ روشنی کم ہے

جھپٹ پڑیں نہ کہیں دن میں مشعلیں لے کر
عوام کو نہ سمجھاؤ کہ روشنی کم ہے

روا نہیں کہ کسی ڈوبتے ستارے کو
چراغِ راہ بناؤ کہ روشنی کم ہے

ذرا پہنچ کے تو دیکھو سوادِ منزل تک
تم اس خبر پہ نہ جاؤ کہ روشنی کم ہے

یہ "شاعرانِ غلط" ہیں" کہیں گے اک دن شادؔ
ہمیں چراغ دکھاؤ کہ روشنی کم ہے

○

صوفی تبسم

جن پہ ہیں تیری نظر کے سائے
اُن بہاروں پہ خزاں کیوں آئے
دُور ہیں اہلِ وفا کے مسکن
دل کی آواز کہاں تک جائے
تیری یادوں کی کڑی دیواریں
کون اس شہر سے باہر جائے
آج ہر بات سے جی گھبرایا!
آج ہر بات پہ وہ یاد آئے
کل تھی جس بات سے دل کو تسکین
آج اس بات سے جی گھبرائے
دلِ غمگیں میں امیدوں کا ہجوم
ڈوبتی شام کے لمبے سائے
کھو کے دنیا کو تجھے پایا ہے
تجھ کو کھو دے تو کوئی کیا پائے
ایسے تیور نہ بدلنا اے دوست
دیکھ کر تجھ کو نظر پچھتائے
کتنی شیریں ہے ترے حرف کی کسک
لب پہ آئے تو تبسم بن جائے

احسان دانش

تھی کس کو خبر اوج پہ قسمت نہ رہے گی
راتوں کو خوشی دن کو مسرت نہ رہے گی

یہ علم کہاں تھا مرے پندارِ جنوں کو
آنکھیں بھی اٹھانے کی جسارت نہ رہے گی

پابندِ وفا عشق بھی ملتا ہے بمشکل
اس دین میں یہ شرطِ عبادت نہ رہے گی

شکوہ تو محبت کے بھروسے پہ کیا تھا
یہ کس کو خبر تھی کہ محبت نہ رہے گی

تقدیر تھی یہ عرضِ تمنا کا نتیجہ
معروضِ تمنا کی اجازت نہ رہے گی

بارِ غمِ دنیا تو میسر ہی کسے ہے
بارِ غمِ ہستی کی بھی ہمت نہ رہے گی

آجاؤ کہ آثارِ زمانہ سے ہے ظاہر
اب بھی جو ہے ملنے میں سہولت نہ رہے گی

یہ دن تھا خیالات و تصور سے بھی باہر
ہم سے تمہیں ملنے کی بھی فرصت نہ رہے گی

چل دو گے کہیں چھوڑ کے تنہا مجھے اک دن
تم سے بھی کبھی خط و کتابت نہ رہے گی

درپیش ہیں کچھ میرے جنوں کو وہ مراحل
اب تم کو نہیں پھر مجھے فرصت نہ رہے گی

راتوں کی کمیں گہ سے وہ نکلیں گے ستارے
صبحوں کی جبیں پر یہ صباحت نہ رہے گی

دانش یہ زمانے کے رویے سے ہے ظاہر
باقی کوئی اب [illegible] رہے گی

بات

ل الرحمٰن اعظمی

جو مجھ پہ بیتی ہے
اس کی تفصیل میں کسی سے نہ کہہ سکوں گا
جو دُکھ اٹھائے ہیں
جن گناہوں کا بوجھ سینے میں لے کے پھرتا ہوں
اُن کو کہنے کا مجھ میں یارا نہیں ہے
میں دوسروں کی لکھی ہوئی کتابوں میں
داستاں اپنی ڈھونڈتا ہوں
جہاں جہاں سرگذشت میری ہے
ایسی سطروں کو میں مٹاتا ہوں
روشنائی سے کاٹ دیتا ہوں
مجھ کو لگتا ہے لوگ اس کو اگر پڑھیں گے
تو راہ چلتے ہوئے مجھ سے بولنے کیا پوچھنے لگیں گے

○

ناصر کاظمی

کہاں گئے وہ سخنور جو میرِ محفل تھے
ہمارا کیا ہے بھلا ہم کہاں کے کامل تھے

بھلا ہُوا کہ ہمیں یوں بھی کوئی کام نہ تھا
جو ہاتھ ٹوٹ گئے ٹوٹنے کے قابل تھے

حرام ہے جو صراحی کو منہ لگایا ہو
یہ اور بات کہ ہم بھی شریکِ محفل تھے

اب اُن سے آنکھ ملانے کو جی ترستا ہے
کبھی جو لوگ مرے رتجگوں میں شامل تھے

شناوروں کو ترے ڈوبنا ہی تھا منظور
قدم قدم پہ وگرنہ ہزار ساحل تھے

○

فضا ابن فیضی

م تو خیر ہیں جیون بیری خوار ہوئے معتوب ہوئے
ان سے پوچھے کوئی آخر کیوں اتنے محبوب ہوئے

یرے گیسو کی موجوں سے خوشبو خوشبو راہ گزر
تیرے عارض کے افسانے پھولوں سے منسوب ہوئے

ن دشت کی یہ تعریفیں اپنی سمجھ سے باہر ہیں
ہم خود اپنے طالب ٹھیرے خود اپنے مطلوب ہوئے

سے زیادہ معصومی بھی وجہِ سزا بن جاتی ہے
کانٹوں سے دامن کو بچایا، پھولوں کے معتوب ہوئے

صلحتِ ایام نہ تھی، یہ مجبوری حالات کی تھی
ہم ہاتھوں میں پتھر لے کر شیشے سے مرعوب ہوئے

ب طرح کی شہرت ٹھیری عشق میں یہ رسوائی بھی
جس کی تم نے بات نہ پوچھی اس کے چرچے خوب ہوئے

ب آتا ہے موسمِ گل تو اس کی خبر لے آتا ہے
گویا ہنستے پھول چمن کے سب اس کے مکتوب ہوئے

ی ہے اک رسمِ زمانہ، کیسی ہار، اور کیسی جیت
طوفاں کا رُخ پھیرنے والے تنکوں سے مغلوب ہوئے

ہ نہ جانے عشق میں کیسے دکھ کا رونا روتے ہیں
وہ غم کتنے شیریں نکلے جو تجھ سے منسوب ہوئے

ب جو کچھ ہو، موسمِ گل کے پہلے یہ تیور تو نہ تھے
کتنے نازک غنچے اپنی شاخوں پر مصلوب ہوئے

ہ گردشِ دفن کی پونجی مارے مارے پھرتے ہیں
ہم فن کار کہاں بن بیٹھے، کیوں نہ کوئی مجذوب ہوئے

تیری راہ گذر سے بچ کر چلنا اب مشکل ہے فضا
تو نے جو اسلوب نکالے وہ سب کے اسلوب ہوئے

○

جمیل ملک

زیرِ زمیں ملا، نہ تہہِ آسماں ملا
ہم جس پہ مرمٹے ہیں وہ پیکر کہاں ملا

تم ڈھونڈھنے چلے ہو کسے چاندرات میں
اب چاند کو بھی منزلِ شب کا نشاں ملا

ہر اک سے پوچھتا ہوں سرِ رہگزارِ شوق
کیا تم کو راستے میں کوئی ہم زباں ملا

جب زندگی پہ طنز ہوئی شامِ زندگی
وہ مہرباں ملا بھی ہمیں تو کہاں ملا!

پھر اُس کے بعد دل پہ جو گزری گزر گئی
اک شخص زندگی میں ہمیں ناگہاں ملا

ہم آئینہ بھی جس کے مقابل نہ لائے تھے
وہ جب ملا تو ہم سے بہت بدگماں ملا

مرنے کا مرحلہ ہو کہ جینے کی قید ہو
جو مل گیا جمیلؔ غمِ جاوداں ملا

شاعر لکھنوی

پیار کی خوشبو پھیل گئی تو ہوتی ہے رسوائی بھی
محفل سے گھبرانے والے مہکے گی تنہائی بھی

جن آنکھوں کو خشک سمجھ کر تم نے نظر انداز کیا
اُن آنکھوں میں ڈوب گئی ہے دریا کی گہرائی بھی

آئی تھی کیا کیا ارماں لے کر، مل نہ سکی دیوانے سے
خالی در پہ دستک دے کر لوٹ گئی تنہائی بھی

عشق کی راہ میں چلنے والے اپنے کو تنہا نہ سمجھ
شہرت بن کر ساتھ چلے گی صدیوں کی رسوائی بھی

کس گل کو سینے سے لگائیں کس گل کا دیدار کریں
راہِ بہاراں تکتے تکتے خون ہوئی بینائی بھی

زعم تھا کتنا حسنِ بیاں پر اُن سے مگر کچھ کہہ نہ سکے
اپنی طلب کی آگ میں جل کر خاک ہوئی گویائی بھی

O ✗

شاعر لکھنوی

اک اک پل اک ایک برس ہے، روٹھ کے اُن کے جانے سے
ہم لمحوں کو ناپ رہے ہیں صدیوں کے پیمانے سے

الجھے الجھے، کھوئے کھوئے، بیگانے بیگانے سے
پاس کھڑے وہ سوچ رہے ہیں، کیا پوچھیں دیوانے سے

رخ پہ پسینہ، تیز تنفس، نادم سا احساسِ وفا
مجھ پر کیسا کچھ بیت گئی ہے ایک ترے شرمانے سے

دل ہے جیسے کھویا کھویا آنکھیں جیسے خواب میں ہیں
کتنی دوری بڑھ جاتی ہے اُس کے قریب آجانے سے

کارِ جنوں پر رسوائی کی تہمت رکھنا سہل نہیں
جرأت ہو تو آنکھ ملا کر بات کرو دیوانے سے

دل میں جو تھی اک بوند لہو کی اشکوں میں تبدیل ہوئی
آج حقیقت بھیس بدل کر گزری ہے افسانے سے

پھول بھی نم دیدہ ہیں شاعر، کلیوں کی بھی آنکھ ہے نم
گلشن پر کیسا اوس پڑی ہے موسم گل کے آنے سے

○

مظہر امام

اپنے رستے ہوئے زخموں کی قبا لایا ہوں
[illegible] آیا ہوں

تشنگی حد سے سوا تو نہ تھی مے خواروں کی
جانے کیوں جام اٹھاتے ہوئے تھرایا ہوں

کام آئی ہے وہی زلف، جو میری نہ ہوئی
وقت کی دھوپ میں جس وقت میں کمھلایا ہوں

خیریت پوچھنے والے ہیں بہت سنجیدہ
جرم اتنا ہے کہ اک شوخ کا ہمسایہ ہوں

صبح ہو جائے تو اس پھول کو دیکھوں کہ جسے
میں شبستانِ بہاراں سے اٹھا لایا ہوں

عصرِ نو! مجھ کو نگاہوں میں چھپا کر رکھ لے
ایک مٹتی ہوئی تہذیب کا سرمایہ ہوں

نکہتِ آسودہ

شاذ تمکنت

لمس کی آنچ سے مہ پوریں مہکار سی ہے
گردشِ خوں ہے کہ شریانوں میں جھنکار سی ہے

آنکھیں جھکتی ہیں بہ انداز حجابِ دوشیں
شب کے پارے ہوئے کاجل کی چمک مدھم ہے
سخن زیرِ لب و قوسِ تبسم موہوم
احتیاط اتنی کہ کنگن کی کھنک مدھم ہے
چمپئی چھوٹ سی چھنتی ہوئی گھونگھٹ کے تلے
تیز ہے شعلۂ رخ، دل کی کسک مدھم ہے
گل کترتی ہوئی انگڑائی کی محراب دو نیم
شاخِ ہر عضو کے غنچوں کی چٹک مدھم ہے

کون جاگا ہے دمِ صبحِ سیر باشیں ناز
زلفِ پرپیچ و لباسِ شکن آلودہ لیے
موجِ انفاس میں اک نکہتِ آسودہ لیے

فارغ بخاری

لشت

سال پکارا ہے تجھے
نے کئی گوشوں سے
آواز کا جادو لیکن
بے رحم سماعت پہ کبھی چل نہ سکا
ں ستارہا
ں غمزدہ آواز کی گونج

ہمہ اوست

سحر سے لہرا اٹھی
شوخ، نشیلی، چنچل
لہرا اٹھی — تڑپی، اڑی
اڑ کے بنی — سطح فلک پر بادل

جھانک کر غرفۂ گردوں سے زمیں کو دیکھا
اپنی ہم جنسوں سے جب آنکھ ملی
شرم سے ہو گئی پانی پانی

ناخلف

پیڑ کا خوں پی کے شاخیں
پھیلتی بڑھتی رہیں
پھولتی پھلتی رہیں
رفعتوں کے بام کو چھوتی رہیں
بارور ہو کر کیا
سارے جہاں کو فیض یاب
لیکن اپنے پیڑ سے ہیں بے نیاز

نفرت

فارغ بخاری

یہ مسجد یہ مندر یہ دیر و حرم
ہمیشہ ہمیشہ نمایاں رہے جن کی چتون کے خم
یہ اندھی محبت کی قربان گاہیں
حسیں زندگی کی حرارت نگلتی ہوئی سرد راہیں
کھلی کذب و ایماں کی یہ منڈیاں
وفا و محبت کا نیلام اُٹھتا رہا ہے جہاں
اور ان میں یہ پھیلی ہوئی دُور تک
ایک کالی سڑک
خلوص آزماؤں کو بہکا رہی ہے
اُفق تا اُفق پھیلتی جا رہی ہے
فلک کے جواں نور کی بے پناہی
سے بھی چھٹ نہ پائی یہ خاکِ سیاہی
ہزاروں طرح سے اُبھرتے مہ و مہر کا خونِ ناحق
بھی لا سکا نہ سیلِ تباہی
ہمیشہ اسی طور قائم رہا
اس کا سرمایۂ کج کلاہی
اور اب تو ازل سے ابد تک
یہ کالی سڑک
دلوں کے بیاباں میں پھیلی ہوئی دُور تک
بھیانک لہو کا سمندر بنی ہے

گناہوں کی ندی

شاد امرتسری

آبنوسی رنگ تیکھے خال و خط
جسم کے اندر کہیں پوشیدہ روحِ بے سکوں
روح اسے لپٹی ہوئی آلودگی
آبنوسی رنگ اب تک یاد ہے

سنگِ اسود کی چٹانوں کے قریں
ریشم و اطلس کی ڈھلوانوں کے خم کے وسط میں
مخملیں کیفیتوں کی لہلہاتی جوئے بار
تیز اور بدمست آنکھوں میں گنہ کی چاشنی
جیسے کوئی دیوداسی خواہشوں کی راہ میں
دیوتاؤں کے بھجن کو تیاگ کر
منہ زوروں کے پروہتوں سے بھاگ کر
اک منش کے جسم کی چاہت کرے کرتی رہے
اور گناہوں کی ندی بہتی رہے .....

آبنوسی رنگ اب تک یاد ہے

○

شکیب جلالی

جلتے صحراؤں میں پھیلا ہوتا
کاش میں پیڑوں کا سایا ہوتا

تو جو اس راہ سے گذرا ہوتا
تیرا ملبوس بھی کالا ہوتا

میں گھٹا ہوں نہ پوَن ہوں نہ چراغ
ہمنشیں میرا کوئی کیا ہوتا

زخم عریاں تو نہ دیکھے گا کوئی
میں نے کچھ بھیس ہی بدلا ہوتا

کیوں سفینے میں چھپاتا دریا
گر مجھے پار اُترنا ہوتا

سب بن میں بھی ساتھ گئے ہیں سائے
میں کسی جا تو اکیلا ہوتا

مجھ سے شفاف ہے سینہ کس کا
چاند اس جھیل میں اترا ہوتا

اور بھی ٹوٹ کے آتی تری یاد
میں جو کچھ دن تجھے بھولا ہوتا

راکھ کر دیتے جلا کر شعلے
یہ دھواں دل میں نہ پھیلا ہوتا

کچھ تو آتا مری باتوں کا جواب
یہ کنواں اور جو گہرا ہوتا

نہ بکھرتا جو فضا میں نغمہ
سینۂ نے میں تڑپتا ہوتا

تھی مقدر میں خزاں ہی تو شکیب
میں کسی دشت میں مہکا ہوتا

پاداش

شکیب جلالی

کبھی اس سبک رَو ندی کے کنارے گئے ہی نہیں ہو
تمھیں کیا خبر ہے
وہاں ان گنت کھردرے پتھروں کو
سجل پانیوں نے
ملائم رسیلے، مُدھر گیت گا کر
امت چکنی گولائیوں کو ادا سونپ دی ہے

وہ پتھر نہیں تھا
جسے تم نے بے ڈول، اَن گھڑ سمجھ کر
پرانی چٹانوں سے ٹکرا کے توڑا
اب اس کے سلگتے تراشے
اگر پاؤں میں چُبھ گئے ہیں
تو کیوں چیختے ہو؟!

○

شفقت کاظمی

شکوہ تو کوئی تیرے جہاں سے نہ تھا مجھے
یہ اور بات ہے کہ نہ راس آسکا مجھے

اس طرح میں کسی کی جفا سے ہوں مطمئن
جیسے نہ ہو کسی کی شکایت روا مجھے

قسمت سے وہ نگاہ بھی تیور بدل گئی
لے دے کے جس نگاہ کا تھا آسرا مجھے

منزل پہ آگیا ہوں مگر کچھ نہ پوچھیے
کن سخت مرحلوں سے گذرنا پڑا مجھے

آباد کس دیار میں ہیں اب خبر نہیں
یارانِ رفتہ دے نہ گئے کچھ پتا مجھے

شفقت پھر اُس دیار کی جانب چلا ہوں میں
آئی تھی جس کی خاک سے بوئے وفا مجھے

○

بشیر بدر

کتابِ دل کے دکانوں پر بکے گی
زمانے کی نظر تجھ پر پڑے گی

بتاؤ کون ہے جو روک لے گا
محبت جب ہمیں آواز دے گی

ہمارے پاؤں تھک جائیں گے لیکن
گلی تیری سدا چلتی رہے گی

جگاتا ہے مجھے یہ وہم شب بھر
یہ دنیا اب نہ سو کر اٹھ سکے گی

ذرا ٹھہرے ہوئے پانی میں دیکھو
کوئی تصویر ہے جو بول دے گی

شبِ تاریک کے کاندھے سلامت
ستاروں کی یونہی ڈولی اٹھے گی

نہیں ہے دکھ مہ و ماہ لیکن
یہ مٹی، مٹی میں آخر ملے گی

یہی ہے دل کی بستی کا طریقہ
ابھی سوئی، ابھی پھر جاگ اٹھے گی

کہیں جاؤں، زمیں کہ آسماں ہو
یہ تنہائی مرا پیچھا کرے گی

نہ جانے دل پہ کس کی بد دعا ہے
یہ بستی ہر برس اجڑا کرے گی

○

رفعت سلطان

بہار آئی ہے اُس شوخ گلبدن کی طرح
مہک اُٹھا ہے چمن جس کے پیرہن کی طرح

ہمیں بھی ہے کسی شیریں ادا سے عشق مگر
ہمیں پسند نہیں موت کوہکن کی طرح

اُسی نے کی ہے عطا روشنی زمانے کو
وہ اک نظر کہ ہے تاروں کے بانکپن کی طرح

طلوعِ صبح کی مانند یہ حقیقت ہے
کہ لازوال ہے وہ حسن میرے فن کی طرح

نہ پوچھ مجھ سے کہ میں کیوں حصارِ زمانہ میں
اُلجھ گیا ہوں تری زلفِ پُرشکن کی طرح

ہزار بار سرِ شاہراہِ وحشت غربت میں
وہ یاد آئے ہیں بے ساختہ وطن کی طرح

نہ بے رخی سے مجھے اس طرح مخاطب کر
کہ میرا دل بھی ہے نازک ترے بدن کی طرح

ہوائے دہر سے بچنے کو مثلِ برگِ خزاں
وہ چھپ گئے جو کبھی شاداب تھا چمن کی طرح

یہ کہیں سے تنے وہ آوازِ کیف بار کہ دل
خموش ہے کسی ویران انجمن کی طرح

خلوصِ اہلِ وطن کو یہ کیا ہوا کہ مجھے
وطن بھی اب نظر آتا نہیں وطن کی طرح

وہ جس کا اسمِ گرامی بھی ہم نہ پوچھ سکے
چلا گیا ہے کہیں بوئے یاسمن کی طرح

اُسے نہ چاند کہوں میں تو کیا کہوں رفعت
اُتر گیا ہے مرے دل میں جو کرن کی طرح

وقت کا دھارا

صدیق کلیم

روشنی تیز کرو
درد کی لَے تیز کرو
کس کے ہاتھوں میں ہے تقدیر کا ساز ؟

آؤ گاؤ کوئی نغمہ
کہ اب اظہار کا وقت آیا ہے
جل اُٹھے ساز کے تار
پھر کوئی رقص کرو
صبح جب خواب سے اُٹھو تو ہنسی رُخ پہ نمایاں ہو جائے

صبح جب دھوپ کی چھاؤں میں چلو
کبھی اس جسم سے لپٹی ہوئی زنجیر
کبھی افکار کی بوجھل حرکت
آپ ہی آپ سبک ہو جائے

صبح کی پہلی کرن دولت ہے
کس لیے وقت کی مقدار کو کم کرتے ہو ؟
وقت کو دھیان کی لہروں میں بہہ جانے دو
آج پھر وقت کی تمثیل کو مٹ جانے دو

شہر میں اجنبی

صدیق کلیم

ترا سواگت نہیں کریں گے
جو سارے احباب مل کے بیٹھیں
وہ دل ملی سی ۔ وہ قہقہے سے
جو موجِ مے میں سرخ لہریں بنیں گے یکسر
تجھے وہ لیکن بٹھا تو لیں گے
ترا سواگت نہیں کریں گے

جو فرق ہو اُن میں ہم میں کہہ دیں
وہ لمحہ سے باہر ہیں جب سے شامل ہوا ہوں میں بھی
لہو کی رنگت مہک کا ساماں بنی ہوئی ہے
سفید چاندی حسین لہروں میں گھل رہی ہے
بہار کا یہ سماں ہے گویا!
یہ ساری چیزیں ہیں اُن کا تحفہ ـــ گراں بہا ہیں!!
یہ تیرے منہ میں زباں، ترے ہاتھ میں قلم ہے
تجھے وہ لیکن بٹھا تو لیں گے
ترا سواگت نہیں کریں گے

یہ کیسی باتیں سنا رہا ہے؟
یہ بیتے دن کے سرور میں ہیں
یہ چڑھتے دن کا مزاج پرکھیں
کہ تجھ کو جانیں کہ خود کو جانیں
یہ ساز کیا ہے؟ ارے او مورکھ! جو آج
الگ الگ ہے سبھی کی دُنیا۔
یہ دائروں کی طرح ہے اُن کا بس ایک مرکز
جہاں سے چل کر
سمندروں کی طرح بڑھی ہیں ـ مہیب صورت

ترا جہاں بھی ہے ایک محفل
فقط مہو ہے تری رگوں کا
تجھے وہ لیکن بٹھا تو لیں گے
ترا سواگت نہیں کریں گے

○

اختر ہوشیارپوری

دولتِ قرار آئے نکہتِ نگار آئے
آنا ہے تو یوں اب کے موسمِ بہار آئے

زندگی کے صحرا میں گونجتا تھا سناٹا
کیسی کیسی منزل تھی ہم جہاں پکار آئے

پھول کھلتے جاتے ہیں کانٹے بچھتے جاتے ہیں
کیا خبر کسے اب کے وقت سازگار آئے

مینہ کے بعد دھرتی کی کیا بھڑاس نکلی ہے
کاش میری بستی میں ابر بار بار آئے

کارواں میں گُل ہیں بھی ہیں گرد بھی ہے کنکر بھی
دیکھیے کہ منزل سے کون کامگار آئے

باغ کے ہوا خواہو جنگلوں میں آ بیٹھو
شاید اس طرف سے ہی دولتِ بہار آئے

کھڑکیاں کھلی رکھیے شب کو جاگتے رہیے
جانے کب ہواؤں سے لوٹ کر زلفِ یار آئے

آندھیوں سے دروازے ساری رات بجتے ہیں
کوئی چارہ ساز آئے کوئی غم گسار آئے

یہ ہے بات اور اختر کوئی بھی نہ کچھ بولے
ورنہ اُن کی محفل سے سب ہی شرمسار آئے

○

انوار انجم

جہان بھر سے نہ یوں میرا تذکرہ کیجے
میں دل کا راز ہوں دل سے مرا گلہ کیجے

یہ کیا یقیں کہ بجھے گا ہر اشارا وہ
لبوں کا فرض نگاہوں سے کیوں ادا کیجے

نصیب میں جو کبھی صبح کا اجالا ہو
تو مل ہی جائے گا ہر رات کیا دعا کیجے

خلوص کو بھی یہاں مصلحت کہیں گے لوگ
بھلا یہی ہے کسی سے نہ جو بھلا کیجے

وہ ہوش پہ ہے ہر لحظہ اک نئی دستک
جو خود سے چھپتے نہ پھریے تو اور کیا کیجے

یہ جی میں ہے کہ ترا بت تراش کر پھروں
ترے حضور کھڑے عرض مدعا کیجے

تمہارے حال سے ہم بے خبر نہیں انجم
پر اب بتاؤ کہ کیا رنج کے سوا کیا کیجے

شاعرِ ابہام سے

آغا صادق

اے شاعرِ ابہام یہ ہے طرزِ ادا کیا
لائے گا ترا شعر، تاثر کی فضا کیا

ہر بات جب اسرار کے پردوں میں چھپی ہو
حاصل ہو بھلا وہم سی جدت کے سوا کیا

تبلیغِ حقائق کا ذریعہ ہے تکلم
ہو خونِ حقائق تو تکلم کی ادا کیا

تقریر کے دوران جو خموشی سے ملے مزا
اظہار سے انسان ہو پھر عہدہ برا کیا

یہ جنبشِ لب بھی تو عجب جنبشِ لب ہے
معلوم کسی کو نہ ہوا تو نے کہا کیا

مسرور مخاطب کہ کہی بات انوکھی
حیران مخاطب کہ مگر اس نے کہا کیا

جب ہو گیا کہنا بھی نہ کہنے کے برابر
کہیے کہ اس انداز میں کہنے کا مزا کیا

جب نطق خموشی کی طرح مہرِ بلب ہو
پھر نطق کو سمجھے کوئی انعامِ خدا کیا

یہ شعر ہے یا لغزِ سخن ہے کہ معما
سمجھیں نہ اگر، قاری و سامع کی خطا کیا

الفاظ میں ہوتا ہے معانی کا ذخیرہ
معنی نہ رہے ان میں تو پھر ان میں رہا کیا

مانا کہ اشارات میں بھی لطفِ سخن ہے
جب حد سے بڑھے رمز تو پھر لطفِ ادا کیا

جب شعر کا مطلب نہ ہو شاعر کے شکم میں
ارشاد ہو ارشاد سے محفل کو ملا کیا

کیا شمع کہ جو بن نہ سکے کوئی محفل
جو راہ نہ دکھلائے وہ نقشِ کفِ پا کیا

لب پر کبھی آئیں تو دلوں میں بھی اتر جائیں
سینے میں رہے گھٹ کے تو وہ آہ رسا کیا

غالب کی طرح خوش ہے کہ سمجھے نہ کوئی بات
منظور ہوئی تجھ کو سماعت پہ جفا کیا

مقصودِ سخن یہ ہے کہ دل تک ہو رسائی
پہنچے نہ دلوں تک وہ صدا کیا وہ نوا کیا

○

ضمیر اظہر

کوئی چارہ گر جو ملتا دل و جاں لہو نہ کرتے
سبھی درد بھول جاتے کبھی ہاؤ ہُو نہ کرتے

گریبانِ چاک ہی ہے ہم وحشیوں کا درماں
ہمیں گر خبر یہ ہوتی گریباں رفو نہ کرتے

غمِ زندگی سے بڑھ کر غمِ آرزو نے مارا
غمِ آرزو نہ ہوتا تو غمِ نمو نہ کرتے

تری بے رخی سے اکثر یہ خیال دل میں گذرا
تری آرزو نہ ہوتی، تری آرزو نہ کرتے

ہمیں یار تھے سبھی کے کوئی یار تھا نہ اپنا
رہ و رسم ہم سے کیسے بھلا پھر عدو نہ کرتے

کھلا کاوشِ طلب سے یہی راز ہم پہ اظہر
کوئی جستجو نہ ہوتی، کوئی جستجو نہ کرتے

○

کسریٰ منہاس

خاک ہونا دلیلِ ہستی ہے — کس بلندی پر اپنی پستی ہے
کاوشِ عشق دل کی ہستی ہے — جان دے کر ملے تو سستی ہے
میری ہستی بھی کوئی ہستی ہے — زندگی موت کو ترستی ہے
کوئی سمجھا نہ آج تک یہ راز — ہر نفس اک فریبِ ہستی ہے
پھر بھی ساحل پہ جا کے دم لیں گے — گو تلاطم میں بحرِ ہستی ہے
یاد آتا ہے کوئی مستِ شباب — جب گھٹا جھوم کر برستی ہے
ہوش آیا تو ہم بھی دیکھیں گے — ان کی آنکھوں میں کتنی مستی ہے
کوچۂ عشق میں یہ راز کھلا — زندگی کیا ہے؟ غم پرستی ہے
حسن مغرورِ عشق محوِ نیاز — اک بلندی ہے ایک پستی ہے
شعر کہتا ہے ہر کس و ناکس — ہائے یہ جنس کتنی سستی ہے

جس کو کہتے ہیں زندگی کسریٰ!
رنج و غم کی وہ ایک بستی ہے

○

رضا زیدی

پھیلا ہے کائنات کا ہر نقش رنگ و بو
تم کس قدر حسین ہو تم کتنے خوب رُو

باوصفِ پاسداریٔ خاطر نہ کچھ ملا
رسوا ہے اس دیار میں چاہت کی آبرو

اس پیکرِ حسیں کی شعاعیں تھیں الاماں!
ہم اس کو دیکھ بھی نہ سکے اس کے روبرو

گو ہم کبھی یقیں کی حدوں تک نہ جا سکے
لیکن تمام عمر رہی تیری جستجو!

حسن ایک معجزہ ہے، مگر دیر پا نہیں
اور اک عشق میں ہے بڑی قوتِ نمو

یہ وحشتِ جنوں ہے کہ تہذیبِ عشق ہے
الٰہی جدھر تجھ کو لطف آیا ہے تو ہی تو

میں کس طرح بدل کے چلوں جادۂ وفا
تم مقصدِ حیات ہو تم جانِ آرزو

دیکھی ہے ہم نے چہرۂ مہتاب میں رضاؔ
اپنے تخیلات کی تصویر ہو بہو

حُسنِ گریزاں

شاعر ندیم

کہنا بھی جو چاہوں تو نہ کہہ پاؤں کہ کیا ہے
وہ حسنِ گریزاں کہ بہت ہوش ربا ہے

ہنگامِ حیا ہاتھوں سے آنکھوں کو چھپانا
کچھ شوخی سی ہے شوخی اداسی کچھ ادا ہے

اس ڈر سے پکڑ لینا ڈھلکتا ہوا آنچل
اُبھرے نہ کہیں راز جو سینے میں چھپا ہے

بیٹھی ہو اگر سامنے اُٹھنے میں تکلف
اُٹھ جائے اگر بیٹھنا پھر مرحلہ سا ہے

دو گام بھی چلتی ہے تو بہکی سی روش سے
شاید مری نظروں ہی سے وہ لغزشِ پا ہے

ٹوٹے ہوئے لفظوں میں لبوں پر ہے شکایت
نظروں کا مری اس کو بھی احساس رہا ہے

اقرار میں پوشیدہ ہیں انکار کے انداز
انکار میں اقرار کا پہلو بھی چھپا ہے

میرے لیے ہنگامے ہیں اُس دل میں بھی روشن
وہ لاکھ چھپائے مجھے اس کا بھی پتا ہے

وابستہ خوشی سے مری ہے اُس کی خوشی بھی
میں روٹھ گیا ہوں تو اُسے دکھ بھی ہوا ہے

اُٹھنے جو لگوں میں تو ہیں رکنے کے تقاضے
رخصت پہ اُن آنکھوں نے مرا پیچھا کیا ہے

وہ میری نگاہوں سے کہیں پردہ نہ کر لے
ڈرتا ہوں یہ کہتے ہوئے تو میری خدا ہے

ندیم

○

شمیم حنفی

ہم ہیں پریت نگر کے باسی ہم سے رہم وفا نکلی
ایک ہمارے دم سے یارو دنیا سی دنیا نکلی

ہم کو گماں تھا چاند کے پیالے میں ہوگی صہبائے خلوص
پی جو چکے تو اپنے منہ سے بولے جور و جفا نکلی

دنیا والو اوپر دیکھو عرش تلک آپہنچے ہم
ایک کرن سوزِ الفت کی اپنی راہ نما نکلی

قرب میں دوری کا عالم تھا ہم کس درجہ پریشاں تھے
جس کو ہم ویرانہ سمجھتے تھے وہ تیری جیا نکلی

اے دل روپ نگر کی گلیوں میں کیا سناٹا ہے
کل جو بستی صحن چمن تھی آج اک ویرانہ نکلی

رات نے اپنے بال سمیٹے سورج نے انگڑائی لی
ننھی ننھی کلیوں کا دل خوں کرنے کو صبا نکلی

دونوں عالم تجھ پر قرباں جذبہ دل اے جذبۂ دل
دل نے اس کو یاد کیا ہی تھا کہ وہ پگلی آ نکلی

ہم نے وفا کے رنگ الاپے کوئی ہنس سے مست ہوا
اپنی صدا بھی اس بستی میں آوازِ صحرا نکلی

اے نورِ جاناں اے نورِ جاناں تجھ سے نگہ کے کہاں جائے
دنیا بھی اپنی نظروں میں تیری ایک ادا نکلی

اب تو اسی جنبش لب پر جینا تھی ساری دنیا
ہونٹوں تک جو بات نہ آئی جانے کیا سے کیا نکلی

کاسہ چاند کا لے کر فطرت مانگ رہی حسن کی بھیک
وہ بھولی بھالی سی لڑکی بھی دل کی دریا نکلی

○

ظہیر صدیقی

شورشِ دہر ہے ہے ارض و سما کی قیمت
خندۂ گل سے ہے جس طرح صبا کی قیمت

وہ تو ہم ہی تھے کہ جس نے اسے برتر سمجھا
ورنہ کیا ہوتی خدا جانے خدا کی قیمت

اس کے رگ رگ میں مچلتے ہیں ہزاروں شعلے
ورنہ پھر کیا ہے اس اک برگِ حنا کی قیمت

خون باقی ہے ابھی قلب و جگر میں میرے
دے تو سکتا ہوں ترے ناز و ادا کی قیمت

دل کا ہر قطرۂ خوں وقف تری مژگاں کو
میں ہوں مشتاقِ جفا، دوں گا جفا کی قیمت

چاک دامانی و رسوائی و تشنہ کامی!
اور کیا چاہیے اب اپنی وفا کی قیمت

رشکِ فرزانہ ہیں حال پریشاں ہوں میں
دے سکا کوئی مری چاک قبا کی قیمت

اے ظہیرؔ! آج طلب میری ہوئی مقتل میں
ہاں ملی آج مری آہِ رسا کی قیمت

○

حزیں لدھیانوی

وقت ایسا اے حزیں کبھی ہم پر پڑا نہ تھا
سب آشنا تھے، پھر بھی کوئی آشنا نہ تھا

بارِ الم سے اپنے ہی زانو پہ جھک گیا
جو سر کبھی کسی کے بھی آگے جھکا نہ تھا

وہ جس کو حادثات کی صرصر بجھا گئی
دیر و حرم کی شمع تھی دل کا دیا نہ تھا

ہم ہی نے جاگ جاگ کے کاٹی شبِ حیات
ہر شخص کے نصیب میں یہ رتجگا نہ تھا

جینے کو جی لیے مگر اس بے کسی کے ساتھ
جیسے بھرے جہاں میں ہمارا خدا نہ تھا

میں گلشنِ حیات میں نغمہ سرا رہا
گو بجلیوں کی زد میں مرا آشیانہ تھا

رسوائیوں کی آگ میں جلتے نہ کس طرح
دن کو بھی تیرے درد کا سورج چھپا نہ تھا

گونجے گی اب صدائے شکستِ قفس ضرور
قفلِ قفس، قفس کا فقط آب و دانہ تھا

میری نگاہ اٹھی تو پاتال تک گئی
ہر ذرہ اے حزیں مجھے آئینہ خانہ تھا

○

شارق میرٹھی

ان کو جب دیکھا ہوا اپنا یہ حال
جیسے دل سے مٹ گیا ہر اک ملال

تبصرے کرتی رہی دنیا مگر
کس نے جانا کون سمجھا دل کا حال

پھر بھی دنیا ہے خراب آرزو
جانتی ہے آرزوؤں کا مآل

ہر نظر اس کی اٹھی کہتی ہوئی
دیکھنے والے ذرا خود کو سنبھال

یوں کہیں ہر ایک کو ملتا ہے یہ
مل گیا جس کو ملا اس کا ملال

آہ شارق حال اس دل کا نہ پوچھ
ماورائے حال ہے اب اس کا حال

سوئمبر

شاہد شیدائی

جب مجھے کوئی جواں جسم نظر آتا ہے
اس کے ماتھے میں دمکتا ہوا سورج ایسے

میری ہر سانس تری یاد میں ڈھل جاتی ہے
تیری بھولی ہوئی صورت کا پتہ دیتا ہے

لمحہ بھر کے لیے رک جاتی ہے نبضِ ہجراں
جیسے عاشق کو جدائی میں چمکتا چہرہ

لمحہ بھر کے لیے تو پاس چلی آتی ہے!
اپنے محبوب کی تصویر دکھا دیتا ہے!

اور پھر سرخیٔ عارض کے شرارے بکھیر
جم گئے تھے جو کبھی۔ آج وہ غم پھر پگھلے

میرے جذبات میں یوں آگ لگا دیتے ہیں
مل گئی سرد تمنا کو حرارت، پھر سے!

جیسے اخبار کی جلتی ہوئی سرخی کے حروف
اور مے زیست کی تلخی میں گھڑی بھر کیلئے

آتشِ وقت کے شعلوں کو ہوا دیتے ہیں
گھل گئی شہد سے ہونٹوں کی حلاوت، پھر سے!

آج پھر ایک حسینہ کے لبِ خنداں نے
یوں مرا ذہن ترے جسم کی موجوں میں گھرا!

مونا لیزا کے تبسم کو بھی شرمایا ہے
جیسے طوفان کی زد میں ہو سمندر کوئی!

سیلِ خواہش پہ دکھا کر مجھے پھر آس کی چھب
اور گرداب حوادث سے اچانک بچ کر،

چند روز اور مجھے جینے پہ آمادہ کیا
میری خوش بختی نے جیتا ہو سوئمبر کوئی

O

نجیب اسلم

اِدھر کچھ اُجالے، اُدھر چند سائے
کوئی سوچتا ہے کہاں بیٹھ جائے

وہ انسان ہے یا کہ رستے کا پتھر
جسے، جو بھی گزرے وہ ٹھوکر لگائے

جنھیں خونِ دل دے کے سینچا تھا میں نے
وہی پھول میری نظر تک نہ آئے

غمِ زیست کی تند آندھی میں کوئی
کہاں تک چراغِ تمنا جلائے

سرِ شام کس موڑ پر آگیا ہوں!
جہاں سب نظر آ رہے ہیں پرائے

درِ دل پہ پھر دستکیں دے رہی ہے
کوئی یاد دامن میں آنسو چھپائے

سرِ منزلِ آرزو تیرگی ہے
کسی سے کہو، دل کی شمع جلائے

مجھے لوحِ دل سے مٹا دینے والے
تجھے بھی اگر کوئی دل سے مٹائے

نجیب اس مسافر کی حالت نہ پوچھو
جسے، چاندنی بھی نہ رستہ دکھائے

○

مظفر حنفی

چونکہ میں "منجملۂ خاصانِ میخانہ" نہیں
اِس لیے پہچان کر بھی اُس نے پہچانا نہیں

آدمی "اُونچی اڑانیں" لے رہا ہے آج کل
آدمیت ناپنے کا کوئی پیمانہ نہیں

مسکرا کر جب شگوفوں نے کہی "خوش آمدید"
ہاتھ پھولوں نے ہلائے "اس طرف آنا نہیں"

بدظنی پھیلا رہا ہے میرے اس کے دل کا چور
میں بھی دیوانہ نہیں ہوں وہ بھی دیوانہ نہیں

بزم میں "پروانہ ہائے راہداری" شرط ہیں
شمع اس غم میں سلگتی ہے کہ پروانہ نہیں

مجھ کو یہ اصرار "پھولوں کی جھلک" دکھلائیے
آپ کو یہ ضد کہ "گلشن ہے یہ ویرانہ نہیں"

اے مظفرؔ! طنزیہ غزلوں کے دشمن ہیں بہت
اور میرا ریشمیں غزلوں سے یارانہ نہیں!

سندباد جہازی کا سفرِ آخرت

(صوتی تمثیل)

ابو سعید قریشی

ملاحوں کا نغمہ اور سمندر کا شور آہستہ آہستہ ابھریں
اور پھر عقب میں چلے جائیں)

[illegible]: یہ کیسا نغمہ ہے؟
کیسے سائے ہیں؟
یہ سفینے؟

(ہوا کا شور)

یہ بادبانوں سے اُڑتے بادل
دریدہ دامن
(ہوا کا شور، اور ساحل سے ٹکراتی لہریں)
[illegible] رگوں میں
[illegible] کی لہریں
جلوسِ سینہ زناں کی مانند
گونجتی ہیں
سیہ چٹانوں پہ جیسے کشتی
ہجومِ موجِ بلا کے آگے
کمر جھکائے
سکونِ ساحل کی آرزو میں سفینہ کوئی ۔ فگارِ سینہ
صدائے گریہ پہ ڈولتا ہو
(طوفان اور چیخ و پکار)

یہ کیسا ہنگامِ باد ہو ہے؟
(طوفان تھم جائے اور پھر چند ساعت کی مکمل
خاموشی کے بعد)
مری نگاہوں میں دھند کے یہ دبیز پردے
کبھی اُجالے کبھی اندھیرے کی چلمنوں پر مچل رہے ہیں
یہ پگھلے سیسے پہ سرمئی سا مہیب گنبد
افق افق سمت و سُو سے عاری
نشانِ منزل کہیں نہ ساحل
نہ روزِ روشن نہ جلوۂ شب
نگارِ شمس و قمر کہیں پر ۔
نہ رقصِ زہرہ!
عجیب صحرائے بے کراں ہے
رمِ غزالاں کہیں نہ محمل
عروسِ لالہ کہیں نہ شبنم
سراب ہے نے صبا و صرصر
رباطِ رامشگراں نہ صوتِ نفیر و شہنا
عجیب دریائے چیتاں ہے
فسوں زدہ
گنگ

جس ساماں
نویدِ مرگ ہے نے کہیں نوائے پیامِ طوفاں
گریہ آواز گرب دریا
فغانِ غول ہیولیٰ برپا
صدائے صور و ہجومِ حشر آشیاں
یہ کیا ہے؟
میرے سفینے پہ شور و شیون
یہ التجائیں؟

(طوفان اور بیچ و چار اور ناخدا کی دعا
لے دیتی ہیں اس کی موجودگی کا احساس ہوتا ہے)

خدا: خدائے آدم و داؤد و یونس و یعقوب
ترے اشارے سے گلزار نارِ ابراہیم
خدائے موسیٰ و ہارون ۔ حکم سے تیرے
رواں نیل بنی اسرائیل!
ترے ارادے سے صحرا میں چشمۂ زمزم
خدائے برتر و قدوس و رب انجیل
خدائے رحمت کونین
خدائے احمد مرسلؐ
ترا نفس تنِ مردہ میں زندگی کا لہو
ترے اشارے سے شق القمر ۔ شہادتِ حق
ترے کرم سے سفینے کئی کنارے لگے
ترا کرم ہو تو یہ کشتی خضر بھی آج
نکل کے حلقۂ گرداب سے نکل جائے

(طوفان)

سندباد: میرے اللہ
یہ موجِ جنوں خیز و فلک بوس و زمیں دوز
یہ دیدۂ گرداب
منزل ہے کہ انجام کا آغاز

(طوفان ختم جائے)

یہ ساحلِ صد پارہ و کف زا
یہ خواب ہے یا خواب کی تعبیر

صدف!
کنارا!
قطارِ نخل و دشت و جبل
عروسِ تاک و خمار ہوائے توبہ شکن
ہجومِ ہوا و گل
روحِ عطا و عہدِ شباب
رگوں میں دوڑتے پھرتے لہو کی شادابی
فسانۂ شبِ رفتہ
فسونِ زہد گداز

(دور سے قوالی آواز میں ۔

خیز و در کاسۂ زر آب طرب ناک انداز
پیش از آنکہ کہ شود کاسۂ سر خاک انداز

سندباد: ایک آواز کی لہر جانے کیا کیا خوش نما
لیے آتی ہے

دلِ خوں گشتہ کے دکھوں ارماں
مئے دیرینہ و معشوق جواں
طلب اور رخاں
نغمۂ تاجیدہ گلو
لیلیٰ زلف محبوب
ہوسِ عشرتِ نایاب

لذتِ لمسِ لبِ ماہوشاں
عقدۂ بندِ قبا
گرمیٔ آغوشِ بتاں
ساقیِ سیمیں کا فسوں
رنگِ جنوں
ناز و نیاز
نغمہ و ساز صدائے صدف گوہرِ تاب

یہ کیا ساحل ہے
میں کہاں ہوں
مرا سفینہ
ابھی یہاں تھا
ابھی نہیں ہے
مرے سفر کا یہی تھا حاصل
سوال بن کر مری نگاہوں میں زندگی پھر ابھر رہی ہے
نئے جزیرے
نئے نشیمن
نئی نئی امتحاں کی راہیں
(لہریں ابھر کر دور ہوتی جاتی ہیں)

سند باد : اے مردِ پیر کون ہے تو

پیرِ تسمہ پا : ملک التجار
میرا نام
مگر میری کہانی
اک قصۂ طولانی ہے
الف لیلہ کی طرح
بات سے بات نکل آتی ہے
یوں
شمعوں کی لہرائیں
بھڑک کر بجھ جائیں
مگر قصہ میرا ختم نہ ہو
امتحاں ایک سے ایک
حسرت و شوقِ سفر کے عنواں
بحرِ زخار
سفینے
طوفان
شہرِ بغداد کی گلیوں میں سنانے کے لیے
شہزادی کے شبستاں کے طلسم
مگر ... میری نقاہت
میری آواز
حلق میں کانٹا ہوئی جاتی ہے
مجھ کو اس چشمے پہ لے چل میرے دوست
میرے پاؤں
سنگریزوں کی چبھن سے میرے زخمی پاؤں
مجھ میں اب چلنے کی طاقت بھی نہیں
آہ!
ایسے نہیں
جس طرح
شہرِ بغداد کے حمال
اپنے کاندھے پہ اٹھائے ہیں کوئی بوجھ
اٹھا

سند باد : شہرِ بغداد کے حمال
تو انھیں جانتا ہے

میرے قصوں کے وہ سیاہیں
شریکِ محفل
وہ مجھے جانتے ہیں

پیرِ قسمہ پا : ایک عمل ہی کیا تو بھی مجھے جانتا ہے
تو کون ہے
میں کون
کیا ہے یہ کہانی
یہ سحر ہے
عقدہ ہے
طلسمات ہے
احساس ہے یا سایۂ احساس
یہ کردہ گناہوں کی سزا ہے
کہ ستم
ناکام تمناؤں کا
احساس زیاں کا
تو کون ہے
میں کون ہوں
اس چشمے کے آئینے میں پہچان
(سندباد کی چیخ پر پیرِ قسمہ پا کے قہقہے)

سندباد : اُف یہ عفریت
میرا ہی عکس نظر آتا ہے
میری ہی مسخ شدہ صورت ہے
میرے کندھوں سے اُتر
میرے سینے پہ تیرے پاؤں کی تھپکی
مری شہ رگ پہ ترا ہاتھ
اُف میرا سانس — میرا سانس (ہانپتا ہے)

پیرِ قسمہ پا : (قہقہہ) میں کون ہوں
تو کون ہے
لے جان گیا اب (قہقہہ)

سندباد : (ہانپتے ہوئے) شیطان! (بوڑھے کا قہقہہ)

پیرِ قسمہ پا : شیطان کہ فرشتہ ہوں کہ انسان
میں تجھ سے ہوں
تو مجھ سے ہے
نادان
تو ہستی کا نہیں کوئی بجز مرگ علاج

سندباد : بادۂ تاک مگر
ذلتِ زیست
ستم رانی احساس کا ہے یہ بھی علاج
آگہی ایک اذیت ہے مگر
مگر
زہر ہی زہر کا تریاق ہوا کرتا ہے
بے خودی بادۂ انگور میں ڈھل جائے گی
میرے عفریت کو آج
سایہ تاک نگل جائے گا
(پیتا ہے — ہنستا ہے)

پیرِ قسمہ پا : اے — تو یہ کیا پیتا ہے

سندباد : یہ بھی ایک راز ہے
سربستہ و محفوظ

پیرِ قسمہ پا : بتا

سندباد : آہ
مگر میرا گلا
میری شہ رگ پہ تیرا ہاتھ ہے

بولوں کیسے

پیرِ تسمہ پا : لے
چھوڑ دیا
اب بول
تو یہ کیا چاہتا ہے

سند باد : نسخۂ عمرِ جواں
آبِ بقا
مرگِ پیری کا علاج
نسخۂ عہدِ شباب

پیرِ تسمہ پا : مرگِ پیری کا علاج
نسخۂ عہدِ شباب
راحت و عیشِ دوام

سند باد : خضر و الیاس کا سربستہ و محفوظ طلسم

پیرِ تسمہ پا : آہ یہ آتشِ سیال
میری رگ رگ میں جوانی کی اُمنگ
بادباں بن کے مجھے
کسی انجانے جزیرے میں لیے جاتی ہے

سند باد : ہے صاعقہ و شعلہ و سیماب کا عالم
یہ گرمیٔ جذبات سے گدرائے ہوئے جسم
ہے کاشی کا مندر کہ یہ جمنا کا کنارا
ہے شامِ سرانديپ کہ یہ صبحِ بنارس
یہ بعثِ بغداد ہے یا دخترِ بابل
رقاصۂ افلاک کی پازیب سے اُڑتے ہوئے جگنو

(رقص کی موسیقی جس میں ذیل کی غزل تحلیل ہو جائے
نسوانی آواز میں)

غزل

پھر ہوا وقت کہ ہو بال کشا موجِ شراب
رونقِ شہرِ غزالاں ہے قریب آ جاؤ
میری بانہوں میں امیدوں کے کنول کھلتے ہیں
دعوتِ موجِ بہاراں ہے قریب آ جاؤ
آرزو صاعقہ ساماں ہے قریب آ جاؤ
جنت پہلوئے جاناں ہے قریب آ جاؤ
قریب آ جاؤ
قریب — اور قریب

(موسیقی ڈوب کر پس منظر میں چلی جاتی ہے)

سند باد : مگر پاس آ کر بھی تم دور کیوں ہو
تمہارے تنفس کی آواز
اک سرد شعلہ ہے
حدت سے عاری
جلاتے نہیں ہیں شرارے تمہارے لبوں کو
تمہیں پاس پا کر بھی آغوش خالی ہے میری
تمہارے بدن کی تمازت کہاں کھو گئی ہے
بتاؤ
بتاؤ
تمہاری گھٹاؤں سی زلفوں میں آسودگی کیوں نہیں ہے
تمہاری نگاہوں میں یہ فاصلے
دور سے دور تر کیوں چلے جا رہے ہیں
کنارے پر ملاح کو چھوڑ کر جیسے کشتی رواں ہو

عورت : نہیں تو
تمہیں چھوڑ کر میں کہاں جا رہی ہوں
یہیں ہوں

یہیں تھی
تنفس کی سرگوشیوں کی طرح
بوئے گل کی طرح

سندباد : ان کہی جیسے کوئی
ادھوری کہانی
مگر کون ہو تم؟

عورت : تیرا خواب
تصویر
تخیل، بھونکا ہوا کا
کرشمہ، تصور کی تخلیق
تیری تمنا کا
خواہش کی جادوگری کا ہیولیٰ

(لہریں۔ طوفان)

سندباد : جانے اب کونسا ساحل مری تقدیر میں ہے
کونسا تیر ابھی حلقۂ تقدیر میں ہے
جانے کس کشورِ گم گشتہ پہ لے جائے گی
مجھ کو یہ موجِ بلا
سفرِ کرب مرا ختم بھی ہوگا کبھی

(آوازیں)

آواز ۱ : یہ محل کیسا ہے
کیسا گنبد ہے
جھلملاتا سا درونِ صحرا
نہ در نہ دربان

۲ : نہیں نہیں
یہ نہیں ہے گنبد
تو پھر یہ کیا ہے

۳ : کسی حسینہ کا مقبرہ ہے
کسی کے قلبِ حزیں کی دھڑکن
میانِ دشتِ جفا
وفا کا نشانِ روشن

۱ : نہیں نہیں
یہ کسی جفا جو جہاں گزیدہ کی خانقہ ہے

۲ : نہ محل ہے یہ
نہ خانقہ ہے
نہ مقبرہ ہے

۱ : تو پھر یہ کیا ہے

۲ : سبا کے آثار
یہ خزانہ ہے
شہرِ بلقیس اور سلیمان کا
ریگ سوانے جس کو صدیوں سے ڈھانپ رکھا تھا
جس میں ہزاروں سیاح جس کی نذر اجل ہوئے ہیں

۱ : ہماری قسمت چمک اٹھی ہے
تو آؤ اب اس کو مل کے ڈھائیں (ہماہمی)

سندباد : ٹھہر جاؤ
جس کو دفینہ سمجھتے ہو تم
وہ دفینہ نہیں ہے
یہ پتھر نہیں ہے
یہ چونا نہیں ہے
نہیں ہے کوئی سنگ اور خشت کی کوئی تعمیر
کہ جس پہ گماں ہو عمارت کا تم کو

۳ : مگر کچھ تو ہے یا فقط واہمہ ہے
تمہارے فسانوں کی مانند (قہقہے)

سند باد : روایت ہے سوداگروں کی زبانی
کہ صحرا میں رخ نام
اک طائرِ دیو پیکر بھی ہوتا ہے
مجھے یوں نظر آ رہا ہے کہ
یہ بیضۂ رخ ہے
اس کو نہ چھیڑو
مبادا کوئی ابتلا ہم پہ نازل ہو اس سے

ملاح : ہٹاؤ میاں ایسے قصے
ہزاروں سنے ہیں
حکایت تمہارے سفر کی تو صد داستاں ہے
مگر اس کو حمال ہی مان سکتا ہے
ہم نام تیرا (قہقہہ)

سند باد : مگر جلد بازی کا انجام اچھا نہ ہوگا۔

ملاح : ہٹاؤ میاں
ہم تو آج اس دفینے کو حاصل کریں گے
رہے تم
سو تم
اس کے سائے میں سستاؤ
آہیں بھرو (قہقہے)
اور اگر
کوئی خطرہ ہو
(قہقہے۔ بیضۂ رخ کو توڑنے کی کوشش۔ ہنسی)
ارے یہ
یہ اندھیرا سا کیوں چھا گیا ہے
یہ بادل سے کیا ہیں
(رخ کے پروں کا شور)

سند باد : یہ رخ ہیں بھائی۔
بچاؤ جانیں
وگرنہ آج ایک ایک ہم سے
اجل رسیدہ ہے
چند لمحوں کا مہمان ہے
(بھگدڑ۔ خوفزدہ۔ ہجوم۔ پرندوں کی چیخیں
۔ پرندوں کی سرسراہٹ جیسے آندھی)
مقدر میں میرے خرابی لکھی ہے
مجھے چھوڑ کر چل دیے میرے ساتھی
گناہوں کا ان کے نتیجہ
مجھی کو بھگتنا پڑے گا
عجب قاعدہ ہے
عجب کھیل ہے یہ سزا و جزا کا
مگر یہ پرندے
چٹانیں لیے اپنے پنجوں میں
کشتی کی جانب
کہاں جا رہے ہیں
(دور سے چیخ پکار اور سمندر میں چٹانیں گرنے کی آواز)
سفینہ ٹوٹ گیا
اور سب میرے ساتھی!
قضا و قدر کے راز آدمی کو کیا معلوم
رہائی کا اس دشت بے در سے امکان کیا ہے
نہیں، کچھ نہیں سوجھتا
مجھے سایۂ موت میں زندگی دینے والے
وسیلہ رہائی کا میری
سوائے تیرے

اور گرنی نہیں ہے
مگر یہ صنوبر سا کیا ہے
ستون سا
یہی تو نہیں ہے
نکلنے کا اس دشت بے در سے زینہ
خوا کے پیڑوں پہ چڑھتے ہیں تاج جیسے
اسی طور
میں بھی
چمٹ جاؤں گا پانے رُخ سے
بنے گا یہی میرا شہ پر
رہائی کا اس دشت بے در سے رستہ

آدمی حسرتِ پرواز پہ دم دیتا ہے
آج وہ طاقتِ پرواز میسر ہے مجھے
گوئے چوگان کی طرح مجھ کو نظر آتا ہے یہ کرۂ ارض
اس کے سب کوہ و کمر
دشت و جبل
بحر پُرشور نہیں جن سے سفینوں کو مفر
کسی ساحل کی ہتھیلی کی طرح
خطِ تقدیر کی مانند نظر آتے ہیں
کاخ و کو اس کے سبھی، سوچتا ہوں
برف کے گالوں کے مانند بکھر جائیں گے
سوچتا ہوں کہ خلاؤں سے خلاؤں سے پرے
کتنی دنیائیں ابھی ابنِ آدم کی نگاہوں سے
تصور سے نہاں
نیلگوں گنبدِ افلاک میں پوشیدہ ہیں

کتنے پیکر ابھی اس پردۂ تصویر میں نادیدہ
سوچتا ہوں کہ مہ و مہر کی روشن قندیل
کونسے منبعِ انوار کی شرمندہ ہے
کہکشاں کون سے افلاک کی ہے راہ
کون ہے، کس کے ارادے سے ہیں
یہ ستاروں کے مدار
گردشِ شمس و قمر کون سی پرکار پہ ہے
حیرتی کس کے ہیں یہ لیل و نہار
سوچتا ہوں
کہ نہاں خانۂ ادراک کی بے راہ روی
شوقِ بے حد کا جنوں
زیست اور زیست کی دریوزہ گری
فکرِ فردا و غمِ دوش و ستم رانیِ امروز
سوچتا ہوں کہ میرے عشق کا انجام یہی
مجھ سے پہلے میرے اندیشۂ بیباک نے
میری تخلیق سے
تخریب سے پہلے کیا تھا
اس کے انکار
مری لغزشِ پا سے پہلے
آدم و حوا کی تشہیر سے رسوائی سے
شجرِ ممنوعہ تھا کیا، سوچتا ہوں
کیا کوئی راز تھا۔ سربستہ و مخفوظ
جس کو وا کرنے کی پاداش میں آج
عیشِ امروز ہوا مجھ پہ حرام
یہ مری سوچ مگر
مجھ سے کہتی ہے کہ ہے

مری افتادِ زباں کا مری ایام کا راز
اک وہی راز کہ سربستہ بھی ہے عام بھی ہے
وائے بے صرفیٔ ایام و ستم رانیٔ تدبیر مری
کس خرابے میں مجھے لے گئی تقدیر مری
پیکرِ خاک تھا میں
کرۂ خاک ہوا مجھ کو نصیب
مری پرواز مگر ٹوٹ رہی ہے شاید
قعرِ دریا میں اترتی ہوئی کشتی کی طرح
دل مرا ڈوب رہا ہے ہر آن
جانے وہ کون سے افلاک تھے روزن تھے
دریچے تھے مرے پیشِ نظر
کون سے خواب کی سوغات تھے
وہ لو لوئے انجم
سے وائے
سے غبار اب تو ہے تا حدِ نظر
چہ وہی دشت و جبل
وہ بے مہ
ر
سوچتا ہوں شہپرِ غیر کی پرواز کا انجام یہی ہونا تھا

چہ وہی میں ہوں
وہی گردشِ ایام بھی ہے
چہ وہی دانہ وہی دام بھی ہے
وہ ب مجھے اک وادیٔ آرام میں لے آیا ہے
یہی وہی کہ نہیں جس میں گذرگاہِ خیال
جس کے غاروں میں نہاں مارِ سیاہ
جس کے سایوں میں پڑے سوتے ہیں

شعلۂ فکر
اژدھے
نیشِ عقرب سے سوا جس کی چٹانوں کی چبھن
ایسی وادی کہ جسے
سحر و افسوں و طلسمات کی وادی کہیے
دیو آسا ہیں کھڑے جس کے پہاڑ
حاتم طے کے فسانوں کی فضا ہو جیسے
اک طلسمات کا عالم ہے مرے پیشِ نظر
ان گنت لعل و گہر ۔ نیلم و یاقوت کئی
چاند کا جن پہ گماں ہو وہ زمرد کے شجر
وہ جو ہر کہ اندھیروں میں اجالا ہو جائے
رقصِ طاؤس کا ہر سمت گماں ہوتا ہے
ایک اک لعل بدخشاں و یمن
دُرِ ناسفتہ و نایاب ۔ کئی
مضطرب ہیں کہ انھیں زینتِ دستار کروں
اس نہاں خانۂ کوہسار کے اسرار
مگر مثل کہسار
واہمہ بن کے مری راہ میں حائل ہیں
نہیں جن سے مفر
سوچتا ہوں
یہ جواہر نہیں انگارے ہیں
اک طلسمات کی دنیا کے شرارے ہیں جنھیں
کسی ساحر نے افسوں گر نے سُلا رکھا ہے
ان کے چھوتے ہی کئی مارِ سیاہ
اژدرِ خوابیدہ کئی
جاگ اُٹھیں گے جلا دیں گے مجھے

یا مرے ہاتھ کی حدت سے پگھل جائیں گے یہ لعل و گہر
وہ مگر کیا ہے جو ہر وہ وہی غار کے پاس
پھر مری گھات میں شاید ہے وہی مارِ حسیں
مری رسوائی کا ساماں جو بنا
آج پھر دشمنِ دیرینہ مرا
تمکنت باندھے مجھے دیکھ رہا ہے اس طور
جیسے کہتا ہو

شیطان : مقدر کے وصی

دیکھ میں تجھ کو کہاں لایا ہوں۔ میرے جنت کے رفیق
تجھ کو بھی یاد ہے وہ باغِ جناں
جس کے سایوں کا خمار
آج بھی تجھ کو لیے پھرتا ہے یوں خاک بسر
بحر و بر جس کے لیے
ایک کیے ہیں تو نے
تجھ کو تو یاد ہی ہوگا لیکن
باغِ جنت میں بھی یہ لعل و گہر
تو نے دیکھے تھے کبھی
سچ تو یہ ہے کہ وہاں اور بھی کیا رکھا تھا
بس شب و روز ثنا خوانی و تسبیح و درود
ایسی یکسانی اوقات کہ جی جل جائے
کوئی ہنگامہ نہ شورش
نہ تگاپوئے جہانِ گذراں
دردِ ہجراں نہ کہیں راحتِ وصل
کہیں طوفاں نہ کنارا تری امید سا کل
آرزو کوئی نہ زخمِ خلش خواہش

نسلِ انسان کا نشاں بھی کہیں پر ہوتا
ایک حوا کے سوا
تیرا ہم جنس بھی واں کوئی نہ تھا
تھا بھی کوئی ؟
وہی بے عزم ملائکہ
وہی بے جاں حوریں
ان سے نبھتی بھی تو کیسے نبھتی
خیر — اس ذکر کو اب جانے دو
آج ان ساکن و بے کیف فضاؤں کی جگہ
ایک دنیا ہے تری تجربہ گاہ
آج تدبیر تری تابعِ تقدیر نہیں
کسی مشتاق صنم گر کی طرح
خود ترا ہاتھ ہے خلاق ترا
ایک ہی سل میں ہزاروں پیکر
منتظر ہیں تری صناعی کے
میں تو کیا
میں تو خادم ہوں ترا
روزِ ازل کا مداح
خود خداوند بھی قائل ہے ترا
تری ایجاد کا فن کاری کا مداح ہے وہ
تو اگر خود کو خدا بھی کہہ دے
پھر بھی زیبا ہے تجھے
اور یہ لعل و گہر
یہ ترا بخت رسا ہے کہ تجھے
آج وہ دولتِ نایاب ملی ہے کہ
سلاطینِ زمن

ہوں تیرے در کے غلام
اور حسینانِ جہاں
فرودیتی و قلوپطرہ تائیس و سلومی اک ایک
خلوتِ خاص کی ہوں تیری رفیق

سندباد : ملکۂ حسن فروتینی و قتالۂ مصر
نازشِ شہرِ سکندر ـــ تائیس
اور وہ رنگولۂ بابل ـــ سلمے

ابلیس : عشرتِ شمعِ شبستانِ خیال
لذتِ شہرِ تمنائے وصال
ایک سے ایک حسیں
ان جواہر کے تصدق تیرے مقدور میں ہے
ہیں تصرف میں ترے
رعبِ شہی
جاہ و جلال
عظمت و شہرتِ جاوید
کنیزیں ہیں تری
بے خطر ہاتھ بڑھا
ہیچ اندیشۂ فردا ہے
عبثِ فکرِ زیاں
رحقیقت ہے تو بس ایک ـــ یہی ساعتِ امروز

سندباد : مگر یہ کیا ہے۔
یہ کون گذرا ہے اس گلی سے
یہ کس کے پاؤں کا خون رس رس کے سنگریزوں
پہ جم گیا ہے

مرا گریباں چپک رہا ہے
[illegible] لبوں پہ لہو کی بوندیں
[illegible] آرزوؤں [illegible]

پیاس بن کر مرے گلے میں
ہزار خواہش سلگ رہی ہے
مرے رگ و پے میں پھانس بن کر سرک رہی ہے
میرے سینے پہ بوجھ کیسا ہے
یہ کیسا کرگس ہے
جس کا سایہ
سیہ تعفن کا اک بگولا سا
میرے لاشے کو لے کے نعل و گھر کی وادی سے
جانے کس سمت جا رہا ہے
(ڈھول اور لوگوں کا شور جیسے ہانکا۔ لہریں)
نہ جانے کس سمت جا رہا ہے مرا سفینہ
کوئی بتاؤ
مرے سفینے کے ناخداؤ
مگر یہ کیا ہے
تمہارے چہروں پہ خوف کیوں ہے
تمہارے ہونٹوں پہ کپکپی بن کے بات کوئی
صدا کو جیسے ترس رہی ہو
تمہارے ہونٹوں پہ پپڑیاں بن کے جم رہی ہیں
تمہاری آہیں
تمہارے سانسوں میں سوکھے پتوں کی سرسراہٹ ہے
سرد سایوں کی سنسنی سی
تمہاری آنکھوں سے جھانکتی ہے
بتاؤ
بولو
یہ بات کیا ہے
عجب معما ہے

کچھ تو بولو
تمھارے نغموں
تمھاری نندہ دلی کو کیا ہو گیا ہے ـــ لوگو
اسے کوئی بات بھی ہو آخر
ہوا موافق ہے
ناؤ ساحل ہے
دن کا سورج ہے
شب کو تارے
تو پھر یہ اُجڑے ہوئے سے چہرے
یہ خوف و وحشت
اگر معما نہیں تو کیا ہے
کوئی فسوں ہے کہ جس نے آخر
تمھاری عقل و خرد کو سُن کر دیا ہے گویا
فسوں نہیں تو تمھاری یادوں نے تم کو دیوانہ کر دیا ہے
مجھے خبر ہے مرے عزیزو
مجھے بھی یادوں سے سابقہ پڑ چکا ہے یارو
مگر تاسف ہے ان کا حاصل
جو یوں نہ ہوتا تو یہ نہ ہوتا
یہی ہے یادوں کا تانا بانا
مگر کہاں تک ـــ میں پوچھتا ہوں
ہزار امکان میں ابنِ آدم گھرا ہوا ہے
ہزار ساعت رواں دواں ہے
ہزار حسرت ، ہزار خواہش
ہزار ارماں
ہزار جلوہ چہار سُو ہے
تو پھر کہاں تک

غمِ زمانہ کو بھول جاؤ
ہنسو کہ ہر سانس موجِ دریا ہے جو پلٹ کر کبھی نہ آئے
کسے خبر ہے وہ موج تھی بھی
اگر یہی ہے مآلِ ہستی
تو پھر یہ غم کیوں
مری کنیزیں کہاں ہیں ـــ جاؤ
انھیں بلاؤ
بلاؤ نائین و مشتری کو
ہماری محفل میں یادِ ماضی و فکرِ فردا کا ذکر کیا
اُٹھاؤ بربط
مرا سفینہ رواں دواں ہے
نہ کل کوئی تھی نہ کوئی ہوگی
جو سانس جاتی ہے پھر نہ آئے گی
گاؤ جشنِ طرب مناؤ
(رقص ـــ داد و تحسین کا شور)
مگر وہ کیا ہے !
اُفق کی جانب ـــ وہ سوئے مغرب !
میانِ دریا سیاہ جنگل
سراب ہے یا کوئی جزیرہ ہے جس کی تم کو خبر نہیں
تھی مرے سفینے کے ناخدا

ناخدا : یہی وہ ساحل ہے جس کا سایہ
ہمارے چہروں پر خوف بن کر اُبھر رہا تھا
اسی کے قصّے ہمارے ہونٹوں پہ منجمد تھے
اسی کی وحشت سے سُوکھے پتّوں کی سرسراہٹ
ہمارے سانسوں
بس رہی تھی

یہی وہ جنگل ہے جس کے سایوں میں وہ کشش ہے
کہ ان سے بچ کے کوئی نہ اب تک نکل سکا ہے
یہی ذخیرہ ہے جس کی شاخوں میں ابنِ آدم کے
اب وجد
عروجِ انساں پہ ہنس رہے ہیں
(بندروں کے خوخیانے کی آوازیں۔ عورتوں کی
چیخیں ——— دہشت زدہ لوگوں کا شور)

سندباد: اُف ندایا یہ وحوش
مری تہذیب و تمدن کے یہ آئینہ صنعت۔ چہرہ نما
اُف یہ ہمزاد میرے
جانے کشتی کو مری لے کے کہاں جائیں گے
مرا سامانِ سفر
میری تاسیس و سلوی
میرے آلاتِ طرب
میرے خُم
میرے سبو
سب کے سب
اب مرے ہمزاد لیے جاتے ہیں
اے وائے
(چیخ و پکار ——— لہروں کا شور)

سندباد: آج پھر عزمِ سفر دل میں مرے
مثلِ امواج بدلتا پہلو
کسی انجانے جزیرے کی خبر دیتا ہے
آج پھر موج ہوا
پردۂ محملِ لیلیٰ سے اُڑا لاتی ہے
خندۂ سحرِ دمن
گوشۂ چشمِ آہو!
مجھ کو اب میرا جنوں
جانے کس قلزمِ بے جادہ پہ لے جائے گا؟
ہر سبک رو پہ مجھے خضر و الیاس کا گمان
مجھ کو ہر راہ سے منزل کی ہوا آتی ہے
میں نے فرعون کو موسیٰ سمجھا
میری کوتاہ نگاہی کے سبب
یدِ بیضا لیے آیا ہے نظر
مجھ کو ہر شعبدہ گر
میں نے ہر بت کو خدا مانا ہے
ہر صنم خانے کے ناقوس کی دلکش صدا
پانے کو ہاں کے لیے
حلقۂ زنجیر بنی
نقشِ ہر پا پہ مرا ذوقِ سجود
قصۂ زیست کا عنوان بنا
ہر قدم دوریٔ منزل کی خبر لایا ——— مگر
آبِ حیواں کے بہانے ہر بار
قعرِ ظلمات میں ہر خضر مجھے چھوڑ گیا
جادہ پیمائی مری پھر بھی مگر کم نہ ہوئی
قلزمِ آشام مرا شوقِ سفر
آج پھر مجھ کو بلاتا ہے کہ آؤ!
پھر کسی ناقۂ نادیدہ سے آوازِ جرس
پھر کوئی منزلِ موعود بلاتی ہے مجھے
مجھ کو ہر موج پہ محملِ گماں ہوتا ہے
ناخدا بن کے نظر آتی ہے ہر موجِ سراب
فردِ عصیاں کے سوا ——— سوچتا ہوں

ناخدا، ملاح، مرا
کچھ بھی نہیں
ہے یہی رختِ سفر — دامنِ صد چاک مرا
اور یہ تختہ خشاک کی مانند نرالی ناؤ
بادباں جس کے ہیں
پتوار
نہ مستول کوئی
جانے کس ساحلِ گم گشتہ پہ لے جائے گی
کون جانے مری منزل ہے کہاں!
دامِ ہر موج میں ہے حلقۂ صد کامِ نہنگ
دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہونے تک"

اگر تمہارا کوئی خوشگوار آپ و ہوا کے انتخاب کا اختیار ہو تو یقیناً وہ مخمل لیکٹری کے بہترین ماحول کو منتخب کرے۔ بالکل اسی طرح جیسے تمباکو کی خوبیاں مخمل کی کڑی احتیاط اور نگرانی میں بہتر ہو جاتی ہیں۔ اسی طرح آپ بھی ڈائمنڈ سگریٹ سے اور زیادہ فرحت و تسکین حاصل کریں گے۔ مخمل کا جواب سگریٹ "ڈائمنڈ" اب مکمل ایئر کنڈیشنڈ پلانٹ میں تیار کیا جاتا ہے۔

* یہ ڈائمنڈ سگریٹ کے پیکٹ پر نیچے کی طرف ایک سنہلی سٹیکر بھی لگا دی گئی ہے جو اس کے ایئر کنڈیشنڈ پلانٹ میں تیار کئے جانے کا ثبوت ظاہر کرتی ہے۔

ڈائمنڈ

لاجواب سگریٹ

مخمل ٹوبیکو کمپنی لمیٹڈ

اور بے صبری کا انجام

ایک صاحب نے اپنا انعامی بونڈ بیچنے بھنانے بھنانڈالا اور یہ صاحب اسے خرید لائے۔ اتفاق کی بات کہ اس پر ایک قرعہ اندازی میں انعام نکل آیا! اب گھر بھر کی خوشی کا کیا پوچھنا۔

کاغذ کا ذرا سا ایک پرزہ کس قدر قیمتی ہو سکتا ہے۔ یہ ہے انعامی بونڈ کا کرشمہ۔ دس روپے کے انعامی بونڈ پر ہر سال میں چار بار ۵۰ ہزار روپے کی مالیت کے ۱۳۹ انعامات تقسیم کئے جاتے ہیں۔ پہلا انعام ۲۰،۰۰۰ روپے۔

قرعہ اندازی میں شامل ہونے کے لئے اس سے کم از کم ایک ماہ پہلے انعامی بونڈ خرید دیں۔ انعامی بونڈ کو سیفٹی پن بھی لگایا جا سکتا ہے اور بھنانے کے پرانے بونڈ دوبارہ فروخت کر دیئے جاتے ہیں تاکہ ان پر بھی انعام پانے کا موقع حاصل رہے۔ آپ اس سے کیوں فائدہ نہ اٹھائیں

دس روپے والے انعامی بونڈ بنکوں اور ڈاک خانوں سے خریدیئے

ملک کے لئے بچایئے — خود کے لئے بچایئے

PIA

پی آئی اے کا ہر پانچواں مسافر — نیا مسافر

پاکستان
انٹرنیشنل
ایئر لائنز

پاکمال لوگ
لاجواب پرواز

قدیم روایات
اور
جدید وضع کی
آئینہ دار

ایو-پی-آئی-ڈی-سی-کی
گھریلو مصنوعات
خریدیئے

[illegible] ای-سی کی گھریلو مصنوعات شاخوں [illegible]
[illegible] پارچہ جات۔ قالین بدوسری [illegible]
[illegible] گھر کی رونق [illegible] کرتی ہیں۔ یہ مصنوعات
[illegible] اور بیرون ملک [illegible] مقبول ہیں
[illegible] اپنے گھر کی آرائش کے لئے [illegible] مصنوعات
انتخاب کیجئے۔

مغربی پاکستان
مصنوعی دستی کی گھریلو صنعتیں

مستعمل۔
پاکستانی
گھریلو مصنوعات

پریڈی اسٹریٹ اور کچہری روڈ۔ کراچی۔ دی مال لاہور۔ دی مال راولپنڈی۔ حسین آباد روڈ۔ ملتان
دی مال پشاور۔ کلب چوک حیدرآباد۔ جناح ایونیو۔ کوئٹہ



فهرست



پیاسا

کرشن چندر

نواب بڑا اتریلا اور زنخا سا لونڈا تھا۔ زرینہ کو اس لیے پسند تھا کہ وہ زرینہ کے ہاتھوں سے پٹ کر اور رو دھو کر صبر کر لیتا تھا۔ اسے نوکروں کی طرح بوریہ بستر باندھ کر رخصت نہیں ہو جاتا تھا۔

اس کے گندمی رنگ چہرے پر چیچک کے داغ تھے اور وہ بہت دُبلا تھا اور بہت کماتا تھا اور سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ جو وہ کماتا ہے وہ کہاں جاتا ہے۔ اس کی آواز میں ایک ہلکی سی تتلاہٹ تھی۔ جب وہ کھڑا ہوتا تھا تو کبھی سیدھا کھڑا نہیں ہو سکتا تھا۔ کسی دیوار یا کسی دروازے سے لگ کر نیم دراز حالت میں یوں کھڑا ہوتا تھا کہ پاؤں فرش پر گھسٹ رہے ہیں سر بائیں طرف کو لٹکا ہوا ہے اور دائیں طرف کو نکلا ہوا ہے ایک ہاتھ ماتھے پر ہے تو دوسرے سے پیٹ کھجا رہے ہیں۔ نواب کو عورتوں کی طرح ہاتھ ہلا ہلا کر باتیں کرنے کا بہت شوق تھا۔ انہی کی طرح وہ فقروں کو چبا کے یا چبا کے یا بڑی کی طرح کھینچ کھینچ کے بولتا تھا۔ مگر باہر کے کام میں بہت ہوشیار تھا۔ اس لیے اپنی تمام مضحکہ خیز اداؤں اور غمزوں کے باوجود قابل برداشت تھا۔ مگر کا باورچی تین دن سے غائب تھا اور نواب کو کچن میں کام کرنا پڑ رہا تھا۔ اسے صرف اوپر کے کام کے لیے رکھا گیا تھا۔ زرینہ لڑکیوں کے کالج میں پڑھانے جاتی تھی، میں اپنے دفتر جاتا تھا اس لیے اگر نواب کھانا نہ پکائے تو کون پکائے اور اس سے مشکل مسئلہ یہ تھا کہ باورچی کون ڈھونڈے اور کب؟ یہاں کسی کو فرصت ہی میسر نہ تھی۔

نواب کو جب تین دن کچن میں بیگن بھارنا پڑے اور لہسن کی چٹنی پیس کر نئے مصالحے کا قورمہ تیار کرنا پڑا تو اس کی ساری تتلاہٹ اور نسائیت ختم ہو گئی۔ مردوں کی طرح بڑے کرخت اور جھنجلائے ہوئے لہجے میں بول پڑا۔ صاحب ہم سے نہیں ہوتا ہم کو ایک دن کی چھٹی دو ہم آپ کے لیے ایک باورچی ڈھونڈ کے لائے گا۔

"کوئی باورچی ہے تمہاری نظر میں؟" زرینہ نے اس کی جھنجلاہٹ پر مسکرا کے پوچھا۔

کچن سے باہر آ کر نواب کو جو ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کے جھونکے لگے تو اس کے مزاج کی نسائیت پھر ابھرنے لگی۔ اس پر اسے مرد کی مسکراہٹ جو ملی تو اور بھی پھیل گئے۔ آپ نے ایک کندھا اوپر اچکایا، دوسرا نیچے کیا، بائیں کولہے کو اندر کی طرف جھکایا، دائیں کولہے کو ذرا سا باہر نکالا اور اپنے دونوں ہاتھ بڑی ادا سے ملتے ہوئے بولے۔

"اب لائیں گے کہیں نہ کہیں سے آپ کے لیے باورچی۔" نواب نے اپنے دیدے گھماتے ہوئے باورچی کے منہ کو ایک پُراسرار سیاہ غار کی طرح ہمارے سامنے کچھ اس طرح پیش کیا کہ جی جل کے کباب ہو گیا۔ جی چاہا سالے کو دو دو جھانپڑ اور اس کی ساری اترا ہٹ نکال دوں۔ مگر ضرورت باورچی کی تھی اور باورچی ڈھونڈنے کی فرصت کسی کو نہ تھی۔ اس لیے نواب کو ایک دن کی چھٹی دینا پڑی۔

ایک دن کے بعد اتوار تھا میں اپنے کمرہ میں بیزار بیٹھا ہوا تھا صبح کی نیلی نیلی روشنی میں اپنا سر خود ہی ہولے ہولے دبا رہا تھا۔ کبھی

کسی مجھے اپنا سر پھٹ جانے کی ٹیوب کی طرح معلوم ہوتا تھا جب تک وہ باورچی نہیں کچھ نکلا نہیں!

اتنے میں کیا دیکھتا ہوں کہ نواب دونوں ہاتھوں سے دروازہ کی پٹی کو تھامے گردن ایک طرف کو لٹکائے نیم باز آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔

"ہیں۔ ہیں!..... " وہ ہنس کر بولے۔ "ہم باورچی لے آئے۔"

"کدھر ہے؟" میں نے ڈپٹ کر پوچھا۔

نواب خائف ہو کر ذرا سے سیدھے ہوئے۔ اپنے دونوں بازو دروازہ کی پٹی سے اُتار کر اپنی کمر پر رکھ لیے پھر ذرا ہٹ کر کسی اور کو راستہ دے کر بولے۔

"اندر چلے آؤ۔"

کالا، دُبلا پتلا کرنجی آنکھوں والا ایک آدمی اندر آیا۔ عمر کوئی پینتیس برس کی ہوگی چھوٹے چھوٹے کالے کالے ہونٹ، چھوٹی چھوٹی کرنجی آنکھیں، ٹنگ، اتھا بال، اُبلے ہوئے گال اندر دھنسے ہوئے دانتوں کی ریخوں میں پانی کا بھورا میل نمایاں شیو کے باوجود ٹھوڑی پر کہیں کہیں بال رہ گئے تھے۔ عجب کراہت سی محسوس ہوئی۔

"تم باورچی ہو؟" میں نے اس سے پوچھا۔

"جی۔"

"کیا نام ہے تمھارا؟"

"اوم پرکاش۔"

میں نے اُسے سر سے پیر تک دیکھا پھر نواب سے کہا۔ "اسے بیگم صاحب کے پاس لے جاؤ وہ دیکھ لیں اور چاہیں تو رکھ لیں۔"

دوپہر کے کھانے میں شاہجہانی تو رہ تھا، اور شلغم مرچ میں بھرا ہوا قیمہ تھا اور دم کیے آلو تھے۔ مٹر پلاؤ اور رائتہ اور دو دو کا میٹھا۔ شاہی ٹکڑے اور دودھ کی سوا ہر چیز عمدہ اور نفیس تھی صحیح ذائقہ والی۔

میں نے خوش ہو کر کہا۔ "اوم پرکاش کھانا تو تم ٹھیک پکا لیتے ہو۔"

"اوم پرکاش" نے زینہ میری طرف حیرت سے دیکھ کر بولیں۔ "مگر اس کا نام تو اشتیاق ہے؟"

میں نے باورچی کی طرف دیکھا جو ایک کونے میں اپنے دونوں ہاتھ اپنی ناف پر رکھے کھڑا تھا اور مجھے دیکھنے کی بجائے دیکھ رہا تھا۔

"کیوں بے۔ تم نے مجھے اپنا نام غلط کیوں بتایا؟" میں نے باورچی سے پوچھا۔

بولا۔ "صاحب جب میں آپ کے کمرہ میں آیا اور آپ کو دیکھا تو ایسا لگا کہ شاید آپ ہندو ہیں تو میں نے آپ کو اپنا نام اوم بتایا۔ پھر میں بیگم صاحب کے کمرہ میں گیا تو مجھ کو ایسا لگا جیسے وہ مسلمان ہیں تو میں نے اُن کو اپنا نام اشتیاق بتا دیا۔"

"مگر بے وقوف۔ تم ایک کمرہ میں اوم پرکاش اور دوسرے کمرہ میں اشتیاق کیسے ہو سکتے ہو؟"

دلی میں ایسا کہنا پڑتا ہے صاحب۔ ایک گھر میں اوم پرکاش تو دوسرے گھر میں اشتیاق بتانا پڑتا ہے ..... پیٹ روٹی ہے صاحب!" اُس نے کسی قدر شکایت کے لہجے میں کہا اور اس کے لہجہ سے یہ بھی معلوم ہوتا تھا جیسے اس کو شکایت اس امر کی ہے کہ اسے اپنا نام غلط کیوں بتانا پڑا بلکہ اس بات کی ہے کہ پیٹ روٹی کیوں مانگتا ہے؟

گرمیوں کے دن تھے۔ دوپہر میں جب حبس بڑھنے لگا تو میں گھبرا کر دوبارہ نہانے کے لیے باتھ روم میں گھسا۔ ٹونٹی کھول کر معلوم کیا کہ آب جو چکا ہے۔ نواب کو آواز دی تو معلوم ہوا کہ وہ اپنے تلووں میں تیل چڑھا رہا ہے۔ اشتیاق بھاگتا ہوا آیا۔ میں نے اس

چوک میں جا کر منشی شمشیر کو بلاؤ شاور خراب ہے۔"

"میں ٹھیک کیے دیتا ہوں۔" اشتیاق بولا۔

وہ سر جھکا کر بڑی عاجزی سے بولا۔ "جی میں پلمبنگ کا کام بھی جانتا ہوں۔"

پانچ منٹ میں اُس نے شاور ٹھیک کر دیا۔

شام کو بجلی کا پیڈسٹل پنکھا جو صحن میں چلتا تھا خراب ہو گیا۔ زرینہ نے نواب کو آواز دی تو معلوم ہوا کہ وہ ابھی دوپہر کی نیند نہیں ہوا ہے۔ لہٰذا اشتیاق کو بلایا گیا اور اس سے کہا گیا کہ وہ چوک میں پنکھے والے کے پاس چلا جائے اور اپنے سامنے ٹھیک کرا کے لائے۔ بہت گرمی ہے آج تو رات بھر صحن میں پنکھا چلے گا۔ اشتیاق نے گرمی سے پنکھے کا معائنہ کیا۔ معائنہ کے بعد اُس نے اپنے دونوں بازو اپنی ناف پر رکھ لیے۔ بولا: "حضور میں پنکھا ٹھیک کر سکتا ہوں۔"

"کیا تم پنکھے کا کام بھی جانتے ہو؟" میں نے اُس سے پوچھا!

سر جھکا کر بولا۔ "جی! بجلی کا کام بھی جانتا ہوں پنکھا فٹ کر لیتا ہوں، بھی کر کے دکھاتا ہوں۔"

ڈیڑھ گھنٹے میں پیڈسٹل فین فر فر چلنے لگا۔ میں نے اشتیاق کو نئی نظروں سے دیکھا، کچھ شرمایا کچھ سکرایا آخر میں کچھ سکڑ کر اور کچھ ڈھک کر کچن میں چلا گیا۔

رات کے کھانے میں رامپوری کچن تھا۔ کچن کا تو تو اندر بریانی ملتی ہے۔ بریانی ہٹا تو اندر کچن چاٹ نکلتی ہے کچن چاٹ کھا لو تو اندر کا خاکینہ ملتا ہے بادام اور کشمش کے ساتھ۔ عجیب عجوبہ چیز قسم کی ڈش تھی مگر لذیذ اور مزیدار۔ میں نے ایک دو چمچے کھائے کر سات بار کورنش بجا لائے بولے۔

"آپ نے دیا ہے انعام۔ بہت بندے پیارے۔"

"ارے۔ میرے منہ سے ملا۔"

"جی ہاں۔" سر جھکا کر بولے۔ "میں شاعر بھی ہوں میرا تخلص تمنائی ہے۔"

"ہی طبیعت شاعروں سے بہت اُلجھتی ہے۔ سنا ہے ہر وقت ان کھاتے پیتے ہیں اور شعر کہتے رہتے ہیں۔ پتہ نہیں یہ بات

کا جواب دے دوں۔ پھر مجھے بیس روز میں معلوم ہوا کہ حضرت بیس ایسی قسم کے دوسرے پیشے بھی جانتے ہیں۔ کرسیاں بُن لیتے ہیں، موٹر
ٹھیک کر لیتے ہیں، لوہے کا ٹوٹا پھوٹا سامان ٹھیک کر لیتے ہیں کیونکہ بڑھئی کا کام بھی یکا ہے۔ سینما کے گیٹ کیپر بھی رہ چکے ہیں، اگنڈ ریلوے
میں چوکیدار کے ہاں کام کیا ہے، ٹیلر ماسٹر کے ہاں کام کیا ہے، کھلونوں کی فیکٹری میں کام کیا ہے، جام یہ رہ چکے ہیں۔ سلائی سے لے کر کپڑوں کی دھلائی
کے سب مراحل کو یہ پیشہ ور حیثیت سے پرکھ چکے ہیں۔ بڑے عمدہ درزی ہیں۔ سرکس کمپنی کے استاد ہیں، کن میلیے بھی ہیں۔ چاٹ بنا لیتے
ہیں اور سب سے بڑی بات یہ کہ انتہائی کم خوراک ہے۔ زرینہ کو ان کی یہ عادت بہت بھا گئی۔ کیونکہ وہ نواب کی اشتہا سے عاجز رہتی تھی
لیے اُس نے دھیرے دھیرے گھر کا سارا کام اشتیاق کو سونپ دیا۔

دو ماہ میں اشتیاق کا سکہ سارے گھر پر جم گیا۔ اس طرح بھاگ بھاگ کے کام کرتا تھا کہ نواب اور بھی کاہل اور ناکارہ ہوتا گیا اور
نے دیکھا کہ اشتیاق بھی یہی کچھ چاہتا ہے۔ عمر میں نواب اشتیاق سے سترہ اٹھارہ برس چھوٹا ہوگا۔ مگر تھوڑے ہی عرصہ میں نواب اشتیاق سے
ایسا سلوک کرنے لگا جیسے وہ مالک ہو اور اشتیاق اس کا غلام ہو۔ پہلے تو میں نے یہ سمجھا کہ یہ سب کچھ جذبۂ احسان مندی میں ہو رہا ہے
میں خیال تھا کہ ممکن ہے اشتیاق نواب پر عاشق ہو گیا ہو حالانکہ نواب پر عاشق ہونا بڑے دل گردے کا کام ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے
عاشق کی آنکھوں کی بینائی بے حد کمزور ہو، جس سماعت تقریباً نہ ہو اور کوئی لطیف جذبہ دل میں نہ ہو۔ بعد میں معلوم ہوا کہ میرا یہ خیال
صحیح نہ تھا۔ اشتیاق نہ نواب کو اپنا محسن سمجھتا تھا نہ اس پر فریفتہ تھا۔ بس اُسے دوسروں کو کھلانے کا مرض تھا اور دوسروں کو کھلا پلا کے دل
ایک عجیب سی خوشی محسوس کرتا تھا چونکہ وہ خود کم کھاتا تھا اس لیے وہ اپنے حصہ کی خوراک بھی نواب کو منتقل کر دیتا۔ ہمارے بعد اُس کے
سالن کا بہترین حصہ خاص کر دیتا۔ پہلے اُسے کھلاتا پھر خود کھاتا۔ ہوتے ہوتے نواب نے کام میں دلچسپی لینا بالکل ختم کر دیا۔ کسی بڑی بی کی
ایک کھٹیا پر پڑا کراہتا رہتا اور میں نے دیکھا کہ اشتیاق اُس کی فرضی بیماری کو بڑھا چڑھا کے بیان کرنے میں بڑا مزا لیتا اور اُسے کھٹیا پر مستقل
آرام کرنے کا مشورہ دیتا۔ اس کے لیے بازار سے دوا لاتا اور پھر سگریٹ بیڑی کے پیسے بھی خود دیتا۔ کبھی کبھی ایک آدھ قمیص شلوار
اور پاجامہ یا پتلون بھی سلا دیتا۔ ہوتے ہوتے اشتیاق کی تنخواہ کا بیشتر حصہ نواب پر خرچ ہونے لگا اور نواب اپنی تنخواہ کی کل رقم بھی
اپنی ماں کو بھی گڑھ بھیجنے لگا۔

زرینہ نے کئی بار اشتیاق کو سمجھایا۔ اُسے اپنی تنخواہ جمع کرنے کے فائدے سمجھائے مگر اشتیاق پر اُس کے سمجھانے بجھانے
کوئی اثر نہ ہوا۔ مسکرا کر بولا۔

"بیگم صاحب۔ بچہ ہے کھا لیتا ہے تو کیا کرتا ہے۔"

"ارے تو اپنے لیے بھی تو کچھ کرے کمبخت۔" زرینہ چڑ کر اُس سے کہتی "دوسروں کے لیے کیوں مرتا ہے۔"

"میرا آگے پیچھے کون ہے بیگم صاحب۔" اشتیاق گردن جھکا کر جواب دیتا۔ "بھائی نہیں بہن نہیں، ماں نہیں باپ نہیں
بھوپال کے فسادوں میں مارے گئے۔ میرا سیدھا بروقت خالی خالی سا رہتا ہے۔"

کچھ دنوں کے بعد نواب کی ماں کا خط بلی گڑھ سے آیا۔ اُس نے نواب کے لیے ایک لڑکی ٹھیک کر لی تھی، دو ماہ بعد شادی تھی۔
اُسے واپس بلا رہی تھی۔ عنقریب سائیکل والا جس کے ہاں وہ بلی گڑھ سے پہلے نواب کام کرتا تھا وہ اب پھر اُسے کام دینے کے لیے تیار

ہی لیے نواب واپس ——— جانے کے لیے تیار ہو گیا ہم بھی اندر سے بہت خوش تھے کیونکہ نواب اب تو تقریباً مفت کی کھاتا تھا۔ وہ
کام تو اشتیاق نے سنبھال لیا تھا۔ زرینہ نے بھی طے کر لیا تھا کہ نواب کے جانے کے بعد دوپہر کے کام کے لیے کسی کو نہ رکھے
اشتیاق کی موجودگی میں کسی دوسرے نوکر کی ضرورت نہ تھی۔

زرینہ بولی۔ "دیکھ نواب کی شادی ہو رہی ہے اب تو بھی شادی کرے اشتیاق میں تیری بیوی کو رکھ لوں گی مجھے ایک ملازمہ
کی ضرورت ہے۔"

شادی کے نام پر میں نے دیکھا کہ اشتیاق کچھ چڑ سا گیا ہے۔ اس کی بھنویں تن گئیں۔ تنگ ماتھے پر بالوں کی لٹیں ڈولنے لگیں اور
اس کے چھوٹے سے ہونٹ پھڑکنے لگے مگر وہ کچھ بولا نہیں۔ سر جھکا کر کھانے کے کمرہ سے باہر نکل گیا۔ اس کے جانے کے بعد نواب
کے چہرے پر ایک عجیب سی مسکراہٹ آئی کھانے کی میز کے قریب آ کر بڑی رازداری سے بولا۔

"ارے صاحب۔ یہ کیا شادی کرے گا اس کی بیوی تو شادی کے دوسرے دن ہی اسے چھوڑ کر بھاگ گئی تھی۔"

"کیوں؟" زرینہ نے پوچھا۔

"معلوم نہیں بیگم صاحب۔" نواب بولا۔ "یہ کچھ بتاتا تو ہے نہیں۔"

چند منٹ کے بعد جب ہم لوگ کھانا کھا کے صحن میں ہاتھ دھونے کے لیے آئے تو دیکھا کہ اشتیاق کچن میں میلے برتن اور راکھ کا
ڈھیر اپنے سامنے رکھے خلا میں گھور رہا ہے اور اس کی چھوٹی چھوٹی آنکھیں کسی نامعلوم جذبہ سے جھلک کر تارا سی چمک رہی ہیں۔
مجھے پہلی بار اشتیاق میں دلچسپی پیدا ہوئی۔

آٹھ دس روز کے بعد نواب نے علی گڑھ واپس جانے کا پروگرام بنا لیا۔ اس کے جانے پر اشتیاق چپکے چپکے بہت رویا اس کی
آنکھیں سرخ تھیں اور ہونٹوں کے کونے بے طرح پھڑکتے تھے مگر زبان سے اس نے کچھ نہیں کہا۔ اس نے نواب کے لیے سفری ناشتہ تیار
کیا حالانکہ صرف اڑھائی گھنٹے کا سفر تھا مگر قیمے کے پراٹھے اور سرخ مرچوں کا اچار اور آلو کا بھرتہ اور چینی روٹی اور مکھن کی ایک گولی۔ وہ
نواب کی بھوک سے واقف تھا۔ خود اپنے خرچ سے اس نے نواب کا ناشتہ تیار کیا تھا اس لیے ہم شکایت بھی نہیں کر سکتے تھے وہ خود نواب
کے لیے سکوٹر لے کر آیا اس کا سامان سکوٹر میں رکھا اور اسے پرانی دلی کے سٹیشن پر گاڑی میں سوار کرا کے واپس آیا۔

دو دن تک اس طرح مضطرب اور بے چین پھرتا رہا جیسے اس کا گھر لٹ گیا ہو اور وہ کسی اجاڑ ویرانے میں گم ہو رہا ہو۔ کھانے
اسے یا ایک دم گر گیا تھا۔ قد اس کے جذبہ کی طرح تنگ تھا اور قلیہ اتنا پتلا جیسے کسی نے اس کی ساری امیدوں پر پانی پھیر دیا ہو۔ چپاتیاں
بے ڈول اور بے ڈھنگی اور ان پر جگہ جگہ مایوسی کی راکھ لگی ہوئی۔ دو دن تک تو ہم نے کسی نہ کسی طرح صبر کر کے کھانا زہر مار کیا اور یہ سوچ
لیا کہ مگر معاملہ یونہی چلتا رہا تو اشتیاق کو جواب دینا پڑے گا۔

مگر دو دن کے بعد اشتیاق سنبھل گیا۔ کہیں سے وہ ایک بلی کا بچہ اٹھا لایا اور اب وہ بلی کا بچہ اشتیاق کی توجہ کا مرکز بن گیا
گھر کا کام کرنے کے بعد وہ اپنا سارا وقت جو اس سے پہلے وہ نواب کو دیتا تھا اب بلی کے بچہ پر صرف کرنے لگا۔ اور اپنی تنخواہ کا کافی
حصہ بلی کے لیے دودھ اور گوشت پر خرچ کرنے لگا اور یوں دیکھا جائے تو بلی کا بچہ نواب سے کچھ کم نہیں کھاتا تھا۔ اس کے عشق

اور غصے بھی خواب سے [illegible] اتنا ہی اتر چکا تھا اور ویسی ہی ادائیں دکھاتا تھا۔ وہ بھی دل میں اشتیاق سنبھل گیا اور کھانے کا معیار بھی ٹھیک ہوتے ہوتے پھر اپنی پہلی اور اصلی حالت پر آ گیا اور ہم لوگوں نے چین کا سانس لیا۔

اشتیاق کسی کام کرنا ذکر تا تھا کیونکہ وہ اپنی دانست میں سب کچھ جانتا تھا۔ یہ کسی شخص غصے کی عادت دیتی، اس قدر جس قدر یہ احساس کہ مجھے یہ کام بھی کر کے دکھا دینا چاہیے۔ اُسے اپنے ذاتی وقار کے تحفظ کا بہت خیال تھا اور ایک عجیب سی الجھن تھی اُس کے دل میں جو اُسے ہر کام کو پورا کرنے کے لیے اُکساتی تھی۔ چاہے وہ اسے جانتا ہو یا نہ جانتا ہو۔ کئی دنوں سے ریڈیو خراب تھا اور میں چونکہ ریڈیو کا کام اچھی طرح جانتا ہوں اس لیے زرینہ نے مجھے کئی بار ریڈیو ٹھیک کرنے کے لیے کہا۔ مگر دفتر کی طویل جھک جھک سے ذہن اور جسم دونوں اس قدر تھک جاتے ہیں کہ ریڈیو کو کھولنے اور ٹھیک کرنے کی ہمت کہاں سے لاؤں؟ میں اس کام کو آج اور کل ٹال رہا تھا۔

ایک دن دفتر سے جو آیا تو دیکھا کہ ڈرائنگ روم کے ایک کونے میں پورا ریڈیو کھلا پڑا ہے اور اشتیاق عجب گھبرائی ہوئی حالت میں اُسے ٹھیک کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اور زرینہ قریب کھڑی ہوئی رو کھی ہو رہی ہے۔ میں نے آنکھوں کے اشارے ہی اشارے میں پوچھا کہ کیا بات ہے؟

زرینہ بولی: "اشتیاق نے کہا تھا میں ریڈیو بھی ٹھیک کر لیتا ہوں اور تمھیں کئی دن سے فرصت نہیں مل رہی ہے اس لیے میں نے اشتیاق کو اس کام پر لگا دیا۔ وہ ڈھائی گھنٹے سے ریڈیو پر کام کر رہے ہیں حالانکہ تم نے بتایا تھا کہ معمولی سا نقص ہے!"

میں معاملے کی نزاکت سمجھ گیا۔ اشتیاق اپنے چھوٹے سے اتنے پر بال گئے مجھ سے تھمیں چھپائے ریڈیو پر کام کر رہے تھے۔ صاف معلوم ہوتا تھا کہ ریڈیو کھول تو لیا ہے مگر اب جوڑا نہیں آتا۔ چہرے سے پسینہ پھوٹ پڑا تھا۔ میں نے زرینہ کو باہر بھیج دیا اور خود اشتیاق کے ساتھ کام کرنے میں مصروف ہو گیا۔ مگر میں نے اشتیاق کو یہ محسوس نہیں ہونے دیا کہ مجھے معلوم ہے کہ اُسے یہ کام نہیں آتا۔ بلکہ میں نے اس طریقے پر کام کو آگے بڑھایا جیسے ہر کام اشتیاق کی مرضی سے ہو رہا ہے۔

گھنٹہ بھر میں ریڈیو ٹھیک ہو گیا۔ زرینہ بہت خوش ہوئی اُس نے اشتیاق کو دو روپے انعام میں دیے۔ مگر چند دنوں کے بعد پھر اشتیاق کی شامت آئی۔ زرینہ نے کہیں اُس سے پوچھ لیا۔ "کیا تم رس گلے بنا سکتے ہو؟"

"جی ہاں۔" اشتیاق فوراً بولے

"ایک دن بنا کے دکھاؤ۔"

"آج رات ہی کو بناؤں گا۔"

رات کے کھانے کے بعد دیر تک اشتیاق کچن میں کچھ کھٹر پٹر کرتا رہا۔ انگیٹھی سے دیر تک دھواں سلگتا رہا، منہ میں بیڑی دبی رہی، ماتھے کے بال اُلجھتے رہے اور کچن کی زرد روشنی دیر تک کمرے میں اپنا سر پٹختی رہی۔ کوئی ایک بجے کے قریب کچن کی بتی بجھی اور اشتیاق نے دوسرے دن صبح ناشتے میں برف میں ٹھنڈے کیے گئے رس گلے تازے اور گلاب کی خوشبو سے مہکتے ہوئے پیش کیے۔

"یہ رس گلے تم نے بنائے ہیں؟" زرینہ نے حیرت سے پوچھا۔

"جی۔ اسی خاکسار نے" اشتیاق دروازہ سے لگ کر نظریں جھکا کر پاؤں سے فرش کو کریدنے کی کوشش کرتے ہوئے بولا۔

"بالکل بازار کے سے معلوم ہوتے ہیں!" زرینہ تعریف کرتے ہوئے بولی۔

"یہی تو ان کی خوبی ہے۔ میں نے کہا۔ سیدھے بازار سے لائے گئے ہیں!"

"جی نہیں۔" اشتیاق نے زور سے احتجاج کیا۔

اُس کے احتجاج کی شدت دیکھ کر زرینہ کا شبہ اور بڑھ گیا۔ بولی۔ "تو آج رات کو میرے سامنے رس گلے بناؤ۔ میں خود دیکھوں گی۔"

"جی بہت اچھا۔"

اشتیاق نے رس گلوں کے سلسلے میں چند چیزوں کی فہرست پیش کی جو منظور کر لی گئی۔ دوپہر میں بہت دیر تک اشتیاق بازار میں رہے۔ سرِ شام زرینہ نے اُن کے بھولے کی تلاشی لے لی کہ کہیں وہ رس گلے بازار سے نہ لے آئے ہوں۔ رات کے کھانے کے بعد اشتیاق نے بڑے اہتمام سے رس گلے بنانے کا کاروبار کچن میں پھیلا دیا۔ زرینہ نے گھر کو اندر سے بند کر کے تالا لگا دیا تھا اور ہر پندرہ منٹ کے بعد کچن میں جھانک لیتی تھی۔ کوئی دو بجے کے قریب جب نیند کا غلبہ شدید ہونے لگا تو رس گلے تیار ہو گئے۔ اشتیاق ایک قاب میں رس گلے لے کر آئے۔ کمانڈ کے متطر شیرے میں فینائل کی گولیوں سے بھی دو تہائی کم کے حجم کی سفید سفید گولیاں سی تیر رہی تھیں۔ زرینہ چیخی!

"ارے یہ رس گلے ہیں، بکری کی مینگنی کے برابر!"

"ابھی چھوٹے ہیں! دیکھیے بیگم صاحب۔ یہ رس گلے ابھی چھوٹے ہیں مگر رات بھر شیرا پئیں گے صبح کو پھول کر پورا رس گلہ ہو جائیں گے۔"

اشتیاق نے سمجھایا۔

زرینہ کو یقین آیا نہ مجھے مگر نیند کا غلبہ شدید تھا اس لیے ہم سو گئے۔ صبح اٹھے تو ناشتہ پر پورے حجم کے بڑی گولائی کے سفید رس گلے کھائے گئے۔ کسی طرح یقین نہ آتا تھا کہ رات کو کونین کی گولیوں کے برابر حجم والے رس گلے پھول کر اس قدر بڑے ہو گئے تھے۔ مگر رات بھر کون جاگے؟ اور کون چوکیداری کرے؟ اشتیاق خود صبح صبح بازار سے رس گلے خرید لائے ہوں گے اور رات کی گولیوں کو انھوں نے نالی میں بہا دیا ہوگا مگر اب کیا ہو سکتا ہے۔ جو شخص اپنے ذاتی وقار کی خاطر رات بھر جاگ سکتا ہے اور اپنی جیب سے پیسے خرچ کر کے دوسروں کو رس گلے کھلا سکتا ہے محض اپنی ذات کی اہمیت جتانے کے لیے۔ اُس سے اُلجھنا بے کار ہے۔

جوں جوں بی کا بچہ بڑا ہوتا گیا اشتیاق کا جذبہ دوں بڑھتا گیا چند ماہ میں ہمارے سامنے ایک خوبصورت بلی صحن میں گھوم رہی تھی جس کے بال مخمل کی طرح ملائم تھے جو انتہائی میٹھی سرگوشی میں غرّ غرّ کرتی تھی اور جب گردن ٹیڑھا کر کے آنکھیں جھپکا کے اشتیاق کی طرف دیکھتی تھی تو وہ بے چارہ دل تھام کے رہ جاتا۔ تھی بھی قیامت کی تراش۔ موٹی گول تو تھی سی۔ کبھی دھیرے دھیرے مٹک مٹک کر چلتی کبھی ایک دم اچھل کر چھلانگ لگاتی اور اشتیاق کے کندھے پر جا کے بیٹھ جاتی اور پیار سے اُس کی گردن چاٹنے لگتی۔ کبھی اُون

ساگوان کی ہوئی پائنتی پر بیٹھ کر کبھی کبھی اُس کی بانہوں میں پُوری پھیل کر لیٹ جاتی۔ عورت کی مکمل سپردگی کے ہر انداز میں شریر تغافل ادا سے ایک مست انگڑائی لیتی اور جب اشتیاق اُسے پکڑنا چاہتا تو بدن چُرا کر بھاگنے لگتی اور اشتیاق ایک عجب مسرت اور حسرت سے اُس کی طرف دیکھنے لگتا۔ اشتیاق نے اس کا نام گلشن رکھا تھا مگر پیار کی محویت میں اُسے صرف گلو کہہ کر پکارتا تھا۔

ایک دن میری غیر حاضری میں اشتیاق نے زرینہ کے بیڈ روم پر دستک دی۔

سردیوں کے دن آ چلے تھے اس لیے زرینہ صبح ختم ہونے کے باوجود اپنے نائٹ گاؤن میں ملبوس ایک سویٹر بُن رہی تھی۔

"کون ہے؟" زرینہ نے پُوچھا۔

"میں ہوں اشتیاق۔"

"اندر آ جاؤ۔" زرینہ بولی۔

کاغذ پنسل لئے ہوئے اشتیاق جھجکتے جھجکتے انتہائی مودب انداز میں دروازہ سے لگ کر کھڑا ہو گیا پھر اُس نے پیچھے سے اور پنسل آگے بڑھا دیا اور بولا کچھ!

زرینہ بولی۔ "کیا کل کا حساب ہے، ابھی نہیں بعد میں دیکھ لوں گی۔"

"حساب نہیں ہے۔"

"پھر کیا ہے؟"

"آپ لکھیے تو۔" اشتیاق بار بار کاغذ اور پنسل آگے بڑھا رہے تھے زرینہ نے کاغذ اور پنسل تھام کر ذرا سختی سے پُوچھا۔

"آخر ہے کیا؟"

"ایک غزل کے تین شعر ہوئے ہیں۔"

زرینہ چند لمحوں کے لیے بھونچکی رہ گئی پھر اُس کے دل میں ہنسی پھوٹنے لگی، مُسکرا کر بولی۔

"تم خود نہیں لکھ سکتے؟"

"جی نہیں۔ میں نہ لکھ سکتا ہوں نہ پڑھ سکتا ہوں۔"

"مگر شعر کہہ سکتے ہو۔" زرینہ نے فقرہ مکمل کیا۔

"جی! جی بالکل کہہ سکتا ہوں۔ آپ لکھیے میں بولتا ہوں۔"

"لکھیے۔" زرینہ نے زچ ہو کر کہا۔

اشتیاق نے اپنی آنکھیں بند کر لیں اور ایک عجب محویت کے عالم میں بولا۔

تنہائی میرا کام ہے۔ گلشن تیرا نام ہے جو ہو سو ہو۔

ہم مرتے ہیں تجھ پر تو ڈرتی ہے تجھ سے۔ جو ہو سو ہو۔

"مگر اس کی بحر کیا ہے؟" زرینہ نے پُوچھا۔

"بجا!" اشتیاق نے حیرت سے آنکھیں کھول کر پوچھا۔ "بہرحال غزل تو غزل ہے۔"

"مگر اس کا وزن؟" زرینہ نے پھر توجہ دلائی۔

"بڑی وزنی غزل ہے بیگم صاحب۔ آپ لکھیے تو۔" اشتیاق نے کامل دلجمعی سے کہا۔

بڑی مشکل سے زرینہ نے اپنی ہنسی روکی۔ بولی "آگے چلیے۔"

اشتیاق نے پھر آنکھیں بند کر لیں اور گہرے مراقبے میں جا کر بولے۔

تیری جدائی میں ہمنے ہم مست فگار جو ہو سو ہو۔
کہتا ہے تنہائی اب گلشن میں کون آیا جو ہو سو ہو۔

زرینہ نے پوچھا۔ "کہتا ہے تنہائی! مگر تنہائی تو مونث ہے!"

"مگر تنہائی تو میرا تخلص ہے اور میں مونث نہیں ہوں۔" اشتیاق نے سمجھایا۔

اس کے چہرے پر کچھ ایسی مسکراہٹ تھی جیسے وہ کہنا چاہتا ہو "اجی بیگم صاحب۔ یہ شعر و شاعری ہے آپ کیا جانیں۔"

"اور یہ مست فگار۔ کہاں کی ترکیب ہے تنہائی صاحب۔" زرینہ نے پھر پوچھا۔

"ہمارے مراد آباد میں ایسا ہی بولتے ہیں!" اشتیاق نے جواب دیا۔

زرینہ نے اکڈم کاغذ پنسل بیڈروم کی کھڑکی سے باہر پھینک دیے۔ چیخ کر بولی۔ "اشتیاق اگر آج کے بعد تو نے کبھی مجھے اپنا کوئی شعر سنایا تو کھڑے کھڑے گھر سے باہر نکال دوں گی۔" اشتیاق نے کھسیا کر سر جھکا لیا، پھر سر کھجانے لگے۔ بے حد محجوب اور شرمندہ سے دکھائی دے رہے تھے۔ زرینہ کو اس پر رحم آگیا نرم لہجہ میں مسکرا کر کہنے لگی۔

"میرے خیال میں اگر آپ شعر و شاعری چھوڑ کر ناول نگاری کی طرف توجہ کریں تو بہتر ہوگا۔"

ذرا سر اٹھا کر بولے۔ "ایک ناول بھی تیار کر رہا ہوں۔"

"کیا نام ہے اس ناول کا؟" زرینہ نے پوچھا۔

"وائف اینڈ گلک۔" اشتیاق انگریزی میں بولے۔

اشتیاق کی انگریزی ایسی تھی جیسے پرانے زمانے میں ان باورچیوں کی ہوا کرتی تھی جو انگریزوں کے پاس کام کرتے تھے یا آج کے ان مزدوروں کی جو ان پڑھ ہونے کے باوجود ٹیکنیکل دھندوں میں پڑ جاتے ہیں۔ یہ انگریزی بڑی مختصر اور جامع ہوتی ہے اور بالعموم لغت کی محتاج نہیں ہوتی مگر اپنا مفہوم ادا کرنے میں اس انگریزی سے کہیں بہتر ہوتی ہے جسے آج کل کے طالب علم میٹرک تک پڑھتے ہیں۔

ایک دن جب اشتیاق میرے سر کی چمپی سے فارغ ہو چکا تو میں نے اس سے کہا۔ "تم اتنے ڈھیر سارے دھندے جانتے ہو۔ اگر تم کسی ایک دھندے کو پکڑ کر بیٹھ جاتے تو غالباً بہت ترقی کر جاتے۔"

"صاحب! میرا کسی کام میں زیادہ دیر تک جی نہیں لگتا۔" اشتیاق ایک چھوٹے سے تولیہ سے اپنے ہاتھ صاف کرتا

ہوئے بولا: "ملا بھی ایک ملنے پھر دوسرے میں چلا گیا اس طرح زندگی کے پینتیس چھتیس برس گزار دیئے ہیں۔ باقی بھی ایسے ہی گزر جائے گی۔"

"تو تم کسی ایک دھندے میں جمی کیوں نہیں رہتے۔" میں نے پوچھا!

"جی نہیں لگتا۔" اشتیاق سر جھکا کر کسی ناقابل جرم کی طرح شرمندہ ہو کے کہا۔

"میرا سینہ ہر وقت خالی خالی سا رہتا ہے۔"

"میاؤں۔"

دروازہ پر گلو تشریف لائیں اور وہ منہ اٹھا کے بڑی بڑی آنکھوں سے اشتیاق کی طرف دیکھنے لگی۔ اشتیاق نے اسے گود میں اٹھا لیا اور اس کے بالوں پر دھیرے دھیرے ہاتھ پھیرتے ہوئے بولا۔ "گلو بھوکی ہے اسے دودھ دے آؤں۔"

"جاؤ۔"

اشتیاق پر کبھی کبھی زبنی خشی کے لمبے لمبے دورے پڑتے تھے، جبکہ وہ گھنٹوں اپنے خیالوں میں ڈوبا ہوا کہیں میں غائب بیٹھا تھا۔ جانے کیا سوچتا ہے۔ خود ہی مسکراتا ہے خود ہی گھورتا ہے خود ہی سسکنے لگتا ہے، کبھی کبھی منہ میں بڑبڑانے لگتا ہے۔ کسی گزرتی ہے اس پر، وہ کون سا کرب ہے جو اسے اندر ہی اندر کھائے جاتا ہے۔ کون جانے، کچھ بتاتا تو ہے نہیں۔ کبھی کبھی نشہ بھی کرتا ہے۔ قیاس غالب ہے کہ جب دل کی تشنگی اور سینے کا سناٹا حد سے گزرنے لگتا ہے تو کوئی نشہ ضرور کرتا ہے۔ کیونکہ مہینے میں ایک دو دن ایسے آتے ہیں جب اشتیاق کوئی کام نہیں کر سکتا۔ سارا دن تقریباً نیم غشی کی حالت میں اپنی چارپائی پر پڑا رہتا ہے اور اس کا سینہ دھونکتا رہتا ہے اور دو دن کے بعد جب وہ ہوش میں آتا ہے تو اصرار کرتا ہے کہ نہ دن بدلا ہے نہ تاریخ بدلی ہے، نہ اس نے کوئی نشہ کیا ہے اور ہم بھی اس لیے چپ رہتے ہیں کہ اپنا کام بہت اچھا کرتا ہے۔ ماہر ہے نہیں آرٹسٹ ہے اپنے کام کا اور فنکار کے دماغ کی ایک چال تو ایسی ہوتی ہے۔ یہ سب جانتے ہیں۔

اس لیے کبھی کبھی ایسا ہو جاتا ہے کہ اس سے کہا حیدرآبادی بیگمیں بنائے اور وہ لے آیا کچھ عجیب سی ڈش۔ جس میں شوربا پانی کی طرح پتلا تھا اور اس کے اندر بیگمیں کے کالے کالے ٹکڑے سرے ہوئے چوہوں کی طرح تیر رہے تھے۔

"یہ حیدرآبادی بیگمیں ہیں؟" زرینہ چیخ کر پوچھتی ہے۔

"جی نہیں یہ چائنا ڈش ہے۔" اشتیاق کہتا ہے۔ "بالکل نئی ڈش ہے نکال کے دیکھیے۔ بھئی چکھیے، بالکل نیا مزا ہے۔"

"اٹھا کے لے جا ابھی ابھی یہاں سے ورنہ تیرے سر پہ مار دوں گا۔" میں گرج کر کہتا ہوں کیونکہ مجھے تو اس ڈش کو دیکھ کر ہی متلی ہونے لگی تھی۔

اس وقت تو اشتیاق ڈش اٹھا کے لے گیا مگر بعد میں اس نے زرینہ سے کہا۔ "صاحب بھی کیسی ناانصافی کرتے ہیں پہلے بغیر پکائے کر دیتے ہیں کھانے کو۔"

اشتیاق مرقعہ بہت عمدہ پکاتا ہے۔ ایک دفعہ گھر پر مخصوص مہمانوں کی دعوت تھی۔ اشتیاق سے مرقعہ پکانے کی فرمائش

گئی۔ جب دسترخوان بچھا تو نمک دوسری چیزوں کے ایک نہایت بدبودار اور سڑی ہوئی ڈش سامنے آئی۔

"یہ موتی قلیہ ہے۔" زرینہ نے حیرت سے پوچھا۔

"جی نہیں۔" اشتیاق فوراً بولے۔ "یہ پیٹ ہے۔"

"پیٹ کیا؟ تمہیں تو موتی قلیہ تیار کرنے کو کہا تھا، کہا تھا کہ نہیں؟" زرینہ خفا ہو کے بولی۔

"جی۔ موتی قلیہ بگڑ گیا۔ اس لیے میں نے نئی ڈش تیار کر دی۔" اشتیاق کی یہ عادت اب ہمیں معلوم ہو چکی ہے کہ جب کوئی سالن بگڑ جاتا ہے وہ فوراً اُسے کوئی نیا نام دے کر دسترخوان پر پیش کر دیتے ہیں اور ڈش کے بگڑنے کا یوں تذکرہ کرتے ہیں جیسے کسی اعلیٰ خاندان کا لڑکا خود بگڑ جائے اور اُس کے بگاڑنے میں اُن کا کوئی ہاتھ نہ ہو۔

اب کیا کہیں۔ چند ایسے مہمانوں کی دعوت تھی جن کے سامنے میں بے تکلف نہ ہو سکتا تھا ورنہ آج میرا ارادہ اشتیاق سے بے تکلف ہونے کا تھا۔ مگر مہمان موجود تھے اور دوسرے سالن بے حد عمدہ تھے اس لیے خاموش رہ جانا پڑا۔

دوپہر کے کھانے کے بعد ہم اپنے مہمانوں کو لے کر مٹینی شو دیکھنے چلے گئے اور چلتے چلتے زرینہ نے اشتیاق کو رات کے کھانے کے متعلق ہدایات دے دیں۔ مٹینی شو دیکھ کر جب ہم شام کو واپس آئے تو دیکھا کہ گھر کے باہر فائر بریگیڈ کھڑا ہے۔ بہت سے لوگ جمع ہیں اور کچن کی چمنی اور چھت اور کھڑکیوں سے دھوئیں کے بادل اُٹھ رہے ہیں۔

"آگ، آگ میرا گھر بچاؤ۔" سینٹ لارڈ زور زور سے چیخ رہا تھا۔

"اشتیاق کہاں ہے؟" میں نے پوچھا۔

"کیا معلوم۔" سینٹ لارڈ اپنے سر کے بال نوچتے ہوئے بولا۔ "ایک گھنٹے سے چیخ رہا ہوں دروازہ ہی نہیں کھولتا اندر کچن میں شاید نشہ کر کے بے ہوش پڑا ہے۔"

میں نے اور زرینہ نے۔ دونوں نے چلا چلا کر اشتیاق سے دروازہ کھلوایا۔

اشتیاق بے حد حیرت زدہ کچن سے نکلے اور دھواں دیکھ کر پلٹے اور کچن کی دونوں انگیٹھیوں پر پانی ڈال کر بجھانے لگے۔ دونوں انگیٹھیوں کے سالن جل چکے تھے۔ مگر خدا جانے ان میں اُس نے کونسا مسالحہ ڈالا تھا کہ دھوئیں کے گہرے سیاہ بادل اب تک ان قلیوں سے اُٹھ رہے تھے۔

"آگ آگ۔" سینٹ لارڈ غصے سے چیخ رہا تھا۔

"کدھر ہے آگ؟" اشتیاق حیرت سے پوچھنے لگا۔

زرینہ بولی۔ "یہ بے چارے ایک گھنٹے سے چیخ رہے ہیں دروازہ پیٹ رہے ہیں اور تمہیں کچھ پتہ ہی نہیں۔ فائر بریگیڈ تک آ گیا اور تم کچن کا دروازہ بند کیے غافل بیٹھے ہو۔"

اشتیاق سب لوگوں کو متوجہ دیکھ کر کچھ چونکے۔ شرمندہ ہو کر سر جھکانے لگے۔ ایک اُنگلی اپنی کھوپڑی پر رکھ کر بولے "بھئی چل رہی تھی۔"

"کیسی بحث؟ [illegible] پاؤں چڑھنے لگا۔ تم تو یہاں اکیلے بیٹھے ہو۔"

"کرشمہ میں مقدمہ تھا۔"

"کیسا مقدمہ؟"

"ابا کی مکان کا مقدمہ تھا میرے اور چچا زاد بھائی لطیف کے درمیان۔ وکیل استغاثہ اور وکیل صفائی میں بحث ہو رہی تھی۔"

"کدھر ہے وکیل استغاثہ اور وکیل صفائی۔" زرینہ کے غصہ کا پارہ چڑھنے لگا۔ "میں خود دونوں طرف سے وکیل ہوں، خود ہی کورٹ ہوں خود ہی مدعی، خود ہی مدعا علیہ، خود ہی بحث کرتا تھا، خود ہی جواب دیتا تھا۔" اشتیاق نے بتایا۔

"مگر کہاں بحث چل رہی تھی۔" زرینہ نے دانت پیس کر پوچھا۔

"یہاں۔" اشتیاق نے اپنی کھوپڑی پر انگلی رکھ کر کہا اور سر جھکا لیا۔

زرینہ کا دل اشتیاق سے جلنے لگا۔ میرا بھی! محمد باورچی ہونے کے باوجود اس کی خامیاں اب جان لیوا ثابت ہونے لگیں۔ ادھر اشتیاق سے زیادہ اس کی بلی بی گلشن نے مجھے عاجز کر دیا۔ میں دراصل اشتیاق کی وجہ سے اس سے بے اعتنائی تو برتتا تھا کیونکہ اشتیاق نہیں چاہتا تھا کہ اس کے سوا کوئی دوسرا اس کی بلی پر توجہ دے۔ مگر غالباً گلشن کو یہ بات پسند نہ تھی وہ مجھے بھی اپنے قدموں کی فرست میں شامل کرنے پر مصر تھی۔ وہ ایک بار وہ میرے کمرے میں اٹھلاتی ہوئی آئیں مگر میں نے شش کہہ کر بھگا دیا۔ پھر میری غیر حاضری میں ایک بار وہ میرے بستر پر چڑھ کے سو گئیں۔ دراصل سوئی نہیں سونے کا بہانہ کر رہی تھیں۔ وقت بھی بی گلشن نے وہ چنا تھا جو دفتر سے آنے کا تھا۔ مقصد یہ تھا کہ دیکھو ہم تو تمہارے بستر پر چڑھ کے سوئیں گے اور اگر تم ہمیں برداشت کر گئے تو دوسری بار تمہارے سینے پر چڑھ کے سوئیں گے۔ یعنی جس قدر میں بے اعتنائی دکھا رہا تھا اسی قدر وہ مجھے اپنے قریب لانے پر مصر تھیں۔ اس وقت میں نے جو انہیں بستر پر سوتے ہوئے دیکھا تو غصہ میں آکر انہیں دم سے پکڑا اور بستر سے نیچے پھینک دیا۔ بے حد خفا ہو کر غرائیں اور جھاڑ کر کمرے سے باہر چلی گئیں مگر اس کا بدلہ گلشن نے یوں لیا کہ دوسرے دن دفتر سے جو آیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ میرے کمرہ میں سمبل کی ریشمی روئی کے دونوں تکیے ادھڑے پڑے ہیں اور گلشن انہیں پنجے مار مار کر نوچ رہی ہے اور سمبل کو ہوا میں اڑا رہی ہے۔

میری آنکھوں میں خون اتر آیا۔ جھپٹا مارنے کے لیے آگے جو بڑھا تو گلشن چھلانگ لگا کر دروازہ سے باہر۔ اور بلی چلانے لگی: "میاؤں! میاؤں!" مگر آج میں نے بھی قسم کھائی تھی۔ آج میں اس حرامزادی کو زندہ نہیں چھوڑوں گا۔ میں نے صحن کا دروازہ بند کر دیا اور ڈرائنگ روم سے بیڈ روم اور ڈائننگ روم سے کچن سے صحن سے باتھ روم تک گلشن کے پیچھے پیچھے بھاگ کر آخر میں نے اسے پکڑ لیا اور دونوں ہاتھوں سے دبا کر اسے گھر سے باہر چلا۔ اشتیاق سہما ہوا میرے پیچھے پیچھے آنے لگا مگر میرے غصہ کو دیکھ کر منہ سے کچھ بول نہیں رہا تھا۔ صرف اس کے ہونٹوں کے کونے پھڑک رہے تھے۔

بڑی سڑک پر آکر میں ایک کونے میں کھڑا ہو گیا۔ اس سڑک پر کئی کوڑے اور گٹھے تھے اور اس پر لوگ گنت وزنی ٹرک گھوں گھوں کرتے ہوئے گزرتے تھے۔ میں نے ایک ٹرک کو قریب آتے ہوئے دیکھ کر یکایک گلشن کو زور سے جھلایا اور نشانہ باندھ کر گزرتے ہوئے ٹرک کے نیچے پھینک دیا۔ اشتیاق کے گلے سے ایک گھٹی ہوئی چیخ نکلی۔

ٹرک سڑک پر سے گزر گیا چند لمحوں تک ایسا محسوس ہوا جیسے گلشن سڑک پر پس کر بھی لیٹی ہے ۔ پھر یکایک وہ چونک کر کھڑی ہوئیں
بلی کی سرعت سے چھلانگ لگا کر سڑک کو پار کرتی ہوئی مخالف سمت چلی گئیں ۔ دو ایک بار اُس نے پلٹ کر ہماری طرف دیکھا مگر
ہمارے گھر کی طرف آنے کی بجائے وہ مخالف سمت ہی دوڑتی چلی گئی اور پھر کبھی ہمارے گھر نہیں آئی ۔

تین دن تک اشتیاق نے انتظار کیا مگر گلشن کہیں نظر نہیں آئی ۔ چوتھے دن اُس نے سامان باندھ لیا اور بولا ۔ "صاحب میرا حساب
کیجیے میں جانا چاہتا ہوں ۔"

"کیوں ۔ تمہیں یہاں کیا تکلیف ہے ؟" زرینہ نے پوچھا !

اشتیاق نے مجھ سے آنکھیں چرا کے زرینہ سے کہا ۔ "بیگم صاحب جس طرح صاحب نے میری بلی کے ساتھ سلوک کیا ہے وہ
برداشت نہیں کر سکتا ۔"

"اور وہ جو تمہاری بلی نے بیس چالیس روپے کے دو قیمتی گملے پھاڑ ڈالے ہیں اس کا ہرجانہ کون دے گا ؟" میں نے غصے
آواز میں کہا ۔

زرینہ معاملے کو سلجھانے کے خیال سے بولی ۔ "ارے ایک بلی کی وجہ سے لگی لگائی نوکری چھوڑتا ہے ۔ میں تجھے ایسی ایسی دس
دلا دوں گی ۔"

"نہیں ۔ وہ تو میری گلشن تھی ۔" اشتیاق کی آواز کمزور ہو کر لرزنے لگی جیسے وہ ابھی رو دے گا ۔

"ارے گلشن تھی کہ زلفن کر کے میں جو نام چاہے رکھ لینا ۔" میں نے بھی اُسے ٹھنڈا کرنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا ۔ "سینکڑوں
بلیاں گھومتی ہیں اس علاقے میں ۔"

اشتیاق نے پھر نظریں چرا کر مجھ سے رُخ موڑ کر زرینہ کی طرف دیکھا ۔ بولا !

"مجھے صاحب سے بڑا ڈر لگتا ہے اب تو ۔"

"کیوں ؟" زرینہ نے پوچھا ۔

"جب صاحب نے گلشن کو اُٹھا کر سڑک پر پھینک دیا تو مجھے ان کا چہرہ بالکل اپنے باپ کی طرح نظر آیا ۔"

"اپنے باپ کی طرح ؟ کیا کہتے ہو ؟" زرینہ غصے سے بولی ۔

اشتیاق نے ایک دو لمحے توقف کیا پھر گمبھیر لہجے میں کہنے لگا ۔ "اسی طرح میرے باپ نے ایک دن نشہ کی حالت میں مجھے گھر سے
باہر سڑک پر پھینک دیا تھا ۔ اس وقت میری عمر صرف چار سال کی تھی میں یقیناً مر جاتا مگر سڑک پر جہاں میں گرا اس پر ایک بڑا سا
گڑھا تھا اور میں اُس گڑھے سے باہر نہیں نکل سکا اور رات کا وقت تھا اور دو ایک ٹرک پاس سے پرے گزر گئے پھر شاید میں
بے ہوش ہو گیا میری ماں دو ہتڑ مار کر چیخنے لگی ۔ یکایک میرے باپ کو ہوش آ گیا اور وہ بھاگا بھاگا آیا اور سڑک کے گڑھے سے مجھے اُٹھا
کے اپنے سینے سے لگا کے گھر لے گیا اور وہ میرا منہ چومتا تھا اور زور زور سے روتا تھا اور کبھی میری ماں مجھے اُس سے چھین کر اپنے
سینے سے لگا لیتی تھی اور کبھی میرا باپ مجھے میری ماں سے لے کر اپنی چھاتی سے لگا لیتا تھا ۔ گھر میں اس کا وہ چہرہ کبھی نہیں بھول سکتا جب

اس نے مجھے غصے میں اپنے ہاتھوں سے اٹھا کر سڑک پر پھینک دیا تھا۔ اصل ایسا ہی ہونا تھا اس وقت صاحب کا۔ اس لیے میرا حساب میں بیان نہیں رہ سکا۔"

اشتیاق میرے پاؤں کو ہاتھ لگانے لگا۔ جیسے اپنی گستاخی کی مجھ سے معافی مانگ رہا ہو۔

زرینہ نے اس کا حساب کر دیا۔

تین سال کے بعد جب ہمارا تبادلہ بمبئی میں ہو گیا تو وہ ہمیں بمبئی میں ملا۔ ہمیں ایک گھر کی تلاش تھی اور اشتیاق ایک ہاؤس ایجنٹ تھا اور اس کا نام اب ہاؤس کرانی تھا۔ اور وہ سندھی تھا اور سندھی زبان وہ ٹوٹے پھوٹے سے بولتا تھا۔ وہ کھدر کا پائجامہ اور ایک لمبا کرتہ پہنتا تھا۔ اور پہلی نظر میں کسی مقرر کمیٹی کا کانگریسی نیتا معلوم ہوتا تھا۔

"یہ کیا ڈھنگ ہیں تمہارے یہاں پر؟" زرینہ نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر اس سے پوچھا۔

"ادھر ——— بلڈنگ کا اکھا دھندا سندھی لوگ کے پاس ہے اس لیے ہم بھی سندھی ہو گیا ہے بیگم صاحب کریں پیٹ روٹی کا مانگتا ہے۔"

"کوئی بلی وِلی پال رکھی ہے ادھر بھی؟" میں نے اس سے پوچھا۔

وہ شرمندہ سا ہو گیا آنکھیں جھپکاتے ہوئے بولا۔ "صاحب ادھر بمبئی میں جندہ رہنا بھی مشکل ہے ——— ایک ایرانی کے مالک نے ترس کھا کر میرا ٹرنک اور بستر اپنے باورچی خانہ میں رکھنے کی اجازت دے دی ہے رات کو اس کی دوکان کے سامنے پڑ رہتا ہوں۔ صبح گیارہ بجے تک اس کی دوکان میں سو سے بنا تا ہوں۔ پھر رام داس ماکی جانی کے دفتر میں جاتا ہوں۔"

"یہ ماکی جانی کون ہے؟" زرینہ نے پوچھا۔

"اصل میں ہاؤس ایجنٹ تو وہی ہے۔ میں اس کا دوسرا اسسٹنٹ ہوں۔"

"تم کو کیا ملتا ہے؟"

"کمیشن ملتا ہے۔"

"کتنا؟"

"ماکی جانی کو ٹوئنٹی فایو پرسنٹ ملتا ہے۔ پہلے اسسٹنٹ کو فایو پرسنٹ ملتا ہے۔" اشتیاق انگریزی گنگنانے لگے:

"ون پرسنٹ!"

"ون پرسنٹ؟" زرینہ نے پوچھا۔ "ون پرسنٹ آف واٹ! [illegible]"

اشتیاق بولے۔ "ون پرسنٹ آف دی فایو پرسنٹ آف دی ٹوئنٹی فایو پرسنٹ آف دی ہنڈرڈ پرسنٹ!"

زرینہ ہنستے ہنستے لوٹ پوٹ ہو گئی۔ اشتیاق خود بھی بے حد محظوظ ہوئے۔ آخر جب زرینہ نے کسی طرح سے اپنی ہنسی پر قابو پایا تو بولے۔

"آپ کو ایک فلیٹ دے سکتا ہوں۔"

"کیسا ہے وہ فلیٹ؟"

اشتیاق انگلی پر کمرے گنواتے ہوئے بولے: "ون بیڈ روم، ون باتھ روم، ون بیڈ روم مور، ون کچن، ون ہال اینڈ پرنس۔"

"یہ ... Separate ... کیا بلا ہے؟" زرینہ نے پوچھا۔

"یس اینڈ سپرٹیس!" اشتیاق نے اس طرح حیرت سے زرینہ کی طرف دیکھا۔

گویا کہہ رہا ہو ایم اے کرنے کے باوجود اتنی معمولی سی انگریزی نہیں سمجھ سکتیں آپ؟

"اینڈ سپرٹیس؟" بیگم صاحب اشتیاق نے پھر گھبرایا۔

زرینہ نے یکایک سمجھ کر کہا۔ "اچھا تمہارا مطلب ہے آل Separate یعنی ہر کمرہ دوسرے سے علیحدہ ہے۔"

"یس اینڈ سپرٹیس۔" اشتیاق کے چہرہ پر احساس برتری کی ایسی جھلک آئی گویا کہہ رہا ہو۔ اوہ کتنی دیر سے بات آپ کی سمجھ میں آئی ہے۔

زرینہ پھر ہنسنے لگی۔ میں نے بات ٹالنے کی غرض سے کہا "اور بھی کچھ کام کرتے ہو؟"

"جی ہاں۔ ایک ٹوتھ پیسٹ تیار کیا ہے۔ میری ٹوتھ پیسٹ۔"

"یہ میری کون ہے۔" زرینہ نے چونک کر پوچھا۔

شرما کر بولے۔ "ایک چھوکری ہے!"

"تمہاری منگیتر؟"

"جی نہیں" سر جھکا کر بولے "ہمارے ہوٹل میں ایک عیسائی بڑھیا کام کرتی ہے اس کی چھوکری ہے۔ کوکن کے گاؤں میں بڈھی اپنی چھوکری کی شادی بنا تا ہے۔"

"تمہارے سنگ؟" زرینہ نے خوش ہو کر پوچھا۔

"نہیں۔ کسی عیسائی چھوکرے کے سنگ۔ ایلفرڈ اس کا نام ہے وہ بھی ادھر کوکن کے گاؤں میں رہتا ہے مگر بڈھی بہت گریب ہے اس کے پاس پیسے نہیں ہے اس لیے ہم نے میری ٹوتھ پیسٹ نکالا ہے اور اس کو شام کے ٹائم میں بیچتا ہے اور اس کا پیسہ اس کی چھوکری کو دیتا ہے۔"

"تاکہ اپنی چھوکری کی شادی تمہارے سنگ کہیں اور کر سکے؟" زرینہ نے بے حد تلخ ہو کر پوچھا۔

یکایک اشتیاق سٹپٹا گیا اس کی آنکھوں کی پتلیاں جلدی جلدی گھومنے لگیں اس کے ہونٹوں کے کونے تیزی سے پھڑکنے لگے ناک اور بھی اندر کو دھنسنے لگا اور اس کا چہرہ ایک ایسی کالی کھوپڑی کی طرح نظر آنے لگا جس پر صرف کھال ہی کھال منڈھی ہو۔

مجھے اس کو دیکھ کر بہت رحم آیا وہ اس وقت زرینہ سے نظریں چرا کر یوں چاروں طرف دیکھ رہا تھا جیسے چاروں طرف سے دیواریں اس کی
گھیر رہی ہوں اور اس کے بچ نکلنے کا کہیں کوئی راستہ نہ ہو۔

میں نے بھری سے بات کا رُخ پھیرتے ہوئے اس سے پوچھا۔

"شعر و شاعری جاری ہے؟"

اس نے انکار میں سر ہلا دیا۔

"کیوں؟" میں نے پوچھا۔

"اب تو ایک فلم کہانی لکھ رہا ہوں۔" اشتیاق نے بڑے فخر سے اعلان کیا۔ وہ اب اپنی گھبراہٹ پر قابو پا چکا تھا۔

"ہیرو کون ہے؟" میں نے پوچھا۔

"اشتیاق! اپنا نام لے کر بولے۔" ڈبل رول ہے اشتیاق کا اس پکچر میں۔"

"اور ولن کون ہے؟" زرینہ نے پوچھا۔

"شاید دلیپ کمار نبھا جائے!" اشتیاق سوچ سوچ کر بولے۔ "ولن کا رول بہت مشکل ہے۔"

زرینہ نے ہنسی روکنے کے لیے اپنے منہ میں دوپٹہ ٹھونس لیا۔

"اور ہیروئن؟" میں نے پوچھا۔

"فلم انڈسٹری میں تو کوئی ہے نہیں۔" اشتیاق سنجیدہ ہو کر بولے۔ "باہر دیکھ رہا ہوں۔"

"فلم انڈسٹری میں کوئی نہیں ہے۔" میں نے پوچھا پھر اس کا انگریزی فقرہ میں نے دُہرا کر پوچھا۔

"Is even one percent of the five percent of the twenty five percent of the hundred percent.?"

"نو سر۔" اشتیاق نے سر ہلا کر کہا۔

"تو اس فلم کے گانے کون لکھے گا؟ تم نے تو شاعری ترک کر دی ہے۔"

"جی!" اشتیاق اپنے ہاتھ کے ایک ناخن کو دوسرے ناخن سے کریدتے ہوئے بولے۔ "شاعری تو چھوڑ دی ہے مگر اس فلم
کے گانے تو میں ہی لکھوں گا۔ ایک ٹکڑا اکہا ہے۔۔۔۔"

"کیا؟"

لاہیں نیچے کیے آنکھوں کے کونوں سے ڈرتے ڈرتے چڑیا جیسی زرینہ کی طرف دیکھتے ہوئے بولے۔ "صاحب
یہ ہے کہ غزل سے بیگم صاحب نے ہم کو بہت ڈرا دیا تھا کہ اس کا وزن بہت بڑا ہو گیا ہے اس لیے ہم نے غزل کو چھوڑ دیا مگر
میں ہم دیکھتے ہیں کہ اس کا وزن چھوٹا ہو گیا ہے۔ کیا مطلب کہ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہوتے ہیں اور بیچ بیچ میں میوزک ہوتا ہے۔
ہم نے ایک فلمی گیت شروع کیا ہے۔ اس طرح چھوٹے چھوٹے ٹکڑے والا۔

"تو سناؤ" میں نے بے چین ہو کر کہا۔

اشتیاق نے کھنکار کے گلا صاف کیا۔

اوصنم! اوصنم!

میں نے کہا۔

اُلّو کا جنم۔

اوصنم۔

تیرے لیے۔

زرینہ کی بُری حالت تھی۔ مُنہ میں دوپٹہ ٹھونستے ہوئے اس کا چہرہ لال ہوتا جا رہا تھا۔ بڑی مشکل سے میں نے اپنی ہنسی روکی اور اس سے پوچھا۔

"مگر اُلّو کا جنم کیوں اشتیاق؟" روکنے کے باوجود میری ہنسی میرے سوال سے باہر چھلکی پڑتی تھی۔

"اُلّو کا جنم اس لیے صاحب" اشتیاق نے گہری سنجیدگی سے کہا کہ اشتیاق کو یعنی غم کے ہیرو کو رات میں نیند نہیں آتی ہے ہیروئن کے فراق میں..... ہیروئن کے فراق میں رات رات بھر جاگتا ہے اور اُلّو بھی رات کو جاگتا ہے اس لیے..... بات کو سمجھے ذرا سوچیے۔ کیا گہری حقیقت بیان کیا ہوں۔"

"ارے اُلّو کے پٹھے!" زرینہ نے دوپٹہ مُنہ سے نکال کر یکایک چیخ کر کہا۔ "بھاگ جا یہاں سے ورنہ اپنی چپلی اُتار کر اتنے ماروں گی کہ....."

زرینہ چپلی اُتارنے لگی۔

اشتیاق بھاگ کھڑا ہوا۔

اشتیاق کا کاروبار ایرانی ہوٹل والے کے ہاں خوب چمک گیا پہلے وہ صرف سموسے بناتا تھا پھر اس نے ایرانی ہوٹل کے مالک کو مشورہ دے کر شاہی ٹکڑے بیچنے کی ترغیب دی۔

"بہت سستے میں بن جانے کا سیشو تمہارے اوھوڈبلی روٹی کا کتا ٹکڑا بے کار میں پھینکتا ہے۔ ہم اس کو کام میں لائے گا۔ مالی شکر کا خرچ ہے اور تھوڑی سی بالائی۔" اشتیاق نے اُسے سمجھایا اور تمہارے پاس تین تین ریفریجریٹر ہے۔ ایک ریفریجریٹر میں شاہی ٹکڑے کے گا۔ گاہک کو ٹھنڈا ٹھنڈا سرو (Serve) کرے گا۔" ایرانی مان گیا کیونکہ خرچ بہت کم تھا اس مٹھائی کا پہلے دن اشتیاق نے جو شاہی ٹکڑا بنایا تو وہ دو آنے فی ٹکڑے کے حساب سے ہاتھوں ہاتھ بک گیا۔ ایسی عمدہ ڈش جس سے پیٹ بھی بھرے اور مٹھائی کی مٹھائی بھی معلوم ہو ایرانی ہوٹل میں بیٹھنے والوں نے آج تک کاہے کو کھائی تھی۔ اب تو یہ حالت ہو گئی کہ اشتیاق دن میں دو بار شاہی ٹکڑے تیار کرنے پڑتے اور بکری کو بڑھتے دیکھ کر ایرانی ہوٹل کے مالک نے اشتیاق کو اپنے کچن کا ہیڈ شف مقرر

کر دیا [illegible] اشتیاق کو استاد چمک کے پہچانتے تھے اور ہوٹل کا مالک اشتیاق کو شاہی ٹکڑے کی مناسبت سے بیٹا دل [illegible] تھا۔

مگر میں نے کبھی اشتیاق کے جسم اور روح پر بہار آتے ہوئے دیکھی ہے تو وہ یہی دن تھے ..... اس کے لئے بھورے اور کالے دھندلوں پر مست کالا دوپہر جھلکنے لگا۔ اور وہ کشتیاں اس کی پتلیوں کی جو اس کی آنکھوں میں ہر وقت بے چین اور مضطرب ہو کر تیرتی سی رہتی تھیں اب بمبئی کے ساحل پر لنگر ڈالتی ہوئی معلوم ہوتی تھیں جہاں اشتیاق نے بھی مکان دلوایا تھا اس کے قریب کوئی ایک فرلانگ کے فاصلہ پر وہ ایرانی کا ہوٹل تھا۔ چوک کے نکڑ پر سامنے ٹیکسیوں کا اڈہ تھا اور قریب ہی ایک نئی مارکیٹ کھل گئی تھی اس لیے صبح سے شام تک اس ایرانی ہوٹل میں بڑی بھیڑ رہتی تھی۔ بوٹ پالش کرنے والے اور پاپڑ بیچنے والے اور بھیل پوری کی چاٹ بیچنے والے اور آس پاس کے گھروں اور بنگلوں کے نوکر چاکر اور کالجوں کے ٹیڈی بوائز اور رکام کی تلاش میں گھومنے والے بے کار اور آوارہ گرد [illegible] جو کالج کے لڑکوں سے زیادہ ٹیڈی معلوم ہوتے تھے ان سب کا جمگھٹا اس ہوٹل کے اندر اور باہر رہتا تھا۔ اور اس ہوٹل میں اشتیاق بہت پابند ہو گیا تھا آتے جاتے میں نے دیکھا تھا۔ سہ پہر تک تو وہ اپنے لمبے کپڑوں میں کبھی کبھی کے اندر کبھی کبھی کے باہر بڑی مستعدی سے کام کرتا دکھائی دیتا۔ کوئی چار بجے کے قریب وہ نہا دھو کر گیروے رنگ کا بنگالی کرتا اور اس کے نیچے ٹخنے پائنچوں والا پاجامہ اور چپل پہن کر ایرانی ہوٹل کے باہر آ کھڑا ہوتا۔ اس وقت اسے کام کی تلاش میں آنے جانے والے ادھر ادھر سے بہت سے لڑکے گھیر لیتے۔ وہ ادھر ادھر کے بنگلوں اور کوٹھیوں میں ان لڑکوں کو نوکر کرا دیتا کیونکہ ہاؤس ایجنٹ کا اسسٹنٹ ہونے کی وجہ سے آس پاس کی بڑی کوٹھیوں میں اس کی خاصی جان پہچان ہو گئی تھی۔ جن لونڈوں کو وہ نوکری نہ دلوا سکتا انہیں دوسرے دن آنے کا مشورہ دے کر چلتا کر دیتا پھر بیڑی سلگا کر ٹیک لانڈری کے مالک سے باتیں کرتا جو اس کا ہم وطن تھا یعنی مراد آباد کا رہنے والا تھا اور جس کے لیے وہ ایک نہایت ہی عمدہ اور نہایت ہی سستی قسم کا مکان بنانا چاہتا تھا جس میں خرچ بہت کم ہو اور کپڑے بھی بہت عمدہ دھل جائیں مگر اشتیاق ابھی اپنی کیا دمیں کامیاب نہ ہوا تھا۔

ٹیک لانڈری سے فارغ ہو کر وہ اپنے ہاؤس ایجنٹ کے ہاں چلا جاتا یا نئے گاہکوں کو لے کر مکان دکھانے کے لیے چلا جاتا۔ رات کو دس بجے فارغ ہو کر ایرانی ہوٹل میں کھانا کھاتا پھر ایک کپ چائے پی کر اور پھر بیڑی سلگا کر اور پان کھا کر وہ سنتو باورچی کے جھونپڑے میں جا کر سو رہتا کیونکہ اب وہ بڑا آدمی ہو گیا تھا۔ وہ اب ایرانی ہوٹل کے باہر نہیں سو سکتا تھا۔ سنتو باورچی کا جھونپڑا بارھویں نمبر کی سڑک کے پیچھے ایک چھوٹے سے خالی پلاٹ پر تھا اور اس کی بیوی بچے دیہات میں اپنے میکے میں گرمیوں کے کسی گاؤں میں گئی ہوئی تھی اور کہیں چار ماہ کے بعد واپس آنے والی تھی۔ تب تک اشتیاق سنتو کے جھونپڑے میں رہ سکتا ہے سنتو نے اسے کہا تھا۔

شاہی ٹکڑوں کی روز افزوں بکری کو دیکھ کر میں نے اندازہ کیا تھا کہ اب اشتیاق کے قدم یہاں جم جائیں گے۔ اس لیے دو دن کے بعد مجھے بڑی حیرت ہوئی جب ایرانی ہوٹل کے مالک نے مجھے بتایا کہ اس نے اشتیاق کو نکال دیا ہے۔

"کیوں؟" میں نے پوچھا۔ "کوئی غبن کیا؟"

"نہیں۔ آج تک ایک پیسے کا غبن نہیں کیا۔" ایرانی ہوٹل کا مالک بولا۔

"پھر کیا کام میں گڑبڑ کرتا تھا؟"

"نہیں۔ کام تو اشتیاق بہت اچھا کرتا تھا۔"

"پھر؟"

ایرانی ہوٹل کے مالک نے آگے کہنے کے لیے منہ کھولا پھر جلدی سے بند کر لیا پھر ایک ٹھنڈی سانس بھری اور بولا۔ "اُس کا بھیجا پھر گیا ہے ہم اس کو شروع پیسہ پکار دیتا تھا وہ پکار بھی اُس نے شروع کر دیا اُوپر سے پانچ سو کپ چائے اور دو سو سلیس کا بل ہو گیا۔"

"پانسو کپ چائے اور دو سو سلیس؟" میں نے حیرت سے کہا۔ "اشتیاق تو اتنا پیٹو کبھی نہ تھا وہ تو بہت ہی کم خوراک کھاتا تھا۔"

"ہم جانتا ہے اس لیے تو ہم بولتا ہے۔" ایرانی ہوٹل کا مالک خفا ہو کے بولا۔ "وہ خود پانسو کیا سات سو کپ چائے پیتا تو ہم اس کو منع نہیں کرتا تھا مگر وہ خود نہیں پیتا تھا اِدھر اُدھر کے بے کار اور نکمے لونڈا لوگ کو جو اِدھر آ جا جو کی بلڈنگوں میں نوکری بنانے کے واسطے آتا ہے وہ اُن کو بھوکے پیٹ دیکھ کر چائے پلاتا تھا۔ جب ہم منع کرتا تھا تو بولتا تھا میرے حساب میں لکھ لو۔ اب پانچ سو کپ چائے اور دو سو سلیس کا بل ہو گیا۔ اس کو کس کے حساب میں لکھے گا؟ اس لیے ہم نے اُس کو نکال دیا۔"

"بہت اچھا کیا۔" میں نے ایرانی سے کہا اور پیسے کاؤنٹر پر رکھتے ہوئے کہا۔ "ایک ڈبہ کیونڈر کی دو!"

"عجب مغز پھر گیا ہے اُس کا۔" ایرانی نے میرے پیسے گنتے ہوئے کہا۔ "دو پیسہ کم ہے۔"

"ساری" کہہ کر میں نے جیب میں ہاتھ ڈال کر اُسے دو پیسے اور دیے اور کیونڈر کی ڈبیا لے کر اُس سے پوچھا۔ "تو آج کل وہ کہاں رہتا ہے؟"

"جیل میں رہتا ہے۔"

"جیل میں؟" میں حیرت سے ایرانی کی طرف دیکھنے لگا۔ "تم نے اُس بے چارے کو جیل بھجوا دیا۔"

"ہم نے کہاں بھیجا ہے صاحب۔ وہ تو اپنی کرنی سے گیا ہے۔ شراب کی سمگلنگ کے دھندے میں۔"

"اچھا۔ یہ دھندا بھی اُس نے شروع کر دیا تھا۔"

"وہ تو یہ دھندا نہیں کرتا صاحب۔ مگر ہمارا باورچی سنتو اپنے کھالی ٹائم میں یہ دھندا کرتا تھا اور اِدھر اُدھر کی بلڈنگوں میں کرتا تھا۔" ایرانی بولا۔ "پھر ایک رات پولیس نے اُس کے جھونپڑا پر چھاپہ مارا تو چھ بالی پکڑا گیا تو اشتیاق بولا کہ سنتو بے چارہ ہے۔ میں نے یہ چھ بوتل شراب کا اِدھر رکھا تھا اس واسطے اشتیاق کو تین مہینے کی سجا ہو گئی ہے۔"

"اُس نے ایسا کیوں بولا؟"

"وہ بولا۔ ہمارا کیا ہے ہم ایک آدمی ہے تین مہینے کی سجا چکی بجاتے کاٹ لے گا۔ مگر جب سنتو کی گھر والی اپنے بچے سنتو کو لے کر جھونپڑے میں آئے گی تو جھونپڑا کا حال دیکھ کر رونے لگی۔"

ایرانی ہوٹل کا مالک اپنے سر پر انگلی رکھ کے بولا۔ "بھیجا پھر گیا ہے اس کا۔"

• •

کیا ادب

زرینہ کو خیال آیا کہ جیل سے رہا ہوتے ہی اشتیاق ہمارے گھر آئے گا۔ لیکن جب تین ماہ سے اوپر کئی دن گزر گئے اور اشتیاق نہ آیا تو ہمنے کچھ ایسی سی بھی ہوئی۔ ایسی سی بھی ہوئی۔ پھر میں نے سوچا کہ اشتیاق اگر ہمارے گھر نہیں آئے گا تو ممکن ہے ادھر ادھر ایرانی ہوٹل کے باہر ضرور دکھائی دے گا۔ پر ادھر بھی نہیں۔ سنتو باورچی سے پوچھا تو معلوم ہوا کہ وہ اس کے ہاں بھی نہیں آیا۔ پھر ہم نے سوچا ممکن ہے اشتیاق شرم کے مارے یہ علاقہ ہی چھوڑ گیا ہو یا بمبئی سے کہیں باہر چلا گیا ہو۔ جب دو اڑھائی ماہ اور گزر گئے اشتیاق نہ آیا تو ہمارا یہ خیال پکا ہو گیا۔

پھر ایک روز ۔ ہم نے یکایک اسے ایک دعوت میں دیکھا۔ سردار زور آور خاں کے ہاں ہماری دعوت تھی جس کی بڑی نصرت خانم میری بیوی کی خاص سہیلی تھی۔ ہم تو کھانے کے شروع کے دو لقمے کھاتے ہی سمجھ گئے کہ یہ کس کا شاہی ہے۔ پہلا لقمہ لیتے ہی میں نے زرینہ کی طرف اور زرینہ نے میری طرف چونک کر دیکھا مگر ہم دونوں چپ رہے۔ کھانے کے بعد جب دعوت کی تقریبیں ہونے لگیں تو کچھ سے خراماں خراماں اشتیاق برآمد ہوئے۔ کالی پتلون کے اوپر لال بوشرٹ اور لال کش شرٹ کے اوپر بھورے رنگ کا ایک میلا ایپرن پہنے ہوئے اور سر جھکا کر کنش بجاتے ہوئے شاعروں کے انداز میں داد بٹورنے لگے۔

نہ میں نے نہ زرینہ نے اس وقت انہیں پہچاننا مناسب سمجھا۔ اشتیاق نے بھی اس وقت ہمارا رویہ دیکھ کر مکمل اجنبیت اختیار کی۔

بعد میں نصرت نے زرینہ کو الگ لے جا کے بتایا۔ بہت اچھا لڑکا مل گیا ہے مجھے۔ اشتیاق احمد خاں نام ہے اس کا۔ ہماری طرف کا ہے قاضی خیل کا۔ پشتو بہت اچھی بول لیتا ہے حالانکہ بچپن ہی سے ادھر رہا ہے پھر کہا تو غضب کا پکا ہے۔ کچھ میں بڑا بچت سے کام لیتا ہے۔ جب سے یہ آیا ہے میرے کچن کا خرچ ڈھائی سو روپے کم ہو گیا ہے۔ پورے ڈھائی سو روپے۔ سنتی ہو! اس کو صرف ستر دیتی ہوں حالانکہ سو بھی دوں تو سستا ہے۔

زرینہ انجان بن کر بولی۔ "آدمی تو شریف معلوم ہوتا ہے۔"

"اے شریف ایسا شریف!" نصرت اشتیاق کی تعریف کرتے ہوئے بولیں۔ "میرے بچوں پر تو جان چھڑکتا ہے اور سب سے چھوٹے بچو کو تو دل و جان سے چاہتا ہے۔ کوئی سگی ماں اس کی کیا خدمت کرے گی جیسی وہ بچو کی کرتا ہے۔ ابھی چار دن بات ہے بچو موٹر مانگ رہا تھا۔ میں نے کہا لا دوں گی۔ میں ٹال رہی تھی کیونکہ گھر میں دو کھلونے موٹروں کے پہلے سے پڑے ہیں پرانے ہو گئے ہیں ذرا تو کیا ہوا۔" نصرت زرینہ کا ہاتھ پکڑ کر خوشی سے بولی۔ "یہ موا اشتیاق دس روپے کی موٹر میرے بچو کے لیے لایا تو میں نے غصے سے جھلا کر کہا "میں تو اس موٹر کے پیسے نہیں دوں گی تم موا بولا "نہ دیجیے بیگم صاحب۔ میں تو اپنے پیسوں کی موٹر لایا ہوں بچو کے لیے۔" اس پر وہ غصے سے کہنے لگے "تو تم سے کس نے کہا تھا بچو کے لیے موٹر لانے کو" تو اشتیاق پہلے تو ان کی گرج سن کر سہم گیا پھر سر اٹھا کر بولا "صاحب میں بچو کا کہنا نہیں ٹال سکتا۔ وہ جو کہیں گے میں ضرور لے کر آؤں گا۔"

اس نے ایسے مضبوط لہجے میں ان سے بات کی کہ ان کا سارا غصہ اتر گیا۔ مسکراتے ہوئے ایک طرف کو سرک گئے

بھی کیا بولتی بس چپ ہو کر سڑتے سے سپاری کاٹنے لگی۔

زرینہ خاموشی سے مسکرا مسکرا کر نصرت کی باتیں سنتی رہی مگر اس نے ایک دفعہ بھی نہیں بتایا کہ وہ اشتیاق کو جانتی ہے۔ نہ اگلے ایک سال میں اشتیاق نے ایک بار بھی بتایا کہ وہ ہم لوگوں کو پہلے سے جانتا ہے۔ ہم نے سوچا بے چارہ جہاں لگا ہے لگا رہے اس کی خامیاں بتانے سے کیا فائدہ؟ اور یہاں ذوراور خاں صاحب کے ہاں رہ کر اشتیاق بہت ٹھیک ہو چلا تھا بال ماتھے پر نہیں لٹکتے تھے۔ ذہنی طور پر بہت کم غائب رہتا تھا کپڑے صاف ستھرے پہنتا تھا۔ شعر و شاعری ترک کر دی تھی۔ دن بھر یا تو کچن میں رہتا یا خاں صاحب کے بچوں کی دیکھ بھال کرتا حالانکہ ان کی دیکھ بھال کے لیے دو آیائیں الگ سے مقرر تھیں مگر بچے جس قدر اشتیاق سے مانوس ہو گئے تھے اتنے گھر کے کسی دوسرے ملازم سے نہ تھے۔ میں نے اور زرینہ نے شکر کا سانس لیا۔ "چلو۔ یہ اشتیاق نارمل تو ہوا۔"

ایک رات زور کی گھنٹی بجی کوئی تین بجے کا وقت تھا میں نے گھبرا کر دروازہ کھولا باہر سردار ذوراور خاں کا ڈرائیور حامد کھڑا تھا۔

"حضور جلدی چلیے۔ بیگم صاحب نے گاڑی بھیجی ہے۔"

"کیا بات ہے حامد؟" میں نے پوچھا۔

"اشتیاق نے زہر کھا لیا ہے!"

"اسے" میرے منہ سے نکلا

"ہاں صاحب۔ اشتیاق نے زہر کھا لیا ہے اور خاں صاحب پوتا میں ہیں مگر یہ بیگم صاحب کے دور جانی ہیں مگر ان کی سمجھ میں نہیں آتا جانے۔ ڈاکٹر مقصود کو ٹیلی فون کیا تھا بیگم صاحب نے مگر وہ بولے یہ پولیس کیس ہے۔ میں نہیں آ سکتا۔ اور اشتیاق مر رہا ہے۔"

زرینہ میرے پیچھے کھڑی تھر تھر کانپ رہی تھی۔ لرزتے ہوئے لہجے میں بولی۔ "تم جلدی سے چلے جاؤ بے چاری نصرت سخت پریشان ہو گی۔"

خاں صاحب کے ڈرائنگ روم کے بیچ مرکز میں فرش پر سر سے پاؤں تک ڈھکی ہوئی ایک لاش رکھی تھی اور نصرت اور ان کی جانی بہن اور گھر کے دوسرے ملازم حیرت سے گم صم کھڑے اسے دیکھ رہے تھے۔

"کیا مر گیا؟" میرے منہ سے بے اختیار نکلا۔

"نہیں ابھی تو زندہ ہے!" ایک آیا آہستہ سے سسکتے ہوئے بولی۔

میں نے جھک کر نبض دیکھی سینے کے زیر و بم میں زخرے کی گھر گھراہٹ تھی اور نبض ٹوٹ رہی تھی۔ نصرت ایک بھدی شال اوڑھے دنیا و مافیہا سے بے خبر اپنی پھٹی پھٹی آنکھوں سے چاروں طرف دیکھ رہی تھی۔

"کب اس نے زہر کھایا؟" میں نے نصرت سے پوچھا۔

نصرت کچھ نہیں بولی۔ جیسے اس نے میرا سوال سنا تک نہ ہو۔

نصرت کا چہرہ بھیانک ہو گیا۔ کوئی دو بجے کے قریب میں نے اپنے بستر کے قریب کسی کی آواز سنی۔ کوئی آہستہ آہستہ سے جھنجھوڑ کر جگا رہا تھا۔ جب جاگا تو معلوم ہوا اشتیاق ہے۔ وہ اور بھی نقاہت سے رینگتا رینگتا میرے کمرہ میں پہنچا تھا اور مجھ سے کہہ رہا تھا "بھئی پیاسے میں نے زہر کھا لیا ہے۔"

میں نے پوچھا۔ "کون سا زہر؟"

"پتہ۔ ٹیک ٹو۔"

"ٹیک ٹو کیا؟"

"ٹیک ٹو! ٹیک ٹو۔ اس کی زبان زہر سے موٹی ہو چکی تھی اور آواز میں لکنت تھی۔ وہ کہنا چاہتا تھا ٹیک ٹوکسین اس کے منہ سے نکلتا تھا صرف ٹیک ٹو۔ پھر وہ میری چارپائی سے لگ کر تڑپنے لگا۔ میں نے مزید داستان سننا بیکار سمجھ کر فوراً کہا۔ "اسے اٹھا کر نیچے لے جاؤ۔ میں فوراً ڈاکٹر۔ ہسپتال لے جائیں گے۔"

"مگر پولیس۔" نصرت کانپ کر بولی۔

"پولیس کو وہیں سے اطلاع کر دیں گے۔" میں نے کہا۔ "نزدیک کا ہسپتال کونسا ہے؟"

"جانا وتی۔"

"یہاں سے کتنی دور ہوگا؟"

"کوئی چار میل۔"

"جلدی چلو۔"

جس وقت چار آدمیوں نے مل کر اشتیاق کو پہلی منزل سے نیچے اتارا اس وقت ہلکی ہلکی سی بارش ہو رہی تھی۔ سڑک کے کنارے کنارے روشنی کے قمقمے پانی میں بھیگے ہوئے یوں سر جھکائے کھڑے تھے جیسے اپنی زرد زرد زندگی پر رو رہے ہوں۔ بھیگی ہوئی سڑک پر کہیں کہیں روشنی کے پھٹے چیتھڑے نظر آتے پھر اندھیرا انہیں کھا جاتا پھر تنگ و تاریک گلیوں کی ماری ہوئی ایک سڑک پر کاریں لڑکھڑا کر چلنے لگی جیسے ایک عورت اپنی عصمت لٹا کر رات کی اوٹ میں اپنے گھر کی طرف بھاگ رہی ہو۔

ایمرجنسی وارڈ میں!

اے فارم بھرو!

بی فارم بھرو!

سی فارم بھرو!

زندگی تجھ سے تو رکھ!!

اشتیاق کا سر بھورے رنگ کے آئیل کلاتھ سے ڈھکا ہوا تھا [illegible] کسی گہرے گڑھے میں جا گری ہیں [illegible]

ز گھوں گھوں کرتا ہوا چل رہا ہے۔

پچھتر روپیہ ایڈوانس دو۔

یہ رسید لو۔

دھل۔ مریض کو کمرہ نمبر میں لے جاؤ اوپر۔ لفٹ سے۔ میں ابھی ڈاکٹر کو ٹیلی فون کرتا ہوں۔

باہر سے کوئی ٹرک گزرتا ہے۔

گھوں گھوں۔

اشتیاق کا سینہ ہونکتا ہے۔

ہوں ہوں۔

آئیل کلاتھ کا بھورا بستر اپنے پاؤں میں لگی ہوئی ربڑ کی چرخیوں کے ذریعہ لفٹ کی جانب حرکت کرنے لگتا ہے۔ لفٹ اوپر کی منزل پر جا کے رک جاتی ہے۔ بستر برآمدے میں سے گزر رہا ہے کمرہ نمبر سات کے اندر جاتا ہے۔ ایک ڈاکٹر اور دو نرسیں اندر آتی ہیں۔ سات نمبر کا پردہ گرا دیا جاتا ہے۔ ایک ڈاکٹر اور دو نرسیں باہر آتی ہیں اور بنچ پر بیٹھ جاتے ہیں۔

بیکریڈور میں بے آواز نرسیں خاموشی سے گھوم رہی ہیں۔ اور بنچ نیند کی غنودگی سے بیزار ٹہل رہے ہیں۔ کہیں کوئی ہولے ہولے کراہتا ہے۔ کوئی اندھیرے دھیرے سسکتا ہے۔

"اشتیاق نے زہر کیوں کھایا؟" میں پوچھتا ہوں۔

"نہیں کیا ہوگا۔" نصرت کا چھوٹا بھائی اندازہ لگا کے کہتا ہے۔

"میں نے ہوتے ہوتے گھر کا سارا خرچ اشتیاق کے سپرد کر دیا تھا۔ ہر وقت چار پانسو روپے اشتیاق کی جیب میں رہتے تھے۔ ابھی میں نے اشتیاق سے حساب دینے کو کہا تھا۔ آج اس نے زہر کھا لیا۔ میرا خیال ہے کہ . . . ."

"تمہارا خیال غلط ہے۔" نصرت کا دوسرا بھائی بولا۔ "اشتیاق میں دس برائیاں ہوں مگر وہ چور نہیں ہے۔ آج تک اس نے ایک دھیلے کی بھی بے ایمانی نہیں کی۔ میرے خیال میں پچھلے ہفتے جو مراد آباد سے اسے اطلاع ملی تھی کہ اس کے آبائی مکان والے مقدمہ کا فیصلہ اس کے خلاف ہوا ہے اس کا غم اسے بہت ہوا ہے۔"

"جی نہیں۔" بڈھا حامد اپنی گھنی بھنوؤں پر ہاتھ پھیر کر بولا۔ "اشتیاق کو مکان دوکان روپے پیسے سے کبھی محبت نہیں۔ یہ سب بے کار ہے۔ اشتیاق کلثوم کا!"

"کلثوم؟" میرے کان کھڑے ہوئے۔ "کلثوم کون ہے؟" میرے ذہن میں ایک بتی کوندنے لگی . . . . .

"ایک نئی آیا رکھی ہے صاحب نے بڑی بدصورت لونڈیا ہے مگر سولہ سترہ برس کی ہے۔ بھاگ بھاگ کر کام کرتی ہے۔ اس کا نام کلثوم ہے۔"

"سب نے سنا ہے کہ اشتیاق کی پہلی بیوی کا نام بھی کلثوم تھا۔"

"کیا؟" میں چونک گیا۔

[illegible] اندر تم کہاں کہاں سے کوڑا کرکٹ کے ڈھیر [illegible] ہو۔ آ کر کسی [illegible] سے یہ نظر بھر جاتے۔ پہلے تم نے اس [illegible] ایک [illegible] کو دم سے باندھ کر اس میں لٹکا دیا۔ پھر [illegible] ایک پیالے کے تم نے اس میں [illegible] دیے اور [illegible] کاٹ کاٹ کر اس کے [illegible] رہے ہو۔ تم [illegible] چیٹ باتے رہے اور خود بے گھر رہ کر دوسروں کے لیے گھر [illegible] رہے اور اپنے بچوں کی [illegible] کے بچوں سے محبت کرتے رہے مگر تم گلشن کو کبھی بھول نہ سکے۔ اور کسی [illegible] یہ [illegible] ہو سکا۔ گلشن گلشن تم کانٹے چنتے رہے اور بے قرار اور [illegible] ہو کر ایک پیشے سے دوسرے پیشے کی کھوج میں لگتے رہے۔ تاکہ کسی طرح تم اس خلا کو بھر سکو جسے صرف ایک عورت کی محبت بھر سکتی ہے...

بچے!

نرس اندر آگئی۔

میں نے ایک لمحہ کے لیے اشتیاق کے خاموش ہوتے ہوئے سیاہ بدہیئت چہرے کو دیکھا۔ کھڑکی کے پیچھے بند کھڑکی کی پلکوں سے [illegible] قطرے جو اسے لرز کر ٹوٹے اور کانچ کے ذرّوں پر بہتے ہوئے چلے گئے..... میں کمرہ سے باہر نکل آیا۔

نسیم منزل

شوکت تھانوی

——— شکور میاں خود ہی بڑبڑا رہا ہے ———

شکور: (خود ہی بڑبڑاتے ہوئے) واہ جی واہ۔ بوڑھے ہو گئے شکور میاں تم بھی اسی ڈیوڑھی پر۔ اپنی بات تو پوری کر دکھلائی۔ جب نئی کرنے کے تھے تو یہی کہا تھا کہ اب جنازہ ہی اٹھے گا اس گھر سے اپنا۔ تو اب جنازہ اٹھنے میں کسر ہی کیا رہ گئی ہے۔ اس عمر میں تو موت سر ہی پر منڈلاتی رہتی ہے۔ آج مرے کل دوسرا دن۔ مگر اتنے ہی دنوں میں کیا کچھ نہیں دیکھا تم نے شکور میاں بن برسا دیکھا اس گھر پر۔ گرد کے کھلائے جوان دیکھے۔ پھر جوانوں کے کرتوت دیکھے۔ دونوں ہاتھوں سے دولت اڑائی گئی بڑے صاحبزادے نے پیسے کو ہاتھ کا میل سمجھا۔ اسے جی قارون کا خزانہ ہو تو وہ بھی خرچ ہو جائے۔ آخر یہ حال ہو گیا کہ مکان کرائے پر اٹھ رہا ہے۔ کرایہ پر نہ اٹھے گا تو بک جائے گا۔ اب بڑے بھائی کہتے ہیں۔ پگڑی لو۔ سال بھر کا کرایہ پیشگی لو۔ چھوٹے بھائی کہتے ہیں کہ یہ ڈیکھتی ہے مگر کوئی پوچھے شکور میاں تم کون۔ تین میں نہ تیرہ میں نہ مستی کی گرہ میں ———

نسیم: (آواز آتی ہے) شکور۔ شکور بابا۔

شکور: (بلند آواز سے) حاضر سرکار۔ آ رہا ہوں۔ (پھر بڑبڑاتا ہوا جاتا ہے) شکور کو بیٹھنے نہ دینا ورنہ گھڑی۔ ڈر یہ ہے نا کہ کہیں اس بڈھے کی کمر سیدھی نہ ہو جائے اگر اس کی تھکن دور ہو گئی تو ایک روٹی نہ کھلے یہ پیڑا اندھیرے منہ اٹھو اور پھر آدھی آدھی رات تک آبے لونڈے جا بے لونڈے ..... (بلند آواز سے) مجھے بلایا تھا میاں؟

شبیر: جی ہاں۔ کلیم میاں سے کہیے کہ ذرا میرے کمرے میں آئیں۔

شکور: بہت اچھا (جاتا ہے) کوئی پوچھے بھی آواز کلیم میاں کو بھی دے سکتے تھے جو شکور کو دی گئی ہے۔ مگر کلیم میاں کو آواز دیں ان کے دشمن جب ان کو بلانے کے لیے شکور موجود ہے تو اس سے کام کیوں نہیں۔ دو وقت کی روٹی اور بیس روپے ماہوار مفت میں تھوڑی دیے جاتے ہیں۔ ان داموں نوکر کے پیر میں سنیچر اسی لیے تو باندھا جاتا ہے کہ وہ بس چکرا ہے چکرا رہے اور چلتے چلتے گھس کر رہ جائے۔ پھر نوکر بھی ایسا جو کہ جنازہ ہی جائے گا اس گھر سے چھوٹے میاں۔

کلیم میاں: کیا بات ہے شکور بابا۔

شکور : [illegible] نے کہا، کیا نہیں فرمایا ہے کہ آپ اُن کے کمرے میں آجائیں۔ آجائیں نہیں تشریف لے آئیں۔

کلیم : شکور بابا۔ میرے لیے آپ اس تکلف کی تکلیف نہ فرمایا کریں۔ شاید آپ بھول جاتے ہیں کہ آپ نے مجھے گردوں کا بہتر ہے میں جا رہا ہوں۔

شکور : لو بھئی میں بھول جاؤں گا ان کو گردوں کھانا۔ تو یہی رہتا ہے نا کہ کہیں یہ نہ بھول گئے ہوں۔ بابا نوکر کا کیا ہے نوکری کر کے سب چھوٹا بن جاتا ہے۔ ٹھکرا دو تو پتھر پوجو تو دیوتا۔ اماں تمھاری بھی کیا باتیں ہیں شکور میاں۔ سٹھیا ہو۔ دیوتا کون سمجھتا ہے، نوکر بس نوکر ہی ہوتا ہے، سویرے سے یہ وقت آیا قسم لے لو جو حقہ چھوا تک ہو اگر چلم جل نہ گئی ہو تو شاید حقہ نصیب ہو جائے نہیں تو پھر سے بھرو اور جب چلم سلگے تو پھر آواز دینے شکور۔ تو میاں شکور تم پر بھی ہو۔ تم آدمی تھوڑی ہو کولہو کے بیل ہو۔

کلیم : مجھے بُلایا تھا بھائی جان آپ نے۔

شمیم : بھئی وہ کیا طے ہوا اُن صاحب سے جو مکان دیکھنے آئے تھے؟

کلیم : اُن کو مکان پسند ہے کرایہ نامہ بھی لکھنے کو تیار ہیں۔ آدمی بھی شریف معلوم ہوتے ہیں۔

شمیم : صاحب اُن کی شرافت کو لے کر کیا ہمیں چاٹنا ہے۔ ہم کونسی اُن سے رشتہ داری جوڑ رہے ہیں کہ آپ اُن کا حسب لے کر بیٹھ گئے۔ سوال تو یہ ہے کہ وہ سال بھر کا پیشگی کرایہ اور کرایہ کے علاوہ دو ڈھائی ہزار دینے پر آمادہ یا نہیں۔

کلیم : یہ بات میں نے اُن سے نہیں پوچھی۔

شمیم : پھر آپ نے پوچھا ہی کیا؟ صرف اُن کے خاندانی حالات؟ جواب نہیں ہے آپ کا بھی کلیم میاں۔ پوچھنے اور کی جو باتیں تھیں وہی آپ چھوڑ گئے۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ یہ باتیں آپ نے کیوں نہیں پوچھیں؟

کلیم : اس لیے کہ میں ان باتوں کو جائز نہیں سمجھتا۔

شمیم : کیا مطلب؟ کمال کرتے ہیں بخدا آپ بھی۔ بھائی میرے آپ کو معلوم نہیں ہے کہ مکانوں کی اتنی قلت ہے اور کرا کی اتنی کثرت کہ ہم جو مطالبہ بھی اُن کے سامنے رکھیں وہ ہاتھ جوڑ کر اس کو منظور کریں گے۔ ذرا غور تو کیجیے کہ ہا عنایت کیا کم ہے کہ ہم ان کو رہنے کے لیے مکان مہیا کر رہے ہیں جس کا وہ خواب بھی نہ دیکھ سکتے۔ اب آپ ہیں کہ ہم صرف ایک مہینے کا کرایہ لے کر مکان اُن کے حوالے کر دیں۔

کلیم : جو تو یہی چاہیے اور جائز طریقہ تو یہی ہے۔ مگر آپ ضرورت مندوں کی ضرورت کو دیکھتے ہوئے اُن کا خون چوسنا چاہتے ہیں۔ میں اس کو غلط سمجھتا ہوں۔ پگڑی کا ناجائز مطالبہ کم سے کم مجھ سے تو نہیں ہے۔

شمیم : بھئی معذرت کر دی آپ نے بھی۔ میرے بھائی صرف یہی طریقہ ہے کہ ہم مکان کی فوراً مرمت بھی کرا سکتے ہیں۔ اور [illegible] بھی ادا کر سکتے ہیں۔ اسے بھی ڈھائی ہزار نہ سہی ڈیڑھ ہزار سہی مگر کچھ نہ کچھ تو لینا ہی چاہیے۔

کلیم : بہرحال یہ تو اصولی اختلاف ہے۔ میں اس کو اصولاً زیادتی بلکہ مجرمانہ زیادتی سمجھتا ہوں۔ میرے نزدیک تو ڈیڑھ سو روپیہ ماہوار جو کرایہ مقرر کیا گیا ہے وہی بہت زیادہ ہے اس زیادتی کے بعد یہ زیادتیاں جو آپ فرما رہے ہیں اصولاً یا قانوناً کسی حیثیت سے بھی جائز نہیں۔

شمیم : موقع سے فائدہ نہ اٹھانا میرے نزدیک حماقت ہے۔ اس وقت سب ہی یہ کر رہے ہیں۔ ہمارے پڑوسی میر صاحب ہی ہیں اپنے دو مکان چھوڑ کر پر اٹھا کر تیسرا مکان بنوا رہے ہیں یا نہیں۔ جب سب ہی چھوڑ رہے ہیں تو آپ کو کیا پس و پیش ہے۔

کلیم : پس و پیش صرف یہی ہے کہ یہ جرم ہے اور جرم بھی ایسا کہ میری طبیعت اس کو قبول نہیں کرتی۔

شمیم : بہتر ہے۔ آپ یہ قصہ مجھ پر چھوڑ دیجیے۔ میں یہ مکان بھی اٹھائے دیتا ہوں کرایہ پر اور چٹھی بھی اسی رقم کی لیے لیتا ہوں کہ بغیر کسی انتظار کے فوراً ہی اس کی مرمت بھی شروع ہو جائے اور اس کا حلیہ بھی بدل جائے۔

کلیم : میری رائے یہ ہے کہ اس سلسلے میں آپ ابا جان سے مشورہ کر لیں۔ مجھے یقین ہے کہ وہ خود اس طریقے کو پسند نہ فرمائیں گے۔

شمیم : پھر وہی ابا جان۔ صاحب ہزار مرتبہ آپ سے کہا ہے کہ ابا جان کو آپ ہر معاملے میں نہ لایا کریں ان کو بیچارے رہنے دیجیے اپنے گوشۂ عافیت میں۔ وہ کیا جانیں کہ ہوا کا رخ کیا ہے انھیں کیا معلوم کہ دنیا ان کے زمانے سے کس قدر مختلف ہو چکی ہے۔ اس دنیا سے نبٹنا اب ہمارا کام ہے ان کا نہیں۔

کلیم : جب میرے اور آپ کے درمیان اتنا واضح اصولی اختلاف موجود ہے تو فیصلہ ابا جان ہی کر سکتے ہیں۔

شمیم : چھوڑو بھی اپنے وہاں سے اصول اور اختلاف لے کر جائیں بھائیوں میں کہیں اختلاف ہوتے ہیں۔ جب ہزاروں روپے کے نوٹ ہاتھ میں پھڑپھڑائیں گے یہ سب اختلاف ختم ہو جائے گا۔

کلیم : آپ غلط سمجھ رہے ہیں بھائی جان نوٹوں کی اس سے دوگنی تعداد ڈال کر مل سکتی ہے۔ اس سے بھی زیادہ دو بیگناہوں کو قتل کر کے مل سکتی ہے اگر جرم ہی کرنا ہے [illegible] کی گنڈیوں کے لیے کرنا ہے تو یہ ایک جرم ہی کیوں لیا جائے کوئی بڑا ہاتھ مارنے میں کیا مضائقہ ہے۔

شمیم : آپ کے خیال میں اپنے مکان کو چھوڑ کر پر اٹھانا اور اپنے مکان کا پیشگی کرایہ لینا گویا ڈکیتی اور قتل قسم کے جرائم کی صف میں آتا ہے۔ کمال ہے صاحب بھائی میرے روپے کی بھی سب کو شدید ضرورت ہے دلدر دھل جائیں گے۔ سچ پوچھو تو میں اسی ایک ترتیب کی وجہ سے مکان کرایہ پر اٹھانے کے خیال سے متفق ہو گیا ورنہ ڈیڑھ سو روپیہ ماہوار بھی بھلا کوئی رقم ہے۔

کلیم : سب باتوں کی ایک بات یہ ہے بھائی جان کہ اگر آپ کو یہ مکان چھوڑ کر پر اٹھانا ہے یا اس کا سال دو سال کا کرایہ پیشگی لینا ہے تو میں نہایت ادب کے ساتھ معافی چاہتا ہوں میں اس بیچ میں نہ پڑوں گا۔

شمیم : بہتر ہے نہ پڑیے آپ بیچ میں اور اگر آپ کا خیال یہ ہے کہ ابا جان ہی کو اس سلسلے میں فیصلہ کرنا چاہیے تو بدرجۂ مجبوری

میں بھی چاہتا ہوں ورنہ میں نہیں چاہتا تھا کہ ابا جان کو خواہ مخواہ یہ زحمت دی جائے۔ مگر مصیبت یہ ہے کہ ہم بھائیوں میں اتفاق نہیں ہے۔

کلیم : اگر اتفاق اسی طرح نہیں ہو سکتا ہے کہ ہم دونوں باہمی سازشیں نہیں کر سکتے تو بہت مبارک ہے یہ اختلاف۔

شمیم : خیر میں آپ سے یہ بھکانہ پند و نصائح سننا نہیں چاہتا۔ آپ بے شک ابا جان سے کہہ دیں کہ میں پچھلی کرایہ وصول کرنے تائیہ میں ہوں اور کچھ مزید روپیہ بھی چاہتا ہوں بلکہ آپ یہ زحمت کیوں فرمائیں میں خود بات کیے لیتا ہوں (جا ہے۔)

شکور : (بڑبڑاتا ہے) کچھ نہیں رہا ہے اب لے دے کر یہ ایک کھنڈر رہ گیا ہے اب اس پر دھنا کل کل ہو رہی ہے۔ بڑے صاحبزادے کا بس چلے تو کمبل ڈال کر لوٹ لیں جو ان کو ملے اور چھوٹے میاں کے بس میں ہو تو ساری دنیا کو سمیٹ میں گھر میں کہ گھر نہیں ملتا ہے تو لو یہ ہے گھر۔ شکور میاں سچ پوچھو تو دونوں ہی کا جواب نہیں پر تم کون شکور میاں۔ تیتر میں نہ بٹیر میں دشمنی کی گرہ میں۔ تم یہ باتیں سوچتے ہی کیوں ہو یہی مثل کہ لونڈی نے کہا بی بی بی بی چھ عید آئی۔ بی بی بولیں کہ جو آئی تو تجھ سے کیا۔ مردار تیرے لیے تو دو ہی پاؤ بھر کی روٹی اور چوٹی کا ساگ ہے۔

شمیم : (دور سے آواز دیتا ہے) شکور۔ شکور بابا

شکور : حاضر ہوا میاں۔

شمیم : (آواز دے کر) چھوٹے میاں کو بھیجو ابا جان یاد فرماتے ہیں۔

شکور : (جلد آواز سے) بہت اچھا (پھر بڑبڑاتا ہے) یاد فرماتے ہیں مطلب یہ کہ جوتے ہیں چھوٹے میاں بھی کوئی سبق ہیں کہ ان کو یاد فرمایا جائے۔ آدمیوں کی طرح یہ نہیں کہا جاتا ابا جان بلاتے ہیں اس زبان کو تو شکور ہی سمجھتا ہے کوئی نیا نوکر آئے تو خود یاد کر رہ جائے ان باتوں کا مطلب۔ اسے میں نے کہا چھوٹے میاں حضور یاد فرماتے ہیں تب کو۔

کلیم : کون ابا جان؟ میں اسی طرف جا رہا تھا۔

شکور : (پھر بڑبڑاتا ہے) اب لے کر یہ لے ابا جان کو کون ٹھیک کرتا ہے۔ میں ہوتا ان کی جگہ تو اس ٹھیکے کو بیچ ماچ کر سب حصہ دے دیتا اور خود الگ بیٹھ کر کرتا اللہ اللہ۔ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ بڑا بیٹا تو اڑائے گل چھرے اور چھوٹا رہ جائے منہ دیکھتا پر تم سے کیا شکور میاں تم تین میں نہ تیرہ میں دشمنی کی گرہ میں (دروازے پر دستک)

مولوی صاحب : تشریف لے آئے۔ بیٹھے رہیے کلیم میاں۔ بیٹھ جائیے اپنے بھائی جان کے برابر۔ مجھے ابھی شمیم میاں سے معلوم ہوا ہے کہ آپ کرایہ دار رکھنے کے سلسلے میں اب کچھ پس و پیش کر رہے ہیں۔

کلیم : جی نہیں تو۔ یہ تو میری ہی تجویز تھی میں پس و پیش کس طرح کر سکتا ہوں۔ البتہ بھائی جان کی اس رائے سے متفق نہیں ہوں کہ کرایے کے علاوہ کرایہ دار سے ایک معقول رقم پگڑی کے طور پر بھی لی جائے اور کرایہ بھی کم سے کم ایک سال کا پیشگی وصول کیا جائے۔

راوی صاحب: پگڑی؟ یہ خیال آپ کو کیسے آیا شمیم میاں۔ میرے تو تصور میں بھی نہ تھا کہ اس عمر تک آپ کا ذہن رسا پہونچ سکتا ہے۔

شمیم: ابا جان میں خود پگڑی اور پیشگی کرایہ کی تائید میں نہیں ہوں مگر خیال صرف یہی تھا کہ اس طرح ہم مکان کی فوراً مرمت کرا سکتے ہیں۔ اور کرایہ دار سے جو کرایہ وصول کر رہے ہیں مکان اس کے مطابق بنا سکتے ہیں۔ اگر آپ پگڑی کی تائید میں نہیں ہیں۔ تو ایک سال کا کرایہ ہی پیشگی مل جائے تو بہت کچھ ہو سکتا ہے۔

راوی: آپ کے نزدیک یہ بجائے خود ایک قسم کی پگڑی نہیں ہے؟

شمیم: ابا جان آج کل عموماً یہی ہو رہا ہے۔ اور مکان کے متلاشی اس سے زیر بار نہیں ہوتے بلکہ ان کو خوشی ہوتی ہے کہ نہ صرف مکان مل گیا بلکہ اس استحکام کے ساتھ ملا ہے کہ اب گویا سال بھر تک ان کو مالک مکان بے دخل نہیں کر سکتا۔

راوی صاحب: ان کو جس قسم کی مسرت ہو سکتی ہے اس کا اندازہ آپ ان کی جگہ پر ہوں جب ہی کر سکتے ہیں۔ میری سمجھ میں تو یہ بات آئی نہیں کہ تقریباً دو ہزار روپیہ یکمشت آپ کو دے کر کوئی خوش ہو سکتا ہے۔

شمیم: ابا جان یہ پیش کش خود حکیم صاحب کی طرف سے ہوئی ہے کہ ہم سال بھر کا پیشگی کرایہ لے کر مکان اُن کی مرضی کے مطابق بنا دیں۔

راوی صاحب: یہ غلط ہے میں مکان کرایہ پر دے رہا ہوں اپنی مرضی کرائے پر نہیں دے رہا ہوں۔ اس مکان کی مرمت میری مرضی کے مطابق ہوگی آپ یہ چاہتے ہیں کہ سال بھر کا پیشگی کرایہ لے کر ہم سال بھر کے لیے کرایہ دار کی مرضی کے غلام بن جائیں۔ یہ نہیں ہو سکتا۔ آپ نے اس بات پر بھی غور کیا ہے کہ جو شخص یکمشت اتنی بڑی رقم دے گا اس کے مطالبات کس قدر سخت ہوں گے۔ دو ہزار کی رقم پر تو آپ ریجھ گئے مگر یہ اندازہ نہ کیا کہ اس کے بعد کرایہ دار کی فرمائشوں کی تعمیل سال بھر کا کتنا شدید اور مسلسل عذاب ہوگا کہ آج غسلخانوں میں فیشن کا اہتمام کر دیجیے۔ آج باورچی خانے میں پنکھا لگا دیجیے۔ اس کمرے کا رنگ فیروزی ہو۔ اور اُس کمرے کا شاہی۔

شمیم: ابا جان ان میں سے کوئی مطالبہ ان کی طرف سے نہیں ہے وہ تو صرف معمولی مرمت اور قلعی چاہتے ہیں۔

راوی صاحب: جی ہاں میں جانتا ہوں ابھی کوئی مطالبہ اس لیے نہیں ہے کہ ان کو صرف مکان کی ضرورت ہے مگر جب مکان مل جائے گا تو ان کو روز بنت نئی آسائشوں اور آرائشوں کی ضرورت بھی ہوگی اس کے علاوہ جس سے ہم اتنی بڑی رقم یکمشت لیں اس کے لیے اہتمام کرنا بھی ہمارا فرض ہو جاتا ہے۔ پھر آپ نے اس بات پر غور نہیں کیا کہ سال بھر کا کرایہ تو آپ یکمشت لے کر خرچ کر دیں گے اس کے بعد کیا ہوگا۔ سال بھر تک ضروری مرمت کہاں سے ہوگی۔ ہم کو یقیناً یہی محسوس ہوگا کہ ہم نے اوسط مکان بھی کرایہ پر اُٹھا دیا اور اب خود اپنی گرہ سے اس کی دیکھ بھال پر روپیہ صرف کر رہے ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ ہمارے یہاں ضرورت کے لیے روپیہ پس انداز کرنے کا نہ طریقہ ہے نہ سلیقہ لہٰذا میں آپ کو اس کی اجازت نہیں دے سکتا۔ کہ آپ سال بھر کا کرایہ پیشگی وصول کر کے اپنے مصائب میں اور بھی اضافہ کر بیٹھیں۔

شمیم : [illegible]

کلیم : میری [illegible] کہ حکیم صاحب یا جو کرایہ دار بھی آنا چاہے اس سے ہم یہ طے کر لیں کہ سال بھر میں ایک مہینے کا کرایہ اس مکان کی مرمت پر صرف ہوا کرے گا۔

لوی صاحب : ہونا تو یہی چاہیے مگر چونکہ مکان کافی مرمت طلب ہے لہٰذا فی الحال بجائے ایک مہینے کے دو مہینے کا کرایہ مرمت پر صرف ہوگا مگر اس کے معنی یہ نہیں ہیں کہ وہ دو مہینے کا کرایہ پیشگی دیا جائے۔ اصولاً ہم صرف ایک مہینے کا کرایہ پیشگی لے سکتے ہیں اسی طریقے پر عمل کیا جائے آپ لوگ تشریف لے جا سکتے ہیں۔

شکور : (بڑبڑاتے ہوئے) چلو چھٹی ہوئی۔ وہ بھی بھئے کہ آئے گی ایک موٹی سی رقم اور منائے جائیں گے کچھ دن جشن۔ جے کی تاشوں کی پٹھو ہوں گے پھر بار دبڑے میاں نے سارا قصہ ہی مسمار کر دیا۔ جس ایک مہینہ کا کرایہ لو اور لگا دو مکان پر نہ باسی بچے نہ کھانے مگر شکور میاں تمہارا تو فائدہ اسی میں تھا کہ چلتے یہ تاش پتے کچھ نہ کچھ مل ہی جاتا تم کو بھی چلو نہ سہی۔ اللہ ملک ہے اپنا بھی۔ تم کیوں اس غم میں گھلو تم سے کیا تم تو تین میں نہ تیرہ میں دشمنی کی گرہ میں لو یہ تماشہ بھی دیکھ لو بڑے بھائی شاید کچھ روٹھ گئے ہیں چھوٹے بھائی سے۔

کلیم : (شمیم کا تعاقب کرتے ہوئے) بھائی جان۔ بات تو سنیے۔ ٹھہریے تو سہی۔

شمیم : اجی میں کچھ سننا نہیں چاہتا جو آپ کا جی چاہے کیجیے۔ میری بلا سے آپ ایک مہینے کا کرایہ بھی نہ لیں بلکہ کرایہ دار کو اپنے گھر میں رکھنے کا معاوضہ لو اپنی گرہ سے دیں۔ میں اب اس گھر کے کسی معاملے میں دخل دینا ہی نہیں چاہتا آپ جانیں اور آپ کا کام۔

کلیم : میں تو صرف یہ کہہ رہا تھا کہ اب آپ حکیم صاحب سے خود بات کریں گے یا۔

شمیم : میں کسی سے کوئی بات وات نہیں کروں گا۔ آپ کا گھر ہے آپ مالک و مختار ہیں آپ کے اشاروں پر اس گھر کا نظام چل رہا ہے۔ میں ہوتا کون ہوں کسی سے کوئی بات کرنے والا۔ مجھ سے اب کوئی مطلب نہیں۔

کلیم : آپ اس وقت تو ناراض ہو رہے ہیں۔ مگر بعد میں آپ ہی کو معلوم ہوگا کہ پگڑی لے لینے کے جرم سے بچ کر آپ نے اپنے احساس کو کس قدر سبک رکھا ہے اور پیشگی کرایہ نہ لے کر اپنی ذمہ داریوں کو کس قدر کم کیا ہے۔

شمیم : مجھے آپ کے ان حکیمانہ مشوروں کی ضرورت نہیں آپ اپنے سبک احساس اور اپنی ذمہ داریوں کی سبکدوشی کے ساتھ جو چاہیں کریں مگر مجھ کو بخش دیں میں ان معاملات میں پڑنا ہی نہیں چاہتا میری بلا سے بوم بسے یا ہما بسے۔

(جاتا ہے۔)

شکور : (بڑبڑاتے ہوئے) لو شکور میاں بس۔ وہ تو بالکل ہی روٹھ گئے۔ مگر سچ پوچھو تو بے ہی روٹھنے کی بات اتنا بڑی رقم آنی تھی آ رہی تھی۔ نہ جانے کیا کیا منصوبے ہوں گے۔ سب خاک میں مل کر رہ گئے۔ بڑے سال بھر کچھ ہوتا چار دن کی چاندنی تو ہو ہی جاتی پیسے دن ایک مرتبہ پھر جھلک دکھا ہی جاتے۔ مگر ان چھوٹے میاں نے سارا مزہ کرکرا کر دیا۔ پر ہم سے کیا کہ نہ تین میں نہ تیرہ میں نہ دشمنی کی گرہ میں۔

خزانے کا سانپ

علی عباس حسینی

مادھو کا مکان لمبید پور میں سب سے اونچے ٹیلے پر تھا۔ وہ گاؤں کا سب سے بڑا کسان اور "بھوم دھر" تھا۔ چار ہل کی کھیتی تھی اور ... من کی پیداوار۔ اتنا ڈھیروں غلہ اور کھانے والے تین! ایک وہ، ایک اس کی بیوی لیا اور ایک ان کی بہت یار رفاقت جو بھیجے ... کا بیل تھا۔ باپ بیٹے کی صورت میں زمین آسمان کا فرق تھا۔ مادھو پانچ فیٹ کا موٹا، توند نکلی، چندیا بھی صاف اور داڑھی مونچھ بھی ... کا کرتا، اور اسی کپڑے کی اونچی دھوتی پہنے، ننگے پاؤں، ننگے سر، بالکل ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے غلاف چڑھا ہوا بہت ہی ... جو پوری طبل ہے!۔

گھو سترہ برس کا نوجوان تھا۔ سبزہ آغاز، پھریرا بدن، ساڑھے پانچ فیٹ سے نکلتا ہوا قد، متناسب اعضا، کھلتی رنگت۔ ... تو میلے اس کے بھی چھتے اور اکثر پھٹے بھی، مگر جوانی خود ایک حسن ہے اسے کون چھپا سکتا ہے! یہ دلکشی اسے باپ کی جگہ ماں سے ملی تھی۔ لیا کسی زمانے میں یقینی صورت شکل کی اچھی رہی ہوگی۔ وہ اب بھی مرجھایا یا مکھا پھول تھی جسم کی ہڈیاں ابھر آئیں تھیں، لوچ ... غائب ہو گئی تھی۔ بڑی بڑی آنکھیں، نیندوں کے بان نہ چلتی تھیں۔ وہ تیر غلافی پلکوں کے کونے کی کیچڑ میں پھنس کر رہ جاتے تھے۔ ... کوئی کمی نہ کھانے دیتی تھی نہ پہننے۔ موٹی ماریکین کی ساری اسی وقت اترتی جب وہ میلی چٹ ہو جاتی۔ گہنوں میں سے صرف ہاتھ ... چاندی کے کڑے تھے۔ چلتی تھی تو سوکھی پتیوں والی کھڑ کھڑاہٹ سنائی دیتی۔ باتیں کرتی تو معلوم ہوتا کبھی گونجتی تھی یا آہستہ، ہر ... کو سوچ کر قول کرنا پڑتا ہے۔ لفظ مشکل سے ملتے ہیں اور وقت سے منہ سے نکلتے ہیں۔ ہر وقت خیال رہتا کہیں کوئی ایسی بات منہ سے نہ نکل جائے کہ شوہر بگڑ جائے۔ لیکن اس سوکھی گڑیا میں گھو کی حمایت کے موقعہ پر کبھی نیل کا جوار بھاٹا آجاتا۔ اس وقت وہ گویا چھلک ... پڑتی۔ اکلوتا بیٹا جوان، ہاتھ پاؤں سے سبل، اک نقشے کا درست، پھر ہے زبان ایسا کہ نہ بچپنے میں ہٹ کی، نہ جوان ہو کر ... بات پر اڑا۔ جو ماں باپ نے کھلایا، کھایا، جو پہنایا، پہنا۔ دیکھتا تھا کہ گھر پر چار ہل کی کھیتی ہے، سو من غلہ پیدا ہوتا ہے، ہزاروں ... کا فائدہ ہے، مگر نہ گیہوں کھانے کو ملتا ہے، نہ باسمتی چاول۔ بس جو اور چنا، جیسے قسمت میں لکھ گئے تھے۔ مگر یہ بھی دیکھتا تھا کہ ... سب کا مالک تھا، جس کے سب کچھ اختیار میں تھا، وہ خود بھی اسی موٹے جھوٹے کپڑے میں اور اسی روکھے سوکھے کھانے پر ... رہتا تھا، پھر گھو کیا کہتا، کیا کرتا! وہ کیسے کوئی چیز اپنے لیے الگ سے مانگتا۔

مگر لیا کڑھتی ضرور تھی۔ اب اس طرح ننگے بھوکے رہنے کی مزمن کیا ہے؟ زندگی کا کوئی مقصد تو ہوتا ہی ہے۔ وہ یہ نہ سمجھ ... تھی کہ محض روپیہ کمانا، اسے کھلا کرنا، اسے جوڑ جوڑ کر رکھنا بھی منزل و مقصد حیات بن سکتا ہے اور اس کا شوہر مادھو اسی کو سب سے بڑی منزل سمجھتا ہے۔ منزل کا انسانی خواہشوں، منصوبوں اور ولولوں کی طرح کسی سمت کنارہ نہیں ہوتا! پہلے ایک قریب

کی منزل دکھائی دیتی ہے۔ آدمی وہاں پہنچا، تو کہے اور سوچے کہ اس کے آگے ایک اور غریب مقام ہے۔ تو سے اور وہاں کر کے
پتا جب ان کا سانی ہو جاتی کی تو اس سے دور بہت کچھ پچھلے منظر دکھائی دینے لگے۔ جب جان کی بازی لگا کر اس سرا دیں
دکھا تو اس کے دیوانے ایک اور اذیت کا مل کھڑا کر دیا۔ غرض یہ راہ ہر منزل پر کھلنے کی جگہ بڑھتی جاتی ہے!

ادھو کے دیوانے کے ساتھ ساتھ اس کا لالچ بھی بڑھتا جاتا تھا۔ جیسے جیسے اس کا کنبہ جیتی دو سیتی سے جیتی تر دو سیتی
بنتا، وہ اس کے حلقے کو اور بھی بڑھانے کے خواب دیکھنے لگتا۔ اور وہ ان میں اس طرح غرق ہو جاتا، کھو جاتا کہ نہ اسے بیٹے کی جو
دیتی اور نہ ملاآ فریاد سنائی پڑتی۔ وہ کہتی: "کتنے دن کی بیزاری، بیماری لگی رہتی ہے۔ اب بھولے آؤ، گھر کا کام سنبھالے۔ کتنا
جوان ہوا، دیکھتے نہیں، اس کا کام میں اب دیسا ہی نہیں لگتا۔ صبح شام ادھر ادھر چکر لگاتا، ہیٹی جاتا، لگتا ہے کوئی ایسی ویسی
ہو گئی تو بیٹھے بٹھائے جگ ہنسائی ہو جائے گی۔"

ادھو اپنی توند پر ہاتھ مار کر کہتا: "تم تو سنت میں شکاں ہوتی ہو اور پریشان کرتی ہو۔ میرے پاس دھرا ہی کیا ہے کہ ایک ہو
کھانے والا اس گھر میں لے آؤں۔ پھر تمہارا بیٹا اور سیدھا ہے۔ رہی کبھی کبھی جھانک تاک تو وہ ہم بھی اس کے بس میں کر دیا کرتے ہیں
ہی ہی ہی!" اور وہ سوکھی سہمی بیوی کو اکھار کر قہقہہ لگاتا۔ یہ مردانہ وار قہقہہ نہ ہوتا تھا۔ اس کے نزدیک جذبات کی
اتنی فضول خرچی کوئی اچھی چیز نہیں تھی۔ اس لیے ہا ہا بدل کر ہی ہی ہو جاتا۔ یعنی مکمل کھلے ہوئے پھول کی جگہ ادھ کھلی
کھلی کلی۔

مگر اب کے اپریل سے ادھو بہت خوش تھا۔ گیہوں کی فصل بہت اچھی ہوئی تھی۔ سرکار سے کنٹرول بھی اٹھ گیا تھا۔ زیادہ
نفع خریدا جا سکتا تھا۔ اس لیے خواہ مخواہ سستے بھاؤ اسے بیچنا نہ پڑا تھا۔ پارسال تو اس نے صرف پانچ سو من گیہوں کھیت میں بچا
تھا اور جب بھاؤ چار سیر کی جگہ ڈھائی سیر پہنچا تو اسے بیچا۔ اب کے اس نے طے کر لیا تھا کہ چاہے کچھ بھی ہو، وہ اپنا تین ہزار من گیہوں
اس وقت تک نہ نکالے گا جب تک بھاؤ سے مہنگا نہ بکنے لگے۔ اس نے گھر کے بڑے صحن کو پچیس فیٹ گہرا کھدوا کر
تہہ میں بھوسا بھروا دیا اور گیہوں کی بڑی بڑی بوریاں اس پتلے اوپر رکھوا دیں۔ اغل بغل میں اور بھوسا ٹھونس کر اس نے صحن کو
ڈھک کر برابر کر دیا۔ یہ مٹی اس نے ڈھیلی اور پولی نہ رہنے دی۔ اس نے دو دن چار چار مزدور لگا کر دھرمٹ سے اسے سڑک کی
طرح کوٹ دیا اور اسے ہر طرح مضبوط بنا دیا۔

اب وہ بے فکر تھا۔ بڑے بڑے آڑھتیے، پاڑ، کانپور، کلکتے سے آتے، گیہوں خریدنے پر اصرار کرتے مگر ادھو
کے سانپ کی طرح کھٹے پر بیٹھا سب کو پھنکاریاں مار مار کر بھگا دیتا۔ وہ کہتا: "یہ جب ہی کھلے گا جب کہیں ضلع بھر میں گیہوں نہ
ملے گا۔ چھوٹے کسان زائد پیداوار بازاروں میں بیچ چکیں گے اور دکانوں اور گوداموں میں بھی کہیں ایک دانہ نہ
دے گا۔"

ادھو کے "گول مول" ہونے سے اکثر لوگ دھوکہ کھا جاتے تھے۔ سمجھتے تھے اس ڈھول میں خول ہی خول ہو گا۔ ایسی صورت
سے عقل سے کیا واسطہ؟ مگر وہ بلا کا ہوشیار اور مستقل مزاج تھا۔ آج حیدرپور میں سب سے بڑی کاشتکاری اور سب سے اونچی پکی حویلی

ت کا ثبوت تھی۔ باپ مرا تھا تو اُس نے دو بیگھے کھیت، دو لاغر بیل اور ایک کچا مکان چھوڑا تھا۔ مادھو نے اپنی محنت، اپنی کنجوسی، اپنی
ان رجحت سے پیسے پیسے کو دانت سے پکڑ کر گاؤں کا سب سے شاندار مکان بھی بنوایا۔ وہ چار ہل کی کھیتی بھی کرنے لگا اور پچاس بیگھے زمین کا
بہ دھر بھی بن گیا۔ مکان کی نیو ٹیلے پر بڑی گہری ڈالی تھی۔ اسے اس کا خیال تھا کہ مہید پور گھاگھرا کے کنارے ہے اور دریا اس کے گھر
ز دو میل کے فاصلے پر بہتا ہے۔ لیکن ایسے معاملات میں "آگم کا سوچ" اس کا اصول تھا۔

اس لیے اب وہ گھر کی طرف سے بے فکر اور کھیت کی طرف سے مطمئن ہو کر بسکٹ پر بیٹھا زیل گڑگڑاتا اور اس کی آواز میں ایک
ہتی اور اس کے دھوئیں میں ایک رقص کی کیفیت محسوس کرتا۔ اسے معلوم ہوتا جیسے لچھمی دیوی گنگا جل میں غوطہ لگا کر سطح آب سے
تے ہوئے اپنے کو ملکڑی کے جلنے سے بھی زیادہ باریک ساری میں لپیٹتی جاتی ہیں اور ناچتی جاتی ہیں اور ان کے گھنگروؤں کی جھنکار اتنی
ر و طرب، اتنی ہی سُریلی، اتنی ہی رسیلی تھی جتنی کہ ٹکسال میں گرتے اور برستے ہوئے زرد سپید سکوں کی۔ وہ ایک بارگی اُٹھ کر زیل کو
ز کرنے سے لگا دیتا، ٹہلنے لگتا، سوچنے لگتا، گنگنانے لگتا اور اس طرح مسکرا پڑتا جیسے بی چوہے کو کھا کر مسکراتی ہے، جیسے
ز ایک پوری پتی کا اوپریشن کر کے مسکراتا ہے، جیسے گدھ میدان جنگ کو لاشوں سے بھرا ہوا دیکھ کر مسکراتا ہے۔

یسے گزرتے گئے۔ رُت بدلی، موسم بدلا، جون کا مہینہ آیا، بادل کے ہجوم آئے۔ انھوں نے کچھ دنوں تو آسمان پر چہل قدمی
یہ قدم ذرا تیز کیے، دوڑنے بھاگنے لگے اور آخر میں تھک کر جگہ جگہ پر دم لینے کے لیے ٹھہرنے لگے۔ گاؤں والوں نے پھیلی
ہ ہوا کو سیٹنا شروع کیا۔ کھلیانوں میں پڑا ہوا اناج، بھوسا، ایکھ، پتیاں، چھلکے، آلوں کے "گودر"، سوکھی لکڑیوں کے ٹھٹے کاٹ
ز کر پھیروں، کوٹھریوں میں رکھنے لگے۔ جہاں پانی روکنے اور دھان لگانے کے لیے دس بیس کھیتوں کی مینڈیں اونچی کرتے،
ہ پانی سے گھاگھرا کے بدلتے تیور بھی ضرور دیکھ آتے۔ مہید پور بلندی پر ضرور تھا مگر گھاگھرا کا کیا اعتبار، کبھی وقت کو کوئی سی کروٹ
ے اور ہمیشہ برسات میں آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔ اتنا بڑا دریا چھوٹی ہانڈی میں بدل جاتا ہے۔ ادھر اُبلا اُدھر بڑھا۔ اس کنارے
ا ... جیسے کوے ڈوبا۔ کہتے ہیں "دیوانہ راہ کے بس مست" اس دریا کے لیے برساتی ہوا کا ایک جھونکا ہی کافی سے زیادہ
ے اس کی تلخ ایک بدمست ہاتھی کی طرح ہو جاتی ہے۔ اس بار کے درخت نوپے، اس سبزہ زار کو روندا، فیل خانے کی دیواریں پاش
ز ہیں اور مالک کے محل کا چھالک سونڈ سے کھینچ کھینچ کر توڑ پھینکا۔ اخبار والے، ریڈیو والے بھی برابر خبردار کر رہے تھے۔ اب کی برسات
لانی ہے۔ پچھلے برسات کی سی بانی چھانی نہیں ہے۔ پیشک میں گرائے جانے والے بموں اور سائیریا میں تازہ تازہ بارود نے
ہیں نہ جانے کتنی تبدیلیاں کر دی ہیں۔ روسی اسپتکروں اور امریکی راکٹوں نے پوری بالائی فضا میں ہلچل ڈال دی ہے۔ پانی کس قیامت کا
ے ... نہ جانے کتنے چڑھیں بڑھیں، کچھ نہیں کہا جا سکتا۔

مادھو ایسی سنی، اُن سنی کر دیتا۔ اسے یقین تھا، اس کا مکان، اس کا کھیت، سب دریا سے کئی فرلانگ کے فاصلے پر ہیں۔ نہ گھبرانے
و ... نکلنے کی کوئی وجہ۔ گیہوں بیچنے کا جب ہی تو موقعہ ہے جب اس طرح کی آفتیں آئیں۔ ہزاروں اپنا اپنا بال بچا لے کر
نکل گئے۔ ہزاروں خانماں برباد ہوں گے۔ بھوکوں کے جمع غیظ میں، قحط کے جب آثار ہوں، ایسے ہی سمے میں مُنہ مانگے دام
بیچے۔

[illegible] برسنے لگا۔ ایک ہفتہ تک متواتر دن رات برسا۔ بادل کھول کے برسا، جی توڑ کے برسا، اکڑ کر برسا، [illegible] گرج کر برسا۔ کچی دیواریں اور چھتیں بیٹھ گئیں، چھپروں کی ٹٹیاں اور کھپے، ٹٹیوں کے ڈانے ڈھیر ہو گئے۔ کچھ مویشی بے [illegible] کچھ لوگ زخمی ہوئے مگر بچ کر نکل گئے، کچھ بھیگ کر انفلوئنزا اور ملیریا میں گرفتار ہو گئے۔ ادھر دریا نے ہاتھ پاؤں نکالے [illegible] تو دونوں کناروں کو بھرا، پھر چھلک کر پھیلا اور بڑھا اور اس پیچھے، اس طرح اور اس طنطنے سے چلا، تیز ہوا اور دوڑنے [illegible] کر منہ کا کف فرلانگوں اچھل کر جاتا اور گرتے، وادیاں پل کے پل میں پر کرتا اور پلوں کو گراتا، سڑکوں کو پامال کرتا، بندوں [illegible] توڑتا، جنگلوں کو اکھاڑتا، آبادیوں کو ڈبوتا، نکل جاتا۔ میدپور کی بندیوں کو چاٹتا، ٹکریں مارنا اور کاٹنا شروع کر دیا۔ ایک [illegible] دیا سے قریب والے گھروں میں شور اٹھا۔ "پانی دیواروں کو توڑ کر اندر گھس رہا ہے۔" لوگ مویشیوں کو بھگاتے، بھیگتے [illegible] تھوڑا سا سامان کندھوں، سروں پر رکھ کر اور بہت کچھ گھروں میں چھوڑ کر، نکل بھاگے۔ مقام ضلع کی طرف سے بھی کچھ لوگ آئے [illegible] کی رہنمائی اور ان کی ہدایت پر عمل کر کے دوسری شام تک سارا گاؤں دوسرے دیہات میں پناہ لینے چلا گیا۔

مگر مادھو اپنی جگہ سے نہ ہلا۔ مثل ہے: "جان ہے تو جہان ہے۔" یہاں تو کھتہ ہی جان تھا اور گھر ہی جہان۔ اہلی [illegible] کی طرح اس نے اپنے گھر میں مضبوط جڑ پکڑ لی تھیں۔ اس نے اس دن کا پہلے ہی سے بندوبست کر رکھا تھا۔ وہ کیوں جاتا؟ پانی [illegible] بڑھتا ہے تو بڑھنے دو۔ بھوکے بھی تو بڑھیں گے۔ اسی روز سیاہ میں تو اس کی تقدیر چمکنے والی تھی۔ اسی اندھیرے میں تو اس [illegible] امید کے چراغ جگ مگ جگ مگ کریں گے۔

جب بیوی نے فریاد کی اور بیٹے نے بھی ڈرتے ڈرتے، کم سخن ہونے پر بھی، دادا چاچا تو مادھو کڑھ کر بولا: "تم دونوں بھی جاؤ اور مویشیوں کو بھی ساتھ لیتے جاؤ۔ میں بعد میں آؤں گا۔" لیا نے بھی کہا کہ جتنے کیے گرجی، برسی، تڑپی مگر وہ [illegible] بار بار، اپنی بات سے ٹلا اور گھر سے قدم نکالنے پر تیار نہ ہوا۔ لیا ہار گئی مگر شوہر پرست ہونے کے ساتھ ساتھ وہ [illegible] بھی تو تھی۔ اس نے کھتو کو سمجھا بجھا کر مویشیوں کو صحنا جگہ لے جانے کے بہانے دوسرے گاؤں بھیج دیا۔

کھتو کا سارا دن اسی کام میں گزرا۔ جانوروں کے لیے چارے کا بندوبست کرنے میں رات ہو گئی۔ پانی بھی جیسے دھندلکے کا انتظار کر رہا تھا۔ اس گرج تڑپ کے ساتھ آیا کہ ہر شخص اپنی اپنی جگہ سٹ کر بیٹھ گیا اور رام رام کرنے لگا۔ کسی میں باہر نکلنے کی ہمت نہ تھی۔ کھتو بھی بھیگ کر چوہا ہو گیا تھا۔ گاؤں کے پناہ گزینوں نے اسے زبردستی پکڑ کر اپنے پاس بٹھایا۔ اسے ایک سوکھی دھوتی دے کر کپڑے بدلوائے اور آگ کے پاس ٹکایا۔ اسے اپنے بھنے چنے میں شریک کیا اور اسے اس کالی [illegible] بھیانک رات میں کسی طرح میدپور نہ جانے دیا۔ صبح تڑکے ہی کھتو کی پہلی ہی کائیں کائیں کے ساتھ وہ اٹھ کر میدپور کی [illegible] بھاگا۔ گاؤں سے فرلانگ بھر ادھر ہی اس نے دیکھا سامنے میں جل تھل ہے، صرف مادھو کا گھر جزیرہ بنا بیچ میں کھڑا ہے۔ [illegible] ہی سے کھڑے کھڑے اس نے "پتا جی" "پتا جی" کہہ کر پکارا۔ مادھو نے چھت پر آ کر آواز دی۔ "کشتی اور چھاؤڑا لے کر آؤ۔ [illegible] نہیں، یہاں سب ٹھیک ہے۔"

بوکھلایا ہوا کھتو کشتی ڈھونڈنے لگا۔ بارے پڑوس والے مل گئے۔ دارو غریبی نے کشتی بھی دلوائی، چھاؤڑا بھی [illegible]

اور غوث خاں ایک سپاہی کو بھی ساتھ لیا۔ وہ جوان بھی تھا، ہمت والا بھی تھا اور پیراکی کا ماہر بھی۔ دونوں کشتی میں چلے۔ لیکن پانی کے بہاؤ سے زیادہ دو خطرے تھے۔ ایک تو ڈوبے مکانوں کے "ڈینو تھیز" دوسرے بہتے ہوئے درختوں کے "ڈینوسر" پھر موجوں سے لڑتے، دھارے کو کاٹتے، نیچے اوپر کی بلاؤں سے بچتے، جب دونوں کنارے پر پہنچے تو ادھو اپنے والان میں کھڑا بے چین ملا۔ اس نے جھپٹ کر کشتی سے پھاوڑا اٹھایا اور اندر گھس گیا۔ لکھو "ماں ماں" پکارتا پیچھے دوڑا۔ زنان خانے کے کمرے سے کراہنے کی آواز آئی۔ جا کر دیکھا تو ماں چھت سے گرے بلے کے نیچے دبی پڑی ہے اور کمزور ہاتھوں سے دھنی اور مٹی ہٹانے کی کوشش کر رہی ہے اور ادھو، زخمی بیوی کو نکالنے کی جگہ آنگن کی زمین کھود رہا ہے۔ لکھو کے پکارنے پر غوث بھی والان کے کھمبے میں کشتی باندھ کر اندر آ گیا۔ دونوں نے مٹی، پلاسٹر کا ڈھیر ہاتھوں سے ہٹایا اور بے ہوش ملیا کو نکالا۔ لکھو اسے گود میں اٹھا کر کشتی میں لایا۔ وہاں اپنے زانو پر ماں کا سر رکھ کر اس کے چہرے سے خاک و خون پاک کیا۔ "ماں ماں" پکارا اور جواب نہ پانے پر اس کے منہ پر منہ رکھ کر رونے لگا۔

دوسرے کنارے سے گاؤں والوں نے شور کیا۔ "ارے لکھو! جلدی کر جلدی! بھرائی ہے تاڑ بھر اونچا پانی بس کو سر بھر ادھر ہے۔ جلدی سب کو لے آ، بھاگ! بھاگ!" غوث خاں نے پکارا۔ "ادھو! ادھو! جلدی کرو جی جلدی!" اور جواب نہ پانے پر لکھو کو مردہ ماں پر روتا چھوڑ کر پھر اندر گھسا۔

مٹی کے سمن کو پانی نے جگہ جگہ سے کاٹ دیا تھا۔ کھتے کا حلقہ صاف ابھر آیا تھا اور تابدانوں کی جگہ تیزی سے کھتے میں جا رہا تھا۔ ادھو نے دیوانہ وار آس پاس کی مٹی پھاوڑے سے کاٹ کر ڈراڈوں میں بھرنا شروع کر دی تھی۔ نہ جانے کہاں کی اس میں قوت اور پھرتی آ گئی تھی۔ وہ دوڑتا جاتا تھا اور سوراخوں کو، خالی جگہوں کو بھرتا جاتا تھا۔ پھاوڑے سے مٹی رکھ کر دباتا، پاؤں سے کھتا اور کہتا — "کھتے میں گھسے گا، نہیں جانتا، ادھو کا ہے! ادھو موجود ہے۔ ہونہہ، دیکھیں اب کیسے جاتا ہے۔"

غوث دور ہی سے چیخا۔ "ارے چھوڑ اسے، بھاگ چل! سارا گھر گرنے والا ہے۔" ادھو نے اسے بیچ سے حقارت سے دیکھا "تو جان بچا اپنی۔ میں تو جیتے جی اپنا کھتہ برباد نہ ہونے دوں گا۔" غوث لپکا کر زبردستی پکڑنے چلے۔ ادھو پھاوڑا ہاتھ میں تول کر کھڑا ہو گیا "اب قدم بھی آگے بڑھایا تو سر توڑ دوں گا۔" غوث نے سمجھانے کی کوشش کی۔ ادھو ہنسنے لگا۔ "تجھ کو کس نے یہاں بلایا؟ جا تا کیوں نہیں؟ جا یہاں سے! چل!" اور وہ وار کرنے والے انداز سے سپاہی کی طرف بڑھنے لگا۔

دفعتاً زمین ہلنے لگی۔ پھر تڑخنے کی آواز ہوئی۔ ایک بہتے ہوئے شیشم کے درخت نے ادھو کی دیوار کو ٹکر ماری۔ پانی کی چھینٹیں پشت مکان سے اڑ کر چھت پر گریں، صحن میں آ کر پاش پاش ہو گئیں۔ ادھو نے قہقہہ لگایا۔ دل دل آنکھیں کر کے غوث کی طرف بڑھا۔ پھر ڈگمگایا اور پھاوڑا ہاتھ سے پھسل کر غوث کی طرف چلا۔ سپاہی چیخ کر بھاگا۔ کشتی میں اچک کر آ گیا۔ ساتھ ہی تاڑ سے اونچی موج ادھو کے مکان سے آ کر ٹکرائی۔ موجوں نے کشتی کو دور پھینک دیا۔ ایک چادر آب پھیلی جس میں نہ مکان تھا، نہ کھتہ اور نہ اسے جان سے عزیز رکھنے والا ادھو!

لکھو دیوانہ وار چیخا۔ "پتا جی! پتا جی!" غوث پر بس والوں کے خوف بھرے لہجے میں بولا۔ "ارے جانے بھی دو لالہ! خوش قسمت تھا پتا جی!"

آپا

اپنے ایک افسانہ کا تجزیہ

ممتاز مفتی

میری نظر میں آپا جو سب سے زیادہ ایک [illegible] لکھنا یعنی افسانہ پر کافی رہی۔ اس کی دو وجوہ تھیں۔
پہلی وجہ یہ تھی کہ یہ کہانی کسی کی فرمائش پر کسی کے لیے لکھی گئی تھی۔ فرمائش کرنے والے میرے محسن تھے۔ مجھ پر ان کے احسان کا بوجھ لدا تھا۔ ایک اخلاقی فرض پورا کرنا تھا۔ آپ جانتے ہیں کہ اخلاقی فرض پورا کرنے کی خواہش چاہے کتنی ہی شدید ہو نہ ہو پھر بھی اس سے جذبہ بنا ہوا ہونا جان چھڑانے کے مترادف ہوتا ہے۔ مطلب یہ کہ آپا میں نے اپنے جذبے کی وجہ سے نہیں لکھی تھی۔ اور اگر فرمائش نہ ہوتی تو شاید میں آپا پر کبھی افسانہ نہ لکھتا۔
دوسری وجہ بھی سن لیجیے!
میں ان لکھنے والوں میں سے ہوں جنہیں شہرت پہلے ہی سے پیشگی طور پر مل گئی۔ اور بعد میں افسانہ نویسی لکھنا پڑی۔ اس سے ہوتا یوں ہے کہ لوگ پہلے لکھتے ہیں بار بار لکھتے ہیں۔ پھر چھپتے ہیں۔ بار بار چھپتے ہیں پھر کہیں شہرت حاصل ہوتی ہے۔ اور یہ لازم نہیں کہ ضرور شہرت حاصل ہو جائے۔
میں نے پہلی چیز بھی فرمائش پر لکھی۔ جذبے سے نہیں ویسے ہی لکھ دی۔ جان چھڑانے کے لیے۔ وہ چیز چھپ گئی۔ نہ صرف چھپی بلکہ بڑے دھوم دھڑاکے سے چھپی۔ یوں بیٹھے بٹھائے ان جانے میں شہرت حاصل ہو جانے کے بعد یہ مشکل آ پڑی کہ سنجیدگی سے سوچنا پڑا کہ کیا لکھوں۔ کیسے لکھوں۔ سوچ سوچ کر میں نے یہ طے کیا کہ افسانے کا موضوع ایسا ہونا چاہیے۔ گویا حکیم حقیقت۔ عام حقیقت نہیں۔ دل کی تہوں میں چھپی ہوئی کوئی بات۔ جتنی دور کی کوڑی لائے اتنا ہی اچھا۔
اس زمانے میں آپا ایک عام کردار تھا۔ ہر گھر میں چولہے کے قریب چوکی یا پیڑھے پر ایک نہ ایک آپا بیٹھی ہوتی تھی جو تھالیں بھرتی تھی۔ پلو کی اوٹ میں مسکاتی اور دھیمی آواز میں بات کرتی۔ اس زمانے میں سبھی آپا کی تعریف کرتے تھے لیکن کوئی بھی اسے دل سے پسند نہیں کرتا تھا البتہ ان دنوں ساجو باجی عام نہ تھی۔ بڑے بوڑھے اس کو دیکھ کر کانوں پر ہاتھ رکھتے۔ بڑی بوڑھیاں منہ میں انگلیاں دبا لیتیں۔ نوجوان ساجو باجی کو دیکھتے تو آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جاتیں۔ باچھیں کھل جاتیں۔
آج کل تو سڑکوں پر بازاروں میں دکانوں پر بسوں میں راستوں پر گلیوں میں ہر جگہ ساجو باجیوں کی بھیڑ لگی ہے آج کل تو یہ مخلوق معدوم ہوتی جا رہی ہے لیکن اس زمانے میں آپا ایک عام چیز تھی بے حد عام۔ ایک ایسے افسانہ نویس کے لیے جسے پیشگی شہرت مل چکی تھی آپا سے عام موضوع پر قلم اٹھانا بھلا کوئی بات تھی ——— ان دو وجوہ کی بنا پر میرے نزدیک آپا کی حیثیت [illegible] افسانے سے زیادہ نہ تھی۔

اب فرمائش کی تفصیلات بھی سن لیجیے۔ یعنی آپا لکھنے کی فرمائش کرنے والے لوگ کون تھے۔ کن حالات میں فرمائش کی گئی اور میں اس فرمائش کو پورا کرنے پر کیوں مجبور تھا۔

یہ ۱۹۴۰ء کی بات ہے ان دنوں میں ایک ہائی سکول میں ٹیچر تھا۔ تنخواہ نہایت قلیل تھی۔ کھانے والے تعداد میں زیادہ تھے۔ اگرچہ میں نے یہ اصول بنا رکھا تھا کہ ٹیوشن نہیں کرنی لیکن حالات نے مجبور کر دیا۔ میں نے اپنے ایک ہمدرد اور صاحب رسوخ دوست سے کہا کہ اگر ہو سکے تو کوئی ٹیوشن دلا دے۔ ایک روز میرے دوست میرے ہاں آئے بولے ٹیوشن کرو گے؟ ارادہ بدل تو نہیں گیا۔ میں نے کہا ضرور کروں گا ارادہ اور بھی پکا ہو گیا ہے۔ وہ مجھے شہر کے ایک رئیس کے گھر لے گئے۔ تعارف کرایا۔ معزز رئیس نے میرا جائزہ لیا۔ پھر کہنے لگے آؤ میں تمہیں تمہارے شاگردوں سے ملا دوں۔ معزز رئیس میرا تعارف کرا کر چلے گئے تو میں نے آزادانہ نظر اٹھا کر دیکھا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ وہ دونوں میرے روبرو بیٹھی ہیں۔ آپا اور ساجو باجی۔ آپا بڑی تھی سانولی تھی۔ نظریں جھکائے ہوئے تھی کبھی کبھار کنکھیوں سے دیکھتی اور پلو کی اوٹ میں مسکاتی۔

ساجو چھوٹی تھی گوری تھی چلبلی تھی۔ آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھتی۔ مسکرائے جاتی اور لگاتار باتیں کیے جاتی۔ کچھ دیر تک وہ دونوں میرا جائزہ لیتی رہیں آپا جھکی جھکی آنکھوں سے ساجو علانیہ طور پر۔ ساجو نے منہ بنایا۔ بات بدلنے کے لیے میں نے پوچھا کیا پڑھتی ہو۔ ساجو پیچھے سے اٹھی اور حساب اور الجبرے کی کتابیں اٹھا کر میرے سامنے رکھ دیں ———

——— حساب اور الجبرا میں نے صرف میٹرک تک پڑھے تھے۔ میٹرک کے امتحان میں حساب اور الجبرے کے پرچے میں میں نے ۱۰۰ میں سے صرف ۱۰ نمبر حاصل کیے تھے۔ حساب الجبرا اپنے بس کی بات نہ تھی۔ دراصل میرا خیال تھا کہ ٹیوشن انگریزی کی ہو گی اور انگریزی میں میں اپنے آپ کو تیس مار خان سمجھتا تھا۔ حساب کو دیکھ کر ہی اپنی امیدوں پر پانی پھر گیا۔ ماتھے پر پسینہ آیا۔ ساجو بات کو بھانپ گئی۔ اور اس کا اظہار کیے بغیر نہ رہ سکی۔ جھٹ اپنا رومال نکالا اور میرے ہاتھ میں تھما دیا۔ میں نے کہا اس رومال سے کیا بنے گا۔ گھر سے کوئی تھان اٹھا لاؤ۔ بس اس جملے نے مجھے قائم کر دیا۔ ابتدائی جائزے کے تاثرات گویا معدوم ہو گئے۔

میں نے کہا بتاؤ اس مضمون کو۔ ہم جنیوں کا مضمون نہیں پڑھاتے۔ انگریزی پڑھو۔ مضمون ہوا۔ ساجو بولی انگریزی کیوں پڑھیں اس میں تو ہم آپ لائق فائق ہیں۔ اس پر میں نے فیصلہ کر لیا کہ کل سے پڑھانے نہیں آؤں گا۔ لہٰذا ادھر ادھر کی گپ میں وقت گزار دیا۔

اس کے بعد میں انہیں پڑھانے نہ گیا۔ تیسرے روز وہ رئیس بزرگ سکول میں آ گئے بولے میاں تم نے کمال کر دیا ایک روز آنے اس کے بعد رسید ہی نہ دی۔ میں نے صاف کہہ دیا جناب عالی حساب پڑھانا اپنے بس کا روگ نہیں۔ بولے میاں کسر نفسی کی ضرورت ہے کوئی۔ لڑکیاں تو کہتی ہیں کہ حساب میں تم سے زیادہ لائق اتالیق کبھی دیکھا ہی نہیں۔ میں نے لاکھ سمجھایا مگر وہ نہ مانے اور مجھے زبردستی ساتھ گھر لے گئے۔

میں پہنچا تو وہ دونوں مسکرا رہی تھیں۔ ساجو کی مسکراہٹ میں سکندر اعظم کی جھلک تھی۔ میں نے بے تکلفی سے کہا کیوں مجھے حساب کے جھنجھٹ میں ڈال رہی ہو تم۔ ایک سوال حل کرنے میں اپنا چھٹانک بھر خون خشک ہوتا ہے۔

اس پر ساجو نے اٹھ کر میرے سامنے دو حل کیے ہوئے پرچے رکھ دیے۔ یہ تو ابھی امتحان کے حساب کے پرچے تھے۔ کا

نے سوچا میں سے سوچ لیے تھے اور ساجو نے سوچا میں سے ۔ میں حیران رہ گیا۔ ساجو بولی آپ تو خواہ مخواہ گھبرا گئے۔ میں نے کہا پھر خاموشی کا کیا مطلب۔ ساجو بولی۔ پڑھ پڑھ کر شک جاؤ تو کوفت بھی تو شانی ہوتی ہے۔

پورے دو ماہ ہم تینوں کوفت مٹاتے رہے۔ کتابیں سامنے پھیلا کر گپیں مارتے رہے۔ عالم یہ ہے کہ آپا نے جہاں تک تھا کہ میں ساجو بنوں۔ اور وہ ساجو بنی رہی تھیں۔ جب ساجو مجھے ہمارا مسادہ دیتے ہوئے مسکراتی تو میں کہتا یہ بلا حرام کی کمائی ہے۔ اس پر وہ جھٹ بولتی۔ حلال کی کمائی سے کبھی کوئی موٹا ہوا ہے کیا؟

دو مہینے کے بعد میرا تبادلہ ہو گیا۔ رخصت ہوتے وقت میں نے افسردہ مذاق کی کوشش کی میں کوئی خدمت کر سکتا۔ اس پر آپا ساجو کی شانہ کیا۔ ساجو بولی۔ کر سکتے ہیں آپ۔ میں نے پوچھا وہ کیسے بولی۔ آپ ہم پر ایک کہانی لکھ سکتے ہیں۔ ان دو ماہ کے دوران انہیں علم ہو چکا تھا کہ میں افسانے لکھتا ہوں۔ رخصت ہوتے وقت آپا نے دبی زبان سے کہا۔ کہانی ضرور لکھیے گا۔ آپا کی وہ سرگوشی ابھی تک فضا میں چھائی ہے۔

آپا چھپ تو گیا سکتی پر تیل پڑ گیا۔ پھیکی شہرت مسدود ہو گئی اس کے باوجود میں نے اس حقیقت کو نہ سمجھا کہ حقیقتیں کس قدر غیر مانوس ہوتی ہیں۔ اور حقیقت کو چھپانے کے لیے عافیت کا پردہ دبیز ترین پردہ ہے۔ آج تک یہ حقیقت میرے دل کی گہرائیوں میں نہیں بیٹھ سکی۔ اور آج تک میں افسانے کے لیے افسانے کے موضوع ڈھونڈتا ہوں۔

آپا چھپی تو مشہور نقاد اور افسانہ نویس حسن عسکری نے مجھے پہلی مرتبہ خط لکھا۔ لکھا تھا۔ "آپا بہت پسند آئی لیکن از کرم کسی ساجو باجی کا پتہ لکھ بھیجیے۔ میرے اس افسانے پر اس سے بہتر تنقید نہیں ہو سکتی تھی۔ حسن عسکری کے اس ایک جملے میں کی بھیڑ لگی ہوئی تھی۔ آج بھی جبکہ ساجو باجیاں گھر گھر موجود ہیں اور ساجو باجی کا پتہ پوچھنے کی چنداں ضرورت نہیں۔ آج بھی حسن کا وہ جملہ اسی طرح باسی ہے۔

انگریزی میں ایک کہاوت عام ہے:

"Gentlemen prefer blondes but they marry brunettes."

میرا افسانہ آپا اس کہاوت کی ضد تھا۔ میں نے اس افسانے میں یہ کہا کہ شرفا آپا کے مداح ہوتے ہیں لیکن ساجو سے کرنے کی تمنا رکھتے ہیں۔ لیکن اب مجھے شک ہونے لگا ہے جس تیز رفتاری سے ساجو باجیاں عام ہوتی جا رہی ہیں اسے دیکھ کر خیال ہوتا ہے کہ شاید جلد ہی ایسے اس افسانے کو پڑھ کر لوگ یہ محسوس کرنے لگیں یا کوئی نقاد مجھے خط میں لکھے کہ ساجو باجی بہت آئی۔ کسی آپا کا پتہ بتائیے۔

حالات کا رخ دیکھ کر خیال پیدا ہوتا ہے کہ شاید مستقبل قریب میں آپا ایک خیالی کردار کی حیثیت اختیار کر لے۔ آپا کی محبت کی تفصیلات افسانے کی باتیں معلوم ہونے لگیں۔ اور حسن عسکری کا وہ جملہ اپنی آفاقیت کھو دے ——— بہتر شاید ہے کہ کئی ایک ساجو باجیاں زمین کے کئی خطوں پر کھنبیوں کی طرح اگ گئیں۔ مٹی ذلی کی طرح سرد آلود ہو گئیں۔ لیکن ہمیشہ یہ آندھی کی طرح آیا اور بگولے کی طرح چلا گیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ قدرت کے کسی ان جانے اصول کے مطابق صدیوں کے بعد

یوں کا دور آتا ہے۔ اور صورت اتنی دیر رہتی ہے جتنی دیر ستارہ ٹوٹتا ہے۔ آتا ہے اور چلا جاتا ہے اور پھر صدیوں آپائیں راج کرتی
ہیں۔ لوگ انہیں بے حد پسند کرتے ہیں لیکن ساجو باجی کا پتہ پوچھتے پھرتے ہیں۔

ساجو باجی ازلی محبوب ہے اور قدرت ساجو باجی کو شاید اس لیے عام نہیں ہونے دیتی کہ مبادا وہ اپنی محبوبیت کھو
دے اور عورت کی کشش عام ہو کر ختم ہو جائے۔ نہیں حسن عسکری کا وہ جملہ اپنی آفاقیت نہیں کھو سکتا۔

میں نے محبت کے موضوع پر کئی ایک افسانے لکھے ہیں۔ میں نے بار بار یہ کہنے کی کوشش کی ہے کہ کئی ایک ڈھکے چھپے
بات محبت کا بہروپ بھر لیتے ہیں۔ بالکل ایسے ہی جیسے ایک مرتبہ ایک بھڑ بھن بھن کرتا ہوا پروانوں کی محفل میں آ دھمکا بھن بھن
کے بعد میں بھی پروانہ ہوں ——— اسی طرح کبھی نفرت کا بنیادی جذبہ بھن بھن کر کے کتنا ہے میں محبت ہوں۔ کبھی انتقام کا جذبہ اپنی
تسکین کے لیے محبت کا روپ دھار لیتا ہے۔ کبھی حالات ایسی شکل اختیار کر لیتے ہیں کہ محبت کا سوانگ بھرنے کے بغیر چارہ نہیں
رہتا۔ کبھی ضرورت محبت ایجاد کر لیتی ہے۔ کبھی پڑوس کی شرارت محبت کی شکل میں پھوٹ نکلتی ہے۔

ہاں میں نے محبت پر کئی افسانے لکھے۔ دور دور کی کوڑی لانے کی کوشش کی۔ ان جانی باتیں کہنے کی کوشش کی۔ مجھے یہ خیال
آیا کہ عام محبت کی بات کروں۔ میں کوئی چھوٹا موٹا کردار تھوڑے ہی تھا کہ عام محبت پر افسانہ لکھتا۔ اور کسی عام کردار کو پیش کرتا۔ آپا
ایک عام کردار تھا۔ اور اس افسانے میں محبت کی عام تفصیلات درج ہیں۔ یقیناً اگر فرمائش نہ ہوتی تو میں کبھی یہ افسانہ نہ لکھتا
——— لیکن قاری نے "آپا" پڑھ کر تالیاں بجائیں اور میرے محبت کے دوسرے افسانوں کو نظر انداز کر دیا۔ یہ دیکھ
کر میرے دل میں الٹی ضد پیدا ہوئی۔ اگر عام پڑھنے والے ایسے عام افسانے پسند کرتے ہیں تو کیا کریں میں کیا عام آدمیوں کے
لیے لکھتا ہوں؟

اور پھر آپا۔ آپا کا افسانہ تو خلوص سے خالی ہے۔ لکیر خالی ہے۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ میں جو آپا کا مصنف ہوں،
عالی ہوں، میں نے لوگوں کی نگاہیں آپا کی طرف منعطف کیں۔ یہ دیکھیے۔ یہ آب دار موتی دیکھیے۔ اس کی آب و تاب دیکھیے۔
اس کی خلقت کا اندازہ کیجیے ——— لیکن لوگوں کی توجہ آپا کی طرف منعطف کر کے میں خود ساجو باجی کا پتہ پوچھتا پھرا۔ کسی ساجو باجی
کا پتہ بتائیے۔ جلد کسی ساجو کا پتہ بتائیے۔ اور پڑھنے والوں نے افسانہ پڑھ کر کہا۔ آپا خوب ہے بے حد خوب ہے۔ لیکن کسی
ساجو باجی کا پتہ بتائیے۔

عنوان کا مسئلہ

عنبیتا لال کپور

شاعر ہونا بھی کتنی مصیبت ہے! واللہ ہم اس بات کا شکوہ نہیں کر رہے کہ شعرا کو واہ واہ کے علاوہ اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ یہ تو ازل سے ہی اُن کی قسمت میں لکھا ہے کہ وہ خوبصورت اشعار کی تخلیق کریں لیکن اُن کے لیے انھیں معاوضہ نہ دیا جائے اتنا کم دیا جائے جس سے اُن کی گزر نہ ہو سکے۔ جب بلّی ایسے شہرۂ آفاق شاعر کو اس کے وفاقی شاہکار "پیراڈائز لوسٹ" کے لیے صرف پانچ پونڈ پیش کیے گئے تو باقی شعرا کس کھیت کی مولی ہیں۔ آپ کہیں گے شاید ہم اس بات کی شکایت کر رہے ہیں کہ شعرا کو مشاعروں میں "بوٹ" کیا جاتا ہے۔ آپ پھر غلط سمجھے۔ شاعر تو اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر مشاعروں میں شرکت کرتا ہے وہ کبھی اس بات پر واویلا نہیں کرتا کہ اس کے اشعار کا غیر مقدم "سبحان اللہ" "مرحبا" "بہت خوب" کے نعروں سے کیا جائے گا یا اُسے مطلع کے بعد ر مقطع پڑھنے کو کہا جائے گا۔ ہم تو صاحب اس سخت مقام کی طرف اشارہ کر رہے ہیں جو شاعر کی راہ میں سنگِ گراں کا درجہ رکھتا ہے۔ ہم اپنی نظم کے لیے مناسب عنوان تجویز کرنا۔ آپ فرمائیں گے: بھلا یہ کونسی آفت ہے۔ آخر شاعر جس موضوع پر نظم لکھتا ہے۔ وہی اُس کا عنوان ہو سکتا ہے۔ آپ نے بجا فرمایا لیکن اگر آپ جدید شاعری کے لوازم پیشِ نظر رکھیں تو آپ کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ عنوان کا مسئلہ خود ایک حد تک پریشان کن ثابت ہو سکتا ہے۔

مثال کے طور پر آپ ہماری اس نظم کو لیجیے جو ہم نے "آل انڈیا مشاعرہ لکھنؤ" میں پڑھی اور جس کا عنوان ہم آج تک نہیں کر سکے۔

جھیل میں مینڈک بھی ہیں کچھوے بھی ہیں
آسماں میں دیکھ کر قوسِ قزح
آ گیا کیوں مجھ کو پھر تیرا خیال
دیکھتا ہوں جب میں سطحِ آب پر مرغابیاں
سوچتا ہوں کاش اُڑ سکتا میں شکرے کی طرح
مجھ سے تو اچھے ہیں مینڈک اور یہ مرغابیاں
جھیل ہی گہوارہ جن کا جھیل ہی جن کا مزار
کوئی کچھوا دیکھ کر مجھ کو اُداس
مجھ سے ہمدردی جتانے کے لیے

پانی سے باہر بھاگنے کا کیوں ؟
تم تو ہو مجھ سے ہزاروں کوس دور
حالِ دل تم کو سُناتا ہے مجال
قرضخواہ کو آج کیا دُوں گا جواب
کل بڑی مشکل سے ٹالا تھا اُسے
کاش میں طوطا ہی ہوتا دہر میں
ٹائیں ٹائیں کرتا رہتا شاخ پہ بیٹھا ہوا
دیکھتا واں سے کہ سامنے جو جھیل ہے
اُس میں کچھوؤں کے علاوہ چار سو مینڈک بھی ہیں۔

آپ ہی فرمائیے اس نظم کا کیا عنوان ہو سکتا ہے۔ آپ کہیں گے : کچھوے اور مینڈک ؟ ہم عرض کریں گے اس میں مُرغابیوں اور قرضے کا بھی تو ذکر ہے۔ اس لیے "شکوا اور مُرغابیاں" کیوں نہیں۔ اور آپ تو بس قزح۔ کوسوں دُور بیٹھی محبوبہ اور قرضخواہ کو کیوں بھول گئے۔ اور پھر آپ نے اُن داخلی واردات کے بارے میں کیا سوچا ہے جو اس نظم کی جان ہیں۔

چلتے چلتے آپ کو ایک نقاد کا قصہ بھی سُنا دیں جن کی خدمت میں ہم اس لیے حاضر ہوئے کہ وہ اس نظم کا کوئی مناسب عنوان تجویز کریں۔ نظم سُننے کے بعد وہ ہم سے پوچھنے لگے : آپ کو ہرگی یا خفقان کے دورے تو نہیں پڑتے ؟ ہم نے حیران ہو کر جواب دیا نہیں۔ وہ آپ کو کیسے وہم ہو گیا کہ ہم ان نامُراد امراض میں مبتلا ہیں۔ اُنھوں نے دوبارہ سوال کیا : کیا آپ بھنگ یا چرس کے زیرِ اثر رہتے نہیں کہتے ؟ ہم نے جب اس سوال کا جواب نفی میں دیا تو بڑی شفقت کے ساتھ فرمایا : آپ دماغی بیماریوں کے کسی لائق ڈاکٹر سے فوراً رجوع کیجیے۔ مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے آپ کا دماغ چل گیا ہے یا چل جانے کی تیاری کر رہا ہے ؟ ہمیں اُس نقاد سے دلِ خاصی مایوسی ہوئی۔ گھر پہنچ کر ہم نے ایک اور نظم لکھی جو آپ کی تفریحِ طبع کے لیے پیش کرتے ہیں :-

جتنے نقاد ہیں زمانے میں
یعنی قدرت کے کارخانے میں
ان سے مل کر خوشی نہیں ہوتی
زندگی زندگی نہیں ہوتی
ان سے مل کر اُداس رہتا ہوں
وقفِ حرماں و یاس رہتا ہوں
رات آتی ہے اوڑھ کر کمبل
مسکرا کر ہے کہتی شاعر سے

کبھی یہ شکلِ آہ و زاری ہے
زندگی موت سے پیاری ہے
اُٹھ کر دُنیا ہے منتظر تیری
ہر طرف بج رہے ہیں نقارے
باغ میں شور ہے عنادل کا
پا لے تو بھی سراغ منزل کا
موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی
ایسے ہیں وہ اگر یہاں آئے
زندگی میں بہار آ جائے
یہ مگر محض ہے جنوں میرا
پی کے ٹھرا بہک گیا ہوں میں
کتنا کڑوا مزا ہے ٹھرے کا
روتے رہتے ہیں رات بھر کُتّے
اُن کی شب کی سحر نہیں ہوتی

نظم لکھنے کر تو لکھ لی لیکن یہ بات سمجھ میں نہ آئی اس کا عنوان کیا ہونا چاہیے۔ درجنوں عنوانات قائم کیے مگر کوئی بھی پسند نہ آیا۔ آخر ایک پروفیسر صاحب سے کہ جن کی لیاقت کی دھوم تھی مشورہ کیا۔ وہ نظم پڑھنے کے بعد کہنے لگے: "ساری نظم میں صرف دو کام کے مصرعے ہیں اور وہ غالب سے چرائے گئے ہیں۔ اس لیے نظم کا عنوان ہونا چاہیے۔" کے ہاں ڈاکہ۔" ہمیں اُن کا مشورہ ناگوار گزرا۔ ہم اُن کی لیاقت کے علاوہ اُن کی نیت پر بھی شک کرنے لگے

اُنہی دنوں ایک مشہور ادبی رسالہ کے ایڈیٹر صاحب سے ملاقات ہوئی۔ نظم سُننے کے بعد اُن پر سکتے کا عالم طاری ہو گیا۔ جب ذرا ہوش و حواس ٹھکانے ہوئے تو فرمایا: "اس میں کوئی شک آپ اس نظم میں کچھ کہنا چاہتے ہیں لیکن کیا کہنا چاہتے ہیں اس کا اتا پتا نہیں لگ سکا۔ بات تو آپ نے نقاروں سے چلائی۔ اس کے بعد رات کا قصہ لے بیٹھے۔ اور پھر نہ جانے کیوں آپ کو فضا میں نقارے بجتے سُنائی دیے۔ نقاروں سے یک لخت آپ کا تخیل عنادل کی جا پہنچا۔ پھر آپ کو غالب کا شعر یاد آیا۔ خاتمہ آپ نے کُتّوں کے رونے پر کیا۔ اب آپ کی نظم کا مرکزی خیال کیا ہے۔ کم از کم ہماری سمجھ سے بالاتر ہے۔ میری مانیے تو عنوان رکھیے۔ "پی کے ٹھرا بہک گیا ہوں میں" ہم نے برہم ہو کر کہا: "واہ واہ! ایسی خوبصورت نظم کا اتنا بے ہودہ عنوان۔" ایڈیٹر صاحب نے فرمایا: "چلیے اس نظم کو ہم اپنے رسالہ میں بغیر کسی عنوان

کے چھاپ دیتے ہیں اور قارئین سے عنوان تجویز کرنے کے لیے کہتے ہیں۔ ہم نے اُن کی تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے جواب دیا: ہمیں منظور ہے چنانچہ نظم چھاپ دی گئی۔ ہماری توقع کے خلاف قارئین نے عجیب و غریب عنوانات تجویز کیے۔ مثلاً "گر کر دھندا۔" "پھول بھلیاں۔" "ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ۔" "بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ۔" "اک معمہ ہے سمجھنے کا نہ سمجھانے کا۔" وغیرہ وغیرہ۔

ہمیں یہ عنوانات پڑھ کر قارئین کی عقل پر رونا آیا۔ یوں محسوس ہوا جیسے سخن فہمی کا دیوالہ پٹ چکا ہے۔ ہم نے فیصلہ کیا خود ہی اس نظم کا عنوان سوچیں گے۔ چنانچہ آج سہ پہر سے مغز پچی کر رہے ہیں۔ لیکن ہماری مشکل حل ہوتی نظر نہیں آتی۔ آپ نے بھی تو یہ نظم ملاحظہ فرمائی۔ آپ ہی کچھ دست گیری کیجیے۔ ہاں ذرا سوچ کر بتائیے تو کہ اس نظم کا کیا عنوان ہونا چاہیے۔

احتیاطِ عشق

حجاب امتیاز علی

میں اُوپر کی منزل میں حرشہ کچھ پر بیٹھی ایک کتاب پڑھ رہی تھی نیچے پائیں باغ موتیا کے پھولوں کی خوشبو سے مہک رہا تھا۔

اتنے میں باہر کے صدر دروازے پر کسی نے اطلاعی گھنٹی بجائی۔ "کیا واہیات ہے" میں نے اپنے دل سے کہا۔ کتاب کا یہ ورق کتنا دلچسپ تھا۔ تحریر میں روانی کے ساتھ عمق تھا۔ لوگ واقعی بہت ستاتے ہیں۔ کم از کم یہ صفحہ ختم کر لینے دیتے۔ مجھے چاہیئے دو ایک خبیث کتے پال لوں تاکہ بے وقوف دوستوں سے نجات ملے۔"

کچھ بڑبڑاتے ہوئے میں نے کتاب بالکنی کی دیوار پر رکھی نیچے باغ کی طرف جھانک کر دیکھا۔ نجانے میں نے کتنی ہی کتابیں دوستوں کی مداخلت بے جا کی وجہ سے بالکنی پر رکھیں اور بھول گئی یا ہوا کا جھونکا اُنھیں اُڑا لے گیا۔ اگر ان سب کو جمع کیا جائے تو اچھا خاصا چھوٹا سا کتب خانہ بن جائے۔ اور یہ سب دوستوں کی وجہ سے! ہاں ——— تو میں نے کتاب حسب معمول دعادت بالکنی کی دیوار پر رکھی اور نیچے باغ میں جھانک کر آنے والے کو دیکھنے لگی۔ دیکھا تو میری پکار اور راز دار سہیلی ایلنور اُوپر چلی آ رہی تھی۔ میرا غصہ خوشی سے اور اکتاہٹ مسکراہٹ سے بدل گئی۔ ہم مذاق دوست آپس تو دل کی کلی کھل جاتی ہے۔

"آؤ آؤ۔ چلی آؤ۔ کاش مجھے معلوم ہوتا کہ تم تھیں۔" میں نے چلا کر کہا۔

"سنو" وہ زینے دوڑ کر طے کرتے کرتے بولی: "میں تم کو ایک بے حد پیاری بات بتلانے آئی ہوں۔"

"ہائے جلدی سناؤ۔"

"آج رات مُنیر آ رہا ہے۔" وہ ہانپتے ہوئے بولی۔

"مُنیر!!" میں نے حیران ہو کر پوچھا۔

وہ ہنس پڑی: "قسم لے لو مُنیر۔ پانچ دن کی چھٹی پر آ رہا ہے۔ میں نے تم سے کہا تھا نا کہ اُس سے میری ملاقات کراچی کی بندرگاہ پر ہوئی تھی۔ میں نے یکایک اپنے دل میں اس کی گہری محبت محسوس کی تھی۔ اور اس کے بعد ہمارے عہد و پیماں ہوئے۔" یہ کہہ کر اُس نے جھک کر دیوار پر سے عشق پیچاں کا ایک پھول توڑ لیا اور اسے سونگھنے لگی۔

"لیکن ایلنور۔ تم نے محبت میں محبت تو نہیں کی؟" میں نے صبح کے دمکتے آسمان پر نظر ڈالتے ہوئے پوچھا۔

"بس رہنے دو تم اپنی احتیاطِ عشق رکھو۔ تم دوسروں کو بزدلی سکھاتی پھرتی ہو۔" میں نے پہلی ہی نظر میں دل کھول کر اس

کی پرستش شروع کر دی۔ بات یہ ہے۔ اس کے صندلی رنگ اور اُس کی دیوقامتی کی میں شیدائی ہوں۔ آنکھوں میں گہرائی ہے اور مسکراہٹ میں بلا کی اظہاریت۔"

میں اپنی کتابیں سمیٹ کر ایک طرف رکھتے ہوئے اور اطمینان سے ایک کرسی پر بیٹھتے ہوئے بولی۔ "بھلا مجھے کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔ اچھا اب مجھے کیا کرنا چاہیے؟ تم میرے پاس کس غرض سے آئی ہو؟"

ایفو حرشہ چمن کی ایک نیچی سی دیوار پر بیٹھی ٹانگیں ہلا رہی تھی مسکرا کر بولی۔ "میں چاہتی ہوں کہ اسے بجائے کسی ہوٹل یا ریستوران میں دعوت کرنے کے ——— تمہارے سنگ مرمر کے شہ نشین میں رات کے کھانے پر مدعو کروں۔ وہ محبت کے خواب دیکھنے کے لیے بہترین جگہ ہے۔ سُرخ گلاب گردن اُٹھا اُٹھا کر نیلے آسمانوں کو دیکھتے رہتے ہیں۔ اور تاروں بھری رات کا سناٹا اس شہ نشین کے قریب دبے پاؤں گزر جاتا ہے۔"

جب آدمی محبت کرنے لگتا ہے تو نجانے اس کا لہجہ شاعرانہ کیوں ہو جاتا ہے اس کے احساسات شبنم کی بوند کی طرح نازک اور شفاف کیوں بن جاتے ہیں اور اس کی احساس کمتری پر لگا کر کیسے اُڑ جاتی ہے۔

میں نے ایفو کی شاعری سُنی پھر بولی: "مجھے کوئی انکار نہیں ایفو۔ تم شوق سے میرے شہ نشین کو اپنی محبت کی آماجگاہ بناؤ۔"

اس نے جھک کر مجھے پیار کیا بولی: "لیکن کھانے پر تمہیں بھی موجود ہونا چاہیے روحی۔"

"شکریہ تمہارا۔ میں ضرور کھانے پر موجود ہوں گی۔ بلکہ شہ نشین کے عقب میں جو رات کی رانی کی جھاڑی لگی ہے اس میں ٹیپ ریکارڈر رکھ کر عشقیہ غزلیں بھی بجاؤں گی۔"

"کیا بات ہے تمہاری روحی۔ واقعی مجھے تو اس کا خیال بھی نہ آیا ہوتا۔ ٹیپ ریکارڈر۔ موسیقی محبت میں چار چاند لگا دیتی ہے خصوصاً ایسی حالت میں، جبکہ آئندہ مہینے ہماری شادی بھی ہو رہی ہے۔ تم آج رات اس کی رعنائی کی قائل ہو جاؤ گی۔"

"میں اب بھی قائل ہوں۔ تمہاری زبانی سُن چکی ہوں۔"

"لیکن دیکھنے کی اور بات ہوتی ہے روحی۔ تھیوری پڑھنے اور عملاً کام کرنے میں بڑا فرق ہوتا ہے۔ پھر یہ جسم۔ آنکھوں میں محبت۔ مسکراہٹ میں بلا کی اظہاریت۔ جیسے مونالیزا کی مسکراہٹ!"

"لیکن ایفو مجھے کلاسیکی مسکراہٹیں ناپسند ہیں گویا پتھر کے مجسمے کی سی مسکراہٹ؟"

"تم ہر وقت اعتراض کرتی رہتی ہو یہ عادت تمہاری بری ہے روحی۔ آج رات تم اس کی مسکراہٹوں کی قائل ہو جاؤ گی۔" یہ کہہ کر وہ دیوار پر سے کود پڑی اور فرطِ جذبات سے بے چین ہو کر میرے سیاہی بنے کو زور زور سے تھپکنے اور اس کے کان کھینچنے لگی۔

مجھے ہنسی آئی اور عجیب سا لگا۔ لیکن میں ضبط کر گئی۔ پھر کچھ یاد کر کے بولی: "چاہے تم پہلے انہیں یہیں مہمان رکھ۔ چند دنوں کی تو بات ہے۔"

وہ دوڑ مسرت سے مجھ سے چمٹ گئی۔ "کمال کرتی ہو تم۔ ایسی حیرت انگیز شادی ہو سکتی ہے"
میں بولی۔ "بات یہ ہے میں نے ابھی ابھی آسمان کی چھتری پر ایک گلابی رنگ کا کر دیا ہے۔ ایک آسمانی رنگ کا
اس میں بنٹ کی ہے۔ درختوں پر ہلکے کاسنی جامنی کے پٹے ٹانگے ہیں۔ چاہو تو تم اپنے کلاسیکی پیکر کو اس قوسِ قزح میں ٹھیرا
سکتی ہو۔"

"وہ اس قابل ہے کہ اسے قوسِ قزح میں ٹھیرایا جائے۔" وہ شدتِ مسرت سے چیخ پڑی۔

رات کی تیاریاں شروع ہو گئیں۔ میں جلدی میں اپنے جوتے وہیں چھوڑ کر ننگے پاؤں چمکتے میں جا کھڑی ہوئی۔ اور ہدایات
دینے لگی۔ باورچی کو تاکید کی کہ بریانی کا گوشت بالکل حلوہ بنا دے۔ یعنی اتنا نرم کہ چڑیا بھی کھا سکے۔ اور ہر سالن میں زعفران کی
افراط ہو۔ میٹھے میں مٹھاس کی انتہا ہو۔ اور نمک مرچ بہت احتیاط سے استعمال کرے۔ میں نے کھانوں کی فہرست دیکھی تو بیس
سمیت چودہ تھے۔ ہاں پھل علیحدہ اور کھٹک میرے اس سے علیحدہ۔ اس کے بعد اعلیٰ درجے کے سگریٹ پیش کیے جائیں
کے خیال سے تکلفِ مجلس میں کھٹک کے میز کے سرے پر رکھنے کو بھی کہہ دیا تھا۔ پھر باغ کے دروازے میں بیٹھ کر کافی پینے
علیحدہ انتظام تھا۔ کافی کے ساتھ نمکین بادام تھے۔

بڑھیا باورچی گہری سوچ میں محو سر ہلاتا ہوا چلا گیا۔ نجانے وہ کیا سوچ رہا تھا۔ مجھے یہ سوچ رہا ہو کہ میں شاہ افریقہ
کی دعوت کر رہی ہوں۔

جہاز آٹھ بجے آنے والا تھا۔ مگر ہم نے وہ دوپہر پھولوں سے سجی ہوئی باغ کی ایک روش پر بیٹھ کر شطرنج کھیلتے ہوئے
بسر کر ڈالی۔ کیونکہ انتظار کی گھڑیاں صدیوں میں کٹتی ہیں۔ ہم دونوں ہی کھیل میں ہارتے رہے۔ کیونکہ کچھ پتہ نہیں لگ رہا تھا کہ
کھیل رہے ہیں۔ گہرے گلابی رنگ کی ایشیائی دوپہر تھی۔ آسمان پگھلے ہوئے نیلم کی طرح دمک رہا تھا۔ کاسنی ٹہنیوں پر سبز رنگ کے
پتے درد محبت کے نئے الاپ رہے تھے۔ وہ دوپہر ہم نے بڑے اضطراب میں کاٹی۔

میں پہلے کہہ چکی ہوں جہاز آٹھ بجے آنے والا تھا۔ مگر میں نے شام کے چھ بجے ہی سے زرق برق لباس میں بن ٹھن کر تیار تھی۔ میں
نے ایک ہلکے گلابی رنگ کی چادر جسم کے گرد لپیٹ رکھی تھی۔ جس کا حاشیہ نگار کا تھا اور حسین آدمی سے ملاقات کے لیے تیار تھی۔

"ایک مہینے بعد ہماری شادی ہو جائے گی روی۔ مرے اب تنے پانچ مہینے پہلے عروسی لباس کا آرڈر دے دیا تھا۔ تاکہ
میں درزی کی وجہ سے خلل نہ پڑے۔"

"بڑے دور اندیش ہیں۔ بڑا اچھا کیا۔" میں نے تعریف کی پھر بولی۔ "تم نے اس سلسلے میں ہر بات آناً فاناً کر دی۔ لے
بھر میں تم نے جنت کا لے بھر میں عروسی لباس سلوا لیا۔ پٹ منگنی پٹ بیاہ اسی کو کہتے ہیں الیفو۔"

"ورنہ اور کیا کرتی؟ میں تم جیسی سست نہیں ہوں کہ ایک بات پر گھنٹوں سوچتی رہ جاؤں۔ اور ایک اقدام پر سالوں رکی
رہوں۔" الیفو نے حقارت سے میری ناسمجھی مجھ کو جتا دی۔

میں بولی۔ "میں تم سی تیزی کہاں سے لاؤں! یہ تو فطرت ہے۔"

ایفو مسکرا کر کہنے لگی: "لیکن تم مُنیر کو دیکھو گی تو انگشت بہ دنداں رہ جاؤ گی اور مری تیزی پھرتی کا رونا دوبارہ نہ رو گی۔ پھر یہ جسم، آنکھوں میں حمق، مسکراہٹ میں بلا کی اخلاقیت۔"

بہار کی اس ہوشربا حسین رات میں جب ہم مُنیر کو لینے ہوائی اڈے پر پہونچیں تو معطر ہوائیں ہمارے رخساروں کو مس کرنے لگیں۔ ایفو بات بات پر بلاوجہ قہقہے لگا رہی تھی اور میں اسے حیرت سے دیکھ رہی تھی۔

تھوڑی دیر بعد ایفو کہنے لگی۔ "میں نے تم کو بتایا نہیں۔ اب مُنیر فوج میں شریک ہو گیا ہے۔ پہلے محض شاعر تھا۔ اب فوجی باقاعدگی نے اسے اور دلکش بنا دیا ہوگا۔" وہ ہنسے جا رہی تھی۔

"فوجی باقاعدگی؟" میں نے کہا۔ "مگر اس سے تو انفرادیت ماری جاتی ہے۔"

"ماری جاتی ہے تو ماری جانے دو۔ بانکپن تو پیدا ہو جاتا ہے۔" ایفو نے جھلا کر کہا۔

"ضرور۔" میں نے جواب دیا۔

وہ اپریل کی تاروں بھری رات تھی ——— اتنے میں اچانک تاروں کے نیچے ایک دردم دار تارہ ابھرا۔ وہ ہوائی جہاز تھا۔ پھر وہ زمین پر لڑکھڑاتا یوں اترا کہ میں نے سمجھا کہ کوئی شہاب ثاقب ٹوٹ کر گر پڑا ہے۔

مسافر اترنے لگے۔ ہم دونوں دور کھڑی ٹکٹکی باندھ کر دیکھ رہی تھیں۔ زمین پر اتنی روشنی نہ تھی کہ ہم مسافروں کی شکلیں دیکھ سکتے۔ آخر بمشکل ہمیں ایک دراز قد آدمی ہاتھ میں بیگ لیے اپنی طرف آتا ہوا نظر آیا۔

ایفو چیخ پڑی۔ "وہ رہا ——— وہ ——— ہنس کی طرح چلتا ہوا چلا آ رہا ہے۔ چلا آ رہا ہے ———"

میں بھی اشتیاق سے دیکھنے لگی۔

"مُنیر!" شدتِ جذبات سے پست آواز میں ایفو چیخی۔

"ایفو!" مُنیر چلایا۔

جب ہم تینوں مسافروں کے اژدہام اور اندھیرے کے سیلاب سے باہر روشنی میں نکل آئے تو میں نے نظر اٹھا کر دیکھا تو ایک دبلا پتلا فربہ اندام آدمی جس کی آنکھوں میں وحشت تھی جس کی رنگت تقریباً سیاہ تھی جس کے بھدے پن نے اسے احمق سا بنا دیا تھا ہمارے ساتھ ساتھ چل رہا تھا۔ غور سے دیکھنے پر اس راز کا بھی انکشاف ہوا کہ اس کے ہونٹوں کے گرد مونچھوں کی کمان بنی ہوئی ہے۔

"ہائے ——— ہی!" ایفو اچانک زور سے چیخ پڑی پھر سر اٹھا کر اسے دیکھتے ہوئے بولی۔ "ہائے ——— ہی یہ نہیں ہو سکتا۔"

مرد نے پلٹ کر دیکھا، مسکرا کر بولا۔ "کیوں نہیں ہو سکتا! اے ایفو پیاری۔ سال بھر میں تم مجھے بھول گئیں؟ میں تو نہیں بھولا۔"

مجھے ہنسی سی آ گئی جسے میں نے بڑی احتیاط سے روکنے کی کوشش کی۔ فوجی تربیت نے اس میں باچھیں پیدا کر دیا ہوگا۔

ایلیو کے [illegible] کانوں میں گونجنے لگے۔

ایلیو کے چہرے پر ہوائیاں اُڑ رہی تھیں۔ سوال کر رہی تھی۔ "تم ؟"

"تمہیں شبہ ہے ایلیو ؟" کہنے والا سُدھانی انداز میں پوچھ رہا تھا۔

"کاش کہ شبہ ہوتا۔ یقین نہ ہوتا ——— " ایلیو بے حد پریشان لہجے میں بولی۔ "خیر باہر تو نکلو۔ کار کھڑی ہے۔"

ہم تینوں کار میں جا بیٹھے۔ دو تین منٹ موت کی سی خاموشی طاری رہی۔ چشم زدن میں تختہ اُلٹتے دیکھ کر میں خود حیران تھی۔ ایلیو پیچ و تاب کھا رہی تھی۔ دائیں بائیں میں اور ایلیو تھیں۔ درمیان میں وہ بانکا بیٹھا تھا۔ مجھے زور کی ہنسی آ رہی تھی۔ میں سر دوپٹے سے باندھے رُومال سے اپنا مُنہ بند کر رہی تھی۔ جعلسازی اور عجلت کی ایسی عبرتناک سزا کسی کو پاتے ہوئے میں نے کبھی نہ دیکھا تھا۔

ایلیو بدحواس اور غصیلی بیٹھی تھی۔ بیٹھے بیٹھے اس نے مُنیر پر ایک سرسری نظر ڈال کر پوچھا: "آخر بتاؤ تم کو ہو کیا گیا۔ کہ افتاد پڑی ؟ اتنے بدل کیسے گئے ؟"

"میں بدل سکتا ہوں ایلیو ؟ وُہی دل ہے وُہی جذبات !"

"مگر ——— تم وہ نہیں رہے ——— ! سال بھر میں درخت بھی اتنے بدل نہیں جاتے جتنے تم بدل گئے ہو ؟"

"کس طریق پر بدلا ہوں ؟" مہمان عزیز نے معصومیت سے سوال کیا۔

شاید اس کے لہجے کی معصومیت کا احساس ایلیو کو بھی ہو گیا: "مرا مطلب ہے۔ بس۔ یہی ——— تم تم نہ رہے ——— اچھا یہ دیکھو ——— یہ آ گیا ہوٹل گلستان۔ تمہارے لیے سب سے اعلیٰ درجے کا کمرہ مخصوص کر دیا گیا ہے۔"

میں حیران ہو کر ایلیو کو دیکھنے لگی بولی۔ "یہاں ؟"

ایلیو ذرا تلخی سے بولی۔ "ہاں ہاں یہاں۔ یہاں یہ زیادہ آرام سے رہیں گے۔" پھر وہ مُنیر کی طرف مڑ کر بولی: "نائٹ کوچ سے میں آج چلی نہ گئی تو کل صبح تم سے ملاقات ہو سکے گی۔ خدا حافظ۔ فی امان اللہ ——— !"

مُنیر خاموشی سے اُتر کر اندر چلا گیا۔

تھوڑی دیر بعد جب ہم اپنے گھر پہنچے تو باورچی خانے کی طرف سے گرم کافی کی معطر پتیوں اور بریانی کے گوشت کی اشتہا انگیز خوشبو آ رہی تھی جو سحر میں پھیلی ہوئی تھی مگر ایلیو کی اشتہا غائب تھی اور وہ گہری سوچ میں تھی اور میں بے احتیاطی سے پر غور کر رہی تھی۔

کچھ دیر بعد وہ بولی: "رُوحی۔ آج کی نائٹ کوچ سے میں بڑی دُور جا رہی ہوں۔ پھر کبھی تم سے ملاقات ہوئی۔" وہ باغ کے زینے طے کر کے باہر نکل گئی۔

"ایک واقعہ ہے۔ مگر سچا۔ کاش آپ اسے کہانی سمجھیں۔"

کوڑیوں کے مول

مصنف: بمل مترا

مترجم: احمد سعدی

مختصر حالاتِ زندگی

مصنف

[illegible] ۱۸ [illegible] کو کلکتہ کے [illegible] کے ایک [illegible] گھرانے میں پیدا ہوا۔ [illegible] ۱۹۲۸ء [illegible] کلکتہ [illegible] یونیورسٹی سے [illegible] زبان میں [illegible] کیا۔ [illegible] زبانوں پر عبور [illegible] اور مختلف [illegible] کیا [illegible] ہے [illegible] ہے [illegible] کو [illegible] اختیار کر [illegible] کیا۔

دوران ملازمت [illegible] ہندوستان [illegible] کرنے کا [illegible] ملا اور ملک میں بسنے والے مختلف طبقے اور [illegible] کے گوناگوں مسائل اور حالات جاننے کا بھی [illegible] ۱۹۶۰ء میں [illegible] ملازمت چھوڑ دی اور مستقل طور پر تحریر و تصنیف کو ذریعہ معاش بنا لیا۔

میں اب تک دو [illegible] ناول لکھ چکا ہوں [illegible] جن میں "صاحب [illegible] غلام" [illegible] زیادہ مقبول ہوئی۔ [illegible] ناول کے بعد [illegible]

میرے تین ناول "صاحب [illegible] غلام" "گوروں کے مول" اور "آکاش دھاتی سنگرہ" [illegible] ۱۹۹۰ء [illegible] (جو [illegible] میں [illegible] تھے) لے کر [illegible] اکتوبر [illegible] (جب [illegible] ہندوستان کے [illegible] نعمہ [illegible] کیا تھا) کے زمانہ کو اسطور کر کے لکھے گئے ہیں۔

میرا تازہ ناول "[illegible] مرزا" زیر تصنیف ہے جو کلکتہ کے ایک [illegible] "[illegible]" میں [illegible] ہو رہا ہے۔

میری تصانیف کے بیشتر حصے کا تمام علاقائی زبانوں و دیگر غیر ملکی زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے اور ہو رہا ہے۔

"گوروں کے مول" کا ترجمہ انگریزی اور تمل میں ہو چکا ہے۔ اب اردو اور ملیالم میں ہو رہا ہے۔

پہلی سزا

پہلی تصنیف [illegible] کے علاوہ [illegible] تھے۔ (ادارہ)

کوڑیوں کے مول

دوسری قسط

بمل مترا

ترجمہ: احمد سعدی

لیکن دوسرے دن شام ہی کو دیپکر دھر لیا گیا۔

بہت سارے راستے، بہت سارے فاصلے طے کرنے کے بعد دیپکر کو احساس ہوا تھا کہ آخر یہ سب کچھ کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ دوسرے لوگوں کی طرح دیپکر بھی تو عام اور سادہ سی زندگی گزار سکتا تھا! جیسی زندگی ابھینکر، رام مورتی اور سوم گزار رہے تھے! لوگ ملازمت کر رہے ہیں، ملازمت میں ترقی پائی ہے، شادی کی ہے، ان کے بچے ہیں، صبح کو دفتر جاتے ہیں اور شام کو گھر واپس آ کر دنیاداری کرتے ہیں، سینما دیکھتے ہیں! ان لوگوں کو تو کوئی کمی نہیں ہے، پھر دیپکر کے ساتھ ایسا کیوں ہوا؟ وہ بھی ایک جوہے میں بھرتی ہوا تھا! دوسرے پانچ آدمیوں کے ساتھ جو کچھ پیش نہیں آتا، اس کے ساتھ پیش آیا تھا، ملازمت میں خلاف توقع ترقی ہی تھی! لوگ سب سین صاحب کہتے تھے، لیکن سین صاحب بن کر بھی کیا ہوا! سین صاحب بننے کے بعد بھی بار بار اس کے دل میں یہ احساس جاگا تھا کہ خود اس کے وجود کے اندر جیسے اس کے وجود کی کوئی اہمیت نہ تھی، پھر باہر کی روشنی اور ہوا کے ساتھ باہر کے دانہ اور پانی کے ساتھ ایسا گہرا رشتہ کیسے قائم ہو گیا! کیوں اس دن اس نے امرا کے پیڑ کے نیچے کھڑے ہو کر کھڑکی میں رہنا تھا، کون سی کشش تھی؟ اتنی چھوٹی سی عمر میں اس کے اندر ایسی کوئی کشش تو نہیں رہنی چاہیے تھی!

واقعی، دوسرے ہی دن شام کو دیپکر دھر لیا گیا۔

کرن اس روز بھی اسکول آیا تھا، اسکول کے بعد دیپکر نے پوچھا ——— "اے آج اس سادھو کے پاس نہیں جاؤ گے؟"

"سادھو کے پاس تو شام کو جائیں گے۔" کرن نے جواب دیا ——— "چلو سہ پہر کو میٹنگ میں تقریر سن آئیں۔"

"کہاں؟"

"ہریش پارک میں۔"

ہریش پارک میں اس روز ایک بہت بڑی میٹنگ تھی، پولیس سے میدان بھرا ہوا تھا، دیپکر کو پہلے پہل بہت خوف محسوس ہوا، پھر بھی بہت بڑا مجمع اکٹھا ہوا تھا۔

کرن اس طرف روزانہ جیسے پیچھے آتا تھا، اسے کوئی خوف نہیں تھا۔

اس نے کہا ——— "آؤ، اندر آؤ۔"

اندر بہت سارے لوگ زمین پر بیٹھے تھے، کانگریس کی میٹنگ تھی، دو چھوٹی چھوٹی میزیں تھیں اور ایک کیس تھی رکھی تھی، اندھیرا ہونے پر جلائی جائے گی، دو مقرر کرسی پر بیٹھے تھے۔ نصف پارک میں لوگ بھرے ہوئے تھے، قریب ہی دو تین کرسیاں رکھی تھیں، اخبار کے رپورٹر اور پولیس کے آدمی کاغذ پنسل لیے ہوئے بیٹھے تھے۔

دیپکر کو یاد ہے، وہ کسی کا نام نہیں جانتا تھا، پرتاپ بابو کون ہے، گیانجن یوگی کون ہے ——— اور سبھاش

بوس کون ہے، وہ کچھ بھی دہاتا تھا۔

دیپکر نے پوچھا ــــ "سبھاش بوس کون ہے بھئے؟"

کرن نے جواب دیا ــــ "سبھاش بوس نہیں آتے ہیں گیانجن نیوگی آتے ہیں، دیکھنا، ایسی تقریر کریں گے کہ تم دو ... ولیٹن بائیسکوپ بھی دکھایا جائے گا۔"

صرف تقریر ہی نہیں تھی اس کے ساتھ فلم بھی تھا ایک سفید پردے پر عکس پڑنے لگا، جیسے غیر متحرک بائیسکوپ ہو ... غیر متحرک تھے لیکن تقریر کی وجہ سے سب کچھ آسانی سے سمجھ میں آجاتا تھا۔ انگریزی سپاہیوں نے آکر کس طرح ہندوستان پر قبضہ کیا، انگریز ... کس طرح صنعت گروں کی انگلیاں کاٹ ڈالیں، مزدوروں پر ڈھائے جانے والے مظالم، بچی بچی کھچی پر بے رحمانہ مظالم، پر ... سبھی کچھ دکھایا جا رہا تھا اور گیانجن نیوگی تقریر کر رہے تھے۔ کیا تقریر تھی، تمام لوگ خاموشی سے سن رہے تھے۔ یکے بعد دیگرے ... سوز مظالم ڈھا کر انگریزوں نے ہندوستان پر قبضہ کیا تھا، انگریز کتنے بڑے پاجی، بدمعاش اور ظالم تھے، عکسی تصویر ... دکھایا جا رہا تھا۔

گیانجن نیوگی نے کہا ــــ "ہم لوگ انسان ہیں یا جانور؟ ہم لوگ درخت ہیں یا پتھر؟ ہم لوگ کیا ہیں؟ ہم لوگ انسان ... بھی نہیں ہیں، جانور ہوتے تو بھی ہم لوگ بھڑ جاتے، احتجاج کرتے، بدلہ لیتے، ان لوگوں نے ہمیں گولیوں سے ہلاک کیا ہے ... لوگوں نے کیا کیا ہے؟ آپ لوگ بتائیے ہم لوگوں نے کیا کیا ہے؟"

ایک آدمی نے جواب دیا ــــ "ہم لوگوں نے ان کی خوشامدیں کی ہیں ــــ"

گیانجن نیوگی نے کہا ــــ "نہیں، ہم لوگوں نے انگریزوں کے پاؤں چاٹے ہیں۔"

قریب بیٹھے ہوئے ایک آدمی نے کہا ــــ "ٹھیک، ٹھیک ــــ"

گیانجن نیوگی کی تقریر جاری تھی ــــ اسی کا مہینہ تھا، داری پور کے راستے سے سرکیٹیل جا رہے تھے ... جوٹ ملز میں منیجر تھے، ان کے قریب ایک کالج کا طالب علم چھتری سر پر تانے ہوئے چلا جا رہا تھا۔ یہ دیکھ کر صاحب کا خون ... ہی اندر کھول اٹھا، اتنی جرأت! صاحب کے سامنے سر پر چھتری تان کر چلے گا! سیاہ نیگر، اس کی یہ ہمت؟

صاحب نے کہا ــــ "چھتری بند کرو!"

لڑکے نے حیران ہو کر پوچھا ــــ "کیوں، چھتری کیوں بند کروں؟"

صاحب نے کہا ــــ "میرا حکم ــــ"

لڑکے نے پوچھا ــــ "تم کون ہو جو تمہارا حکم مانوں؟"

صاحب نے کہا ــــ "دیکھو گے میں کون ہوں؟ یہ دیکھو ــــ"

اتنا کہہ کر لڑکے کو پیٹنے لگا، لڑکا لہولہان ہو کر وہیں پڑا رہا اور صاحب چلا گیا۔

معاملہ عدالت تک پہنچا، مقدمہ ہوا، فیصلہ ہوا اور جج نے سزا دیتے ہوئے کہا ــــ "قصور لڑکے کا ...

نے صاحب کو خفت دلا دیا تھا، کیپٹل صاحب کا کوئی قصور نہیں! اس کے بعد اسٹیشن صاحب خود تحقیقات کرنے آئے۔ انھوں نے اپنے بھتیجے کو ——— انت موہن داس اور اس کے تینوں ساتھیوں کو مجسٹریٹ کے سامنے لاکر ہتھکڑیاں بید لگائے جائیں! دوستو! اگر ہم نہ ہوتے تو ان بیدوں کے نشانات ہماری پیٹھ پر بھی پڑتے! ہم لوگ پیڑ اور پتھر ہیں، اسی لیے ان انگریزوں کے پاؤں چاٹتے ہیں اور لوگ جو میرے قریب بیٹھے ہوئے ایشیم رو کے لیے رپورٹیں تیار کر رہے ہیں ——— ان لوگوں کو کیا نام دوں ———

اتنا کہہ کر انھوں نے جوتے سمیت اپنا پاؤں زمین پر دے مارا۔

یکایک پولیس باہر سے دوڑتی ہوئی آئی اور لاٹھی چلانے لگی، مجمع میں ہنگامہ پیدا ہو گیا اور جو لوگ اتنی دیر سے خاموش بیٹھے تقریر سن رہے تھے، اٹھ کر بھاگنے لگے۔

یکایک کرن نے کہا ——— بھاگ چلو دیپو، جلدی بھاگ چلو ———

اس کے بعد کہاں گیا کرن، کہاں گیا دیپکر، اور کہاں گیا ہریش پارک، ابھی تک اندھیرا نہیں ہوا تھا۔ گلی کے اندر ہی اندر وہ کہاں سے کہاں جا نکلا، ایکدم ہاجرہ روڈ پر پہنچ گیا، وہاں سے چند ہی قدم کے فاصلے پر حاجی قاسم کا مکان تھا، بہت بڑی بلڈنگ تھی، وہاں سے گزر کر رام دھنی کی پان کی دکان کے قریب سے گزر کر وہ ایکدم حاجی قاسم کے بازار میں جا پہنچا، ٹیپو سلطان کی بلڈنگ کے سامنے ایک بہت بڑا بگلے کا پیڑ تھا، وہاں سے برگد کے پیڑ کے نیچے سے ہوتا ہوا وہ سیدھا آگن کاری کے تالاب کا چکر لگا کر ایشور گنگولی لین میں شیتلا کے قریب آپہنچا، اس وقت تک دیپکر کی حالت سکون سے سوچنے کے قابل ہو چکی تھی، اس طرف کوئی گھما گھمی نہیں تھی، یہاں پہنچ کر دیپکر نے اچھی طرح نگاہ دوڑا کر دیکھا، آس پاس، دائیں بائیں، آگے پیچھے کہیں کوئی پولیس نہیں تھی، دوڑتے دوڑتے وہ بری طرح ہانپنے لگا تھا۔ اتنی دیر میں اب اس کی سانس درست ہوئی تھی، کرن کہاں گیا؟ اس کے ساتھ سادھو کے پاس جانے کی بات تھی، وہ بھی پوری نہیں ہوئی۔ دیپکر آہستہ آہستہ ایشور گنگولی لین کی طرف چلنے لگا، بنکو کی دکان میں بیگنی اور آلو چاپ کے خریداروں کی بھیڑ لگنا شروع ہی ہوئی تھی اور مدھوسودن کی دہلیز پر اس وقت تک اڈہ جما ہوا تھا۔

کمرے میں داخل ہو کر اس نے پکارا ——— "ماں" ———

ماں نے اسے دیکھتے ہی کہا ——— "تم اتنی دیر تک کہاں تھے کھوکا؟ میں یہاں بیٹھی بیٹھی فکر میں گھل رہی تھی۔"

شام کو ماں موڑھی رکھ دیا کرتی تھی، صبح شام قسمت میں موڑھی ہی لکھی تھی اور گرمی میں کسی کسی دن پنکھا جھلتی۔ اس کے بعد وہ باہر نہیں نکلتی تھی، شام کے بعد ہی وہ پڑھنے بیٹھ جاتا، لیکن پڑھتے وقت بھی اس کا دھیان دوسری طرف رہتا، کرن اس وقت کیا کر رہا ہوگا؟ ممکن ہے پولیس کی لاٹھی کھا کر راستے میں پڑا ہو، ممکن ہے لوگ اسے ہسپتال لے گئے ہوں، ایسی ہی بہت ساری باتیں وہ سوچتا رہتا!

ماں کہتی ——— "کتابیں سامنے رکھ کر بیٹھا بیٹھا کیا سوچ رہا ہے رے؟"

تھوڑی دیر بعد ہی ماں باورچی خانے میں چلی جاتی، چولھے پر ہانڈی چڑھاتی اور وہ "دادو" کے صندوق سے ٹیک لگا کر پڑھنے لگتا۔

بھی سمجھ میں نہ آتا تھا، یکایک اسے ایسا محسوس ہوا جیسے دم بھر دم بھر دم بھر دم کی آواز پیدا کرتے ہوئے گھنگرو بھی اٹھا ہو، اٹھتی اسی طرح بجتے گئی رہا تھا، حیرت سے اس نے سوچا تھا کہ وہ کوئی جادو ہے، جادو شہر میں کیسے آ سکے گا اور گھنگرو کیسے بجے گا، جادو بھی کوئی پاگل ہے! لیکن ان کی لڑکی ناچتی کیوں ہے! بنتی دیدی تو کبھی نہیں ناچتی، آس پاس کے مکانوں میں تو کوئی بھی نہیں ناچتا، معلوم کتنے ہی مکانوں میں کتنی لڑکیاں رہتی ہیں، ایشور گھنگولی میں، نیپال بھٹاچاریہ اسٹریٹ، کالی گھاٹ روڈ، ٹالی گنج روڈ اور شاید کتنے ہی لوگ رہتے ہیں، کوئی بھی تو نہیں ناچتا، یہ لوگ دوسرے سے علیحدہ ہیں، علیحدہ قسم کے لوگ ہیں، اس سے پہلے بھی تو کتنے ہی لوگ آتے تھے، اس طرح تو کوئی بھی نہیں ناچتا تھا، اگر ناچتے تو ضرور معلوم ہو جاتا، اتنی بڑی لڑکی جھک کیسے ناچتی ہے؟ شرم نہیں آتی۔

دیپکر باورچی خانے کے سامنے جا کر کھڑا ہو گیا، ماں اس وقت بہت مصروف تھی، چولہے پر سالن کی کڑھائی چڑھا کر چاول کی جھاگ صاف کر رہی تھی۔

"ماں!" اس نے پکارا۔

ماں جھنجھلا اٹھی، بولی ——— "پڑھنا لکھنا چھوڑ کر تو یہاں کیوں آیا تھا، تیرا پڑھنا لکھنا کیا چولہے میں گیا، اسی طرح تو بڑا ہو جائے گا، اسی طرح تو انسان بنے گا ———"

وہ کچھ بھی نہ کہہ سکا، اس نے سوچا تھا وہ ماں سے دریافت کرے گا ——— وہ لوگ کیا ہم سے علیحدہ ہیں؟ وہ لوگ جو ناچتے ہیں، وہ لوگ کیا ہم لوگوں سے مختلف ہیں، ہم جیسے نہیں ہیں؟ وہ لوگ ہماری ہی طرح بنگالی ہیں، ہماری ہی طرح کپڑے پہنتے ہیں، بھات کھاتے ہیں، پھر ہم لوگوں سے مختلف کیوں دکھائی دیتے ہیں؟ وہ لوگ تو دوسروں کا کھانا نہیں پکاتے، ان لوگوں پر تو کوئی نہیں بگڑتا۔

دیپکر کو یاد ہے، اس وقت دیپکر نے سمجھا تھا کہ تمام کالی گھاٹ کے لوگ ایک ذات ہیں اور اس کرایہ دار کی ذات دوسری ہے، اسی لیے اس کے اندر کشش محسوس ہوئی تھی، آس پاس کے تمام لوگ جو اس محلہ یا اس محلہ میں رہتے ہیں، وہ لوگ تو اتنے قیمتی پلنگ پر سوتے، اتنی عمدہ الماری ان لوگوں کے پاس تو نہیں ہے۔ کوئی بہت امیر آدمی جیسے بھول کر اتنی ایک بی، ایشور گھنگولی لین میں کرایہ کے مکان میں آ گیا تھا، ان کے لڑکے کا چہرہ بھی بابوؤں جیسا تھا، ان کا ملازم بھی سر جھاڑتا تھا، سر کے بال سنوارتا تھا، یہ لوگ بریشٹر کی جگہ میں ہوتے تو بہتر تھا، بریشٹر ذات کا لڑکا زمل پالت اسی طرف رہتا تھا، لیکن یہ لوگ اس جگہ رہتے ہوئے یکایک متوسط طبقے کے لوگ کے درمیان کیوں آ گئے۔ یہ جگہ کرن کرتی تھی، یہ جگہ دیپکر کرتی تھی، یہ جگہ چنو نی، مدھوسودن اور پران کنڈو بابو کے لیے تھی، وہ لوگ انگور، دودھ کے چھینٹے، پھوٹا اور بنتی دیدی کرتی تھی، بلکہ کی پکوڑی کی دوکان کے لیے موزوں تھی۔

دیپکر کو مدھوسودن ہی سے خبر ملی۔

مدھوسودن بابو نے پہلی بار اس سے کہا تھا ——— "تمہارے مکان میں کون کرایہ دار آیا ہے رے دیپو؟"

دیپکر نے کہا تھا ——— "کیا؟ مجھے تو نہیں معلوم ———"

مدھوسودن نے کہا تھا ——— "ہاں رے، میں تیسرے وقت دیکھ کر جا رہا ہوں، بڑے بڑے پلنگ اور الماریاں تمہارے گھر کے سامنے اتر رہی تھیں، اور گھر کے پیچھے آدمی سب ٹیکسی سے اتر رہے تھے ———"

قدرے رُک کر دھوسودن نے پھر کہا تھا ——— "سبھی لوگ گرے ہیں، ایکدم میم صاحب لوگوں کی طرح ———"
دھوسودن کی دہلیز پر بھی ان کے بارے میں تبصرے ہوتے تھے۔
دونی کا کلنے کہا تھا ——— "کون آیا ہے رے اگھور بھٹاچارج کے مکان میں، نیا کرایہ دار معلوم ہوتا ہے؟"
دھوسودن کے بڑے بھائی نے کہا تھا ——— "اس محلے میں ایسے لوگ آئے ہیں، معاملہ کیا ہے، یہ تو جیسے ہنسوں کی ٹولی ہیں
بھرا ہوا ہے ———"

محلے بھر میں خبر پھیل گئی تھی، اس محلے میں تو ایسا کرایہ دار کبھی نہیں آیا تھا، اس محلے کے لوگ پوئیں ساگ کے خریدار تھے، تھوڑا سا پیاز
ہو تو کوئی مسئلے کی ضرورت نہیں پڑتی، کبھی مکان کے سامنے ٹیکسی آکر کھڑی ہوتی، تو یہ لوگ حیران رہ جاتے، پتہ لگاتے، کون آیا ہے،
کتنی تنخواہ پاتا ہے، یہ لوگ دوسرے کو دھوتی پہنے ہوتے دیکھ کر ہات سے ٹٹول کر جانچتے ہیں اور اس کی قیمت کا اندازہ کرتے ہیں، یہ
ان کی عادت ہے، بھوانی پور نہیں ہے، شیام بازار نہیں ہے، یہ قدیم گنگا کے پرانے خاندان کا شہر ہے، بارہ مقدس مقامات میں سے ایک
مقدس مقام ہے۔ یہاں تو ایسے کرایہ دار کے آنے کی بات نہیں تھی، اس طرف ہریش مکھرجی روڈ، اس طرف لینڈس ڈاؤن روڈ اور اس
طرف ایگن روڈ، منموہن ناتھ پنڈت اسٹریٹ ——— وہ سب متمول لوگوں کا علاقہ تھا، اگھور واحد کے سبھی مکان اسی طرف بستے تھے، اسی
محلے کے شخص انیس ایک بی، ایشور گھوش لین میں آگیا تھا۔

اس نے پھر ایک بار آواز دی ——— "ماں!" ———

لیکن پوچھتے پوچھتے بھی وہ کچھ نہ پوچھ سکا، ماں اس وقت دال گھونٹ رہی تھی۔

وہ پکا آنگن پار کر کے سونے کے کمرے میں آرہا تھا کہ اتنے میں اسے چھم چھم کی آواز سنائی دی، وہ پکا کے قدم رُک گئے، پھر
وہ آہستہ آہستہ اندھیرے میں چلا گیا اور دامن کے پڑوسی کے پیچھے کھڑا ہو کر تھوڑی دیر تک سوچتا رہا، بڑے آدمیوں کا چہرہ ہی مختلف ہوتا
ہے، یہ لوگ اس محلے میں کیوں آگئے، ان کے گھر میں بھی اسی کا ہم عمر کوئی لڑکا ہوتا تو بہت اچھا ہوتا، اس کے ساتھ ایک ہی کلاس میں وہ
پڑھتا، یہ لوگ اس محلے میں کیوں آگئے؟

یکایک اسے محسوس ہوا جیسے گھنگھرو کی آواز رُک گئی ہو۔

آواز کیوں رُک گئی؟

وہ پکا اسی کھڑکی کے قریب جا کر کھڑا ہو گیا، پھر اس نے کھڑکی کا پٹ کھولا، اور اس کے بعد اندر جھانک کر دیکھا۔

"کون ہے؟ کون ہے وہاں پر؟"

چونک کر وہ بھاگنا ہی چاہتا تھا کہ ایک آدمی نے آکر اس کا ہات پکڑ لیا، وہ پکا نے اندھیرے میں بھی پہچان لیا، یہ وہی
آدمی تھا۔

خادم اس کا ہات پکڑ کر کھینچتے ہوئے کھڑکی کے دروازے سے اندر کمرے میں لے گیا، وہ پکا نے ہات چھڑانے کی کوشش
کرتے ہوئے کہا ——— "مجھے تم نے کیوں پکڑ رکھا ہے؟ واہ رے! میں نے کیا کیا ہے؟"

ملازم نے اندر جاتے ہی کہا ——— "چلو، چلو، روز روز جھانک کر دیکھتے تھے ———"

دیلیپ نے کہا ——— "ارے، میں کیا روز دیکھتا ہوں، میں تو گھنٹوں کی آواز سن کر آیا تھا ———"

اندر سے کسی کی آواز سنائی دی ——— "گھنٹو! پکڑ کر لے آیا؟ اس کو میرے پاس لے آؤ تو لے آؤ تو میں اسے مزہ چکھاتی ہوں"

دیلیپ کو بے حد خوف محسوس ہوا، اس نے ملازم سے ہاتھ چھڑا کر بھاگنے کی کوشش کی، لیکن ملازم کے جسم میں بڑی طاقت تھی، اس نے دونوں ہاتھوں سے اسے پکڑ رکھا تھا۔

اس نے کہا ——— "روز روز جھانک کر دیکھا جاتا ہے، یہ دیکھو دیدی موتی یہ جانا نہیں چاہتا۔"

اندر سے دیدی موتی کی آواز آئی ——— "پکڑ کر میرے پاس لے آؤ۔"

ملازم نے دیلیپ کا ہاتھ کھینچا، صحن میں چھوٹا سا صحن تھا اس کے بعد دو زینے تھے، زینے کے بعد دہلیز تھی، دہلیز پر چڑھنے کے بعد سامنے ہی کمرہ تھا، کمرے کے اندر تیز روشنی پھیلی ہوئی تھی، ایک قیمتی پردہ لٹکا ہوا تھا، کمرے میں چاروں طرف قیمتی پردے لٹک رہے تھے، ہاتھ پکڑے ہوئے ملازم جیسے ہی کمرے میں داخل ہوا، لڑکی نے کہا۔

"او! تو یہی ہے وہ، یہ تو نخاس ہے ——— کہاں رہتے ہو؟ کیا نام ہے تمہارا؟"

دیلیپ کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے ——— "میں نے کچھ بھی نہیں کیا، مجھے خواہ مخواہ پکڑ کر لایا ہے۔"

دیلیپ نے قریب سے اس لڑکی کو غور سے دیکھا، اس کی آنکھوں میں شاید کاجل کی دھاریاں تھیں۔ اس وقت کھڑکی سے اسے یہ سب نظر نہیں آیا تھا، ناچنے کے لیے اس نے سلک کی ساڑی کو بڑی خوبصورتی سے جسم کے گرد لپیٹ رکھا تھا اور دونوں کانوں میں دو بڑے بجھنا پہنے تھے۔

لڑکی اس کے اور بھی قریب آگئی ——— "کیا نام ہے تمہارا؟"

دیلیپ نے غور سے اس کے چہرے کی طرف دیکھا اور چہرے سے یہ اندازہ کرنا چاہا کہ اسے کیا سزا مل سکتی ہے، لیکن اس کے چہرے پر ہلکی سی کرختگی تھی، اسے قہر بھی نہیں ہو رہا تھا اور خوف بھی کم نہیں ہو رہا تھا۔

لڑکی نے پوچھا ——— "بتاؤ، تم اپنا نام بتاؤ، جلدی بتاؤ؟"

دیلیپ نے کہا ——— "اگر تم میری ماں سے کہہ دو ———"

لڑکی مسکرا دی، اس کے دانت کتنے خوبصورت تھے، اسے مسکراتے دیکھ کر کچھ تسلی ہوئی۔

"میری ماں کو معلوم ہوگا تو میری ماں بہت خفا ہوگی۔" دیلیپ نے کہا ——— "میں اب ایسا نہیں کروں گا، مجھے جانے دو ———"

"ہاں میں تمہیں چھوڑ دیتی ہوں، گھنٹو تم باہر جاؤ۔"

گھنٹو باہر چلا گیا، اب کمرے میں لڑکی اور دیلیپ رہ گئے۔

لڑکی نے کہا ——— "بتاؤ، تمہاری ماں سے نہیں کہوں گی، تمہارا نام کیا ہے؟ کہاں رہتے ہو؟ جھانک کر کیا دیکھ رہے

دیپکر نے لڑکی کے چہرے کو گھورتے ہوئے جواب دیا ——— "میں سچ کہتا ہوں، میں تم کو دیکھ رہا تھا اور کبھی کو نہیں دیکھا ———"
لڑکی قہقہہ مار کر ہنسنے لگی ——— "واہ، بالشت بھر کے چھوکرے کا شوق بھی خوب ہے، مجھے دیکھ رہے تھے، میرے اندر
دیکھنے کی کیا بات ہے، مجھے کیوں دیکھ رہے تھے، میں شیر ہوں یا بھالو ———"

دیپکر نے کہا ——— "میں نے خواب دیکھا تھا نا، اسی لیے ———"

"خواب ؟ کیسا خواب ؟ میرا خواب دیکھ رہے تھے ؟"

دیپکر کو اب تک یاد ہے، اس دن کی باتیں یاد کر کے اُسے ہنسی آتی تھی۔ بچپن میں دیپکر واقعی بہت بے وقوف تھا، اس کے علاوہ
اُسے اس گھاٹ میں لکھی دیدی کی ایسی لڑکی تو اس وقت تک اس نے نہیں دیکھی تھی۔ ایشور گنگولی لین کے آس پاس جتنی لڑکیاں بھی رہتی
تھیں ان میں سے ایک بھی لکھی دیدی جیسی نہیں تھی۔ دوسری لڑکیاں جس طرح کپڑے پہنتی تھیں، لکھی دیدی اس طرح کپڑے نہیں پہنتی تھی، وہ
ایسے ڈھنگ سے گھما پھرا کر ساڑی کو جسم کے گرد لپیٹتی تھی کہ نظر میں بہت بھلی لگتی تھی !

لکھی دیدی نے پوچھا ——— "تمہارا گھر کہاں ہے ؟"

دیپکر نے جواب دیا ——— "یہی گھر دادو، یہی گھر دادو کے مکان میں رہتا ہوں ——— پرسوں میں نے ایک
خواب دیکھا تھا کہ کوئی پاؤں میں گھنگرو باندھ کر ناچ رہا ہے، اس کے بعد میں نے بھاگ کر دیکھا تو ایک بھالو پاؤں میں گھنگرو باندھے
ناچ رہا تھا ———"

"مگر اتنی چیزیں رہتے ہوئے تم نے بھالو کو خواب میں کیوں دیکھا ؟ میں بھالو ہوں ؟"

اتنا کہہ کر لکھی دیدی ہنسنے لگی۔

دیپکر نے کہا ——— "نہیں، پران متھ بابو نے کہا تھا، بڑے ہو کر جب تم لوگ کتابیں پڑھو گے تو سب کچھ تمہاری سمجھ میں
آنے لگے گا، خواب کے بھی بہت سے معنی ہوتے ہیں۔"

"پران متھ بابو کون ہیں ؟"

دیپکر نے کہا ——— "ہمارے دھرم داس ٹرسٹ مڈل اسکول کے ہیڈ ماسٹر ہیں، انھوں نے کہا تھا، جو بڑے بڑے
لوگ ہیں ان لوگوں کے خواب سچ ہوتے ہیں، میں یہی دیکھنا چاہتا تھا کہ یہ خواب بھی سچا ہے یا نہیں۔"

اس کے بعد قدرے رُک کر بولا ——— "مجھے چھوڑ دو، میں پھر کبھی ایسا نہیں کروں گا۔"

لکھی دیدی نے کہا ——— "میں تمہیں اتنی آسانی سے نہیں چھوڑوں گی ———"

اس کے بعد آواز دی ——— "رگھو ———"

رگھو کے آتے ہی لکھی دیدی نے کہا ——— "دیکھو تو رگھو، کاکا بابو دفتر سے آئے ہیں یا نہیں ؟"

کاکا بابو کون ہیں، کاکا بابو کیسے آدمی ہیں اس وقت دیپکر کو کچھ بھی معلوم نہیں تھا، لیکن اس وقت اُسے ایسا لگا جیسے وہ
لڑکی کاکا بابو سے مار کھلانا چاہتی ہے۔

[illegible] تمہارے پاؤں پڑتا ہوں، میں کبھی ایسی حرکت نہیں کروں گا۔ میری ماں کو معلوم ہوگا تو وہ خفا ہوں
گی۔ [illegible] کاکا بابو آ گئے ہیں، چائے پی رہے ہیں۔"

لڑکی نے کہا ـــــ "چلو، چلو، اوپر چلو۔"

دینکر نے کہا ـــــ "میری ماں خفا ہوگی۔"

لڑکی نے کہا ـــــ "ڈرو مت، تمہارے ساتھ کیا کرتی ہوں ـــــ ابھی دکھاتی ہوں۔"

اتنا کہہ کر اس کا ہاتھ کھینچتے ہوئے اندر کی دہلیز سے جوتے کرتے ہوئی اوپر لے گئی۔ اوپر کا برآمدہ قریب
ہوا تھا، ہر کمرے کے سامنے ایک پردہ جھول رہا تھا۔

لڑکی نے دور ہی سے صاحب کہتے ہوئے کہا ـــــ "کاکا بابو ـــــ"

اندر سے آواز آئی ـــــ "کیا ہوا لکھی ـــــ کیا ہوا؟"

لڑکی نے کہا ـــــ "یہ دیکھیے کاکا بابو چور کو پکڑ لائی ہوں، یہ دیکھیے ـــــ"

اتنا کہہ کر لڑکی دینکر کو کھینچ کر کمرے کے اندر لے گئی۔

بولی ـــــ "یہ دیکھیے، جسم میں بہت طاقت ہے، یہ دیکھیے ـــــ"

اتنا کہہ کر اس کو زبردستی گھسیٹ کر کاکا بابو کے سامنے لے گئی۔

دینکر نے دیکھا ـــــ ایک صاحب میز کے سامنے بیٹھے چائے پی رہے تھے اور ان کے قریب ہی ایک خاتون بیٹھی ہو
تھیں۔

کاکا بابو نے کہا ـــــ "چھوڑ دو، چھوڑ دو، چھوڑ دو لکھی ـــــ آہا، اس کو تکلیف ہوگی ـــــ"

لکھی دیدی نے چھوڑ دیا، بولی ـــــ "کتنا بدمعاش لڑکا ہے، جانتے ہیں کاکا بابو، مجھے بھالو کہہ رہا تھا۔"

کاکا بابو نے کہا ـــــ "یہ کیا، تم اسے بھالو کہہ رہے تھے؟ لکھی دیدی کو تم نے بھالو کہا ہے؟"

خاتون بولیں ـــــ "اوہاں، کیا ہوگا، میں نے اسی وقت تم سے کہا تھا، اتنا بڑا شہر ہوتے ہوئے تم نے
محلے میں کرایہ کا مکان لیا ـــــ"

کاکا بابو نے دینکر کی طرف دیکھتے ہوئے کہا ـــــ "تم نے لکھی کو بھالو کہا ہے؟"

"میں نے بھالو نہیں کہا ہے۔" دینکر نے جواب دیا ـــــ "میں نے کب تم کو بھالو کہا ہے، واہ رے"

کاکا بابو نے کہا ـــــ "پھر تم جھانک کر کیا دیکھ رہے تھے؟"

اتنی دیر میں لکھی دیدی ایک کرسی پر جا کر بیٹھ گئی۔ دینکر نے چاروں طرف تعجب سے دیکھا، کتنی خوبصورتی سے
جو آراستہ تھا، اس سے پہلے جو کرایہ دار رہتے تھے، وہ کبھی اس طرح کمرے کو سجا کر نہیں رکھتے تھے!

لکھی دیدی نے کہا ـــــ "میں نے کل ہی رگھو سے کہہ دیا تھا کاکا بابو کہ آج وہ بالکل تیار رہے ـــــ اور ہمیں

ی سوچا تھا ــــ آج پھر پہنچ گیا ؟"

کاکا بابو کا چہرہ دیکھ کر دیچکر کو قدرے تسلی ہوئی، وہ صورت سے نیک دکھائی دے رہے تھے۔

کاکا بابو کی بیوی بھی چائے پی رہی تھیں، بولیں ــــ "میں نے اسی وقت کہہ دیا تھا، اس محلے میں مکان مت لو ــــ تو میری بات نہیں مانی ــــ"

دیچکر نے کہا ــــ "مجھے چھوڑ دیجیے، میں پھر کبھی ایسی حرکت نہیں کروں گا۔"

کاکا بابو نے کہا ــــ "واہ رے، میں تمھیں پیٹ رہا ہوں یا تمھیں پکڑ رکھا ہے جو تم اس طرح کر رہے ہو؟ تمھارا ا ہے؟"

"میرا نام دیچکر سین ہے۔" دیچکر نے جواب دیا ــــ "میں اگھور داد کے اسی مکان میں رہتا ہوں۔"

"او، اگھور بھٹاچاریہ صاحب، وہ تمھارے کون ہوتے ہیں؟"

"میرے کوئی نہیں لگتے، وہ ہمارے ہی گاؤں کے رہنے والے ہیں، انھوں نے ہی مجھے اور میری ماں کو رہنے ے اپنے گھر میں جگہ دی ہے، مجھے کھانے پہننے کو وہی دیتے ہیں، مجھے بے حد مانتے ہیں۔"

کاکا بابو نے کہا ــــ "بہت اچھی بات ہے، میں نے سنا تھا بہت کنجوس آدمی ہیں، خیر جو بھی ہو، تم ہر روز کیوں سکر دیکھتے تھے؟"

دیچکر نے کہا ــــ "میں نے پرسوں ایک خواب دیکھا تھا کہ میرے گھر کے پاس کوئی ناچ رہا ہے، چھم چھم چھم چھم گھنگھرو ا ہے، اس کے بعد کل جب اسکول گیا تو پران متھ بابو، ہمارے ہیڈ ماسٹر نے پوچھا، کس نے کون سا خواب دیکھا ہے، میں ا خواب دیکھا تھا وہ ان کو سنا دیا ــــ"

"اس کے بعد؟ رک کیوں گئے، بولو؟"

"وہ خواب سناؤں گا تو آپ لوگ خفا ہوں گے۔"

کاکا بابو نے کہا ــــ "نہیں، خفا کیوں ہوں گا، بولو نا کیا خواب دیکھا تھا؟"

دیچکر نے کہا ــــ "گھنگھرو کی آواز سن کر میرا جی چاہا کہ جا کر دیکھ آؤں، کون ناچ رہا ہے، اس کے بعد میں گھر ے نکل کر آنگن پار کر کے آپ کے مکان کے سامنے آیا، وہاں آ کر دیکھا کہ بالائی منزل کے ایک کمرے سے گھنگھرو کی ا ٹنائی دے رہی ہے، میرا جی چاہا کہ جھانک کر دیکھوں، کون ناچ رہا ہے، اس کے بعد آہستہ آہستہ کھڑکی کا پٹ کھول کر دیکھا ــــ"

"بولو؟ رک کیوں گئے، پھر کیا دیکھا؟"

دیچکر نے کہا ــــ "میں نے دیکھا کہ ایک بھالو ــــ"

"بھالو؟ بھالو ناچ رہا ہے؟"

لکھمی کے کاکا بابو زور سے ہو ہو کر کے ہنسنے لگے۔ وہ خاتون بھی یکایک ہنس پڑیں۔

کاکا بابو نے کہا ــــ کیا کہتے ہو؟ لکھمی تمہیں بھائی نظر آتی؟"

خاتون بھی ہنستے ہنستے بولیں ــــ "ہاں، کیا ہوگا، دیا خوبصورت چہرہ اور اُسے یہ بھائی کہتا ہے۔"

دیپکر نے کہا ــــ "وہ تو خواب تھا، خواب کیا سچ ہوتا ہے! خواب سچے ہوتے ہیں یا نہیں یہی دیکھنے کے لیے تو میں جاگ کر دیکھ رہا تھا، دیکھا کہ میرا خواب سچ نہیں تھا۔ پھر کاکا بابو نے کہا ــــ جو عظیم انسان ہیں ان کے خواب سچے ہوتے ہیں تو غریب آدمی کا لڑکا ہوں، میرے خواب کس طرح سچے ہوں گے؟"

کاکا بابو نے کہا ــــ "دل لگا کر پڑھو۔ تم اس مرتبہ کلاس میں کیا ہوئے تھے؟"

"میں ہر مرتبہ فرسٹ ہوتا ہوں۔" دیپکر نے جواب دیا۔

"واہ، ویری گڈ، کون پڑھاتا ہے تمہیں؟"

"میں خود پڑھتا ہوں۔" دیپکر نے جواب دیا ــــ "حساب کرن کے بابا سمجھا دیتے ہیں، کرن کے بابا بہت کچھ جانتے ہیں ــــ"

"وہ تم لکھمی سے حساب اور انگریزی پڑھ سکتے ہو ــــ سمجھے، لکھمی تمہیں بہت اچھی انگریزی سکھا دے گی، لکھمی بہت کچھ جانتی ہے۔"

لکھمی دیدی نے کہا ــــ "واہ رے، کاکا بابو، آپ بھی کیا اچھے آدمی ہیں، میرے پاس وقت کہاں ہے، مجھے تو خود پڑھنے کے لیے وقت نہیں ملتا، اس کے علاوہ سلائی ہے، رقص ہے ــــ"

"کوئی بات نہیں۔" کاکا بابو نے کہا ــــ "غریب لڑکا ہے، ذرا سا بتا دو گی تو کیا ہوا۔"

دیپکر کی یکایک ہمت بڑھ گئی، اس نے کہا ــــ "گاؤں میں پہلے ہم لوگوں کی حالت بہت اچھی تھی، میرے باپ دادا نے قتل کر دیا تھا اسی وقت سے میری ماں مجھے لے کر کلکتہ چلی آئی تھی، وہاں اگھور دادو کا کھانا پکاتی ہے، اگر اگھور دادو نہ ہوتے تو پناہ نہ دیتے تو بے موت مر گئے ہوتے۔"

کاکا بابو نے کہا ــــ "ٹھیک ہے، تم آ جایا کرو لکھمی تمہیں پڑھا دیا کرے گی۔"

لکھمی دیدی نے کہا ــــ "مگر میری اپنی پڑھائی نہیں ہو سکے گی کاکا بابو۔"

انھوں نے کہا ــــ "ستی تو کلکتہ آ ہی رہی ہے، ستی کے آنے کے بعد اُسے بھی تو تمہیں پڑھانا ہوگا، اسی کے ساتھ بھی پڑھا دو گی ــــ"

دیپکر نے کہا ــــ "انگریزی ہی مشکل ہے، حساب میں کرن کے بابا سے سیکھ لوں گا۔"

انھوں نے کہا ــــ "انگریزی، حساب اور بنگالی سب کچھ تمہیں لکھمی پڑھا دیا کرے گی، لکھمی بہت اچھی انگریزی جانتی ہے، وہ مجھے بھی پڑھا سکتی ہے ــــ کیوں لکھمی؟ اس کو اس مرتبہ دس روپیہ اسکالرشپ ملا ہے ــــ تمہیں معلوم ہے کہ

تمہارے بابا تمہارے ریزلٹ کی خبر سن کر بہت خوش ہوئے ہیں، انھوں نے لکھا ہے وہ ستی کو بھی یہیں بھیج رہے ہیں، دونوں بہنیں ایک ساتھ رہ کر پڑھیں گی۔"

لکی دیدی نے کہا ——— "ایک ساتھ رہ کر جو پڑھائی ہوگی وہ میں جانتی ہوں، ستی کو تو آپ نے دیکھا نہیں ہے کاکا بابو۔"

خاتون نے کہا ——— "مجھے یاد ہے، میں نے ستی کو چھوٹی سی عمر میں دیکھا تھا، تمہاری ہی طرح گوری تھی، ہے نا؟"

لکی دیدی نے کہا ——— "وہی ستی اب ایسی ہوگئی ہے نا کہ دیکھ کر آپ پہچان نہ سکیں گی کاکی ماں ——— اسی عمر میں میرے برابر ہوگئی ہے۔"

اتنے میں ایک ملازم دروازے پر آکر کھڑا ہوگیا۔

کاکی ماں نے پوچھا ——— "کیا ہے ٹھاکر؟ کیا کہنا چاہتے ہو؟"

"کھانا تیار ہے ماں" ٹھاکر نے جواب دیا ——— "نکال دوں؟"

کاکی ماں نے کہا ——— "کیا کہتے ہو ٹھاکر، ابھی تو چائے پی ہے، ابھی کھاؤں گی؟ تم تو دیکھتی ہوں بات خالی کرکے رہائی حاصل کرنا چاہتے ہو، تھوڑی دیر بعد تمہیں خبر دوں گی۔"

دیپکر نے کہا ——— "ماں کو فکر لگی ہوگی، میں جاتا ہوں۔"

کاکا بابو نے کہا ——— "جاؤ، رات بڑھ رہی ہے، پڑھو لکھو جاکر ———"

دیپکر کو عجیب سا احساس ہوا، یکایک احساس ممنونیت سے اس کا دل بھر آیا، اسے ایسا محسوس ہوا جیسے ایسا پیار، ایسی محبت، ایسی ہمدردی اسے زندگی میں کبھی سے نہ ملی ہو، اچانک وہ کاکا بابو کے قدموں میں جھک گیا اور ان کے دونوں پاؤں کو چھو کر ان کے قدموں کی خاک سر پر رکھ لی، پھر اس نے کاکی ماں کو بھی پرنام کیا۔

اتنے دنوں کے بعد اب جب کبھی اسے بیتے دنوں کی یاد آتی ہے تو حیرت ہوتی ہے، ان لوگوں کے ساتھ اس کا کوئی رشتہ نہ تھا، ان کے ساتھ کبھی کوئی سروکار بھی نہیں رہا تھا، اس نے کبھی ان کو دیکھا بھی نہیں تھا، لیکن پھر بھی اس روز وہ دیپکر کو اپنوں جیسے ملے تھے، دیپکر کو بڑی مسرت محسوس ہوئی تھی، وہ صرف اچھے ہی نہیں لگے تھے، صرف پیار کی پناہ ہی نہیں دی تھی، بلکہ اس دن اسی معمولی سے واقعہ کو مرکز بنا کر ان کے ساتھ وہ متعارف ہوا تھا، جب دوسروں کے رحم و کرم پر اس کی زندگی کا دارومدار تھا، اس وقت انھوں نے اس طرح بیگانگت کیوں جتائی تھی کون جانے؟ لیکن اگر ایسا نہ ہوتا تو کیا وہ اس طرح زندگی کا روپ دیکھ سکتا؟ اس طرح دنیا کو سمجھ سکتا؟ کیا وہ اس طرح حقیقت معلوم کر سکتا کہ زندگی صرف زندگی ہی نہیں ہے، دکھ صرف دکھ ہی نہیں ہے، خوشی صرف خوشی نہیں ہے، زندگی کے بھی دوسرے معنی ہوتے ہیں، دکھ کی بھی ایک الگ تشریح ہے اور خوشی کا بھی ایک دوسرا مقصد ہے!

اور لکی دیدی؟

وہ لکی دیدی آئی تھی اسی لیے تو ستی بھی آئی تھی!

اور ستی آئی تھی اسی لیے تو دیپکر اس حقیقت کو جان سکا تھا کہ زندگی کے بھی دوسرے معنی ہوتے ہیں، دکھ کی بھی ایک الگ

کہتے کہتے کاکا بابو زور سے ہو ہو کر کے ہنسنے لگے۔ وہ عورتیں بھی کھلکھلا کر ہنس پڑیں۔

کاکا بابو نے کہا ــــ کیا کہتے ہو؟ لکھی تمہیں بھائی نظر آتی؟"

عورتیں بھی ہنستے ہنستے بولیں ــــ "ہاں، کیا ہوگا، وہ خوبصورت چہرہ اور اُسے بھائی کہتا ہے۔"

دیپکر نے کہا ــــ "وہ تو خواب تھا! خواب کیا سچ ہوتا ہے! خواب سچے ہوتے ہیں یا نہیں یہی دیکھنے کے لیے تو آج میں جاگ کر دیکھ رہا تھا، دیکھا کہ میرا خواب سچ نہیں تھا، اور ان کا بابو نے کہا ہے ــــ جو عظیم انسان ہیں ان کے خواب سچے ہوتے ہیں، میں تو غریب آدمی کا لڑکا ہوں، میرے خواب کس طرح سچے ہوں گے؟"

کاکا بابو نے کہا ــــ "دل لگا کر پڑھو۔ پچھلے اس مرتبہ کلاس میں کیا ہوئے تھے؟"

"میں ہر مرتبہ فرسٹ ہوتا ہوں۔" دیپکر نے جواب دیا۔

"واہ، ویری گڈ، کون پڑھاتا ہے تمہیں؟"

"میں خود پڑھتا ہوں۔" دیپکر نے جواب دیا ــــ "حساب کرن کے بابا سمجھا دیتے ہیں، کرن کے بابا بہت اچھا حساب جانتے ہیں ــــ"

"وہ تم لکھی سے حساب اور انگریزی پڑھ سکتے ہو ــــ لکھی تمہیں بہت اچھی انگریزی سکھا دے گی، لکھی بہت اچھی انگریزی جانتی ہے۔"

لکھی دیدی نے کہا ــــ "واہ رے، کاکا بابو، آپ بھی کیا اچھے آدمی ہیں، میرے پاس وقت کہاں ہے، مجھے تو خود اپنے پڑھنے کے لیے وقت نہیں ملتا، اس کے علاوہ سلائی ہے، رقص ہے ــــ"

"کوئی بات نہیں۔" کاکا بابو نے کہا ــــ "غریب لڑکا ہے، ذرا سا بتا دو گی تو کیا ہوا۔"

دیپکر کی یکایک ہمت بڑھ گئی، اس نے کہا ــــ "گاؤں میں پہلے ہم لوگوں کی حالت بہت اچھی تھی، میرے بابا کو ڈاکوؤں نے قتل کر دیا تھا اسی وقت سے میری ماں مجھے لے کر کلکتہ چلی آئی تھی، ماں انگور دادو کا کھانا پکاتی ہے، اگر انگور دادو ہم لوگوں کو پناہ نہ دیتے تو بھوکے مر گئے ہوتے۔"

کاکا بابو نے کہا ــــ "ٹھیک ہے، تم آ جایا کرو، لکھی تمہیں پڑھا دیا کرے گی۔"

لکھی دیدی نے کہا ــــ "مگر میری اپنی پڑھائی نہیں ہو سکے گی کاکا بابو۔"

انھوں نے کہا ــــ "ستی تو کلکتہ آ ہی رہی ہے، ستی کے آنے کے بعد اُسے بھی تو تمہیں پڑھانا ہوگا، اسی کے ساتھ بھی پڑھا دو گی ــــ"

دیپکر نے کہا ــــ "انگریزی ہی مشکل ہے، حساب میں کرن کے بابا سے سیکھ لوں گا۔"

انھوں نے کہا ــــ "انگریزی، حساب اور بنگالی، سب کچھ تمہیں لکھی پڑھا دیا کرے گی، لکھی بہت اچھی اسٹوڈنٹ ہے، جانتے ہو، وہ مجھے بھی پڑھا سکتی ہے ــــ کیوں لکھی؟ اس کو اس مرتبہ دس روپیہ اسکالرشپ ملا ہے ــــ تمہیں معلوم ہے لکھی

ہمارے بابا تمہارے ریزلٹ کی خبر سن کر بہت خوش ہوئے ہیں، انھوں نے کہا ہے وہ ستی کو بھی یہیں بھیج رہے ہیں، دونوں بہنیں ایک ساتھ پڑھیں گی۔"

لکھی دیدی نے کہا ــــ "ایک ساتھ رہ کر جو پڑھائی ہوگی وہ میں جانتی ہوں، ستی کو تو آپ نے دیکھا نہیں ہے کاکا بابو۔"

ٹھاکر نے کہا ــــ "مجھے یاد ہے، میں نے ستی کو چھوٹی سی عمر میں دیکھا تھا، تمہاری ہی طرح گوری تھی، ہے نا؟"

لکھی دیدی نے کہا ــــ "وہی ستی اب ایسی ہوگئی ہے تاکہ دیکھ کر آپ پہچان نہ سکیں گی کاکی ماں ــــ اسی عمر میں میرے برابر ہوگئی ہے۔"

اتنے میں ایک ملازم دروازے پر آکر کھڑا ہوگیا۔

کاکی ماں نے پوچھا ــــ "کیا ہے ٹھاکر؟ کیا کہنا چاہتے ہو؟"

"کھانا تیار ہے ماں" ٹھاکر نے جواب دیا ــــ "نکال دوں؟"

کاکی ماں نے کہا ــــ "کیا کہتے ہو ٹھاکر، ابھی تو چائے پی ہے، ابھی کھاؤں گی؟ تم تو دیکھتی ہوں بات خالی کرکے رہائی حاصل کرنا چاہتے ہو، تھوڑی دیر بعد تمہیں خبر دوں گی۔"

ویلکر نے کہا ــــ "ماں کو فکر لگی ہوگی، میں جاتا ہوں۔"

کاکا بابو نے کہا ــــ "جاؤ، رات بڑھ رہی ہے، پڑھو لکھو جاکر ــــ"

ویلکر کو عجیب سا احساس ہوا، یکایک احساسِ ممنونیت سے اس کا دل بھر آیا، اسے ایسا محسوس ہوا جیسے ایسا پیار، ایسی محبت، ایسی ہمدردی اسے زندگی میں کسی سے نہ ملی ہو، اچانک وہ کاکا بابو کے قدموں میں جھک گیا اور ان کے دونوں پاؤں کو چھو کر ان کے قدموں کی خاک سر پر رکھ لی، پھر اس نے کاکی ماں کو بھی پرنام کیا۔

اتنے دنوں کے بعد اب جب کبھی اسے بیتے دنوں کی یاد آتی ہے تو حیرت ہوتی ہے، ان لوگوں کے ساتھ اس کا کوئی رشتہ نہ تھا، ان کے ساتھ کبھی کوئی سروکار بھی نہیں رہا تھا، اس نے کبھی ان کو دیکھا بھی نہیں تھا، لیکن پھر بھی اس روز وہ ویلکر کو اپنوں جیسے ملے تھے، ویلکر کو بڑی مسرت محسوس ہوئی تھی، وہ صرف اچھے ہی نہیں لگے تھے، صرف پیار کی پناہ ہی نہیں دی تھی، بلکہ اس دن اسی معمولی سے واقعہ کو مرکز بنا کر ان کے ساتھ وہ متعارف ہوا تھا، جب دوسروں کے رحم و کرم پر اس کی زندگی کا دارومدار تھا، اس وقت انھوں نے اس طرح بیگانگت کیوں جتائی تھی کون جانے؟ لیکن اگر ایسا نہ ہوتا تو کیا وہ اس طرح زندگی کا روپ دیکھ سکتا؟ اس طرح دنیا کو سمجھ سکتا؟ کیا وہ اس طرح حقیقت معلوم کر سکتا کہ زندگی صرف زندگی ہی نہیں ہے، دکھ صرف دکھ ہی نہیں ہے، خوشی صرف خوشی نہیں ہے، زندگی کے بھی دوسرے معنی ہوتے ہیں، دکھ کی بھی ایک الگ تشریح ہے اور خوشی کا بھی ایک دوسرا مقصد ہے!

اور لکھی دیدی؟

واقعی لکھی دیدی آئی تھی اسی لیے تو ستی بھی آئی تھی!

اور ستی آئی تھی اسی لیے تو ویلکر اس حقیقت کو جان سکا تھا کہ زندگی کے بھی دوسرے معنی ہوتے ہیں، دکھ کی بھی ایک الگ

یچ ہے اور خوشی [illegible] ہے۔

کمرے سے [illegible] دیکر زینے سے نیچے اُتر رہا تھا، سچ مچ نئے کرایہ دار کے آنے کے بعد دیکر دیکھ رہا تھا کہ مکان کا نقشہ ہی
یا تھا، اندر جو اتنی [illegible] تبدیلیاں ہوئی تھیں! باہر سے اس کا اندازہ کرنا مشکل تھا، ان لوگوں نے ایک ہی رات میں اگھڑ دادے کے مکان کا
کتا بدل دیا تھا، پھولوں کا گملا انھوں نے جنگلے کے کنارے قرینے سے سجا دیا تھا، ہر دروازے پر ایک پردہ لٹکا ہوا تھا، کرسی،
کوچ، صوفہ الماری اور آئینہ، کمرے میں کہیں پر جگہ نہ تھی، دیکر آہستہ آہستہ زینے سے نیچے اُتر گیا! ہاں شاید پریشان ہو رہی
ل، شاید ڈھونڈ بھی رہی ہو کہ دیو کہاں چلا گیا۔

زینے سے نیچے اُترتے ہی کسی نے اُسے پکارا۔

"اے چھوکرا سن۔"

دیکر نے پلٹ کر دیکھا، وہی لڑکی تھی، کلمی!

اُس نے پوچھا ——— "مجھے بلا رہی ہو؟"

لڑکی دینہ پھلانگتی ہوئی تیزی سے نیچے آئی اور اُس کے جسم سے سٹ کر کھڑی ہو گئی

دیکر لڑکی کی آنکھیں دیکھ کر چونک اُٹھا، اتنی دیر تک اس کی آنکھوں کا رنگ ایسا تو نہ تھا۔

اُس نے پوچھا ——— "مجھ سے کچھ کہنا چاہتی ہو؟"

لڑکی نے کہا ——— "اگر پھر کبھی تم میرے یہاں آئے تو تمہاری ٹانگ توڑ دوں گی۔"

"واہ رے، میں نے کیا کیا ہے؟"

یکایک لڑکی نے اس کا کان پکڑ کر کھینچا ——— "بحث کرتے ہو؟"

اُس نے خوب زور سے کان کھینچ دیا۔

دیکر نے کہا ——— "میں بحث تو نہیں کرتا۔"

"پھر بحث، تم اس مکان میں نہیں آسکتے، میں نے کہہ دیا۔"

دیکر نے کہا ——— "لیکن کاکا بابو نے جو آنے کو کہا ہے۔"

"کاکا بابو کو کہنے دو، میں کہتی ہوں تم نہیں آؤ گے۔"

دیکر لڑکی کے تیور دیکھ کر ڈر گیا۔

اُس نے کہا ——— "اچھا، نہیں آؤں گا۔"

"ہاں، نہیں آؤ گے!"

اتنا کہہ کر اُس نے دیکر کو دھکیل دیا اور دیکر دھکا کھا کر زینے کے نیچے گر پڑا۔ گرتے ہی اُسے سر میں چوٹ لگی، وہ اُٹھ کر کھڑا
ہو گیا، دیکھا وہ لڑکی اُس کی طرف بڑھ رہی تھی۔

اُس نے ڈرتے ڈرتے کہا ——— "میں نہیں آؤں گا۔ میں وعدہ کرتا ہوں کبھی دیدی، پھر کبھی نہیں آؤں گا۔"
لڑکی یکایک مسکرانے لگی، پھر قریب آکر اُس کے سر پر پیار سے ہاتھ پھیرنے لگی۔
بولی ——— "چوٹ لگی ہے؟ زور سے لگ گیا کیا رے؟"
دینکر نے کہا ——— "تم نے مجھے کیوں دھکیل دیا، میں نے تمھارا کیا کیا تھا جو تم نے مجھے دھکیل دیا؟"
لڑکی نے جواب دیا ——— "یونہی، میں دیکھ رہی تھی کہ تم ڈرتے ہو یا نہیں۔"
دینکر نے کہا ——— "اب میں تمھارے یہاں نہیں آؤں گا، کاکا بابو کہیں گے تو بھی نہیں آؤں گا، مجھے چھوڑ دو۔"
لڑکی یکایک اُسے پیار کرنے لگی، بولی ——— "نہیں رے، میں دیکھ رہی تھی، تم ڈرتے ہو یا نہیں، تم کل پھر آنا، سمجھے آؤ گے نا؟ ضرور آنا۔"

اتنا کہہ کر کبھی دیدی چلی گئی اور دینکر حیرت سے بڑی دیر تک خاموش کھڑا ٹکٹکی لگائے اسی طرف دیکھتا رہا، اس کے بعد آہستہ آہستہ کھڑکی کے دروازے کے راستے آنگن میں آگیا، اُس کا سر ابھی تک درد کر رہا تھا۔

کرن نے پوچھا ——— "اس کے بعد کل تم کہاں چلے گئے تھے؟ میں دیر تک ڈھونڈتا رہا ———"
"میں حاجی قاسم کے بازار کی طرف بھاگ گیا تھا" ——— دینکر نے جواب دیا ——— "اس کے بعد آگن کماری تالاب کا چکر لگا کر ٹیپو سلطان کی عمارت کے قریب سے ہوتے ہوئے شیتلا تلا کے راستے گھر چلا گیا تھا۔"

واقعی ان دنوں کا بالی گنج اب پہچانا نہیں جاتا، اس وقت راس بہاری ایونیو کے موڑ پر حاجی قاسم کا بازار تھا، اس کے بعد اس موڑ کے جنوبی مشرقی کونے پر ٹیپو سلطان کی قدیم عمارت تھی، اب قطار در قطار دکانیں بن گئی ہیں۔ دن رات ٹرامیں اور بسیں بھاگتی دوڑتی رہتی ہیں، لیکن اُس وقت؟ اس وقت کالی گھاٹ ایسا نہیں تھا، بالی گنج بھی آج کے ایسا نہیں تھا۔ ٹیپو سلطان کی عظیم الشان عمارت اس موڑ سے لے کر آگن کماری تالاب تک پھیلی ہوئی بھوتوں کے مسکن کی طرح دکھائی دیتی۔ عمارت کے سامنے ہی بڑے بڑے برگد کے پیڑ اُگ آئے تھے جس سے وہ جگہ دن کے وقت بھی اُجاڑ اُجاڑ سی دکھائی دیتی۔ وہاں پر جاتے ہوئے بھی خوف محسوس ہوتا، یکایک دوپہر کے وقت ہوا کے جھونکے کھا کر برگد کے پتے جھوم اُٹھتے اور چاروں طرف پُر اسرار سی آواز پھیل جاتی اور کبھی کبھی کوئی خطرناک سانپ زور زور سے چیخ اٹھتا اور اس وقت سارے محلے میں ایک عجیب سا خوف طاری ہو جاتا، اس موڑ کے مغربی جنوبی کونے پر ٹکیہ پاڑا تھا، ٹکیہ بنانے والے راستے ہی پر بڑے بڑے لکڑی کے تختوں پر ٹکیہ سکھانے کے لیے رکھ دیتے، اس کے شمالی جانب آشو کالو کی سرسوں کے تیل کی دکان تھی۔ دوپہر کے وقت کتنی ہی بار ماں نے اُن دکان سے تیل خریدنے کے لیے اُسے بھیجا تھا، دینکر وہاں جاکر کولھو پر بیٹھ جاتا تھا، کولھو گھومتا رہتا، بیل کی آنکھوں پر پٹی بندھی رہتی اور وہ دن رات مسلسل کولھو کے گرد چکر کاٹتا رہتا، دینکر دو دو تین تین گھنٹے تک کولھو پر بیٹھا رہتا تھا، اُس وقت تک اُسے یاد بھی نہیں رہتا کہ اُسے سرسوں کا تیل خریدنا ہے، اور جب وہ تیل لے کر گھر آتا تو اُسے ماں کی کتنی ہی ڈانٹ کھانی پڑتی، اور اسی آشو کالو کی دکان کی شمالی جانب حاجی قاسم کی بڑی سی عمارت تھی اور اس عمارت

کے پیچھے ایک بہت بڑا باغ تھا۔ دیپکر نے کتنی ہی بار باغ کے اندر جھانک کر دیکھا تھا۔ باغ میں بہت سارے سانپ تھے۔ بہت ساری چڑیاں تھیں، وہ سب کہاں چلے گئے، جب اس باغ کو بڑھا کر سدا نند روڈ بنایا گیا تو وہ باغ ختم ہو گیا۔ آس پاس میں پھر کتنے ہی مکان بن گئے اور محلے کی ہیئت ہی بدل گئی۔ اس طرف، اس کنارے پر گنگا کی تالاب سے بھی آگے دھان کے کھیت تھے، ہوا کے جھونکوں کے ساتھ ساتھ دھان کی بالیاں جھومتی لہراتی رہتیں اور دیپکر کو یکایک یہ احساس ہوتا کہ وہ ایشور کی گود میں سے بہت دور آ کے نکل آیا ہے۔ ان دنوں کیا صرف دھان کا کھیت ہی تھا؟ صرف ٹیپو سلطان کی عمارت ہی تھی؟ صرف ٹیکر پاڑا، صرف اشوکا کی دکان ہی تھی؟ اس وقت دیپکر کی کتنی بڑی دنیا تھی! اب ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے اس کے جوان ہوتے ہوتے دنیا سمٹ کر چھوٹی ہو گئی ہو۔ اب وہ اٹھائیس نمبر باغ کہاں چلا گیا؟ کرن کے ساتھ کتنی ہی بار وہ اس باغ میں جا چکا تھا، وہ کس کا باغ تھا، اس کا کون مالک تھا، وہ کچھ بھی نہیں جانتا تھا، وہ صرف اتنا جانتا تھا کہ اس باغ کے درمیان ایک تالاب تھا اور تالاب کے کنارے ایک Star Apple کا پیڑ تھا، بڑے بڑے پھل لگتے تھے، سیندور کی طرح لال لال منہ اور گرٹ کے ایسا میٹھا ہوتا تھا، اس باغ کے بعد ہی مہاراج سورج کانتا کا باغ تھا، اس باغ میں ایک لیچی کا پیڑ تھا۔ بڑی بڑی لیچی پک کر جھومتی رہتی، کتنی ہی بار اس نے لیچی کے پیڑ پر چڑھ کر لیچی کھاتے ہوئے دور تک نظر دوڑا کر دیکھا تھا، کہیں سے ریل گاڑی کی آواز سنائی دیتی ——— کو او ——— او ——— او ——— چھک چھک چھک چھک! وہ آواز بھری دوپہر میں کتنی میٹھی معلوم ہوتی تھی۔ پکے ہوئے جمرود اور پکی ہوئی لیچی سے بھی زیادہ وہ آواز میٹھی معلوم ہوتی، اس وقت اسے کیا معلوم تھا کہ ایک روز اس کی زندگی بھی ریل ہی سے وابستہ ہو جائے گی اور اسی ریل کی ایک لیول کراسنگ پر اس کی زندگی کی ریل گاڑی اس طرح دندناتی ہوئی آ جائے گی اور یہی ریل گاڑی ایک دن اس کی زندگی کے تمام مسائل کو حل کر دے گی ———

ایک روز دیپکر کالی گھاٹ اسکول کے ان فینٹ کلاس میں بھرتی ہوا تھا۔

یہ اسکول میں اس کا پہلا داخلہ تھا، زندگی میں پہلی بار وہ اسی اسکول میں گیا تھا اور ایک روز نارنگی اور مٹھائی لے کر وہ اس اسکول سے چلا آیا تھا، سینے پر یونین جیک لگا کر دوسرے اسکول میں چلا گیا تھا، اسے بہت دنوں تک یہ واقعہ یاد رہا تھا، وہ لکھن چند سرکار، وہ چارو چندر دھر، وہ بان چاند متر اور وہ کرن کمار چٹوپادھیائے، وہ نرمل پالت! اور وہ دیپکر سین جس کا رول نمبر ایک تھا، یہ سبھی کالی گھاٹ اسکول میں پڑھتے تھے، اس کے بعد تھوڑے دنوں کے بعد ہی دھرم داس ٹرسٹ ماڈل اسکول نیپال بھٹاچاریہ اسٹریٹ میں قائم ہو گیا۔

ماں نے کہا ——— "وہ اسکول بہت دور ہے، تجھے میں قریبی اسکول میں داخل کر دوں گی۔"

دھرم داس ٹرسٹ ماڈل اسکول میں جاتے ہوئے دیپکر کو ایسا برا نہیں لگا تھا، اس کے ساتھ ہی کرن بھی نئے اسکول میں آیا تھا، اچھا ہی ہوا کہ لکھن چندر سرکار پرانے ہی اسکول میں رہ گیا، وہ نئے اسکول میں نہیں آیا تھا، سامنے میں لکھن کو دیکھتے ہی اسے خوف محسوس ہوتا تھا، کوئی بات چیت کیے بغیر دیپکر کو دیکھتے ہی لکھن اس کے سر پر چپت مار دیتا۔

کبھی ایسا ہوتا کہ دیپکر راستے پر چلا جا رہا ہے یکایک خلاف سمت سے لکھن آتا ہوا دکھائی دیتا۔

لکھن کی نگاہ سے بچنے کے لیے دینکر رستے کے بالکل کنارے کنارے چلنے لگا لیکن اتنی ہی دیر میں لکھن اس کے بالکل قریب پہنچ جاتا۔

آتے ہی کہتا ——— "کیا رے، کہاں جا رہا ہے؟"

اور کہتے کہتے اس کے سر پر ایک چپت رسید کر دیتا اور پھر آگے بڑھ جاتا۔

کبھی کبھی دینکر رو دیتا تھا، اتنے لڑکوں کے رہتے ہوئے وہ اسی کے سر پر چپت کیوں مارتا تھا! دینکر نے کیا کیا تھا؟ ہزار سوچنے کے باوجود اس کی سمجھ میں کچھ نہ آتا تھا، وہ یہ سمجھنے سے قاصر تھا کہ لکھن اس سے اتنا خفا کیوں تھا؟ کتنی ہی بار اس کی آنکھوں میں آنسو آجاتے لیکن وہ رو بھی نہیں سکتا تھا، ماں اگر دریافت کرے کہ اسے کس نے مارا ہے، کیوں مارا ہے؟ تو دینکر کیا جواب دے گا؟ کبھی کبھی اس کے جی میں آتا کہ شاید اس کے سر کے بال ترشے ہوئے نہیں ہیں اسی لیے لکھن اسے چپت مارتا ہے یا پھر میلے کپڑوں کی وجہ سے مارتا ہے لیکن نہیں، جب اس کے بال ترشے ہوئے ہوتے، جب بھی لکھن چپت مارتا، دھلے ہوئے صاف ستھرے کپڑے پہنے ہوتا، جب بھی لکھن چپت لگاتا، بعد میں اس نے سوچا تھا شاید اس کے سر پر چپت مار کر لکھن کو خوشی ہوتی ہے، وہ کسی خطا یا قصور کی بنا پر اس کے سر پر چپت نہیں لگاتا، اس کے بعد وہ اسکول سے نکل کر کالج میں داخل ہوا تھا، کالج سے نکل کر ملازمت کی تھی لیکن پھر بھی اسے لکھن سے کبھی رہائی نہ مل سکی، جیسے ساری دنیا میں اس ایک لکھن نے بہت سارے لکھن کا روپ دھار لیا ہو اور مختلف شکلوں میں پھیل گئے ہوں، جیسے لکھن کے ہاتھ سے انسان کو نجات حاصل کرنا مشکل تھا۔

اس روز نیپال بھٹیارج لین کے نکڑ پر آتے ہی دینکر نے دیکھا، مخالف سمت سے لکھن آ رہا تھا، سہ پہر ہو چکی تھی اور اس وقت راستے پر نکھے سے پانی چھڑکا جا رہا تھا، لکھن کو دیکھتے ہی دینکر کا دل خوف سے دھڑکنے لگا، اگر آج بھی لکھن اس کو مارے!

دینکر ایک طرف سرک گیا، لیکن پتہ نہیں لکھن کو کیا شرارت سوجھی کہ وہ اس کے مقابل آ گیا۔

سامنے آتے ہی لکھن نے کہا ——— "کیا رے، تو نے میرا اسکول کیوں چھوڑ دیا؟ میرے ڈر سے؟"

دینکر نے کوئی جواب نہیں دیا، سہمی سہمی نظروں سے لکھن کی آنکھوں کی طرف دیکھنے لگا۔

لکھن کا دھیان اسی طرف تھا، اس نے اپنی بات ختم کرتے ہی اس کے سر پر چپت رسید کر دی۔

روزانہ چپت کھا کھا کر دینکر قدرے ڈھیٹ ہو گیا تھا۔

اس نے کہا ——— "تو مجھے ہر روز کیوں مارتا ہے رے؟ تو مجھے ہر روز کیوں مارتا ہے؟ میں نے تیرا کیا بگاڑا ہے، بول تو؟"

لکھن کو دینکر سے اس احتجاج کی توقع نہ تھی، وہ غصہ سے تلملا اٹھا۔

بولا ——— "میں ماروں گا، میری خوشی، ماروں گا، یہ لو پھر مارتا ہوں، تو کیا کرے گا؟"

اتنا کہہ کر اس نے پھر ایک چپت جڑ دی، اس مرتبہ اس نے اور زور سے مارا۔

دیچکر ——— لیکن پھر پھرتی سے سخت چوٹ لگی، اسے دیکھ کے اس کا سر جھنجھنا اٹھا۔

اس نے کہا ——— "میں کچھ نہیں کرتا اس لیے!"

لکھن اس کے اور بھی قریب آگیا ——— "دیکھتا ہوں تیری ہمت بہت بڑھ گئی ہے، ہمت ہو گئی ہے تا ———"

اتنا کہہ کر اس نے پھر ایک چپت لگا دی اور اس کے بعد سر کے بال پکڑ کر جھٹکا دینے لگا۔

"ایک گھونسا مار کر تیری ناک توڑ دوں گا، ساری شیخی نکال دوں گا۔"

"ہا ہا رے، میں نے تیرے ساتھ کب شیخی کی ہے! پہلے تو نے ہی تو مجھے مارا ہے!"

اب لکھن نے اس کے سر پر گھونسے برسانے شروع کر دیے۔

"پھر، پھر شیخی! پھر شیخی کرو گے؟ پھر؟"

لکھن ایک جگہ رہتا اور ایک گھونسا مارتا! دیچکر کو سر اٹھانے کی بھی مہلت نہیں دے رہا تھا، دائیں، بائیں، سامنے، پیچھے اور منہ پر وہ متواتر مارے جا رہا تھا! دیچکر کی آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا گیا، اس کا سر چکرانے لگا۔

وہ مارتا جاتا تھا اور کہتا جاتا ——— "شیخی بگھارتے ہو تو؟ تجھے اس شیخی کا مزا بھی چکھاتا ہوں۔"

اپنا سر بچانے کے لیے وہ جوں ہی پلٹا، اس کا توازن بگڑ گیا اور دھڑام سے سڑک پر گر پڑا، اب لکھن کو اور بھی آسانی ہو گئی، وہ دیچکر کے کان پر، منہ پر، سر پر متواتر گھونسے، تھپڑ اور ٹھونکے لگانے لگا۔ دیچکر کو ایسا محسوس ہوا جیسے اب وہ زندہ نہیں بچے گا، جیسے لکھن اسے جان سے مار ڈالے گا، اس کی جان لے کر ہی چھوڑے گا اور اگر اس دن لکھن کے ظلم سے اس کی جان نکل جاتی تو دنیا کی بہت ساری باتیں وہ اپنی آنکھوں سے نہ دیکھ سکتا، شاید اسے بہت سارے روح فرسا تجربات سے بھی نجات مل جاتی، بہت ساری تکلیفوں کے جھیلنے سے بچ جاتا! اگر ایسا ہوتا تو ستی کو کیسے دیکھ سکتا اور اگر ستی کو نہ دیکھ پاتا تو اس کی زندگی رائیگاں ہو جاتی!

لکھن کی مار کھاتے کھاتے جب دیچکر بے دم ہو گیا تھا تو یکایک ایک عجیب واقعہ پیش آیا۔

اسے محسوس ہوا جیسے کوئی اس کے قریب آکر کھڑا ہو گیا ہو۔

اس نے کسی طرح نظر اٹھا کر دیکھا، سامنے لکھی دیدی کھڑی تھی۔

اسکول کی گاڑی سے اتر کر لکھی دیدی گلی کے اندر جا ہی رہی تھی کہ اس کی نظر ان دونوں پر پڑ گئی تھی، اس نے آتے ہی لکھن کے سر کے بال پکڑ کر ایک جھٹکا دیا اور اس کے ساتھ ہی بغیر کچھ کہے سنے ایک زناٹے دار تھپڑ اس کے گال پر جڑ دیا تھا۔

لکھن ایک دم گھبرا سا گیا تھا، تھپڑ کھاتے ہی وہ زمین پر جھک گیا لیکن لکھی دیدی پھر بھی چھوڑنے والی نہیں تھی، وہ لکھن کے کان پر، سر پر، پیٹھ پر دادم تھپڑ مارنے لگی۔

"اے اسٹوپڈ، تو اسے کیوں مار رہا تھا؟ تو نے اسے کیوں مارا؟"

اس کے بعد پھر تھپڑ اور گھونسے سے اس کی مرمت کرنے لگی، لکھی دیدی بڑی طاقتور تھی، اس نے اپنی سکت بھر

سڑک پر ڈال دیں اور اس کے بعد اچھی طرح لکھی کی مرمت کر دی، لکھی کی اس وقت عجیب حالت تھی، وہ نہ تو لکھی دیدی کو مار سکتا تھا اور بھاگ سکتا تھا، خلاف توقع مار کھا کر جیسے وہ بوکھلا گیا تھا، اتنی دیر میں دینکر اٹھ کر کھڑا ہو گیا اور دور سے اس حادثہ کو دیکھنے لگا، اس نے سوچا، ٹھیک ہوا، اچھا ہوا، اتنے دن کے بعد آج لکھی کی شکست ہوئی تھی، آج پہلی بار لکھی زیر ہوا تھا، جیسا اس کو مارتا تھا ویسا ہی اس کو مار پڑ رہا ہے۔

دیر تک اس کی مرمت کرنے کے بعد لکھی دیدی نے کہا ـــــ "اگر اب کبھی تو نے اسے مارا تو تیری آنکھ نکال لوں گی، بھاگ یہاں سے ـــــ جا۔"

اتنی دیر میں دینکر کی ہمت کافی بڑھ گئی۔

لکھی سہما سہما اٹھا اور جسم پر لپٹی ہوئی دھول جھاڑتا ہوا سیدھا مخالف سمت چلا گیا۔

اس کے بعد لکھی دیدی نے راستے پر پڑی ہوئی اپنی کتابیں اٹھالیں۔

دینکر نے قریب جا کر کہا ـــــ "وہ مجھے ہر روز مارتا ہے لکھی دیدی، روز مجھے اسی طرح مارتا ہے، میں اس کا کچھ بھی نہیں بگاڑتا پھر بھی بلاوجہ مجھے مارتا ہے۔"

لکھی دیدی کا چہرہ غصہ سے تمتمایا ہوا تھا۔

دینکر نے کہا ـــــ "لکھی دیدی تم نے اچھا کیا جو اسے پیٹ دیا، مجھے بلاوجہ ہر روز مارتا ہے۔"

لکھی دیدی نے یکایک اس کا کان پکڑ کر اس کے سر پر کئی تھپڑ لگائے۔

"اسٹوپڈ کہیں کا، وہ تجھے ہر روز مارتا ہے اور تو چپکے سے مار کھا لیتا ہے، تو اسے پیٹ نہیں سکتا؟ تیرے بدن میں طاقت نہیں؟ اسٹوپڈ گدھا کہیں کا، احمق کی طرح مجھ سے کہتا ہے کہ وہ تجھے روز مارتا ہے ـــــ میں تجھے بھی پیٹوں گی۔"

اتنا کہہ کر لکھی دیدی نے اسے پھر مارنا شروع کیا۔

دینکر کی آنکھوں سے سچ مچ آنسو بہ نکلے، اتنی دیر تک لکھی سے مار کھا کر جو کچھ نہیں ہوا تھا لکھی دیدی کے ہاتھ سے مار کھا کر دینکر کو اس سے زیادہ تکلیف ہوئی۔

دینکر نے دونوں ہاتھ سر پر رکھ کر کہا ـــــ "اب مت مارو لکھی دیدی، اب ایسا نہیں کروں گا، اب ایسا نہیں کروں گا۔"

لکھی دیدی اس وقت اپنے آپے میں نہیں تھی، وہ اور بھی زور زور سے اس کے سر پر مارنے لگی ـــــ "میں تمہارا پیچھا چھوڑ دوں گی اسٹوپڈ کہیں کا، دوسروں کی مار کھا کر تمہیں صرف رونا آتا ہے، روتے ہوئے تمہیں شرم نہیں آتی ـــــ رو رہا ہے ـــــ"

اس کے بعد مکان کے قریب آ کر لکھی دیدی بولی ـــــ "جاؤ، گھر جاؤ، پھر کبھی نہیں روؤ گے سمجھے، پھر مرد بنے چلے ـــــ"

اتنا کہہ کر اس نے دھکیل دیا اور چوڑیاں بجاتی ہوئی گھر کے اندر چلی گئی۔

رات کے وقت جب وہ پڑھنے کے لیے بیٹھا تو اس کا دل پڑھائی میں بالکل ہی نہیں لگا۔ دیگھور داد کے صندوق سے ٹیک لگا کر تاریخ کی کتاب سامنے رکھے ہوئے وہ بڑی دیر تک پڑھنے کی کوشش کرتا رہا، لیکن اس کی دونوں آنکھیں نیند سے بند ہو جاتی محسوس ہوئیں۔ اس نے سوچا، یہ لوگ اس مکان میں کیوں آتے ہیں؟ یہ کرایہ دار یہاں کیوں آتے! یہ لڑکی اُسے مارتی رہتی ہے اس سے پہلے جو کرایہ دار تھے وہ تو اس کی طرف دیکھتے بھی نہیں تھے، چنونی ان لوگوں کو گالی دیتی تھی، اچھا کرتی تھی، ان لوگوں کو بھی گالی دیتی تو اچھا ہوتا! یہ لوگ بھی اس مکان میں نہیں رہتے، یہاں سے کسی دوسری جگہ چلے جاتے! چلے ہی جاتے تو اچھا ہے، بڑے ناچنے والی ہیں! اس طرح تو خود دیپکر بھی ناچ سکتا ہے، آئینے کے سامنے کھڑے ہو کر اس طرح تھئی تھئی ہر کوئی ناچ سکتا ہے، ہاں کا خواب ہی ٹھیک تھا ——— بھالو کا خواب ہی صحیح تھا، یہ بھی بھالو ہی کی طرح ناچتی ہے۔ پتھر پٹی میں بہت سے مداری بھالو ناچ دکھانے آتے ہیں، مداری ڈگڈگی بجاتا ہے اور بھالو ناچتا ہے۔ اور چہرہ؟ چہرہ بھی کون بہت اچھا ہے، بڑی خوبصورت ہے، اس سے کہیں زیادہ خوبصورت تو نتی دیدی ہے، لیکن نتی دیدی تو کبھی اس کو کچھ نہیں کہتی اور ویسا پڑھنا لکھنا کس کو نہیں آتا، دس روپیہ اسکالرشپ ملتا ہے، اگر میم صاحب کے اسکول میں نتی دیدی پڑھتی تو اُسے بھی اسکالرشپ ملتا۔

ماں کسی کام سے کمرے میں آئی تھی۔

دیپکر نے پکارا ——— "ماں!"

ماں نے کہا ——— "کیا کہتے ہو؟ ———"

دیپکر بولا ——— "چنونی آج کل گالی کیوں نہیں بکتی ہے؟"

ماں شاید بے حد مشغول تھی، اس کی بات سن کر بیزار سی ہو گئی، بولی ——— "تمہاری ساری باتیں واہیات ہوتی ہیں، وہ کیوں گالی بکے گی، کس کو گالی دے گی؟"

دیپکر نے کہا ——— "یہ جو نئے کرایہ دار آئے ہیں، چنونی ان کو گالی کیوں نہیں دیتی؟ گالی دیتی تو یہ لوگ بھی یہاں سے چلے جاتے ———"

"میں تمہارے ساتھ بک بک نہیں کر سکتی بابو۔"

اتنا کہہ کر ماں چلی گئی، دیپکر پھر تاریخ کی کتاب پڑھنے کی کوشش کرے گا۔ کہیں کا ایک سکندر کہیں کے ایک پورس کو گرفتار کر کے لے گیا تھا، اس کی کہانی پڑھنے سے کیا فائدہ ہوگا کون جانے! اس دن کوئی بھی ششانک بابو کی کلاس میں سبق نہ بتا سکا تھا، ششانک بابو بڑی سنجیدہ طبیعت کے آدمی تھے وہ پران متھ بابو جیسے نہیں تھے، دیپکر کا سب سے زیادہ متھ بابو کی کلاس میں دل لگتا۔

پران متھ بابو کلاس کرتے ہوئے بہت ساری کہانیاں سنایا کرتے تھے۔

اس روز پران متھ بابو نے کلاس میں آتے ہی پوچھا ——— "آج تم لوگوں کو کہاں سے پڑھنا ہے؟"

مانیٹر دیکھ اُٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ "سکندر اور پورس سر" اس نے جواب دیا۔
پران متھ بابو نے کتاب بند کر کے ایک طرف رکھ دی، پوچھا ——— "بولو تو پورس کون تھا؟"
پھٹک نے جواب دیا ——— "ایک راجہ تھا سر"
پران متھ بابو نے کہا ——— "خوب، خوب، لیکن راجہ کے معنی کیا ہیں؟ تم بتا سکتے ہو؟"
اُنھوں نے کرن کی طرف اُنگلی سے اشارا کیا۔
"تم؟ تم؟ تم؟"
یکے بعد دیگرے اُنھوں نے کئی لڑکوں سے پوچھا مگر کوئی جواب نہ دے سکا، راجہ کے معنی راجہ! راجہ کے معنی اور کیا ہوں گے
اس روز کوئی بھی اس آسان سوال کا جواب نہ دے سکا، سبھی پران متھ بابو کی طرف مُنہ کھولے تکتے رہے۔
پران متھ بابو نے کہا ——— "راجہ کے معنی تم لوگ نہیں جانتے تو اس میں شرمانے کی ایسی کوئی بات نہیں، راجہ کے معنی بہت سے لوگ نہیں جانتے، بہت سے راجہ بھی نہیں جانتے ——— تو پھر سُنو ———"
اس کے بعد ڈبہ سے پان نکال کر مُنہ میں رکھ لیا اور بولے ——— "ایک وقت ایسا تھا جب دُنیا میں کوئی راجہ نہیں تھا راجہ بھی نہیں تھا، سزا بھی نہیں تھی، سزا دینے والے بھی نہیں تھے! جس کے معنی یہ ہوئے کہ سبھی لوگ ایک دُوسرے سے محبت کرتے تھے! جب سبھی لوگ ایک دُوسرے سے محبت کرتے ہوں تو نہ سزا کی ضرورت رہتی ہے نہ سزا دینے والے کی، لیکن یہ حالت زیادہ دنوں تک قائم نہ رہی، آہستہ آہستہ کشش نے جنم لیا ——— یعنی آہستہ آہستہ مذہب دُنیا سے غائب ہونے لگا، مذہب ناپید ہونے ہی والا تھا کہ دیوتاؤں کو خوف محسوس ہوا، کوئی پوجا نہیں کرے گا، یگ نہیں دے گا اور یگ میں آہوتی نہیں دی جائے گی تو دیوتا کھائیں گے کیا؟ سبھی دیوتا برہما کے پاس گئے اور برہما کے پاس جا کر بولے کہ اب کون سی تدبیر کی جائے؟ تب برہما نے رشیوں سے کہہ کر ایک راجہ تیار کرایا، راجہ کا نام پرتھو پڑا اور یہ پرتھو ہی دُنیا کے راجہ ہو گئے، وہ وشنو کے اوتار تھے، ان کے راجہ ہونے کے بعد پھر پوجا ہونے لگی، یگ دیا جانے لگا اور مذہب پھر لوٹ آیا، وہ اپنی رعایا کو خوش رکھتے تھے اسی لیے چاروں طرف ان کی تعریف ہونے لگی، وہ رعایا کو رنجن کرتے یعنی خوش رکھتے تھے، اسی لیے لفظ رنجن سے راجہ کا نام تخلیق ہوا۔"
اس کے بعد سنبھل کر بیٹھتے ہوئے اُنھوں نے پوچھا ——— "اب تو سمجھ گئے، راجہ کس کو کہتے ہیں؟"
تمام لڑکے یک زبان ہو کر بولے ——— "سمجھ گئے سر۔"
"لیکن سبھی راجہ پرتھو راجہ کی طرح اچھے راجہ نہیں ہوتے، ایسے راجہ بھی ہیں جو رعایا کو خوش نہیں رکھتے، رعایا کو کھانے پینے کی سہولتیں نہیں دیتے، ہمارے دیش کے شاعر اعظم رابندر ناتھ ٹیگور کا نام تم لوگوں نے سُنا ہے!"
سبھی خاموشی سے پران متھ بابو کو تکتے رہے۔
کرن یکایک درمیان میں بول اُٹھا ——— "سر، سی۔ آر۔ داس جب راجہ ہوں گے تو بہت اچھے راجہ ثابت ہوں گے۔"

"سی۔ آر۔ داس راجہ ہوں گے؟"

پران ناتھ بابو نے حیرت سے کرن کی طرف دیکھا۔

انھوں نے پوچھا ——— "تم سے کس نے کہا؟"

کرن نے جواب دیا ——— "ایک سادھو بولا ہے سر۔"

"کون سادھو ہے؟"

"اصلی سادھو ہے سر، اصلی ہمالیہ کا سادھو، بولا ہے کہ جب ملک آزاد ہوگا تو سی۔ آر۔ داس راجہ ہوں گے اور میرے بابا کی بیماری اچھی ہو جائے گی اور ہمارے ملک میں سبھوں کی حالت بہتر ہو جائے گی اور ہم لوگ عمدہ عمدہ چیز کھائیں گے، دہی، راجڑی، سندیش، راج بھوگ۔"

پران ناتھ بابو مسکرائے، ان کے لبوں پر ایک پھیکی سی مسکراہٹ پھیل گئی۔

انھوں نے کہا ——— "ملک آزاد ہونے کے بعد ملک کے لوگوں کی حالت سدھر جائے گی یہ بات سادھو کے بتلانے کی نہیں، خیر جانے دو، میں کہہ رہا تھا کہ رابندر ناتھ ٹیگور کی ایک کتاب ہے جس کا نام ہے "راجہ رانی"۔ بڑے ہونے کے بعد تم لوگ وہ کتاب ضرور پڑھو، رابندر ناتھ ٹیگور ہمارے ملک کے ایک بہت بڑے شاعر ہیں، تم لوگ دیکھو گے، ایک روز ان کی تصویر ہر گھر میں دکھائی جائے گی، لیکن تم لوگوں نے تو ان کا نام بھی نہیں سنا ہے؟"

دیلیپ یکایک اٹھ کر کھڑا ہو گیا، بولا ——— "میں نے روبی ٹھاکر کو دیکھا ہے سر۔"

"تم نے انھیں دیکھا ہے؟ کہاں دیکھا ہے؟"

دیلیپ نے جواب دیا ——— "کالی مندر میں سر۔"

"کالی مندر میں؟"

"ہاں سر۔ مندر میں بکرے کی قربانی دیتے وقت ———"

اُسے آج بھی یاد تھا، وہ ہر روز صبح سے پھول چن کر مندر میں لے آتا تھا، کنڈو پوکھر کے کنارے سے جا کر ماں کالی، بھوبنیشور، گنیش اور دوسرے مندروں کے دیوتاؤں کے لیے پھول لے آتا تھا، کبھی کبھی ماں بھی اس کے ساتھ ہوتی، ماں پرنام کرتی، ماں کی دیکھا دیکھی دیلیپ بھی پرنام کرتا، پرنام کر کے اُسے کیا فائدہ اور کیا نقصان ہوا اُسے یاد نہیں تھا، لیکن ان دنوں پرنام کرنا اس کی عادت سی ہو گئی تھی۔

ایک روز ماں نے اس سے پوچھا تھا ——— "وہ دیکھو، وہ کون ہیں بتاؤ تو؟"

دیلیپ نے دیکھا تھا ایک عمر شخص جس کی لمبی لمبی سفید داڑھی تھی، ماں کے مندر اور ناٹو مندر کے درمیان راستے پر کھڑے ہوئے ٹکٹکی لگائے پرتیما کو دیکھ رہے تھے، انھوں نے اپنے سینے پر دونوں ہاتھ باندھ رکھے تھے، اور ان کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔

"وہ کون ہے ماں؟"

وہ گرد و پیش سے بے خبر کھڑے تھے، ان کے ساتھ چند لڑکے اور لڑکیاں تھیں، وہ سب بھی دیوتا کی طرف دیکھ رہے ان کے چہرے کتنے خوبصورت تھے، ان کے لباس کتنے خوبصورت تھے، وہ سب مورتیوں کی طرح دکھائی دے رہے تھے۔

ماں اسی طرف دیکھ رہی تھی۔

"وہ کون ہے ماں؟"

ماں نے جواب دیا ——— "ان کا نام روبی ٹھاکر ہے۔"

"روبی ٹھاکر کون ہے ماں؟"

"بہت اچھی اچھی نظمیں لکھتے ہیں۔"

صبح کا وقت تھا، اس وقت مندر میں بھیڑ نہیں تھی، اس روز رابندر ناتھ کو وہاں کسی نے بھی نہیں پہچانا تھا، لیکن ماں پہچان لی، ماں بہت عقلمند تھی، اگر بابا مارے نہ گئے ہوتے تو ماں اور بھی بہت کچھ جان سکتی، پھر ماں کو اگھور داد کا کھانا پکانا نہ پڑتا اور ماں کے ساتھ وہ بھی اسی طرف دیکھنے لگا تھا۔

"دیپو بابو!"

یکایک اپنا نام سن کر دینکر چونک اٹھا، تاریخ کی کتاب بند کر کے جب وہ کمرے سے باہر آیا تو حیران رہ گیا، رگھو، لکھی دیدی کا ملازم رگھو کھڑا تھا!

رگھو نے کہا ——— "تمہیں کاکا بابو بلا رہے ہیں دیپو بابو۔"

دینکر کی آنکھوں کے حلقے حیرت سے پھیل گئے۔

اس نے پوچھا ——— "مجھے؟ مجھے کیوں بلا رہے ہیں؟"

رگھو نے جواب دیا ——— "کاکا بابو ابھی دفتر سے لوٹے ہیں، لکھی دیدی بولیں کہ سامنے کے گھر سے دیپو بابو کو بلا کر لاؤ ———"

دینکر کچھ سوچنے لگا۔ اسے پھر کیوں بلا رہی ہے! پھر مارے گئی کیا اس نے کیا قصور کیا ہے! لکھی دیدی ہی کا تو قصور ہے! لکھی دیدی ہی نے تو اسے مارا ہے، لگاتار دو دن مارا ہے، پھر بھی دینکر کچھ نہیں بولا ہے اور نہ کبھی بولے گا، چودہ سال تک دینکر کچھ نہیں بولے گا، کسی سے کچھ نہیں کہے گا! چودہ سال تک اور چودہ سال میں سے ایک سال تو گزر ہی چکا ہے۔

پران متھ بابو نے کہا تھا ——— "اگر چودہ سال تک تم لوگ سچ بولو گے تو ایک دن تمہاری زبان سے جو بات بھی نکلے گی وہ سچ ہو جائے گی، جو بولو گے وہی ہو گا ———"

مدھوسودن نے پوچھا تھا ——— "سر، اگر میں کہوں کہ میں راجہ بنوں گا؟"

"وہی ہو گا۔" پران متھ بابو نے جواب دیا تھا ——— "راجہ ہی بنو گے، لیکن چودہ سال تک مسلسل، متواتر، لگاتار سچ بولنا پڑے گا،

ایک بات بھی جھوٹ نہیں بولنا پڑے گا ——"

کرن نے پوچھا تھا ——"سر، اگر میں کہوں کہ میرے بابا کی بیماری اچھی ہو جائے گی"

"ہاں، وہی ہوگا!"

"اگر میں کہوں کہ میں بہت بڑی عمارت کا مالک بن جاؤں"

"وہی ہوگا، جو چاہو گے وہی ہوگا ——"

اور اسی دن سے کرن اور دیپکر نے طے کیا تھا کہ وہ دونوں چودہ سال تک سچ بولیں گے، ایک بات بھی جھوٹ نہیں بولیں گے۔ لیکن کرن اپنے عہد پر قائم نہ رہ سکا تھا، اس نے بھیک کے پیسے چوری کر کے بنکر کی دکان سے آلو چاپ اور بیگنی خرید کر کھایا تھا اور گھر میں نہیں کہا تھا۔

رگھو نے کہا ——"چلو دیپو بابو ——"

دیپکر سوچ رہا تھا کہ وہ ایکبار ماں سے پوچھ لے، آنگن سے ہوتے ہوئے وہ باورچی خانے کی طرف جاتے جاتے رک گیا، ضرورت نہیں، ماں اس سے بہت ساری باتیں پوچھنے لگے گی اس سے بہتر ہے کہ وہ واپس آکر ہی سب کچھ بتا دے گا۔

دیپکر نے پوچھا ——"کیوں بلایا ہے، تجھے کچھ معلوم ہے؟"

رگھو نے جواب دیا ——"میں نہیں جانتا ——"

آنگن طے کر کے باہر کے راستے سے ان کے مکان میں داخل ہونے کا دروازہ تھا۔ رگھو آگے آگے چل رہا تھا اور دیپکر اس کے پیچھے تھا۔ ان لوگوں کے صحن کی دہلیز پر چڑھتے ہی زینہ شروع ہو جاتا تھا، زینے سے اوپر چڑھتے ہی دائیں طرف بیٹھک خانہ تھا، کمرے میں ایک طرف کاکا بابو بیٹھے ہوئے تھے اور ان کے قریب ہی کھمی دیدی تھی اور مخالف سمت میں کاکی ماں تھیں۔

"کیوں دیپو بابو، آج راستے میں تمہارے ساتھ کیا ہوا تھا؟"

دیپکر نے ایک بار کھمی دیدی کی طرف دیکھا، کھمی دیدی ہونٹ دبائے مسکرا رہی تھی۔

"بیٹھو، پہلے تم اس کرسی پر بیٹھو! اب بتاؤ تو کیا ہوا تھا! سچ بولو گے، ایک بات بھی جھوٹ نہیں بولو گے"

دیپکر نے بڑی سنجیدگی سے جواب دیا ——"میں جھوٹ نہیں بولتا، ایک سال سے میں نے سچ کے سوا کبھی جھوٹ نہیں بولا ——"

"ایک سال سے سچ بولتے آ رہے ہو؟ جھوٹ بالکل ہی نہیں بولے؟"

"نہیں، میں اور بھی تیرہ سال تک مسلسل سچ بولوں گا!"

اس کی بات سن کر کاکا بابو حیران ہو گئے، کاکی ماں نے بھی مسکراتے ہوئے کاکا بابو کی طرف دیکھا۔ بولیں ——"او ماں، خوب لڑکا ہے!"

کھمی دیدی نے اسے چھیڑا ——"ایکے بارے ستو بادی جو دھشٹ آمادیر ——"

کاکا بابو نے لکھی دیدی کو منع کیا۔

بولے ——— تم چپ رہو لکھی، اب بتاؤ تو تیرہ سال تک کیوں سچ بولو گے؟"

دینکر نے جواب دیا ——— "میرے ہیڈ ماسٹر کہتے ہیں کہ اگر چودہ سال تک کوئی مسلسل سچ بولے تو اس کے بعد اس کی زبان سے جو بات نکلے گی، سچ ہو جائے گی۔"

اس کی بات سن کر کاکا بابو ہنسنے لگے، کاکی ماں ہنسنے لگیں اور لکھی دیدی بھی ہنس پڑی۔

کاکا بابو نے کہا ——— "اور تم نے اسے سچ سمجھ کر یقین کر لیا؟"

ان دنوں وہ کتنا نیک، کتنا سیدھا اور کتنا معصوم تھا، کبھی کبھی دینکر کو ایسا محسوس ہوتا جیسے وہ زمانہ اچھا تھا، جو کوئی اس سے جو کچھ کہتا وہ یقین کر لیتا تھا، اس نے یقین کر لیا تھا کہ کرن کے بابا کی بیماری اچھی ہو جائے گی، یقین کر لیا تھا کہ کوڑی سے ہر چیز خریدی جا سکتی ہے، یقین کر لیا تھا کہ سی۔ آر۔ داس ایک دن راجہ ہوں گے اور اس نے یہ بھی یقین کر لیا تھا کہ اگر چودہ سال تک سچ بولا جائے تو جو بات بھی زبان سے نکلے گی وہ سچ ہو جائے گی ——— اس کے علاوہ بھی بہت ساری باتیں تھیں جنھیں دینکر نے یقین کر لیا تھا! آج اتنے دنوں بعد اب اسے احساس ہوا تھا کہ دنیا کا یقین کر لینا ہی بہتر ہے، تو کیا یقین کر کے آخر کار اسے کچھ بھی نہیں ملا؟ اور اس نے یقین کر لیا تھا اسی لیے کیا اس کا سب کچھ کھو گیا؟

کاکا بابو نے پوچھا ——— "راستے میں جو لڑکا تمھیں مارتا ہے، وہ کون ہے؟"

"وہ پہلے میرے ہی اسکول میں پڑھتا تھا۔" دینکر نے جواب دیا۔

"تمھیں کیوں مارتا ہے؟"

"یہ میں نہیں جانتا، میرے ہات میں جو کچھ ہوگا وہ چھین لے گا اور کچھ نہ بولنے پر بھی مارتا ہے۔"

"اسی لیے آج میں نے اسے خوب پیٹا ہے کاکا بابو۔" لکھی دیدی بولی ——— "یہ خاموشی سے مار کیوں کھائے؟ یہ نہیں مار سکتا؟ اس کے بدن میں طاقت نہیں ہے؟"

دینکر نے کہا ——— "ابھی وہ جتنا چاہے مجھے مارے، ایک دن میں اس کا بدلہ چکا دوں گا کاکا بابو۔"

کاکا بابو نے پوچھا ——— "وہ کیسے؟"

"میں غریب ہوں اس لیے وہ مجھے مارتا ہے۔" دینکر نے جواب دیا ——— "میں جب بڑا آدمی بن جاؤں گا تو وہ نہیں مارے گا، جب میرے پاس بہت سارا روپیہ ہو جائے گا تو وہ مجھے نہیں مارے گا۔"

"کیوں؟"

دینکر نے کہا ——— "اگھور دادو کہتے ہیں کہ روپے سے سب کچھ خریدا جا سکتا ہے، روپے سے ہر چیز خریدی جا سکتی ہے۔"

کاکی ماں نے کہا ——— "لڑکا تو بہت عقل مند ہے!"

دیکھنے کہا ——— "انگور دادو نے تجھ سے کہا ہے کہ اگر میرے پاس روپیہ ہو تو میں اپنی پسند کی ہر چیز خرید سکتا ہوں؟ اس وقت یہ کھن بھی میری خوشامد کرے گا۔"

کاکا بابو اتنی دیر تک ہنس رہے تھے، بولے ——— "یہ سب غلط ہے دیپو بابو! انگور دادو نے تمہیں غلط سکھایا ہے، روپے سے ہر چیز خریدی نہیں جا سکتی، جب تم بڑے ہو گے تو سمجھ لو گے، دنیا میں روپیہ ہی بڑی چیز نہیں ہے۔"

"لیکن انگور دادو نے جو کہا ہے؟ انگور دادو بھی تو بہت بڑے آدمی ہیں ———"

کاکا بابو نے کہا ——— "بڈھے ہونے ہی سے کیا سبھی بڑے ہوتے ہیں؟ بہت سے لوگ بڑھاپے میں بھی بچے ہی رہتے ہیں، تمہارے انگور دادو بھی شاید اسی قسم کے ہیں، ملازمت کرنے سے پہلے میرا بھی یہی خیال تھا کہ بھونیشور بابو ہی کو سب کچھ ہے! پھر بھونیشور بابو نے مجھے بتایا تھا کہ ایک روز وہ برما کی سڑکوں پر مارے مارے پھرتے تھے، جیب میں ایک پیسہ بھی نہیں تھا، کوئی شناسا بھی نہ تھا، وہ گھر سے اپنی قسمت سنوارنے نکلے تھے ———"

یہ کہانی بعد میں دیپکر نے تفصیل سے سنی تھی۔

ستی نے ایک روز بتایا تھا ——— ہوڑہ ضلع کے ایک دور افتادہ گاؤں کا ایک لڑکا، جس کا نام بھونیشور متر تھا اور جو والدین کا اکلوتا لڑکا تھا اور جس کی تعلیم روپے کی کمی کی وجہ سے ادھوری رہ گئی تھی، ایک روز گھر سے فرار ہو گیا تھا، فرار ہو کر وہ کہاں چلا گیا، یہ کسی کو معلوم نہ تھا، اس کے ہاتھ میں ایک پیسہ بھی نہ تھا، ایک پھوٹی کوڑی بھی نہ تھی، ان دنوں خضر پور میں جیٹی بن رہی تھی، جیٹی میں جہاز اور آگبوٹ کی بھیڑ لگی رہتی، وہیں کسی خلاصی سے دوستی کر کے وہ سیدھا برما چلا گیا تھا یعنی لوگوں کے ملک میں جا پہنچا تھا۔

کاکا بابو نے کہا ——— "میں نے جب پہلی بار ملازمت اختیار کی، میرے لیے وہ جگہ بالکل نئی تھی، میں زندگی میں کبھی وہاں نہیں گیا تھا، کسی ایک بنگالی کا چہرہ بھی دیکھنے کو ترس گیا تھا، یکایک میری ملاقات بھونیشور بابو سے ہو گئی ——— میں نے دیکھا، شہر سے سات میل دور جنگل میں ایک لکڑی کا گودام تھا، بڑے بڑے آرے چلتے رہتے، ہر وقت کام ہوتا رہتا، برمی قلی دن رات کام میں جتے رہتے، میں نے سوچا، کسی انگریز کی کمپنی ہو گی، انگریز نہ ہو تو کوئی پنجابی یا مدراسی وغیرہ ہو گا، لیکن سائن بورڈ پر نگاہ پڑتے ہی میں حیران رہ گیا، میں نے دیکھا، جلی حرفوں میں لکھا تھا، 'پروپرائٹر' بی متر! — بنگالی اور وہ بھی اتنی دور!

اس وقت تک بھونیشور بابو سے میری ملاقات نہیں ہوئی تھی، بنگالی دیکھ کر ان سے ملاقات کرنے کی خواہش ہوئی۔

مجھے دیکھ کر انھیں بھی سخت حیرت ہوئی اور انھیں دیکھ کر مجھے بھی!

بھونیشور بابو نے کہا ——— "شادی کر لیجیے جناب، وطن چھوڑ کر اتنی دور چلے آئے ہیں تو یہی کرنا چاہیے تھا ———"

میں نے کہا ——— "پندرہ روپیہ میری تنخواہ ہے، پانچ روپے اوورسیز الاؤنس ہے، اتنے روپے میں خانہ داری کیسے چلے گی؟"

بھونیشور بابو نے کہا ——— "اس کے ساتھ رشوت کے روپے جوڑ دیجیے، دیکھیے گا بڑے آرام سے بسر ہو گی

اس کے بعد میں تمھاری کاکی ماں کو بھی لے گیا۔

کھمی دیدی نے پوچھا ــــــ "میں اس وقت پیدا ہو چکی تھی کاکا بابو؟"

کاکا بابو نے جواب دیا ــــــ "اس وقت تو ننھی سی بچی تھی، میں تمھیں گود میں لے کر گھومتا رہتا تھا ــــــ"

"اور ستی؟"

"ستی اس وقت کہاں تھی، وہ تو ابھی اسی دن پیدا ہوئی تھی، برسات کا موسم تھا، رم جھم رم جھم بارش ہو رہی تھی، میں دفتر کا کام ختم کر کے گھر لوٹا تھا اور اس وقت رات کے تقریباً گیارہ بجے تھے، بتی گل کر کے سویا ہی تھا کہ ٹیلیفون کی گھنٹی بج اٹھی، ایک انکوائری کرتے کرتے اس دن اتنی رات ہو گئی تھی۔ میں نے سوچا، اتنی رات گئے کون ٹیلیفون کر سکتا ہے، ریسیور کان سے لگانے کے بعد معلوم ہوا، بھوبنیشور بابو تھے ــــــ"

میں نے پوچھا ــــــ "کیا معاملہ ہے، اچانک کیا ہوا دادا؟"

ادھر سے بھوبنیشور کی آواز آئی ــــــ "تمھیں ایک خوش خبری سنانی ہے، میرے یہاں بچی پیدا ہوئی ہے۔"

میں تو جیسے اچھل پڑا، پوچھا ــــــ "کب؟"

"ابھی ــــــ!"

میں نے کہا ــــــ "پھر سندیش کھلائیے دادا، ایک نہیں اب دو بچیاں ہو گئیں، اس کا نام ستی رکھیے، بڑی کا نام لکھی ہے اور چھوٹی کا نام ستی ہے، دونوں مل کر ستی لکھی بن کر رہیں گی۔"

کاکی ماں کو مخاطب کر کے کاکا بابو نے پوچھا ــــــ "اے جی، تمھیں یاد ہیں وہ سب باتیں؟"

کاکی ماں نے جواب دیا ــــــ "یاد کیسے نہ رہے گا بھلا؟ تم اتنی رات ہی کو پھر چلے گئے تھے۔"

کاکا بابو نے کہا ــــــ "ہاں تو میں کہہ رہا تھا کہ ملازمت کرنے سے پہلے میرا بھی یہی خیال تھا کہ روپے سے ہر چیز خریدی جا سکتی ہے، لیکن بھوبنیشور سے ملاقات ہونے کے بعد میرا یہ خیال بدل گیا۔ ان دنوں تمھاری کاکی ماں کو ساتھ لے کر گیا ہی تھا کہ یکایک ماں کی بیماری پھیلی اور میں اس کی لپیٹ میں آ گیا، بڑی خطرناک بیماری تھی، گھر کے تمام نوکر چاکر بھاگ کھڑے ہوئے، ایک آدمی بھی تیمارداری کے لیے نہ تھا، تمھاری کاکی ماں بھی بالکل اجنبی تھی، کسی کو پہچانتی تک نہ تھی، میں تو بے ہوشی کے عالم میں بے سدھ پڑا ہوا موت کی گھڑیاں گن رہا تھا، سوچا، زندگی کا سفر اسی غیر ملک کی زمین پر تمام ہوگا۔

"لیکن نہ جانے کہاں کے رہنے والے بھوبنیشور بابو، جن سے سات پشت تک میری کوئی رشتہ داری نہ تھی، لکھ پتی آدمی، اس خبر کے پاتے ہی دوڑے ہوئے میرے پاس آئے اور اس کے بعد ڈاکٹر اور دوا کی فکر سے میں آزاد ہو گیا، جس دن وہ میرے پاس آئے تھے اس دن سے لے کر اس وقت تک، جب تک میں بالکل صحت یاب نہ ہو گیا، وہ میرے ہی پاس رہے، وہ لکھ پتی آدمی اپنا تمام کاروبار چھوڑ کر صرف میری ہی تیمارداری کرتا رہا! ایسا کون کرتا ہے؟ مجھے صحت یاب کرنے میں ان کی کونسی غرض پوشیدہ تھی؟ ان کے ساتھ میرا کون سا رشتہ تھا! میں ان کا کون تھا جس کے لیے انھوں نے اتنا کچھ کیا؟ اپنا روپیہ، اپنا وقت اور اپنے آدمی

دے کر انھوں نے مجھے صحت یاب کیا ——— انھوں نے ایسا کیوں کیا؟"

اس کے بعد دینکر کی طرف دیکھ کر بولے ——— "اس سے کہو، روپے سے دُنیا میں بہت کچھ ہوتا ہے لیکن بھوپیندر بابو کی دینداری، وہ دیکھ بھال کیا روپے سے پرکھنے کی چیز ہے؟"

لکھی دیدی نے بھی کوئی جواب نہ دیا، کاکی ماں بھی کچھ نہ بولیں، اور دینکر بھی خاموش رہا۔

کاکا بابو نے کہا ——— "اور جیلا پیسے ہے ویسی ہی لڑکی بھی ہے، میں نے بھوپیندر بابو کو سمجھایا تھا لڑکیاں ہوئیں تو کیا ہوا، انھیں کو اگر اچھی تعلیم دی جائے تو یہی لڑکیاں لڑکوں سے بہتر ثابت ہوں گی۔ بھوپیندر بابو نے لکھا ہے کہ بیٹی، تمھارے ریزلٹ سے بے حد خوش ہیں، انھوں نے لکھا ہے کہ ستی کو بھی یہیں بھیج دیں گے، وہاں اس کی تعلیم اچھی نہیں ہو رہی ہے۔

"اور ہاں، ایک بات کہنا میں بھول گیا تھا، لکھا کہ دو کہ کل میں صبح سویرے ہی باہر جاؤں گا۔"

کاکی ماں نے پوچھا ——— "کل ہی صبح کیوں؟"

"نوکری کا معاملہ ہے، پریشان کر رکھا ہے، یہی دیکھو نا جب تک برما میں تھا بڑے آرام سے تھا، مستانگ تھا اچانک آرڈر ملا کہ تبادلہ ہو گیا ہے اور اتنی پرانی جگہ کو چھوڑ کر مجھے یہاں چلا آنا پڑا، حکم کی تعمیل کرنے کا نام ہی نوکری ہے، ایسا نہ ہو تو پھر غلامی کس کو کہتے ہیں! پھر کسی روز حکم ہے پٹنہ تبادلہ کر دے، حکم کی دیر ہے۔"

دینکر اُٹھ کر کھڑا ہو گیا۔

کاکا بابو بھی اُٹھ کھڑے ہوئے، بولے ——— "میں نے جو کچھ کہا ہے تمھیں یاد رہے گا نا دینو بابو، لکھی اگر پھر کبھی تمھیں مارے تو ہرگز برداشت نہ کرو گے، تم بھی اسے مار دو گے، مار کا بدلہ مار ہی ہے، اس دُنیا میں آنسو کی قیمت کوئی نہیں دیتا، اس دُنیا میں خودداری کی قیمت بھی کوئی نہیں دیتا ———"

"لیکن وہ مجھ سے زیادہ طاقت ور ہے!"

کاکا بابو نے کہا ——— "پھر تم آ کر مجھ سے کہو گے۔"

لکھی دیدی نے کہا ——— "اب شاید اُسے مارنے کی ہمت نہ ہوگی کاکا بابو، میں نے اس لڑکے کی اچھی طرح مرمت کر دی ہے۔"

کاکا بابو نے کہا ——— "اچھا کیا ہے ——— اس دُنیا میں مار کا بدلہ مار ہی ہے، گاندھی خواہ کچھ بھی کہے ———"

اس روز دینکر زیادہ دیر وہاں نہیں رُکا تھا، لکھی بے ماں سوچ رہی ہو کہ پتہ نہیں کھو کا کہاں چلا گیا! لیکن اس لمحہ کاکا بابو کی بات سن کر وہ عجیب تذبذب میں پڑ گیا تھا ——— کس کی بات صحیح ہے؟ اگھور دادو کی یا کاکا بابو کی؟ یا پران متھ بابو کی یا پھر کسی کی زبانی سنے ہوئے، سونار کارتک کے گھاٹ پر بیٹھے ہوئے، اس ہمالیہ کے سادھو کی! کس کی بات زیادہ سچی ہے؟

افسوس ہوا جیسے کاکا بابو کی بات ہی سچی ہے! اس روز روپیہ ہوتے ہوئے بھی کاکا بابو طاعون کی بیماری میں مر رہے تھے ——— بھو بشیشور بابو نے کیوں انھیں بچا لیا، کیوں، کس لالچ سے انھوں نے کاکا بابو کو صحت یاب بنا دیا! پھر اس نے سوچا، اگر یہ بتا تو تب تک کرن کے بابا بھی صحت یاب ہو گئے ہوتے، بہت دنوں پہلے ہی صحت یاب ہو کر وہ پھر کسی اسکول میں ریاضی ماسٹر ہو گئے ہوتے! لیکن کاکا بابو کی عمر بھی تو اب زیادہ ہو چکی ہے، کاکا بابو نے بھی تو بہت کچھ دیکھا ہے! تو کیا کاکا بابو نے جو بات حاصل کیے ہیں جو کچھ دیکھا ہے وہ سب غلط ہے!

وہ ہر روز دیکھتا کہ کاکا بابو سوٹ پہن کر دفتر چلے جاتے تھے، ایشور گنگولی لین سے نکل کر وہ سیدھے کنڈو پوکھر کی سمت چلے جاتے، وہاں سے بس یا ٹرام پر سوار ہو کر دفتر چلے جاتے، ایشور گنگولی لین کے بہت سارے لوگ دفتر جاتے تھے ——— لیکن کاکا بابو کے دفتر جانے کا وقت ان سے علیحدہ تھا، ان کے جانے کا کوئی مقرر وقت نہیں تھا، کسی کسی روز وہ صبح سویرے نکل جاتے اور بڑی رات گئے واپس آتے تھے، اس وقت مکان کا صدر دروازہ بند ہو جاتا تھا، کیوڑا تلا کی طرف سے "ہری بول" کی آواز اور بھی صاف سنائی دیتی تھی اور حاجی قاسم کے باغ کی پرلی طرف سے بہت سے گیدڑوں کے ایک ساتھ چیخنے کی آواز آتی رہتی، اس وقت سبھی لوگ سو جاتے تھے، کالی گھاٹ میں، مندر میں، پتھر پٹی میں اور رینپال بھٹاچارج اسٹریٹ میں کوئی جاگا ہوا نہ ہوتا، اگھور داد بھی شاید اس وقت برتن اور گھڑوں کی ڈھیری کے قریب ہی کہیں پڑ رہ کر کچھ دیر کے لیے بے خبر ہو جاتے تھے، لیکن ان کے یہاں ——— اس لکھی دیدی کے مکان میں کبھی کبھی اس وقت تک روشنی ہوتی رہتی، اس وقت تک نوکر چاکر کی آواز سنائی دیتی، شاید اسی وقت کاکا بابو دفتر سے لوٹتے تھے! کیسا دفتر تھا! جہاں اتنی رات تک کام ہوتا تھا وہ کیسا آفس تھا! کاکا بابو کس دفتر میں کام کرتے تھے؟ کیا کام تھا؟

لیکن یہ بھی حیرت کی بات تھی کہ جب سے وہ لوگ آئے تھے چنونی بھی جیسے بالکل خاموش ہو گئی تھی، وہ چیختی چلاتی اب بھی تھی لیکن اب اس کی آواز میں وہ تیزی نہیں رہی تھی، شاید ان کے یہاں جا کر اس نے مراسم پیدا کر لیے تھے، ابھی اسی دن وہ گمچھا سے چھپا کر ایک تھالی بھات لے کر آ رہی تھی ———

اور آنگن میں آتے ہی یکایک اس نے شروع کر دیا تھا ——— "آہ، مرجا، تیرے منہ میں آگ، ناوقت بھی کھانے بیٹھتی ہوں تو تجھ سے برداشت نہیں ہوتا ———"

دینکر نے اسے دیکھتے ہی پوچھا تھا ——— "کس کو گالی دے رہی ہو چنونی؟"

"یہ دیکھو نہ بٹیا، اس بیٹی کی حرکت دیکھو، ٹھک سوگھ سوگھ کر چلی آئی ہے۔"

دینکر نے دیکھا، چنونی کی دو پالتو بلیاں تھیں جو سر اٹھائے ہوئے اس کے ساتھ ساتھ چل رہی تھیں۔

دینکر نے پوچھا ——— "تم ان لوگوں کو گالی کیوں نہیں دیتیں چنونی؟ یہ جو نئے کرایہ دار آئے ہیں؟ ان کو چنڈال کہہ کر گالی نہیں دے سکتیں؟ اس گھر کی ایک لڑکی مجھے بہت مارتی ہے ———"

چنونی نے جواب دیا ——— "آہا، بغیر ماں کی بچی ہے، باپ کو چھوڑ کر پردیس آ گئی ہے، اس کو کیسے گالی دے سکتی

ہوں بیٹا ؟ [illegible] کہتے ہوئے گناہ نہ ہوگا ؟"

اس وقت چنری ایک تھالی میں چھپائے ہوئے باریک چاول کا بھات لیے ہوئے تھی مچھلی کے دو ٹکڑے تھے اور دال ترکاری بھی تھی، چنری اب پہلے سی چنری نہیں تھی، ان لوگوں نے جیسے چنری کو کوڑی دے کر خرید لیا ہو، چنری جیسے ان کی خریدی ہوئی باندی ہو گئی تھی، انگور دادو کی بات ہی کچھ تھی! انگور دادو کی بات ہی کچھ تھی! روپے سے سب کچھ خریدا جا سکتا ہے! روپے سے لکھمی کو بھی خریدا جا سکتا ہے، دیپنکر کے پاس اگر روپیہ ہو جائے تو لکھمی بھی اُسے نہیں مارے گا۔

اُوپر سے اُتر کر کھڑکی کے دروازہ کے قریب آتے ہی یکایک پیچھے سے کسی نے اُسے آواز دی۔

"اے سُن ——"

وہی ہوئی آواز تھی، دیپنکر پیچھے مڑ کر دیکھتے ہی متعجب ہو اُٹھا۔

لکھمی دیدی! وہ جگہ تاریک تھی، امڑا کے پیڑ کے بالکل نیچے ٹھیک کھڑکی کے دروازہ کی چوکھٹ پر لکھمی دیدی دیپنکر کے جسم سے سٹ کر کھڑی ہو گئی۔

بولی —— "اچھے بھائی دیپو، میرا ایک کام کر دو گے؟"

دیپنکر کی حیرانی کی انتہا نہ رہی، لکھمی دیدی اس کے ساتھ اتنے پیار سے بات کر رہی تھی!

اُس نے پوچھا —— "کون سا کام؟"

"یہ خط ایک آدمی کو دے آؤ گے؟"

لکھمی دیدی کے ہاتھ میں ایک لفافہ تھا۔

دیپنکر نے پوچھا —— "کس کو؟"

"پہلے بتاؤ، ٹھیک دے آؤ گے نا؟"

"ٹھیک دے آؤں گا، دے کر دیکھو ——"

"کسی سے کہو گے تو نہیں؟"

لکھمی دیدی نے اس کے ساتھ کبھی اس طرح بات نہیں کی تھی، لکھمی دیدی اتنی ہی دیر میں پسینے سے تر ہو گئی تھی۔

"نہیں، کسی سے نہیں کہوں گا، تم خط دے دو۔ دے کر دیکھو میں دیتا ہوں یا نہیں ——"

"تو پھر ایک کام کرو ——"

اتنا کہہ کر لکھمی دیدی نے لفافہ اُس کی جیب میں ڈال دیا۔

بولی —— "کوئی دیکھے گا تو نہیں؟ تمہاری ماں تو نہیں دیکھ لے گی؟"

دیپنکر نے کہا —— "میں چھپا کر رکھوں گا، تم سے وعدہ کرتا ہوں کسی کو نہیں دکھاؤں گا —— کس کو دینا ہوگا بتاؤ؟"

لکھی دیدی نے دبی ہوئی آواز میں کہا ــــــ "کنڈو پوکھر کے کنارے، ٹھیک مندر کے پچھم جو دروازہ ہے وہیں پر
بڑا کھڑا ہوگا ــــــ اس کے ہات میں دے دینا ــــــ"

"لیکن اس کی شکل کیسی ہے؟"

سفید قمیص، سفید پتلون اور سفید جوتا ہوگا اور زرد رنگ کا کوٹ ہوگا اور کوٹ کے بٹن ہول میں ایک گلاب کا پھول ہوگا
ٹھیک پہچان لوگے نا؟"

"کتنے بجے؟"

لکھی دیدی نے کہا ــــــ "کل ٹھیک سات بجے صبح ــــــ"

دینکر نے کہا ــــــ "ٹھیک ہے، اس وقت تو میں ہر روز مندر میں پھول دینے جاتا ہوں، تم کچھ فکر مت کرو، میں دے
دوں گا، کچھ کہنا ہوگا؟"

لکھی دیدی نے کہا ــــــ "نہیں ــــــ"

اس کے بعد دینکر چلا آرہا تھا، لیکن لکھی دیدی نے پھر آواز دی۔

بولی ــــــ "سنو، ادھر آؤ ــــــ"

دینکر کے قریب جاتے ہی لکھی دیدی نے کہا ــــــ "یہ لو، تم کھاؤ گے ــــــ"

اندھیرے میں بھی دینکر نے دیکھ لیا، مٹھی بھر چاکلیٹ تھا، لکھی دیدی نے اس کے ہات میں چاکلیٹ ٹھونس دیا، چاکلیٹ
رکھی چلی گئی اور دینکر کھڑکی کا دروازہ بند کرکے آنگن میں آکر کھڑا ہوگیا، اس کے بعد اس نے ہات کی بند مٹھی کھول کر ایک بار
دیکھا، بہت سارے چاکلیٹ تھے، منہاری کی دوکان میں جیسے چاکلیٹ شیشے کے مرتبان میں رہتے تھے یہ بھی ویسے ہی تھے بلکہ
سے بھی عمدہ تھے، چکنی میں لپٹے ہوئے چوکور چوکور چاکلیٹ تھے، اس کا جی چاہا کہ ایک اسی وقت چکھ کر دیکھے، لیکن پھر اس
دیا ــــ بعد میں کھاؤں گا!

اس وقت تک صبح کی روشنی نہیں پھیلی تھی، ماں نے اس سے پہلے ہی اسے جگا دیا تھا، دینکر نے اٹھ کر منہ پر پانی کے
مارے اور جھٹ پٹ کپڑے پہن کر تیار ہوگیا، اس کے بعد لکھی دیدی کا خط جیب میں ڈال لیا، اسے حاجی قاسم کے مکان کے پاس
پھول چننے کے لیے جانا تھا، باغ کی دیوار ایک طرف سے ٹوٹی ہوئی تھی۔ وہ اسی راستے سے اندر چلا جاتا تھا، اندر بہت سارے
تھے، گندھ راج، چینی گلاب، گل سوسن اور دوسری بہت سی اقسام کے پھول تھے، کبھی کبھی پھولوں کی ٹوکری پھولوں سے
ہوتی تھی، یہی پھول وہ مندروں میں جاکر دے آتا تھا، پہلے ماں کالی کے مندر میں، اس کے بعد مدھوسودن کے مندر میں، اس کے بعد
نرائن، گنیش، جگن ناتھ، شوشکتی اس کے بعد سب سے آخر میں نوکیشور اور سوناکارتک کے مندر میں ــــــ اسے ہر مندر میں
تھوڑے پھول دینے پڑتے تھے اور اسی لیے دینکر کو سبھی پجاری پہچانتے تھے۔ اس کے جاتے ہی سبھی اس کی طرف ہات
بڑھاتے۔

کہتے ——— "اس طرف دو ———"

پھول دینے کے بعد ویکر دیتا کو ایک بار پرنام کرتا۔

ماں نے سکھا دیا تھا کہ پرنام کرتے وقت کہو گے، تاکہ میں اچھی طرح تعلیم حاصل کروں، خوشی حاصل کروں اور ترقی کر سکوں ———

اور بہت دنوں کے بعد جب ویکر بڑے میں ٹی۔ ٹی۔ آئی ہو گیا تھا تو ایک دن گڑیا ہٹ بیول کراسنگ کے گیٹ پر بھوشن نے اس کے قدموں پر سر رکھ کر اسی بات کو دہرایا تھا ———

"حضور آپ میرے ماں باپ ہیں، آپ کا بھلا ہوگا حضور، بھگوان آپ کو بہت دے گا حضور۔"

اس دن ویکر کو ہنسی آئی تھی۔ بہت سے لوگ ہی تو اس کو دعائیں دیتے تھے، پورے لائن میں سبھی نیک خواہشیں کہتے تھے، سبھی یک زبان ہو کر اسے سین صاحب کہتے تھے، بالی گنج اسٹیشن کے وہ مزدار بابو، ساؤتھ کیبن کے کرانی بابو، کوئی تاجر کی بھلائی نہیں چاہتا تھا اور فرنٹ کا چپراسی دوج پد تک اسے جان سے زیادہ عزیز سمجھتا تھا، اس کی عزت کرتا تھا، دوج پد جب بھی اپنے دیش سے کوئی اچھی چیز لاتا تھا تو پہلے سین صاحب کو دیتا تھا پھر خود کھاتا تھا، اس سے کیا ہوا! اس سے اس کا کیا فائدہ ہوا! اور وہ چاکلیٹ! جو چاکلیٹ لکھی دیدی نے اس کے ہاتھ میں ٹھونس دیا تھا، وہ بھی ایک قسم کی رشوت تھی! رشوت لے کر ہی لکھی دیدی نے ویکر کو خرید لینا چاہا تھا! کوڑی لے کر ہی ویکر کا منہ بند کر دینا چاہا تھا، لیکن اس سے کیا وہ بات چھپی رہی! وہ کیا چھپی رہنے والی بات تھی!

"ارے ———"

ویکر پیچھے مڑ کر دیکھتے ہی حیران رہ گیا تھا، اتنے سویرے لکھی دیدی بستر سے اٹھ کر کھڑکی کے دروازہ میں آ کر کھڑی ہوئی تھی۔

اس نے دبی ہوئی آواز میں کہا ——— "خط لے لیا ہے نا؟ بھولو گے نہیں؟"

ویکر نے کہا ——— "نہیں، یہ دیکھو نا، میری جیب میں ہے ———"

"رہنے دو، دیکھنے کی ضرورت نہیں، تم نے اپنی ماں کو تو نہیں دکھایا؟"

"نہیں ———"

"سچ کہتے ہو ———؟"

ویکر نے کہا ——— "میں جھوٹ نہیں بولتا، چودہ سال تک جھوٹ بولوں گا بھی نہیں۔"

لکھی دیدی نے پھر پوچھا ——— "شکل یاد ہے نا؟ سفید قمیص، سفید پتلون، سفید جوتا اور زرد رنگ کا کوٹ، کوٹ کے بٹن ہول میں گلاب کا ایک پھول ———؟"

"یاد ہے ———"

اتنا کہہ کر دینکر پھولوں والی ٹوکری لیے ہوئے باہر چلا گیا۔

واقعی کالی گھاٹ میں جتنے لوگ تھے ان سب سے کاکا بابو بالکل ہی مختلف تھے، دینکر نے کتنے ہی مکانات دیکھے تھے، بچپن میں تھے جن مکانوں کے زنان خانے میں جا چکا تھا، مکان کا اندرونی حصہ دیکھ چکا تھا، کرن کا مکان بھی دیکھ چکا تھا، لکھن کا مکان بھی دیکھ چکا تھا، بھان، پھٹک اور راکھال، سبھوں کے مکانات دیکھ چکا تھا، لیکن کاکا بابو کے مکان اور ان کے مکان میں کوئی مماثلت نہیں تھی، کالی گھاٹ میں ان دنوں کسی کے یہاں نوکر اور باورچی نہ تھے، کرن کے گھر کا خرچ تو بھیک کے پیسے ہی سے چلتا تھا، جینو فروخت کرکے اس کے گھر میں چاول، دال اور آلو آتا تھا اور صرف یہی نہیں ——— مدھوسودن کے مکان میں جاکر اس نے دیکھا تھا، مدھوسودن کے تمام بھائی بہن مل کر بیٹھے بھات کھا رہے ہوتے۔ ایک بڑی سی تھالی میں مدھوسودن کی ماں ڈھیروں بھات اور دال نکال کر رکھ دیتی اور وہ تمام بھائی بہن دائرہ بنا کر تھالی کے گرد بیٹھ جاتے اور اکیلی مدھوسودن کی ماں انہیں سب کو کھلاتی رہتی! پھٹک پتھر پٹی کی گلی میں رہتا تھا، پھٹک کی ماں موڑھی بھونتی تھی اور موڑھی بھون کر راستے کی دکانوں میں دے آتی تھی اور اسی پیسے سے اس کے گھر کا خرچ چلتا تھا، ایشور گنگولی لین سے ہوتے ہوئے آگے جانے کے بعد کالی لین میں ہالدار کا گھر تھا، اس کے گھر میں جہاں سب آتے رہتے، کماری پوجا جاتا، لوگ آتا، پرشاد آتا، وہ کالی پوجا کے موقعہ پر ماں کے ساتھ اس کے گھر گیا تھا، اس نے بچوں اور بچیوں کو دیکھا تھا، اس گھر کی شکل بھی ایسی نہ تھی اور اگھور دادو! اگھور دادو کے پاس بھی تو بہت سارا روپیہ تھا، اگھور دادو کے پاس کتنا روپیہ تھا اس کی تعداد خود اگھور دادو کو بھی معلوم نہ تھی، پھر بھی اگھور دادو کا مکان بے رونق اور بدصورت تھا، اگھور دادو کو دیکھ کر سچ مچ جنتری کے بوڑھے کی تصویر اس کی نگاہوں میں پھر جاتی تھی، گھر بھر میں صرف جنتی دیدی ہی ایسی تھی جو خوبصورت کہی جا سکتی تھی۔

دن بھر جنتی دیدی کی آواز گھر میں سنائی نہ دیتی۔

ماں کہتی ——— "یہ کیا کپڑا پہن رکھا ہے تم نے بیٹی، کوئی اچھی سی ساڑی پہن لو، آج سال کا پہلا دن ہے ———"

جنتی دیدی منہ چھپا کر ہنسنے لگتی۔

ماں کہتی ——— "کیوں کپڑا نہیں ہے شاید؟ اتنی ساری لال کنارے کی ساڑی کیا ہوئی کیا سب ہالدار کے خوانچے پر چلی گئی ہے؟ بابا کی عقل کیسی ہے بولو تو؟"

جنتی دیدی خوف سے سہم جاتی۔

کہتی ——— "تم دادو سے مت کہہ دینا، دادو سمجھیں گے کہ میں نے ہی تم سے کہا ہے۔"

ماں کہتی ——— "تمہاری بھی عجب تقدیر ہے بیٹی، ورنہ تمہاری قسمت اس طرح کیوں پھوٹتی؟"

اس روز اگھور دادو کے لوٹتے ہی ماں نے گھیر لیا۔

بولی ——— "بابا، آپ سے ایک بات کہنی تھی ———"

"روپیہ!"

اگھور داود کے ایک ہاتھ میں نئے گمچھا میں لپٹی ہوئی ایک پوٹلی تھی اور دوسرے ہاتھ میں لاٹھی تھی، پیشانی پر قشقہ لگا تھا اور سر پر گنبیے کے پھولی کی دو لکیریاں پڑی تھیں، پاؤں میں کھڑاؤں تھا، کچھ دیر پہلے ہی رکشا والے سے کرایہ کے لیے جھگڑ چکے تھے، یکایک گھر کے اندر داخل ہوتے ہی جیسے دھاڑ کر دو قدم پیچھے ہٹ گئے، "یہاں بھی روپیہ!"

بولے ـــــ "روپیہ؟ منّہ جلی لڑکی میرے پاس روپیہ کہاں سے آیا؟ تم نے کیا میرے پاس روپے کا پیڑ دیکھا ہے!"

ماں نے کہا ـــــ "میں آپ سے روپے کی بات نہیں کہہ رہی ہوں، آپ کا روپیہ آپ ہی کے پاس رہے گا، لیکن اس کی شادی تو کریں گے ـــــ یا نہیں کریں گے؟"

اگھور داود کو اتنی دیر بعد ذرا اطمینان ہوا

بولے ـــــ "شادی! لیکن منّہ جلی کی شادی میں بھی روپیہ خرچ ہوگا! روپیہ میں کہاں سے لاؤں گا، سنوں تو سہی؟"

"تو روپیہ خرچ ہوگا اس لیے آپ نہیں کریں گے؟ کیسے نانا ہیں آپ؟ اتنا دھرم کرم کرتے ہیں یہ بھی تو دھرم کا کام ہے! عاقبت میں اس کے لیے تو آپ ہی کو جواب دہ ہونا پڑے گا اور اگر آپ سے یہ نہیں ہو سکتا تو اس کے گلے میں کلسی باندھ کر گنگا میں بہا دیجیے، سارا جھگڑا ہی ختم ہو جائے۔"

اگھور داود تھوڑی دیر تک خاموش کھڑے رہے۔

ماں نے کہا ـــــ "لڑکی کی طرف آپ تو ایک بار نگاہ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے، لڑکی کی عمر بڑھ رہی ہے، وہ تو آپ دیکھتے نہیں ہیں، آپ نہیں دیکھیں گے تو کون دیکھے گا؟"

اب کے اگھور داود چیخ اٹھے۔

بولے ـــــ "میں! میں کیوں دیکھوں گا اس منّہ جلی کو، میں کون ہوں؟ منّہ جلی نے ماں کو کھایا، منّہ جلی نے باپ کو کھایا، اب کیا منّہ جلی مجھے کھانا چاہتی ہے؟ مجھ سے یہ سب نہیں ہوگا ـــــ"

"آپ سے نہیں ہوگا تو کس سے ہوگا؟"

"وہ میں کیا جانوں منّہ جلی، میں اس کا کیا لگتا ہوں، میں کیا اس کا باپ ہوں، میں کیا اس کی ماں ہوں؟ میں کوئی بھی نہیں ہوں۔"

اتنا کہہ کر اگھور داود کھٹ پٹ کرتے ہوئے زینے طے کر کے اوپر چلے گئے، اوپر جانے کے بعد ان کے بڑبڑانے کی آواز آتی رہی ـــــ "منّہ جلی نے میرا روپیہ دیکھ لیا ہے، میرا روپیہ دیکھ لیا ہے منّہ جلی نے، میں منّہ جلی کو گھر سے نکال دوں گا، نکل منّہ جلی، نکل جا، بھاگ سب ـــــ"

انگور دادو کی بک بک جھک جھک ختم ہی نہیں ہو رہی تھی۔
انگور دادو کے جانے کے بعد شنتی دیدی اپنی جگہ سے باہر نکل آئی اور ماں کے قریب آکر خوف سے تھر تھر کانپنے لگی۔

"دیدی ——"

ماں نے کہا —— "تو ٹھہر تو بیٹی، اتنا ڈرنے سے کام نہیں چلے گا، عورت بن کر پیدا ہوئی ہو تو برداشت کرنا نہیں پڑے گا؟ برداشت نہیں کرو گی تو خود ہی دکھ اٹھاؤ گی، کوئی تمہارے لیے کچھ نہیں کرے گا —— تم ذرا ہمت سے کام لو تو ——"

ماں کہنے لگی —— "میں نے یہ سب بہت دیکھا ہے، ایک کپڑے میں ایک ماہ کے بچے کو لے کر میں گاؤں چھوڑ کر بھاگ آئی تھی۔ مجھے بھی رشتہ داروں نے کتنا خوف دلایا تھا لیکن تمہاری طرح میں نے کیا خوف کھایا تھا؟ خوف کرتی تو اس لڑکے کی پرورش نہ کر سکتی ——"

سچ مچ ماں کتنی مصیبتیں اٹھا کر اس کی پرورش کر رہی تھی، دوسرے کے گھر کا تمام کام کر کے بھی ماں چاروں طرف کتنا بھاگتی دوڑتی رہتی تھی، ماں نے ہی اسکول کے ہیڈ ماسٹر سے کہہ کر اسکول کی فیس معاف کروا دی تھی۔ ماں ہی اسے اپنے ساتھ چڑیا گھر لے گئی تھی اور وہاں شیر، چیتا اور ہاتھی دکھایا تھا۔ بندر کو چنا کھلایا تھا، ماں ہی نے اسے بہت سی باتیں سکھائی تھیں، ماں ہی نے اسے کالی گھاٹ میں ورزش کلب میں داخل کرا دیا تھا۔ آج اگر ماں زندہ ہوتی! ویکر کبھی کبھی سوچنے لگتا، اگر ماں زندہ ہوتی تو کیا اسے دیکھ کر خوش ہوتی، ماں کیا اس کا مرتبہ اس کا عہدہ دیکھ کر خوش ہوتی؟ ماں نے کیا اسے صرف سیٹھ صاحب بنانا چاہا تھا، ماں نے تو اپنے لڑکے کو انسان بنانا چاہا تھا لیکن کیا وہ انسان بن سکا؟ کیا اسی کو انسان بننا کہتے ہیں؟ یہ ملازمت کی ترقی؟ یہ ڈی۔ ٹی۔ آئی؟ یہ ڈی۔ ٹی۔ ایس؟

اسے یاد ہے، ایک مرتبہ ایک واقعہ ہوا تھا۔ اس وقت وہ کالی گھاٹ اسکول کا طالب علم تھا، کالی گھاٹ اسکول کا فری اسٹوڈنٹ بچوں کا ڈرامہ ہو رہا تھا، ویکر ماں سے کہہ کر گیا تھا کہ اس کی واپسی میں دیر ہوگی، وہ زیادہ رات گئے گھر لوٹے گا۔ ڈرامہ کا نام "تیاگ" تھا، شام کے چھ بجے ہی اسکول لڑکوں سے بھر گیا، ویکر سامنے جا کر بیٹھا تھا، کرن بھی اس کے ساتھ تھا، اونچے درجوں میں پڑھنے والے لڑکے ڈرامہ میں کردار ادا کر رہے تھے، ٹن سے گھنٹہ بجنے کے ساتھ ہی سب تھیٹر دم بخود ہو گیا، اف وہ بھی کیا دنیا تھی، دیکھتے ہی دیکھتے نہ جانے وہ کہاں کتنی دور پہنچ گیا، اسے ایسا محسوس ہوا جیسے وہ وہاں موجود نہ ہو، اس روشنی سے، اس اجتماع سے، اس گھنٹے کی آواز سے، اس کالی گھاٹ سے بہت دور کسی اور ہی دنیا میں پہنچ گیا ہو۔

کرن رہ رہ کر تالی بجا رہا تھا۔

لیکن ویکر کا خیال اس طرف نہیں تھا، اسے ایسا لگ رہا تھا جیسے پران متھ بابو ایک دن کلاس میں اسی دنیا کی بات کر رہے تھے۔ ایک وقت تھا جب دنیا میں کوئی راجہ نہیں تھا، ریاست بھی نہیں تھی، سزا بھی نہیں تھی، سزا دینے والے بھی نہیں تھے، لیکن آہستہ آہستہ کشش نے جنم لیا اور مذہب دنیا سے ختم ہونے لگا، تمام دیوتا ڈر گئے، سب برہما کے پاس دوڑ پڑے ——

ویکر کو ایسا محسوس ہوا جیسے وہ دور پھر لوٹ آیا ہے، جیسے راجاؤں نے دنیا میں پھر ظلم کرنا شروع کر دیا ہو، یہ راجہ

ناانصافی کرتا ہے، یہ راجہ ظلم کرتا ہے، یہ راجہ خون کرتا ہے، لیکن اس مرتبہ اس کا تدارک کون کرے گا! اس وقت اس کا تدارک کرنے والے کہاں ہیں؟ اس وقت دیوتا سب کہاں ہیں؟ برہما کے پاس کون جائے گا؟ پرتھوراجہ کی تحقیق کون کرے گا؟ وہ وشنو کا اوتار کہاں ہے؟

ڈرامہ دیکھتے دیکھتے ویٹکر کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے، رگھوپتی کے ساتھ ویٹکر بھی رونے لگا ——

ماں تم نے غریبوں کی دولت چھین لی! راجہ اگر چوری کرے،
میں نے سنا ہے کہ دنیا کا بھی ایک راجہ ہے —— تم اگر چوری
کرو، تمہارا انصاف کون کرے گا!

واقعی تو، کون انصاف کرے گا! راجہ اگر ظلم کرے، کس سے انصاف کی درخواست کی جائے؟ کہاں ہے وہ دنیا کا راجہ جنتی دیدی کی شادی اگر اکھوردادو نہ کرے تو کون کرے گا؟ کرن کے بابا کی بیماری اگر اچھی نہ ہو تو وہ کس سے اس کا تدارک کرنے کہے گا؟ اس دنیا کا راجہ کہاں ہے؟ اسے کس طرح دیکھا جا سکتا ہے، وہ کہاں، کس ریاست میں رہتا ہے؟

ماں نے کہا تھا —— ماں کالی کو اگر دل سے پکارا جائے تو ماں سن لیتی ہے اور صرف ماں کالی ہی نہیں، گنیش، شوشکتی، بھوتنا اور دھرموسودن، جتنے دیوتا ہیں کالی گھاٹ میں، سبھی سن لیتے ہیں۔ لیکن ان دیوتاؤں کے چہرے ویٹکر کو بڑے عجیب سے لگتے، ان کی شکل دیکھنے میں بالکل اچھی نہیں لگتیں، بہت دنوں پہلے کالی گھاٹ میں ایک سادھو آیا تھا، وہ کوئی بہت بڑا سادھو تھا اور بڑا زاہد تھا، اس کے ساتھ ایک سو اونٹ، پچاس گھوڑے اور تیس ہاتھی بھی آئے تھے، پورا کالی گھاٹ سادھو کو دیکھنے کے لیے ٹوٹ پڑا تھا، ماں کے ساتھ ویٹکر بھی دیکھنے گیا تھا، بابا کے مندر کے چبوترہ کے سامنے، ٹھیک ناٹو مندر کے جنوب میں جہاں پر ایک لکڑی کی ہانڈی رکھی ہوئی ہے، وہ سادھو آکر کھڑا ہو گیا تھا۔

ایک ایک کر کے بکرے لائے جا رہے تھے اور لکڑی کی ہانڈی میں جلا کر قربانی دی جا رہی تھی۔ کتنے ہی لوگ لکڑی کی ہانڈی پر سر رکھ کر پرنام کر رہے تھے اور لیپے کی مٹی کو انگلی سے مس کر کے زبان سے چاٹ لیتے تھے۔

ایک بکرے کو لا کر جوں ہی لوہار نے اس کی قربانی کرنی چاہی، سادھو نے ہاتھ اٹھا کر اسے روک دیا، سادھو منہ سے بات نہیں کرتا تھا، اس کے بعد اس نے لکڑی کی ہانڈی میں اپنی گردن رکھ دی اور کچھ اشارا کیا۔

عجیب منظر تھا! ہر طرف سرگوشیاں ہونے لگیں، ویٹکر ڈر گیا، کہیں ایسا نہ ہو کہ لوہار سچ مچ سادھو کی گردن کاٹ دے، کہیں سادھو کی قربانی نہ دے دے! اتنے میں پتہ نہیں کہاں سے پولیس آ گئی، داروغہ آ گیا، آنے کے بعد وہ لوگ کیا باتیں کرنے لگے، کچھ سمجھ میں نہیں آیا، شور و غل میں ان کی آواز بھی سنائی نہ دی، چاروں طرف ایک ہنگامہ برپا ہو گیا، ٹھٹ کے ٹھٹ لوگ جمع ہو گئے اور اس ہنگامے میں سختی سے ویٹکر کا ہاتھ تھامے ہوئے ماں کھڑی رہی۔

ویٹکر نے ماں سے کچھ پوچھا تھا —— "پولیس کیا کہہ رہی تھی ماں؟"

"پولیس بکرے کی قربانی بند کر دے گی" —— ماں نے جواب دیا تھا۔

"کیوں ——— ؟"

ماں نے کہا تھا ——— "ان کی بھی تو جان ہوتی ہے، ان کو بھی تو تکلیف ہوتی ہے۔"

"لیکن ماں کالی جو بکرے کا خون پیتی ہے، پھر وہ کیا کھائے گی ؟"

ماں نے کہا تھا ——— "ماں کالی تو دیوی ہیں، دیوی دیوتا بغیر کھائے پیئے بھی زندہ رہ سکتے ہیں ———"

ماں کو اس وقت معلوم نہیں تھا، وہ نہیں جانتی تھی کہ جو لوگ دیوتا کے نام پر ٹھگتے ہیں وہ ضرورت پڑنے پر دیوتا کا نام لیے بغیر بھی ٹھگ سکتے ہیں، جو لوگ ظلم کرنے کے عادی ہو جاتے ہیں ان کو موقعے کی کمی نہیں ہوتی، اس کے علاوہ کوئی — دیوتا کا نام لے کر ناانصافی کرتا ہے، کوئی راجہ کا نام لے کر ناانصافی کرتا ہے اور کوئی ملک کے نام پر ناانصافی کرتا ہے، بات ایک ہی ہے، دیوتا ہو، راجہ ہو یا ملک ہو، اصل میں یہ ایک بہانہ ہی ہوتا ہے، بکرا بے زبان جانور ہے اس لیے کچھ کہہ نہیں سکتا، لیکن کیا انسان بھی بے زبان ہے ؟ اگھور دادو دیوتا کے نام پر ججمان کو ٹھگتے ہیں لیکن کسی ججمان نے بھی تو کبھی احتجاج نہیں کیا!

ایک روز دینکر نے اگھور دادو سے پوچھا تھا ——— "اچھا، اگھور دادو تم جو اپنے ججمانوں کو ٹھگتے ہو تو وہ تمہیں کچھ نہیں کہتے ؟"

اگھور دادو کو شاید اس روز بہت زیادہ سلامی ملی تھی۔ اس روز وہ بہت خوش تھے۔

بولے ——— "دور منہ جلا، کہیں گے کیا، وہ لوگ بھی تو دوسروں کو ٹھگتے ہیں!"

"وہ لوگ کس کو ٹھگتے ہیں، دیویوں کو ؟"

"دور، دور، میرے وکیل ججمان موکل کو ٹھگتے ہیں، ڈاکٹر ججمان مریضوں کو ٹھگتے ہیں۔"

"اور موکل کس کو ٹھگتے ہیں ؟ مریض کس کو ٹھگتے ہیں ؟"

اگھور دادو کی ذہانت دیکھ کر اس روز دینکر حیران ہو گیا تھا، اگھور دادو کو سب کچھ معلوم تھا، ان کی معلومات ماں سے بھی زیادہ تھیں، کاکا بابو سے بھی زیادہ تھیں، شاید ان کی معلومات پران متھ بابو سے بھی زیادہ تھیں، اگھور دادو کی بینائی کمزور تھی، کان بھی کم سنتے تھے، لیکن حیرت ہے، ان کی معلومات کتنی زیادہ تھیں!

دینکر نے پوچھا تھا ——— "گویا آپ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ دنیا میں سبھی ایک دوسرے کو ٹھگتے ہیں ؟"

اگھور دادو نے جواب دیا تھا ——— "ہاں رے ہاں منہ جلا، سبھی ایک دوسرے کو ٹھگتے ہیں! میں بنئی کو ٹھگتا ہوں، بنئی چھینٹے کو ٹھگتی ہے اور چھینٹے پھونسا کو ٹھگتا ہے ———"

دینکر نے کہا تھا ——— "لیکن میں کسی کو فریب نہیں دوں گا اگھور دادو، دیکھ لینا ———"

اگھور دادو نے کہا تھا ——— "کیوں رے منہ جلا، تو اپنی ماں کو فریب دے گا اور تیری ماں مجھے فریب دے گی۔"

دینکر نے جواب دیا تھا ——— "نہیں اگھور دادو، میں کبھی کسی کو فریب نہیں دوں گا۔ کبھی نہیں، تم دیکھ لینا ———"

اگھور دادو کہتے تھے، بولے تھے ——— "تو پھر جا کر مرو مت پہلے، نہیں لگتے تو خود مر جاؤ گے، خود تکلیف اٹھاؤ گے
میرا کیا ہے! میری بات میرے جوتے سے ———"

لیکن حیرت ہے، اگھور دادو کی باتیں اتنی سچی ثابت ہوں گی، اگھور دادو نے جو کچھ کہا تھا وہ اس کی زندگی میں ہو
پیش آئے گا، یہ کس نے سوچا تھا! لکھن نے کیا اکیلے ہی اس پر مظالم ڈھائے تھے! لکھن نے کیا تنہا اس سے راج محل کی رنگینی اور
چھین لی تھی، لکھن کیا اس دنیا میں تنہا تھا! دینکر اس دنیا میں اتنے دنوں سے رہ رہا تھا اور اتنے دنوں سے اتنا کچھ دیکھنے سننے
بعد جب وہ گڑیا ہاٹ لیول کراسنگ پر آیا تھا تو وہاں کیا صرف لکھن ہی سے اس کی ملاقات ہوئی تھی!

ایک روز ستی نے اس سے کہا تھا ——— "تم انسان نہیں ہو دینو، تم اگر انسان ہوتے . . . . ."

دینکر نے جواب دیا تھا ——— "لیکن میں دیوتا بھی تو نہیں ہوں ستی ———"

ستی نے پوچھا تھا ——— "پھر تم کیا ہو؟"

دینکر نے جواب دیا تھا ——— "میں کیا جانوں، تم ہی بتا دو؟"

ستی نے کہا تھا ——— "تم حیوان ہو، تم ایک جانور ہو دینو، تمہارا چہرہ دیکھنا بھی گناہ ہے، تم اور زیادہ مجھے
تم یہاں سے چلے جاؤ، نکل جاؤ۔"

اتنا کہہ کر وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی تھی اور اس روز دینکر ستی کو تسلی بھی نہ دے سکا تھا، اس کی ڈھارس بھی
سکا تھا، وہ ستی کو اسی حالت میں چھوڑ کر وہاں سے چلا آیا تھا۔

اور یہی ستی جب پہلی بار کلکتہ آئی تھی تو اس کے ساتھ کیسی حادثاتی ملاقات ہوئی تھی، وہ کتنا منحوس دن تھا۔ پھر بھی
وہ کتنی خوبصورت لگی تھی، گھونگھریالے بال کتنے دراز تھے، ستی جوڑا نہیں باندھتی تھی، اس کے گھونگھریالے دراز گیسو اس کے شانوں
لہراتے رہتے، ساڑی شانوں سے اتر کر پشت پر جھولتی رہتی اور وہ بہت حسین دکھائی دیتی! اسی طرح بالوں کو لہراتی ہوئی وہ اسکول
اور اس کے بعد جب وہ کالج میں پڑھنے لگی تھی تو انہیں جھومتے لہراتے بالوں کو دینکر دیر تک کھڑا دیکھتا رہتا، زلفیں بھی آتی
ہوتی ہیں، اس سے قبل دینکر کو معلوم نہیں تھا، بنتی دیدی کی تو زلفیں ہی نہیں تھیں، کبھی کبھی ماں اس کے جوڑے لپیٹ دیا کرتی تھی
ستی کی تمام خوبصورتی اس کی زلفوں میں سمٹ آئی تھی، لیکن لکھی دیدی تو ستی کی بہن تھی، ایک ہی ماں کے بطن سے دونوں سگی بہنیں
مگر لکھی دیدی کے بال بھی اتنے دراز نہیں تھے، دونوں کا چہرہ ایک ہی جیسا تھا، فرق صرف زلفوں ہی کا تھا۔

لکھی دیدی نے ایک روز تنہائی میں اسے جو بھیجا تھا، اس روز اسکول میں تعطیل تھی اور امرود کے پیڑ پر بیٹھا ہوا ایک
دیر سے کائیں کائیں کر رہا تھا

یکایک اس طرف نگاہ اٹھتے ہی اس نے دیکھا لکھی دیدی کھڑی تھی، پہلی منزل کی کھڑکی کے دروازہ پر کھڑی ہوئی بات
سے اسے بلا رہی تھی

دینکر دوڑ کر قریب چلا گیا۔

لکھی دیدی نے کہا ــــــ "آؤ، اندر آؤ ــــــ"

اندر جاتے ہی لکھی دیدی نے دروازہ بند کر دیا تھا، لکھی دیدی نے اس روز اپنے بالوں میں کوئی خوشبو دار تیل لگایا تھا جس کی بھینی اڑ رہی تھی، دینکر نے لکھی دیدی کے چہرہ کی طرف دیکھا، اس سے کوئی خطا تو سرزد نہیں ہوئی ہے، آخر لکھی دیدی کا چہرہ اتنا ہے!

لکھی دیدی نے پوچھا ــــــ "اے، تو نے کل خط نہیں دیا تھا ــــــ"

"کیوں؟"

دینکر کو حیرت ہوئی، نہیں دیا کیا مطلب؟ ٹھیک اسی آدمی کے ہاتھ میں تو وہ خط دے آیا تھا۔

اس نے کہا ــــــ "کیوں؟ ہر روز جس کو خط دے کر آتا ہوں، اسی کو تو دے آیا ہوں، اسے نہیں ملا؟"

لکھی دیدی نے کہا ــــــ "پھر اسے میرا خط ملا کیوں نہیں، اس نے مجھے لکھا ہے!"

دینکر نے کہا ــــــ "واہ رے، اتنے دنوں سے تمہارا ہر خط اس کو دے آتا ہوں اور کل کا خط کیوں نہیں دوں گا خوب ہو۔"

"پھر اسے ملا کیوں نہیں، تو نے وہ خط کیا کیا، بول؟"

لکھی دیدی کی آنکھوں سے غصہ جھلکنے لگا، اس نے بہت دنوں سے لکھی دیدی کو اس طرح غصے ہوتے ہوئے نہیں

"بتا، وہ خط تو نے کیا کیا؟ کس کو دے دیا ہے؟ کہاں رکھا ہے، بتا؟"

دینکر نے کہا ــــــ "واہ رے، میرے اوپر تم فضول خفا ہو رہی ہو، میں تمہارا خط لے کر کیا کروں گا؟ اتنے سارے خط اس کو دے آیا ہوں پھر بھی خط کیوں نہ دیتا؟"

"تو اس نے کیا غلط لکھا ہے؟"

دینکر نے کہا ــــــ "میں کیا جانوں؟"

"تم نہیں جانتے تو کون جانتا ہے؟ میں نے تو تمہارے ہی ہاتھ اسے خط بھیجا تھا ــــــ"

"تو کیا تم یہ کہنا چاہتی ہو کہ میں تمہارا خط نگل گیا ہوں؟"

"تم نے کس کو خط دیا ہے، سچ بتاؤ ــــــ"

لکھی دیدی یکایک اسے پیار کرنے لگی۔

اس نے کہا ــــــ "میں تمہیں کچھ نہیں کہوں گی، ماروں گی بھی نہیں، کچھ نہیں کروں گی، بتاؤ نا خط لے کر تم نے کیا کیا؟ ہو گیا ہے شاید؟"

"تم کیوں ہوگا؟ میں تو ہر روز جیب میں رکھ کر لے جاتا ہوں، کل بھی جیب میں رکھ کر تو لے گیا تھا ــــــ"

"لیکن خط کے پکڑے تو نہیں ہوتے جو اُڑ جائے گا، معلوم ہے اس خط میں کتنی باتیں لکھی ہیں، وہ اگر کسی کے ہاتھ میں پڑ جائے ؟ کوئی اگر پڑھ لے ؟"

ویٹکر یکایک تن کر کھڑا ہو گیا اور سر اُٹھا کر بولا

"لیکن تم ہر روز اس آدمی کو خط کیوں لکھتی ہو لکھی دیدی ؟ وہ تمہارا کون ہے ؟"

لکھی دیدی یکایک جیسے گم سم ہو گئی۔

ویٹکر نے کہا ——— "وہ ہر روز صبح کے وقت تمہارے خط کے انتظار میں کھڑا رہتا ہے، وہ تمہارے گھر کیوں نہیں آتا، گھر میں تم سبھوں کے سامنے اُس سے کیوں باتیں نہیں کر سکتیں ؟ اور ایسی کونسی باتیں ہیں جو تم ہر روز اُسے خط لکھتی ہو ؟"

لکھی دیدی دیر تک خاموش رہی پھر بولی

"تم نے ضرور میرا خط پڑھ لیا ہے، کیوں ؟"

ویٹکر نے کہا ——— "میں خواہ مخواہ تمہارا خط کیوں پڑھوں گا، تمہارا خط پڑھنے کی مجھے کیا غرض پڑی ہے، مگر وہ آدمی تمہارے گھر نہیں آ سکتا ؟"

لکھی دیدی نے پوچھا ——— "سچ کہتے ہو ؟ تم میرا خط نہیں پڑھتے ؟"

"سچ کہتا ہوں لکھی دیدی، میں نے تمہارا ایک خط بھی نہیں پڑھا ہے !"

"سچ کہتے ہو ؟"

"میں تو کہہ چکا ہوں کہ میں جھوٹ نہیں بولتا۔"

"پھر وہ خط اُسے کیوں نہیں ملا ؟"

لکھی دیدی جیسے کسی فکر میں پڑ گئی ——— جیسے وہ کسی گہری سوچ میں ہو۔

یکایک اُس نے کہا ——— "پرسوں صبح کے وقت ایک اور خط دے آؤ گے ؟"

ویٹکر نے کہا ——— "کیوں نہیں دے آؤں گا۔"

"پھر جانے سے پہلے مجھ سے خط لے لو گے، کیوں ؟"

ویٹکر نے جواب دیا ——— "اچھا ———"

اتنا کہہ کر ویٹکر چلا آ رہا تھا، یکایک لکھی دیدی نے اُسے آواز دی۔

"سنو ویٹکر ———"

ویٹکر رُک گیا۔

لکھی دیدی نے کہا ——— "تم ٹھہرو، میں ابھی آتی ہوں ———"

اتنا کہہ کر وہ تیزی سے زینے طے کرتی ہوئی اُوپر چلی گئی، تھوڑی دیر بعد پھر اسی تیزی سے زینہ پھلانگتی ہوئی نیچے آ گئی اس

ہانپنے لگی تھی۔

بولی ——— "یہ لو۔"

لکھی دیدی نے ہاتھ بڑھا کر دینکر کو مٹھی بھر چاکلیٹ دینا چاہا۔

دینکر نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا۔

"کیا ہے؟"

لکھی دیدی نے کہا ——— "اس روز جو چیز دی تھی۔"

"تمہارا یہ چاکلیٹ میں نہیں لوں گا۔"

لکھی دیدی چونک اٹھی۔

"کیوں؟ کیوں نہیں لوگے، تم چاکلیٹ نہیں کھاتے؟"

"کھاتا ہوں" دینکر نے جواب دیا ——— "لیکن تم سے نہیں لوں گا۔"

"کیوں؟ میں نے کیا قصور کیا ہے؟"

دینکر نے کہا ——— "اس دن بھی میں نے چاکلیٹ نہیں کھایا تھا، تم نے جس طرح دیا تھا اسی طرح رکھ دیا ہے، تم مجھے ٹ نہ دیا کرو لکھی دیدی ———"

"کیوں؟ کیا ہوا؟"

دینکر نے کہا ——— "تم چاکلیٹ نہیں بھی دوگی تو میں تمہارا خط پہنچا دیا کروں گا، جب تک تم چاہوگی میں پہنچاتا رہوں گا م بھی کہو گی، میں کر دوں گا، لیکن تم مجھے چاکلیٹ نہ دیا کرو، میں تمہارے پاؤں پڑتا ہوں ———"

لکھی دیدی نے پوچھا ——— "یہ کیا؟ کیوں، کیا ہوا بتاؤ نا؟"

دینکر نے جواب دیا ——— "تم سمجھتی ہو کہ چاکلیٹ نہیں دوگی تو میں تمہارا خط نہیں لے جاؤں گا، کیوں؟"

لکھی دیدی نے کہا ——— "تم خط دے آیا کرو نا، اچھا تو ہے، لیکن چاکلیٹ لینے میں کیا ہے؟"

"نہ دے کر دیکھو نا۔" دینکر نے کہا ——— "خط پہنچاتا ہوں یا نہیں!"

لکھی دیدی ہنستی ہوئی اس کے قریب آگئی، دونوں ہاتھوں سے اس کا چہرہ تھام کر اسے پیار کرنے لگی ———

"کیوں رے؟ میرا کام کرنے سے تجھے اتنی دلچسپی کیوں ہے؟"

دینکر نے سر جھکا کر جواب دیا ——— "یونہی ———"

"لیکن میں تو تجھے پیار پیٹتی رہتی ہوں، پھر بھی تجھے مجھ پر غصہ نہیں آتا؟"

دینکر نے کوئی جواب نہ دیا، لکھی دیدی کے سینے میں منہ چھپا کر کھڑے رہنے میں کتنا آرام تھا، لکھی دیدی کے جسم سے نوکھی خوشبو پھوٹ رہی تھی۔

"اب میں کیا کروں گی، بچے ——— " لکھی دیدی نے کہا اور جیب سے چاکلیٹ اس کے ہاتھ میں زبردستی ٹھونس دیا ———

"میں کہتی ہوں، چاکلیٹ تم لے لو، میں دے رہی ہوں لے لو ——— بھئی!"

دینکر نے چاکلیٹ لے لیا، اب کے اس نے انکار نہیں کیا۔

"پرسوں بھج کے وقت خلوت آ گئے نا؟" لکھی دیدی نے پوچھا۔

"وے آؤں گا۔" دینکر نے جواب دیا۔

لکھی دیدی نے کہا ——— "اب تم جاؤ ———"

پھر قدرے توقف کے بعد بولی ——— "یاد رکھو گے پرسوں بھج کے وقت ———"

اتنا کہہ کر لکھی دیدی چلی گئی تھی اور دینکر کھڑکی کے دروازے سے باہر آ کر کھڑا ہو گیا تھا۔

آنگن میں تیز دھوپ چمک رہی تھی اور تھا اس وقت تک بلا وجہ کا یقین کر رہا تھا اور اس اس وقت تک سوچ رہی تھی اور دینکر امرود کے پیڑ کے سائے میں دیر تک کھڑا رہا تھا۔

دینکر دیر تک کھڑا رہا، گرما کی دوپہر تھی سبھی دروازے بند کیے سو رہے تھے، اس روز اگھور داد بھی گھر سے باہر نہیں نکلے تھے، چھنو بھی سویر سویرا اپنا کام کاج ختم کر کے شاید دروازہ بند کیے سو رہی تھی، بنتی دیدی پہلی منزل پر اپنے کمرے میں پتہ نہیں کیا کر رہی تھی، چھینٹے، پھر ناشتہ کھا کر اس وقت کہیں بیٹھے اڈہ مار رہے ہوں گے، شاید پتھر پٹی کی کسی طبلہ کی دکان میں یا پھر اور بھی دور بازار کی شمالی جانب کسی کھپریل کے مکان میں بستی کے اندر بیٹھے ہوں گے۔ دوپہر کے وقت ایشور گنگولی لین کا اپنا ایک الگ روپ تھا، اس کنارے سے اس کنارے گول پتہ کی چھت والے مکان تھے اور دور بہت دور نیلے آسمان کی وسعتوں میں چیلیں اڑ رہی تھیں۔ اور اس کے مکان کی چھت پر ایک بانس کے سرے پر ایک پتنگ اُلجھ کر پھڑ پھڑا رہی تھی، راستے پر تھوڑی دیر بعد ہی برتن بیچنے والے پھول کا برتن ٹوٹن بجاتے ہوئے گزریں گے، اس کے بعد آئس کریم بیچنے والا آئے گا، اس کے بعد راستے پر پانی چھڑکنے والی گاڑی آئے گی، اس کے بعد دھرم داس ٹرسٹ ماڈل اسکول میں چھٹی کا گھنٹہ بج اٹھے گا اور اس کے ساتھ ہی ساتھ کالی گھاٹ میں سویر ہو جائے گی۔

لیکن دینکر دیر تک امرود کے پیڑ کے نیچے کھڑے رہنے کے بعد بھی یہ فیصلہ نہ کر سکا کہ اب اسے کیا کرنا ہے۔ آج لکھی دیدی نے اسے اتنا پیار کیوں کیا؟ آج اس نے اس کی ٹھوڑی اور چہرے کو دونوں ہاتھوں میں لے کر کتنا پیار کیا تھا، لکھی دیدی کے جسم سے پھوٹتی ہوئی میٹھی میٹھی خوشبو اب بھی جیسے ہوا میں رچی ہوئی تھی۔ یکایک دینکر کو ایسا محسوس ہوا جیسے آج کی دوپہر اور دنوں جیسی نہیں تھی، آج کی دوپہر جیسے اور دنوں جیسی تھی، آج جیسے کوے کی آواز بھی اور دنوں کی طرح کرخت نہیں تھی، نیلے آسمان کی وسعتوں میں جو چیلیں اڑ رہی تھیں، وہ چیلیں نہیں تھیں ——— دینکر کی خواہشیں تھیں، جیسے آج دینکر کی خواہشیں پنکھ لگا کر اڑ رہی تھیں، دینکر کو گرما کی یہ دوپہر بڑی حسین اور بڑی پیاری پیاری سی لگی۔ ایسا تو کبھی محسوس نہیں ہوتا، ایسا تو کبھی نہیں ہوتا، امرود کے پیڑ کے نیچے دھوپ

پاؤں میں کھڑے رہنے میں دینکر کو جیسے بڑی تسکین سی ہوئی۔ اس کے بعد پیڑ پر نگاہ ڈالتے ہی اُس نے دیکھا کہ پیڑ پر بیٹھا ہوا کوا
سے بڑے غور سے دیکھ رہا ہے۔ اتنی دیر سے وہ مسلسل کائیں کائیں کر رہا تھا لیکن اب خاموش ہو گیا تھا اور اب اس کی طرف
دیکھ کر نہ جانے دل ہی دل میں کیا سوچ رہا تھا۔ وہ کوا بھی آج اسی کی طرح اکیلا تھا۔

"اے کے — آ — آ —"

دینکر ہاتھ بڑھا کر اُسے بلانے لگا۔

کوا پہلے ذرا چوکنا ہو گیا اور اُڑنے کے لیے پر تولنے لگا، لیکن پھر نہ جانے کیا سوچ کر رُک گیا اور پھر دینکر کی طرف غور سے
دیکھنے لگا۔

دینکر کو یہ محسوس ہوا جیسے یہی کوا اس روز اس کی تھالی سے جھپٹ کر بھات لے بھاگا تھا۔ یہی کوا شاید اگھور داد کے گھر میں
گھس کر چاول، کیلا اور سندیش ہر روز کھا جاتا ہے۔ حاجی قاسم کے باغ کے ایک کونے میں ناریل کے کچھ درخت ہیں، شاید یہ کوا
انہیں درختوں پر رہتا ہے۔ اس روز یہی کوا کبوتر کے ڈربے سے انڈا لے کر بھاگ گیا تھا، یہ بہت بدمعاش کوا ہے۔ دینکر نے بہت
دن تک دیکھا تھا کہ اس کوے کے ساتھ ایک بچہ بھی تھا، اس وقت تک اچھی طرح اُس کے پر نہیں نکلے تھے اور وہ دیر تک مُنہ کھولے
اُسے پکارتا رہتا اور اتنے میں یہی کوا کہیں سے مُنہ میں کوئی چیز لاتا اور اس کے مُنہ میں ڈال دیتا۔ بچے کا مُنہ لال تھا، شاید بہت چھوٹا
بچہ تھا۔ اس کے بعد ایک روز جب وہ باغ میں پھول چننے گیا تو اس نے دیکھا کہ بہت سارے کوے ایک جگہ جمع ہو کر ایک ساتھ
کائیں کائیں کرتے ہوئے ادھر سے اُدھر بھاگتے پھر رہے ہیں۔ تقریباً ایک سو، دو سو اور تین سو کوے جمع ہو گئے تھے۔ پہلے تو دینکر کو
یہ محسوس ہوا تھا، اتنے سارے کووں نے صبح سویرے یہ کیسی محفل جما رکھی ہے، درختوں کی نچلی شاخوں پر بیٹھے ہوئے بڑی بے چینی
سے کائیں کائیں کر رہے تھے اور کبھی اُڑ کر اس شاخ پر آ رہے تھے کبھی اُس شاخ پر جا رہے تھے اور شور مچائے ہوئے تھے۔

پہلے دینکر کی سمجھ میں کچھ بھی نہیں آیا، اس کے بعد اُس نے قریب جا کر دیکھا کہ ایک کوے کا بچہ کیچڑ میں چت مرا ہوا پڑا ہے
اور اس کے پر چاروں طرف بکھرے ہوئے ہیں اور اس کی آنکھیں کھلی ہوئی ہیں، آہا، اس بچے کو کس نے مار دیا، باز پرندہ
تو نہیں؟

اس کے بعد دینکر نے اس بچے کو کبھی نہیں دیکھا، اس کے بعد یہی کوا اکیلا امرود کے پیڑ کی شاخ پر آ کر بیٹھا رہتا اور اکیلا
ہی چیختا رہتا، اکیلا ہی اگھور داد کے گھر میں گھس کر چاول، کیلا اور سندیش جھپٹ کر لے جانے کی کوشش کرتا، ماں کے باورچی
خانے میں جھوٹے برتن میں مُنہ ڈال دیتا، بھات کی تھالی اور مچھلی کے ٹکڑوں کی طرف آہستہ آہستہ بڑھتا رہتا اور ماں اُسے دیکھتے ہی
لات اُٹھا کر ہنکا دیتی۔

"ہش، ہش —"

لیکن کوا زیادہ دور نہیں بھاگتا، پھر امرود کے پیڑ کی شاخ پر آ کر بیٹھ جاتا اور ادھر اُدھر تاک جھانک کرنے لگتا اور کبھی کبھی
اپنی آپ کائیں کائیں کرنے لگتا۔

دیپکر نے اُسے پھر کہا

"اے آ ــــ آ ــــ آ ــــ"

کرا اس وقت تک مشکوک تھا، وہ گردن ٹیڑھی کر کے دیکھنے لگا۔

دیپکر نے تمام چاکلیٹ آنگن میں پھینک دیا ــــ

"کھالے، تو ہی سب کھالے، میں نے تجھے یونہی سب دے دیا، سب تو ہی پیٹ بھر کر کھالے ــــ اب لکھی دیدی جتنا چاکلیٹ بھی دے گی، تجھے دے دیا کروں گا ــــ آ ــــ آ ــــ"

کرا ڈرتے ڈرتے اُڑ کر آنگن میں آگیا۔

"مجھے چاکلیٹ کی ضرورت نہیں ہے رے، لکھی دیدی کا خط میں یونہی دے آیا کروں گا، چاکلیٹ دینے سے بھی دے آؤں گا، دینے سے بھی دے آؤں گا، لکھی دیدی مجھے بڑی اچھی لگتی ہے، یہ سب تو کھالے، تو ہی کھالے یہ سب ــــ"

صبح کو اُٹھتے ہی ماں نے کہا ــــ "اتنے سویرے کیوں جا رہے ہو، آج مت جاؤ۔"

"میں دوڑ کر دے آؤں گا ماں۔" دیپکر نے جواب دیا ــــ "میں گلی کے اندر سے ایک ہی دوڑ میں جا کر دے آؤں گا۔"

"لیکن جس طرح گھر کر بادل آئے ہیں۔" ماں نے کہا ــــ "ابھی پانی برسنے لگے گا دیکھ لو گے۔"

دیپکر نے آسمان کی طرف دیکھا، ایسا دھندلکا چھایا ہوا تھا کہ معلوم ہوتا تھا رات کے چار بجے ہیں، مندر میں گھنٹہ بجنے کی آواز سنائی دے رہی تھی، چنڈی بابو کے مندر میں پوجا شروع ہو چکی تھی، چنڈی بابو کے گھر میں رادھا کرشنا کی مورتی تھی، دوسرے موقعہ پر ویسی سج دھج نہیں ہوتی تھی، صرف جنم اشٹمی کے موقعہ پر بڑی دھوم دھام ہوتی تھی اور دیپکر کتنی ہی بار جنم اشٹمی کے دن وہاں جا کر بتاشہ کھا چکے تھے، اس روز وہاں جو بھی جاتا تھا اُسے بتاشہ پرشاد دیا جاتا تھا۔

جس روز کالی گھاٹ اسکول میں ڈرامہ "تیاگ" دیکھ کر وہ گھر لوٹا تھا، رات زیادہ ہو چکی تھی، بڑی رات گئے ڈرامہ ختم ہوا تھا اور ڈرامہ دیکھ کر جب وہ گھر لوٹ رہا تھا تو اس چنڈی بابو کے مکان کے پاس اُس نے بھوت دیکھا تھا۔

ایک دم اصلی زندہ بھوت ــــ

دیپکر نے بڑے ہونے کے بعد دنیا میں بہت سے بھوت دیکھے تھے لیکن اس روز جو بھوت اُس نے دیکھا تھا اس کی مثال نہیں۔

اس وقت دیپکر کے کانوں میں ڈرامہ کے مکالمے گونج رہے تھے اور اُسے پرانی متھ بابو کی سنائی ہوئی کہانی یاد آگئی تھی۔

ست جگ سے بھی آگے کا زمانہ تھا جب دنیا میں کوئی راجہ نہیں تھا، سزا نہیں تھی، سبھی مذہب کی پناہ میں ایک دوسرے کی بھلائی کرتے تھے، ایک دوسرے سے محبت کرتے تھے، اس کے بعد ایک روز کشش نے جنم لیا، کشش نے جنم لیا اور غصہ کی

تخلیق ہوئی اور اس کے ساتھ ہی رشتے اور تعلق کی بنیاد پڑی، لوگوں کی عام عقل چھن گئی، وید ناپید ہو گیا اور لوگوں نے پوجا دینا بند کر دیا، ان دنوں دیوتا پوجا کے نذرانے کھا کر زندہ تھے، وہ سب فاقے کرنے لگے۔

اس حالت کو دیکھ کر تمام دیوتاؤں نے برہما کے پاس جا کر دربار کیا۔

برہما نے کہا ——— "تم لوگ وشنو کے پاس جاؤ، وہ اس کا تدارک کریں گے۔"

آخر کار تمام دیوتا وشنو کے پاس گئے۔

بولے ——— "دنیا کے لوگ اب پوجا نہیں کرتے، وید نہیں پڑھتے، اب ہم لوگ کیا کھا کر زندہ رہیں گے، آپ اس کا تدارک کیجیے۔"

وشنو نے جواب دیا ——— "تم لوگ اپنے گھر جاؤ، میں اس کا انتظام کرتا ہوں۔"

آخر کار اس کا انتظام ہو گیا، کیا انتظام؟ وہ یہ کہ انھوں نے دنیا میں ایک راجہ کی تخلیق کی۔

بولے ——— "اب اور کسی فکر و تردد کی ضرورت نہیں، اب یہی راجہ تمام لوگوں پر حکومت کرے گا، جو بدھیں انھیں سزا دے گا اور جو نیک ہیں ان کی پرورش کرے گا۔"

اس طرح پرتھو راجہ کی تخلیق ہوئی، دنیا میں امن لوٹ آیا، مسرت لوٹ آئی، مذہب لوٹ آیا، سب کچھ واپس آ گیا اور دنیا سے لوگ پھر امن و سکون کے ساتھ زندگی بسر کرنے لگے۔

لیکن یکایک پھر ایک حادثہ پیش آیا۔

کرن بھی ڈرامہ دیکھ کر اس کے ساتھ ہی واپس آ رہا تھا۔

اس نے کہا ——— "جانتے ہو دیپو، انگریز ہی ہمارے سب سے بڑے دشمن ہیں، ان لوگوں کے جاتے ہی دیکھو گے ہم سب بڑے آرام سے رہیں گے، اس وقت کوئی بھی چیز خریدنے کے لیے روپے کی ضرورت نہیں رہے گی، دیکھ لینا ———"

دیپک نے کہا ——— "تم سے کس نے کہا؟"

"میں جنگ میں جا کر لکچر سن آیا ہوں۔" کرن نے جواب دیا ——— "اس جنگ میں ایک آدمی کہہ رہا تھا کہ ہمارے ملک میں بہت سے سمندر ہیں، اب ہم لوگ اسی سمندر کے پانی سے نمک تیار کر کے کھائیں گے ——— اب نمک خریدنے کے لیے پیسہ نہیں دینا ہوگا۔"

دیپک نے پوچھا ——— "لیکن اتنا نمک کیا ہوگا؟"

کرن نے جواب دیا ——— "اصل چیز تو نمک ہی ہے، کسی کسی دن میں تو صرف نمک بھات کھا کر ہی اسکول جاتا ہوں، صرف نمک اور بھات، جس دن نمک نہیں ہوتا ہے، میں بھات کھا ہی نہیں سکتا ———"

"تمھارے بابا اب تک اچھے نہیں ہوئے؟" دیپک نے پوچھا۔

کرن نے جواب دیا ——— "صبر کرو نا، پہلے سوراج ہو لے، اب تو زیادہ دیر بھی نہیں ———"

سوراج کس طرح آئے گا یہ کرن کو بھی معلوم نہ تھا، وہ پارک میں جا کر تقریریں سنتا اور جو کچھ سنتا آ کر دیپو سے کہہ دیتا۔ تقریر

[illegible] کرنے لگتا اور وہ کئی روز تک [illegible] رہتا [illegible] اس کا چہرہ [illegible] سے سرخ ہو جاتا [illegible] رنگ گورا تھا لیکن میلے کچیلے کپڑوں میں اس کی رنگت [illegible] ہوتا تھا تو بے حد [illegible] دکھائی دیتا تھا۔

اُس روز ڈرامہ دیکھنے کے بعد تاریکی میں لپٹے ہوئے راستوں پر چلتے ہوئے وہ دونوں کالی لین کے پاس تھے۔ کالی لین کے بعد بی ایشور گنگولی فرسٹ لین تھا۔ یہاں سے کرن کو دوسری سمت جانا تھا اور دیپکر کو سیدھے اپنے گھر کی طرف آنا تھا۔ راستہ بالکل سنسان تھا۔ کہیں بھی کسی ایک آدمی کا بھی پتہ نہیں تھا۔

کرن رُک گیا۔

بولا ——— "اب تم یہاں سے چلے جاؤ گے نا؟"

"چلا جاؤں گا۔" دیپکر نے جواب دیا۔

"ڈر نہیں لگے گا؟"

"نہیں، ڈر کیسا؟" دیپکر نے جواب دیا۔

"اچھا تو اب میں گھر جاتا ہوں ———"

اتنا کہہ کر کرن چلا گیا تھا۔ دیپکر نے ایک بار سامنے کی طرف دیکھا۔ سامنے نکڑ پر گیس بتی ٹمٹما رہی تھی۔ اس گیس بتی سے تھوڑی دور آگے اس کا مکان تھا۔ اُنیس ایک بی ایشور گنگولی لین۔ یکایک اُسے پھر ڈرامہ کے مکالمے یاد آ گئے۔ چند لمحوں کے لیے وہ بھی اسی دُنیا میں پہنچ گیا۔ اُس نے کہا ———

ہاں تم نے غریبوں کی دولت چھین لی: راجہ اگر چوری کرے،
میں نے سُنا ہے، اس دُنیا کا بھی ایک راجہ ہے ——— تم چوری
کرو تو تمہارا انصاف کون کرے گا!

ڈرامہ کے مکالمے اُسے اچھی طرح یاد نہیں تھے، واقعی راجہ تو راجہ ہے، دُنیا کا راجہ، وہ تمام جرم کا انصاف کرتا ہے، مجرموں کو سزائیں دیتا ہے، گناہوں کو معاف کرتا ہے! وہی دُنیا کا راجہ اگر ناانصافی کرے ——— اس کا انصاف کون کرے گا؟

یکایک اُسے ایسا محسوس ہوا جیسے چٹھی بابو کے مکان کے قریب باغ میں کوئی چیز حرکت کر رہی ہو۔

کیا ہے؟ وہ کیا ہے؟

وہ جگہ بالکل تاریک تھی اور باغ کے قریب تاریکی اور بھی گہری اور بھی دبیز ہو گئی تھی! وہ اب ایک دوڑ میں اپنے گھر پہنچ سکتا تھا لیکن دیپکر کی چلنے کی طاقت جیسے سلب ہو گئی تھی۔ جیسے اس کے دونوں پاؤں زمین میں دھنس گئے تھے اور اس کے رونگٹے کھڑے ہو گئے اور وہ سر سے پاؤں تک کانپنے لگا ———

"کیا ہے، وہاں پر کیا ہے؟"

اُسے ایسا لگا جیسے ایک بھوت دانت نکالے ہوئے اس کی طرف دیکھ رہا ہے اور سر جھلا جھلا کر ہنس رہا ہے اور اس خاموش ہنسی رات میں گونج رہی ہے اور اس کے ساتھ ہی ساتھ دینکر کا سارا جسم برف کی طرح سرد ہو گیا، وہ اپنی پوری طاقت سے چیخنا چاہتا تھا، لیکن اس کی چیخ حلق میں اٹک گئی اور وہ سایہ تاریکی میں ڈوبا ہوا اور بھی زور زور سے قہقہے لگانے لگا اور ایسا لگا جیسے اس کی خاموش ہنسی کی صدائے بازگشت سے ایشور گنگولی لین میں چھایا ہوا دبیز تاریکی کا پردہ تار تار ہو گیا ہو۔

ماں جاگ رہی تھی، باہر قدموں کی چاپ سنتے ہی اس نے دروازہ کھول دیا۔

"کون، کھوکا تم آ گئے؟ اتنی رات ہو گئی؟"

لیکن دینکر کا چہرہ دیکھ کر ماں کو بڑی حیرت ہوئی، دینکر کی زبان جیسے گنگ ہو گئی تھی اور اس کا سارا جسم پسینے میں گھر کے اندر داخل ہوتے ہی وہ دونوں ہاتھ پھیلا کر ماں سے لپٹ گیا۔

"کیا ہوا، تمھیں کیا ہو گیا؟"

دینکر نے کہا ــــ "ماں، میں نے بھوت دیکھا ہے۔"

"بھوت!"

ماں کو بے حد تعجب ہوا، دینکر کو تخت پوش پر بٹھا کر پنکھے سے ہوا کرنے لگی، "ڈرامہ دیکھنے گیا تھا، یکایک لڑکے کو یہ کیا ہو گیا!

"تم نے ڈرامہ دیکھا؟" ماں نے پوچھا۔

دینکر نے ہانپتے ہوئے جواب دیا ــــ "ڈرامہ دیکھ کر آ رہا تھا کہ یکایک چنڈی بابو کے مکان کے کونے میں کھڑا ہوا ایک بھوت دیکھ کر ہنسنے لگا ماں ــــ"

ماں ہنسنے لگی۔

بولی ــــ "دُور، پتہ نہیں تم نے کیا دیکھ کر کیا سمجھ لیا، بھوت وغیرہ کا کوئی وجود نہیں، کہاں ہے بھوت؟ بھوت اصل میں کوئی نہیں، اتنی عمر ہو گئی پھر بھی بھوت سے ڈرتے ہو؟"

دینکر نے کہا ــــ "نہیں ماں، میں اپنی آنکھوں سے دیکھ کر آ رہا ہوں، میری طرف دیکھ دیکھ کر بھوت ہنس رہا تھا، تم چلو میں بھی دکھا دوں گا ــــ"

"اچھا تو پھر چلو، تمھارا بھوت کہاں ہے میں بھی دیکھ لوں۔"

اس وقت تقریباً رات میں ماں دینکر کو ساتھ لے کر نکل پڑی تھی، اس وقت رات کے بارہ یا ایک بجے ہوں گے۔ کالی گھٹا کے بادل سو چکے تھے اور چاروں طرف گہرا سناٹا چھایا ہوا تھا، راستے سنسان تھے، چنڈی بابو کے مکان کا تیس نمبر تھا، تیس نمبر ایشور گنگولی لین کے اندر ہی تین منزلہ عمارت تھی، وہ جنم اشٹمی کے موقعہ پر میلہ دیکھنے کے لیے کتنی ہی بار چنڈی بابو کے مکان میں جا چکا تھا، بہت

[illegible] ہوتی تھی۔ محلے کے اندر پوجا کے دنوں کے علاوہ بھی [illegible] ہوتا تھا۔ [illegible] باتوں میں [illegible] وغیرہ اور [illegible] آٹھ سیڑھیاں [illegible] اور دوسری دیویاں بھی تھیں۔ اس [illegible] کے اندر تیل میں [illegible] پڑنے کی دکان کھل جاتی اور صحن آدمیوں سے بھر جاتا اور صحن کے چاروں طرف کرشن لیلا کی مورتیاں رکھ دی جاتیں۔ بہت ساری مورتیاں ہوتیں، وہ مورتیوں کو دیکھتے ہوئے مجمعے کے پیچھے جا کھڑا ہو جاتا۔ ایک اسٹرائک کے مجمعے پر رادھا کرشن کی دو مورتیاں جھول رہی ہوتیں اور چھوٹے چھوٹے بچے اور بچوں کو وہاں پر ایک ایک بتاشہ پرشاد ملتا۔

پوجا کے دن چنڈی بابو کے مکان میں بڑی بھیڑ لگی رہتی اور اس کے بعد رات بڑی گرما گرمی رہتا۔ اس کے بعد بہت کم لوگ وہاں جاتے تھے۔ سنا ہے صحن میں اسی مکان کے دو چار بچے اکاؤ کا کھیلتے رہتے۔ ایک مرتبہ اسی چنڈی بابو نے اسے اپنے گھر سے نکال دیا تھا۔

اس وقت اس کی عمر اور بھی کم تھی اور وہ دھرم داس ٹرسٹ ماڈل اسکول میں پڑھتا تھا۔ بھوانی پور میں انہیں دنوں ایک واقعہ پیش آیا۔ شام کے چھ بجے کا وقت تھا اور وہ کرن کے ساتھ ہریش پارک سے بھی بہت دور آگے نکل گیا تھا اور تقریباً پورا بازار کے قریب چلا گیا تھا۔ وہاں پر میدان میں فٹ بال میچ ہو رہا تھا۔ وہاں سے فٹ بال میچ دیکھ کر وہ واپس آ رہا تھا اور اس وقت شام کے پانچ یا چھ بجے تھے۔ یکایک ایک دھماکہ ہوا تھا جیسے کہیں پر کوئی بم پھٹا ہو۔

اسے اپنے کان کا پردہ پھٹتا ہوا محسوس ہوا تھا اور وہ چونک اٹھا تھا۔ راستے میں جتنے لوگ تھے وہ بھی چونک اٹھے تھے اور اس کے بعد بے تحاشہ ادھر ادھر بھاگنے لگے تھے۔

"بھاگ چلو دیپ ——" کرن نے کہا اور اتنا کہہ کر وہ دوڑ پڑا۔

اور اس کے ساتھ ساتھ وہ بھی بھاگ کھڑا ہوا۔

راستے میں ہر طرف بھگدڑ سی مچ گئی تھی۔

اس کے بعد پھر ایک دھماکہ ہوا اور اس نے دیکھا کہ ایک پولیس کا آدمی جو سائیکل پر جا رہا تھا، سائیکل سے نیچے گر پڑا۔ اس کے پیچھے ایک اور آدمی سائیکل پر سوار تھا اس کے سینے میں اک ایک گولی لگی اور وہ بھی زمین پر آ رہا اور وہ بھی ڈھیر ہو گیا اور اس کے جسم سے لال لال خون کے فوارے چھوٹنے لگے! یہ سب دیکھ کر وہ دونوں بدحواس ہو گئے اور پھر بے تحاشہ بھاگنے لگے!

وہ شمبھو ناتھ پنڈت اسٹریٹ سے دوڑتے ہوئے ہاجرہ روڈ کے موڑ پر آ کر تھوڑی دیر کے لیے رک گئے۔ ان کا دم پھولنے لگا اور وہ دونوں بری طرح ہانپنے لگے تھے۔ اور اس وقت تک چیخ پکار اور بھگدڑ مچی ہوئی تھی۔

ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا اور بولا

"بسنت چٹرجی کو مار ڈالا گیا ——"

"کس نے مارا؟"

"سودیشیوں نے!"

وہ دونوں اتنا ہی سُن سکے۔ بسنت چیٹرجی کون تھا، اُسے کس نے مارا؟ یہ سب کچھ وہ سُن نہ سکے، جس کو جدھر بھی موقع
ل رہا تھا، بھاگ رہا تھا، وہ دونوں وہاں پر بھی نہ رُک سکے، پھر بھاگ کھڑے ہوئے اور دوڑتے دوڑتے ایشور گنگولی لین میں آکر
ہ دم لیا۔ اتنے میں ان دونوں نے دیکھا کہ مخالف سمت سے ایک آدمی سائیکل پر چلا آرہا ہے، اُسے دیکھ کر دونوں گھبرا گئے ——
یں وہ انھیں پکڑ نہ لے؟

کرن نے کہا —— "بھاگ چلو دیپو ——"

سامنے ہی چنڈی بابو کا مکان تھا، اس باڑی کا لوہا گیٹ کھلا ہوا تھا، کرن دوڑ کر اندر چلا گیا اور اس کے پیچھے پیچھے دیپکر
ی اندر گھس گیا۔ اتنی ہی دیر میں سارے کلکتہ میں یہ خبر پھیل چکی تھی کہ پولیس کے ڈپٹی کمشنر بسنت چیٹرجی کو سودیشیوں نے گولی مار کر
ل کر دیا! چنڈی بابو بوڑھے آدمی تھے، وہ اس وقت ایک کرسی پر بیٹھے ہوئے حقہ پی رہے تھے۔

اُنھوں نے چیخ کر کہا —— "رام دھنی گیٹ بند کر دو۔"

رام دھنی کہیں دُوسری طرف تھا، وہ دوڑتا ہوا آیا اور گیٹ بند کرنے ہی جا رہا تھا کہ یہ دونوں اندر گھس پڑے۔

چنڈی بابو ان دونوں کو دیکھتے ہی اپنی جگہ سے اُٹھ کر آئے اور بولے

"گیٹ آؤٹ —— گیٹ آؤٹ —— گیٹ آؤٹ ——"

اُسے آج بھی یاد ہے، اس روز چنڈی بابو کو دیکھ کر دیپکر اور کرن شام کے اندھیرے میں غیر محفوظ حالت میں ان کی پناہ
ے نکل کر گلی میں آگئے تھے، دو معصوم بچوں کو اس روز چنڈی بابو نے پناہ نہیں دی تھی۔ شاید اُنھوں نے ان دونوں کو قسمت کے ہاتھوں
ں سونپ کر اپنا اطمینان کر لیا تھا، لیکن ان کی قسمت کے بنانے والے نے آخر کار خود انھیں بھی زیادہ دنوں تک زندہ رہنے نہیں
ا ——

لیکن یہ بہت دنوں بعد کا واقعہ ہے۔

اس روز بھی اُسے اسی چنڈی بابو کے مکان پر جانا تھا، راستے بالکل سنسان ہو چکے تھے، دُور دُور تک ایک آدمی کا بھی پتہ
ہ، دیپکر کو ساتھ لیے ہوئے آگے بڑھنے لگی۔ شیتلا تلا کے بعد ایک موڑ تھا اور اس کے بعد ہی چنڈی بابو کا مکان تھا، مکان کے
رب میں وہ باغ تھا، دیپکر کو چاروں طرف دیکھ دیکھ کر اس وقت بھی خوف محسوس ہو رہا تھا۔

ماں نے کہا —— "ڈرنے کی بات نہیں، میں تو تمھارے ساتھ ہوں، آؤ، کہاں ہے، تمھارا بھوت کہاں ہے؟"

دیپکر نے جوں ہی سامنے نظر اُٹھائی، اُسے وہ چیز نظر آگئی، ابھی تک وہاں پر اندھیرا تھا اور اندھیرے میں وہ بھوت ابھی تک
ح ہنس رہا تھا، ٹھیک اُسی طرح دانت نکالے ہوئے قہقہے لگا رہا تھا۔

دیپکر نے کہا —— "وہ دیکھو، وہ رہا ——"

ماں نے بھی چند لمحوں تک غور سے دیکھا۔ اس کے بعد اِدھر اُدھر نگاہ دوڑا کر اچھی طرح جائزہ لیا۔

دیپکر نے کہا —— "دیکھ لیا نا، میں نے کیا کہا تھا ——"

"اچھا، تم اس طرف آ جاؤ ـــــــ" ماں نے جواب دیا۔

اتنا کہہ کر ماں چنڈی مالا کے گیٹ کی سمت چلی گئی۔ گیٹ کے بازو میں دربان کا کمرہ تھا، اس وقت وہ سو رہا تھا، صرف گیٹ کے اوپر گیس بتی جل رہی تھی، اس کے کمرے کا دروازہ اندر سے بند تھا، سبھی لوگ گہری نیند میں تھے، اتنی رات گئے بھلا کون جاگا رہ سکتا تھا۔

ماں نے آواز دی ـــــــ "رام دھنی، اے رام دھنی ـــــــ"

چند لمحوں کے بعد ماں نے پھر آواز دی ـــــــ "رام دھنی، ایک بار باہر آؤ تو ـــــــ"

رام دھنی باہر نکلا اور باہر آتے ہی اس نے پوچھا ـــــــ

"کون؟"

ماں نے جواب دیا ـــــــ "میں دیپو کی ماں ہوں، تم ذرا اپنے باغ کی بتی جلا دو تو، باغ کی بتی ایک بار جلاؤ گے بابا"

رام دھنی پرانا آدمی تھا، ماں بھی قدیم باشندہ تھی، رام دھنی نے اندھیرے میں بھی ماں کو پہچان لیا۔

پوچھا ـــــــ "کون؟ دیپو کی ماں؟ کیا چاہیئے دیپو کی ماں؟"

"تم اپنے باغ کی بتی ایک بار جلاؤ گے رام دھنی" ماں نے جواب دیا ـــــــ "ذرا بتی جلا دو تو ـــــــ"

رام دھنی نے سوئچ دبا کر باغ کی بتی جلا دی اور دوسرے ہی لمحہ اس طرف اجالا ہو گیا، ماں نے دیکھا اور ساتھ ہی دیکھ نہ بھی دیکھا، باغ میں ایک چبوترے کے اوپر بانس کی ایک لاٹھی کھڑی تھی اور اس کے اوپر ایک ہیٹ ٹنگا ہوا تھا اور ایک مٹی کی ہانڈی بندھی ہوئی تھی اور لاٹھی میں ایک قمیض پہنا دی گئی تھی، بندروں کو بھگانے کے لیے ایک آدمی کی مورتی بنا دی گئی تھی۔ ہوا میں آہستہ آہستہ ہیٹ ڈول رہا تھا اور قمیض کے کپڑے میں موٹی موٹی دھاری تھی۔ واقعی کتنی حیرت کی بات تھی، ویچکر اس راستے سے دن کے وقت کئی بار گزرا تھا لیکن اس نے تو اس پر دھیان ہی نہیں دیا تھا۔

ماں نے رام دھنی سے کہا ـــــــ "اب تم بتی بجھا دو رام دھنی"

اس کے بعد ویچکر سے بولی ـــــــ "دیکھ لیا نا، یہ کیسا بھوت ہے دیکھ لیا نا؟"

اس روز اتنی رات گئے ماں ہی نے اس بات کا زندہ ثبوت فراہم کر دیا تھا کہ دنیا میں بھوت کا کوئی وجود نہیں ہے، انسان جسے بھوت سمجھتا ہے، وہ اس کا اپنا وہم ہوتا ہے، لیکن ویچکر جوں جوں بڑا ہوتا گیا، اسے اس بات کا یقین ہوتا گیا کہ ماں بھوت کے بارے میں پوری واقفیت نہیں رکھتی، ممکن ہے کسی زمانے میں بھوت کا کوئی وجود نہ رہا ہو، لیکن اس کے بعد بھوت وجود میں آ گیا تھا، بھوت نے دنیا میں جنم لے لیا تھا اور اس کے بعد انسان کی دنیا میں ان گنت بھوت پیدا ہوتے رہے تھے، ان کا چہرہ، ان کا لباس، پوشاک سبھی کچھ انسانوں کی طرح تھا لیکن دراصل وہ سب انسان نہیں تھے، وہ سب بھوت تھے اور ـــــــ انسانوں کا روپ دھار کر انسانوں کے سماج میں گھومتے پھرتے رہتے تھے اور موقع بے موقع انہیں ڈراتے رہتے تھے اور جب ضرورت پڑتی، انسانوں کی شکل سے روپوش ہو جاتے تھے، ویچکر کا یہ ایک حیرت انگیز تجربہ تھا۔

اس مرتبہ حاجی قاسم کے باغ سے جلدی جلدی پھول چن کر وہ مندر کی طرف دوڑ پڑا تھا۔ پہلے ماں کے مندر میں گیا تھا۔ ماں کے مندر میں چینی گلاب کے کئی پھول دینے کے بعد اُسے ستیا نارائن، گنیش، جگن ناتھ، شو شنکر اور اس کے بعد بھو بنیشور کے مندر میں پھول دینا تھا۔

دینکر نے کہا ——— "پنڈت جی ذرا جلدی سے پھول لے لیجیے، بہت زور سے پانی آ رہا ہے۔"

واقعی آسمان بادلوں سے ڈھکا ہوا تھا، ناٹو مندر کی چھت کے اوپر سیاہ بادلوں کا اجتماع تھا، اس کے بعد چبوترے پر شانی ٹیک کر مندر کے گرد گھوم کر گلی کے اندر سے کنڈو پوکھر کے دروازہ تک جانے کا راستہ تھا، دوسری طرف جوتے رکھنے کی جگہ تھی، پیڑے کی دکان تھی جس کے اندر پیڑے بنتے تھے اس کے بعد پورب رُخ کا دروازہ تھا۔

اس وقت تک مندر میں کافی بھیڑ لگ گئی تھی، بڑی بڑی کاریں لگی ہوئی تھیں اور کاروں سے اُتر کر گوری گوری مارواڑی عورتیں اور گورے چٹے مارواڑی مرد ننگے پاؤں مندر میں آ رہے تھے اور ان کے پیچھے پیچھے بھکاریوں کی ٹولی لگی ہوئی تھی، ان کا لباس صاف ستھرا اور قیمتی تھا اور سُرخ و سپید چہرہ! ان کے اندر بڑی بھگتی تھی، وہ پنڈے کو بہت زیادہ دان دیتے تھے اور اسی لیے پنڈے بھی ان کی بڑی خاطر و مدارات کرتے، اس کے برعکس وہ دینکر کی کوئی خاطر نہیں کرتے تھے کیونکہ دینکر انہیں ایک پیسہ بھی کبھی سلامی نہ دیتا تھا، صرف پھول دینے سے بھی کہیں ماں کالی کا پیٹ بھرتا ہے؟

یکایک بارش کی دو چار بوندیں ٹپ ٹپ اس کے جسم پر گر پڑیں۔

دینکر مُرابے کے نیچے آ کر کھڑا ہو گیا، یہاں پر اس کا سر بھیگنے سے محفوظ رہے گا اور خط بھی نہیں بھیگے گا، لکھی دیدی کا خط اس کی جیب میں تھا، وہاں پر کھڑے ہو کر، جہاں تک اس کی نگاہ جا سکتی تھی وہ متجسس نگاہوں سے دیکھنے لگا، بارش ہو رہی تھی، شاید وہ بھلا آدمی بارش کی وجہ سے نہیں آ رہا ہے یا ممکن ہے کہ ابر آلود آسمان ہونے کی وجہ سے اُسے وقت کا صحیح اندازہ نہ ہو سکا ہو، ممکن ہے وہ آج وقت سے پہلے تو نہیں آ گیا؟ سات بج چکے ہیں کیا؟ اس طرف پیڑے کی دکان میں ایک دیوار گھڑی ہے، اس میں وقت دیکھنے سے پتہ چل جاتا!

دینکر سر کو بھیگنے سے بچاتے ہوئے دکان کے مقابل آ کر کھڑا ہو گیا اور گھڑی پر نگاہ ڈالی، سات بج کر بیس منٹ ہو رہے تھے، دوسرے دن کی نسبت آج دیر ہو گئی تھی، اب تک تو آ جانا چاہیے تھا، وہ بھلا آدمی اسی وقت تو آتا تھا، لیکن اس آدمی کا چہرہ بہت خوبصورت ہے۔

کبھی کبھی وہ بھلا آدمی پہلے ہی سے آ کر کھڑا رہتا تھا۔

دینکر کو دیکھتے ہی اس کے چہرے پر مسکراہٹ پھیل جاتی۔

"آ گئے کھوکا؟"

دینکر جیب سے خط نکال کر اُسے دے دیتا۔

"یہ لیجیے ———

[illegible] کے ہات سے لفافہ لے کر وہ چاک کر کے پڑھنے لگتا اور دیپکر اس آدمی کے چہرے کو تکنے لگتا اور خط پڑھتے پڑھتے اس آدمی کا چہرہ یکایک سُرخ ہو جاتا۔ اس کا رنگ صاف تھا اور وہ قیمتی سلک کے شرٹ پر بڑی بہتر دکھتا۔ اتنے سویرے بھی وہ خوب بن ٹھن کے آتا تھا۔ خط پڑھتے پڑھتے جیب سے سگریٹ کا پیکٹ نکالتا اور اسے جلا کر سگریٹ سلگاتا اور ایک لمبا کش لے کر دھواں اُگل دیتا۔ وہ ایک ہی خط کو بار بار پڑھتا۔ ایک بار پڑھ لینے کے بعد دوبارہ پڑھتا، دوبارہ پڑھ لینے کے بعد سہ بارہ پڑھنے لگتا۔ لکھی دیدی اپنے خط میں کیا کچھ لکھتی تھی، کون جانے! کبھی کبھی دن جب دیر ہو جاتی تو وہ ٹیکسی پر سوار ہو کر آتا اور ٹیکسی سے اتر کر دوڑتا ہوا دیپکر کے پاس آ کر اس سے خط لے کر پڑھنے لگتا۔ وہ دیر تک خط کو بار بار پڑھتا رہتا اور دیپکر بات میں بھول کی ٹوکری لیے ہوئے بُت کی طرح کھڑا رہتا۔

آخری بار خط پڑھ کر وہ سگریٹ کا ایک طویل کش لے کر کہتا ——

"گڈ بوائے ——"

اتنا کہہ کر وہ سیدھا تیز تیز قدم بڑھاتا ہوا چلا جاتا۔

اس کے بعد دیپکر آہستہ آہستہ کنڈو پلکر کے جنوبی سمت سے ہوتا ہوا بیشو تنگرلی لین کی طرف چل پڑتا۔ جب تک وہ خط پڑھتا رہتا، دیپکر کو بہت اچھا لگتا۔ وہ اچھی طرح بنگالی نہیں بول سکتا تھا، پتہ نہیں کون ذات تھا، لیکن کچھ مختلف قسم کا تھا۔ اس کی شکل کسی سے بھی نہیں ملتی تھی۔ کالی گھاٹ میں ایک آدمی بھی ویسا نہ تھا۔ مدھوسودن کی دہلیز پر بیٹھ کر جو لوگ اڈہ مارتے تھے جیسے مدھوسودن کے بڑے بھیا اور دونی کاکا وغیرہ وہ بھی اس جیسے نہیں تھے۔ دھرم داس ٹرسٹ اڈل اسکول کے پرانے متھ بابو روہینی بابو بھی ویسے نہیں تھے۔ یا پھر ہریش پارک میں تقریر سننے کے موقعہ پر جن لوگوں کو دیکھتا تھا وہ نفس ان لوگوں کی طرح بھی نہیں تھا۔ وہ انگریزوں سے بڑی حد تک مشابہ تھا۔ علی پور کے پرلی طرف چڑیا گھر کی سمت جو بڑے بڑے صاحبوں کی کوٹھیاں تھیں، وہ ان ہی کی طرح تھا۔ چنڈی بابو بھی بڑے آدمی تھے، چنڈی بابو کے یہاں دربان تھا، منشی محرر اور گماشتہ تھا، لیکن ان کے گھر کے لوگوں کا چہرہ بھی ویسا نہیں تھا۔ بھوانی پور میں کچھ لوگوں کا چہرہ ایسا ضرور تھا۔ دیپکر نے پڑتا بازار میں فٹ بال میچ دیکھتے ہوئے بہت لوگوں کو دیکھا تھا، جس روز پولیس کے ڈپٹی کمشنر بسنت چٹرجی کا خون ہوا تھا، اس روز دیپکر نے اسی قسم کے چہرے کے دو آدمیوں کو دیکھا تھا، مگر وہ کوٹ پتلون پہنے ہوئے نہیں تھے۔ آدھی کا کرتا پہنے ہوئے تھے۔ ان کا رنگ بھی گورا تھا، دھلی ہوئی دھوتی تھی اور ہات میں سگریٹ تھا۔ یکے بعد دیگرے دو دھماکے ہوتے ہی وہ دونوں اس کے قریب سے بھاگتے ہوئے اوریا کی بستی کی طرف چلے گئے تھے۔

دیپکر کو یاد ہے۔

اس روز وہ لکھی دیدی کا خط لے کر واپس آ رہا تھا کہ یکایک کرن دوڑتا ہوا اس کے پاس آیا اور ہانپتے ہوئے

بولا ——

"غضب ہو گیا دیپو ——"

یقینی کرن کے بابا مر گئے ہیں" دیپکر خاموشی سے کرن کا چہرہ تکنے لگا۔
"میں تمہارے ہی پاس جا رہا تھا" کرن نے کہا۔
"کیوں؟ کیا ہوا؟"
کرن کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔
دیپکر نے پوچھا ——— "تمہارے بابا مر گئے ہیں کیا؟ کب؟"
"نہیں" کرن نے جواب دیا ——— "اخبار میں خبر چھپی ہے بھائی۔ سی۔ آر۔ داس قضا کر گئے ——— کیا ہوگا؟"

سی۔ آر۔ داس قضا کر گئے؟ کیا ہوگا؟ کرن کو کتنی امیدیں تھیں، اُسے امید تھی کہ سی۔ آر۔ داس راجہ ہوں گے! لیکن اب کیا ہوگا، کرن کا چہرہ کیسے مرجھا گیا تھا، کرن گونگے کی طرح دیپکر کی طرف دیکھ رہا تھا۔
کرن نے کہا ——— سادھو نے تو کہا تھا کہ سی۔ آر۔ داس اس ملک کے راجہ ہوں گے۔"
دیپکر کی سمجھ میں نہ آیا کہ وہ کیا جواب دے، وہ بھی چپ چاپ کرن کا منہ تکنے لگا، کرن کی نگاہوں میں ساری دنیا جیسے سونی ہو گئی تھی، اگر راجہ ہی مر جائے تو لوگوں کی حالت کیسے بہتر ہوگی، کرن کے بابا کی حالت کیسے سدھرے گی، تو کیا اسے تمام عمر جینو بیچنا ہوگا؟ تمام عمر بھیک مانگنا پڑے گی؟ پھر اس کا مکان کیسے بنے گا؟ پھر سوراج کیسے ہوگا؟ اس روز کرن اپنے مسائل کا کوئی حل نہ پا کر جیسے یکدم مایوس ہو گیا تھا۔
بہت دیر تک چپ رہنے کے بعد دیپکر نے پوچھا
"اسکول نہیں جاؤ گے؟"
"اسکول میں آج چھٹی ہے" کرن نے جواب دیا ——— "کل بھی چھٹی رہے گی ———"
اس کے بعد قدرے رک کر بولا ——— "کل کیوڑا تلا میں سی۔ آر۔ داس کو لائیں گے تم دیکھنے جاؤ گے بھائی؟"
"جاؤں گا۔" دیپکر نے کہا ——— "ہم دونوں ایک ساتھ چلیں گے ———"
کرن نے کہا ——— "ذرا سویرے ہی چلیں گے بھیا، ورنہ کیوڑا تلا میں بڑی بھیڑ ہو جائے گی۔"
[illegible] ہوتے ہی وہ سب سے پہلے لکھی دیدی کے پاس گیا تھا۔ نیپال بھٹاچاریہ اسٹریٹ کے موڑ پر مدھوسودن کی دہلیز پر اس وقت زبردست بھیڑ لگی ہوئی تھی، اخبار زمین پر پڑا ہوا تھا، سبھی پڑھ چکے تھے اور اب بات جلد جلد کر رہے تھے۔
دیپکر ایک منٹ کے لیے وہاں پر رک گیا، مختلف عمروں کے لوگ وہاں پر جمع تھے جن میں دونی کاکا کی عمر سب سے زیادہ تھی۔
دونی کاکا کہہ رہے تھے ——— "مر گئے تو اچھا ہی ہوا، یہ سب چرخہ ورخہ کات کر کیا فائدہ ہوتا بھائی، چرخہ کات کر آزادی آ جاتی ہے؟ یا چرخہ کات کر امریکہ آزاد ہوتا ہے؟ بولو، مجھے سمجھاؤ۔"
مدھوسودن کے بڑے بھائی نے کہا ——— "گاندھی جی کو آسانی ہو گئی، مجھے دونی کاکا، گاندھی کی بات پر پر وشواس کرنے والا

اب کوئی نہیں رہا۔"

پنچو دا کھڑے تھے، انھوں نے کہا ———

"یہ گانہ جی پھاندی کا کام نہیں ہے بچے، ایک بنگالی تھا وہ بھی چلا گیا، ابھی آپ لوگ نہیں سمجھ سکتے، یہ بات ابھی آپ کی سمجھ میں نہیں آئے گی، بعد میں سمجھیں گے ——— دانت رہتے ہوئے تو لوگ اس کی قدر نہیں کرتے ———"

پیچھے دا بھی ایک طرف کھڑے تھے، انھوں نے کہا ———

"اب اس جے۔ ایم۔ سین گپتا ہی کا بھروسہ ہے، اب ہماری وہ طاقت وہی ہے ———"

پنچو دا نے ان کی بات اُچک لی، بولے ———

"ارے رہنے دو، رہنے دو، کس کے ساتھ کس کا موازنہ کر رہے ہو! وہ جو کہتے ہیں، ٹٹے ٹٹے بھے جائیں، مدھوسودن کے ٹٹے بھیا نے ان کی بات کاٹ دی۔

"دیکھا جائے ہمارا سوبھاش بوس کیا کرتا ہے ———"

مدنی کاکا کی معلومات بہت وسیع تھیں، ان کے دلائل کے سامنے بڑے بڑوں کی منطق دھری رہ جاتی، مدنی کاکا دُنیا کو اپنے دلائل سے مات دے دینے میں اُستاد تھے، وہ صرف برٹش گورنمنٹ کے حامی تھے۔

انھوں نے کہا ——— "جس کا نام تل چٹا اسی کا نام کھٹل، وہ تمھارے سوبھاش بوس ہوں یا جے۔ ایم۔ سین گپتا ایک ایک گولی ہی میں سب ٹھنڈے ہو جائیں گے ———"

ان کی باتیں دیکھر کی سمجھ میں نہیں آ رہی تھیں، اس قسم کے مباحثے تو ہمارے ہی ہوتے رہتے تھے، ہمیشہ ہی ہوتے رہے ہیں، سب آ۔ ۔ اس مر گئے تھے، کہاں، کوئی بھی تو نہیں رو رہا تھا، کرن کی طرح کوئی بھی تو نڈھال اور پریشان نہیں تھا! دیکھر اس رویے سے متعجب ہوا تھا!

دیکھر وہاں سے چلا آ رہا تھا کہ اتنے میں پیچھے دا نے آواز دی۔

"ارے دیپو، سنو تو، اس طرف آ کر سن جاؤ ———"

دیکھر کے قریب جانے پر پیچھے دا نے پوچھا ———

"ارے، تمھارے علاقہ میں کرن کرایہ دار آیا ہے؟"

"لکھی دیدی وغیرہ۔" دیکھر نے جواب دیا۔

"لکھی دیدی وغیرہ، جو لڑکی بس میں بیٹھ کر اسکول جاتی ہے، یونائیٹڈ میٹرنی میں پڑھتی ہے، میں نے دیکھا ہے، وہ ہے! اس کے بابا کیا کرتے ہیں، پیشی بابو کیا کرتے ہیں؟"

دیکھر نے کہا ——— "پیشی بابو تو لکھی دیدی کے بابا نہیں ہیں، اس کے کاکا ہیں، اس کے بابا تو بہار میں نوکری کرتے ہیں، وہ لوگ بہت امیر آدمی ہیں۔"

"اچھا تو اس کے کاکا کیا کرتے ہیں، تم جانتے ہو؟"

"دفتر میں نوکری کرتے ہیں۔" ویکر نے جواب دیا۔

چھینے داس نے پھر پوچھا ——

"کس دفتر میں؟"

ویکر نے جواب دیا —— "یہ تو مجھے نہیں معلوم۔"

دونی کاکا نے چھینے داس سے پوچھا ——

"تمھیں ٹھیک معلوم ہے؟"

چھینے داس نے جواب دیا ——

"میں نے دیکھا جو ہے، میں نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے دونی کاکا ——"

اس کے بعد سبھی مل کر آپس میں کاکا بابو کے بارے میں کچھ باتیں کرنے لگے۔ ویکر ان کی باتیں سمجھ نہ سکا۔ اس وقت وہ صرف یہ سوچ رہا تھا کہ سی۔ آر۔ داس کی موت پر کوئی بھی تو غمزدہ نہیں ہے۔ سبھی لوگ تو پہلے ہی کی طرح آج بھی مطمئن جانے ہوئے تھے، کوئی تبدیلی بھی تو نہیں آئی تھی۔

ویکر آتے ہی لکھی دیدی کے مکان میں داخل ہو گیا۔ کاکی ماں اس وقت برآمدے میں بیٹھی ہوئی ترکاری کاٹ رہی تھیں، غسل کر چکی تھیں اور بھیگے ہوئے بالوں کو پیٹھ پر پھیلا دیا تھا۔

ویکر نے جاتے ہی پوچھا —— "کاکی ماں، لکھی دیدی کہاں ہے؟"

"اوپر پڑھ رہی ہے۔" کاکی ماں نے جواب دیا —— "دیکھو جا کر۔"

"آپ نے سنا ہے کاکی ماں، سی۔ آر۔ داس مر گئے؟"

"کہاں؟" کاکی ماں نے کھوئے ہوئے لہجہ میں پوچھا۔

"دارجلنگ میں۔" ویکر نے جواب دیا —— "کل کیوڑا تلا میں بڑی بھیڑ ہو گی ——"

کاکی ماں جس طرح بیٹھی ہوئی ترکاری کاٹ رہی تھیں، اسی طرح بیٹھی ہوئی ترکاری کاٹتی رہیں۔ ویکر بہت سی باتیں ان سے کہہ گیا، مگر وہ یوں چپ چاپ بیٹھی رہیں جیسے انھوں نے کچھ سنا ہی نہیں۔ پھر کاکی ماں اٹھ کر کوٹھا کر تقلید میں اوڑھ کر متعلق ہدایت دینے لگیں۔ حیرت ہے لوگ تو ایک بار بھی نہیں سوچ سکتے کہ جنگلیوں کا کتنا بڑا نقصان ہو گیا ہے! حیرت ہے! کتنی حیرت کی بات تھی! ویکر زینے طے کر کے سیدھا اوپری منزل پر چلا گیا، اوپر کونے میں اپنے اسی کمرے میں کاکا بابو بیٹھے تھے۔ اخبار پڑھ رہے تھے۔ اخبار پڑھنے میں وہ اس قدر محو تھے کہ ویکر کے قدموں کی چاپ بھی نہ سن سکے۔

ویکر ان کے سامنے جا کر کھڑا ہو گیا، پھر آواز دی

"کاکا بابو ——"

کاکا بابو نے چہرہ اٹھا کر دیکھا، بولے ———

"او، دیپو بابو ———"

اتنا کہہ کر وہ پھر اخبار پڑھنے لگے۔

دیپکر نے کہا ——— "سی۔ آر۔ داس مر گئے، اب کیا ہوگا کاکا بابو؟"

کاکا بابو اسی طرح اخبار پڑھتے ہوئے بولے ———

"کیا کہا؟"

"سی آر۔ داس مر گئے۔" دیپکر نے جواب دیا ——— "اب کیا ہوگا کاکا بابو؟"

کاکا بابو نے اسی طرح اخبار پڑھتے ہوئے کہا ———

ہوگا کیا، کچھ نہیں ہوگا ———

"کچھ نہیں ہوگا؟"

کاکا بابو نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا، دیپکر بڑی دیر تک وہاں پر کھڑا رہا، اس نے دیکھا جلی حرفوں میں اخبار میں لکھا تھا

DESHBANDHU PASSES AWAY

A Bolt from the Blue

اور اس خبر کے چاروں طرف سیاہ لکیر کھنچی ہوئی تھی، درمیان میں دیش بندھو کی ایک تصویر تھی، دیپکر دیر تک تصویر کو دیکھتا رہا، جسم پر ایک چادر لپٹی ہوئی تھی، کھدر کی چادر تھی اور سر کے پاس تاڑ کے پتے کا کچھ حصہ نظر آ رہا تھا۔ تعجب ہے! کوئی کچھ نہیں بول رہا ہے! یہ لوگ کچھ بولتے کیوں نہیں؟ سی۔ آر۔ داس کے مر جانے سے کیا کچھ نہیں ہوگا؟ کسی کا کوئی نقصان نہ ہوگا؟ پھر یہ ان تھا بابو بار بار سی۔ آر۔ داس کی باتیں کیوں کرتے ہیں؟ کرن پھر اس طرح کیوں رو رہا ہے! شاید لکھی دیدی بھی اپنے کمرے میں بیٹھی ہوئی رو رہی ہوگی۔

دیپکر نے لکھی دیدی کے کمرے میں جھانک کر دیکھا، وہ پڑھنے کی میز کے پاس بیٹھی ہوئی ایک تصویر دیکھ رہی تھی، دیپکر کی طرف اس کی پشت تھی، وہ لکھی دیدی کے کمرے میں چلا گیا اور آہستہ آہستہ دبے پاؤں اس کے پیچھے جا کر کھڑا ہو گیا، پھر اس نے تصویر پر نگاہ ڈالی، حیرت ہے، وہ اسی آدمی کی تصویر تھی جس آدمی کے پاس وہ ہر روز خط لے کر جاتا تھا۔

دیپکر کے قدموں کی آواز سن کر لکھی دیدی چونک اٹھی اور تصویر کو جلدی سے اس نے ساڑی کی تہہ میں چھپا لیا۔ بولی

"کون دیپو؟ خط دے دیا تھا؟"

دیپکر کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ وہ کیا کہے، اس نے قدرے رک کر کہا ———

"لکھی دیدی، تم نے سنا، سی۔ آر۔ داس مر گئے؟"

لکھی دیدی نے حیرت سے ویچکر کے چہرے کی طرف دیکھا۔ اس کے بعد بولی ——

"میں سن چکی ہوں، لیکن تم نے خط دے دیا تھا نا؟"

"ہاں دے دیا تھا۔" ویچکر نے جواب دیا۔

اس کے بعد قدرے رک کر اس نے پوچھا

"اچھا لکھی دیدی، یہ جو سی۔ آر۔ داس مر گئے ہیں تو اس سے کچھ نہ ہوگا؟"

"کیا ہوگا؟"

ویچکر نے کہا —— "اتنے بڑے آدمی مر گئے اور کچھ بھی نہ ہوگا؟"

لکھی دیدی نے کھوئے ہوئے لہجے میں کہا ——

"ہوگا کیا؟ ایک دن تو سبھی کو مرنا ہے۔"

یہ بات ویچکر کو اچھی نہ لگی، سبھوں کے ساتھ سی۔ آر۔ داس کا مقابلہ! سی۔ آر۔ داس کیا دوسرے لوگوں کے ہم پلہ تھے؟ دیدی کی بات اسے اچھی نہیں لگی، کوئی سمجھ رہا ہے کہ کتنا بڑا نقصان ہوا ہے! پنچاد ٹھیک ہی کہتے ہیں۔ دانت رہتے ہوئے اس کی قدر نہیں کرتے۔

ویچکر وہاں سے چلا آ رہا تھا کہ یکایک اسے ایک بات یاد آ گئی۔

اس نے کہا —— "تمہارا ایک خط ہے لکھی دیدی۔"

"خط!" لکھی دیدی یکایک اچھل پڑی —— "خط ہے تو بتایا کیوں نہیں؟ لاؤ ——"

ویچکر نے جیب سے خط نکال کر دے دیا۔

"میں ایک دم بھول گیا تھا ——"

لفافے کو لکھی دیدی اس کا ایک سرا چاک کر کے پڑھنے لگی، خط پڑھتے وقت وہ بڑی خوبصورت لگ رہی تھی، جیسے لکھی دیدی بے حد حسین ہو گئی ہے! غسل کر کے اس نے ایک سرخ ساڑی پہن رکھی تھی اور گلے میں سونے کا ایک ہار چمک رہا تھا۔ اس کا گلا کھلا ہوا تھا اور اس کے گلے کا وہ کھلا ہوا حصہ بہت خوبصورت دکھائی دے رہا تھا۔ جتنی دیدی کا گلا اس طرح کھلا نہ تھا وہ اس حصے کو ساڑی میں چھپائے رہتی تھی، لیکن لکھی دیدی کھلے گلے کا بلاؤز پہنے ہوئے تھی، وہ بڑی دیر تک خط پڑھنے میں محو رہی۔ نہیں خط میں اتنا کیا لکھا ہوتا ہے اور لکھی دیدی بھی ہر روز کیا کچھ لکھتی رہتی ہے اور وہ آدمی بھی سب کام چھوڑ کر ہر روز کنڈو پوکھر کے کنارے خط کے انتظار میں کیوں کھڑا رہتا ہے اور خط پڑھتے وقت اس کا چہرہ اس طرح خوشی سے کیوں کھل اٹھتا ہے؟ اس کے کان کی لویں کیوں سرخ ہو جاتی ہیں اور وہ اتنا سگریٹ کیوں پیتا ہے اور سگریٹ پیتے ہوئے ایک ہی خط کو بار بار کیوں پڑھتا

خود پر [illegible] ایک لکھی دیدی آپ ہی آپ بولی ———
"کل تو میں نہیں جا سکوں گی۔"
دیپکر نے پوچھا ——— "کہاں نہیں جا سکو گی لکھی دیدی؟"
"نہیں، میں تم سے نہیں کہہ رہی ہوں۔"
اس کے بعد دیپکر کی طرف دیکھ کر بولی ———
"دیکھو تو کیا مشکل آ پڑی ہے، کل تو میں نہیں جا سکوں گی۔"
"تمہیں کہیں جانے کے لیے کہا ہے لکھی دیدی؟" دیپکر نے پوچھا۔
لکھی دیدی نے جواب دیا ——— "وہ تم نہیں سمجھو گے، وہ ایک خاص جگہ ہے لیکن کل تو ستی آ رہی ہے۔"
"ستی! ستی آ رہی ہے؟"
لکھی دیدی نے کہا ——— "ہاں، کل ستی کو لینے کے لیے جانا ہوگا، کل ستی آ رہی ہے نا، بابا نے خط لکھا ہے، کل صبح پانچ بجے ستی کا جہاز یہاں پہنچے گا۔"

ستی! ستی کے بارے میں دیپکر اتنی باتیں سن چکا تھا کہ اس کے بارے میں اسے پوری واقفیت ہو چکی تھی، جیسے وہ ستی سے مل چکا ہو اور ستی کو دیکھنے کی اب کوئی ضرورت باقی نہ رہی ہو۔ بہت دنوں سے اس نے اپنے ذہن میں ستی کی ایک تصویر بھی رکھی تھی، وہ اب تک کاکا بابو اور ماں اور لکھی دیدی کی زبانیں اتنی ساری باتیں سن چکا تھا کہ ستی اب اس کے لیے اجنبی نہیں رہی تھی جیسے لکھی دیدی کی طرح ستی بھی اس کے دل میں گھر کر چکی تھی۔

دیپکر نے پوچھا ——— "ستی کل آ رہی ہے یہ بات تم نے مجھے پہلے کیوں نہ بتائی۔"
"آج ہی تو بابا کا ٹیلیگرام ملا ہے۔" لکھی دیدی نے جواب دیا۔
"مگر وہ کس کے ساتھ آئے گی؟ ستی اکیلی آ سکے گی؟"
لکھی دیدی نے کہا ——— "برا سے اور ایک صاحب کلکتہ آ رہے ہیں، انہیں کے ساتھ بابا نے بھیج دیا ہے، وہ اس کی تعلیم اچھی نہیں ہو رہی ہے اسی لیے ——— وہ دیکھتے نہیں، وہ بستر ستی کے لیے ہی کیا گیا ہے، ستی وہیں سوئے گی ———"

اتنی دیر بعد دیپکر کی نظر پڑی، کمرے کے ایک طرف لکھی دیدی کا بستر تھا اس کے دوسری طرف ایک دوسرا بستر لگا ہوا تھا۔

اس دن اپنے کمرے میں آنے کے بعد بھی وہ بڑی دیر تک ستی کے بارے میں سوچتا رہا تھا۔ دیپکر نے اس وقت تک ستی کو نہیں دیکھا تھا، لیکن اسے ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے اب اسے کھیلنے کے لیے گھر میں بھی ایک ساتھی مل گیا ہو۔ لکھی دیدی بڑی تھی، بنتی دیدی بڑی تھی، چھوٹا بھی اس سے عمر میں بڑے تھے اس لیے وہ کسی کے ساتھ نہیں کھیل سکتا تھا، جب سے

سنے کی خواہش ہوتی تو چھپ کر کرن کے گھر جانا پڑتا، اب ستی آ رہی ہے، ستی تو اس کی ہم عمر ہے، ستی تو عمر میں اس سے چھوٹی ہے ———

اُسے یاد ہے، اس روز رات کو وہ اچھی طرح سو نہ سکا تھا، اُسے یاد ہے وہ رات بھر بستر پر کروٹیں بدلتا تھا۔

اُس نے دھیرے سے ماں کو پکارا تھا۔

"ماں ———"

"کیا ہے، تم ابھی تک نہیں سوئے؟"

دیپکر نے کہا ——— "اگر کل سویرے مجھے اُٹھنے میں دیر ہو تو مجھے جگا دینا ماں۔"

وہ کیوں سویرے اُٹھنا چاہتا تھا، سچ پوچھیے تو اُسے خود بھی معلوم نہ تھا، پھر بھی اُسے ایسا محسوس ہوا تھا جیسے اگر اُسے جگنے میں دیر ہو گئی تو اُس کا بہت نقصان ہو جائے گا

اور دوسرے دن دیپکر علی الصبح ہی جاگ گیا تھا، یکایک اُسے محسوس ہوا تھا جیسے وہ صبح بھی اور دنوں ہی کی طرح تھی، اُسے حیرت ہوئی تھی، آخر یہ صبح بھی ویسی ہی کیوں ہے، کوئی بھی فرق تو نہیں، جس طرح ہمیشہ سورج مشرق کی طرف سے طلوع ہوتا تھا اور اس کے پیڑ اس کی پہلی شعاعیں پڑتی تھیں، اُس روز بھی اس کی شعاعیں ویسی ہی پڑ رہی تھیں اور چنونی بھی اور دنوں کی طرح آنگن میں جھاڑو دے رہی تھی اور کسی کو مخاطب کر کے گالیاں بک رہی تھی ——— "تجھ پر غضب نازل ہو، تجھے موت آ جائے، خون کی قے کر کے مرے، مجھے چتا پر ڈال کر کیوڑا تلاؤ میں رکھ آؤں، جتنی جیسوائیں ہیں سب جمع ہو گئی ہیں، تجھے میں بھینٹ چڑھا دوں، چنال حرامزادے، حرامزادے ہیں....."

آنگن کے ایک کنارے پر آہستہ آہستہ منہ دھوتے ہوئے دیپکر نے سوچا ——— چنونی کو شاید معلوم نہیں ہے کہ ن۔ آر۔ داس مر گئے ہیں۔

اُس نے پوچھا ———

"چنونی، تمہیں معلوم ہے؟ تو نے سنا؟"

"کیا سنوں گی لڑکے، مجھے ان لوگوں نے کیا سننے کے قابل رکھا ہے، ان جیسوائیں نے میری نیند حرام کر رکھی ہے، ان چنالوں نے مجھے کچھ سننے کے قابل رکھا ہے لڑکے، ان ابھاگنوں کے منہ میں....."

وہ صبح پتہ نہیں کیسے گزر گئی تھی، نہا دھو کر گھر سے نکلتے ہی اُس نے دیکھا تھا، بہت سارے لوگ کیوڑا تلا کی طرف جا رہے تھے، کرن کے گھر پر جا کر اُس نے باہر ہی سے آواز دی ———

"کرن، کرن ———"

اندر جانے کی ممانعت تھی، ماں نے منع کر دیا تھا، اس وقت تک پاک آدمیوں سے بھر گیا تھا، نیپال بھٹاچارج اسٹریٹ

کے اندر سے پارک میں جانے کے راستے میں بڑی بھیڑ لگ گئی تھی۔ انسانوں کے سروں سے ریلنگ بھرا ہوا دکھائی دے رہا تھا۔ ساڑھے چھ بجے سے وہ اسٹیشن میں ٹرین پہنچنے کی بات تھی۔ اس کے بعد وہاں سے پیدل چلتے ہوئے ہاجرہ روڈ، کالی گھاٹ روڈ اور ٹالی گنج روڈ پر آئیں گے۔ اس وقت تک تمام لوگ درخت پر چڑھ کر بیٹھ گئے تھے۔ بچے جوان سبھوں نے درخت کی شاخوں پر اپنی اپنی جگہ بنالی تھی۔

پھر بارہ بجے، ایک بجا، لیکن دور تک کسی کا پتہ نہ تھا۔

یکایک اُسے بھیڑ میں کرن نظر آگیا۔

"اے کرن! تم یہاں! میں نے تمہارے گھر جاکر بہت آواز دی تھی ——"

کرن نے کہا —— "میں تمہارے انتظار میں بڑی دیر تک کھڑا رہا تھا۔ آخر چلا آیا کہ یہاں آکر کھڑے ہو جاؤں۔ یہاں سے صاف دکھائی دے گا ——"

آخر کار ڈھائی بجے دن کو یکایک سامنے سے انسانوں کا سمندر ٹھاٹھیں مارتا ہوا دکھائی دیا اور اس سمندر کی موجوں کے بہاؤ میں تمام لوگوں کی اُمیدیں، آرزوئیں، خواہشیں اور حسرتیں جیسے ایک ہی لمحہ میں بیدار ہو اٹھیں۔ جیسے انسانوں کے اس عظیم سمندر کی لہروں نے دور کی لہروں کو اور بھی تیز کر دیا ہو اور اس کے ساتھ ہی ساتھ تمام استھل کی قبر چیزوں میں ڈھل کر رہ گئی۔ جیسے یکایک شہر سنسان ہو گیا، جیسے کہیں بھی کوئی آدمی نہ ہو، کہیں سے بھی کوئی آواز سنائی نہ دے رہی ہو اور وجیکر کو ایسا محسوس ہوا جیسے اس سناٹے کی دیوار کو توڑ کر پھولوں کا ایک پہاڑ اس کی طرف بڑھتا چلا آرہا ہو، ہر طرف پھول ہی پھول ہوں۔ اتنے پھول تھے کہ وجیکر کی روح نے جیسے یکایک چیخنا چاہا، جیسے جی بھر کر چیخ لینے سے اُسے تھوڑا سا سکون مل جائے گا، جیسے چیخ لینے کے بعد اُسے تھوڑی سی تسکین مل جائے گی۔

پھولوں کا پہاڑ اس کے سامنے سے گزر گیا، لیکن اُسے پھر بھی ہوش نہ آیا۔

کرن نے کہا —— "وہ دیکھو پران متھ بابو ——"

ویسے ہی اُلجھے ہوئے بال، بے ترتیب کھدر کا لباس، ویسا ہی ایڑی مڑا ہوا جوتا، ویسے ہی وہ آج بھی پان سے تھے۔

کرن نے کہا —— "وہ دیکھو ماتا گاندھی ——"

ایک ایک کر کے کرن نے سبھوں کی پہچان کرا دی۔ کرن سبھوں کو پہچانتا تھا، وہ سبھوں کو سینما میں دیکھ چکا تھا۔

وجیکر نے کہا —— "وہ دیکھو اگھوڑ داوہ ——"

اگھوڑ داوہ فٹ پاتھ کے ایک کنارے کھڑے تھے۔ ان کی بینائی کمزور تھی، پھر بھی وہ دیکھنے آئے تھے کہ کون جانے جبر سنر پالن کے لڑکے نرمل پالن کو بھی دیکھا گیا۔ اس کا اسکول چھوڑ کر جو ساؤتھ سوبر بن چلا گیا تھا۔ آج وہ بھی آیا تھا اور ایک طرف خاموش کھڑا تھا اور کھڑا کھڑا زندگی کا رہا تھا اور اس کے قریب ہی اس کا دربان کھڑا تھا، پھٹک بھی آیا تھا، کھسی بھی آیا تھا۔

نعمن چندر سرکار، وہ بھی آج یہاں آیا ہوا تھا! گھر واپس جاکر اس نے سُنا تھا کہ بنتی دیدی کو ساتھ لے کر ماں بھی آئی تھی، دونی کاکا بھی فتوحی پہن کر آئے تھے، چھوٹے دا، مدھوسودن کے بڑے بھیا اور پنچادا بھی ٹولی بنا کر آئے تھے۔

دیپکر نے کہا ——— "وہ دیکھو چھیٹے بھی آیا ہے"

انگور دادو کا بڑا نواسہ چھیٹے بھی آیا تھا اور سگریٹ کے کش لگا رہا تھا اور دھوتی کو لنگی بنا کر پہن رکھا تھا، بڑی بھیڑ تھی، ایک آدمی بھی ایسا باقی نہ بچا تھا جو آیا نہ ہو، صرف کاکا بابو، کاکی ماں اور لکھی دیدی نہیں آئی تھی جیسے وہ لوگ دوسری جماعت کے لوگ ہیں جیسے وہ سب دوسروں سے علاحدہ ہوں۔

یکایک ہلکی ہلکی بارش ہونے لگی۔

اور اس کے ساتھ ہی سرشیش کے پیڑ کی ایک شاخ چڑچڑاتی ہوئی زمین پر آ رہی اور اس کے ساتھ ہی انسانوں کا ایک جھنڈ لڑکھڑاتا ہوا نیچے آ گیا اور اس کے ساتھ ہی ایک ہنگامہ برپا ہو گیا، چاروں طرف شور مچ گیا، بولو ہری ہری بول ———

صبح سے لے کر شام تک وہ دن سوگوار سا گزرا، جیسے سارے کلکتہ کے باشندے اپنے عزیز کی موت کا سوگ منا رہے ہوں، لیکن اب اس روز کی بات کسی کو یاد بھی نہیں، سبھی بھول چکے ہیں، تمام باتیں کیا انسان یاد رکھ سکتا ہے! دیپکر تمام رات نہ سو سکا تھا، اس روز اس کا دل بہت خراب ہو گیا تھا، گھر لوٹنے کے بعد بھی اُسے کچھ بھی اچھا نہ لگا تھا۔

کرن نے گھر لوٹتے ہوئے کہا تھا ———

"چلو دیپو، اس سادھو کے پاس چلیں، بیٹے سے دریافت کریں ———"

شمشان سے لوٹ کر وہ کرن کے ساتھ ساتھ سیدھا سونار کا رتک کے گھاٹ پر سادھو کے پاس گیا تھا، ایسا کیوں ہوا؟ ہی۔ آر۔ داس اگر مر گئے ——— تو اس سے کیا ہوگا؟ اس کا جواب دیپکر بھی کوئی نہ دے سکا تھا، دونی کاکا، چھوٹے دا، پنچادا، کاکا بابو، کاکی ماں اور لکھی دیدی، کوئی بھی نہ دے سکا تھا، کسی کے دل میں ذرا بھی غم کا احساس نہیں تھا، حالانکہ نظر کے سامنے ایک حادثہ ہو چکا تھا، سب کچھ خاک ہو کر ختم ہو گیا تھا! چتا کے دھوئیں سے آسمان سیاہ ہو گیا تھا، پھر اتنے آدمیوں کا سوگ بے مقصد تھا؟

دیپکر نے پوچھا ——— "سوبھاش بوس کیوں نہیں آئے رے کرن؟"

کرن نے کہا ——— "سوبھاش بوس تو جیل میں ہے، تمہیں نہیں معلوم؟"

دیپکر نے پوچھا ——— "پھر کیا ہوگا بھائی ———"

"چلو، سادھو سے جاکر دریافت کریں" کرن نے جواب دیا۔

پتھر پٹی عبور کر کے مندر کے آمنے سامنے سونار کا رتک گھاٹ جانے کا راستہ تھا، دونوں طرف خونچے کی دکان تھی، پنڈوں کا مسافر خانہ تھا، پتھر بچھایا ہوا راستہ تھا، کچھ دیر پہلے بارش ہو چکی تھی، کرن اُسے کھینچتا ہوا مغرب کی سمت لے چلا، مغرب کی سمت ہی گنگا کنارے ہی سونار کا رتک گھاٹ تھا، کرن ایک گلی کے اندر سے بائیں طرف مڑ گیا۔

کرن نے کہا ——— سادھو کے پاس جاکر اس کے قدموں کو چھو کر پرنام کرو گے بچے۔"

"وہ کیوں؟"

"وہ کیوں، وہ اس لیے کہ سادھو خوش ہوگا، پرنام کرنے سے کون خوش نہیں ہوتا، وہ بھی تو انسان ہے، پرنام کرنے میں نقصان کیا ہے، اس میں تو پیسہ خرچ نہیں ہوتا۔"

اس کے بعد کرن نے قدرے توقف کے بعد کہا ———

"پیسہ ہی اصل چیز ہے دیپو، سادھو ہو یا سادھو نہ ہو ———"

"لیکن میرے پاس تو پیسہ نہیں ہے۔"

کرن نے کہا ——— میرے پاس بھی پیسہ نہیں ہے، پیسہ دینا ہوتا تو سادھو کے پاس کیوں آتے، پیسہ نہیں دینا ہوگا اسی لیے تو سادھو کے پاس آتا ہوں ———"

"تو پھر؟ پھر وہ کھانے کیا ہیں؟ کیا کھا کر زندہ رہتے ہیں؟"

"پیسے دینے والے بہت سے لوگ ہیں۔" کرن نے جواب دیا ——— "وہ لوگ سادھو کو کھلاتے پلاتے رہتے ہیں اور وہ رہتے ہیں لیکن یہ سادھو ویسا نہیں ہے، یہ صرف گانجا پیتا ہے، یہ ہمالیہ کا سادھو ہے نا، اور کچھ نہیں کھاتا ———"

لیکن گھاٹ کے سامنے جاتے ہی کرن ٹھٹک کر کھڑا ہوگیا اور چند لمحوں تک خاموش رہا، پھر بولا ——— "یہ دیکھو، سادھو ہوتا ہے پھر ہمالیہ پر واپس چلا گیا ———"

"اب کیا ہوگا؟"

کرن نے کہا ——— "نہیں، ہم لوگوں کی قسمت ہی خراب ہے، ادھر کئی روز سے بھوانی پور جاکر چیز بیچ رہا ہوں اسی لیے اس طرف نہیں آسکا، ورنہ پتہ چل جاتا۔"

پھر وہ دونوں لوٹ آئے، پتھر پٹی ہوتے ہوئے واپس آئے، اس کے بعد کرن نیپال بھٹاچارج اسٹریٹ کے اندر مڑ گیا، دیپکر سمجھ گیا تھا لکھمی دیدی کے گھر میں داخل ہوگیا۔ ستی آگئی ہے کیا؟ ستی کے تو آنے کی بات تھی؛ وہی لکھمی دیدی کی بہن، آج ہی تو آنے کی بات تھی؛ لکھمی دیدی ہی نے تو کہا تھا۔

باورچی خانے میں چولھا سلگ رہا تھا، ٹھاکر ٹبے سے لگن میں آٹا گوندھ رہا تھا اور رگھو گھر میں جھاڑو دے رہا تھا۔

دیپکر زینے پر چڑھنے لگا۔

کمرے میں ایک نیا پلنگ بچھ گیا تھا، یہ پلنگ ستی کے لیے تھا، لکھمی دیدی اور ستی ایک ہی کمرے میں سوئیں گی۔

زینے کے سامنے ہی لکھمی دیدی سے ملاقات ہوگئی۔

لکھمی دیدی نیچے آرہی تھی۔

"کون ہے دیپو؟" دیپکر کو دیکھتے ہی لکھمی دیدی نے پوچھا ——— "تمہارا چہرہ ایسا کیوں ہوگیا ہے؟"

شمشان گھاٹ گیا تھا۔" دینکر نے جواب دیا ——— "سی۔ آر۔ داس مر گئے ہیں نا۔"

"او، ہم لوگ بھی تو ابھی آ رہے ہیں۔"

"کہاں سے؟"

"ستی کو لانے گئی تھی۔" لکھی دیدی نے جواب دیا۔

دینکر کا دل دھڑکنے لگا۔

"ستی آ گئی ہے کیا؟" اس نے پوچھا ——— "کہاں ہے دکھیوں؟ دیکھنے میں کیسی لگتی ہے؟"

لکھی دیدی مسکرانے لگی۔

"نہیں رے، نہیں آئی۔ وہاں سے جہاز ہی نہیں کھلا۔ بڑے زور کا طوفان آ گیا تھا نا اسی لیے ———"

دینکر مایوس ہو گیا۔

پھر بھی وہ تھوڑی دیر تک کھڑا رہا، جیسے وہ بڑی امیدیں لے کر آیا ہو، حالانکہ یہ امید بیکار تھی، کس بات کی امید لے کر وہ آیا تھا، ستی اس کی کون تھی، ابھی تو اسی کا ٹھیک نہیں تھا۔

لکھی دیدی زینے سے نیچے اترنے لگی، اس کے پیچھے پیچھے دینکر بھی اترنے لگا۔

یکایک اس نے پیچھے سے آواز دی۔

"اچھا لکھی دیدی ———"

"کیا ہے، کہو؟"

دینکر نے پوچھا ——— "ستی شاید دیکھنے میں تمہاری ہی طرح ہے؟"

لکھی دیدی مڑ کر کھڑی ہو گئی۔ بولی

"او ہاں۔ تم شاید دن رات ستی ہی کے بارے میں سوچتے رہتے ہو؟"

دینکر شرما سا گیا۔ اس نے اپنا سر جھکا کر کہا

"نہیں تو ———"

"تو پھر؟ تم ہر وقت ستی کے بارے میں کیوں پوچھتے رہتے ہو؟"

دینکر کو خود بھی معلوم نہیں تھا کہ وہ بار بار ستی کے بارے میں کیوں پوچھ رہا تھا۔ لیکن پھر بھی وہ سوچ رہا تھا، ستی خواہ کیسی ہو کیوں نہ ہو مگر وہ لکھی دیدی کی طرح چھپا چھپا کر کسی کو خط نہ لکھے۔ ستی خواہ جیسی بھی ہو مگر وہ لکھی دیدی کی طرح آئینے کے سامنے ننگی ہو کر رقص نہ کرے۔ ستی بھی لکھی دیدی کی طرح پڑھنے کی میز کے پاس بیٹھ کر کسی غیر مرد کی تصویر نہ دیکھے۔ ستی نیک اور اچھی لڑکی، لکھی دیدی کی طرح نہ ہو، وہ اس سے بھی زیادہ اچھی ہو تو بہتر ہے۔ ستی سچ مچ ستی ہی ہو۔

اس روز بدم جم برستے ہوئے پانی میں مندر کے دروازے پر کھڑے ہو کر بھی دینکر نے یہی سوچا تھا، شاید ستی نہ آئے

ممکن ہے ستی یہاں نہ آئے اتنی دُور سے آنا کیا آسان ہے! کہاں برما اور کہاں کلکتہ کے تاجر بھوپیشور بابو! بھوپیشور مترا کی چھوٹی لڑکی کی ستی کیا اتنی دُور اکیلے آئے گی! اگر آئے تو وہ اس کے ذریعے اس طرح خط نہ بھیجے، وہ بھی دیکھ کر لکھی دیدی کی طرف تکلیف نہ دے اور اس کا خط پہنچانے کے لیے ٹھیک وقت اُسے بارش میں بھیگنا نہ پڑے۔

اب وہ شخص آ رہا تھا، وہی کرتہ پہننے والا آدمی سامنے سے آتا ہوا دکھائی دے رہا تھا۔

ایک ٹیکسی تیر کی طرح کنڈو پکھر کی طرف آ رہی تھی، لیکن نہیں، وہ ٹیکسی کنڈو پکھر کے کنارے سے ہوتی ہوئی ایک گلی میں مڑ گئی۔

دیپکر پھر ایک بار پڑے کی دوکان میں جا کر گھڑی دیکھ آیا۔ غضب ہو گیا آٹھ بج گئے! کب وہ پڑھے گا، کب اسکول جائے گا، کب کھانا کھائے گا!

بارش اور بھی تیز ہو گئی تھی اور پانی کی بوندیں اور بھی تیزی سے پڑنے لگی تھیں۔

دیپکر بارش ہی میں وہاں سے چل پڑا۔ ماں کالی کے مندر سے ایشور گھوش لین تک بہت طویل فاصلہ تھا، اس کی قمیص بھیگ پانی میں بھیگ گئے اور دوڑتے دوڑتے جب وہ لکھی دیدی کے دروازہ تک پہنچا تھا پانی میں سر سے پاؤں تک بھیگ چکا تھا۔

دروازہ کھلا ہوا تھا۔

اُسے لکھی دیدی کو اس کا خط واپس کرنا تھا، اس سے کہہ دینا ہوگا کہ وہ بھلا آدمی نہیں آیا، شاید لکھی دیدی خفا ہو گئی ہو، خفا ہو لو کہے! لیکن اس میں اس کا کیا قصور ہے، وہ بھلا آدمی نہ آئے تو وہ کر ہی کیا سکتا ہے۔

زینے کے نیچے باورچی خانے کی طرف سے کاکی ماں کی آواز سنائی دی۔ رگھو نکھے کے نیچے بیٹھا ہوا ایک تھال میں چاول دھو رہا تھا۔

دیپکر زینے پر چڑھ کر اوپر چلا گیا۔ اوپر برآمدے میں کوئی نہیں تھا، دائیں طرف سونے اور پڑھنے کے کمرے تھے۔

دیپکر نے اندر جھانک کر دیکھا۔

"لکھی دیدی!"

وہاں کسی کا بھی پتہ نہ تھا، دوسرے کمرے میں بھی کوئی نہ تھا، بالائی منزل پر ہر طرف سناٹا چھایا ہوا تھا۔ کوئی ایک آدمی بھی اوپر نہیں تھا، دیپکر کے کپڑے بھیگ کر اس کے جسم سے چپک گئے تھے، اس نے ہر کمرے میں جھانک کر دیکھا، لکھی دیدی کہاں گئیں! کاکا بابو بھی کہاں چلے گئے، وہ تو ہمیشہ ہی برآمدے میں بیٹھے اخبار پڑھتے رہتے تھے، جس روز سی۔ آر۔ داس کا انتقال ہوا تھا، اس روز بھی وہ اسی جگہ بیٹھے اخبار پڑھ رہے تھے، لکھی دیدی کے کمرے میں ستی کا پلنگ اسی طرح بچھا ہوا تھا، دونوں پلنگ اسی طرح دونوں طرف دیوار سے سٹے ہوئے تھے اور صاف ستھرے بستر لگے ہوئے تھے، صرف چھوٹی میز پر تین حد چائے کی خالی پیالیاں پڑی ہوئی تھیں۔

"لکھی دیدی!"

دیپنکر نے پھر پکارا۔

اس کے بعد وہ زینے پر چڑھ کر اُوپر چھت پر چلا گیا۔ اُوپر چھت پر صرف ایک کمرہ تھا، اس کمرے میں کاکا بابو سوتے
اس کمرے سے پورا کالی گھاٹ تصویر کی طرح نظر آتا تھا، چھوٹے چھوٹے گھر، بستی، گھاس پھوس کی چھت، کالی کا مندر،
ر کا مکان، چنڈی بابو کے بارہ مکانوں کی چھتیں، اور بھی بہت کچھ دکھائی دیتا تھا، اور اُس طرف ٹیپو سلطان کی وہ عمارت جس میں
ں کا مسکن تھا اور اُس سے پرلی طرف آگن کھاری تالاب اور اُس سے بھی پرے دھان کے کھیت دُور تک پھیلے ہوئے تھے
دھان کے یہ کھیت جنوب کی سمت پھیل کر ریلوے لائن سے جا ملے تھے۔

اُوپر جاتے ہی دیپنکر نے کاکا بابو کے کمرے میں جھانک کر دیکھا، کمرے کا دروازہ کھلا ہوا تھا، اور دونوں میں اس کمرے میں
لگا رہتا تھا، لکھی دیدی اس کمرے میں بھی نہیں تھی۔ دروازہ کا پٹ پکڑ کر اُس نے ایکبار پھر جھانک کر اندر دیکھا، پلنگ پر اخبار اُلٹا
تھا۔ جیسے کچھ دیر پہلے اس کمرے میں کوئی تھا، شیلف میں بہت ساری کتابیں سجی ہوئی تھیں اور بہت سارے کاغذات کا بنڈل
اور ایک ٹرنک تھا اور ٹرنک میں ایک چھوٹا سا تالا جھول رہا تھا۔ صبح کی دھوپ فرش پر، پلنگ کی چادر پر اور دیوار کے کنارے
ل ہوئی تھی۔

لکھی دیدی کہاں چلی گئی!

نیچے جا کر کاکی ماں سے دریافت کرنا ہوگا، اتنے سویرے کاکا بابو بھی کہاں چلے گئے اور لکھی دیدی بھی کہاں چلی گئی۔

یکایک اُس نے دیکھا، چھت کے شمال مشرقی کونے پر لکھی دیدی کھڑی تھی، دیپنکر کی طرف اُس کی پشت تھی، کاکا بابو دوربین
بہت دُور کچھ دیکھ رہے تھے، اُنھوں نے بھی دیپنکر کو نہیں دیکھا۔

آہستہ آہستہ دیپنکر ان کے قریب جا کر کھڑا ہو گیا۔

اس وقت لکھی دیدی آنکھوں سے دُوربین لگائے ہوئے کچھ دیکھ رہی تھی۔

دیپنکر نے آواز دی۔

"لکھی دیدی۔"

لکھی دیدی چونک اُٹھی، اُس نے پلٹ کر دیپنکر کو حیرت سے دیکھا۔

"تم، تم کب آئے؟"

"میں بہت دیر سے آیا ہوا ہوں۔" دیپنکر نے جواب دیا ——— "میں تمھیں ہر جگہ ڈھونڈ چکا ہوں۔"

"خط دے دیا تھا؟"

"نہیں، وہ نہیں آئے تھے!"

"نہیں آئے تھے! کیا مطلب؟ پھر تم نے خط کس کو دیا؟"

[illegible] دیا۔" وجیکر نے جواب دیا ——— "یہ لو۔"

[illegible] نے لفافے کو اس پر ایک سرسری نظر ڈالی اور اس کے بعد ٹکڑے ٹکڑے کر کے ہوا میں اچھال دیا۔

"یہ دیکھو۔" وجیکر نے کہا ——— "خط لے کر میں آٹھ بجے تک انتظار کرتا رہا، پھر مجھ کو نہیں آیا ———"

"تم نے کچھ دیر اور انتظار کیوں نہ کیا؟ آنے کا نہیں تو جانے کا کہاں!"

"میں تو بڑی دیر تک کھڑا رہا، اس کے بعد اتنے زور کی بارش آئی کہ یہ دیکھو، بارش میں نہا گیا ہوں۔"

لکھی دیدی نے ایک بار اس کو سر سے پاؤں تک دیکھا۔ بولی ———

"بارش تو تھوڑی دیر بعد ہی رک گئی تھی، کچھ دیر بعد ہی دھوپ نکل آئی تھی، کچھ دیر اور انتظار کر لیتے ———"

"تم اس سے کہہ دو لکھی دیدی۔" وجیکر نے کہا ——— "کہ وہ ٹھیک وقت پر آیا کرے، کھڑے کھڑے میرا پاؤں دکھنے لگا ہے ———"

"اسے بہت دور سے آنا پڑتا ہے نا۔" لکھی دیدی نے کہا ——— "اسی لیے دیر ہو جاتی ہے، خیر اب دیر نہیں ہوگی، میں کہہ دوں گی۔"

وجیکر نے قدرے رک کر پوچھا ———

"یہ دوربین ہے نا لکھی دیدی؟"

"ہاں، انوکول ———"

"دکھائی دیتا ہے؟"

"دیکھو گے؟"

اتنا کہہ کر لکھی دیدی نے انوکول وجیکر کی آنکھوں سے لگا دیا، پھر پوچھا ———

"دکھائی دیتا ہے؟"

وجیکر نے دیکھا، دور بہت دور کی چیزیں بھی ہاتھ کے قریب دکھائی دیتی تھیں، اتنے قریب کہ وہ ہاتھ بڑھا کر انھیں چھو سکتا تھا، اپنی مٹھی میں بند کر سکتا تھا، ہاں کالی کا مندر، نیپال بھنڈاری اسٹریٹ، کرن کے مکان کی ٹین کی چھت، پتھر پٹی میں پھٹک کا مکان، دھرم داس ٹرسٹ مڈل اسکول، اور بھی دوسری دور دور کی چیزیں اس کے بالکل قریب آ گئی تھیں۔

پھر وجیکر نے دوربین کا رخ لکھی دیدی کی طرف کر دیا، لکھی دیدی کو اتنے دنوں سے وہ اپنی آنکھوں سے اپنے قریب دیکھتا رہا تھا، اب دوربین سے دیکھنے میں دیکھنا کیسی لگتی ہے، وہ یہی دیکھنا چاہتا تھا۔

"یہ کیا تم مجھے دیکھ رہے ہو؟"

وجیکر کی آنکھوں کے سامنے دھند سی چھا گئی۔

"تم اتنی دھندلی کیوں نظر آ رہی ہو لکھی دیدی!" اس نے پوچھا ——— "کچھ دکھائی نہیں دیتا؟"

"میں تمہارے قریب ہی ہوں۔" لکھی دیدی نے جواب دیا۔

"قریب کا آدمی دھندلا کیوں دکھائی دیتا ہے، نہیں، میں تمہیں دوربین سے نہیں دیکھوں گا۔"

اُس نے آنکھوں کے سامنے سے دوربین ہٹالی۔

"کیوں؟"

"نہیں، نہیں، تم بہت بُری دکھتی ہو، تم تو پہچان میں ہی نہیں آتیں۔"

"پہچان میں کیسے آؤں گی، دوربین تو دور سے دیکھنے کے لیے ہے، قریب کی چیز بھی کہیں دوربین سے دیکھی جاتی ہے!"

لکھی دیدی کی بات سن کر اس چھوٹی سی عمر میں اُسے بڑی حیرت ہوئی تھی، بات سچ تھی، لکھی دیدی تو اُس کے قریب تھی، اس کے دل کے قریب، اگر وہ اس کے اتنے قریب نہ ہوتی کیا کبھی اُس کے ذریعہ خط بھجواتی! اس پر اتنا بھروسہ کرتی! اس کے علاوہ قریب کے آدمی کو دوربین سے دیکھنے میں سب کچھ اُلٹ پلٹ ہو کر رہ جاتا ہے، قریب آتے ہی آنکھوں کے سامنے دھند چھا جاتی ہے جیسے دور بہت دور کی کوئی چیز ہو، حالانکہ جب لکھی دیدی دور چلی گئی تھی ——— جب اُس کی دسترس سے باہر ہو گئی تھی تو اُس وقت اُسے محسوس ہوا تھا جیسے لکھی دیدی اُس کے بالکل قریب آگئی ہے جیسے لکھی دیدی کو اُس نے بہت قریب سے دیکھا ہے، جیسے لکھی دیدی کے بارے میں وہ سب کچھ جانتا ہے!

وجیکر نے لکھی دیدی کو دوربین واپس دے دی۔ بولا۔

"تم بھی ایکبار مجھے دوربین سے دیکھو نا لکھی دیدی۔"

"وہ کیوں؟" لکھی دیدی مسکرائی۔

"میں بھی تمہیں دھندلا دھندلا دکھائی دوں گا۔"

"دھندلا نظر آئے گا تو مجھے ——— نظر آئے گا، تمہیں اس سے کیا ملے گا؟"

"نہیں، اس طرح تم مجھے پہچان نہ سکو گی!"

اتنا کہہ کر وہ چلا آیا جیسے اس کے بعد ——— لکھی دیدی کے سامنے کھڑے رہنے میں اُسے شرم محسوس ہو رہی ہو، وہ تیزی سے زینہ پھلانگتا ہوا باہر راستے پر آکر کھڑا ہو گیا، اس کے بعد بغل کے دروازے سے وہ اپنے گھر میں داخل ہونا ہی چاہتا تھا کہ ایک دم اُس کے قدم رُک گئے۔

وشور گنگولی لین کی گلی کے دہانے پر کسی کی ایک ٹیکسی آکر رُک گئی، اس گلی میں کس کے یہاں ٹیکسی آئی ہے، پھر کوئی نیا کرایہ دار ہے کیا، ٹیکسی کے اندر ایک لڑکی تھی، اور پیچھے بہت سا سامان، سب بند ہوا تھا۔

ٹیکسی سے ایک آدمی اُتر کر مکان کا نمبر دیکھنے لگا۔ پھر وجیکر کے قریب آکر اُس نے پوچھا ———

"اے، اُنیس ایک بی، کون سا مکان ہے؟"

"کس کو تلاش کرتے ہیں؟"

"انگلو بنگالین کا مکان چاہیے۔"

"ہاں، ہاں، یہی مکان ہے ——"

وہ ٹیکسی کے سامنے جا کر کھڑا ہو گیا۔

پچھلی سیٹ پر ایک لڑکی اور ایک عورت بیٹھی تھی۔ ویٹکر کی نگاہوں کے سامنے جیسے اچانک بجلی سی کوند گئی۔ یہ ستی تو نہیں!

"اسے چھوڑ کے یہ سامان اٹھا سکو گے؟"

اتنا کہہ کر وہ شخص ٹیکسی سے سامان اتارنے لگا۔ وہ گرم سوٹ میں ملبوس تھا، اور کافی متمول تھا۔

اندر بیٹھی ہوئی گوری چٹی لڑکی نے کہا ——

"اتنی جگہ ہوتے ہوئے کاکا بابو نے مکان کہاں لے رکھا ہے، اور کہیں جگہ نہیں ملی تھی ——"

اس آدمی نے پھر کو پوچھا ——

"ایتس ایک بی نمبر کا مکان پہچانتے ہو تو؟"

"جی ہاں ——" ویٹکر نے جواب دیا۔

"اچھا تو پھر یہ سامان اٹھاؤ، زیادہ بھاری نہیں ہے، ایک بستر اور ایک سوٹ کیس ہے ——"

لڑکی ٹیکسی سے نیچے اتر آئی اور اس آدمی سے مخاطب ہو کر بولی ——

"آپ ساتھ نہ ہوتے تو مکان تلاش کرنا مشکل تھا ——"

اس کے بعد اس نے ساڑی کی شکنیں درست کیں اور جوڑے کو ٹھیک کر لیا۔ پھر وہ ادھر ادھر نگاہ دوڑا کر مکان کا جائزہ لینے لگی۔ اس کی آنکھوں میں ہر لمحہ حیرت بڑھتی جا رہی تھی۔

بولی —— "میں سوچ رہی ہوں ایسی جگہ میں وہ بھی کیسے رہتی ہے۔"

اس آدمی نے کہا —— "یہ بھی کیا تماشا ہوا ہے، اتنا بڑا باغ —— اتنا بڑا سمندر ——"

اس کے بعد ویٹکر سے کہا —— "ارے، بدھو کی طرح کھڑے کیوں ہو بابا، سر پر اٹھاؤ، زیادہ بھاری نہیں ہے ——"

اس کے بعد کوئی بات کہے بغیر اس نے بستر اٹھا کر ویٹکر کے کندھے پر ڈال دیا۔

"لے جا سکو گے تو؟"

ویٹکر نے کندھے پر بستر اور بائیں ہاتھ میں سوٹ کیس لے کر جواب دیا۔

"ہاں، لے جاؤں گا۔"

"دیکھو ذرا سنبھال کے، بدن پر گوشت بھی تو نہیں، کہیں پھسل مت دینا۔"
آگے آگے دیپکر، اس کے پیچھے وہ آدمی اور اس کے پیچھے وہ لڑکی چلنے لگی!
دیپکر کو عجیب سا احساس ہونے لگا، ایسا کیوں ہوا، ایسا کیسے ہو گیا، سب کچھ اتنی جلدی ہو گیا کہ اسے کچھ سوچنے اور کچھ کرنے کا موقع ہی نہ مل سکا۔
کالا بابو کے مکان کا دروازہ کھلا ہوا تھا۔
"یہی مکان ہے؟"
دیپکر نے کندھے سے بستر اتار کر جواب دیا۔
"ہاں۔"
لڑکی نے پوچھا ——— "کتنے پیسے دو گے؟"
دیپکر پریشان سا ہو گیا، اس نے ایک بار لڑکی کے چہرے کو دیکھا! اسی کے بارے میں لکھی دیدی سے وہ سنتا تھا! کیا یہی ستی ہے! ایسا ہی چہرہ تو لکھی دیدی نے بتایا تھا، ایسی ہی سندر رنگت! ایسے ہی گھونگھریالے ———

اس آدمی نے کہا ——— "اس کو ایک آنہ دے دو۔"
دیپکر نے کہا ——— "نہیں، پیسے دینے کی ضرورت نہیں۔"
اس آدمی نے کہا ——— "کیوں؟ تھوڑا سا تو سامان ہے، وہ بھی بالکل ہلکا ہے، اس کے لیے ایک پیسا کم ہے؟ گردن تک مٹی کھودنے سے کہیں چار پیسے ہاتھ آتے ہیں؟ بڑے نواب ہو گئے ہیں سب، یہ سامان خود اٹھا کر لا سکتا تھا ———"
لڑکی نے کہا ——— "میں ایک آنہ سے زیادہ نہیں دوں گی، لے لو ———"
اور ہاتھ بڑھا کر اسے پیسے دینے چاہے۔
"نہیں۔" دیپکر نے انکار کیا۔
اس آدمی نے کہا ——— "اسی وجہ سے بنگالیوں کو کچھ نہیں ہوتا، ہلکا سا سامان ہے اس کے لیے پیسے دینے جوں گے، نہیں لیتا تو مت لے، میرا کیا ہے ———"
لڑکی نے پھر پوچھا ——— "لو گے تو لے لو۔"
"نہیں۔" دیپکر نے جواب دیا۔
اس آدمی نے کہا ——— "تم اور اس کی خوشامد مت کرو ستی، رہنے دو، میں بھی دیکھتا ہوں وہ چار پیسے کیسے نہیں لاتا ہے ———۔"

دیچکر آہستہ آہستہ آگے بڑھ گیا۔ تھوڑی دیر وہ وہاں پر کھڑا رہا تو اس کے ہاتھ پڑ چکے۔ اس نے اپنی بھیگی ہوئی قمیص کی آستین سے اپنی آنکھیں صاف کر لیں۔

پھر اس نے جسم کے کئی چیز محسوس کی۔ مڑ کر دیکھا تو تانبے کے چار پیسے تھے۔ چاروں پیسے اس کے جسم سے نکل کر جس جس کے تھے جسے ذہن میں ادھر ادھر کھو گئے اور دیچکر کو ایسا محسوس ہوا جیسے ایک اس کی مدد چھوٹ گئی ہو۔ تو کیا ستی بھی دوسرے لوگوں ہی کی طرح ہے! کیا دیدی نے بھی اسے چار کیٹ دیا تھا؟ تو کیا ستی بھی کھوٹی ہی کی طرح ہے! کوئی فرق نہیں! تو کیا دنیا میں سبھی کھوٹے ہی کی طرح ہیں ——!

جوتے کا خطبہ

قاضی عبد الستار

علم کے معبد کا مرکزی ایوان قمقموں، پھولوں اور چہروں سے چھلک رہا تھا۔ ادیب و دانشور پروفیسر، طالبات، طالب علم، معزز مہمان سب اس مردانے کو گھور رہے تھے جس کے دونوں طرف والنٹیرز مہمانِ خصوصی کے انتظار میں کھڑے ہوئے تھے۔ آخر وہ لانبی سیاہ موٹر آگئی۔ جس پر سوار ہو کر کوئی بھی سماجی بلندی کو خرید سکتا ہے۔ میزبانوں کا ہجوم چیلوں کے جھنڈ کی طرح موٹر پر جھپٹا اور اس پر نچھاور ہوتا ہوا مہمانِ خصوصی کے طلوع کا انتظار کرنے لگا۔ پھر بانس کا تجمل دیکھتے ہی دیکھتے ایوان کھڑا ہو گیا۔ خاص مہمان کے کرسیٔ صدارت پر جلوہ افروز ہوتے ہی ادبی کانفرنس کے سیکرٹری (جو یونیورسٹی کے مشہور پروفیسر تھے) ماتھے پر تیوری اور تعارف کے بہانے معزز مہمان کی شان میں منثور قصیدہ پڑھ دیا۔ معزز مہمان جو "راٹا" ٹوکمپنی کے مالک تھے اور سارے ملک میں "شو کنگ" کے نام سے مشہور تھے بڑے وقار سے زیرِ لب مسکراتے رہے۔ آخر سیکرٹری نے گزارش کی کہ صدرِ محترم اپنے افتتاحیہ خطبے سے ادبی کانفرنس کا آغاز فرمائیں۔ صدرِ محترم مغل شہنشاہ کی طرح بیٹھے جیسے ایک ایک قدم ایک سلطنت پر پڑ رہا ہو۔ مائیک کے سامنے کھڑے ہوئے کھنکارے، بٹھلے میں دھنسے ہوئے بادلوں کی طرح بھرے ہوئے بال کو تمکنت سے دیکھا جیب سے ایک کاغذ نکالا اور تڑ تڑ بولنے لگے۔ یعنی پڑھنے لگے۔

"حاضرینِ کرام!

میں اسٹیشن میں تھا جب جنرل ایجنٹ نے کیبل کے ذریعے مطلع کیا کہ آپ نے اس ادبی کانفرنس کی صدارت کے لیے میرا انتخاب کیا ہے۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آپ نے جس ذہانت اور خوش مذاقی کا ثبوت دیا ہے اس کے لیے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ بظاہر ادب اور جوتے کے کاروبار میں کوئی تعلق نہیں معلوم ہوتا لیکن اگر دوربینی اور ژرف نگاہی سے دیکھا جائے تو ادب کو دوسرے سے الگ کر کے سمجھا ہی نہیں جا سکتا۔ میں نے آپ کی دعوت اس لیے قبول کر لی کہ مجھے آپ کی دلجوئی اور خاطر افزائی کے علاوہ جوتے اور ادب دونوں کی خدمت مقصود ہے۔

"خواتین و حضرات!

جس طرح ادب قوموں کے عروج و زوال کی داستان سناتا ہے اسی طرح جوتا بھی ملکوں کی تاریخ اور تہذیب کا آئینہ دکھاتا ہے۔ جوتے کا ہندوستان کے ماضی سے گہرا رشتہ رہا ہے۔ بلکہ میں یہاں تک کہنے کی جسارت کروں گا کہ کئی صدیاں اسی کے گھونگھرو کی طرح آتی ہیں۔ ماضی بعید میں ہندوستان دو طبقوں میں تقسیم تھا۔ ایک جوتا بناتا تھا دوسرا پہنتا تھا۔ جوتا پہننے والے

جوتے نے جوتا بنانے والے کو حقارت سے دیکھا۔ اس کو شودر کہا اور چھوت چھات کو رواج دیا۔ اس طرح اس طبقاتی نظام کی پرورش کی جس نے چپ سے ملک کا شیرازہ بکھیر دیا۔ اور پارہ پارہ ہندوستان کو مسلمان فاتحوں نے اپنے پیروں میں پھینک دیا۔

جب تک مسلمانوں جوتے کی اہمیت کو تسلیم کرتے رہے بادشاہی کرتے رہے لیکن جب خانہ جنگی کے باعث جوتے کی صنعت غارت ہو گئی بڑے بڑے راجے اور نہایت امیر اور وزیر بادشاہی دسترخوان کی چاپلوسیوں کی طرح جاپانی جوتے پہننے لگے۔ اس کمزور جوتوں نے ان کے پیروں کو رکاب کی لذت اور زمین کی عظمت سے بیگانہ کر دیا۔ اور وہ اپاہجوں کی طرح درکار پالکیوں کے سنہرے خوابوں پر اٹھنے لگے۔ اس طرح رفتہ رفتہ پوری قوم کا معدہ خراب ہو گیا۔ صحت تباہ ہو گئی اور ایک عظیم الشان سلطنت ٹکے کی سیپر کی طرح انگریزوں کے پیروں میں چلی گئی۔

آپ لوگوں نے جو کتابیں اور پڑھتے اور پڑھاتے ہیں ضرور پڑھا ہو گا کہ جب انگریز لکھنؤ پر قابض ہوئے اور چھتر منزل میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ واجد علی شاہ ایک پاؤں میں جوتا پہنے مسند پر بیٹھا ہے اور ہاتھ میں ننگی تلوار چمک رہی ہے اور دوسرا جوتا دور دروازے کے پاس پڑا ہے۔ انگریزوں کو دیکھ کر نواب نے حسرت سے کہا کہ اگر میرے دوسرے پاؤں میں بھی جوتا ہوتا تو تم لکھنؤ میں داخل نہ ہو سکتے۔ آپ اس کو معمولی واقعہ سمجھتے ہوں گے لیکن اسی معمولی واقعے نے ہندوستان کی تاریخ پر سیاہی پوت دی اور ہم انگریزوں کے صد سالہ دور غلامی کی جوتے بازی کا شکار ہو گئے۔

جوتے اور معاشیات میں چولی دامن کا ساتھ ہے جو صدیوں سے رہا ہے وہ آج بھی اسی پالش اور ڈیزائن کے ساتھ برقرار ہے۔ چین نے ہندوستان پر چڑھائی کی تو سیاستدانوں نے جو آپ ادیبوں ہی کی طرح گندذہن واقع ہوئے ہیں اعلان کر دیا کہ چین چنگیز اور ہٹلر کی طرح ساری دنیا کو روند ڈالنے کا خواب دیکھ رہا ہے۔ یہ غلط ہے۔ اس غلطی کی صحت کا راز جوتے کی معاشی اہمیت میں پوشیدہ ہے۔ آپ نے سنا ہو گا اور اگر بہت سی سنی سنائی باتوں کی طرح اسے بھی نہیں سنا ہے تو اب سنیئے۔ چینی اپنے بچوں کے پاؤں کو طوائف کے تنگ جوتوں میں قید کر دیتے ہیں تاکہ ان کے پیر جسم کے دوسرے اعضا کی طرح نہ بڑھ سکیں۔ یہ حرکت ظالمانہ ہے۔ لیکن وہ اسے کرنے پر مجبور ہیں کیونکہ اس طرح وہ اپنے بچوں کے جوتوں کے مصارف سے محفوظ ہو جاتے ہیں۔ یہ نہیں بلکہ ان کی کل سائز آبادی کا بڑا حصہ عمر بھر ایک سائز جوتوں میں گزر کر لیتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں وہ اپنے ٹکٹ کو جوتے کی قیمت کے خرچ سے محفوظ کر لیتے ہیں۔ حال میں چینیوں نے جوتے کے قومی مسئلے کو مائیکر پیمانے پر حل کرنے کا منصوبہ بنایا ہے جو ہندوستان کو جنگ کی دھمکی دی ہے۔ اس لیے کہ ہندوستان میں جوتے کی صنعت سب دنیا سے زیادہ ترقی یافتہ ہے اور چین اس سے فیض اٹھانا چاہتا ہے۔ اگر ہندوستان چین کو بیس بائیس کروڑ جوتے سالانہ دینے پر رضامند ہو جائے تو چین راہ راست پر آ جائے۔ اس سلسلے میں حکومت کا فرض ہے کہ فوجی طاقت بڑھانے کے بجائے جوتے کی صنعت کو فروغ دینے کے لیے پنجسالہ پلانوں کے منصوبے بنائے۔

جوتے اور سیاست کا ایک دوسرا رخ سے بھی مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔ بین الاقوامی زرمبادلہ سونا ہے اگر

تے سے بدل دیا جائے تو عموماً ساری دُنیا کے اور خصوصاً ہمارے مُلک کے اقتصادی مسائل حل ہو جائیں۔ ایک طرف چین
ب افلاس میں مُبتلا ہو کر کراہنے لگے گا دُوسری طرف دولت کی مساویانہ تقسیم عمل میں آجائے گی۔ یہ نازک بات ہے۔ اسے
سے کیجئے آپ نے چور بازاری یا ذخیرہ اندوزی سے دس لاکھ روپیہ کمایا۔ اس کا سونا خرید لیا۔ زمین میں دفن کر دیا۔ یعنی
لاکھ روپیہ جو قوم میں گردش کر کے ساری قوم کی قوت خرید میں اضافہ کرتا وہ بازار کے نقطۂ نظر سے مر گیا۔ اب فرض کیجیے آپ نے
لاکھ روپے کے بجائے دس لاکھ جوتے کمائے ہوتے تو ان کو کہاں رکھتے۔ رکھ بھی لیتے تو حکومت سے کس طرح چھپاتے۔
گر چھپا بھی لیتے تو کرتے کیا؟ دُوسرے الفاظ میں آپ اتنے ہی جوتے کمانے پر مجبور ہو جاتے گئے جتنے کی آپ کو ضرورت
۔ اس طرح ساری دولت یعنی سارے جوتے بازار میں چلنے پر مجبور ہیں اور معاشی ترقی یقینی ہے۔

فرائڈ نے اپنے جنسی نظریے کی توضیح کے لیے بچے کی حرکات کا بڑی شد و مد سے بیان کیا ہے۔ میں بھی اپنے دعویٰ
دلیل میں اسی تکنیک پر عمل کروں گا۔ جوتے کی محبت انسان کے خمیر میں شامل ہے۔ اسی تکنیک پر آدمی طفولیت سے کہولت
شعوری یا لاشعوری یا تحت شعوری پر جوتے سے چمٹا رہتا ہے۔ مثلاً آپ اپنا جوتا اُتار دیں۔ بچہ فوراً اس کی طرف
ے گا۔ بچے کی یہ بین الاقوامی پبلک میں دعویٰ کا ثبوت ہے۔ اور آگے بڑھیے۔ عید کی چاند رات کا تصور کیجیے کیسے ہی
ن کپڑے کیوں نہ ہوں لیکن بچے پر وہ کیفیت طاری ہو گی جو ایک معمولی جوتا پیدا کرے گا۔ بچہ اُسے سینے سے لگائے رہے
سوتے وقت بھی اپنے آپ سے جدا کرنا پسند نہ کرے گا یہ جوتے کی ازلی عظمت کا ثبوت ہے۔

مارکس کے مجوزہ مارکس کے جوتوں کے سلسلے میں خاموش ہیں لیکن مجھے یقین ہے کہ مارکس کے دل کو کسی بوسیدہ جوتے
کیں نے خون کر دیا ہو گا۔ اور اس نے اپنے پاؤں کے غم کو اپنے تک ہی محدود نہ رکھ کر ساری دُنیا کے پیروں پر محیط کر
۔ آج بھی سچا مارکسی پشمینے کے کپڑے پہنے گا، گاڑی کا فرنیچر استعمال کرے گا، اسکاچ کی بوتلیں لنڈھانے کا لیکن پیروں
میں آنے کی چپل پہنے نظر آئے گا۔

جوتے اور انسانیت میں بڑا گہرا تعلق ہے علامہ نے انسانیت کی تعریف میں بڑی بڑی باتیں بنائی ہیں لیکن حقیقت یہ ہے
جوتا ہی انسان اور حیوان میں حدِ فاصل قائم کرتا ہے۔ جو انسان جوتا نہیں پہنتے ہوتا وہ انسان سے دُور اور حیوان سے نزدیک
ہے۔ اسی نکتے پر دُوسرے زاویے سے روشنی ڈالنے کے لیے مثال دیتا ہوں۔ آپ قیمتی سوٹ پہنے ہوں لیکن اگر
پکے پاؤں ننگے ہیں یا ان میں گرد و جوتے دھنسے ہوئے ہیں تو آپ کی شخصیت صفر ہو جائے گی اسی طرح آپ ایسے ہی
نے گھٹیا کپڑے پہنے ہوں لیکن قیمتی جوتا آپ کی ذات کو وزن و وقار عطا کر دے گا۔ یہ بالکل سامنے کی اور موٹی
ت ہے۔

انسان کی پیدا کی ہوئی دُنیاؤں میں ادب وہ دُنیا ہے جہاں جوتا جام جم کی مقدس خدمت انجام دیتا ہے۔ رشید احمد
صدیقی نے غزل کو اُردو شاعری کی آبرو کہا ہے۔ اُردو شاعری کی اس آبرو یعنی غزل کا مطلع کیا ہے جوتے کا ایک جوڑا ہے
دیف کی سول، قافیے کی شیپ، وزن کی ناپ، طرز ادا کا ڈیزائن، خیال کا چمڑا، زبان کی سیون کہیں بھی ایک ٹانکا بھی

ہو گیا کہ [illegible] ۔ پوری آمد میں پوری غزل گویا ایک گھر کے جوتوں کی الماری ہے جس میں غزل کے اشعار کی طرح مختلف ساخت اور رنگوں کے جوتے جگمگا رہے ہیں۔ نظم بھی اس شباہت کی وسعت میں برابر کی شریک ہے۔ نظم کا ہر شعر ایک دوسرے سے منسلک ہوتا ہے اور پوری نظم کسی موقع یا خیال کو کمال کی وحدت میں پیش کرتی ہے۔ جس طرح کسی ایک شخص کے جوتوں کی الماری اس شخص کی جیب اور ذوق کا ایک ہی نگاہ میں پول کھول دیتی ہے اسی طرح طویل نظم پورے گھر کے افراد کی لمبی چوڑی الماری ہے جس میں مختلف کرداروں کے مختلف مشاغل کی "نشاندہی" ہوتی ہے۔

اوپر سے جوتے کی ایسی شبیہ شباہت کے باوجود اردو میں جوتے کے ساتھ وہی سلوک کیا ہے جو اشیا میں برہمنوں نے چماروں کے ساتھ روا رکھا تھا۔ شاعر نے محبوب کے رخسار کو چاند سے اتنی مرتبہ اور اتنے پیرایوں سے تشبیہ دی کہ بیچارہ چاند تک ماند ہو کر رہ گیا لیکن کسی جدید سے جدید شاعر نے جوتے کی طرف توجہ نہ کی حالانکہ زیبائش کے جوتے کو چاند اور محبوب کے رخسار دونوں سے بیک وقت تشبیہ دی جا سکتی ہے۔ خدا نے رات بنائی انسان نے چراغ پیدا کر دیا۔ خدا نے پاؤں بنائے انسان نے جوتا بنا دیا۔ یعنی جوتا بہت آسانی سے فطرت پر انسانی فن کی علامت بن سکتا تھا لیکن شاعروں کے نبی تعصب نے ایسا نہیں ہونے دیا۔ محبوب کے بدن پسینے اور زلف کی خوشبو سے پھول، نسیم، مشک اور عنبر سے تا آنکہ [illegible] لیکن کسی بدذوق کو نئے کمارے جوتے کے چمکیلے چمڑے سے اٹھتی ہوئی مدھم میٹھی اور زندہ مہک سے محظوظ ہونے کی [illegible] ہوئی ہو سکتا ہے کہ ان بیچارے شاعروں کو کبھی نیا جوتا ——— پہننے ہی کی توفیق نہ ہوئی ہو۔

جس طرح جوتا زمانے کے ساتھ ساتھ نئی نئی شکلیں اختیار کرتا ہے اسی طرح ادب بھی نئی نئی صورتوں میں ابھر کر ہر دور کے ذوق سلیم شاہی جوتوں نے غالب اور آتش کی مرصع اور نگینہ ساز شاعری کو جنم دیا۔ آج موچیوں کی طرح تیلی ذات والے تک جوتوں نے بیڈی نظموں اور غزلوں کا استعمال عام کر دیا ہے۔ یہ نئے جوتے رفتار کی ایسی تربیت کرتے ہیں کہ شاعروں کی نوع تخلیق برانگیختہ کرتے ہیں اور نیا ادب نمو پاتا ہے۔

ہمارے موچی برادر نے ایسے جوتے ڈیزائن کر لیے ہیں جو صرف انفرادیت کے داشتوں کی پیٹ بھر کر تسکین کر دیں گے۔ یعنی ان جوتوں کو پہننے کے لیے پیروں کے آپریشن کرانا پڑیں گے۔ انگلیوں اور ایڑیوں کو جھڑوانا پڑے گا۔ موچی کے اس عمل کمال میں کوئی ایسی خاص تکلیف بھی نہ ہوگی۔ تھوڑی سی اذیت کے بعد (جو انفرادیت کے سودے میں کہیں سستی ہے) ایسے بے نظیر جوتے پہنے جا سکیں گے جو عام مذاق رکھنے والوں کو میسر نہیں آ سکتے جیسے توقع ہے کہ ان جوتوں سے متاثر ہو کر ایسی نظمیں اور غزلیں وجود میں آئیں گی جن کے کہنے کے لیے زبان کی خاص تراش اور سننے کے لیے سماعت کی مخصوص ڈیزائن روا رکھنے لگے گی اور ادب جوتوں کے نقش قدم پر چل کر خود کو [illegible] کر سکے گا۔

• عام جوتے پر ڈاکٹر کے نقطہ نظر سے صحیح شاعری بتاتے ہیں۔ راقم الحروف اس موقعے پر ان کا تتبع کرنے میں خوف محسوس کرتا ہے۔

میں نہیں کہہ سکتا کہ ادب کا آخرت سے کیا تعلق ہے لیکن جوتے کا ہے۔ ہماری کمپنی کی مشرقی برانچ کے مسلمان بیرے ایسے جوتے وضع کر چکے ہیں جنہیں پہن کر مُردے پُل صراط سے، جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار کی دھار سے زیادہ تیز ہے بخیر و خوبی گزر سکیں گے۔ میرا مشورہ ہے کہ ادیب اس خاص ضمن میں بھی جوتے کی ترقی سے فیض اٹھانے کی کوشش کریں۔

ابھی کہنے کو تو بہت سی باتیں باقی ہیں لیکن میں نہیں کہہ سکتا کہ اس ادبی اجتماع میں مزید جوتے کا ذکر چلے۔ اس لیے آپ سے رخصت ہوتا ہوں۔ اور آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے پورے سکون اور خلوص کے ساتھ میرا خطبہ سنا۔"

"ہال" دیر تک تحسین آفریں تالیوں کی گڑگڑاہٹ سے گونجتا رہا۔

قاتل

اشفاق احمد

یہ دوسری بار تھی جب اُس نے عدالت کا منہ دیکھا۔

محمد سلیم صحت مند اور شریف نوجوان تھا اور اُس نے ایف۔ اے کا امتحان ہائی سیکنڈ ڈویژن میں کیا تھا۔ وہ یقیناً بی۔ اے بھی پاس کر لیتا اگر اُس کی ماں بیوہ نہ ہوتی اور اُن کی دس مرلے زمین پر جنگ میں اور مکانوں کی ایک کٹڑی اچھرے میں نہ ہوتی۔

ایف۔ اے کے بعد محمد سلیم نے کٹڑی کے بڑے دروازے میں بیٹھ کر اپنے کرایہ داروں کے ساتھ تُو تُو دیکھنا شروع کر دی۔ پھر محلے کے لڑکوں کے ساتھ دوپہر کو کوٹھڑی میں سونے لگا اور آہستہ آہستہ قبرستان کی مسجد میں جا کر نماز اور عصر کی نماز پڑھنے لگا۔

اپنے ساتھ چوسر کھیلنے والے ہر شخص سے اس کی ایک ہی شرط ہوا کرتی کہ وہ اذان ہوتے ہی کھیل بند کر دے گا اور اس کے ساتھ مسجد میں جا کر چار رکعت فرض ادا کرے گا۔ بہت سے کھلاڑی بھاگ گئے تھے اور جو کچھ باقی رہ گئے تھے وہ کپڑے ناپاک ہونے کا بہانہ کر کے اُسے چھوڑ دیا کرتے تھے۔

محمد سلیم کی والدہ اپنے اکلوتے بچے کے لیے بیویاں تلاش کر رہی تھی۔ اب تک اُس نے تین لڑکیاں چُنی تھیں۔ ایک دولتمند تھی اور اُس کے باپ کی خرادیں اور چکیاں چلتی تھیں۔ دُوسری خوبصورت تھی اور اُس سے کسی کی نظریں نہ ہٹتی تھیں تیسری صحت مند چوبرٹیلا تھی جو نسل کشی کے لیے بہت مفید ثابت ہو سکتی تھی۔ اس کی گردن چھوٹی تھی اور کندھے چوڑے کرتنگ تھی اور شریں لب۔ اچھا وزنی جوان اُس کے کولہے پر پاؤں جما کر موکھے میں سے جنگلی کبوتروں کے بچے نکال سکتا تھا۔ لیکن اس سے محمد سلیم کی شادی نہ ہو سکی۔ وجہ اس کی صرف اس قدر تھی کہ محمد سلیم کی بیوہ ماں یکے بعد دیگرے ان تینوں سے اپنے بچے کی شادی کرنا چاہتی تھی اور اپنی کم اولادی کی کمی پُوری کرنے کی خواہش مند تھی لیکن محمد سلیم اس بات پر رضامند نہیں ہوتا تھا اور لڑکیاں ایک ایک کر کے ٹھکنے کے قریب تھیں۔

ان کا جدی رہائشی گھر کٹڑی سے بالکل باہر تھا لیکن اس کے ملتے کی دیوار کٹڑی کی فصیل کے ساتھ تھی تھی۔ ملحقہ دیوار کے ساتھ والی کوٹھڑی میں شاموں رہتی تھی جو عورتوں کے اندرونی امراض کا علاج کرتی تھی اور جس کے پاس ڈیوٹی سے فارغ ہو کر سپاہی لوگ سویا کرتے تھے۔ شاموں چوں کہ ذات کی مذہبی تھی۔ اس لیے ہاتھ میں کڑا پہنتی تھی۔ سر پر پٹکا دوپٹہ لیتی تھی اور پیروں میں لال رنگ کی نری کی جوتی پہنتی تھی چونکہ اکتیس سال کی تھی اس لیے آنکھوں میں سُرمہ ڈالتی تھی اور جوشوں پر وغا سہتی تھی۔ مبادا کہ اس پر حرام تھا اس لیے وہ چھوٹے میں مرد نے کے لیے مقرر قرابادین کے سُوکھے ڈنٹھل پودینے کے پتے اور اُبلی ہوئی پلاسے کی پھیکی ہوئی پتی شیرے میں کوٹ کر پیتی تھی اور سپاہیوں کو بھی دو گھونٹ پلاتی تھی۔

تین سال کے مسلسل تقاضے کے بعد جب شاموں نے محمد سلیم کو کرایے کا ایک پیسہ بھی نہ دیا تو سلیم نے تاؤ میں آ کر اس کی کوٹھڑی

کے ابرو سے چوٹی سے پکڑ لیا اور تین جھٹکے دے کر ایک دھچا اس زور کا اس کے کندھے پر مارا کہ اس کی آنکھوں کا کجلا سنپولیوں کی طرح باہر نکل کر سفید ٹھنڈے اور خوشبودار گالوں پر سو گیا۔

تیسرے دن محمد سلیم پر استغاثہ زیر دفعہ ۳۰۹/۳۰۹ ہو گیا۔ وارنٹ جاری ہوا تو بیوہ ماں پچھاڑ کر گر پڑی۔ ماموں مسلم ٹاؤن سے بھاگا آیا۔ بجری دوست ڈاکٹر عزیز نے ضمانت بھری۔ کالے کوٹ والے سلطان خان نے عدالت سے استغاثے کی نقل حاصل کی تو محمد سلیم کے ہاتھوں کے طوطے اُڑ گئے۔ مرقوم تھا:

جناب عالی۔ مستغیثہ حسب ذیل عرض پرداز ہے

مکان ہر دو فریقین ایک دوسرے سے پیوستہ ہیں بلکہ ایک دیوار مشترکہ رکھتے ہیں، بوجہ موسم گرما فریقین اپنے اپنے کوٹھوں پر رات کو سوتے ہیں۔ مستغیثہ با عزت بیوہ ہے۔ ملزم صبح اُٹھ کر اپنے کوٹھے پر مستغیثہ کی جانب منہ کر کے ہر روز بہ نیت توہین شرمساری مستغیثہ برہنہ ہو کر پیشاب کرتا ہے جس سے شرمساری کی توہین ہوتی ہے۔ چنانچہ کل صبح کو ملزم مذکورہ اسی طرح پیشاب کر رہا تھا۔ مستغیثہ کے منع کرنے پر فحش گالیاں بہ نیت توہین بالقصد دینی شروع کر دیں۔ لہٰذا استدعا ہے کہ ملزم کو سزائے قانونی دی جائے۔

فدویہ: شاموں بیوہ ہربال مذہبی ساکن کشٹری گنیاں

پیر غازی روڈ۔ اچھرہ۔ لاہور

جب محمد سلیم حاضر عدالت ہوا تو اس کا سارا وجود پتے کی طرح کانپ رہا تھا اور اس کے حلق میں ٹھنڈی قلفی کا ٹانکا لگا ہوا تھا۔

لیکن اس سارے واقعے کا محمد سلیم کی کہانی سے کوئی تعلق نہیں یہ محمد سلیم کی اصل کہانی نہیں۔ یہ تو اس واقعے کا مذکور ہے جب اس نے پہلی بار عدالت کا منہ دیکھا۔

محمد سلیم صحت مند اور شریف نوجوان تھا اور متوسط درجے کی امیر بیوہ کا پوت ہوتے ہوئے بھی اس کے صرف ایک عورت سے تعلقات تھے اور ان تعلقات سے دونوں فریق خوش تھے۔ محمد سلیم کو تھوڑی سی آسودگی میسر آ جاتی اور دوسرے فریق کو تھوڑی سی مالی فراغت۔ اس بات کا علم ارد گرد کے کچھ لوگوں کو تھا لیکن کسی نے اس معاملے پر خصوصی توجہ نہ دی تھی۔

ایک رات کوئی ڈیڑھ بجے کا عمل ہو گا کہ اچانک محمد سلیم کی آنکھ کھل گئی۔ اس کے بائیں بازو میں کچھ عجیب طرح کا درد ہو رہا تھا۔ اس نے رات کی خاموشی میں پوری توجہ بازو کی طرف دے کر ایک لمحے کے لیے رگ پٹھوں میں دھڑکن سی سنی اور پھر یہ دھڑکن معدوم ہو گئی۔ پھر اچانک اسے یوں محسوس ہوا جیسے کوئی تیز دھار آرا اس کے بائیں سپ کو کاٹتا ہوا کہنی کے راستے نکل گیا ہے۔ محمد سلیم نے خوفزدہ [illegible] کے سرے سے کھینچ لی۔ وہ لڑکی ہڑبڑا کر اٹھی اور پھر محمد سلیم سے چمٹ گئی۔

سلیم نے کہا: "میرا بازو میں درد ہو رہا ہے۔"

لڑکی نے بازو کی مٹھیاں بھرتے ہوئے کہا: "میں منہ کالا جو اس پر سوار ہو گئی۔"

"نہیں" محمد سلیم نے کہا: "تم آج کوئی نئی تھوڑی سوئی ہو۔ یہ تو کوئی اور شے تھی جو کوئی خطرناک سی شے۔"

خطرناک شے کا نام سن کر لڑکی زور سے ہنسی اور اس کے قاعدے نے برآمدے سے آواز دے کر کہا: "مجھے بھی یاد ہے جی۔"

"نہیں" لڑکی نے اسی طرح ہنستے ہوئے کہا: "تو سویا رہ۔"

جب وہ سو گیا تو سلیم نے تھوڑی دیر بعد کہا: "اگر میرا ہاتھ بیکار ہو گیا تو میں کیا کروں گا؟"

لڑکی پھر ہنسی اور کہنے لگی: "دیکھا تیرے دماغ سے گرمی نہیں نکلی ناں اس لیے تجھے بُرے بُرے خیال آتے ہیں۔" پھر اس نے جھک کر سلیم کے بازو میں پوسے پوسے دانت گڑ دیے اور سلیم اس کا سر تھپتھپانے لگا۔

تھوڑی دیر بعد محمد سلیم کے دماغ کی گرمی نکل گئی اور رات ذرا سی اور خنک ہوئی تو لڑکی نے پوچھا۔ "بتاؤ اب بھی درد ہو رہا ہے؟"

"اوں ہوں" سلیم نے سر ہلا کر کہا۔

"پھر؟"

"پھر کیا" سلیم نے کہا: "اس میں تمہارا کیا کمال ہے درد کو ختم ہونا تھا ہو گیا۔"

"واہ جی! ہمارا کوئی کمال نہیں۔" لڑکی بولی اور پھر جیسے روٹھ کر خاموش ہو گئی۔

صبح جب وہ تینوں چائے پینے لگے تو لڑکی نے کہا: "اشرف پتہ ہے رات سلیم کے بازو میں کتنا درد اٹھا۔"

اشرف نے توس کھاتے ہوئے نفی میں سر ہلایا۔

"وہ تو میں نے کوئی گھنٹہ بھر اس کی مالش کی ورنہ یہ تو کسی اور ہی وہم میں ڈوب رہے تھے۔"

اشرف ہنسا اور محبت بھری نظروں سے سلیم کو دیکھ کر بولا: "بازوؤں میں تو درد اٹھتا ہی رہتا ہے اس میں وہم بے وہم کی کیا بات تھی۔"

سلیم نے کہا: "کچھ نہیں بس یونہی خوف سا طاری ہو گیا تھا۔"

"اور اب؟" لڑکی نے پوچھا: "اب تو کوئی خوف نہیں کسی قسم کا؟"

"اب تو مجھے یاد بھی نہیں کہ میرے بازو میں درد اٹھا بھی تھا یا نہیں۔"

وہ چائے پیتے رہے۔ صحن میں گھومتے رہے اور ایک ایک کر کے کپڑے بدلتے رہے۔ لڑکی نے اشرف کے جوتے پالش کیے سلیم نے اپنے چپلوں پر برش پھیرا۔ لڑکی نے اپنے پاؤں کے ناخن کیوٹکس سے رنگے۔

پھر اشرف دفتر چلا گیا اور سلیم اپنے گھر روانہ ہو گیا۔ اور لڑکی چوسٹک کا تھیلا لے کر بنیے سے چائے اور گوشت

رینے کے لیے ڈاکٹر شفیع کی رائے روانہ ہو گئی۔

لیکن اس بات کا بھی محمد سلیم کی کہانی سے کوئی تعلق نہیں۔ اگر ہے تو صرف اسی قدر کہ اُس کے بازو میں پہلی مرتبہ درد اُٹھا تھا۔

ایک شام محمد سلیم قبرستان کی چھوٹی مسجد میں عصر کی نماز پڑھ رہا تھا کہ پہلے سجدے سے اُٹھتے ہوئے اُسے ذرا سی تکلیف محسوس ہوئی اور دوسرے سجدے پر وہ لاکھ کوشش کے باوجود اُٹھ نہ سکا۔ بائیں پھیپھڑے میں کچھ عجب طرح کی ٹیس اُٹھی اور وہ اوندھے منہ صف پر بیٹھ گیا۔

جب دل کی دھڑکن قدرتاً نارمل ہوئی اور اٹھنے پر زور کا ٹھنڈا پسینہ آیا تو سلیم نے آخری مرتبہ اُٹھنے کی کوشش کی۔ یہ کوشش کامیاب رہی اور وہ آہستہ آہستہ چل کر مسجد کی دیوار کے ساتھ لگ کر کھڑا ہو گیا۔ پھر اُس نے اپنے جسم کو ٹٹولا۔ سب ٹھیک تھا۔ اُس نے دو مرتبہ اپنی انگلیوں کو چٹخایا اور چپل پہن کر مسجد سے باہر نکل گیا۔

اس کے جگری دوست ڈاکٹر عزیز نے کچھ گولیاں وٹامن کی ایک بوتل دودھیا تیل کی اور بلا ناغہ سات ٹیکے دیے۔ ان سے فائدہ ضرور ہوا لیکن نہ اس قدر کہ بیماری کا خوف اُس کے دل سے دُور ہو جاتا۔

محمد سلیم کو ہسپتال میں داخل ہوئے پورے پندرہ دن ہو چکے تھے اور اس کا ہر طرح کا ٹیسٹ ہو رہا تھا لیکن بازو میں درد کے اسباب نہ ملتے تھے۔ ایک شام جب تکلیف میں بے حد اضافہ ہو گیا اور ہاؤس سرجن نے درد روکنے کو Pathedine کا ٹیکہ دیا تو سلیم نومولود بچے کی طرح سفید تکیے پر سر رکھ کر گھوک سو گیا۔ ہاؤس سرجن بڑی دیر تک اس کی پائنتی پر بیٹھا اس کے تنفس کا جائزہ لیتا رہا۔ اس کی چھاتی چھلنی کی طرح اُوپر اُٹھتی تھی اور پھر اسی طرح نیچے بیٹھتی تھی۔ کوئی تین ساڑھے تین کا پھلاؤ ہو گا۔ ہاؤس سرجن کو اس صحت مند جوان پر بہت ہی ترس آیا۔ وہ بڑی دیر تک اس کے چہرے کے خد و خال اور اس کی شکل و شباہت کو بغور دیکھتا رہا پھر اچانک اس کے ذہن میں ایک خیال آیا۔ وہ اپنی جگہ سے اُٹھا۔ سلیم کے سرہانے گیا۔ اس کے بازو کو چھو کر اپنے آپ سے کہنے لگا یہیں ہے یقیناً اسی جگہ پر ہے۔

دُوسرے دن ڈاکٹر شفیع نے ڈاکٹر عزیز کو ہسپتال بُلایا اور اپنے پیارے شاگرد کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر پُوچھا: عزیز یہ تمہارا دوست ہے؟

عزیز کا چہرہ خوف سے بے رنگ ہو گیا اور اس کی آواز حلق کے اندر ہی رہ گئی۔

"لیکن خیر" ڈاکٹر شفیع نے کہا: "اس سے کیا ہوتا ہے اگر یہ تمہارا دوست نہ بھی ہوتا تو بھی میری تشخیص یہی ہوتی۔"

عزیز نے کہا "سر ڈیو سپیکٹ ....."

"Malignant Lymphoma" ڈاکٹر شفیع نے ہولے سے کہا اور مسکرانے لگا۔ اس کی مسکراہٹ میں دُکھ اور حقیقت کی تلخی جڑ تو ان پتوں کی طرح کلکاریاں مار رہے تھے۔

ڈاکٹر عزیز نے کہا: "تو پھر سر..... میرا مطلب ہے..... اب کچھ نہیں ہو سکتا.. لیکن یہ اس کو ہوا کیسے؟"

"یہ کوئی پوچھنے کی بات ہے" ڈاکٹر شفیع نے کہا۔ "بس ہو گیا۔ اور جو ہو گیا سو ہو گیا۔ اب کوئی کر بھی کیا سکتا ہے کیوں

"ہی" ڈاکٹر عزیز نے سر جھکا کر کہا "ہم کیا کریں جو کیا پر زندہ نہیں رہ سکتا؟"

"اوہ" ڈاکٹر شفیق گھبرا کر بولے "اوہ..... عزیز تمہاری ڈسپنسری پر کتنے مریض آتے ہیں ہر روز؟"

ڈاکٹر عزیز نے کہا "یہ اپنے ماں کا اکلوتا لڑکا ہے اور چہرہ میرا اکلوتا دوست ہے اور ڈاکٹر صاحب..... کیا ہے آپ کی تشخیص غلط ہو؟"

"خدا کرے..... خدا کرے..... خدا کرے" ڈاکٹر شفیق نے یوں کہا جیسے کسی نے عجائب گھر میں لگے ہوئے کسی کے مجسمے پر ہاتھ مارا ہو۔

"اب یہ کیسا ہے؟" ڈاکٹر عزیز نے پوچھا۔

"کچھ نہیں امیبے پر ہے۔ [illegible] کا ٹیکہ لے کر سو جاتے ہیں" ڈاکٹر شفیق نے کہا "اور جب ٹیکے کا اثر کم ہوتا ہے تو....."

اتنے میں ایک چیخ بلند ہوئی اور کچھ گلاس فرش پر گرے اور بستر کے سرہانے تڑپے۔ ٹیکے کا اثر کم ہو گیا تھا اور محمد سلیم تڑپ رہا تھا.....

جب اس شریف نوجوان کو اس طرح تڑپتے ایک مہینہ اور دس دن گزر گئے تو اس نے اپنے مسلم ٹاؤن والے ماموں کو کسی طرح منا لیا۔ وہ اس کے لیے چالیس گولیاں خواب آور دوا کی پیس کر اور پڑیا میں باندھ کر ہسپتال لے گئے اور جب سلیم نے ان کے کانپتے ہوئے ہاتھوں سے وہ پڑیا لی تو وہ دیر تک اپنے دونوں ہاتھ ایک عقیدتمند مرید کی طرح چومتا اور اس کی انگلیاں نومولود بچے کی طرح سے چومتا رہا۔ اور جب اس کے ہاتھوں کی گرفت ڈھیلی ہوئی تو اس کے ماموں دھاڑیں مارتے وہ ڈسے باہر نکل گئے۔

اگلی صبح جب رجو کی نکیاں ڈال کر اس کا معدہ دھویا گیا اور اسے ملا پلا کر کافی پلائی گئی تو اس نے آنکھیں کھول کر عزیز کی طرف دیکھا اور کہا "تم بھی عزیز!" اور ڈاکٹر عزیز جو واقعی اچھا خاصا ڈاکٹر تھا رو پڑا۔

ڈاکٹروں کے بورڈ نے اس کے بستر کے گرد گھیرا ڈال کر یکے بعد دیگرے یہی بات کہی کہ ہم جانتے ہیں تم تکلیف میں مبتلا ہو اور ایسی باتیں اس مرض کے مریضوں سے اکثر سرزد ہوتی ہیں لیکن ڈاکٹر جان دینے والے ہوتے ہیں لینے والے نہیں۔

محمد سلیم نے کہا "ڈاکٹر صاحب کاش آپ نے اس بیماری کی تکلیف کو کتابوں میں نہ پڑھا ہوتا بلکہ ایک ثانیے کے لیے اس میں سے گزرے ہوتے تب آپ کو اندازہ ہوتا۔"

ڈاکٹر گھوش نے کہا "!! ہم ڈاکٹر ہیں قاتل نہیں ہیں آخری دم تک کوشش کریں گے۔"

"کیا آپ کے پاس اس کا کوئی علاج ہے؟" ڈاکٹر عزیز نے ہولے سے پوچھا۔

"ہرگز نہیں" سلیم نے کہا "مجھے معلوم ہے مجھے کیا ہے اور جو کچھ مجھے ہے اس کا کوئی علاج ابھی تک دریافت نہیں ہوا"

پھر اشرف اور اس کی بیوی وارڈ میں آ گئے اور ڈاکٹر لوگ اپنے کوٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈال کر وہاں سے چل دیے

[illegible] اشرف کی بیوی کو دیکھا جس نے اپنے بیگ سے ایک شیشی کانپتے ہوئے ہاتھ سے نکالی اور اُسے
[illegible] طرف بڑھایا۔ نرس نے چیل کی طرح وہیں سے ایک جھپٹا مارا اور جیسے سینکڑوں کرتی ہوئی وہ شیشی لے کر دوسرے کونے میں چلی گئی۔
اس کے بعد اشرف اور اس کی بیوی کا وارڈ میں داخلہ ممنوع ہو گیا۔
سلیم کو باوجود یکہ دن میں کئی کئی ٹیکے ادویا کے لگ جاتے تھے لیکن اس کی تکلیف میں کمی نہ ہوتی تھی نہ اُسے نیند آتی تھی نہ
[illegible] سے لیٹنا میسر تھا۔ زبان کٹ کٹ کر قیمہ ہو گئی تھی۔ سر آہنی پٹیوں سے ٹکرا ٹکرا کر لہولہان رہتا تھا۔ اس پر بھی اُسے زندہ رکھنا ضرور تھا
ایک اچھے بھلے آدمی کی جان لی نہیں جا سکتی۔ لی نہیں جانی چاہیے۔ لینے کا خیال بھی نہیں کرنا چاہیے۔
ڈاکٹروں نے اُسے آپریشن ٹیبل پر لٹا کر اس کے ماموں سے کہا۔ "ڈاکٹر کا کام زندہ رکھنا ہے ڈاکٹر کی ہر حرکت اسی کوشش پر
ختم ہوتی ہے کہ زندگی کے زندگی ختم نہ ہو۔ ہم لوگوں کو زندہ رکھنے کی کوشش کرتے ہیں آگے اس کی مرضی۔"
"اس کی مرضی کے بغیر تو پتہ بھی نہیں ہلتا۔" ماموں نے کہا اور ڈاکٹر نے آپریشن تھیٹر کے دروازے بند کر لیے۔
کوئی دو بجے کے قریب تام چینی کی بالٹی میں محمد سلیم کا کٹا ہوا بازو اس کے ماموں اور اس کی ماں کے سامنے لایا گیا اور دونوں
دوسرے سے بغل گیر ہو کر دھاڑیں مارنے لگے۔
ڈاکٹر گھوش نے کہا "اگر آپ یہ بازو ہمیں مطالعے اور معاینے کے لیے دے دیں تو آپ کی بڑی مہربانی ہو گی۔"
"اور اگر آپ چاہیں" ڈاکٹر شفیع نے کہا "تو آپ اسے لے جا کر دفن بھی کر سکتے ہیں۔ یہ آپ کی ملکیت ہے۔"
محمد سلیم کی ماں نے روتے ہوئے ہاتھ کے اشارے سے کہا "تم لے لو۔ تم رکھو۔ ہمیں کیا لینا ہے اس بازو سے۔ ہمارا
[illegible] تو بستر پر لیٹا ہے۔"
بازو کٹنے کے بعد سلیم کے چہرے پر سُرخی دوڑنے لگی۔ درد غائب ہو گیا اور پندرہ دن بعد جب اس نے حجام کو بلوا
[illegible] بنوا کرائی تو نرس کی طرف دیکھ کر مسکرا دیا۔
پورے پینتیس دن بعد جب وہ ہسپتال سے نکلا تو ڈاکٹروں نے اُسے گھیر کر کہا کیوں سلیم صاحب ڈاکٹر قاتل ہوتا ہے یا مسیحا؟
[illegible] کا سر شرم سے جھک گیا۔ ڈاکٹروں نے ایک دوسرے کو مبارکباد دی اور تھوڑی دیر کے لیے خالق اکبر کو دل ہی دل میں مسکرا کر
[illegible] دیا۔
اسی رات اشرف کی بیوی نے سلیم سے کہا "توبہ! تمہاری بچی تو پہلے سے بھی زیادہ سخت ہو گئی ہے۔"
سلیم نے کہا "دیکھا پھر یوں ہوتے ہیں یاروں کے جٹ پٹھے۔" لڑکی ہنسی اور اُس کے کٹے ہوئے ٹنڈ پر ہاتھ پھیرنے لگی۔
لیکن محمد سلیم کی اصل کہانی یہ نہیں۔ ہاں اُس کا ایک دشمن ضرور اصل کہانی سے بندھا ہے۔
چھ ماہ بعد جب محمد سلیم نے ساری کنٹری بیچ کر مانچسٹر پر لگا دی تو اس کی ماں نے اپنے اکلوتے بیٹے کے خلاف ایک اشتہار
اخبار میں شائع کرایا کہ محمد سلیم ولد عبدالکریم کا اس سے کوئی تعلق نہیں اور اُسے متوفی عبدالکریم کی جائیداد پر کسی قسم کا حق نہیں اس لیے جو
[illegible] محمد سلیم ولد عبدالکریم سے لین دین کرے گا وہ نفع نقصان کا خود ذمہ دار ہو گا۔

[illegible] کر وہ
مارنے کے لیے خفیہ فروشوں سے خرید سکے۔

ایک بار وہ چرا کر اپنی بیوہ ماں کے سینے پر پھینک آیا تھا۔ بیوہ ماں کو کئی کچی گولیاں [illegible] تھیں۔ [illegible] شروع کیا تھا کہ سارے
محلے کے لوگ آن واحد میں جمع ہو گئے۔ بیوہ ماں نے کہا اسے حوالات میں ڈالو۔ تب ماں کے سینے کی نیند کھلنے کی سزا محلے کے لوگ
تھانے لے گئے۔ حوالدار نے تین چار تھپڑ اور سپاہیوں نے دو دو جوتے مار کر چھوڑ دیا اور وہ گھومتا گھامتا بیڈن روڈ پہنچ کر بجلی
کی دو کانوں کے پھٹوں پر لیٹ رہا۔ یہی اس کا اڈہ تھا اور یہیں وہ چیخنے والے لوگ ملتے تھے۔ ایک غیر خفیہ فروش نے تین ٹیکے
مفت لگانے کی منت مانی تھی۔ اس کا بڑا لڑکا ٹائیفائڈ سے اٹھا تھا اور اب خطرے سے باہر تھا۔ پھٹے پر اس کو لیٹے ہوئے دیکھ کر اس
نے پوچھا: "میاں طبی ہے؟"

"طبی حضور طبی" محمد سلیم گڑگڑا کر بولا۔

"نکال ران" غیر آدمی نے کہا۔

محمد سلیم نے ران ننگی کر دی اور اس نے لٹھے کے پائجامے پر سے جس پر پیشاب، لعاب، دھات اور کیچڑ کے داغ تھے سوئی
اندر گھسیڑ دی اور محمد سلیم نے اس کے دونوں ہاتھ چوم کر آنکھوں سے لگا لیے۔

بس کچھ ایسا ہی موسم تھا۔ سردیاں آہستہ آہستہ آ رہی تھیں اور گرمیاں جا چکی تھیں۔ کچھ لوگ اندر سونے لگے تھے اور کچھ ابھی
باہر سوتے تھے۔ محمد سلیم ٹوٹ سے تڑپ رہا تھا۔ اسے ٹیکے لگے پورے چار روز ہو چکے تھے اور آج پانچواں دن جا رہا تھا۔ مال میں کمی کی
وجہ سے خفیہ فروشوں نے ٹیکے کے دام بہت بڑھا دیے تھے۔ محمد سلیم اپنے ٹنڈے سے ڈاڑھی کھجاتا کھلس روڈ کے چکر کاٹ رہا تھا کہ
آہستہ آہستہ دوکانوں کی بتیاں گل ہونے لگیں۔

بوڑھا پارسی کرسی سے ٹیک لگائے میز کی طرف پشت کیے بیٹھا تھا۔ اس کے سامنے کیلنڈر لٹک رہا تھا اور وہ جا میں انگلی
پھرا پھرا کر تاریخوں کو ٹٹول رہا تھا۔

محمد سلیم چیتے کی سی پھرتی سے اندر داخل ہوا اور اپنے ایک ہاتھ سے کافی دار کا ایسا کچھ اس کے پیٹ میں مارا کہ بڈھے
نے ہائے تک نہ کی۔

پھر اس نے ڈھلکی ہوئی گردن والی گرم لاش کی جیب سے چابیاں نکالیں اور تجوری کھول کر سو کا نوٹ لے بھاگا۔ بیڈن روڈ
پہنچ کر اس نے ایک ساتھ دو ٹیکے لیے اور آرام سے پھٹے پر لیٹ گیا۔

یہ دوسری بار تھی جب اس نے عدالت کا منہ دیکھا۔

اور عدالت نے محمد سلیم ٹنڈے کو پھانسی کی سزا دے دی۔

اے روشنیوں کے شہر

منظور الٰہی

لوگ ایئر پورٹ پر جمع ہو گئے تھے، عزیز و اقارب، دوست احباب، فوجی اور سویلین، بارات بن گئی تھی، صرف دُلہا کے آنے
دیر تھی۔ یُوں بھی آج شہر میں جگہ جگہ منقش سائبان اور قناتیں لگی تھیں، ہر طرف خوشی کے شادیانے بج رہے تھے، گلابی جاڑے تھے،
ت سے لوگوں نے شادیاں رچائی تھیں۔

حسبِ معمول ڈھاکہ سے فلائیٹ مقررہ وقت سے چند منٹ پہلے آ گئی۔ ..... وہ طیارہ جسے فضا میں دیکھ کے
نے تالیاں بجاتے تھے آج اُس پر نظر پڑتے ہی کلیجہ مُنہ کو آ رہا۔

جب جیٹ طیارہ ایک مہیب پرندے کی طرح چیختا ہوا ٹارمیک کی سطح کے متوازی ہو گیا تو دل سے بے اختیار نکلا

ساربان آہستہ راں کآرامِ جاں در محمل است

بٹوارے کے بعد جب طیارے کراچی میں نانی اماں کے مکان پر سے پرواز کرتے تو وہ ہمیشہ کہہ اُٹھتیں۔

"تمھاری خیر، سب مسافروں کی خیر،
جن ملکوں میں تم جا رہے ہو اُن کی خیر"

ان وادیوں میں سادگی اور نیکی جھلکتی تھی، آج ایک طیارہ مشرقی پاکستان کے ذخار دریاؤں پر سے اُڑتا ہوا، اُس کے سنہرے
لیتوں کو پاٹتا ہوا اُن کے پوتے کا جسدِ خاکی لا رہا تھا (خدا کی امانت ارضِ مغرب میں سپردِ خاک کرنے کے لیے) بیوی کا لٹا سُہاگ، بہنوں
ی آنکھ کا بے نور تارا، بچوں کا خاموش باپ، وہ ایک بیحد شفیق باپ تھا، ایک فیاض اور نیک دل خاوند، ایک ہنس مکھ دوست، بچوں
سے کھیل جانے والا، اُن کی چھوٹی چھوٹی خوشیوں میں برابر کا شریک، اُنھیں پکنک پر لے جانے والا۔ ..... یہ اُس کی
شفقت تھی کہ صبا اور نیلی جب اُس کے بستر میں سو جاتیں تو رات گئے، سونے سے پہلے وہ خود اُنھیں اپنے اپنے بستروں میں لٹاتے،
ارسلان جب اعلیٰ چھٹی کے لیے امریکہ گئے تو میں نے صفیہ سے پُوچھا تھا۔ صبا اپنے پاپا کو بہت SS / ۱۸ کرتی ہو گی؟ تو صفیہ
نے [illegible] بھر بھر آ پڑتی ہے۔ آج جو صبا کہتی ہے پاپا کہاں ہے تو اُس سے کوئی جواب بن نہیں پڑتا۔ بیٹے تمھارے پاپا کچ پہ نہیں
گئے، وہ اب دُوسرے جہان میں ہیں، تم انھیں کبھی نہ دیکھ پاؤ گے، وہ دُور دیس چلے گئے، بہت دُور، انسانی دسترس سے دُور .....

لیکن اُس کے لیے آج کا سفر ایک گام سے زیادہ نہ تھا، اُس میں تکلیف تھی نہ کشمکش، چند لمحوں میں وہ زندگی کی جدوجہد سے آزاد ہو چکا
تھا، وہ فرائض کا تسلسل نام ہے جس کا حیات، دُنیا کے دھندے کہاں ختم ہوتے تھے، بچوں کی تعلیم ابھی نامکمل تھی، اُن کے کیریئر کی پوزنگ
نہ ہوئی تھی، ابھی حسن خاکر تھا، اُس میں رنگ کہاں بھرے تھے، لیکن اُس کی زندگی کا پروگرام ختم ہو چکا تھا۔ آفتاب نصف النہار پہ تھا کہ گنا

گیا، وہ اپنے عروج پر تھا کہ موت کی ندی بھند گئی۔ میری بچی کے بند میں بھی پانی رہنے لگا۔ یہ بھر دے [illegible] اپنے پرائے سب ساحل پر رہ گئے، حیات و موت کے درمیان ایک لمبا سا فاصلہ تھا، وہ لمحہ جو پل کے پل میں بدل گیا، میں نے ازل سے ابد تک کے SPECTRUM کو جدا کر دیا تھا، ایک پل میں لمحہ، قسمت کے دروازے کا قیدی لمحہ!

سینہ غم سے نڈھال تھی، اچانک اس کے سر پر قیامت ٹوٹ پڑی تھی، جہاز سے اترتے ہوئے دیر ہوش کا سہارا لیے تھی کہ لمحہ کے میں نے اسے اپنی آغوش میں لے لیا۔ میرا چہرہ اس کے سامنے [illegible] تھی، چند منٹ میں ختم ہو جانے کا قصہ سن کے خیر سکتے میں آ گئے تھے، وہ تو بے ہوش تھی، اس کے دل کی حالت کون سمجھا سکتا تھا۔ آنکھیں تھک کر سب سے پگھلا رہا تھا، بہت دیر وہ سمجھ نہ سکی کہ یہ سب کچھ کیوں کر ہو گیا، وہ رو رو کے ہر ایک کو ایک ہی جواب دیتی "کچھ بھی تو نہیں ہوا تھا، کچھ بھی تو نہیں ہوا تھا"۔ پھر وہ حسرت و یاس کی تصویر بن گئی، بار بار اٹھنے کی کوشش کرتی تھا، رونے پیٹنے کے بعد بے حس کا وقفہ تھا، وہ بت کی طرح بے جان تھی اور تصویر کی طرح خاموش، بیٹھے شاعر نے ٹھیک ہی تو کہا تھا

میرا سایہ بھی جب ٹوٹے
وہ میرے سر پہ چھت ٹوٹے

آج وہ چھت اوپر آن رہی تھی، جیسے وہ بے آسرا رہ گئی ہو، تن تنہا، آج گھر کی کارا راج ختم ہوا، بچوں کے لیے شفقت کے چشمے خشک ہوئے، دنیا بھر کی نعمتیں بھی میسر ہوں تو اس خلا کو کوئی نہیں پاٹ سکتا، احساس محرومی دل پہ شبخون مارتا رہے گا۔ لیکن کون کس کا غم بٹا سکتا ہے، کون سہارا دے سکتا ہے۔ بس عزیز دور کھڑے ہاتھ ملتے رہ جاتے ہیں، جس پہ گزرتی ہے وہی مر مر کے جیتا اور جی جی کے مرتا ہے۔ بر دو ایام کسک کم ہو جائے گی لیکن یہ گھاؤ زہر پالے گا، جب بھی کوئی غم ہو گا ——— اپنا یا پرایا ——— تو یہ زخم ہرا ہو جائے گا۔ اس طویل اندھیری رات میں روشنی کی کرنیں تو ہوں گی (زندگی کبھی تہی دامن نہیں ہوتی) لیکن پھر سارا روز روشن لوٹ کے نہ آئے گا۔

اس ماتم کدے میں میری نظریں اس ماں کی زیارت کی متمنی تھیں جس نے احمد ایسا بیٹا جنا تھا، میرا جی چاہتا تھا کہ اس سے لپٹ کے خوب روؤں۔ لیکن جب وہ آنسوؤں ..... میں ڈوبی ہوئی، میں اپنے دل کے صدقے، کہتی ہوئی اس کمرے میں داخل ہو گئیں جہاں آہٹ رکھا تھا تو میری ہمت نہیں پڑی اور میں نے ایک کونے میں جا کر دونوں ہاتھ آنکھوں پہ رکھ لیے۔ ماں کے غم کے سامنے میرے غم کی کیا حیثیت تھی، کیا مقابلہ تھا! لیکن چند گھنٹوں میں جنہوں نے ماں کی بیٹی کا منظر تھی، احمد کے چھوٹے بھائی اس نے بیوگی میں پالے تھے اور پرورش بھی ایسی کی کہ دنیا عش عش کر اٹھی، اس نے زندگی کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالے، وہی ساری دنیا سے جدوجہد کی ترقی کی، احمد نے بھی قدم قدم پہ سعادت مندی کا ثبوت دیا تھا، ماں کا ہر حکم سر آنکھوں پہ تھا، آج ماں احمد کے ساتھ وہ طویل رفاقت یاد کر رہی تھی: "میرے بیٹے نے دنیا میں میرے لیے بہت تکلیف اٹھائی، اس نے میں بھائیوں کو احساس محرومی نہیں ہونے دیا تھا، آج میرے بیٹے دو بار یتیم ہو گئے"۔ یہ بات سن کے کلیجہ پھٹتا تھا لیکن وہ صبر و استقامت کا پیکر تھی، "آنسوؤں میں بھی اپنے عزم کی طرح ثابت قدم"۔ "آپ میرے بیٹے کی بخشش کی دعا کریں اور میرے لیے بھی ....."

اب آخری سفر کی تیاری مکمل تھی، کوئی بے اختیار ہو کر احمد کو چوم رہا تھا تو کوئی دیوانہ وار اس کے ناز ہو رہا تھا، دلوں کے آبلے پھوٹ رہے تھے، دردو کی لہریں کنارے سے ٹکرا ٹکرا جاتیں لیکن اُن کا زور کم نہ ہوتا تھا، جب اُسے اُٹھا کر لے چلے تو ایک حشر بپا ہو گیا، ایک اندوہناک گلوگیر آواز نے کہا۔

"یارو کیا غضب کر رہے ہو؟ اسے کہاں لے جا رہے ہو؟" (اس فریاد میں انسان کی بے بسی کی داستان مضمر تھی۔ روزِ ازل سے یہ فریاد گنبدِ گردوں تک جاتی ہے اور صدائے بازگشت کی طرح خالی ہاتھ لوٹ آتی ہے) اسے وہاں لے جا رہے ہیں جہاں سے کوئی واپس نہیں آیا، جس کا اس دُنیا سے کوئی تعلق نہیں، آنسوؤں کا سیل رُکنے میں نہیں آتا تھا

نہیں بھولتا اُن کی رُخصت کا وقت

وہ رو رو کے ملنا بلا ہو گیا

اُس سُنسان اندھیری رات میں آخری ساتھ دینے والے عزیز غم سے چور خاموشی سے راستہ طے کر رہے تھے، کوئی اپنے خیالات کی دُنیا میں گم تھا تو کوئی کسی حرماں نصیب "درماندہ راہرو" کو سہارا دیے ہوئے تھا۔ قدموں کی مدھم چاپ اس خاموشی میں مخل ہو رہی ہو!

ڈھاکہ سے فوجی بھائیوں نے پورے اعزاز کے ساتھ رُخصت کیا تھا۔ اب اپنوں نے دل پہ پتھر رکھ کے آخری رسم کی ادائیگی شروع کی، قبر تیار تھی اور اپنے مکین کی آمد کا انتظار کر رہی تھی، مضافات کی روشنیاں ٹمٹما رہی تھیں، قبرستان میں صرف نور تھی، تاروں کی نور اور شہر کی بتیوں کی لو۔ قدیم گھنے اشجار تھے اور پھولوں سے لدے نورستہ پودے، جب اُسے لحد میں اُتار چکے اور اینٹوں کی چنائی شروع ہوئی تو عزیزوں نے اس پیکرِ اخلاص پہ آخری نظر ڈالی، اب چند منٹوں میں دروازہ بند ہوا چاہتا تھا، چند منٹوں میں آخری رشتہ منقطع ہو جانا تھا۔ وہ ازلی تنہائی جو زندگی بھر انسان کا ساتھ دیتی ہے اب مجبوریٔ عریاں کی حقیقت میں جلوہ گر تھی، کیفیتِ غیاب و شہود سمجھنے کی ساعت آن پہنچی تھی۔

اے اجل! اے ساعتِ عشرت قریں

زندگی کی اے وفائے آخریں

اپنا بیگانہ نہ ہوگا جب کہ پاس

لوگ جس کو کہتے ہیں جلوے کی رات

میں کنول بن کے کھلوں گی رات میں

اپنے مالک سے ملوں گی رات میں

قدسیہ رواں زیرِ زمیں چلا گیا، وہ کھلتا ہوا شفیق چہرہ گُل ہو گیا، وہ سُورج جو مشرقی پنجاب میں طلوع ہوا تھا آدھی رات کے وقت مغربی پنجاب میں آن غروب ہوا، گردِ مشرقی پاکستان کی دعوتِ شبینہ سے فاضل پور کی وادیٔ خاموشاں کا سفر چوبیس گھنٹے میں طے ہو گیا تھا، مشرق سے مغرب تک کا سفر، زیست سے ممات تک کا سفر۔

اور کہتے تھے [illegible] کے بعد میرا بھیا بات ہے ہی وائی پور میں [illegible] جو جاتا ہے [illegible]
قتل ہونے سے چند ہفتے قبل ان کی کیمبرلی سے واشنگٹن شہر لانقرہ کر رہے تھے۔ یہ پیاں منظر دیکھ کر وہ ایک ساتھی کی طرف مڑے
اور کہنے لگے میرا بس چلے تو یہیں عمر گزار دوں، وہ خواہش پوری ہوئی۔ کیمبرلی کے نیچے ڈھلوانوں پر ان کی آخری آرام گاہ ہے
اے روشنیوں کے شہر! تو جگمگ جگمگ کرتا رہ! تیرے بھرے بازاروں کی رونق کم نہ ہو۔ تیرے میلے ٹھیلے کبھی ختم نہ ہوں، تیرے
چمن لہلہاتے رہیں، آج ہم ایک گرانبہا امانت تیرے ایک گوشے کے سپرد کر چلے۔

یہ میلے ختم نہیں ہوتے، یہ رونق کم نہیں ہوتی، انسان بھری دنیا سے چلا جاتا ہے اور اسے جاننے والے زندگی میں ایک خلا محسوس کرتے
ہیں لیکن زندگی اپنی ڈگر پر چلتی رہتی ہے۔

..... جب میں نذیر بھائی کے متعلق سوچتا ہوں تو مجھے یاد آتا ہے کہ اس رات بھی کوئی خاص بات نہیں ہوئی تھی، ایکسپریس
ٹرین ٹھیک وقت پر آکر رکی، لکڑی کا ایک تابوت اتار دیا گیا جسے چند مسافروں نے خاموشی سے دیکھا، گاڑی تین منٹ سے زیادہ نہیں
رکی، گارڈ نے سیٹی دے کر ہری جھنڈی ہوا میں لہرا دی، گاڑی اپنی منزل کی طرف رواں ہو گئی، زندگی کے بہاؤ میں کوئی فرق نہیں آیا تھا اور
مجھے یاد آتا ہے کہ اس رات گہرے سیاہ بادل گھر آئے تھے اور چاند بدلی کی اوٹ میں آگیا، پھر جیسے ہمدردی میں سڑک کی بتیاں بجھ گئی
تھیں اور ایک بجھے دل نے چپکے سے کہا تھا: ہائے سب روشنیاں گل ہو گئیں۔ اس کے لیے چار اور تاریکی ہی تاریکی تھی، ایک ایسی تاریکی
جس سے مفر نہ ہو۔

ڈوبتے بھائی کی جان بچاتے ہوئے نذیر شکم سمندر کی پہنائیوں میں گم ہو گئے تھے، چھوٹے چھوٹے بچے، جوان سال بیوی، سن
کے کرفانی تھپیڑوں کو نور میں نہلا دینے والے خدا نے یہ کیا کیا تھا؟ اس حادثے کو اوپر تلے کئی سال گزر گئے لیکن شاید تیغ فرقت
کا زخم پورے طور کبھی بھر نہیں پاتا، گزشتہ سرما میں ایک صبح جو سیر کو نکلے تو جانے کیوں نذیر بھائی کی یاد آگئی اور زہرا کے منہ سے
بے اختیار نکلا: خدا بھی بڑی پیاری طبیعت تھی بھائی جان کی۔ یہ بات کہہ کے اس کی آنکھیں سرخ کٹورا ہو گئیں، باہر گلاب کے
پیلے اوس سے بھر رہے تھے اور دھند میں لپٹی ہوئی یخ بستہ فضائیں دم بخود تھیں، وہ گلشت شروع ہونے سے پہلے ختم ہو گئی
آج میں سوچتا ہوں جب چلتے رستے ویران ہو جاتے ہیں تو کمنڈر ہی راہ نوردوں کو راستہ بتلاتے ہیں، دور دور سڑک کی حفاظت کرنے
والے درختوں کی ٹھنک چھاؤں اور رعنائی کہاں رہ جاتی ہے جس نیک لوگ یادوں کے تاج محل میں آباد ہیں، ان کی یاد سدا
بہار ہے۔

اور نیاز صاحب ایک وسیع بنگلے میں شادی کی تقریب تھی، خوب گہما گہمی تھی، خوشی کے شادیانے بج رہے تھے کہ ایک
دوست نے چپکے سے آکے کہا: کچھ سنا آپ نے؟ نیاز آج صبح کار کے حادثہ میں جاں بحق ہو گئے۔ چشم زدن میں رشتۂ زندگی منقطع
ہو چکا تھا، بینڈ پر بھی دھنیں بج رہی تھیں لیکن ماحول پر اداسی چھائی ہوئی تھی، لوگ سہمے ہوئے سرگوشی کے انداز میں اس ٹریجڈی کی بات
کر رہے تھے جیسے بے وقت موت سے بھی خائف ہوں جیسے انسان کی بے بسی سے خائف ہوں۔

اس دن جب بہار پورے جوبن پر تھی، جب کچنار کے درخت کاسنی پھولوں سے بھر پور تھے اور سبز بیل سفید پھولوں سے

رہ گئی تھی اور پھر پھیپھڑوں سے بھی دراڑ آ گئی تھی اُس روز نیاز احمد مر گئے، نیاز احمد جو محفلوں کی جان تھا جیسے ہزاروں منتخب اشعار از بر تھے جس کے چٹکلے محفل کو زعفران زار بنا دیتے تھے اب ہم اُسے کبھی نہ دیکھ پائیں گے اور مجھے نیاز احمد کے وہ الفاظ یاد آ گئے۔

"آخر ہمیں ایک روز اس جہان سے جانا ہے ورنہ ہمارے بچوں کے لیے جگہ کہاں رہے گی۔"

انھیں کیا معلوم تھا کہ چند ہفتوں میں ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے سربراہ کا جسم خاک و خون میں غلطیدہ چلتی سڑک کے کنارے پڑا ہوگا۔ بے یار و مددگار ——— منزلِ عشق پہ تنہا پہنچے کوئی تمنا ساتھ نہ تھی۔

باغِ جناح کے اُوپر پندرھویں رات کا چاند اپنا ازلی سفر طے کر رہا تھا، خنک ہوا سبز درختوں میں سرسرا رہی تھی اور وہ گنجینۂ اشعار و لطائف تازہ مٹی کے نیچے دفن ہو چکا تھا۔

خدا بخشے وہ عجیب آدمی تھے، چھوٹوں کے ساتھ شفقت اور بے تکلفی، دُنیاوی معاملات میں حق گوئی اور بے باکی۔ انسان دوستی کا یہ عالم کہ حیدرآباد چھوڑے انھیں کئی سال ہو گئے تھے لیکن مجھے کئی بار فون کیا: "ہاں بھیا حیدرآباد کے فلاں کالج کے لیے کچھ کیا، میاں دیکھ لینا بڑا Deserving ہے، حیدرآباد پبلک سکول کی کچھ امداد کی؟ وہاں بھٹہ بیٹھ رہا ہے۔" یہ سکول اُنھوں نے حیدرآباد کی کمشنری کے زمانے میں بڑے شوق سے بنوایا تھا، اس بات کو کئی سال گزر گئے لیکن امتدادِ زمانہ کے باوجود اُس علاقے سے اُنس قائم تھا۔

دوستو! جو کرنا ہے کر ڈالو، عمر کوتاہ فرصت نہیں دیتی، یہ گہری نیند بسا اوقات چور دروازے سے دبے پاؤں داخل ہو جاتی ہے، وہ کام دُنیا کا ہو کہ آخرت کا، کوئی حسرت نہ رہ جائے، کوئی اُدھار نہ رکھو، زاں پیشتر کہ بانگ برآید فلاں نماند، اور میں نے جو بعض لوگوں کے لیے وظائف مقرر کرنے تھے، کسی دُور افتادہ دوست کو پیار بھرا خط لکھنا تھا، کسی زخم پہ پھایا رکھنا تھا، تو آخر وہ کب کرنا ہے؟ عمرِ عزیز مہلت نہیں دیتی۔

کسی پارٹی میں ہم ایک ساتھ کھانے کے کمرے کی طرف بڑھ رہے تھے کہ نیاز صاحب نے میرا کاندھا تھام کے کہا۔

"ہاں بھئی چمپئی رنگ پہ یہ شعر سُن لو"

یہ جرأت کا بھی حصہ ہے .....

باتیں ہماری یاد رہیں گی یہ باتیں بھی نہ سنیے گا۔

اور ہم نے سوچا تھا نیاز صاحب اپنی لطیفہ گوئی اور بذلہ سنجی سے یونہی محفلوں کو گرماتے رہیں گے، اُن کے بیساختہ قہقہے ہمیشہ گونجتے رہیں گے، یہ سلسلہ چلتا رہے گا، ہاں اور وہ بھی اور ہیں، بغل ہی میں تو رہتے ہیں کبھی ہو آئیں گے۔ عقیدت کا اظہار تو کل ہے کل ہے سر پر ہے، بھی ہو جاتا ہے، ایسی بھی کیا جلدی ہے، نیاز احمد پڑوس میں تو ہیں.....

اور احمد بھائی کے متعلق بھی ہمارے ذہنِ لاشعور میں ہوگا کہ وہ تو موجود ہیں، جنسی مذاق کے لیے محبت جتلانے کے لیے

سدی [illegible] ایسے بھی کیا بدی ہے [illegible] اُن کی پرشکست کے نزدیک [illegible] کوئی شناسا
اچانک پل بھر کے تو دل دکھتا ہے [illegible] اس دوست کا [illegible] جس کی [illegible] میں سال [illegible] کی [illegible] جتنی
بسر ہوئی ہوں۔

پشاور اور راولپنڈی میں اتنے دن میں صفیہ اور احمد بھائی کا مہمان رہا اور وہ ہمیشہ باعث راحت ہوتے۔ ہر چیز کی تکلیف کا
خیال رکھنا کہ زیادہ سے زیادہ آرام ہم پہنچانے کی سعی "دفتر جا کے اپنی گاڑی بھجوا دوں؟ بیڈ ٹی کے بعد ہو گی؟ آدمی جا کے ٹرک
استری کروا لائے؟"

۱۹۵۰ء کے موسم خزاں میں پشاور میں اُن کے ہاں قیام تھا۔ مجھے خواب یا [illegible] اُس پُرسکون ماحول میں دل جذبۂ تفکر سے
لبریز تھا اور صحن چمن میں بیٹھے ہوئے میں نے اپنی ڈائری میں یہ فقرے لکھے تھے:

"صاف کر دینا ممکن ہے۔
اپنی محدود "انا" سے بلند ہو جانا ممکن ہے۔
رات کی رانی کے پیڑ تلے افسردہ خوشبو سے بوجھل فضا میں ابدی نیند سو جانا ممکن ہے۔"

چھ سال بعد مجھ سے پہلے احمد جا سوئے۔ میں اسے بہت سے پیار بھرے خط لکھ سکتا تھا، بہت سے تحفے بھیج سکتا تھا، چھوٹے چھوٹے
تحفے یہ جتلانے کے لیے کہ میرے دل میں اُس کے لیے کتنی عزت ہے اور میں اور زہرا بسا اوقات اُس کی خوبیوں کا قصہ لے بیٹھتے ہیں اور
اس کے "ہیرو" ہونے کا ذکر اکثر رہتا ہے۔ میں ٹرک کال کر سکتا تھا یہ جتلانے کے لیے کہ ہم دوری کے باوجود اُسے بھولے نہیں اور اس کا
کھلتا ہوا چہرہ اور معصوم مذاق یاد سے محو نہیں ہوئے، لمحوں میں سب یادیں اور یاد میں سب باتیں، لیکن وہ ہمیں چھوڑ گیا۔ وہ آناً فاناً
اس دُنیا سے چلا گیا اور ہم کچھ بھی نہ کر سکے۔ ہم انجانے طور پر دوسروں کی خوشی اپنی مٹھی میں بھینچ لیتے ہیں شاید دوستوں اور پیاروں کی زندگی
میں ہم اپنی محبت اپنی عقیدت اُن پر ظاہر نہیں کر پاتے، کبھی حجاب مانع ہوتا ہے کبھی اظہار کے لیے مناسب الفاظ نہیں ملتے۔ ہم
HAVE WARD افسوس کر کے پچھتا جو رہتے ہیں اور سوچتے ہیں کہ دل سے دل کو راہ ہوتی ہے وہ خود افسوس کرے گا لیکن کسی
کے متعلق حسن ظن رکھنا اور اُس کا اظہار لب پر نہ لانا اُس کے کئی گنوانے میں بخل سے کام لینا..... ہم دُنیا کے کاموں میں اتنے اُلجھ
جاتے ہیں، ہم روزمرہ کی پرابلمز میں کھو کر چھوٹی چھوٹی کدورتوں میں ملوث ہو جاتے ہیں، ہم زندگی کے قیمتوں سے اتنا تھک جاتے ہیں کہ
ان اہم باتوں کے لیے ہمت ہی نہیں رہتی، ہم ناکافی کو کافی سمجھ لیتے ہیں، شاید ہم کو دانستہ طور پر موت کی حقیقت جھٹلاتے رہتے ہیں اور
پھر دوام سے گریز نہیں کر پاتے۔ ہاں تین ماہ پیشتر جب میں اُنھیں آخری مرتبہ خدا حافظ کہنے کا وقت آیا تو سچی بات میری زبان پر
آ گئی تھی اور میں نے کہہ ڈالا تھا "ہوشیارپور کے خاندان نے بس ایک "گھڑے جتنا موتی" پیدا کیا اور وہ احمد حسین ہے" اور وہ
سادہ دلی سے ہنس دیا تھا، میں نے سچ ہی تو کہا تھا، اُس نے کبھی کسی کے سامنے تلخ کلامی نہیں کی، طعن و تشنیع کے تیر نہیں چلائے، وہ انسانیت
اور انسان دوستی کی زندہ مثال تھا لیکن اُس نے کبھی اس کا ڈھنڈورا نہیں پیٹا۔ وہ دشمنوں کو منہ پر بُرا نہیں کہتے تھے وہ شر انگیز اور مفاد
لوگوں کو بے نقاب نہیں کرتے تھے، آنکھوں سے بھی پناہ کیے جا رہا ہوں میں، باہیں رنجشوں سے دامن بچا کے نکل جانے والا، جلتی پر پانی

والد تھے کل، وہ با دوستاں تلطف با دشمناں مدارا کی زندہ تفسیر تھا وہ کسی کی دلآزاری نہیں کرتا تھا۔ طنز سے اجتناب، اُس
اق میں تضحیک کا شائبہ تک نہ ہوتا۔ نہ ہی اُس نے کبھی اپنی برتری ثابت کرنے کی کوشش کی کوئی قریبی ہو یا غیر ہر اک کی خدمت کے
تعد اُس کے عزیز اُونچے عہدوں پر فائز تھے لیکن یہ اُس کے لیے فخر و مباہات کا موجب تھا اور نہ ہی رشتہ داروں کا چھوٹی جگہ
باعث طعنہ ہی شفقت کی نظر ہر کہ و مہ کے لیے۔

احمد کی کوئی بھاری بھرکم شخصیت نہ تھی کہ پہلی نظر میں آنکھ میں کھب جائے، اُس کی جبلی نیکی اور شرافت چپکے سے ہم آہنگ
تی۔ وہ انجانے طور پر اپنے گرد و پیش ہمدردی اور خیر سگالی کے تاثرات بکھیر دیتا تھا اور آپ سوچتے تھے "یہ شریف آدمی میرے
اتی کیوں پریشان ہو رہا ہے، یہ میرے لیے اتنا کچھ کیوں کرنا چاہتا ہے؟ اب وہ دردمند دل ہمارے لیے نہیں دھڑکے گا، وہ
کے لیے خاموش ہے، اُس کی یاد ہر زبان ہے۔ جب ہمیں کوئی صدمہ پہنچتا ہے تو حسین یادوں کے چہرے ماضی کے دریچوں سے جھانک
ں پریشان کرتے رہتے ہیں چاہے وہ ایک جذبے کی موت ہو یا ایک انسان کی.....

ہماری امیدیں، ہمارے خواب، ہمارے فیصلے ان کی کیا وقعت ہے۔ ایک مجبور و بے بس انسان کی کیا وقعت ہے؟ تقدیر
ں مسکراتی رہتی ہے.....

میں سوچتا ہوں۔ نذیر ہاکس بے پہ چھوٹے بھائی کی جان بچاتے ہوئے ڈوب گئے، جب اُنھیں بمشکل باہر نکالا گیا تو اُس
ت بھی چند سانس باقی تھے، اگر بروقت طبی امداد مل جاتی تو..... نیاز احمد کار کے اندوہناک حادثے میں جان بحق ہوئے
وہ ہوائی جہاز میں سفر کر رہے ہوتے تو شاید بچ جاتے؟ لیکن احمد بھائی کے متعلق میں کیا سوچوں؟ خود ڈاکٹر، دو ڈاکٹر گھر میں مہمان
ریا بدن، ٹینس کا شوقین، ہر بات میں اعتدال پسند اور محتاط لیکن قلب کا پہلا دورہ جان لیوا!

احمد زندگی کا رس لے گئے، وہ ایک چرکا دے گئے، کیا ایک خاص عمر کے بعد انسان چرکے کھانے کے لیے زندہ
جاتا ہے، یونہی گھائل ہوتا رہتا ہے اور بالآخر تھک کے موت سے بھی سمجھوتہ کر لیتا ہے۔

آج میں تنہا ہوں، یہ خنک ہوا، یہ پتیوں کا جھولنا، یہ ڈوبتے سورج کی ٹکیا اور پھیلتی ہوئی شفق، یہ خوبصورت وحشت
س اور خامشی، مدور لان میں زرد پتیوں کی چادر بچھ گئی ہے، اکا دکا درخت خزاں زدہ ہیں، مسلسل تین دن بادوباراں کا طوفان
ہ رہا، غروب آفتاب کے بعد میری نظر یکایک اُوپر اُٹھ گئی تو دیکھتا ہوں کہ آسمان کا ایک حصہ شفق میں نہا گیا ہے، جیسے آگ کے
ھلے آہستہ آہستہ سرد ہو رہے ہوں، ہلکے نیلے آسمان کا منہ دھل گیا ہے۔ بے گرد و غبار سرد سی آسمان کی طرف سر اُٹھائے ہے
س کی پتیوں میں سے چاند کی جھلک رنگا نظر آ رہی ہے اور اُس کے عین اُوپر ایک روشن ستارہ، سُندر تا میرے آنگن میں اُتر آئی
ی، بلا شرکت غیرے، ہوا میں خنکی آ چلی ہے، اکتوبر کی دلپذیر لطافت گزر گئی، نومبر کے گلابی جاڑے رخصت ہونے، اب
دی رات زمستان کی اُداس چاندنی چھپ چھپ کے دریچوں میں سے آتی ہے، ساری رات رُوح کو یخ کر دینے والی سرد ہوائیں
تی ہیں، درختوں سے زرد پتے گر گر کے لڑکھڑاتے ہیں۔

کتنی یادیں جنم امروز سے جاگ اٹھتی ہیں
گرتے پتوں سے بہاروں کا خیال آتا ہے

یہ کرسمس کارڈ کا موسم ہے۔ کرسمس کارڈ جن پر برف پڑی ہوتی ہے اور گھر میں ڈوبتے سورج کا عکس پڑنے سے حاشیے ہو جاتے ہیں، ریڈیو پر بے پتے کی برفانی گاڑی کھینچتے ہیں، وہ کرسمس کارڈ جو احمد لڑکپن سے بھیجتے آئے ہیں، وہ کارڈ جن کا انتظار رہا کرتا تھا، اب نہیں آئیں گے۔

بشاعرہ وفا انتظار داشتے

"شیخ علی حزیں نے لکھا ہے کہ ایک موقع پر، جب اس کا دل نشتر خوردہ تھا ایک شب اصفہان کی کسی صحبت میں، جو باغ میں تھی۔ ساری نے ساز درست کر کے ایک شعر سنایا۔ صحیح تک وہی نغمہ تھا۔ وہ اس شعر کو گاتا۔ چپ ہو جاتا۔ پھر گاتا۔ پھر چپ ہو جاتا۔ حزیں کہتے ہیں کہ معلوم نہیں کتنی مرتبہ سلطان روح نے قالب خالی کیا تھا۔"

(بہ حوالہ مولانا حبیب الرحمٰن خاں شروانی)

دبانے شیخ تصوف کے کس مقام پر تھے۔ ورنہ روح ایک بار مسافر ہونے کے بعد کہاں لوٹتی ہے۔ وہ اپنی منزل کی طرف رواں دواں ہوتی ہے اور قرب حضوری کے لیے بیتاب، جیسے تھکا ہوا راہرو بے ساختہ "تھان" کی طرف مڑ جاتا ہے!

مٹی کا ادراک

جوگندر پال

نیچے باغ میں کھانا کھانے کے بعد ہم نے اجنتا کیوز کی پہاڑی کی جانب دیکھا۔

"پہلے ذرا ستا لیا جائے۔" رام ناتھ نے مشورہ دیا۔ "پھر اُوپر جا کے کیوز دیکھیں گے۔"

"ہاں بھئی۔" ایرانی نے ڈکار لے کر کہا۔ "بھابی کا کھانا اتنا لذیذ تھا کہ کھا کھا کے اب اپنا بوجھ بھی نہیں اُٹھایا جاتا۔"

"آپ لوگ ستاؤ۔" کیپٹن تیجا سنگھ کہنے لگا۔ "آؤ ڈارلنگ، ہم اُوپر چلیں۔" اُس نے اپنی بیوی کو مخاطب کیا ——— "اور تم ——— تم اور بھوپی یہ سارے برتن دھو کر واپس ٹوکری میں چھوڑ آؤ ——— آؤ ڈارلنگ!"

ڈارلنگ، اپنے کپڑے جھاڑتی ہوئی اُٹھ کھڑی ہوئی۔ "چلو جی۔"

"چلو تم بھی اُٹھو۔" رام ناتھ نے اپنی بیوی سے کہا۔ "اب فوجی حکم سے آگے کس کی چلے گی؟"

میں نے ایرانی کے ساتھ ساتھ چلنا چاہا لیکن وہ قدم بڑھا کر مسز رامناتھ کے ساتھ جا کھڑا ہوا۔ "بھابی، تمہارا کھانا ———"

"اوئے بھائی ایرانی۔" کیپٹن تیجا سنگھ نے گویا یکایک یاد آنے پر کہا۔ "آپ نے تو بولا تھا کہ کوئی گائیڈ وائیڈ آ کے ملے گا۔"

"میں یہاں ہوں سرکار۔" ایک سفید ریش آدمی قریب ہی ایک بنچ سے اُٹھ کر ہمارے پاس آ گیا۔

"تو چلو مولوی صاب، لے چلو ہم سب کو۔" کیپٹن تیجا سنگھ نے گویا اپنی فوج کا جھنڈا اُسے سونپ کر آگے چلنے کا حکم دیا۔ "آؤ ڈارلنگ ——— اوئے پروفیسر، تو کیوں لیٹا ہوا ہے بھائی، اٹھ! ———"

"آپ چلیے، ہم آتے ہیں۔" اُس نے اپنی نئی نویلی دُلہن کی طرف مُسکرا مُسکرا کر دیکھتے ہوئے کیپٹن تیجا سنگھ کو جواب دیا۔

"اچھا، اچھا، سمجھ گیاں۔" وہ ہنسنے لگا۔ "مجے کرو بھائی ——— آؤ ڈارلنگ۔"

ہم سب گائیڈ کے پیچھے پیچھے پہاڑی کی سیڑھیاں چڑھنے لگے۔

"یہ کیوز ایک انگریز نے دریافت کیے تھے۔" گائیڈ رام ناتھ کو بتا رہا تھا جو اپنی بیوی کو پیچھے ایرانی کے ساتھ چھوڑ کر اُس کے پاس چلا آیا تھا۔ "وہ یہیں کہیں شکار کے لیے آیا ہوا تھا۔ جب وہ اُس پہاڑی پر پہنچا۔" وہ رُک کر ایک پہاڑی کی چوٹی کی جانب اشارہ کرنے لگا۔ "تو اچانک ادھر دیکھ کر ٹھٹک گیا، اور پھر ———"

"کی ہوا ڈارلنگ؟" کیپٹن تیجا سنگھ کی بیوی اپنی تین چار سالہ لڑکی کو جھڑکنے کے لیے ٹھہر گئی تو اُس کا شوہر مُڑ کر اُس کے

پاس پڑا ہے۔ "بھئی بڑی بھڑکتی ہیں۔" (اسے بھڑکتی ہو۔) اُس نے اپنی بیوی کو بائیں بازو پر بٹھالیا۔ "تے اوتوں جاں کل ملا کے رکھیا ہ
ای۔" (مگر اسے جان سے لگا کے رکھا ہوا ہے) اُس نے اپنی بیوی کے پیٹ کی طرف دیکھ کر کیا اور دائیں ہاتھ کی انگلیوں سے بچے
اُوپر اٹھاتے ہوئے مسکرانے لگا۔

اُس کی بیوی نے پیٹ پر دوپٹہ ڈال لیا۔

"شرم نہیں آوندی؟" (شرم نہیں آتی؟)

ہم اُوپر چڑھ کر کیبن کے سامنے آ کھڑے ہوئے تو پروفیسر کا سالا مجھ سے پوچھنے لگا۔ "کیا ہم گھنٹہ بھر میں واپس چل پ
گے؟"

"ارے بھئی ابھی تو آئے ہو، جانے کی بھی سوچ لیں گے۔"

"نہیں، یہ بات نہیں۔" اُس نے کہا۔ "شام کو سات بجے اورنگ آباد پہنچ کر مجھے دُکان کھولنا ہے۔"

بوڑھا گائیڈ رام ناتھ کے ساتھ ایک غار کے دروازے پر کھڑا ہم سب کا انتظار کرنے لگا۔

"پروفیسر ابھی وہاں سے اُٹھا ہے۔" کیپٹن تیجا سنگھ پہاڑی کے نیچے باغ کی طرف دیکھنے لگا۔ "یا وہیں بیٹھا اپنی کتا
پڑھ رہا ہے؟"

"ہم آ گئے سر!" پروفیسر کی آواز سیڑھیوں سے سُنائی دی۔

کیپٹن تیجا سنگھ سیڑھیوں کی طرف سر جھکا کر ہنسنے لگا۔ "مجال ہے کبھی اپنی کتاب کو نجو سے پرے ہونے دے۔" پھر وہ
طرف دیکھنے لگا۔ "بھابی کو بیشان اپنے آگے ہی رکھتا ہے۔"

"ہمیں چلنے کیوں نہیں؟" کیپٹن تیجا سنگھ کی بیوی خفا ہونے لگی۔

"چلو ڈارلنگ ——— وہ اپنا مولوی ساب گائیڈ کو مر گیا۔"

"آئیے جناب، میں یہاں ہوں۔"

"ہاں چلو ڈا ——— لیکن شاید بوڑھے گائیڈ کی داڑھی دیکھ کر اُس نے اپنا لفظ بھی پورا نہ کیا۔ "یہ سارا کرشمہ
اچھی زبان کھجا دو مولوی ساب، ہماری میم ساب کو ان چیزوں کا بڑا شاؤک ہے۔"

ہم بڑے میاں کی رہبری میں غار کے اندر داخل ہو گئے۔

وہاں دیواروں پر، ستونوں پر، چھتوں پر ہر جگہ زندگی آباد تھی۔ یوں لگ رہا تھا کہ یہ صورتیں پتھروں کے باطن سے ا
آئی ہیں اور ہمارے دیکھتے دیکھتے اب اپنی جگہ سے نکل کر ہمارے ساتھ آ کھڑی ہوں گی۔

"مٹی کی مورتیں ہیں پر کتنی زندہ ہیں!"

"ہاں صاحب۔" بوڑھا گائیڈ ہمیں بتانے لگا۔ "ایک انگریز بہادر یہاں آئے تھے، ایک بات انھوں نے بڑے مزے
کہی تھی، ہمیں؟" بڑے میاں نے اپنے مخصوص حیدرآبادی لہجے میں پوچھا۔

"کوئی ہندوستانی سالا کبھی مزے کی بات نہیں بولتا کیا؟" رام ناتھ کو غصہ آنے لگا۔ "انگریزی حکومت کو پورے ستر برس ہو چکے ہیں لیکن اب بھی بات بات میں صرف انگریز کے بول ہی سننے میں آتے ہیں، پارلیمنٹ میں بھی۔" رام ناتھ پارلیمنٹ کا ممبر تھا۔ "اور پارلیمنٹ کے باہر بھی۔"

"ہم ہندوستانی چپ چاپ میں ہی ساری باتیں کر جاتے ہیں۔" پروفیسر نے اپنی بیوی کی طرف دیکھ کر مسکراتے ہوئے کہا۔

"اوئے پروفیسرا!" کیپٹن تیجا سنگھ ہنسنے لگا۔ "ہاں مولوی ساب ——— آپ اپنی بات شروع کرو۔"

"میں کہہ رہا تھا جناب، یہ کوئی دھوکا نہیں جو یہ مٹی کی مورتیں زندہ معلوم ہوتی ہیں، ہم بھی مٹی کی ہی مورتیں ہیں۔ ہماری زمین کی ساری زندگی مٹی سے ہی بنتی ہے، اس لیے وہ صاحب بہادر ——— رام ناتھ کی آنکھوں سے آنکھیں ٹکرا جانے پر ٹرامیاں ذرا اکھڑ سا گیا ——— اس لیے میرا ایمان ہے کہ ان سب مورتوں میں بھی جان ہے۔ ادھر آئیے ———" وہ ہمیں بائیں طرف غار کی دیوار کی جانب لے آیا جس کے پہلو میں ایک بستر سنگ پر کئی فٹ کی لمبائی میں مہاتما بدھ کا بت دائیں کروٹ دراز تھا۔ "یہاں آئیے، اب دیکھیے!"

یوں معلوم ہو رہا تھا کہ مہاتما بدھ ابھی مسکراتا ہوا خوابناک فکرمندی کی کیفیت سے باہر آ کر اپنی آنکھیں کھول لے گا۔

"اور اب یہاں آئیے، اس کونے میں!"

اور اب یوں لگ رہا تھا کہ مہاتما بدھ اپنے جسم میں نہیں ہے، اور چونکہ وہ ابھی ابھی اپنے جسم کے اندر ہی تھا، اس لیے کچھ ایسی کیفیت ہے گویا ابھی ابھی بتی گل ہوئی ہو، اندھیرا گویا روشنی کا سایہ بن کے نظر آ رہا ہو، صرف ایک لمحہ کے لیے، لیکن یہ لمحہ ابدی ہو گیا ہو!

یک وقت نہ ہونے اور ہونے کا یہ احساس، موت میں زندگی کی جھلک، سکون میں حرکت!

"واہ ——— ہ!" میرے منہ سے بے اختیار نکل گیا۔

ٹرامیاں میرے قریب سرک آیا۔ "کیوں جناب، مٹی میں جان ہے یا نہیں؟"

"ہاں۔" میں نے شدت سے محسوس کیا۔ "زندگی کی ساری داستان مٹی سے ہی عبارت ہے، یہیں زندگی کا سارا سرمایہ دفن ہے۔ مٹی ہی زندگی کی ماں ہے اور اسی کے بطن سے سارے پیکر برآمد ہوتے ہیں، ہمارے، جانوروں کے، کیڑے مکوڑوں کے، سب کے، مٹی سراپا زندگی ہے اور اپنے سکوت، بہرہ پن اور بے حرکتی کے باوجود بولتی، سنتی اور ہلتی ہے ———"

"سیدھی سادی بولی میں سمجھاؤ مولوی ساب۔" کیپٹن تیجا سنگھ بڑے میاں سے کہہ رہا تھا۔ "تو جھاکھی آئے۔ آپ بیدماں باد کی پارسی بولتے ہو تو ہماری کھوپڑی میں جھٹ لائل پور میں جا پہنچتی ہے۔ پر چلو، ٹھیک ہے، اب تو شاید لائل پور میں بھی جاٹ بھائی اپنی پھارسی جبان سے ہی روٹی شکر کھاتے ہوں گے۔"

"معاف کیجیے اب میں اپنی زبان کو سلیس کروں گا۔"

"سلیس؟ ——— تیجا سنگھ ہنسنے لگا۔ "سلیس کیا بلا ہوتی؟ ——— چل کوئی بات نہیں، آگے بول!"

"یہ دیکھیے" بڑے میاں نے آگے بڑھ کر ایک دیوار کی طرف اشارہ کیا ——— "یہ ڈیزائن ——— بمبئی کے بڑے بڑے سیٹھ لوگ یہیں سے ساڑھیوں کے ڈیزائن لے جاتے ہیں۔"

"ہاں، ویری گڈ، مولوی!" کیپٹن بولا۔ "یہ تو بات ہوئی نا۔ آؤ ڈارلنگ۔"

پروفیسر اپنی بیوی کو ایک عورت کی تصویر کی طرف لے گیا۔ "وہ جھکے دیکھو ششی۔ اچھے ہیں نا؟"

ششی نے مسکرا کر سر ہلا دیا۔

"تمھیں پسند ہیں نا؟"

ششی نے پھر مسکرا کر سر ہلا دیا۔

"تو کل رام لعل سنار کے پاس چلیں گے۔" پروفیسر نے اپنی بیوی کا ہاتھ تھام لیا۔ "خوب اچھی طرح ڈیزائن کو سٹڈی کر لو۔"

اُن کی طرف دیکھتے ہوئے مجھے پروفیسر کے سالے کا خیال آیا جو ایک طرف تنہا کھڑا نہ جانے کیا سوچ رہا تھا۔

میں اُس کے قریب چلا آیا۔

"کیا سوچ رہے ہیں سود صاحب؟"

"میں سوچ رہا ہوں کہ اپنے کلچر اور کلا کی آلوچنا ایک مسلمان کی بھاشا میں کیوں سنوں؟"

"اس میں کیا بُرائی ہے سود صاحب؟ میں نے تو گیتا بھی انگریزی میں ہی پڑھی ہے۔"

"شکر ہے آپ نے اسے عربی یا فارسی میں نہیں پڑھا۔"

"پھر بھی گیتا گیتا ہی رہتی سود صاحب۔" میں بحث میں اُلجھنے کے موڈ میں نہیں تھا لیکن چپ نہ رہ سکا۔ "کوئی بڑا خیال کسی خاص زبان کے کردار کا محتاج نہیں ہوتا، بلکہ بڑا خیال کسی بھی زبان کا محتاج نہیں ہوتا۔ یہ تصویریں دیکھیے، بن بولے بول رہی ہیں، جو ہندی سمجھتا ہے اُس سے ہندی میں اور جو پشتو سمجھتا ہے اُس سے پشتو میں۔"

"آئیے صاحبان، اب دوسرے غار میں چلیں۔" بڑے میاں نے ہمیں دُور سے مخاطب کیا اور ہم سب دروازے کی طرف بڑھ گئے اور باہر چند قدم چلنے کے بعد جب ہم دوسرے غار میں داخل ہو رہے تھے تو مجھے خیال آیا کہ متمدن انسان اپنے استحکام کے عروج میں چلتا چلتا انجانے غاروں کی جانب لوٹ آیا ہے، اور وہ خلا میں اپنا گھر نہ بنا پایا تو از سرِ نو پہاڑوں میں پناہ لینے کے لیے چلا۔ ہر ذرّے کا اصل مقام یہی خاک ہے، انہی دیو قامت چٹانوں میں مخلوق کی ہڈیاں رچی ہوئی ہیں اور ——— اس لیے اجنتا کے غار کی یہ زندہ صورتیں صرف یہیں ملی ہیں، گویا یہ شکلیں کسی نے بنائی نہیں، بلکہ ان کے منتشر اجزا فطرت کی رضا کے مطابق اپنے آپ میں اپنی جگہ پر جُڑ جُڑ کر سالم زندگی میں ڈھل گئے ہیں۔

"ان تصویروں کو بنانے والے کون تھے؟" رام ناتھ نے بڑے میاں سے پوچھا۔

"ان غاروں سے متعلق یہی ایک سوال ہے۔" بڑے میاں نے جواب دیا۔ "جو میری دانست سے باہر ہے۔" کیپٹن تیاگی سے آنکھ ملنے پر اُس نے اپنا مطلب بیان کیا۔ "یعنی جو مجھے معلوم نہیں۔"

اور یہ سوال اہم بھی نہیں، میں نے سوچا۔ ناسمجھ بچوں سے ماں باپ کا نام پوچھا جائے تو ٹھیک ہے لیکن جس شخص کے چہرے میں اپنی سمجھ بوجھ، اپنا کردار، اُس کی مخصوص شخصیت دکھائی دیتی ہو، اُس کی اپنی ذات ہی اُس کی اصل پہچان ہے، اجنتا کی یہ تصویریں اپنے بالغ شعور کا ظہور ہیں اور انھیں دیکھ کر ان کے خالق کا خیال نہیں آتا، بلکہ خود انہی کے خیال سے دل و دماغ معمور ہو جاتے ہیں۔

میری نظر ایک خوبصورت عورت کی تصویر پر جمی ہوئی تھی۔

"آپ یہاں سے نیم دائرے میں گھوم کر اُس سرے تک جائیے۔" بڑے میاں نے مجھ سے کہا۔ "اِس عورت کی نگاہ آپ کے ساتھ ساتھ وہاں تک گھومے گی۔"

لیکن اس میں تعجب کی کیا بات ہے؟ زندہ تصویر محض رسمی طور پر زندہ نہیں کہلاتی بلکہ وہ واقعی زندہ ہوتی ہے، خود آپ اپنا آپ ہوتی ہے۔ اُس کا خالق اُسے بناتا نہیں، وہ خود بخود اُس کے ذہن میں بنتی ہے اور پھر ہو بہو اُسی شکل میں وہاں سے باہر آجاتی ہے، اُسے یہ قطعی گوارا نہیں کہ اُس کے کسی نقش میں مبہم سی تبدیلی بھی واقع ہو، اُس کی اپنی فطرت سے اُس کا چہرہ رُونما ہوتا ہے اور وہ اپنے اس چہرے کی تمام تر جزئیات سے اپنی فطرت کا ہی تاثر پیش کرتی ہے۔ اگر اُس کا خالق اپنی مرضی سے ان جزئیات کو بدلنا چاہے تو وہ معرضِ وجود میں آنے سے پہلے ہی دم توڑ دیتی ہے

"یہ دیکھیے دو پیار کرنے والے!" بڑے میاں نے کیپٹن تجا سنگھ سے کہا۔

"آؤ ڈارلنگ!"

یہ دو جانیں نظروں ہی نظروں میں اس لیے ایک دُوسرے میں سمائی ہوئی ہیں کہ یہ کہیں سے اپنے آپ اپنے خالق کے ذہن میں آوارد ہوئیں۔ انھیں اپنے خالق کی موجودگی کا قطعاً احساس نہیں، ورنہ یہ دونوں ہڑبڑا کر سنبھل کر ایک دُوسرے سے پرے جا کھڑی ہوتیں اور اپنے خالق کی طرف دیکھنے لگتیں، لیکن انھیں اُس کی خبر بھی نہیں، ان کے لیے اُس کا وجود ہے ہی نہیں، زندہ تصویر کا کوئی خالق نہیں ہوتا، وہ اپنے ہی جراثیم سے پیدا ہوتی ہے اور اُس کی رگوں میں اپنا خون دوڑتا ہے۔

میں نے تصویر سے آنکھ ہٹا کر یونہی اپنے آس پاس دیکھا۔

"ایرانی بھائی۔" رام ناتھ ایرانی سے کہہ رہا تھا جو اُس کی بیوی کی طرف دزدیدہ گرسنگی سے دیکھ رہا تھا گویا وہ سیخ سے چمٹا ہوا گرم گوشت ہو اور ایرانی کی نظریں کہہ رہی ہوں کہ بھابی، بس گوشت تمھارا ہی لذیذ ہے، باقی سب جھوٹ! کھاؤ اور کھاتے ہی چلے جاؤ ـــــــ "ایرانی بھائی ایک بات کہوں؟" رام ناتھ ایرانی کا ہاتھ تھام کر فاصلے کی ایک جانب سرکنے لگا۔

"ایک نہیں، سو کہو شری رام ناتھ جی، لیکن بھابی کا گوشت ایک بار پھر کھلوائیے!"

"ایک بار نہیں، سو بار میرے یار!" رام ناتھ کی آواز دھیمی ہو گئی۔ "یہ بات سنو میری۔ الیکشن قریب آرہا ہے، وہ بستی کے مسلمان بھائیوں کے ووٹ ہیں نا ـــــــ"

"گھبرائیے نہیں رام ناتھ جی۔" اُس سے بات کرتے ہوئے ایرانی نے پھر رام ناتھ کی پتنی کی جانب دیکھا۔ "لیکن ایک دفعہ ـــــــ"

"ادھر آئیے صاحبان" [illegible] نے مجھے کر پکارا۔ "آپ کو ایک شاہکار دکھاؤں۔"

پروفیسر اپنی بیوی کو ایک [illegible] دکھا رہا تھا۔

"یہ مجھے اُن سے بھی بہتر ہیں [illegible]!"

"آؤ ڈارلنگ" مولوی صاحب کا شاہکار بھی دیکھ لو۔" کیپٹن تیجا سنگھ بڑے میاں کے ساتھ چلنے لگا۔ "مولوی صاحب، شاہکار کیا ہے؟ ——— ڈبل مارچ کرو ڈارلنگ۔ تم تو اس طرح چل رہی ہو جیسے ....."

کیپٹن ہنسنے لگا۔

اور بڑے میاں کو یا کیپٹن کا کہا ہوا سن کر اسے اپنی غلطی سمجھ کے بغلی سا نظر آنے لگا۔

"بڑے میاں کو کم از کم پانچ روپے دیں گے۔" میری پشت پر رام ناتھ نے ایرانی سے مشورہ کیا۔

"نہیں، دس تو دیجیے۔" ایرانی نے رائے دی۔

"دس؟" سُو دنے غالباً اُن کی پشت سے آگے بڑھ کر اعتراض کیا۔ "کس بات کے؟ میں تو اپنے حصے کی ایک پائی بھی ادا نہیں کروں گا۔"

"چلو مولوی صاحب جلدی جلدی اپنا شاہکار دکھاؤ۔" میرے آگے کیپٹن تیجا سنگھ بڑے میاں سے کہہ رہا تھا۔ "ٹائم ہو رہا ہے۔"

"ٹائم تو ہوتا رہے گا صاحب۔" بڑے میاں نے جواب دیا۔ "مگر ایسی لاجواب چیز دکھا رہا ہوں کہ آپ ہمیشہ یاد رکھیں گے۔"

"لاں جواب!" تیجا سنگھ ہنسنے لگا۔ "مولوی مولوی صاحب" آپ اُردو پھاری بڑی سونی بولتے ہو ——— ڈارلنگ سنا لاں جواب! ——— "پھر اچانک اُسے پروفیسر کا خیال آگیا۔ "او نے پروفیسر! آ بھائی" تم بھی لاں جواب کو دیکھو۔"

"ٹھہریئے!" بڑے میاں کہنے لگا۔ "ادھر بائیں طرف آجائیے!"

ہم سب اُس کے پیچھے پیچھے چل کر ایک جگہ ٹھہر گئے۔

"اب سامنے دیکھیے!"

ہماری نظریں دوڑ کر سامنے دروازے کے اندر جا گھسیں اور پتھر کے چمتکار سے پتھرا سی گئیں۔

اب کے پھر ہم مہاتما بدھ کے ایک دیو قامت بُت کے سامنے کھڑے تھے۔

مہاتما بدھ اپنی آنکھیں کھولے سمادھی میں بیٹھا تھا، پتھر میں زندگی متحرک تھی۔ اب مہاتما ہماری طرف دیکھ کر مسکرا رہا تھا، اب فکرمند نظر آنے لگا تھا، اور اب جیسے اُس کی آنکھوں سے نرم نرم روشنی پھوٹ کر ہماری طرف آرہی ہو۔ ہم تک اس روشنی کی ایک لکیر سی پہنچ گئی ہو، اور اب جیسے مہاتما ہماری طرف بڑھنے کے لیے اپنی جگہ سے اُٹھنے کا ارادہ کر رہا ہو! ——— ہم کھڑے کے کھڑے رہ گئے۔ جیسے ہماری کوئی شخصیت نہ ہو، ہم پتھر کے بنتے ہوں اور وہ صحیح زندہ انسان ہو، جیسے ہم نہیں دیکھ رہے، بلکہ وہ ہمیں دیکھ رہا ہے!

یدِ بیضا

کوثر چاندپوری

بوڑھا خان کچریل کی چھت والے کچے اور نمناک مکان میں پڑا کھانس رہا تھا۔ اس کو قوت تحلیل ہوتی محسوس ہو رہی تھی اور
اس کا جسم کھانسی کے شدید جھٹکوں سے زیر و زبر ہو رہا تھا۔ پچھلے چار مہینے سے وہ پلنگ پر پڑا اسی طرح کھانس رہا تھا۔ اس کے جاہ و
جلال کا سورج جو بیس بائیس سال سے بارہ بارہ کوس تک چمکتا تھا اب گہنانے لگا تھا۔ پہلے جو لوگ آتے جاتے خالی چوپال کو
جھک کر سلام کر دیا کرتے تھے، اب چھاتی تانے پٹھان بابا کے گھر کے سامنے سے گزر جاتے ہیں اور صرف کنکھیوں سے اُدھر
دیکھ لینے پر ہی اکتفا کرتے ہیں۔ پٹھان بابا تین بیٹوں اور کئی لڑکیوں کا باپ تھا لیکن یہ ساری اولاد دوغلی تھی۔ آدھی ہندوستانی
اور آدھی وزیری۔ پٹھان بابا مردان کی طرف سے ہندوستان آیا تھا اور یہاں آکر اس نے ایک چمارن گھر میں ڈال لی تھی۔ اسی کے
بطن سے یہ اولاد پیدا ہوئی تھی۔ پٹھان بابا کبھی کبھی اپنے بڑے بیٹے حمزہ خان کی کسی غلطی پر خفا ہو کر کہہ دیا کرتا تھا۔

"لالہ تیری تو وہی مثل ہے کہ ماں ٹینی باپ کلنگ، پٹھانی کی کوکھ سے جنم لیا تو شیر کا بچہ شیر کہلاتا۔"

مگر حمزہ خان کی ماں پٹھانی ہی کہلاتی تھی اور بہت بڑے گھیر کی شلوار پہنتی تھی وہ پشتو نہیں بول سکتی تھی لیکن پٹھانوں کے لہجہ
میں باتیں کرنے لگی تھی، اور دانت صاف کرنے کے لیے اخروٹ کی چھال چبایا کرتی تھی۔ پٹھان بابا کے تینوں بیٹے جوان ہو چکے تھے
اور کاروبار میں اپنے باپ کا ہاتھ بٹانے لگے تھے۔ لیکن ان کا وہ رعب داب نہ تھا جو خان بابا نے قائم کر لیا تھا۔ گاؤں کے جو کسان
پٹھان بابا کے قرض دار تھے وہ اس کی بیماری سے بہت مطمئن تھے۔ غازی کھیڑے میں بھی ایک قسم کا سکون تھا۔ مہینوں سے پٹھان بابا
کی گالیوں کی گونج نہ سنی گئی تھی اور ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ اب کبھی نہ سنی جائے گی۔ وہ کتوں، بلیوں، مرغیوں اور بیلوں کو بھی گالیاں
دیا کرتا تھا اور یہ گالیاں بالکل وہی ہوتی تھیں جو آدمیوں کو دی جاتی تھیں۔ وہ آدمیوں اور جانوروں میں کوئی فرق نہ کرتا تھا۔ دیہات
میں اس کی یہ پالیسی بہت کامیاب تھی۔ جانور اس سے ڈرتے ہوں یا نہ ڈرتے ہوں انسان بلا مبالغہ کانپتے تھے۔ اور جس کی خود اپنی
نظر میں عزت تھی وہ بہت زیادہ مرعوب رہتا تھا۔ کسانوں کے نزدیک غازی خاں کسی طرح شیر سے کم نہ تھا جو مرتے مرتے بھی ایک
آدھ گائے یا بکری اٹھا بھاگتا ہے۔ سب ہی کو یقین تھا کہ وہ بچنے والا نہیں ہے پھر بھی دور اندیش قسم کے لوگ احتیاط کرتے تھے جس
طرح مردہ شیر کی موت کا اطمینان کرنے کی غرض سے دور ہی سے پتھر پھینکے جایا کرتے ہیں اسی طرح وہ غازی خاں کو موت کے منہ میں
دیکھ کر بھی ایک دم سے اپنا رویہ نہیں بدل رہے تھے اور شام کو کھیتوں سے لوٹتے وقت اسے پوچھ لیا کرتے تھے اور پٹھان بابا
پلنگ سے اٹھتا نہیں تھا۔ پوچھنے والے چوپال میں بیٹھ جایا کرتے تھے اور اس کے نوکر عجب خاں کو بلا کر طرح طرح کے سوالات
کرنے لگتے تھے، ان میں سے ہر سوال کی وہ حیثیت ہوتی تھی جو مردہ شیر کی جانب پھینکے جانے والے پتھر کی ہوا کرتی ہے۔

"کیسا ہے پٹھان بابا؟"

"کوئی ڈاکٹر یا حکیم آیا تھا؟"

"کیسا بخار ہے کہ نبض سے نبض ہی نہیں ہوتا۔ ایسا لگتا ہے کہ ہڈیوں سے چپک کر رہ گیا۔"

"پٹھان بابا کو بڑے ہسپتال میں داخل کر دینا چاہیئے۔"

اسندی کسان بالکل اس انداز سے کہتا جیسے کسی ناواقف شکاری کو مشورہ دے رہا ہو کہ اپنے مارے ہوئے شیر کی کھال گاؤں کے چماروں سے نہ اُدھڑوائے بلکہ شہر لے جا کر کھالیں پکانے والے کارخانہ میں ڈال دے۔

عجب خان ولایتی بہت گورا چٹا نوجوان تھا اور اُس کے رُخسار قندھاری انار کے چھلکوں کی مانند لال گوں تھے، اُن کے گرد کالی داڑھی کی سیاہ گوٹ بہت ہی دلکش نظر آیا کرتی تھی، ایسا لگتا تھا جیسے افریقہ اور کسی کیمونسٹ ملک کی سرحدیں آپس میں مل گئی ہیں۔ عجب خان دیکھنے میں پٹھان بابا کے لڑکوں سے زیادہ حسین تھا وہ سب نوکر اور یہ اُن کا آقا معلوم ہوتا تھا وہ کسانوں کے پاس بیٹھ کر بڑے اطمینان سے کہتا۔

"پٹھان بابا کے تھوک میں خون آنے لگا ہے۔"

"خون؟" ـــــــ زانو داس وزن کش تیوری چڑھا کر تعجب سے کہتا جیسے ساتھیوں سے کہہ رہا ہو شیر زخمی ہو گیا اُس کے گولی لگ گئی۔

عجب خان چوپال میں بیٹھے کسانوں کی آنکھوں میں جھانک کر ان کے اندرونی جذبات کا اندازہ کرتا اور دلوں میں پٹھان کی طرف سے خوف اور نفرت کا میل دیکھ کر اس کا جی چاہتا کہ ان کے سامنے اپنے اندرونی درد کا بھی اظہار کرے مگر اس کے ہونٹ سل جاتے اور وہ آپ ہی آپ سہم جاتا جیسے سوات بنیر یا مردان اور دیر کی کسی پہاڑی ڈھلوان پر بندوق چل گئی ہو، اس علاقے میں رائفل کی آواز بڑی بھیانک محسوس ہوا کرتی تھی۔ عجب خان چپ چاپ زمین پر اپنی ہتیلی رگڑتا رہتا جیسے بہت زور کی کھجلی ہو رہی ہو لیکن یہ کھجلی روپیہ ملنے کی علامت نہ تھی کسی اور ہی بات کا نشان تھی، کیونکہ روپیہ تو اب اُسے ملتا ہی نہ تھا۔ کبھی کبھی عجب خان کے گالوں کا رنگ پیلا پڑ جاتا گلاب کے شاداب پھول گیندے کے پھولوں میں تبدیل ہو جاتے اور اُس کے ہونٹ کانپنے لگتے جیسے الفاظ کا طوفان ان سے ٹکرا رہا ہو لیکن وہ منہ سے کچھ نہ کہتا اسے گھائل شیر کی طرف پتھر پھینکنے کی ہمت بھی نہ ہوتی۔ عجب خان پٹھان بابا ہی کے دیس کا رہنے والا تھا اور دونوں میں دُور کی رشتہ داری بھی تھی، وہ غازی کھیڑے میں اپنی خوشی سے نہ آیا تھا بلکہ پٹھان بابا زبردستی اپنے ساتھ لے آیا تھا۔ عجب خان مردان پھر ڈگر اپنے چچا کے پاس چارسدہ چلا گیا تھا جب وہ کسی مسودی کی گولی کا شکار ہو گیا تو عجب خان پشاور جا جا ہندوستان آ گیا اور دیہات میں گھوم پھر کر بھیک اور تخم حیات بیچنے لگا ایک دن اچانک پٹھان بابا اُسے مل گیا، دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھا، ذہن میں پرانی روایات اُبھریں، وہ دیر تک سوچا کیے کہ ایک دوسرے سے کتنے آدمیوں کے خون کا انتقام لینا ہے، ان کے خاندانوں میں صدیوں سے دشمنی چلی آ رہی تھی جس نے رشتہ داری کی بیلوں کو انتقام کی سرخی سے ڈھک دیا تھا۔ عجب خان بدلہ لینے کی پوزیشن میں نہیں تھا، آزاد قبائل کے کسی ورثے میں بھی مڈبھیڑ ہوتی ہوتی تو وہ کمر آ کر نکل جانے کی کوشش کرتا لیکن پٹھان بابا کے خون میں ابھی انتقام کی

گرمی باقی تھی، وہ اکثر برسات کی کالی راتوں میں پٹھانوں کی لڑائیوں کے واقعات دُہرایا کرتا تھا اور اپنے دادا جبال خاں کی موت کا حال بیان کرتے وقت اس کی آنکھوں سے چنگاریاں نکلنے لگتی تھیں، وہ آج بھی مہمندیوں کو موت کے گھاٹ اُتار دینے کا آرزومند تھا۔

عجب خاں کو معلوم تھا کہ غازی خاں، پلنگ خاں کا اکلوتا بیٹا اپنا دیس چھوڑ کر بہت مالدار ہو گیا ہے، لیکن وہ اس سے دُور ہی رہنا چاہتا تھا، غازی کھیڑے میں آکر عجب خاں کی آنکھیں کھل گئیں، پٹھان بابا کے قبضہ میں ہزاروں بیگھہ زمین تھی جس میں مناسوں غلہ پیدا ہوتا تھا وہ سُود پر روپیہ بھی چلاتا تھا اور کسانوں کو اناج بھی تقسیم کرتا تھا جو فصل پر دوگنا ہو کر لوٹ آتا تھا، پورے علاقہ پر اس کا اثر تھا، تحصیل اور تھانہ کے اہل کار اور افسران اُسی کے یہاں بسیرا کرتے تھے۔ وہ بکروں اور مُرغوں سے اُن کی تواضع کیا کرتا تھا، عجب خاں نے بہت چاہا کہ یہاں سے چلا جائے اور اپنے اسی دھندے کو چلاتا رہے مگر پٹھان بابا نے اُسے یہیں رہنے پر مجبور کر دیا، اُس نے عجب خاں کو سمجھاتے ہوئے کہا۔

عجب خان، ڈرنے کی کوئی وجہ نہیں، دشمنی تمھارے باپ دادا سے تھی، وہ مل جاتے تو ضرور بدلہ لیتا تم میرے مقابلے کے نہیں ہو، اگر چاہتا تو قسم پروردگار کی جہاں ملتے وہیں میدان میں کھڑا کر کے گولی سے اُڑا دیتا اور پٹھان بابا کی طرف کوئی آنکھ اُٹھا کر بھی نہ دیکھتا، لیکن میں شیروں پر رائفل چلاتا ہوں گیدڑوں پر نہیں۔

عجب خاں بظاہر مطمئن ہو گیا مگر وہ پٹھانوں کے جذبۂ انتقام سے واقف تھا، بہرحال وہ غازی کھیڑے میں رہ پڑا اور کھیتی کرنے کا ارادہ کیا۔ ایک رقبہ کے لیے تحصیل میں درخواست بھی دی، مگر خان بابا نے اسے منظور نہ ہونے دیا۔ وہ چاہتا تھا کہ عجب خاں . . . . . اس کا محتاج ہو کر رہے، جس طرح اور بہت سے نوکر ہیں وہ بھی اسی حیثیت سے رہے۔

پٹھان بابا نے تینوں لڑکوں سے کہہ دیا تھا کہ عجب خاں کو میں نے صرف اس لیے نوکر رکھ لیا ہے کہ زیرِ نشستی ہی میں بند رہے، اور خطرہ ہر وقت پیشِ نظر رہے تاکہ میں اس کی طرف سے چوکنا رہوں تم لوگ بھی اس سے ہوشیار رہنا۔ سانپ کا بچہ سانپ ہی ہوتا ہے وہ مہمندی ہے اور ہماری اُس سے پشتینی لاگ ڈانٹ ہے لیکن اس کے بیٹوں نے جو خود پٹھان بابا کی نظر میں بدنسل تھے ان باتوں کو بالکل اہمیت نہ دی، ایک کان سے سُن کر دُوسرے کان سے اُڑا دیا۔ وہ امن و امان کی فضا میں پلا ہوا پیٹ سے پیدا ہوئے تھے، وہ ہل چلانا جانتے تھے مگر بارود سے کوئی دلچسپی نہ رکھتے تھے، پٹھان بابا اپنی جگہ ہر طرح سے ہوشیار تھا، وہ ایک منٹ کے لیے بھی غافل نہ تھا، اور عجب خاں کی نقل و حرکت پر کڑی نگرانی رکھتا تھا، اس کی بیٹیاں عجب خاں سے بہت گھبرا پردہ کرتی تھیں، پھر بھی عجب خاں جانتا تھا کہ بڑی لڑکی مہرالنساء کی ایک آنکھ چیچک میں بیکار ہو چکی ہے، اس کے منہ پر گہرے گہرے نشان ہیں اور منجھلی فیروزہ زرّیں بہت حسین ہے وہی اس غازی کھیڑے کی رونق اور آبِ تاب ہے اور سب سے چھوٹی زرنگار یوں تو غنیمت ہے، مگر توتلی ہے۔

فیروزہ زرّیں سے اس کی صرف ایک مرتبہ مُلاقات ہوئی تھی، وہ اپنے کچھ اڑے میں ٹماٹر توڑنے آئی تھی، واپسی میں ایک بہت بڑا سانپ مل گیا تھا، وہ سہم کر وہیں کھڑی ہو گئی تھی، سامنے سے عجب خاں آگیا تھا اور فیروزہ زرّیں نے چیخ کر کہا تھا!

پٹھان سانپ ہے!

عجب خان نے پہلے غصے سے فیروزہ زرتین کی طرف دیکھا تھا پھر کہا تھا۔

میں جانتا ہوں میرے اور تمہارے بیچ میں بہت زہریلا سانپ ہے۔

اور پھر اُس نے سانپ کا سر کچل دیا تھا۔

عجب خان کو آئے ایک سال ہی گزرا تھا کہ پٹھان بابا بیمار پڑ گیا شروع میں معمولی جاڑا بخار آیا پھر کھانسی رہنے لگی دھیرے دھیرے بخار جم گیا اور کھانسی نے جڑ پکڑ لی۔ پٹھان بابا کی عمر پچاس سے اُوپر ہو چکی تھی۔ وہ بہت تجربہ کار اور جہاندیدہ تھا۔ اپنی بیماری کے انجام سے واقف تھا۔ ڈاکٹروں نے صاف کہہ دیا تھا کہ اُسے ٹی۔ بی ہو گئی ہے اور یہ بڑی خطرناک بیماری ہے، سانس اور تھوک سے اُس کی چھوت تندرست آدمیوں کو لگ جاتی ہے۔ پٹھان بابا بڑے دل گردے کا آدمی تھا وہ بالکل بدحواس نہ ہوا، نہ ڈرا، اندر ہی اندر اس نے گھریلو انتظامات کرنے شروع کر دیے، زمین تقسیم کر کے وصیت نامہ لکھا اور لڑکیوں کی شادی کے متعلق سوچنے لگا، ایک دن اُس نے عجب خان کو بلا کر کہا۔

عجب خان تم اب جا سکتے ہو میں تمہیں نوکری سے الگ کرتا ہوں۔

جی بابا! ——— اُس نے سر جھکا کر جواب دیا اور باہر چلا گیا اور سوچنے لگا کہاں جائے، شکاری پرندے کا ڈر کہتا ہے کہ اب اُڑ جا، اور پرندے کی یہ کیفیت ہے کہ وہ پنجرے سے نکلنا ہی نہیں چاہتا۔ اسی دن پٹھان بابا نے آئینہ میں اپنا منہ دیکھا اُس کے گال ترچھا گئے تھے وہ سُرخی غائب ہو گئی تھی جو اس عمر میں بھی چمکتی رہتی تھی اُسی وقت اسے عجب خان کے رخساروں کی سیب کی سی سُرخی یاد آئی۔ وہ جھنجھلا اور دیوار سے ٹکی رائفل کو زمین پر ڈال دیا جیسے وہ ناکارہ ہو گئی ہو، پھر وہیں پڑے پڑے اس نے عجب خان کو آواز دی،

عجب خان! ——— او عجب خان!!

جی بابا!

اب تمہیں کہیں جانے کی ضرورت نہیں دن رات ہمارے پاس رہا کرو۔

جی بابا ——— عجب خان نے پٹھان بابا کی پیٹھ کے نیچے رکھے ہوئے مٹی کے پیالہ پر مکھیاں بھنبھناتے دیکھ کر مری سی آواز میں کہا جیسے یہ حکم آزادی کے حکم سے بھی زیادہ تکلیف دہ ہو۔

اور اس کے بعد وہ پٹھان بابا کے پاس ہی رہنے لگا وہیں سے کھانا کھاتا اور ضرورت پڑتی تو پاؤں بھی دباتا پٹھان بابا پہلے ہی بہت خفت اور تلخ بیماری میں اور چڑچڑا ہو گیا تھا۔ ذرا سی بات پر بگڑ جاتا اور عجب خان کو مار دیتا۔ گالیاں تو ہر وقت ہی بکتا رہتا عجب خان کا جی چاہتا کہ پٹھان بابا کی چھاتی تاک کر رائفل چھوڑ دے یا کوئی بڑا سا پتھر اس کے سر پر دے مارے تاکہ کھوپڑی ریزہ ریزہ ہو جائے اور وہ ہانڈی ہی پھوٹ جائے جس میں اب بھی انتقام کی کھچڑی پکتی رہتی ہے مگر وہ نہ جانے کیا سوچ کر چپ ہو جاتا۔ ایک دن فیروزہ زرتین گلاس میں دودھ لے کر آئی۔ پٹھان بابا نے دو تین گھونٹ پی کر گلاس عجب خان کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا:

لے تو پی لے عجب خان مجھے تو اچھا نہیں لگتا۔

عجب خاں بہت سٹپٹایا۔ اُس نے گلاس ہاتھ میں لیا اور ابھی ہونٹوں ہی سے لگایا تھا کہ اچانک اُس کی نگاہ پردے کی جانب اُٹھ گئی، وہاں فیروزہ زریں کھڑی تھی اور زور سے اُنگلی ہلا کر دُودھ پینے کو منع کر رہی تھی، عجب خاں جلدی سے بولا۔

"ابھی جی نہیں چاہتا پھر پی لوں گا۔"

"خنزیر! ـــــــ سُور کا پوتا!! وہ بگڑ کر بولا۔ پرہیز کرتا ہے، ابھی پیا ہوگا میرے سامنے!"

عجب خاں ڈر گیا اور پُورا گلاس ایک ہی سانس میں چڑھا گیا، فیروزہ زریں گول گول سہمی ہوئی آنکھوں سے دیکھتی رہی، جیسے اس روز کی طرح دونوں کے بیچ میں سانپ آگیا ہو،

"عجب خان!" ـــــــ پٹھان بابا بولا۔ تیرا باپ سکندر خاں میہندی ایک غمزے میں سینہ کھول کر ایک وزیری کی رائفل کے سامنے کھڑا ہو گیا تھا۔ گولی اس کے کان کے پاس سے سنسناتی نکل گئی تھی مگر اس نے سر تک ہلایا تھا اور تو میرا جھوٹا دُودھ پینے ہی سے ڈر گیا ـــــــ بیجڑا کہیں کا، میرا بیٹا پہاڑ خاں وہ غلامے، مگر زمین پر کھڑا ہو کر شیر مارتا ہے۔"

پٹھان بابا کا پہاڑ ایسا ڈیل ڈول تیزی سے گھٹتا رہا، وہ دن رات میں سیروں بنگ اُگل دیتا جس میں چھٹانک دو چھٹانک کچا لہو بھی ہوتا۔ عجب خاں محض اس امید پر اس کے مظالم سہہ رہا تھا کہ آخر وہ کب تک زندہ رہے گا۔ کسی دن اسی طرح ایڑیاں رگڑتے رگڑتے دم توڑ دے گا۔

پٹھان بابا کبھی کبھی موڈ میں ہوتا تو اسے اپنی پٹی کے قریب بیٹھنے کو کہتا۔

"میہندی شیر میرے پاس آجا ـــــــ دیکھ تیرا دادا رضا خاں میہندی بڑا بہادر تھا، وہ اکیلا رائفل کندھے پر رکھ کر پہاڑوں میں گھومتا اور جب کوئی ہوائی جہاز آسمان میں اُڑتا نظر آتا تو رضا خاں تاک کر ایسی گولی چلاتا کہ جہاز ہوا میں ڈولنے لگتا، میرے دادا نے کئی بار اس کا مقابلہ کیا ہے، رضا خاں جتنا بہادر تھا اتنا ہی مکار بھی تھا۔ وہ چیتے کی طرح دشمن پر گھات لگاتا تھا۔ ایک چٹان کی آڑ میں چھپ کر اس نے ہمارے دادا جمال خاں کے گولی مار دی تھی اور وہ گولی کھا کر بھی پچاس گز تک چھرّے کر دوڑتا تھا۔" اور جب پٹھان بابا اُس کے دادا رضا خاں کو مکار کہتا تو عجب خاں کا جی چاہتا کہ اس کا گلا دبا دے، وہ بار بار مٹھی کھولتا اور بند کرتا، مگر اسی وقت فیروزہ زریں کی زُلفوں کے وہ بال یاد آجاتے جو اکثر اس کے ماتھے پر لہرایا کرتے تھے اور پھر اس کی وہ گول گول آنکھیں یاد آجاتیں جن کی نیلی پتلیوں پر بادل سے چھائے رہتے، جیسے آسمان میں ابر کے گالے اُڑ رہے ہوں۔ عجب خاں کی اُنگلیاں نرم پڑ جاتیں، اور اسے پٹھان بابا پر ترس آنے لگتا۔ پٹھان بابا کے تینوں لڑکے جوان تھے، حمزہ خاں تو خیر معمولی تھا، دلتوش کا انسان تھا مگر پہاڑ خاں اور اکبر خاں اسے بھینسے کی مانند موٹے تازے اور خطرناک تھے لیکن وہ ان میں سے کسی سے نہیں ڈرتا تھا۔ ڈرتا تھا صرف فیروزہ زریں کی آوارہ زُلفوں کے بکھرے اور باغی بالوں اور گول گول آنکھوں میں چمکتی ہوئی پتلیوں سے جن میں کشمیری بنفشے کے پھولوں سے زیادہ تازگی اور نیند ہوتی تھی۔ پٹھان بابا کو باتیں کرتے کرتے کھانسی اُٹھتی اور وہ کروٹ بدل کر پیالہ میں بھری راکھ پر تھوکنے کی جگہ عجب خاں کو حکم دیتا۔

"عجب خاں ہاتھ پھیلاؤ!"

عجب خاں ہاتھ پھیلا دیتا اور پٹھان بابا اس کی ہتھیلی پر تھوک دیتا پھر اس کے چہرے پر نفرت کی لکیریں تلاش کرنے لگتا، اور

گرج کر کہتا۔

"نمک حرام!"

"سود کا بیٹا!"

جب خان بُرے [illegible] کھانے لگتا اُس کی رگوں میں خون کھول جاتا، لیکن فیروزہ زرتیں کا ٹھنڈا خیال اس کے گرم [illegible] میں برف کی ٹھنڈک بن کر دوڑ جاتا، وہ بڑی مصیبت میں پھنس گیا تھا نہ تو پٹھان بابا کو اس کی بیہودگی کا مزہ چکھا سکتا تھا اور نہ غازی کھیڑے کی بہاروں اور وہاں کے ٹاٹروں کی سُرخیوں سے مُنہ موڑ کر بھاگ سکتا تھا اب تو اسے اس گاؤں کی سرزمین سے ایک طرح کا پیار ہو گیا تھا، جس کو بُزدلی بلکہ نامردی سے تعبیر کیا کرتا تھا، حالانکہ پیار اور بُزدلی میں بڑا فرق ہے، زمین اور آسمان کا فرق، وہ انھیں فاصلوں میں بھٹک جاتا، اس کی ہتیلی بُری طرح کُھجاتی رہتی کبھی اس میں شدت کی جلن ہونے لگتی۔ وہ سوچتا یہ جلن وہ تو نہیں جو موسیٰ کی ہتیلی میں اُس وقت ہوئی تھی جب اُس نے انگارا ہاتھ میں اُٹھالیا تھا، جنت بزدلی نہ ہو مگر جلن ضرور ہے ——— اسے ایک جلن اور ایک زخم سے ضرور دوچار ہونا پڑتا ہے، وہ دیر تک سوچ کے سمندر میں غوطے کھاتا رہتا!

پٹھان بابا کھپریل کی چھت کے نمناک کمرے میں پڑا کُھلتا رہا۔ بخار اس کی ہڈیوں سے چمٹ گیا تھا اور اس کی گرمی اس طرح دھیرے دھیرے اُنھیں جلا رہی تھی جیسے بھُس میں پڑی چنگاری سُلگا کرتی ہے۔ پٹھان بابا کو یقین ہو گیا تھا کہ وہ موت کے بالکل قریب پہنچ گیا ہے۔ مرتے وقت اسے اطمینان تھا کہ اس کا خاندانی دُشمن جب خان بھی جلد ہی اس کے نقشِ قدم پہ چلے گا، اُس نے جب خان سے ٹھنڈا انتقام لیا ہے، وہ دق کی چھوت سے بچ نہیں سکتا، اچھی زمین پر جو دانہ بویا جاتا ہے وہ اُگتا ضرور ہے۔

ایک دن اُس نے تینوں لڑکوں اور لڑکیوں کو کمرے میں بلا کر مدھم آواز میں حمزہ خان کو مخاطب کر کے کہا۔

لالہ! ——— یہ مت سمجھنا کہ میں گھر میں سانپ چھوڑے جا رہا ہوں، میں نے اس طرح اس کا سر کچلا ہے کہ لاٹھی تو کیا ٹوٹتی آواز تک نہیں ہوئی، جب خان کے گاؤں کی سُرخی کم ہونے لگی ہے، وہ دُبلا بھی ہو گیا ہے، میں نے اسے رائفل کی گولی سے نہیں مارا اپنا جھوٹا دودھ پلایا ہے اور بیسیوں مرتبہ اس کی ہتیلی پر تھوکا ہے۔

اس روز سب لوگ پٹھان بابا کے پاس ہی بیٹھے رہے، جب خان کو وہاں آنے کی اجازت نہیں تھی، رات تک پٹھان بابا کی حالت بہت نازک ہو گئی۔ سب لوگ رات بھر جاگتے رہے، باہر جب خان بھی جاگتا رہا، رات بہت تاریک اور بھیانک تھی غازی کھیڑ، گہری تاریکی میں لپٹا ہوا تھا اور آسمان پر چنگاریاں سی بکھری ہوئی تھیں، رفتہ رفتہ وہ بھی کجلانے لگیں، اندر سے خراٹوں کی آواز آنے لگی، دفعتہً جب خان چونک گیا، پلنگ کے قریب فیروزہ زرتیں کھڑی تھی وہ آہستہ سے بولی۔

"جب خان ہاتھ پھیلاؤ!"

اور جب اُس نے ہاتھ پھیلایا تو فیروزہ زرتیں نے اپنے ہونٹ اس کی ہتیلی پر جما دیے، جب خان کو ایسا لگا جیسے ابھی ابھی رضا خان نے گولی چلا دی ہے اور وہ جبال خان کی چھاتی کے پار ہو گئی ہے۔ اس نے مٹھی خوب زور سے بھینچ لی اسے ڈر تھا کہ مٹھی کھل گئی تو ہر طرف چاندنی پھیل جائے گی۔

———

راکھ

غلام الثقلین نقوی

ایک سیدھا سادا حادثہ تھا!

تیزاب کی بوتل اور زکام کی دوا الماری کے ایک ہی دراز میں پڑی تھیں۔ متوفیہ نے دوا کی بجائے تیزاب پی لیا اور نتیجے کے طور پر موت ہوگئی۔ ڈاکٹر نے اس کی تصدیق کردی تھی۔ جنازے میں محلے کے سبھی لوگ شریک تھے۔ انھیں میں اسرار احمد اسرار بھی تھے جو میونسپل کمیٹی کے ایک اچھے عہدے پر فائز تھے اور جن کا محلے کے پڑھے لکھے سربرآوردہ لوگوں میں شمار ہوتا تھا۔ وہ شاعر بھی تھے۔ بڑی رچی ہوئی غزل کہتے تھے، ان کی شہرت مقامی مشاعروں سے نکل کر کہیں دور نہ جاسکی تھی۔

مقصود متوفیہ کا نوجوان بیٹا تھا۔ وہ قبر کے سرہانے کھڑا تھا۔ اس کی خشک آنکھوں میں ایک آنسو بھی نہ تھا۔ اس کے چہرے کا رنگ زرد قبر آہستہ آہستہ پُر ہو رہی تھی اور ایک لمحہ آیا کہ متوفیہ کو منوں مٹی کے ڈھیر نے چھپالیا اور مقصود کے منہ سے ایک ٹھنڈی آہ نکل گئی۔ پاس کھڑے ہوئے صاحب کو یوں محسوس ہوا جیسے مقصود کے دل سے کوئی بوجھ اتر کر اسی قبر میں دفن ہوگیا ہو!

آج صبح جب انھیں ارشاد بیگم کی وفات کی خبر ملی تھی تو وہ چونک سے گئے تھے۔

ارشاد مرگئی! انھیں بے انتہا حیرت ہوئی۔ ارشاد مر نہیں سکتی۔ اسے مرنا نہیں چاہیے۔ ہوسکتا ہے کہ ارشاد مرگئی ہو لیکن شاد وہ کہاں ہے بھلا۔ شاد وہ جو ان کی غزلوں کے ایک ایک شعر میں زندہ و سلامت تھی۔ یہ غزلیں ان کی بیاض میں محفوظ تھیں۔ شاد نہیں مرسکتی کیونکہ انھوں نے اسرار احمد اسرار کے تخیل کا آبِ حیات پی لیا ہے۔

لیکن ارشاد بیگم مرگئی تھی جو مقصود کی ماں تھی!

"مجھے ارشاد بیگم سے کیا غرض۔ لوگ مرتے رہتے ہیں۔ مرتے رہیں گے ازل سے مرتے چلے آئے ہیں۔ تقدیر کے قاضی کا یہ فتوےٰ ازل سے ..... لاحول ولا قوۃ ..... اقبال مرحوم کا کیا تعلق یہاں ..... میں بھی کتنا پریشان خیال ہوں ..... شاید اس لیے کہ ابھی ان دنوں اقبال کے رنگ میں کہنے لگ گیا ہوں۔ تقدیر کے قاضی کا ....."

اور چند لمحوں بعد وہ بھی اس ہجوم میں کھڑے تھے جو متوفیہ ارشاد بیگم کی چارپائی کے گرد جمع تھا!

تقدیر کی ستم ظریفی دیکھیے کہ ارشاد بیگم مرکر بھی زندہ معلوم ہوتی تھی۔ اس کے چہرے پر کرب و اذیت کے کوئی آثار نہ تھے۔ ایسا لگتا تھا جیسے اس نے موت کو بڑی خندہ پیشانی سے خوش آمدید کہا ہو!

ابھی چہرے کا رنگ بھی نہیں بدلا تھا!

کمرے میں قمقمہ روشن تھا۔ اس کی روشنی زرد زرد سی تھی۔ ارشاد کے مُنہ پر ایک نیلا دوپٹہ تھا۔ موت کی زردی میں نیلگوں جھلک تھی موت نیلگوں جھریوں سے تھوڑی سی نیلاہٹ بھی اُٹھا کر لے آئی تھی، اپنے ساتھ یا اپنے مرکز کی طرف مائل پرواز تھا۔ ایک زمانے سے اسرار نے ارشاد کو کبھی قریب سے نہ دیکھا تھا..... آج چالیس سال کی عمر میں بھی ارشاد کے چہرے پر جوانی تھی، البتہ پیشانی پر بڑی بڑی جھریاں تھیں..... دائیں گال پر وہ تل بھی موجود تھا۔ وہ تل..... اسرار احمد لرز گئے..... اور پیشانی پر وہ متوالی لٹ بھی تھی جو بن پیے جھومتی ناچتی رہتی تھی..... اب قمقمے کی زرد روشنی میں اس لٹ میں چاندی کے تار بھی چمک رہے تھے!

ارشاد بیگم واقعی مر چکی ہے۔

"شاذو ابھی زندہ ہے۔ اُس کی جوانی سدا بہار ہے۔" اسرار احمد نے سوچا اور ارشاد کے گھر سے نکل آئے!

لیکن جب اسرار احمد اسرار متوفیہ ارشاد کے گھر سے نکلے تو گلی سونی اور سنسان تھی!

گلی میں کوئی متنفس موجود نہیں تھا۔ نہ کسی گھر سے کوئی آواز آ رہی تھی۔ ایک منحوس سی خاموشی طاری تھی جیسے کسی نے گلی کی زندگی کا گلا گھونٹ دیا ہو۔ وہ سر جھکائے چل رہے تھے اور اُن کے پاؤں سے چاپ بھی نہیں اُٹھ رہی تھی۔ گلی کے پیچ و خم میں ایک اسرار جھلک رہا تھا۔ ایک اسرار جس کے حال میں اندھیرے تھے اور تنہائیاں۔ ایک اسرار جس کے ماضی میں اُجالے تھے۔ اندھیرے اور اُجالے اُن کے ساتھ ساتھ چل رہے تھے!

گلی کے موڑ پر وہ تیز تیز چلتی ہوئی شاذو سے ٹکراتے ٹکراتے بچا!

حال کے اندھیرے چھٹ گئے۔ ماضی کے اُجالوں نے لپک کر گلی میں دھیمی سی روشنی پھیلا دی۔ شاذو کے گال کا تل مسکرا اُٹھا۔

"کچھ لوگ چلتے ہیں تو یہ نہیں دیکھتے کہ کون گزر رہا ہے۔"

"میں..... نہیں تو....." اسرار نے شرما کر کہا۔

"میں..... نہیں تو....." شاذو نے اس کی نقل اُتارتے ہوئے کہا۔

اُس کا تل مسکرایا اور ایک گڑھے میں ڈوب گیا۔ مسکراہٹ ڈوب ڈوب کر اُبھری اور لبوں کے کونوں میں روشنی کی محراب بن گئی۔

اُس نے سوچا: گلی میں اچانک روشنی کیوں ہو گئی ہے؟ میں کس منزل پر پہنچ گیا ہوں؟"

"نجانے یہ کون سی منزل ہے!" اُس کا حساس دل اس استفسار پر کانپ گیا۔

"یہاں سے گزر جاؤ۔" دل کی دھڑکن نے کہا۔

"ذرا رُک جاؤ۔ دیکھ تو سہی یہ کون ہے جس نے تمہیں پکارا ہے۔" گلی کے ذرّے ذرّے نے کہا۔

"میں جانتا ہوں۔ یہ کون ہے۔ یہ شاذو ہے۔ گلی کی نکڑ پر اس کا مکان ہے۔ اس کا باپ دیوتو مقتے کا دھوبی ہے۔ دُور کو بھی کپڑے پہناتا ہے۔ خود میل کچیل میں ڈوبا رہتا ہے۔ کسی سے آنکھ ملا کر بات بھی نہیں کر سکتا۔ بڑا مسکین طبع اور عاجز انسان ہے۔

بات کرتا ہے تو ڈرے ڈرے سہمے سہمے انداز میں۔ گاڑھے پسینے کی کمائی کھاتا ہے لیکن یوں سمجھتا ہے جیسے ایک لقمے کے لیے ساری دُنیا کا احسان مول لے رہا ہو۔ آج وہ دُھلے ہوئے کپڑے دینے کے لیے ہمارے گھر نہ آیا تو میں لینے کے لیے آگیا۔ میرے پاس کالج جانے کے لیے صاف قمیص نہیں تھی لیکن وہ گھر پر نہیں تھا۔ میں لوٹا تو ....."

"تم کپڑے لینے آئے تھے نا؟" شادو نے پُوچھا

"میں .... ہاں ...."

"پھر یہیں ٹھہرو۔ میں جب تک لوٹ کر نہ آؤں یہیں ٹھہرے رہو۔"

وہ گلی میں سر جھکائے کھڑا رہا۔ آتا جاتا لوگ اُس کے پاس سے گزرتے رہے۔ ایک دو نے اُسے حیران ہو کر دیکھا بھی اور اُس کے چہرے پر شرم کے پسینے آتے رہے اور وہ سوچتا رہا: میں ایک قدم آگے بڑھا تو جانے کیا ہو۔ میرے پاؤں زمین کے ساتھ کیوں چپک گئے ہیں؟"

"تم یہیں کھڑے ہو؟" شادو نے پُوچھا۔

"میں .... نہیں تو ...."

شادو کھلکھلا کر ہنس پڑی۔

"یہ لو اپنے کپڑے ..... میں .... نہیں تو ...."

اسرار نے جھکی جھکی آنکھوں کے ساتھ کپڑے لینے کے لیے ہاتھ بڑھائے۔

"نہیں .... ایک بار نظریں اُٹھاؤ تو کپڑے دوں۔"

اسرار پسینے میں بھیگ گیا۔

"مجھے جانے دو شادو!"

"جانا چاہتے ہو تو ایک بار دیکھ تو لو۔ جو مجھے آنکھ بھر کر نہیں دیکھتے میں اُن کا راستہ روک لیا کرتی ہوں۔"

اور اسرار احمد جو بڑا شریف اور شرمیلا نوجوان تھا، اس لڑکی کو آنکھ بھر کر دیکھ لینے پر مجبور ہو گیا!

اُسے یوں لگا جیسے اُس نے اس لڑکی کو آج پہلی بار دیکھا ہو۔ یہ اجنبی لڑکی جو بڑے دلنواز انداز میں مسکرا رہی تھی اور اس مسکراہٹ سے چودھویں رات کے چاند کی زرد زرد کرنوں کی بارش ہو رہی تھی۔ چودھویں کا چاند جو گرمیوں کی ایک رات کو چمک رہا ہو اور اس رات میں حبس ہو اور ایک معطر پسینے کی خوشبو کہ جس کے جھکوروں سے نیند آتی ہے اور آ بھی نہیں پاتی اور انگ انگ سے پسینہ پھوٹ بہتا ہے۔

وہ اس چہرے کو دیکھتا رہا اور اپنی جگہ سے نہ ہل سکا!

اور یکایک شادو شرما گئی۔ اُس کی آنکھیں جھک گئیں۔ شریر، چلبلی آنکھیں اپنے آپ میں کھو گئیں۔ یہ بے داغ زرد رنگ سا چہرہ جو ابھی ابھی گرم گرم زندگی سے بھرپور تھا، یکدم اُداس اُداس سا ہو گیا۔ لبوں کی قوسیں اُداس اُداس شام میں زمین سے ملی

ونی اُفق کی گولائیاں بھی گئیں۔

"اس لڑکی کو کیا ہو گیا ہے جو چند لمحے پہلے یوں تن کر کھڑی تھی جیسے اس کی ایک ٹھوکر میں بھرا سنسار ہو اور جو اُسے ٹھہرنے کا حکم دے کر اپنے گھر کی طرف جا رہی تھی تو ایک ایک قدم پر سر کے بوٹے اُگتے جاتے تھے۔"

اور اس لڑکی نے چپ چاپ کپڑے اُس کے ہاتھ میں تھما دیے!

اسرار گھر کی طرف چل پڑا۔

وہ نے اُس کا رستہ روک کر پوچھا: "سارتے! آج گلی کے نکڑ پر شادو سے کیا کیا باتیں ہوئیں۔"

"کچھ بھی نہیں۔" اُس نے بے دھیانی کے عالم میں کہا اور پاس سے گزر گیا۔

"واہ بھئی سارتے! آج تو پاؤں زمین پر نہیں ٹکتے آپ کے؟"

اسرار نے جلدی جلدی ناشتہ کیا۔ کپڑے پہنے اور سائیکل لے کر کالج کی طرف روانہ ہو گیا۔

سائیکل خود بخود چلتا رہا۔ رستہ اپنے آپ کٹتا رہا۔ وہ سائیکل پر نہیں تھا۔ وہ تو اسی نکڑ پر کھڑا تھا جہاں شادو نے اُسے ٹھہرنے کا حکم دیا تھا۔ سارا دن اسی طرح گزر گیا۔

اُسی نکڑ پر کھڑے کھڑے وہ شاعر ہو گیا۔

پہلی غزل کا پہلا شعر اُس پر الہام ہو کر نازل ہوا۔

نکڑ پر کھڑے کھڑے اُس نے سوچا کہ وہ یہ شعر کس کو سنائے۔ یہ شعر جو آسمان کی بلندیوں سے اُترا تھا جب تک یہ شعر کوئی سُنے گا نہیں، وہ اس نکڑ سے ہل نہیں سکتا۔

یہ شعر جو ابھی الفاظ کے سانچے میں بھی نہیں ڈھل سکا تھا!

شادو نے یہ شعر نہ سُنا اور وہ گلی کے نکڑ پر سے نہ ہل سکا!

پھر اُس نے ایک عجیب خبر سُنی۔ شادو کا بیاہ ہو رہا ہے۔ اُس کے باپ دینو نے اُس کے لیے رشتہ تلاش کر لیا ہے اور یہ بھی کہ شادو کا ہونے والا شوہر پہلے ایک محلے کا دھوبی تھا۔ اب اُس نے بازار میں دُکان کھول لی ہے۔ فینسی ڈرائی کلینگ اینڈ لانڈری سروس۔ اُس کی دو بیویاں پہلے سے موجود ہیں۔ پہلی بیوی دھوبی گھاٹ پر جا کر کپڑے دھونے میں مدد دیا کرتی ہے۔ دُوسری دُکان کے عقب میں کپڑوں پر استری کیا کرتی ہے اور اب اُسے تیسری بیوی کی ضرورت تھی جو گرم کپڑوں کو ڈرائی کلین کر سکے اور اُس کی نظر انتخاب شادو پر پڑی۔

اسرار نے سوچا: "یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے۔ دو بیویوں کا ایک شوہر تو ہو سکتا ہے، شاعر نہیں ہو سکتا اور شادو تو کسی شاعر کے دل پر شعر ہو کر اُتر سکتی ہے۔ وہ ایک لانڈری والے کی بیوی کیسے بن سکتی ہے۔"

وہ پھر گلی کے نکڑ پر آ کھڑا ہوا۔

شادو نے پوچھا: "کپڑے لینے آئے ہو؟"

"ہاں!"

"کپڑے ابھی نہیں دھلے۔ بابا آج دھوبی گھاٹ پر گیا ہے۔ آج شام تک دھلیں گے۔ پھر میں انھیں خود اپنے ہاتھوں سے استری کروں گی۔ دیکھنا ایک سلوٹ بھی نہ رہے گی۔ تہوں کی ایسی کریز ڈالوں گی کہ ہفتے بھر تک خراب نہ ہوگی۔ پھر تم پھیل پھیلے بن کر اس گلی میں سے گزرو گے نا؟"

"میں.... نہیں تو...."

"میں.... نہیں تو...." اس نے اسرار کا منہ چڑاتے ہوئے کہا۔

وہ بازار سے گزر رہا تھا تو فینسی ڈرائی کلیننگ اینڈ لانڈری سروس کے سامنے ایک لمحے کے لیے رک گیا۔ فینسی ڈرائی کلیننگ کا مالک پورے پھلے گالوں والا شخص تھا۔ اور اس کی مونچھوں پر خضاب پر تھا اور وہ مونچھیں کی نوکیں سنوار رہا تھا۔ اس کی آنکھوں میں سرخ سرخ ڈورے تھے۔ چہرے پر بھی جھریاں تھیں جن کو کوئی استری ہموار نہ کر سکی تھی۔ جھریوں کا جال۔ جال کو ایک جھٹکا لگا۔ جال سمٹا اور شادو ایک چڑیا کی طرح اس جال میں پھنس کر پھڑپھڑانے لگی۔

"شادو..... شادو...." وہ تڑپ کر پکارا۔

مونچھوں کی نوکیں پھڑکیں۔

"تم کس شادو کو پکار رہے تھے؟"

اس کا جی چاہا کہ کہے نہ دے جو ابھی ابھی تمھارے جال میں پھنس کر رہ گئی ہے۔

لیکن اس نے اتنا کہا: "شادو..... میں نے کسی شادو کو نہیں پکارا۔"

"پگلے معلوم ہوتے ہو۔ کس محلے میں رہتے ہو۔"

"شاد گنج میں....."

"اس شہر کا کوئی محلہ شاد گنج کے نام سے مشہور نہیں۔ اوئے شیدے!"

"کیا بات ہے حمیدے!"

"اس بابو کو دیکھو..... کوئی پاگل ہے بیچارا۔ کوئی محلہ شاد گنج بھی ہے ہمارے شہر میں؟"

"نہیں تو۔"

"یہ بابو کہتا ہے میں اس محلے کا رہنے والا ہوں۔ ابھی ابھی کسی شادو کو پکار رہا تھا۔"

"شادو والی بات ٹھیک کہی اس نے۔"

"آؤ! شادو.... جاؤ بابو..... کوئی کوٹ وٹ ڈرائی کلین کروانا ہو تو لے آنا سردیوں کے شروع میں..... پچھلے نے کس کا نام لیا۔ شادو۔ نہ دن کو چین نہ رات کو آرام....."

اگلی صبح وہ شادو کے مکان کے سامنے کھڑا تھا!

دیو گھر پر نہیں تھا۔ اُس نے دروازے پر دستک دی تو شادو باہر آئی۔

"کپڑے لینے آئے ہو؟"

"ہاں!"

"بڑے اُجلے دُھلے ہیں۔ موتیے کی کلی کی طرح۔ استری میں نے خود کی ہے۔ پر کپڑے ایک شرط پر دوں گی۔"

اسرار خاموش رہا۔

"بولو شرط منظور ہے؟"

"میں..... نہیں تو..... دیکھو! مجھے کالج سے دیر ہو رہی ہے۔"

شادو نے اُس کی بات سُنی ان سُنی کر دی۔ وہ گھر کی چوکھٹ پار کر کے گلی میں آگئی۔ اس نے سارے کے کندھے پر ہاتھ رکھ دیے:

"آج دُھلی ہوئی پتلون اور قمیض پہن کر اور سائیکل ہاتھ میں لے کر ایک بار میرے مکان کے سامنے سے گزر جانا سارے! میرے ڈھول سپاہی! میں گلی کے اس نکڑ پر کھڑی ہو کر تیری راہ دیکھوں گی۔ کہو شرط منظور ہے۔"

"نہیں..." اسرار نے گھبرا کر کہا۔

"نہیں!....." شادو نے اسرار کو کچھ ایسی نگاہوں سے دیکھا کہ وہ ایک قدم پیچھے ہٹ گیا۔ یہ نگاہ نیزے کی انی تھی کہ دُور تک دل میں اُتر گئی۔ ایک دلدوز التجا جیسے کہہ رہی ہو:

"دیکھ سارے! میں تیرے بیلے گھر کی چوکھٹ پر سے گزر آئی۔ اب میرے پاس کیا رہ گیا ہے۔ میں نے اس لمحے سب کچھ لٹا دیا ہے۔ دیکھ رانجھا! ہیر بابل کے گھر سے نکل کر بیلے میں آگئی ہے۔ سوہنی نے کچے گھڑے پر تیر کر چناں پار کر لیا ہے۔ سستی کھنوں میں رستہ بھول گئی ہے۔ اب ہیر کی لاج رکھ لینا۔ سوہنی کو شور دریا میں نہ ڈوبنے دینا۔ تھل کی ریت میں آگ ہے اور سورج سوا نیزے پر۔ سستی کے ہونٹ پیار کے شربت کے لیے سوکھ کر کانٹا ہو گئے ہیں۔"

"مجھے ایک نظر دیکھ سارے!"

اور سارے نے شادو کے چہرے پر وہ نظر جما دی جو آنکھ سے نہیں دل سے نکلتی ہے اور اتھاہ سمندروں کی تہ تک اُتر جاتی ہے۔ یہ نظر شادو کی آنکھوں سے اُتر کر اُس کے دل تک جا پہنچی۔ اُس نے دیکھا کہ آنکھ سے لے کر دل تک کی پہنائی ایک جام جہاں نما ہے جو شراب محبت سے لبالب بھر گیا ہے۔ اتنی بھرپور محبت کہ اُمڈ اُمڈ سے اُبل رہی تھی۔ چھلک رہی تھی۔

وہ محبت کے اس معطر پسینے میں نہا گیا تھا!

"مجھے تمہاری شرط منظور ہے شادو!"

اسرار احمد شادو کے ہاتھوں کی استری کی ہوئی قمیض اور پتلون پہن کر سائیکل کو کھڑکھڑاتا ہوا اُس کی گلی میں سے گزر گیا۔ شادو اپنے مکان کے دروازے میں کھڑی اُسے تکتی رہی۔ تکتی رہی اور اسرار اُس کی نگاہوں کے ساتھ ساتھ اُڑتا رہا۔ اُسے یوں لگا جیسے

شادو کی ایک نظر نے اُسے پاتال سے اُٹھا کر آسمان تک پہنچا دیا ہے۔

فینسی ڈرائی کلیننگ کے سامنے اُس نے سائیکل کو آہستہ کر لیا۔ حمیدا ایک کرسی پر بیٹھا تو ند پر ہاتھ پھیر رہا تھا۔ امراؤ کو دیکھ کر شیدا دوڑتا ہوا آیا: "حمیدے! وہی کل والا بابو گزر رہا ہے۔"

"جانے دے! ذرا ٹھہراؤ اِسے۔ اس سے ایک بات پوچھ لیں۔"

"بابو!" شیدے نے اُسے بلایا۔ اُس نے سائیکل روک لیا۔

"تم کس محلے میں رہتے ہو؟" حمیدے نے پوچھا۔

"محلے پورے میں۔"

"تم شادو کو جانتے ہو نا!"

"ہاں....."

"پر اُس دن تم کہتے تھے تم شادو گنج میں رہتے ہو۔"

"شادو کے محلے کا نام شادو گنج ہے۔ تم جس شادو کو پوچھ رہے ہو وہ دینو دھوبی کی بیٹی ہے نا؟"

"ہاں.... ہاں.... تم اُسے جانتے ہو؟"

"ہاں.... نہیں...." امراؤ نے کھوئے کھوئے انداز میں کہا: "پر تم کیوں پوچھ رہے ہو اُس کے متعلق؟"

"وہ حمیدے کی ہونے والی دُلہن ہے نا۔ بہت جلد حمیدا سہرا باندھ کر تمہارے محلے میں آئے گا۔"

حمیدا زور زور سے ہنسا اور امراؤ کے سر میں ہتھوڑے چلتے رہے۔

"شادو حمیدے کی ہونے والی دُلہن ہے۔ حمیدا جو فینسی ڈرائی کلیننگ اینڈ لانڈری سروس کا مالک ہے جس کی مونچھیں غضب سے کالی ہیں اور جس کے جسم سے سڑی ہوئی چربی کی بساند آتی ہے اور شادو..... جس کا جسم شبنمی راتوں کا عطر ہے۔ جس کی آنکھوں میں ستارے جھلملاتے ہیں اور جس کے سانس میں گلاب کی خوشبو ہے۔"

یکایک امراؤ نے ایک عجیب بے بسی کا احساس کیا جیسے حمیدا سہرا باندھ کر اُس کے محلے میں آگیا ہے اور اُس نے شادو کو دُلہن بنا کر ڈولی میں ڈال دیا ہے اور پھر اُس نے ڈولی کو کندھا بھی دیا ہے کیونکہ شادو اُس کے محلے کی لڑکی ہے۔

نہیں.... نہیں....

"سائیکل چلا رہے ہو یا ماں کا چرخہ۔" ایک راہ گیر نے کہا۔

اُس نے لڑکھڑاتے ہوئے سائیکل کو سنبھال لیا۔

سائیکل سنبھل گیا لیکن وہ اپنے آپ کو نہ سنبھال سکا۔

وہ عرش سے گرا اور پاتال تک دھنس گیا!

کالج سے واپسی پر وہ شادو کے مکان کے سامنے سے گزرا۔

[illegible] کھڑی تھی۔ اُس نے سفید رنگ کی شلوار اور سفید رنگ کی قمیص پہن رکھی تھی۔ اُس کے سر پر سفید دوپٹہ تھا۔ اُس کے چہرے پر [illegible] کھڑی تھی۔ وہ رنگ کی سانولی اور سُندر تھی۔

"آ گئے میرے ڈھول سپاہی! میں تو کب سے تیری راہ دیکھ رہی ہوں۔"

"ارشاد بیگم! میں نے اُسے دیکھا۔"

"مجھے شادو کہہ کر پکارو ساتھے اور ہاں اب بتاؤ تم نے کیسے دیکھا؟"

"وہی جو سہرے باندھ کر اس گلی میں آئے گا اور ہم جو اس گلی کے رہنے والے ہیں تجھے اپنے ہاتھوں سے ڈولی میں ڈال دیں گے۔" شادو کے زرد زرد چہرے پر سُرخی چھلکی۔ یہ چہرہ لال بھبوکا نہ ہوا لیکن اسرار نے دُور سے آگ کی لپٹیں محسوس کیں۔

"کون ہے جو مجھے سہرے باندھ کر پیا لے جائے گا میرے ڈھول سپاہی کے ہوتے ہوئے!" شادو نے غصے سے لرزتی ہوئی آواز میں کہا۔

"شادو!" اسرار احمد نے دھیمے سے پکار کر کہا۔

"کہو ساتھے!"

"میں تیرے پیار کے قابل نہیں۔ تیرے پیار میں دہکتے سورج کی آگ ہے۔ میں جل بھن کر راکھ ہو جاؤں گا۔"

"ساتھے!" شادو باہر گلی میں آ گئی۔ "پیار کی آگ میں جل کر راکھ ہونے والے ہی پیار کر سکتے ہیں۔"

"نہیں!"

"ساتھے! میرے اور تیرے پیار کے رستے کا کوئی روڑا بن کر آ گیا تو میں سارے سنسار کو آگ لگا دوں گی۔"

"نہیں!"

"کیوں نہیں!" شادو کی نگاہوں میں آگ بھر گئی تھی۔ "میں بھرے جہان کو آگ لگا دوں گی۔ لگا دوں گی۔"

اسرار شادو کی آتشیں نگاہوں کی تاب نہ لا سکا۔ وہ وہاں سے ٹل گیا پر گلی میں آگ لگ گئی تھی اور شعلے لپک رہے تھے اور اسرار کا تن بدن جل رہا تھا۔ اُس کے تلوے جل رہے تھے۔ زمین سُرخ انگارا تھی!

لالہ نے پوچھا: "ساتھے! آج شادو سے کیا باتیں ہو رہی تھیں۔"

"کچھ نہیں۔"

"یوں لگتا ہے جیسے شادو نے سارے گلے کو ٹکرا کر تجھے پیار کے لیے چن لیا۔"

"ہاں لالہ! پر اُس کا پیار آگ کا جنم ہے۔ اُس میں میرا تن بدن جل جائے گا۔"

"پیار بھی تو اسی چیز کا نام ہے ساتھے پر تم بزدل ہو۔ شادو سے کہو تجھے پیار کا ایک بول بول لے۔ میں پیار کی چتا کو خود آگ دکھا کر اس میں جل مروں۔"

"جانتے ہو تو میں کون ہوں ؟"

"ہاں ! تم قریشی ہو اور شادو دھوبی ہے۔ تم یہی پوچھنا چاہتے تھے نا ؟"

"ہاں یہی ..... لو تو! میرے خاندان کی پشت پر شرافت کا پشتارا ہے۔ میں جل بھی جاؤں تو یہ پشتارا نہیں جل سکتا۔"

"سارے ! تو بزدل ہے تو پیار کا نجانا کیا جانے۔ شادو مجھے اپنے باسی پیار کا ایک بچا کھچا قطرہ بھی بخش دے تو میں اُسے لے کر بہت دور چلا جاؤں گا۔ تو تو آگ سے بچا ہے گا نا ؟"

زن کی آواز آئی۔ بلکے کے گال پر تیتے تڑپنے لگے اور قہقہہ کر ہنس پڑا۔

"ابھی تیرا پیار زندہ ہے سارے ! پر جب تیرا پیار خودکشی کی موت مر جائے تو میرا سندیسہ شادو تک ضرور پہنچا دینا۔"

ابھی شادو کی گلی سونی اور سنسان بھی نہ ہوئی تھی کہ اُس کے پیار نے خودکشی کر لی۔

ابھی جیٹھ کا ایک نغمہ بھی نہ گونجا تھا۔ نہ اُس نے شادو کے جہاز کو ابھی کندھا دیا تھا کہ اُس نے شکست قبول کر لی تھی ! گلی اُس کے سر شام ہی بجھ گئی تھی کیونکہ اس شام کی کوکھ سے کل جو سورج نکلنا تھا، وہ آج شام ہی بجھ گیا تھا اور رات کے اندھیروں میں سناٹے بہتے تھے اور تھرتھرا رہے تھے اور اسرار اپنی بیٹھک میں بیٹھا تھا۔ ابھی تک اُس نے لیمپ روشن نہیں کیا تھا۔ لیمپ روشن ہو بھی جاتا تو اُس کے دل کی گلی تاریک رہتی !

اُس کی بیٹھک کا دروازہ کھلا تھا اور کھلے دروازے میں سے گلی کا اندھیرا اندر آ رہا تھا !

"سارے !" اندھیرے میں ایک کرن چمکی۔ "میں آگئی۔"

"تم کیوں آئیں شادو ! میں تو جل کر بجھ چکا ہوں۔ جا ! میں تیرا ساتھ نہیں دے سکتا۔"

"سارے پیار کرنے والے جلتے رہتے ہیں۔ بجھتے نہیں۔ میرے پیار کو دھوکا نہ دے۔ میرا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے لے اور مجھے چل۔ میں نے سُنا ہے خدا کی دُنیا بہت کھلی ہے۔"

"شادو ! میں مجبور ہوں۔ جاؤ ! کل چپکے سے ڈولی میں بیٹھ جانا۔ میں ڈولی کو کندھا دے دوں گا۔"

"سارے ! تو تو بہت بزدل نکلا۔ بے وفا ! تو میرے ساتھ اتنے قدم کیوں چلا۔ مجھے اب شو دریا میں چھوڑ کر کہاں جا رہا ہے ؟"

"کہیں بھی نہیں۔ میں اسی گلی میں رہوں گا شادو ! پر میں تیرا ساتھ نہیں دے سکتا۔"

اندھیرے میں آنسوؤں کی گرمی ٹپکی اور اسرار پسینے میں نہا گیا۔

وہ ایک قدم آگے بڑھی۔ اسرار ایک قدم پیچھے ہٹ گیا۔ وہ بڑھتی رہی۔ اسرار پیچھے ہٹتا رہا۔ پھر دیوار نے اُس کا راستہ روک لیا۔ شادو نے اپنی آغوش پھیلا دی۔ اندھیرا سمٹ کر شادو کی آغوش میں سما گیا اور اس آغوش میں اسرار کا پورا وجود رچ گیا تھا۔ بھرپور آغوش میں پیار کی خوشبو آ رہی تھی۔ ایک لمحہ اور وہ اپنے ہوش و حواس میں نہ رہا۔ اُسے یہ بھی یاد نہ رہا کہ وہ تو راکھ کا ایک ذرہ ہے۔ وہ

قحط سالی کے ایک لمس سے راکھ کا بھیلا بن گیا تھا۔

وہ اندھیرے میں جاگا اور ابھی تک اس کے انگ انگ میں کنواں پتے کی خوشبو رچی ہوئی تھی!

اور وہ رو پڑا۔

گلی رو پڑی۔ اندھیرے رو پڑے۔ اُسے یوں لگا جیسے وہ کوئی پتی ورتا استری جو جس کا سہاگ ایک لمحہ پہلے آباد ہوا اور لے اُجڑ گیا۔

دوسرے دن گلی اُجڑ گئی!

حالانکہ بینڈ کا ایک نغمہ بھی نہ اُبھرا تھا پر شادو گلی کو چھوڑ گئی تھی۔ وہ پیالے کی چھٹ کا ایک قطرہ اُڑا ہی لے گیا تھا آخر! گلی سنسان تھی حالانکہ اس میں جہالت جہالت کی باتوں کا شور تھا۔ شادو نے محلے کی عزت کا جنازہ نکال دیا تھا..... اس محلے کا نام ڈ گیا ہے..... اس کلموہی نے محلے کی ناک کاٹ دی..... آخر وہ ہوتی تھی نا..... اتنا جوبن سنبھال نہ سکی..... جو بن آیا ہو تو محلے کا نام اُجلا کیوں رہے.....

جمیلے کے لڑکوں نے شادو کا سراغ لگا لیا۔

اتنی کھلی دُنیا میں انھیں چھپنے کی جگہ نہ مل سکی تھی۔ جمیلے نے رسہ باندھا، نہ بینڈ بجوایا لیکن شادو کو ساتھ لے گیا۔

اچھا ہوا کہ اسرار احمد اسرار کہ جس کی پشت پر شرافت کا کوہ ہمالیہ ورا تھا، اپنے کندھوں پر شادو کی ڈولی کا بوجھ نہ اُٹھا سکے۔ اُس دن سے اسرار احمد غزل کے شاعر ہو چکے تھے!

اور آج شادو مر چکی تھی!

اُس نے غلطی سے تیزاب کا ایک گھونٹ پی لیا تھا۔ اُس کے بیٹے مقصود نے ایک ٹھنڈی آہ بھری تھی جیسے اُس کے سر سے ایک بوجھ اُتر گیا ہو!

تیزاب کا ایک گھونٹ..... شادو کو تیزاب کے ایک گھونٹ نے قتل کر دیا تھا..... نہیں..... اسرار احمد اسرار اپنی سوچ کا دروازہ بند کر دیا کیونکہ اس دروازے سے ایک جھلسا دینے والی کرن اپنا راستہ بنا رہی تھی۔

شادو تو اُس دن مر چکی تھی جس دن وہ جمیلے کے نکاح میں آئی تھی!

شاید.....

لیکن اُس کا حسن سدا بہار تھا۔ وہ ٹھہرتا رہا پر ناشی کی منزل کی طرف آہستہ آہستہ رواں چاند کی طرح۔ دیکھتے دیکھتے ماں بن گئی۔ مقصود ابھی آٹھ سال کا تھا کہ جمیلا جس کی مونچھوں پر خضاب کی مستقل جوانی کی سیاہی تھی اور جس کے تھل تھل پل پل جسم

تھیں تھیں ٹیکا ایک غبارے کی طرح پھٹ گیا۔ اُس کی جائداد تقسیم ہوئی تو شادو اپنے آبائی مکان میں اُٹھ آئی۔ فینسی ڈرائی کلیننگ اینڈ ا
ورکس کی دُکان بند ہوگئی۔ شادو اپنے باپ کا ہاتھ بٹانے لگی۔ اسرار احمد اسرار میونسپلٹی میں مُلازم ہوگئے اور اُن کی ایک نہایت شر
گھرانے میں شادی ہوگئی۔ اب وہ شادو کی طرف آنکھ اُٹھا کر بھی نہ دیکھتے۔ پرنانے کیوں جب کبھی وہ کسی عشقیہ شعر کی فکر میں ہوتے تو ش
اُن کے سامنے سنگار کیے آکھڑی ہوتی اور اُنھیں اپنے الکار تازہ سے شادو کے کنوارپنے کی تیز خوشبو آنے لگتی اور وہ
کر رہ جاتے!

مقصود سکول میں داخل تھا۔

شادو کو بچوں کے سوا کسی چیز سے دلچسپی نہ تھی۔

بڈھا باپ دینو بھی اُس کا ساتھ چھوڑ گیا اور اب شادو کو محسوس ہوا کہ وہ اکیلی رہ گئی ہے۔ اُس نے یہ خلا حمیدے کے د
شیدے کے ساتھ نکاح کر کے پُر کر لیا۔ شیدا ابھی صرف چند سال ساتھ نبا سکا اور ایک لڑکے کا تحفہ دے کر غائب ہوگیا۔ شیدے
بعد اُس نے کسی سے نکاح نہ کیا۔ وہ ایک امیر گھرانے میں برتن مانجھنے پر ملازم ہوگئی۔ ایک دن گھر کے مالک نے کسی تقریب کے
ایک دس کا نوٹ اُس کے ہاتھ میں تھما دیا۔ نوٹوں کا یہ سلسلہ لاتناہی ہوگیا اور مقصود پڑھتا رہا۔ اُس کے بہن بھائی پلتے رہے۔ ایک دن
کی مالکہ نے شادو کو دھکے دے کر گھر سے نکال دیا!

شادو نے گھر کے دروازے چوپٹ کھول دیے۔

محلے والوں کی آنکھیں ذرا دیر سے کھلیں۔ دبی زبان میں باتیں ہوئیں اور باتوں کا شور بلند ہوا تو کھیتوں کی بھنبھناہٹ ش
کے گھر تک جا پہنچی۔

"دیکھو شادو! اب جو تم نے کام شروع کر دیا ہے، اس سے محلے کی رہی سہی عزت بھی جاتی رہے گی۔ پہلے بھی تم نے
گھر سے بھاگ کر ہماری ناک کاٹ ڈالی تھی۔"

شادو محتاط ہوگئی!

اُس نے کھلے دروازے کو بند کیا اور چور دروازہ کھول دیا۔

پھر محلے والوں نے ایک کانفرنس کی۔ اُس میں اسرار احمد اسرار بھی شامل تھے۔ طے پایا کہ شادو کے گھر جا کر اُسے متنبہ کرنا
شادو نے دروازے پر اُن کا سواگت کیا۔ اُس نے مُنہ سے ایک لفظ بھی نہ کہا۔ اُس نے ڈبڈبائی ہوئی آنکھوں سے ایک ایک ہ
کا جائزہ لیا۔ ڈبڈبائی ہوئی آنکھیں اسرار کے چہرے پر ٹھٹک گئیں۔

ان آنکھوں نے کہا: "تم بھی!"

اسرار احمد اسرار نے نظریں چرا لیں لیکن ڈبڈبائی ہوئی آنکھیں چھم چھم برسنے لگیں۔ اسرار کو یوں لگا جیسے کوئی بند ٹوٹ گیا
اب سیلاب آئے گا اور سارا محلہ ڈوب جائے گا۔ یہ لوگ ڈوب جائیں گے اور ان میں سے کوئی بھی اس سمندر میں سے اُبھر نہ سکے
کیونکہ ان سب کی پشتوں پر شرافت کا بوجھ لدا ہے۔

شادو نے پیچھے سے چور دروازہ بھی بند کر دیا!

اس نے مقصود کو کام پر لگایا۔ وہ اُٹھ جاتوں سے آگے نہ بڑھ سکا۔ پھر شادو کو مقصود سے کیا کیا امیدیں تھیں مقصود کپڑے دھوتا۔ شادو استری کرتی۔ کنبہ پلتا رہا۔ مقصود جوان ہوا تو اُس نے لانڈری کی دکان کھول لی۔ اِس کا نام لیسنی ڈرائی کلیننگ اینڈ لانڈری سروس رکھا گیا۔ مقصود کی دکان نے خوب ترقی کی اور اب اُسے شادی کی فکر لگ گئی۔ لیکن اُسے کسی شریف دھوبی کے ہاں سے رشتہ نہیں مل رہا تھا!

اور مقصود کو پہلی بار ماں پر غصہ آیا۔ ماں جس نے اُس کی عزت کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے خاک میں ملا دیا تھا۔ وہ یہ کھوئی ہوئی عزت کہاں سے لاتے۔ مقصود اپنی ماں شادو سے کھنچا کھنچا رہنے لگا پھر وہ بات بات پر ماں سے لڑنے لگا اور آخر اسے ماں کا وجود زہر لگنے لگا!

اور اُس دن اسرار نے دیکھا کہ مقصود کے ہاتھ میں دو بوتلیں تھیں۔ دونوں میں کالے رنگ کی مائع بھری تھی۔ اُس نے اسرار سے علیک سلیک کے بعد کہا: "ماں آج کئی دنوں سے نئے زکام میں مبتلا ہیں۔ اُن کے لیے دوائی لایا ہوں۔"

"دونوں بوتلوں کا رنگ ایک ہی ہے۔"

"دُوسری میں تیزاب ہے۔ بازار سے آتے ہوئے لے آیا۔ کل صبح دکان پہ لے جاؤں گا۔"

"تیزاب کس کام آتا ہے؟"

"ڈرائی کلیننگ میں.... کپڑا رنگنے میں...."

اور اسرار احمد یہ نہ کہہ سکے: "میاں مقصود ان بوتلوں کو علیحدہ علیحدہ رکھنا۔"

اور اُس رات شادو نے غلطی سے تیزاب کا گھونٹ پی لیا!

صبح طبی امداد ملنے سے پہلے پہلے وہ مر چکی تھی۔

ایک سیدھا سادا حادثہ تھا!

تیزاب کا ایک گھونٹ ایک سدا جوان عورت کو قتل کر گیا تھا!

شادو کا قاتل تیزاب کا ایک گھونٹ تھا!

مقصود نے کتنی غلطی کی کہ کالے رنگ کی مائع کی دونوں بوتلوں کو خلط ملط کر دیا!

قاتل مقصود تھا جس نے احتیاط نہ کی!

نہیں.....

ہو سکتا ہے شادو نے خود اپنے آپ کو قتل کر لیا ہو۔

وہ مقصود کے رستے سے ہٹ جانا چاہتی ہو جسے اُس کے گھناؤنے ماضی کی وجہ سے کوئی شریف رشتہ نہیں مل رہا تھا!
شادو کی قاتل شادو تھی....

نہیں.....

پھر قاتل کون تھا.... ایک گھونٹ..... ایک حادثہ.... ایک لمحہ....

نہیں.....

اب یہ لمحہ قبر کی آغوش میں منوں مٹی کے نیچے دفن ہو گیا تھا!

اسرار قبر سے ہٹ کر دو قدم دُور چلے گئے۔

یہاں ایک بوڑھا اوکاں کھڑا تھا اور اُس کی جھانجھنوں سے ایک ماتمی نغمہ بکھر رہا تھا مسلسل.... نغمۂ موت...

ببول اور بیر کی سوگوار جھاڑیوں پر صدیوں کی دھول جمی تھی!

اور لوگ قبرستان سے جا چکے تھے۔ صرف مقصود کھڑا تھا۔

کچھ عرصہ بعد مقصود بھی چلا گیا۔

تو قبرستان کا اسرار چاروں کھونٹ سے لپک کر آیا۔

جھانجھنوں سے پائل کی جھنکار اُٹھی۔

قبرستان کے آنگن میں موت رقص کرنے لگی۔ اُس کے پائل کی جھنکار میں آواز نہیں تھی۔

"تم کون ہو؟"

پائل کی جھنکار مجسم ہو گئی۔ اُس کے حسین چہرے پر موت کی زردی تھی۔

"میں ہوں شادو!"

"تم!"

اُس کا رنگ زرد پڑ گیا۔ وہ کانپ گیا۔ وہ ڈر کر ایک قدم پیچھے ہٹ گیا۔

"ابھی ابھی تم پوچھ رہے تھے شادو کو کس نے قتل کیا؟"

"ہاں!"

"جاننا چاہتے ہو اُس کا قاتل کون ہے؟"

"نہیں!"

"سنو تو! وہ قاتل تم ہو۔"

"نہیں!"

اُس نے منہ پہ ہاتھ رکھ کر اپنی چیخ کا گلا گھونٹ دیا!

اللہ کا حکم

احمد سعید

اس نوجوان کے ہاتھ جتنے پیسے لگتے وہ ان سے برائے فروخت پنجروں میں بند پرندے زیادہ سے زیادہ تعداد میں خرید کر چھوڑ دیتا۔ انھیں بانس کی باریک باریک سلاخوں سے باہر نکالنے کے لیے وہ ہر دم بے چین رہتا۔ ننھے ننھے سُرخ اور چھوٹی چھوٹی نیلی چڑیاں جب پھُر سے پنجرے سے باہر غول کی صورت میں ایک لمحہ کی مانند نیم دائرہ بناتے ہوئے اُڑ جاتیں تو اُس کی آنکھوں میں خوشی سے آنسو ڈبڈبا آتے۔ اُسے بچپن ہی سے شوق پیدا ہو گیا تھا جو آہستہ آہستہ جنون کی شکل اختیار کر گیا تھا۔ اگر اس کے پاس پرندے خریدنا انھیں رہا کرنے کے لیے پیسے نہ ہوتے تو وہ یہ چل لوگوں کے مُرغے مُرغیاں اور بعد ازاں پالتو جانور چھپے چوری چھپے سے مٹاتا۔ پر اُسے یہ بات دیکھ کر حیرت ہوتی کہ وہ پھر اپنے مالک کے پاس آجاتے اس لیے کہ اس کے ہاں ان کا پیٹ پلتا تھا اور وہ ہر خطرے سے محفوظ رہتے تھے۔ جبھی تو لوگ اُس نے سوچا ملازمت کرتے ہیں گو اس کے باپ کی طرح غیر مطمئن رہتے ہیں۔ لیکن قدرت کی ہر چیز کتنی آزاد ہے اور آزاد رہ کر ہی زندہ رہتی ہے۔ اس کی سوچ کی ساری تان یہاں ٹوٹتی کہ پرندے اور جانور پنجروں میں بند رہنا پسند نہیں کرتے۔ اس لیے اُس نے اس عقدہ کو حل کرنے میں اپنا بیشتر وقت ضائع کر دیا جسے دُوسرے بچے اور نوجوان تعلیم حاصل کرنے میں صرف کرتے تاکہ اس سے فارغ ہو کر اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے قابل ہو جائیں۔

"جب بھوکا مرے گا تو آزاد رہنے کا مزہ چکھے گا۔ جان مار کر پیسے جمع کمائیں اور یہ نواب زادے انھیں پرندے چھڑانے کی نذر کر دیں۔ حد ہو گئی!!"

اس نوجوان کا باپ اُسے سالہا سال سے سدھارنے کی بے سُود کوشش کرنے کے بعد ایک روز فیصلہ کُن اور مایوسانہ انداز میں اس پر اس کی ماں کے سامنے دھاڑا۔ اس کے جواب میں وہ ایسے حرا خور اور بے حیا لیکن لاڈلے بیٹے پر اور اپنی پھوٹی قسمت پر آنسو بہایا کرتی۔ لیکن آج کا دن تو اس کی زندگی میں ایک موڑ بن کر آیا چونکہ باپ کے انتہائی درشت رویے کے باوجود اس پر رنج و ملال کے تاثرات پیدا ہونے کی بجائے اس پر ایک ناگفتہ بہ جلال اور سرشاری کی کیفیت طاری ہو گئی۔ اور جب اُس کی ماں نے بھی اُسے ایک بیکار ہستی ٹھہرایا اور اُس نے شدید بیزاری ظاہر کی اور یہ کہا "کاش تم پیدا ہی نہ ہوتے اور ایسا روگ بن کر رہ جاتے" تو اس نے جواب دیا "ماں خوش ہو کر اللہ نے مجھے کل رات حکم دیا ہے کہ میں نے ....."

"دُنیا کے سارے بند پرندوں کو آزاد کرنا ہے۔"

اس کے جواب میں بیٹے کی آنکھیں کینہ جگا اٹھیں اور اُس نے کہا۔ "ماں تم نے آدھی بات بُوجھی ...."

"میں نے تجھے جانا ہے۔ اگر میں تیرے دل کی بات نہ بُوجھوں گی تو اور کون بُوجھے گا ..... میری نظروں کے سامنے سے

ہا!"

"ہر نئے پیغمبر پر دُنیا پہلے ہنسا کرتی ہے ماں۔"

"توبہ کر! توبہ۔ مردود۔ تیری یہ مجال!"

"ہاں میں نے رات خواب دیکھا ہے۔ اس میں اللہ میاں نے مجھے ——"

لڑکے کا فقرہ اس کے گال پر ماں کا زور سے ایک تھپڑ لگنے نے مکمل کر دیا۔ وہ خود خوف سے کانپنے لگی کہ اس لڑکے کو کیا ہے۔ اس کا دماغ تو کہیں نہیں چل گیا۔ ایسے شیر جیسے جوان پر یوں بھی ہاتھ اُٹھاتے کون نہ گھبراتا۔ لیکن لڑکے نے اس کے جواب میں سے سر جھکا دیا اور اپنے کمرے میں جا کر چارپائی پر پتھر کی مانند گر پڑا اور وہاں دیکھتے دیکھتے یوں سو گیا جیسے اُسے بڑی نیند ہو۔

ماں کے جھنجھوڑ جھنجھوڑ کر جگانے پر کھانا کھانے کے لیے اُٹھا۔ نیم خوابی کی سی حالت میں دو چار نوالے لیے اور پھر سو رہا۔ باپ ت باہر سے واپس آنے پر اس کی طرف دیکھنا تک گوارا نہ کیا لیکن ماں نے چپکے سے اُس کے سرہانے بیس روپے کے نوٹ یے۔ حسب عادت وہ جب بھی اس پر خفا ہوتی تو اس کے سرہانے، سوتے وقت، کچھ پیسے چھوڑ جایا کرتی . . . . . .

نے رات ایک خواب دیکھا تھا کہ پنجرے میں بند جانور بڑی بے چینی سے اس کا انتظار کر رہے ہیں۔ اس کے ساتھ اسے اپنے یں اللہ کا یہ حکم صادر ہوتا سنائی دیا۔ "اُٹھ میرے پیغمبر۔ جا اور سارے جانوروں کو آزاد کرا!"

جب لڑکے کا ہاتھ ناداستہ کسی سرسراتی شے سے لگا تو اُسے وہاں بیس روپے کے نوٹ پڑے دکھائی دیے جنہیں اس ے فال کے طور پر تعبیر کیا۔

اُسی روز ریل کے ذریعے بارہ گھنٹے کی مسافت طے کر کے وہ لاہور پہنچا جہاں اُس نے اپنا مشن پورا کرنا تھا۔ دُور ہی سے اُسے ع اپنی طرف بلا رہی تھی۔ چنانچہ اُسے چڑیا گھر کھلنے سے پہلے ڈیڑھ دو گھنٹے اس کے باہر انتظار کرنا پڑا۔ اس کا دروازہ کھلتے ہی وہ شیر کے پنجرے کی طرف لپکا۔

شیر پنجرے کے اندر بڑی طمانیت سے چکر لگا رہا تھا۔ نوجوان نے پنجرے کے قریب پہنچ کر اس سے سرگوشی میں کہا۔

"میں آگیا، میں آگیا۔ اب فکر نہ کرو۔" یہ کہتے ہوئے اُس نے اپنے دونوں بازو اس کی طرف یوں پھیلا دیے جیسے اُسے اپنے ے لگا لینا چاہتا ہو۔ وہ ساتھ ساتھ منہ میں کچھ بڑبڑاتا رہا جیسے کوئی منتر پڑھ رہا ہو۔ جب شیر اس کی جانب آتا تو نوجوان کی آنکھیں وحشیانہ اور فتحمندانہ انداز میں پھیل جاتیں اور وہ اُسے اشاروں اشاروں میں کچھ کہتا دکھائی دیتا۔ اتنے میں پنجرے کے باہر تماشائیوں ا ہجوم اکٹھا ہو گیا تھا۔ نوجوان اس کی موجودگی سے بے خبر تھا حتیٰ کہ شیر یکدم اپنے اندرونی پنجرے میں چلا گیا۔ اس کے باعث نوجوان ے چین ہو کر پنجرے کا طواف کرنے لگا۔ اُسے نہیں معلوم تھا کہ تماشائی بڑے تجسس اور قدرے فکرمند انداز میں اُسے دیکھنے ں —— وہ تو کٹہرے کے اندر چلا گیا تھا جہاں قدم رکھنا ممنوع تھا۔ اُس نے پنجرے کی سلاخوں میں سے ہاتھ اندر

[illegible] کر شیر کو باہر [illegible] ۔ اتنے میں "باہر! باہر!" کی آواز آئی۔ اسے سن کر شیر نے جست [illegible] آواز شمال اور باہر [illegible] ۔ [illegible] اس کی طرف بڑھا اور کسی [illegible] سے پکڑ کر زور سے باہر [illegible] دیا۔

"ہوش کرو، پاگل تو نہیں ہو گئے نوجوان!" یہ خان بابا، چڑیا گھر کا ہیڈ جمعدار تھا جو وہاں پچاس برس سے جانوروں کی دیکھ بھال [illegible] رہا تھا۔ اس کے بعد اس نے شیر کی کمر پر بڑے پیار سے تھپکی دی اور اسے مخصوص ہلکار دیتے ہوئے کہا کہ اس عرصہ میں نوجوان [illegible] شیر کی طرف سنا پھولوں کا ہار پھینکتے دیکھا تو لپک کر اس کی گردن اپنے آہنی ہاتھ میں پکڑ لی۔

"پاگل۔ مرنے کا ارادہ ہے۔ کیا کر رہا ہے!" خان بابا نے یہ کہتے ہوئے نوجوان کو دوبارہ کٹہرے سے باہر کھڑا کر دیا۔ اس کے جواب میں نوجوان نے پشتو میں کہا۔

"کل . . . . یا دو چار روز میں رام ہو جائے گا۔"

خان بابا اس کی بات سن کر ہنس دیا۔ اسے نوجوان پر رحم بھی آیا اور جانوروں سے پیار رکھنے پر اس کا دل پسیج بھی گیا۔ چنانچہ وہ اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے اپنے ہمراہ دوسرے پنجروں کی جانب لے گیا جہاں شیر اور شیرنی بند تھے۔ نوجوان چونکہ چڑیا گھر میں اس کا واحد ہم وطن تھا اس لیے وہ اس کی بولی سمجھ سکتا تھا۔

مرغن سوا سو اس کا نے کا گوشت کھا کر دوسرے جنگلی جانور پنجروں کے اندر خمار آلود انداز میں نیم دراز تھے۔ خان بابا نے انھیں بھی وہاں سے آواز دے کر اٹھایا تاکہ تماشائی انھیں دیکھ سکیں۔ انھیں قریب آنے پر پالتو جانوروں کی طرح پیار کیا . . . . . شیرنی کا چار پانچ [illegible] کا اس کے پیچھے آ رہا تھا۔ خان نے اسے بھی بچے کی طرح پیار کیا۔

تین چار روز تک نوجوان مسلسل قبل از وقت ہی چڑیا گھر آ جاتا۔ اس کے باعث اس کا سارا عملہ اس سے قدرے مانوس ہو گیا۔

"خان۔ اسے بھی کسی پنجرے میں بند کر دو۔"

"نیا جانور!"

وہ ہنس کر کہتے۔ شروع میں ان کی استہزا آمیز ہنسی پر وہ دل ہی دل میں کڑھتا لیکن جب [illegible] خان بابا سے جنگلی جانوروں کو رام کرنے کا راز معلوم کرنے کی بجائے ان کی طرف رجوع کیا تو وہ اس سے بڑے تپاک سے ملنے لگے۔ چنانچہ وہ چڑیا گھر کے کھلنے اور بند ہونے کے اوقات کے علاوہ بھی اسے کوئی منتر پڑھ پڑھ کر شیر اور شیرنی کے پنجرے کا طواف کرنے دیتے۔ علاوہ ازیں نوجوان نے جب کٹہرہ پار کر کے جانوروں کے قریب جانے سے بکثرت گریز کرنا شروع کیا تو انھیں اس کی جانب سے کوئی خطرہ نہ رہا۔ تاہم خان بابا اسے [illegible] کے پاس دیکھ کر اس سے ضرور خبردار کرتا اور اس سے تعلقات بڑھانے سے روکتا۔

"خان بابا کو شیروں پر راج کرتے چالیس سال ہو گئے ہیں۔" نوجوان دل ہی دل میں کہتا "لیکن میں ——— اگر وہ مجھے نہ روکے تو ———"

. . . . . .

بات آٹھ روز میں نوجوان نے چوکیداروں کی خاطر تواضع پر سب پیسے خرچ کر ڈالے تو انھوں نے اس سے منہ موڑ لیا۔ اس کے اطوار دیکھ کر انھوں نے کہا: "کیسے پاگل سے پالا پڑا ہے۔ کہیں کچھ کر کھا نوکری سے ہاتھ دھونا پڑے گا، ورنہ کہیں خان بابا ہی سپرنٹنڈنٹ صاحب سے شکایت نہ کر دے۔ اگر جانوروں سے اتنا پیار ہے تو چڑیا گھر میں نوکری کیوں نہیں کر لیتا"۔

ایک رات جب سب چوکیدار سو رہے تھے اور کبھی کبھار گیدڑ اور اُلو بولنے کے سوا چڑیا گھر پر سکوت مسلط تھا تو ایک سایہ اس کا داخلی دروازہ پھاند کر اس کے اندر داخل ہوا اور چھپتا چھپاتا شیرنی کے پنجرے کی جانب لپکا۔ اُس نے دونوں ہاتھوں میں کچھ پکڑا ہوا تھا۔ ایک چوڑی اور پھولی ہوئی چیز، دوسری لمبوتری۔ کچھ وقفے کے بعد شیرنی کے پنجرے کے تالے پر زور سے ایک دھمز میں لگنے کی آواز آئی۔ جب تالہ نہ ٹوٹا تو ایک اور چوٹ لگی۔ یہ بھی کارگر ثابت نہ ہوئی۔ اس پر سایہ بجلی کی مانند پنجرے کی دوسری جانب بڑھا۔ اس کے اندر سے جانور اپنے اپنے پنجروں کی طرف جاتے تھے۔ اب تالے پر اینٹ سے چند وار ہوئے اور پنجرے کے اندر سے شیرنی کے کسمسانے اور غرانے کی آواز آئی۔ معاً خطرے کا الارم ہوا۔ چوکیدار جاگ اُٹھا۔ شاید چوری ہو رہی تھی۔ لیکن سایہ الارم سے بے خبر رہا۔ آخر کار وہ تالہ توڑنے میں کامیاب ہو گیا۔ تالا گر پڑا۔ سائے نے پنجرے کا دروازہ اندر کو دھکیلا ——— ایک دیو قامت انسان اسے پوری طاقت سے کھولنے کی کوشش کر رہا تھا لیکن وہ اسے آدھا ہی کھول سکا۔ اس دوران کچھ چوکیدار ان پنجروں کی طرف لپکے جدھر سے آواز آئی تھی۔ اب سائے نے ایک ٹوکری پنجرے کے دروازے کے پاس رکھ دی اور خود آگے ہو کر یوں بیٹھ گیا کہ اس کے پاؤں باہر لٹک گئے۔ نیم تاریکی میں دو شعلہ بار آنکھیں اِدھر بڑھیں اور سائے کو اپنے قریب شیرنی کی مخصوص بُو اور گرمی قریب سے قریب تر آتی محسوس ہوئی حتیٰ کہ اس کا سانس اُس کے کندھے اور گردن کو چھونے لگا۔

"آؤ۔ آؤ۔ میں تمھیں آزاد کرنے آیا ہوں۔" سایہ بولا۔

شیرنی نے پہلے کچھ سونگھا ——— پھولوں سے بھری ایک ٹوکری ——— پھر معاً اس کے دانت سائے کے کندھے میں گھب گئے۔ کرچ کی ایک آواز آئی اور اُسے اپنا کندھا اور بازو اُترتا محسوس ہوا۔ سائے نے اس پر لمبی لوہے کی سلاخ زور سے شیرنی پر مارنے کے لیے ہاتھ اُٹھایا لیکن یہ ادھ کھلے دروازے سے ٹکرا کر گر گئی۔

"خان بابا۔ بندوق!"

"نہیں نہیں۔ خان کو ضرورت نہیں ..... پاگل ..... شیرنی کا پنجرہ ..... اپنی حفاظت کرو۔" خان بابا چلاتا ہوا پنجرے کی جانب لپکا۔

"تُو سی باہر" وہ پنجرے کے قریب پہنچ کر رُکا۔ اُس نے دیکھا کہ اس کے نیم وا دروازے میں سے باہر باہر نکل رہا تھا۔ اس کے اگلے پاؤں باہر تھے۔

"باہر!" خان بابا کی آواز سنتے ہی وہ معاً پیچھے مڑ گیا اور بابا کے بوڑھے بازوؤں میں نہ جانے اس وقت کہاں سے اتنی بے پناہ قوت

آگئی کہ اُس نے آنکھیں بند کر دیا۔

"[illegible] شکر ہے۔ واہ واہ شکر ہے!" اُس نے [illegible] طرح سے اپنے آپ پر تاریخ کی شاہیں پڑتے دیکھ کر مرتے ہوئے کا جاں بلب چوکیدار نے بندوقوں سے بھرا ہوا ہاتھ نہ پانے اپنی حفاظت میں لے رکھا تھا۔

دُور کہیں دُور بیٹھی سائے کا سالم بازو چیار ہی تھی۔ اب دُور سے ہاتھا پائی کی آواز آئی۔ یہ مجروح نوجوان تھا جو درد کی کراہ نکالے بغیر خون کا فوارہ چھوڑتے ہوئے واپس جا رہا تھا کہ اُسے راستے میں ایک چوکیدار نے دبوچ لیا۔ اس پر نوجوان نے سونے سے وار کرنا چاہا لیکن اس نے اس کا وار اوچھا کر دیا۔

"اللہ کا حکم ہے۔ تم مجھے روکنے والے کون ہو۔" نوجوان نے پشتو میں کہا۔

"جانور خدمت اور پیار سے رام ہوتا ہے۔" خان بابا نے جواب دیا۔

نوجوان کو فوراً ہسپتال پہنچایا گیا جہاں وہ تین چار ہفتے میں مر گیا۔

"جانوروں کو آزاد کرو۔ آزاد!" اُس کے آخری الفاظ تھے۔

کُرسی

ستیش بترا

مسٹر اینڈرسن اپنے ایرکنڈیشنڈ کیبن میں بیٹھے ڈاک پر دستخط کر رہے تھے۔ یہ اُن کا دفتر میں آخری دن تھا۔ اُن سے ذرا پیچھے نہایت ادب سے کھڑی اُن کی سیکرٹری مس واڈیا باری باری ٹائپ شُدہ خط پیش کرتی اور اینڈرسن دستخط کرتے ہوئے کبھی کوئی سوال پوچھ اُٹھتے تو وہ نہایت انکساری سے مطلوبہ معلومات فراہم کر دیتی۔ مسٹر اینڈرسن کو مس واڈیا کی فرمانبرداری، اُس کی کاروباری معاملوں رکھنے کی سُوجھ بُوجھ اور ٹیپ ریکارڈر سی یادداشت نے ہمیشہ متاثر کیا تھا۔ وہ اکثر فرم کے ڈائریکٹروں اور اعلیٰ افسروں سے کہا کرتے "مس واڈیا تو اس فرم کی چلتی پھرتی انسائیکلوپیڈیا ہے!"

جب مسٹر اینڈرسن آخری خط پر دستخط کر چکے تو اُنھوں نے اپنی سنہری عینک اُتار کر میز پر رکھ دی۔ اور اپنی نیلگوں آنکھوں کو ہتھیلیوں کی پُشت سے ملتے ہوئے مس واڈیا کی طرف دیکھا اور پھر اُن کا جھریاں پڑا ہوا چہرہ مُسکرا دیا۔

"مس واڈیا! تیس سال کے لمبے عرصے کے بعد میں آج اپنی تمام ذمہ داریوں سے سبکدوش ہو رہا ہوں۔ آج اس فرم کو شروع ہوئے بھی اتنا ہی عرصہ ہو گیا ہے۔ لیکن پچھلے پندرہ برسوں میں جس رفتار سے فرم کا کام بڑھا ہے اور جس طرح سے ان بڑھتی ہوئی ذمہ داریوں کو نبھانے میں جو مدد تم نے مجھے دی ہے میں اُس کے لیے بے حد شکر گزار ہوں!" اور وہ اُس سے ہاتھ ملانے کے لیے اُٹھ کھڑے ہوئے۔

مس واڈیا کا دُبلا پتلا وجود جیسے ایک لمحہ کے لیے لرز گیا۔ اُسے مسٹر اینڈرسن کے ساتھ کام کرنے میں جو لُطف آیا تھا وہ اُسے کبھی بھی نہ بُھلا سکے گی۔ اُس کا گلا شدّتِ جذبات سے بھر آیا۔

"میں آپ کی مہربانیوں کو کبھی نہیں بُھلا سکتی سر! میں بلکہ فرم کے سب لوگ آپ کو ہمیشہ یاد کریں گے!" اُس نے آگے بڑھ کر مسٹر اینڈرسن کا ہاتھ تھام لیا۔

مسٹر اینڈرسن شفقت بھری نگاہوں سے اُس کی طرف چند لمحے دیکھتے رہے اور پھر سوکھے لبوں پر زبان پھیرتے ہوئے بولے۔ "مس واڈیا۔ میں تمھاری ان انتھک خدمات کے لیے ایک نہایت معمولی سا تحفہ پیش کرنا چاہتا ہوں!" اُنھوں نے میز کا دراز کھولا اور ایک سونے کی گھڑی نکال کر اُس کے ہاتھ میں رکھ دی۔

"مسٹر اینڈرسن!" وہ اتنا قیمتی تحفہ دیکھ کر چونک پڑی اور پھر اُس نے شدّتِ جذبات سے مسٹر اینڈرسن کی ہتھیلی کی پُشت کو بوسہ دے لیا۔ اُس کی آنکھیں بھر آئی تھیں۔

مسٹر اینڈرسن نے اُس کی پیٹھ کو پیار سے تھپتھپاتے ہوئے کہا "دیکھو۔ دیکھو! اب پچھتاؤ نہ بنو!"

مس واڈیا نے رومال سے آنکھیں خشک کرتے ہوئے ڈاک کے کاغذوں کو سنبھالتے ہوئے کہا: "کتنا عجیب معلوم ہوتا ہے کہ کل سے اینڈرسن اینڈ گراہم لمیٹیڈ کی نامی فرم میں اینڈرسن نہ ہوں گے!"

"دُنیا کا یہی دستور ہے مس واڈیا!" اینڈرسن نے فلسفیانہ انداز میں اپنے گنجے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔ پھر اُنھوں نے گھڑی پر نگاہ ڈالی: "اوہ! ساڑھے پانچ بج چکے ہیں! مس واڈیا اب تم گھر جا سکتی ہو! میں ابھی کچھ دیر اور بیٹھوں گا! باقی باتیں مس واڈیا!" وہ اُسے دروازے تک چھوڑنے کے لیے آئے۔

"گڈ بائی سر، گاڈ بلیس یو!" اور مس واڈیا کیبن کا دروازہ آہستگی سے بند کرتے ہوئے، سسکیوں کو رومال میں دباتے باہر چلی گئی۔

مس واڈیا کے جانے کے بعد مسٹر اینڈرسن کی نگاہیں کمرے میں پڑی ہوئی فائلنگ کیبنٹ سے جھانکتی، آدم قد کاروباری نقشہ سے پھسلتی، اپنے سامنے پڑے ہوئے کمان کی طرح خمیدہ میز کی چمکدار سیاہ سطح میں کچھ ڈھونڈنے لگیں۔ کھڑکیوں پر لگے ہوئے دبیز، ادامی پردے، گنجان شکنوں میں بٹے، فرش پر لرز رہے تھے۔ کھڑکی کے پاس کسی سیٹچ کی طرح، ڈوری سے بندھے سُرخ پردے لٹک رہے تھے اور ان کے درمیان سے ایرکنڈیشنر کمرے میں چھنی ہوئی ٹھنڈی ہوا پھینک رہا تھا۔ دائیں طرف دیوار پر لگے ہوئے ہندوستان کے نقشے پر چار ٹبے سے سُرخ ٹمٹ اور آٹھ نیلے ٹمٹ لگے ہوئے تھے۔ سُرخ ٹمٹ کمپنی کے زونل دفتروں کی نشاندہی کرتے تھے اور نیلے ٹمٹ کمپنی کی مختلف شاخوں کی! پچھلے پندرہ سالوں میں اینڈرسن اور گراہم کے مشترکہ ہاتھوں سے لگایا ہوا پودا تیزی سے ایک مضبوط، گھنے سایہ دار درخت کی شکل اختیار کر چکا تھا۔ اُس کے ٹھنڈے سائے کے نیچے اب تین ہزار سے زیادہ شخص اپنی روزی کما رہے تھے۔ مسٹر اینڈرسن کو وہ دن نہایت اچھی طرح یاد تھا جب آج سے تیس سال پہلے اُنھوں نے اپنے ایک بچپن کے دوست گراہم کے ساتھ بمبئی میں ایک چھوٹے سے دفتر "اینڈرسن اینڈ گراہم" کی داغ بیل ڈالی تھی۔ اُس وقت اُن کے پاس صرف ایک سٹینو گرافر تھی اور دو نوجوان محنتی کلرک۔ اور پھر یہ چھوٹا سا ایک کمرے پر مشتمل دفتر فورٹ کی کئی مشہور بلڈنگوں سے زیادہ اور پھر اور زیادہ جگہ کی تلاش میں منتقل ہوتا آج بیلارڈ اسٹیٹ کی ایک عالیشان ایرکنڈیشنڈ بلڈنگ کے پورے دو فلوروں کو بھی ناکافی پا رہا تھا۔

مسٹر اینڈرسن کی میز آج بالکل خالی ہو چکی تھی۔ ٹرے میں سلیقے سے لگے ہوئے اسٹینڈ پر خلاف از معمول ایک بھی فائل نہ تھی، ایک بھی کاغذ نہ تھا! وہ ایک لمحہ کے لیے خوشی سے مسکرا اُٹھے۔ وہ آج بالکل آزاد تھے! اُنھیں اب فرم کے کسی معاملے سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔ اُنھوں نے کونے میں پڑے ہوئے ریوالونگ بک ریک کو زور سے گھمایا۔ ریک میں لگی ہوئی کمپنی لا، بزنس مینجمنٹ اور پیرلا سے متعلقہ موٹی موٹی کتابیں تیزی سے گھوم رہی تھیں۔ جیسے وہ کسی میری۔ گو۔ راؤنڈ (Merry - go - round) کی گھومتے اور ہاتھی نما نشستیں ہوں۔ سامنے دیوار پر "بلڈی" اور "فائدہ" کے گراف کی درجہ بدرجہ اُبھرتی لکیریں گویا چھت کو چھونے لگ گئی ہوں۔ میز پر سجے ہوئے لال اور زرد کے پھول جن سے کمرہ ہمیشہ معطر رہتا تھا، یکدم کھلکھلا کر ہنس پڑے ہوں۔ اُنھوں نے میز پر سے پیپر ویٹ

اُٹھایا اور اُسے اس ہاتھ سے اُس ہاتھ میں اچھالنے لگے۔

دروازہ پر ایک جانی پہچانی دستک ہوئی۔

"کم اِن جیکی!" اُن کی آواز میں ایک کھنکھناپن اُبھر آیا۔ اُن کا قیاس بالکل درست تھا۔ وہ جیک گراہم ہی تھا!

"اینڈی! تم آج ہم سے الگ ہو رہے ہو۔ میں نے سوچا ایک ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹر کے حضور میں اپنا سلام بجا لاؤں!"

"اوہ ڈونٹ بی سلی جیکی!" اینڈرسن نے اُٹھ کر گراہم کو کندھوں پر دباؤ ڈال کر کرسی پر بٹھاتے ہوئے کہا۔ "میں فرم سے جُدا ہو رہا ہوں۔ تم سے تو نہیں! میں ویسے بھی اب فرم کی ذمہ داریوں کا بوجھ اُٹھانے کے قابل نہیں رہا۔ فرم کو جوان خون کی ضرورت ہے!"

"اور تجربہ کی بھی!"

"وہ تجربہ تو تمہارے مجسم رُوپ میں موجود ہے ہی!" اینڈرسن نے قہقہہ لگاتے ہوئے کہا۔ "مجھے یقین ہے کہ تمہارے نئے ڈائریکٹر بی پٹیل کا جوش اور اُتساہ اور تمہارا جہاندیدہ تجربہ اس فرم کو اور دُور تک لے جائیں گے! میرے لیے کیا اتنا فخر کم ہے کہ اس فرم کے نام کے ساتھ میرا حقیر نام بھی منسلک ہے!" اور پھر وہ ہنس دیے۔

"یاد ہے وہ دن جب تم نے اس فرم کو شروع کرنے کا پلان میرے سامنے رکھا تھا! میں تو کچھ عرصہ کے لیے کانپ کانپ گیا تھا!"

"اینڈی! تم تو بخوبی جانتے ہو کہ اس فرم کو چلانے میں ہمارے لیے آزمائش کے کئی مواقع آئے اور جب بھی میرے قدم ڈگمگائے تو ہمیشہ تمہاری ثابت قدمی اور خود اعتمادی نے مجھے سہارا دیا۔ یاد ہے وہ ہڑتال جب یونین نے اپنی ناجائز مانگیں ہمارے سامنے رکھی تھیں اور تم نے ان مانگوں والے کاغذ کے ٹکڑے ٹکڑے کرتے ہوئے کتنی خود اعتمادی سے کہا تھا۔ اینڈرسن اور گراہم کی فرم فورمین کے ایک اشارہ کرنے سے محض پانچ آدمیوں سے شروع ہوئی تھی۔ اینڈرسن اور گراہم کے بازوؤں اور دماغ میں اب بھی اتنی ہمت اور طاقت ہے کہ وہ ایسی ہی کئی فرموں کو پھر سے جنم دے سکیں۔"

مسٹر اینڈرسن مسکرا دیے۔

اتنے میں دروازے پر ہلکی سی دستک ہوئی اور تھوڑے سے کھلے دروازے میں سے پٹیل کے لمبے لمبے گھونگریالے بالوں سے بھرے سر نے اندر جھانکا۔

"کم اِن جے بی۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی میٹنگ میں صرف تمہاری کسر باقی تھی!" مسٹر اینڈرسن نے اپنی پُرجوش آواز میں شرارت بھرے انداز میں کہا

"مسٹر اینڈرسن! میں آخری روز آپ سے ملنے کی سعادت چاہتا تھا!" اُس نے اپنا ہاتھ مصافحہ کے لیے آگے بڑھا دیا۔

کہنے لگا۔ "مجھے یقین ہے کہ آپ ریٹائر ہونے کے بعد بھی فرم سے دلچسپی جاری رکھیں گے اور ہمیں آپکے قیمتی تجربے کا فیض نصیب ہوتا رہے گا!"

جے۔ بی۔ پٹیل فرم کا ڈائریکٹر ہونے کے علاوہ مینیجنگ ایجنسی میں بھی گراہم اور اینڈرسن کے ساتھ تیسرا ساجھی تھا۔ دراصل ایک فرم میں سرمائے کی ضرورت پڑنے پر پٹیل نے مرحوم پتانے مینیجنگ ایجنسی میں حصے کے عوض سرمایہ لگانے کی پیشکش کی تھی اور اب جب کہ اینڈرسن ریٹائر ہو رہے تھے انھوں نے مینیجنگ ایجنسی میں اپنا حصہ گراہم اور پٹیل کو بیچ دیا تھا۔

"اچھا مسٹر اینڈرسن! مجھے چند لوگوں کو لینے کے لیے ہوائی اڈے پر پہنچنا ہے ——— میں اب آپ سے رخصت چاہوں گا" (I wish you the very Best) اور وہ ہاتھ ملا کر کمرے سے باہر چلا گیا۔

"اچھا لڑکا ہے!" اینڈرسن نے کہا۔

"لیکن یہ وقت پڑنے پر کبھی کبھی ضدی بھی ثابت ہو سکتا ہے!" گراہم نے کہا۔

"جوانی ہے! وقت کے تھپیڑے سب کو راہ راست پر لے آتے ہیں!"

"اچھا اینڈی! میں بھی چلوں گا! تمھارے کیا ارادے ہیں! تم نہیں چل رہے کیا؟"

"نہیں جیکی! میں ——— میں ذرا کچھ دیر اور ٹھیروں گا!"

"میں سمجھتا ہوں اینڈی! یہ پودا تمھارے ہاتھوں کا ہی لگایا ہوا ہے جسے تم نے دن رات محنت کر کے اپنے خون اور پسینے سے سینچا ہے! تمھیں اس کا رواں رواں عزیز ہے! تمھیں اس سے بچھڑتے ہوئے کتنی تکلیف ہو رہی ہوگی!"

"نہیں جیکی! تم تو جانتے ہو میں اتنا زیادہ جذباتی نہیں ہوں۔ لیکن پھر بھی میں کچھ دیر اور رکنا چاہوں گا!"

"فرم چھوڑنے کے بارے میں تم اب بھی اپنا فیصلہ بدل سکتے ہو اینڈی!"

"نہیں اب میں نے پکا ارادہ کر لیا ہے۔ جیکی۔ میں اب تھک گیا ہوں۔ مجھے آرام اور چین چاہیے اور وہ بزنس میں نہیں مل سکتا"

"ٹھیک ہے اینڈی! مجھے تمھارے خیالات کا احترام ہے! اچھا اب میں چلتا ہوں!"

گراہم کے چلے جانے کے بعد وہ دیر تک کسی سوچ میں کھوئے اپنے کمرے میں بیٹھے رہے۔ گویا وہ زندگی بھر کے گزرے ہوئے وقت کو چند مختصر لمحوں میں سمو دینا چاہتے ہوں۔ اینڈرسن اینڈ گراہم لمیٹڈ نام کا فرم تھا اُن کا شاہکار، دُنیا کو اُن کی دین! اُن کی ساری زندگی کا حاصل اور نچوڑ! وہ دھیرے سے اُٹھے اور اپنے کیبن سے باہر کشادہ ہال میں نکل آئے جہاں زیتونی رنگ کی آہنی میزوں اور کرسیوں کی لمبی قطاریں ہال بھر کی وسعت میں الماریوں کے درمیان نہایت ترتیب سے پھیلی ہوئی تھیں۔ ہال بالکل خالی تھا۔ سنسان! ٹائپ رائٹروں کی کھٹ کھٹ، ٹیلیفون کی ٹن ٹن پر بجنے والی گھنٹیاں، چہکتی، چیختی نسوانی آوازیں، پھرتی سے اِدھر اُدھر گھومتے قدموں کی آہٹ کے بعد یہ ہال بالکل ویران معلوم ہو رہا تھا۔ ہر صبح کی طرح یہ ہال کل پھر بھر جائے گا، پھر وہی شاف کی چہل پہل، پھر وہی جانا پہچانا شور۔

رگا ——— لیکن اس وقت تو یہاں بالکل سناٹا تھا۔ اس ویرانی میں ہال کی کرسیاں اور میز بالکل غمگین نظر آ رہے تھے حتیٰ کہ میں دروازے کے
پر لٹکے ہوئے بجلی کے کلاک کی ٹک ٹک بھی صاف سنائی دے رہی تھی۔ یہ تمام میز کرسیاں، الماریاں ایک ایک کر کے اُن کی نظروں کے سامنے یہاں
ئی تھیں۔ یہ اتنی بڑی تعداد کیسے ہو گئی؟ کیونکر ہو گئی؟ پانچ آدمیوں سے تین ہزار! تین ہزار خاندان اس فرم کی بدولت اپنی زندگی بسر کر رہے
تھے! اس شاندار ترقی میں اُن کا کتنا بڑا ہاتھ تھا! وہ رکتے، ٹھٹکتے، گردن گھماتے، دھیرے دھیرے چلتے، دروازے کے قریب پہنچ
ئے۔ دربان نے نہایت ادب سے دروازہ کھول دیا۔

"اچھا جوزف بائی بائی!" اور دربان نے نہایت چستی سے سیلوٹ مار دی۔ اُنھوں نے مسکراتے ہوئے ہلکے سے سر
ہلا دیا۔

"آج سیلوٹ نہیں!" اور اُنھوں نے اپنا ہاتھ دربان کی طرف بڑھا دیا۔ جوزف ایک لمحہ بھونچکا سا رہ گیا! اور پھر اُس نے
جلدی سے مسٹر اینڈرسن کا ہاتھ تھام لیا اور اُسے آنکھوں سے لگا لیا۔ جب اُس نے سر اٹھایا تو اُس کی آنکھیں نم تھیں۔ مسٹر اینڈرسن
نے اُس کے کاندھوں کو تھپتھپایا اور بلڈنگ سے باہر آ گئے۔

سفید بے داغ وردی میں ہوس شوفر نے نہایت ادب سے آگے بڑھ کر دمکتی ہوئی سیاہ پونٹیک کار کا دروازہ کھول دیا۔
اور زندگی سے تھکے ماندے اینڈرسن کار میں بیٹھ گئے۔

اگلے روز صبح سوا نو بجے دفتر میں روزمرہ کی طرح چہل پہل تھی۔ چند لوگ گروہوں میں بیٹھے کسی ڈیسک کے گرد دوستوں سے خوش گپیوں
میں مشغول تھے۔ کچھ لوگ باری باری دفتر میں چلے آ رہے تھے۔ ہر آنے والے کے ساتھ 'ہیلو' 'گڈ مارننگ' کا شور اٹھتا اور پھر وہ دفتر
کی بڑھتی ہوئی آبادی میں اپنے مقرر شدہ کونے میں جذب ہو جاتا۔ اس شور میں نسوانی آوازیں اور قہقہے نہایت صاف طور پر سنائی دیتے
تھے بے باک مذاق، کہیں دبی دبی ہنسی۔ دفتر کی سفید تیلوں کے بیچ میں، خوشنما اور رنگین سکرٹوں سے گوری گوری ٹانگیں جھانکتی، ہال
کے فرش پر کھٹ کھٹ کرتی، ادھر اُدھر جا رہی تھیں۔ دفتر ٹھیک ساڑھے نو بجے لگتا تھا۔ ان آخری پندرہ منٹوں میں شور کی لے دھیرے دھیرے
تیز، دھیمی ہوتی چلی جاتی تھی کہ ساڑھے نو بجے ٹائپ رائٹروں کی کھٹ کھٹ یا چند دبی دبی سرگوشیوں کے علاوہ ہال پر ایک عجیب قسم کی
خاموشی قبضہ جما لیتی۔ اور پھر آہستہ آہستہ دس بجے کے قریب جب فرم کے گاہک اور باہر کے لوگ آنے لگتے تو یہ شور ایک نیا سُر بدل
لیتا۔ باہر سے آنے والوں کی ضرورت سے زیادہ بلند آوازیں اور اندر کے لوگوں کا مسکرا کر مہذب گفتگو کرنے کا طریقہ، ایک مخصوص کاروباری
شور میں ڈھل جاتا۔

گراہم کی سیکرٹری مس پیٹرسن ہاتھ روم سے اپنے ہونٹوں پر لپ اسٹک، گالوں پر سرخی اور پاؤڈر لگا کر ابھی ابھی لوٹی تھی اور فائلنگ
سیکشن کھول کر کچھ فائلیں نکال رہی تھی کہ وہ ایک لمحہ کے لیے ٹھٹک گئی۔ مسٹر گپتا جنھوں نے ابھی ابھی ہلکا سا گلا صاف کیا تھا، جلتی ہوئی دیا سلائی
بڑے بُت سے جمی کر رہ گئے۔ مس گرے والا کی پھرتی سے ٹائپ کرتی ہوئی انگلیاں ٹھٹھر گئیں۔ مسٹر شیٹی جنھوں نے ایک نہایت ضروری خط

قصہ انشروع کیا تھا، بولتے بولتے یکدم رُک گئے۔ وہ جنہوں گردنیں اور نگاہیں ایک ساتھ مڑ گئیں۔ دروازے پر کھڑا ہوا کلرک ساٹھ سے زیادہ
تھا اور اُس کے ساتھ ہی کھلے دروازے میں سے فرم کے ریٹائرشدہ ڈائریکٹر مسٹر اینڈرسن ـــــ روزمرہ کی طرح آج بھی داخل ہوتے ہوئے دیکھ
نے صرف اتنا نوٹ کیا کہ اُن کے ہاتھ میں معمول کے مطابق آج بیگ کی بجائے صرف اخبار . . . . تھا۔ وہ اخبار والے ہاتھ کو اپنی خصوصی
سے سر کے اُوپر لہراتے، سب کو "گڈ مارننگ" کہتے اپنے کیبن کی طرف بڑھ گئے۔

مسٹر گپتا کے ہاتھ میں دیا سلائی کا شعلہ اُن کی انگلیوں کو جلانے لگا تھا اور انھوں نے "ڈیم اٹ" کہتے ہوئے دیا سلائی کی تیلی
ایش ٹرے میں پھینک دی۔ خط لکھواتے ہوئے مسٹر شیٹی نے اپنی سٹینو سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا۔ "لو۔ مسٹر اینڈرسن کو وہی بُری
اور اسی پارٹی فلدت ہو گئی!" مس گورے والا کا ہاتھ بے اختیار اُٹھ کر گالوں سے لگ کر سوالیہ فقرہ بن گیا۔ فائلیں نکالتی ہوئی مس بیمرٹ
نے مس واڈیا کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔ "یور باس!" اور پھر اُس نے ایک ادا سے اپنی ایک انگلی اپنے گھنگھریالے سر کے پاس لے جا
گھمائی جیسے وہ کہنا چاہتی ہو کہ مس واڈیا دیکھو تمھارے باس کے دماغ کا کوئی پُرزا ڈھیلا ہو گیا ہے۔

مس واڈیا بھی اینڈرسن کی طرف دیکھتی رہ گئی۔ شاید مسٹر اینڈرسن کوئی ضروری کاغذ بھول گئے تھے جس کی وجہ سے انھیں آج
پھر دفتر آنا پڑا تھا۔ لیکن یہ ممکن نہ ہو سکتا تھا۔ مسٹر اینڈرسن اپنے کام کاج میں جس قدر تفصیل سے دلچسپی لیتے تھے، شاید ہی فرم میں کوئی دوسرا
لیتا ہو گا۔ اور پھر اُن کے ذاتی کاغذات کے تمام فائل پچھلے ہفتہ ہی اُن کے بنگلے پر بھیجے جا چکے تھے۔ اب تو اُن کے کمرے میں کوئی کاغذ
تھا۔ پھر کیا وجہ تھی مسٹر اینڈرسن کو بغیر اطلاع دیے کسی کا اُن کے دفتر میں آنا پسند نہ تھا۔ وہ ضرورت پڑنے پر خود ہی سیکرٹری کو بلانے
کے قائل تھے۔ وہ بڑی بے صبری سے انٹرکام ـــــ intercom ـــــ پر بلاوے کا انتظار کرنے لگ گئی۔

ایک گھنٹے سے زیادہ گزر گیا لیکن مس واڈیا کے لیے مسٹر اینڈرسن کی طرف سے کوئی بلاوا نہیں آیا۔ دفتر میں چہ مگوئیاں بڑھ
رہی تھیں۔ مس گورے والا کا بھی اس راز کو جاننے کے لیے بے صبرے پن ہو رہا تھا۔ وہ باتھ روم جانے کے بہانے مسٹر اینڈرسن
کے کیبن کے سامنے سے گزری اور دروازے میں لگے ہوئے بیضوی شیشے میں سے جھانک کر اُلٹے پاؤں مس واڈیا کی
طرف لپکی۔

"مس واڈیا! مس واڈیا!" اُس کی آواز میں ایک عجیب گھبراہٹ اور حیرت کا عنصر تھا گویا وہ کوئی ناممکن چیز دیکھ کر آ
رہی ہو۔

مس بیمرٹ اور کیبن میں دوسری بیٹھی ہوئی سٹینوگرافر اپنا کام چھوڑ چھاڑ کر مس واڈیا کی میز کے پاس پہنچ گئیں۔

"مس واڈیا! آپ کا باس تو بڑے مزے سے میز پر دونوں ٹانگیں چڑھائے، سگار پیتا، دھواں چھوڑتا، اخبار پڑھ
رہا ہے!" مسٹر اینڈرسن سے ایسی توقع کرنا واقعی کچھ عجیب سا معلوم ہوتا تھا۔ سب کھلکھلا کر ہنس پڑیں۔

"اچھا!" مس واڈیا بھی اپنے تعجب کو چھپا نہ سکی۔

"ارے اخبار ہی پڑھنا تھا تو اپنی کوٹھی کا برآمدہ کیا کافی تھا!" مس بیمرٹ نے چوٹ کی۔ اور پھر "بڑے آدمیوں کی بڑی

کر شانے جھٹکتی اپنے میز پر ٹائپ کرنے میں مشغول ہو گئی۔ سب لڑکیاں اپنی اپنی سیٹ پر جا کر بیٹھ گئیں۔

مس واڈیا کو مس لیمبرٹ کا یہ جملہ اپنے باس کی شان میں زیادہ اچھا نہ لگا۔ جیسے واقعی مسٹر اینڈرسن نے ریٹائر ہونے کے بعد دفتر میں آ کر کوئی بھول کی ہو۔ اس نے کچھ سوچ کر مسٹر اینڈرسن کے کیبن میں جانے کا فیصلہ کر لیا۔

مسٹر اینڈرسن کے کیبن کے قریب پہنچ کر اس نے پہلے بیضوی شیشے میں سے ایک سرسری لیکن پُرمعنی انداز سے اندر جھانکا۔ مس لُوسے والا واقعی ٹھیک کہہ رہی تھیں۔ اس نے پچھلے پندرہ سالوں میں مسٹر اینڈرسن کو کبھی اس انداز میں نہیں دیکھا تھا۔ اس نے نہایت ادب سے دستک دی۔ اندر سے مسٹر اینڈرسن کی جانی پہچانی آواز سنائی دی۔

"کم اِن!"

اس نے نہایت تپاک سے دروازہ کھولا اور "گڈ مارننگ سر" کہتی اندر داخل ہو گئی۔

"میں آپ کی کوئی مدد کر سکتی ہوں سر؟"

مسٹر اینڈرسن نے اخبار بند کرتے ہوئے میز سے ٹانگیں ہٹا لیں۔

"او مس واڈیا۔ تم! تمہیں اس کمرے میں کوئی فرق محسوس ہو رہا ہے؟ دیکھو اس کمرے میں کتنی شانتی ہے، کتنا سکون! کل تک یہاں ٹیلیفون کی گھنٹیاں متواتر بجتی رہتی تھیں، ہر کوئی، ہر لمحہ اپنا مسئلہ حل کروانے یا میری رائے لینے گھسا آتا تھا۔ میں ان سب سے پریشان ہو گیا تھا۔ میرے دل میں بڑی خواہش تھی کہ میں ایک بار اس کیبن میں ایسی ہی خاموشی اور شانتی کو محسوس کر سکوں! زندگی محض مصروفیات اور کام ہی تو نہیں۔ کل تک مصروفیات میری زندگی کو دھکیلے آ رہی تھیں، آج میں اُن پر حاوی ہوں! زندگی میرے اشارے پر ناچ سکتی ہے! میں چاہوں تو اسی وقت دفتر سے اُٹھ کر جا سکتا ہوں۔ کل تک میں ایسا کرنے کے لیے ترس گیا تھا! یہ کرسی میرے پاؤں میں زنجیر باندھے ہوئے تھی لیکن آج ——— میں آزاد ہوں، خود مختار ہوں، جو چاہوں کر سکتا ہوں!" اور اُنھوں نے تیزی سے میز کے قریب رکھا ہوا بٹن ایک دم دبا دیا۔

اتنے میں ایک جانی پہچانی دستک سنائی دی اور پل بھر میں گراہم نے اندر جھانکا۔ وہ جیسے اینڈرسن کو دیکھ کر ایک لمحہ کے لیے چونک گیا۔ اور پھر وہ مسکراتا ہوا بولا: "اینڈی تم آج یہاں؟" اور پھر اس نے گھومتے ہوئے بک ریک کی طرف دیکھا۔

"بڑے اچھے موڈ میں ہو اینڈی!"

"ہاں جیکی۔ میں محسوس کرنا چاہتا تھا کہ ذمہ داریوں کا کانٹے دار تاج اُتارنے کے بعد انسان اپنے آپ کو کتنا ہلکا محسوس کرتا ہے! جیکی اگر تمہیں اعتراض نہ ہو تو میں اس کیبن کو ابھی چند روز استعمال کروں گا!"

"ارے واہ اینڈی! یہ بھی کوئی پوچھنے کی بات ہے! تم جب تک چاہو اس کیبن کا استعمال کرو۔ دیکھو مس واڈیا۔ یہ کیبن مسٹر اینڈرسن کے لیے مخصوص رہے گا۔ میں نے کل مسٹر ٹیل سے مسٹر ٹیٹی کو یہ کیبن دینے کے لیے کہہ دیا تھا۔ انھیں کہہ دو کہ سابقہ انتظام برقرار رہے گا۔ اور اینڈی اگر چاہو تو مس واڈیا بطور سیکرٹری اب بھی تمہارا کام کر سکتی ہے!"

"نہیں شکریہ۔ میں اب کاروبار میں نہیں اُلجھنا چاہتا۔ مس واڈیا کو اب کوئی اور کام دیا جا سکتا ہے!"

"اگر جے۔ پی چاہے تو میرا ارادہ مس واڈیا کو اُس کا سیکرٹری بنانے کا ہے!"
"نہایت اچھا خیال ہے۔ مس واڈیا ہے۔ جی کی بہت مدد کر سکتی ہے!"
مس واڈیا اپنی تعریف سن کر شرما گئی اور وہ دونوں کو باتیں کرتا چھوڑ کر باہر چلی گئی۔

چونکہ مسٹر اینڈرسن کے کام کی بیشتر ذمہ داری مسٹر پٹیل کو سونپ دی گئی تھی مس واڈیا کو بھی توقع تھی کہ وہ جلد ہی مسٹر پٹیل کی سیکرٹری بنا دی جائے گی لیکن ایک ہفتہ گزر جانے پر بھی کوئی ایسے آرڈر نہیں آئے۔ وہ چند دنوں تک مسٹر اینڈرسن کی بچی ہوئی فائلوں پر نوٹ لگاتی رہی لیکن آہستہ آہستہ اُس کی مشغولیات ختم ہو گئیں۔ وہ مس لیمبرٹ سے باتیں کرنے کی کوشش کرتی لیکن اُس کے پاس فرصت کہاں تھی۔ اب وہ کبھی کبھی اُس کا ہاتھ بٹا دیا کرتی یا پھر اپنی سیٹ پر بیٹھے بیٹھے جاسوسی ناول پڑھنے میں مشغول رہتی۔ نہ جانے اُسے کیوں احساس ہو رہا تھا گویا وہ بھی مسٹر اینڈرسن کے ساتھ ساتھ ریٹائر ہو گئی ہو۔

اینڈرسن اس دوران میں باقاعدہ دفتر آتے لیکن گھنٹہ دو گھنٹے کے بعد وہ اچانک اپنے کیبن سے نکل کر چل دیتے گویا وہ اتنا عرصہ پنجرے میں بند رہنے کے بعد فضا میں آزاد اُڑنے کے لیے اپنے پر تول رہے ہوں۔ دفتر کے سبھی لوگ اُن کا احترام کرتے لیکن ادھر مسٹر گراہم کے یورپ کے دورے پر روانہ ہونے کے بعد کچھ دنوں سے ایسے محسوس ہونے لگا تھا جیسے نئے ڈائریکٹر پٹیل کے دل میں اُن کا احترام کم ہو رہا ہو۔

ایک دن جب مس واڈیا دفتر آئی تو ایک نفاذ میں اُس کے لیے نئے احکام رکھے تھے۔ وہ اب مسٹر مہتہ کی سیکرٹری بنا دی گئی تھی۔ مسٹر مہتہ فرم کے سیلز منیجر تھے اور فرم کے اعلیٰ افسروں میں سے تھے لیکن ایک ڈائریکٹر کی سیکرٹری رہنے کے بعد وہ اس زوال کے لیے بالکل تیار نہ تھی۔ اس کی آنکھیں پُرنم ہو گئیں۔ اُسے اپنی پچھلی اٹھارہ سالہ سروس، مسٹر اینڈرسن اور مسٹر گراہم کے تعریفی جملے بالکل بے معنی معلوم ہوئے۔ ابھی وہ سنبھل بھی نہ پائی تھی کہ ایک نہایت خوبصورت نوجوان سندھی لڑکی، چست کپڑوں میں ملبوس، کولہے مٹکاتی اُس کے پاس آ کھڑی ہوئی تھی۔ اُس کے ساتھ دفتر کی ریسپشنسٹ گرل تھی۔

"مس واڈیا۔ یہ ہیں مس ریٹا گرسانی۔ مسٹر پٹیل کی نئی سیکرٹری۔ آپ چونکہ مسٹر مہتہ کے کیبن میں جا رہی ہیں مسٹر پٹیل نے انھیں یہ سیٹ دینے کے لیے کہا ہے!"

مس واڈیا کو جیسے ایک چکر سا آ گیا۔ وہ نہایت مشکل سے سنبھلی۔ اُس نے اپنی سیٹ خالی کر دی اور اس پر ایک نہایت دلفریب ادا سے مس ریٹا گرسانی "تھینک یو" کہہ کر بیٹھ گئی ——— مس واڈیا کو ایسے معلوم ہوا جیسے کسی جوان دُلہن نے بوڑھی ساس کو دھکے مار کر گھر سے باہر نکال دیا ہو۔

وہ بڑی مشکل سے اپنے آنسو ضبط کر کے مسٹر اینڈرسن کے کیبن کی طرف بڑھی اور دستک کے جواب کا انتظار کیے بغیر داخل ہو گئی۔

"میں آپ سے رخصت ہونے آئی ہوں۔ میں نے استعفیٰ دینے کا فیصلہ کر لیا ہے!"

"اسے کیوں، مس واڈیا؟" مسٹر اینڈرسن چونک پڑے۔ "تم۔ تم یہ فرم چھوڑ کر کیسے جا سکتی ہو؟"

"مسٹر پٹیل نے اپنے لیے ایک نئی سیکرٹری [illegible] کر لی ہے اور مجھے مسٹر ہنٹ کے ساتھ کام کرنے کے لیے آرڈر دے دیے گئے ہیں!"

"مسٹر ہنٹ کے ساتھ بے بی نے نئی سیکرٹری چن لی! کیا وہ فرم میں پہلے سے نہیں تھی؟"

"نہیں!" اور ایک لمحے کے لیے مسٹر اینڈرسن پر جیسے سکتہ طاری ہو گیا ہو۔

"یہ فرم کی پالیسی کے بالکل خلاف ہے! یہ کیسے ہو سکتا ہے! کیا بے بی اتنا بھی نہیں سمجھتا!" اور انھوں نے ٹیلیفون آپریٹر کو مسٹر پٹیل سے ملانے کے لیے کہا۔ "میرے رہتے ہوئے یہ کبھی نہیں ہو سکتا!"

"بے۔ بی میں اینڈرسن بول رہا ہوں۔ میں نے سنا ہے کہ تم نے اپنے لیے فرم سے باہر کی کوئی سیکرٹری اپوائنٹ کر لی ہے!" کی آواز میں معمول کی طرح خود اعتمادی تھی۔ وہی آواز جو سالہا سال فرم کی پالیسی کے بارے میں اپنے فیصلے دیتی آئی تھی۔

ٹیلیفون کے دوسرے سرے سے ایک نہایت مختصر سی آواز آئی۔

"لیکن کیوں؟" مسٹر اینڈرسن کی آواز میں جھنجھلاہٹ تھی۔ "یہ فرم کی بنیادی پالیسی کے خلاف ہے!"

دوسرے سرے سے ایک طویل مرزوگ سنائی دیا۔ اینڈرسن کے چہرے کی جھریاں ہر لمحہ نمایاں ہوتی جا رہی تھیں اور ان کی آ میں جیسے ایک تھکن سی چھا گئی ہو جیسے سالوں سال حکومت کرنے والا بادشاہ آج محتاج ہو گیا ہو۔

"ہاں بے۔ بی تم ٹھیک ہی کہتے ہو۔ مجھے فرم کی پالیسی کے بارے میں اب کچھ بھی کہنے کا حق نہیں پہنچتا۔" اور انھوں نے دھ سے بیمار ہاتھوں سے مس واڈیا سے نظریں ملائے بغیر ٹیلیفون کا چونگا واپس رکھ دیا۔ انھوں نے میز سے اخبار اٹھا لیا اور [illegible] ہوئے کیبن کا دروازہ کھول کر باہر نکل گئے۔

مس واڈیا دیر تک ٹکٹکی باندھے مسٹر اینڈرسن کی خالی جھولتی ہوئی کرسی کی طرف دیکھتی رہی۔

قرآن کریم کا سب سے پہلا اردو ترجمہ

شیخ محمد اسماعیل پانی پتی

حضرت شاہ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ مجدد وقت حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نور اللہ مرقدہا کے گرامی قدر فرزند اور نہایت عالم و فاضل اور عابد و زاہد بزرگ تھے۔ آپ ہی کے قلب صافی سے وہ چشمۂ علم و عرفان پھوٹا جسے لوگ "موضح القرآن" کے نام سے جانتے ہیں۔ یعنی آپ ہی وہ محترم ہستی اور مقدس شخص ہیں جنھوں نے ۱۲۰۵ھ مطابق ۱۷۹۰ء میں سب سے پہلے قرآن کریم کا ترجمہ اُس وقت کی مروجہ اُردو میں کیا۔ یہ ترجمہ (جس کا نام خود حضرت مترجم نے موضح القرآن (قرآن مجید کے معانی کو واضح اور روشن کرنے والا) رکھا تھا) اس قدر خلوص اور للّٰہیت کے ساتھ کیا گیا تھا کہ اگرچہ اُس کو آج پونے دو صدیاں گزر چکی ہیں مگر اس کی شہرت اور عظمت آج تک باقی ہے۔

اس تاریخی ترجمہ کے مترجم حضرت شاہ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ ۱۱۶۸ھ مطابق ۱۷۵۴ء میں بمقام دہلی پیدا ہوئے اور وہیں ذکرِ الٰہی اور خدمتِ خلق کرتے ہوئے اور قرآن و حدیث کا درس دیتے ہوئے ۱۲۳۰ھ مطابق ۱۸۱۵ء میں وفات پائی۔ دہلی میں دہلی دروازہ کے باہر آج بھی اُن کا مزار زیارت گاہِ عوام و خاص ہے (تذکرہ علمائے ہند فارسی مولفہ مولانا رحمان علی میں سالِ وفات ۱۲۰۶ھ لکھا ہے جو صحیح نہیں)

اس نادر و نایاب ترجمہ کا ایک قلمی نسخہ حضرت حکیم نورالدین صاحب طبیب شاہی ریاست جموں و کشمیر کے کتب خانہ میں تھا۔ ۱۹۱۴ء میں اُن کا انتقال ہوگیا۔ جس کے بعد اُن کی تمام عربی و فارسی کتب اور ہزاروں قلمی نوادرات کا بے مثل ذخیرہ اُن کے ورثا نے صدر انجمن احمدیہ قادیان کو دے دیا۔ اسی بیش بہا کتابوں سے قادیان کی مرکزی لائبریری وجود میں آئی جس میں تیس ہزار سے زیادہ عربی و فارسی کی قلمی اور مطبوعہ کتابیں تھیں۔ میں جب ۱۹۴۷ء میں اس عظیم الشان کتب خانہ کا لائبریرین ہو کر آیا تو میں نے وہاں منجملہ دیگر نایاب مخطوطات کے حضرت شاہ صاحب کا یہ ترجمہ بھی دیکھا۔ میں نے اُس وقت اُس کے دیباچہ کی نقل ایک کاپی میں کر لی تھی اور نمونہ کے طور پر سورۂ فاتحہ کا ترجمہ بھی احتیاطاً ساتھ ہی لکھ لیا تھا جسے آج بیس برس

کے بعد محبی و مشفقی محمد طفیل صاحب مدیر نقوش کی فرمائش پر قارئین کرام کی خدمت میں بطور تبرک پیش کر رہا ہوں۔

یہ دیباچہ آج سے پونے دو صدی پہلے کی اُردو کا بہتر سے بہتر نمونہ ہے۔ اُس وقت جو رسم الخط رائج تھا اُس کے موافق یہ ترجمہ لکھا گیا ہے۔ اور میں نے بہت ہی احتیاط کے ساتھ حرف بحرف اور لفظ بلفظ بالکل مطابق اصل نقل کیا ہے۔ جس سے آپ کو بخوبی اندازہ ہو جائے گا کہ آج سے ۱۸۰ سال پیشتر کس قسم کی اُردو بولی جاتی تھی اور وہ کس طریقہ سے لکھی جاتی تھی۔ تاریخ ادب اُردو کے مورخ کے لیے یہ دیباچہ بہت دلچسپ اور دلکش چیز ہے۔ جو قدیم اُردو کی عبارت اور طرز تحریر کو ہمارے سامنے پیش کر رہا ہے ——— جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے یہ دیباچہ پہلے ایڈیشن میں چھپا ہو تو چھپا ہو بعد کے ایڈیشنوں میں میری نظر سے تو نہیں گزرا۔

وھو ہٰذا۔

رام گلی نمبر ۳۔ لاہور — خاکسار: محمد اسماعیل پانی پتی

دیباچہ موضح القرآن

الٰہی شکر تیری احسان کا ادا کروں کس زبان سی کہ ہماری زبان کو پاکی اپنی نام کر، اور دلکو روشنی دی اپنی کلام کر، اور امت بن کیا اپنی رسول مقبول کے جو اشرف انبیا اور نبی الرحمۃ جس کی شفاعت سی امیدوار ہین ہم کہ پاوین دو جہان کی نعمت، الٰہی اوس نبی امت پر اپنی رحمت کامل سی درجات اعلیٰ نصیب کر جو حد نہو کسی مخلوق کی، اور اپنی عنایت اوس پر ہمیشہ افزون رکھ دنیا و آخرت مین اور اوسکی آل اطہار پر اور اصحاب کبار پر اور اوس کی امت کی علمای مقتدا اور اولیا باصفا پر اور عزبا اور شفعا پر سب پر آمین یا رب العالمین، بعد ازین سنا چاہی کہ مسلمان کو لازم ہی کہ اپنی رب کو پہچانی اور اوس کی صفات جانی اور اوسکی حکم معلوم کری اور مرضی و نامرضی تحقیق کری کہ بغیر اسکی بندگی کے نہین اور جو بندگی بجا نہ لاوی وہ بندہ نہین اور اللہ سبحانہ کی پہچان آدمی بتانی سی آدمی پیدا ہوتا ہی بعض نادان سب چیز سیکھتا ہی سکھانی سی اور سکھانی والی ہر چند تقریر کرین اوس برابر نہین جو اللہ نی آپ بتایا اوسکی کلام مین جو ہدایت ہی دوسرے مین نہین پر کلام پاک اوسکا عربی زبان ہی اور ہندوستانی کو اوسکا ادراک محال اسواسطی اس بندہ عاجز عبدالقادر کو خیال آیا کہ جس طرح ہماری والد بزرگوار حضرت شیخ ولی اللہ بن عبدالرحیم محدث دہلوی ترجمہ فارسی کر گئی ہین سہل و آسان اب ہندی زبان مین قرآن شریف کو ترجمہ کریں الحمد للہ کہ سنہ ۱۲۰۵ بارہ سو پانچ مین میسر ہوا۔ اب کئی باتین معلوم رکھنی اول یہ کہ اس جگہ ترجمہ لفظ بلفظ ضرور نہین کیونکہ ترکیب ہندی ترکیب عربی سی بہت بعید ہی اگر بعینہ وہ ترکیب رہی تو معنی مفہوم نہوں دوسرے یہ کہ اسمین زبان ریختہ نہین بولی بلکہ ہندی متعارف تا عوام کو بھی تکلیف دریافت ہو تیسرے یہ کہ ہر چند ہندوستانیونکو معنی قرآن اس سی آسان ہوئی لیکن اب بھی استاد سی سند کرنا لازم ہی اول معنی قرآن بغیر سند معتبر نہین دوسری ربط کلام ماقبل و مابعد سی پہچاننا اور قطع کلام سی بچنا بغیر استاد نہین آتا چنانچہ قرآن

زبان عربی ہی پر عرب میں مستعمل اُسکی تھی۔ چوتھی یہ کہ اول نقل ترجمہ قرآن ہوا تھا بعد اسکی اور کوئی نہ ہوا بعض نے ترجمہ بھی فائدہ
بھی متعلق تفسیر داخل کئے اور اس فائدہ کے امتیاز کو حرف ف نشان رکھا اگر کوئی مختصر یا بے صرف ترجمہ لکھا کر منسوب ہی ہو فائدہ بھی
داخل کری باقی قواعد ہندی لکھنے میں طول ہی استاد سے معلوم ہوگی البتہ ہندی میں بعض چیز لکھتے ہیں کہ فارسی میں اس سبب سے
فارسی خوان اول الحقا ہی دو چیز دیکھی تو ماہر ہو جاوے اور اس کتاب کا نام سورۃ قرآن ہی اور یہی اسکی صفت ہی اور یہی اسکی تاریخ
ہی الٰہی وسیلی و مرحمت تیری عنایت اور تو ہی قبول کر اپنی فضل سی یا رحمت یا رحیم یا ملک الملک ذوالجلال والاکرام ۞

سورۃ فاتحہ مکیۃ و مدنیۃ و ھی سبع آیات

سورۃ فاتحہ مکی و مدنی میں نازل ہوا۔ سات آیات کا ہی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بنام خدای بخشایندہ مہربان ہندی شروع اللہ کی نام سی جو بڑا مہربان نعمت دینی والا۔

الحمد للہ رب العٰلمین لا ستایش خدائیراست پروردگار عالمہا یعنی انس و عالم جن و عالم ملائکہ و علی ہذا القیاس ہندسب
تعریف اللہ کو ہی جو صاحب ساری جہان کا الرحمٰن الرحیم ۞ بخشایندہ مہربان ہندی بہت مہربان نہایت رحم والا —
مٰلک یوم الدین ۞ خداوند روز جزا ہندی مالک انصاف کی دن کا ایاک نعبد و ایاک نستعین ۞ ترا
میپرستیم و از تو مدد میطلبیم ہندی تجھی کو ہم بندگی کریں اور تجھی سی مدد چاہیں اھدنا الصراط المستقیم ۞ بنما ما را راہ راست
ہندی چلا ہم کو راہ سیدھی صراط الذین انعمت علیہم ۞ راہ آنانکہ انعام کردہ بر ایشان ہندی راہ اونکی جن پر تو نی
فضل کیا غیر المغضوب علیہم ولا الضالین ۞ بجز آنانکہ خشم گرفتہ شد بر آنہا و بجز گمراہان ہندی نہ جن پر غصہ ہوا اور نہ بھٹکتی ہی
ف یہ سورہ اللہ تعالے نی بندونکی زبان سی فرمائی کہ اسطرح کہا کریں۔

ے مراد از آنانکہ انعام کردہ شد بر آنہا چہار فرقہ اند نبیین و صدیقین و شہدا و صالحین و مراد از آنانکہ خشم گرفتہ شد بر آنہا یہود اند و از گمراہان
نصاری آیین قبول کن دعای ما را اے آنکہ جن پر تو نی فضل کیا اور نہ جن پر تو نی غضب کیا مراد ازین نبیین و صدیقین و شہدا و صالحین اور جن پر غضب ہوا وہ
یہود اور گمراہ جو نصاری مراد ہیں ف

دنیائے عرب

بصیر عالم

مغرب کے مصنف جس علاقے کو "مشرقِ قریب" کہتے ہیں وہ ایک پاکستانی مصنف کے لیے "مغربِ قریب" ہے۔ اسی طرح "مشرقِ وسطیٰ" پاکستانیوں کے لیے "مغربِ وسطیٰ" ہونا چاہیے۔ دراصل ایسی تمام اصطلاحات جن سے سمت ظاہر کی جائے اضافی ہوتی ہیں۔ تمام سمتوں کا مرکز اس شخص کا محلِ وقوع ہوتا ہے جو سمت متعین کر رہا ہے۔ اگر یہ مرکز بدل جائے تو سمتوں کی تبدیلی بھی لازمی ہے۔ مغربی مصنفین نے جس علاقے کو "مشرقِ قریب" یا "مشرقِ وسطیٰ" کہا ہے وہ اُن کے محلِ وقوع کے اعتبار سے درست ہے لیکن اہلِ مشرق کے لیے درست نہیں ہے۔ بایں ہمہ اہلِ مشرق اپنی تحریروں میں متذکرہ علاقہ کو وہی نام دیتے ہیں جو مغربی مصنفین نے طے دیا ہے۔ اس کی وجہ سوائے اس کے اور کیا ہو سکتی ہے کہ اہلِ مغرب کی تقلید مشرق کی عادتِ ثانیہ بن گئی ہے۔ گو مغرب کا سیاسی غلبہ ختم ہو گیا ہے لیکن اقتصادی اور کہیں کہیں تمدنی غلبہ ہنوز باقی ہے۔ خصوصاً جدید علوم اہلِ مشرق نے مغرب سے سیکھے ہیں اس لیے مغرب کی علمی اصطلاحیں، خواہ وہ صحیح ہوں یا غلط، رواج پا گئی ہیں۔ مشرقی تقاضوں اور ضرورتوں کے مطابق مغرب کی رائج کردہ علمی اصطلاحات کی ترمیم و تنسیخ کے لیے ایک عرصہ درکار ہوگا۔ تاہم اس ضمن میں اگر اب بھی ابتدائے کار نہ کی گئی تو یہ عرصہ اور بھی طویل ہو جائے گا۔

دوسری جنگِ عظیم کے بعد تک دنیائے عرب کا مقبول ترین نام "مشرقِ وسطیٰ" تھا۔ آج کل اکثر مغربی مصنفین "مشرقِ قریب" کو ترجیح دیتے ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ مشرقِ وسطیٰ یا مشرقِ بعید کی علاقائی حدود کیا ہیں اور ان میں کون سے ممالک شامل ہیں؟ یہ ابتدائی باتیں اب تک طے نہیں ہو سکی ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہر مصنف اس علاقے کی حدود خود ہی متعین کر لیتا ہے۔ جس علاقہ کو روایتی طور پر مشرقِ وسطیٰ کہا جاتا ہے وہ ایشیا، افریقہ اور یورپ کے سنگم کا ایک چھوٹا علاقہ ہے اور اس میں زنجیرِ ہلال Fertile Crescent کے ممالک یعنی عراق، شام، لبنان، فلسطین، اردن اور جزیرہ نما سینائی شامل ہیں لیکن بعد میں مشرقِ وسطیٰ کی حدود وسیع سے وسیع تر ہوتی گئیں۔ بعض مصنفین نے تمام عرب ممالک کو مشرقِ وسطیٰ میں شامل کر لیا اور بعض نے تو ترکی، ایران، افغانستان حتیٰ کہ روس کی مسلم ریاستوں اور پاکستان تک کو شامل کر لیا ہے۔ علاقہ کی اس بڑھتی ہوئی وسعت کے پیشِ نظر بعض مصنفین نے "مشرقِ قریب" کی اصطلاح کو رواج دیا لیکن مشرقِ وسطیٰ کی طرح مشرقِ قریب کی حدود بھی غیر متعین ہی رہیں۔ علاقائی حدود کا اس طرح بدلتے رہنا مطالعہ کی افادیت کے منافی ہے۔ دراصل اس علاقہ کو جغرافیائی نام دینا ہی غلط ہے۔ آج کل جس علاقہ کو مشرقِ وسطیٰ یا مشرقِ قریب کہا جاتا ہے وہ ایک تمدنی علاقہ ہے اور وہ تمدن عربوں اور مسلمانوں کا تمدن ہے۔ اس لیے اس علاقہ کو "دنیائے عرب"

کہا جائے تو بہتر ہوگا۔ دُنیائے عرب کی حدود عموماً شرقاً مراکش سے لے کر عراق تک اور شمالاً جنوباً (ایشیا میں) لبنان، شام اور فلسطین کے ساحل سے لے کر جزیرہ نمائے عرب کے جنوبی ساحل تک اور (افریقہ میں) افریقہ کے شمالی ساحل سے لے کر سوڈان تک پھیلی ہوئی ہیں۔ اس لیے دُنیائے عرب میں مندرجہ ذیل ممالک شامل ہیں:-

مراکو، الجیریا، طیونس، لیبیا، مصر، سوڈان، فلسطین، شام، لبنان، عراق، کویت، بحارین، سعودی عرب، یمن، مسقط و عمان، عدن اور شائخ کی چھوٹی ریاستیں۔

طبعی حالات اور آبادی

دُنیائے عرب کا رقبہ ۱۱،۹۵،۰۰۰ مربع کلومیٹر ہے۔ گو اس علاقہ کے بہت کم حصے سمندر سے پانچ سو میل دُور ہیں لیکن اکثر ساحلوں پر بلند پہاڑ ہیں جس کی وجہ سے ساحلی علاقوں میں زیادہ بارش ہوتی ہے اور اندرونی حصوں میں بہت کم۔ اکثر اندرونی علاقے ریگستانی ہیں۔ لیکن دو خشک علاقے دریا کی آب پاشی کے باعث نہایت شاداب اور زرخیز ہیں۔ یہ ہیں مصر میں نیل اور عراق میں دجلہ و فرات کی وادی۔ ساحلی علاقوں اور دریا کی وادیوں کو چھوڑ کر بقیہ علاقے میں بڑے بڑے گھاس کے میدان یا نیم ریگستانی اور ریگستانی خطے ہیں۔ بلندی اور بارش کے نمایاں تفاوت کے باعث ایک چھوٹے سے خطہ میں بھی آب و ہوا کا بڑا فرق اور بعض جگہ تضاد پایا جاتا ہے۔

اس وقت دُنیائے عرب کے کُل رقبہ کا صرف پانچ فیصد زیر کاشت ہے۔ خصوصاً سوڈان، مصر اور عراق میں زیر کاشت کی وسعت کے امکانات ہیں لیکن مصنوعی آب پاشی بہرحال ایک حد تک ہی زیر کاشت علاقہ میں اضافہ کر سکتی ہے۔ عظیم اسوان بند کی تکمیل کے بعد بھی مصر کے زیر کاشت علاقہ میں صرف ۲٪ کا اضافہ ہوگا۔

سوائے تیل کے معدنیات کمیاب ہیں۔ لوہا، کرومیم، تانبہ اور مینگنیز شمالی مغربی افریقہ میں پائے جاتے ہیں۔ پٹاش بحر مُردار کے قرب و جوار میں ملتا ہے۔ ان میں سے کوئی بھی چیز اس مقدار میں نہیں ہوتی کہ اس کی بنیاد پر بھاری صنعتیں قائم کی جا سکیں۔ اگر افراط سے کوئی چیز ملتی ہے تو وہ ہے پٹرول۔ تخمینہ لگایا گیا ہے کہ دُنیائے عرب میں ساری دُنیا کے ۷۰ فیصد سے زیادہ تیل کے ذخیرے ہیں۔ یہ تیل زیادہ تر خلیج ایران کے آس پاس تقریباً ۲۰۰ میل کے نصف قطر میں پھیلا ہوا ہے۔ شمالی صحرا میں بھی تیل کے ذخیرے موجود ہیں لیکن ابھی ان کے متعلق پوری معلومات حاصل نہیں ہوئی ہیں۔ دُنیائے عرب جن ذخیروں سے اس وقت تیل نکالا جا رہا ہے وہ زیادہ سے زیادہ استعمال اور استعمال کے باوجود سو سال تک چل سکتے ہیں۔ اس کے برعکس اگر اسی رفتار سے تیل نکالا جائے تو ریاستہائے متحدہ امریکہ کے ذخیرے صرف بارہ سال میں ختم ہو جائیں گے اس لیے دُنیائے عرب کے پٹرولیم میں یورپ اور امریکہ کے صنعتی ممالک کی دلچسپی سمجھ میں آنے والی بات ہے۔ اس دلچسپی کی ایک اور وجہ یہ بھی ہے کہ دُنیائے عرب میں پٹرولیم نکالنے اور صاف کرنے پر لاگت اس قدر کم آتی ہے کہ یہاں کام کرنے والی کمپنیاں امریکہ اور یورپ میں تیل نکالنے والی کمپنیوں سے کھلے بازار میں مقابلہ کر سکتی ہیں۔ جب سے مقامی حکومتوں اور بدیسی کمپنیوں کے درمیان نصف نصف منافع کے معاہدے ہوئے ہیں سعودی عرب اور دیگر

پیدا کرنے والی ریاستوں کا تقریباً سارا مالیہ تیل کی آمدنی سے حاصل ہوتا ہے۔ گزشتہ سالوں میں اس علاقہ کی حکومتوں کو تیل سے ایک ارب ڈالر سالانہ آمدنی ہوئی ہے۔ تیل کی بڑھتی ہوئی قیمت کے پیش نظر آئندہ دس سال میں یہ آمدنی ڈیڑھ ارب سے دو ارب ڈالر تک بڑھ سکتی ہے۔ لیکن پٹرول اور اس سے حاصل شدہ ڈالر کھانے کی اشیا اور پانی کا نعم البدل نہیں ہو سکتے۔ تیل سے حاصل ہونے والی دولت اور زراعتی افلاس کے درمیان جو تضاد ہے اس کی واضح مثال کویت میں نظر آتی ہے۔ کویت کا رقبہ صرف ۶۰۰۰ مربع میل ہے۔ اس چھوٹی سی ریاست میں ایک شیخ کی حکومت ہے۔ تیل سے شیخ کو تیس کروڑ سے لگا کر چالیس کروڑ ڈالر سالانہ آمدنی ہوتی ہے۔ کویت کی آبادی صرف دو لاکھ ہے۔ گو کویت کا شیخ اپنی رعایا کو مفت تعلیم دیتا ہے اور عوام کی آسائش کا ہر طرح سے خیال رکھتا ہے پھر بھی انگلینڈ کے بنک میں اس کی جمع شدہ دولت سب سے زیادہ ہے۔ لیکن کویت کے پاس پینے کے لیے پانی تک نہیں ہے۔ سمندر کے پانی کو مقطر کر کے پینے کے قابل بنایا جاتا ہے اور اس مقصد کے لیے تین کارخانے بنائے گئے ہیں۔ تیل پیدا کرنے والے ملکوں میں صرف عراق ایسا ہے جس کی آبادی کافی ہے، پانی بھی میسر ہے اور زمین بھی زرخیز ہے۔ اس لیے صرف یہی ایک ایسا ملک ہے جو تیل سے حاصل شدہ آمدنی کو دیگر شعبوں میں ترقی کے لیے خرچ کر سکتا ہے۔ ایسے دوسرے ملک مصر، شام، لبنان اور سوڈان ہیں لیکن بدقسمتی سے ان کے پاس تیل کے ذخیرے نہیں ہیں۔ ان میں سے چند ملکوں کو ان کے علاقہ سے گزرنے والی پائپ لائنوں سے ضرور کچھ آمدنی ہو جاتی ہے۔

دنیائے عرب کی کل آبادی ۸ کروڑ پچاس لاکھ کے لگ بھگ ہے۔ ان میں سے تقریباً ۷ کروڑ لوگ عربی بولتے ہیں۔ ہر ملک کی آبادی، لسانی اور نسلی تقسیم مندرجہ ذیل ہے:۔

۱۔ مراکو: کل آبادی: ۱۰ لاکھ ۷۰ ہزار۔

لسانی تقسیم: بربر ۶۰ فیصد، عربی ۳۰ فیصد، فرنچ ۶ فیصد، دیگر ۴ فیصد۔

مذہبی تقسیم: مسلمان ۹۳ فیصد، عیسائی ۶ فیصد، دیگر ۱ فیصد۔

۲۔ الجیریا: کل آبادی: ۱۰ لاکھ ۶۰ ہزار۔

لسانی تقسیم: عربی ۷۲ فیصد، بربر ۱۴ فیصد، فرنچ ۱۴ فیصد (۱۹۴۸ء میں)

مذہبی تقسیم: مسلمان ۸۹ فیصد، عیسائی ۱۱ فیصد (۱۹۵۴ء میں)

۳۔ طیونس: کل آبادی: ۳۰ لاکھ ۷۰ ہزار۔

لسانی تقسیم: عربی اور بربر ۹۲ فی صد، فرنچ ۷ فیصد۔

مذہبی تقسیم: مسلمان ۹۱ فیصد، عیسائی ۷ فیصد، دیگر ۲ فیصد۔

۴۔ لیبیا: کل آبادی: ۱۰ لاکھ ۱۰ ہزار۔

لسانی تقسیم: عربی ۹۴ فیصد، اطالوی ۶ فیصد۔

مذہبی تقسیم : مسلمان ۹۴ فیصد، عیسائی ۶ فیصد۔

۵۔ سوڈان : کل آبادی : ایک کروڑ ۲۰ لاکھ

لسانی تقسیم : عربی ۷۰ فیصد، نیلی اور حبشی قبائلی کی زبانیں ۳۰ فیصد۔

مذہبی تقسیم : مسلمان ۷۰ فیصد، وحشی مذاہب ۳۰ فیصد۔

۶۔ متحدہ عرب جمہوریہ :

مصر : کل آبادی : ۲ کروڑ ۲۰ لاکھ ۹۰ ہزار۔

لسانی تقسیم : صد فی صد عربی۔

مذہبی تقسیم : مسلمان ۹۱ فیصد۔ عیسائی ۹ فیصد

شام : کل آبادی : ۴۰ لاکھ ۱۰ ہزار

لسانی تقسیم : صد فی صد عربی۔

مذہبی تقسیم : ۸۸ فیصد مسلمان، ۱۲ فیصد عیسائی

۷۔ اسرائیل : کل آبادی : ۱۰ لاکھ ۷۰ ہزار

لسانی تقسیم : عبرو ۵۴ فیصد، عربی ۱۲ فیصد، یدی ۱۰ فیصد

مذہبی تقسیم : یہودی ۸۹ فیصد، مسلمان ۷ فیصد، عیسائی ۴ فیصد۔

۸۔ غازہ : کل آبادی : ۲۰ ہزار

لسانی تقسیم : صد فی صد عربی

مذہبی تقسیم : صد فی صد مسلمان

۹۔ لبنان : کل آبادی : ۱۰ لاکھ ۳۰ ہزار

لسانی تقسیم : صد فی صد عربی

مذہبی تقسیم : مسلمان ۳۶ فیصد، نصرانی عیسائی ۲۹ فیصد، دیگر ۲۵ فیصد۔

۱۰۔ یردن : کل آبادی : ۱۰ لاکھ ۳۰ ہزار

لسانی تقسیم : صد فی صد عربی

مذہبی تقسیم : مسلمان ۹۴ فیصد، عیسائی ۶ فیصد۔

۱۱۔ عراق : کل آبادی : ۵۰ لاکھ ۲۰ ہزار

لسانی تقسیم : عربی ۸۰ فیصد، کردی ۱۸ فیصد، دیگر ۲ فی فیصد

مذہبی تقسیم : صد فی صد مسلمان

۱۲۔ سعودی عرب : کل آبادی : ۷۰ لاکھ
لسانی تقسیم : صد فی صد عربی
مذہبی تقسیم : صد فی صد مسلمان

۱۳۔ یمن : کل آبادی : ۴۰ لاکھ ۵۰ ہزار
لسانی تقسیم : صد فی صد عربی
مذہبی تقسیم : صد فی صد مسلمان

۱۴۔ برطانیہ کے تحت ریاستیں : کل آبادی : ۱۰ لاکھ ۸۰ ہزار
لسانی تقسیم : صد فی صد عربی
مذہبی تقسیم : صد فی صد مسلمان

روایتی تمدن دنیائے عرب کے جدید تمدن کا خاص منبع اسلام ہے۔ زمانۂ جاہلیت میں اس علاقہ کے کچھ ملک مہذب کچھ نیم مہذب اور بعض بالکل وحشی تھے۔ اسلام نے نہ صرف ایک مشترک مذہب کے رشتہ میں لوگوں کو منسلک کر دیا بلکہ انھیں ایک سیاسی اور لسانی وحدت بھی بنا دیا۔ عربی معاشرہ خانہ بدوش قبائل، گاؤں اور شہروں میں تقسیم ہے۔ ان تینوں میں تقسیم کار یہ ہے کہ گاؤں کے باشندے اناج پیدا کرتے ہیں، خانہ بدوش قبائل مویشی پالتے ہیں اور شہری لوگ صنعت و حرفت اور تجارت کرتے ہیں۔ ان تینوں طبقوں کے درمیان تعلق اور میل جول اقتصادی تقاضوں اور ضرورت سے آگے نہیں بڑھا تھا لیکن اسلام نے ان کو ایک ثقافتی اور سیاسی وحدت بنا دیا۔ گو اسلام نے مختلف نسلوں اور ثقافتوں کے لوگوں کو ایک رشتہ میں منسلک کر دیا لیکن یہودیوں اور عیسائیوں کے علیحدہ وجود کو بھی برقرار رہنے دیا۔ ان کے سماجی اور مذہبی معاملات میں کوئی دخل اندازی نہیں کی اور وراثت و ازدواج سے متعلق ان کے قوانین جوں کے توں رہنے دیے۔ دوسرے اسلام نے دیگر مذاہب کے برعکس مسلم معاشرہ کو مذہبی طبقوں میں تقسیم نہیں کیا۔ گو آلِ رسول اور علما کی عزت کی جاتی ہے لیکن انھیں طبقاتی طور پر کوئی مراعات حاصل نہیں رہیں۔ حضرت عمرؓ کے زمانے تک مفتوحہ ملکوں کی اراضیات ریاست کی ملکیت تھیں اور مزارع براہِ راست ریاست کو مالیہ ادا کرتے تھے۔ لیکن امیر معاویہ نے حضرت عثمانؓ کے دورِ خلافت میں صرف خاص کے لیے شام کی زرخیز اراضیات حاصل کر لیں اور اس طرح مسلمانوں کے معاشرہ میں جاگیردارانہ نظام کی اقتصادی بنیاد پڑی جو بعد میں ملوکیت کا اساس ثابت ہوئی۔ ملوکیت کے اس دور میں حکومت کا اقتدار مالیہ، عسکریت اور خاندانی برتری پر منحصر تھا۔ حکومت کا سب سے زیادہ اثر شہروں میں، اس سے کم گاؤں میں اور سب سے کم قبائلی علاقوں میں محسوس ہوتا تھا۔ صوبوں پر فوجی صوبہ دار یا موروثی جاگیردار حکومت کرتے تھے۔ ان کے معاملات میں مرکز کی طرف سے بہت کم دخل اندازی ہوتی تھی۔ خانہ بدوش قبیلے عموماً حکومت کے اثر و اقتدار سے آزاد رہتے تھے۔ شہروں کی معیشت اہلِ حرفہ، صنعت کاروں اور تاجروں کی آزاد جماعتوں کے

ذریعہ چلتے تھے۔ دیہات میں عام طور پر برادری اور سیاسی اعتبار سے قدیم کنبوں سے تھے۔ اسلام کے عروج سے قبل عرب کا مذہب تھا۔ اسلامی اصول اور رسم و رواج حکومت اور معاشرہ پر حاوی تھے۔ مگر دنیا کے تمام مذاہب پیشواؤں میں پیغمبر اسلام ہی ایک ایسی ہستی ہیں جو نہ صرف مذہبی پیشوا بلکہ ایک کامیاب سیاسی مدبر بھی تھے۔ اسلام نے نہ صرف ابتدائی دور میں بلکہ بعد میں بھی سیاست کو مذہب سے جدا نہیں ہونے دیا۔ پیغمبر اسلام کے خلیفہ حکمران بھی تھے اور روحانی پیشوا بھی۔

سیاست و دین کے باہمی ربط سے جو اثرات مرتب ہوئے وہ مندرجہ ذیل ہیں:-

۱۔ علماء اور مذہبی رہنما اپنا کوئی علیحدہ گروہ نہیں بنا سکے اور سیاسی حکمران کے تابع رہے۔ عیسائی مذہب یا ہندومت کی طرح اسلام میں پادریوں یا برہمنوں کا کوئی علیحدہ اور برتر طبقہ نہیں ہے۔ مذہبی رہنماؤں کو خدا اور اس کے بندوں کے درمیان ایک واسطہ کی حیثیت بھی حاصل نہ ہو سکی۔ علماء، مفتی اور قاضی حکومت سے علیحدہ نہیں بلکہ حکومت کے کارندے تصور کیے جاتے تھے۔

۲۔ چونکہ دین اور سیاست ایک دوسرے سے علیحدہ نہیں تھے اس لیے اکثر ایسا ہوا کہ سیاسی اختلافات نے مذہبی تفرقہ کی شکل اختیار کر لی۔

۳۔ اسلام کے دستوری نظریات میں حکمران کی ذاتی صفات اور خصوصیات پر زور دیا گیا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ سیاسی حکمران مذہبی پیشوا بھی ہوتا تھا۔

۴۔ بین الاقوامی تعلقات میں اخلاقی اقدار کے احترام پر زور دیا گیا۔

۵۔ جنگ یا جہاد کی صورت میں بھی اخلاقی اقدار اور مذہبی احکام کی پابندی لازمی قرار دی گئی۔

خلفائے راشدین کے دور میں مندرجہ بالا اصولوں پر سختی سے عمل کیا گیا۔ لیکن جاگیردارانہ نظام اور ملوکیت کے دور میں یہ اصول بالائے طاق رکھ دیئے گئے۔ گو سیاست سے متعلق مذہبی احکام اور اصولوں کی تردید کھلے بندوں نہیں کی گئی اور اسلامی اقدار لوگوں کے دلوں سے محو نہ ہو سکیں لیکن حکمرانوں اور اہل سیاست نے عملاً ان تمام برائیوں اور مکاریوں کو روا رکھا جو جاگیرداری نظام اور ملوکیت کا لازمی نتیجہ تھیں۔ تاہم اسلامی دنیا میں ملوکیت کا دور عیسائی دنیا کی طرح تاریک نہیں تھا۔ اسلام میں جو رواداری اور فراخدلی پائی جاتی ہے اس کے باعث ملوکیت کے دور میں بھی علوم و فنون کی ترقی ہوئی۔ اس دور میں عربوں نے دوسروں سے سیکھا بھی اور دوسروں کو سکھایا بھی۔ ابتدائی دور میں عرب حکمرانوں نے ایرانی، شامی، عیسائی اور یہودی سائنس دانوں، حکیموں اور انجینئروں کو ملازم رکھا اور ان کے علم و فن کی قدر افزائی کی۔ عباسیوں کے دور میں علوم و فنون کو بے حد ترقی ہوئی۔ یونانی حکماء اور فلاسفہ کی کتابیں عربی میں ترجمہ کی گئیں۔ خلیفہ مامون الرشید نے (۸۱۳-۸۳۳) سائنس اور حکمت کی کتابوں کے ترجمے کرائے اور سب سے پہلے یونیورسٹی کی طرز کا تعلیمی نظام قائم کیا۔ اہل علم و فن کی سرپرستی خلفاء اور حاکموں کے فرائض میں شمار ہونے لگی۔ ایران سے لے کر اسپین تک ہر مسلمان حاکم کے دربار میں ممتاز اہل علم و فن کی قدر افزائی ہوتی تھی۔ مسلمانوں نے یونان، ایران اور ہندوستان کی علمی و فنی روایات

تجربات کر کیا کر دیا اور ان روایات کی بنیاد پر جدید علم دفن کی عمارت تعمیر کی۔ مسلمانوں کی یہ خدمت دُنیا کی موجودہ اور آئندہ
لیں نہ بھلا سکتی ہیں اور نہ فراموش کر سکتی ہیں۔

تاریخی پس منظر

گو دُنیائے عرب قدیم ترین تہذیبوں کی گہوارہ ہے تاہم یہ امر تعجب خیز ہے کہ بظاہر جدید تہذیب
تمدن میں قدیم تہذیبوں کے نشانات نہیں پائے جاتے۔ اگر آثارِ قدیمہ دریافت نہ ہوتے تو آج
دُنیا کو یہ تک معلوم نہ ہوتا کہ اس سرزمین میں سمری، اسیری اور مصری تہذیبوں نے جنم بھی لیا تھا یا نہیں۔ یہ اسلام کی ہمہ گیر طاقت
یا معجزہ کہ جس نے اس دُنیا کے قدیم تہذیب و تمدن کو ایک بھولی ہوئی داستان بنا دیا اور یہاں کے لوگوں کو جدید تہذیب، ترقی پسند
اور نئی زبان بخشی۔ اکثر تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ دُنیائے عرب کے تمدن کی تاریخ ہی اسلام اور عربی زبان سے شروع ہوتی
لیکن دراصل ایسا نہیں ہے۔ اگر بنظرِ غائر دیکھا جائے تو اسلام بھی دُنیائے عرب کی قدیم تہذیب و تمدن کے تاریخی سلسلہ کی ہی
اہم اور انقلابی کڑی ہے۔ خود پیغمبر اسلامؐ نے یہ فرمایا ہے کہ قرآن گزشتہ آسمانی صحیفوں میں انسانی تحریفات کی تصحیح کرتا ہے
اسلام خدا کا دیا ہوا وہی پرانا مذہب ہے جس کی شکل کفار اور منافقوں کے ہاتھوں مسخ ہو گئی تھی۔

دُنیائے عرب میں اگر ایک طرف بنجر اور ویران ریگستان ہیں تو دُوسری طرف دریاؤں کی زرخیز وادیاں ہیں۔ ابتدا
خانہ بدوش قبائل اپنے مویشی کے لیے چارہ کی تلاش میں دریائی وادیوں تک پہنچے ہوں گے اور پھر یہاں مستقل آباد
گئے ہوں گے۔ اس طرح انھوں نے خانہ بدوشی چھوڑ کر زراعتی زندگی اختیار کی ہو گی۔ اس علاقہ کے جغرافیائی حالات
ایسے ہیں کہ جن سے معاشی تضاد پیدا ہوا ہو گا اور اس تضاد کی وجہ سے خانہ بدوش قبائل اور زراعتی قبائل کے
درمیان ایک مستقل کشمکش اور جنگ و جدل کا بازار گرم رہتا ہو گا۔ اس پر مستزاد یہ کہ دُنیائے عرب کا علاقہ ایشیا،
افریقہ اور یورپ کا سنگم ہے۔ یہاں تو دُنیا کے ہر حصے سے خانہ بدوش قبائل آئے ہوں گے اور ایک دُوسرے
سے ٹکرائے ہوں گے۔ جب دو قبیلے یا دو قومیں ایک دُوسرے سے ملتے ہیں (خواہ وہ میدانِ جنگ میں ملیں یا بازار
میں) تو ترقی ہوتی ہے۔ جنگ کے دوران ایک فوج دُوسری فوج کے طریقِ جنگ اور ہتھیاروں سے واقف ہو جاتی
تھی۔ جنگ کے بعد فاتح قوم مفتوح کو اپنا غلام بنا لیتی تھی اور اس طرح وہ ایک دُوسرے کے رہن سہن، سوچنے اور
سمجھنے کے طریقوں سے واقف ہو جاتے تھے اور کچھ عرصے بعد ان کی زبان، تہذیب اور تمدن ایک دُوسرے میں
ضم ہو جاتے تھے۔ بین القبائلی میلوں اور منڈیوں میں دُور دراز قبائل کے تاجر ایک دُوسرے سے ملتے تھے اور نہ
صرف اجناس و مصنوعات بلکہ زبان و خیالات کا تبادلہ بھی کرتے تھے۔ الغرض یہ علاقہ مختلف قبیلوں اور نسلوں کے لیے
میدانِ کارزار بھی تھا اور مشترک بازار بھی۔ اس لیے یہ امر تعجب خیز نہیں کہ دُنیا کی اوّلین تہذیبوں کے بیج اسی علاقہ کی
وادیوں میں بوئے گئے۔ دجلہ و فرات اور نیل کی وادیوں میں سمری، اسیری اور مصری تہذیبوں نے جنم لیا اور ان کی
شعاعیں دُور دُور تک پہنچیں۔ دجلہ و فرات اور نیل کی وادیوں کے درمیان فونیشیا (موجودہ فلسطین) کا ساحلی
علاقہ واقع ہے۔ مغرب و مشرق کے بادشاہوں اور شہنشاہوں کی فوجیں اس علاقہ میں ایک دُوسرے سے نبرد آزما

ہوئی ہوں گی۔

جب تیرھویں صدی قبل مسیح میں شمال سے آنے والے وحشی قبائل نے ایشیائے کوچک کی حتی سلطنت کو تباہ کر دیا، لیبیا اور حبشہ کے بغاوتوں کے باعث مصر کے بھی پَر کٹ گئے اور جلد وفات میں بھی کوئی مضبوط سلطنت نہیں رہی تو فونیشیا کے کنعانیوں پر سمندر کی جانب سے فلسطینی بحری قزاق اور جنوب کی طرف سے سامی نسل کے بدو یا بنی اسرائیل ٹوٹ پڑے۔ جلد ہی کنعانیوں اور فلسطینیوں کو یہ سرزمین چھوڑنی پڑی اور وہ کریٹ اور کارتھیج میں جا کر آباد ہو گئے۔ وہاں انھوں نے تہذیب کی شمعیں روشن کیں۔ بنی اسرائیل نے یہاں اسرائیل اور یہودہ کی دو سلطنتیں قائم کیں۔ حضرت سلیمان (۱۷۵ - ۱۳۵ قبل مسیح) کے زمانے میں بنی اسرائیل کو عروج حاصل ہوا۔ ۵۸۶ قبل مسیح میں بابل نے بنی اسرائیل پر حملہ کیا اور ان کی سلطنت کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔ اس کے بعد سے بنی اسرائیل کبھی نہ کسی فاتح کے زیر نگیں رہے۔ مگر انھوں نے کبھی بھی غیر ملکی تسلط کو دل سے قبول نہ کیا۔ غیر ملکی حاکموں کے مظالم اور غیر محفوظ حالات نے ان میں وہ تمام خوبیاں اور برائیاں پیدا کر دیں جو ایک مظلوم معاشرے کے لوگوں میں پیدا ہو جاتی ہیں۔ انھوں نے خدا کی ذات کے متعلق سوچا اور اپنی مصیبتوں کا مداوا دوسری دنیا میں تلاش کیا۔ چنانچہ بنی اسرائیل نے دنیا کو یہودیت اور عیسائیت کے مذاہب دیے۔ اسلام بھی انھیں مذاہب کے ارتقا کا سلسلہ ہے۔ چونکہ وہ فاتح حاکموں سے ہمیشہ اپنی بے اس بنا پر انھوں نے تجارت کا آزاد پیشہ اختیار کیا اور دور دراز کے ملکوں سے نہ صرف تجارت کی بلکہ وہاں جا کر رہنے بسنے بھی لگے۔ لیکن تعجب کی بات یہ ہے کہ ان کے مذہب اور معاشرت میں کوئی فرق نہ آیا۔ تجارتی تقاضوں اور غیر محفوظ و غیر یقینی حالات نے ان کے دلوں میں دولت کی محبت پیدا کی۔ انھوں نے پس انداز کرنے کی عادت ڈالی جو بڑھ کر بخل کی صورت اختیار کر گئی۔ قومی و معاشرتی اعتبار سے وہ تنگ نظر ہو گئے۔ وہ کبھی دوسروں سے خلوص نہ کر سکے۔ انھوں نے جب بھی موقع ملا دھوکہ دیا اور اکثر تو اپنے پیغمبروں، رہنماؤں اور اپنے آپ کو بھی دھوکہ دینے سے باز نہ آئے۔

بابل و فینوا، مصر اور ایشیائے کوچک کی سلطنتوں کے بعد ایرانیوں کا زمانہ آیا۔ ۵۵۰ قبل مسیح میں سائرس اعظم نے ایرانی فتوحات کا سلسلہ شروع کیا اور دارائے اول نے ایرانی سلطنت کی حدود دریائے ڈینیوب سے دریائے سندھ تک اور بحر ارال و کوہ قاف سے مصر کے بالائی حصے تک پھیلا دیں۔ ایران اور یونان میں ایک عرصہ تک جنگیں ہوتی رہیں۔ آخر کار سکندر اعظم کی قیادت میں یونان نے ایران اور مصر پر فتح حاصل کر لی۔ یونانیوں کے عہد دنیا کا زمانہ آیا۔ وہ ایک عرصہ تک شمالی افریقہ میں کارتھیج (جو فلسطین سے جانے والے فونیشین کنعانیوں کی سلطنت تھی) سے برسرپیکار رہے اور آخر ان پر غلبہ پا لیا۔ انھوں نے مصر اور فلسطین پر بھی قبضہ کر لیا۔ رومیوں کی سلطنت برطانیہ سے لگا کر مصر تک اور مراکو سے لگا کر آرمینیا تک پھیلی ہوئی تھی۔ شمال کے وحشی حملہ آوروں نے روم کی سلطنت کو ختم کر دیا۔ مشرقی روم کی سلطنت مسلمانوں کے ہاتھوں ختم ہوئی۔ غرض تہذیب کی ابتدا سے رومی سلطنت

کے دور تک جب بھی کوئی طاقت ایشیا، افریقہ، یا یورپ سے اُبھری اُس نے موجودہ دُنیائے عرب کے علاقوں کو فتح کرنا اپنا اوّلین فرض سمجھا۔ خاص طور پر شام، لبنان، فلسطین اور مصر کے ساحلی علاقے محلِ وقوع کے اعتبار سے اس قدر اہم تھے کہ ہر سلطنت ان کو اپنے قبضے میں رکھنا دفاع کے لیے ضروری سمجھتی تھی۔

دُنیائے عرب کی جدید تاریخ نزولِ اسلام سے شروع ہوتی ہے۔ پیغمبر اسلامؐ نے اپنی زندگی ہی میں حجاز کو متحد کر کے جزیرہ نمائے عرب کے اتحاد کی بنیاد رکھ دی تھی۔ ۶۳۲ء میں پیغمبر اسلامؐ کی رحلت کے بعد عرب مسلمانوں نے ایران اور بازنطینی سلطنتوں کو فتح کر لیا۔ اسلامی فوجیں ایران سے وسط ایشیا اور ہندوستان تک پہنچ گئیں۔ شام، مصر، شمالی افریقہ اور اسپین پر مسلمانوں کا قبضہ ہو گیا اور آخر کار وہ فرانس تک پہنچ گئے۔ ۶۳۲ء سے ۶۶۱ء تک پہلے چار خلفا کی حکومت رہی۔ ۶۶۱ء میں امیر معاویہ نے خلافت حاصل کر لی اور بنو امیہ نے شام کے شہر دمشق سے ۷۵۰ء تک حکومت کی۔ بنو امیہ کا تختہ بنو عباس نے اُلٹ دیا۔ انھوں نے عراق میں بغداد کا شہر آباد کیا اور اس دارالحکومت سے ۱۲۵۸ء تک حکومت کرتے رہے۔ عباسیوں کا دور امن اور فارغ البالی کا زمانہ کہلاتا ہے۔ ان کے زمانے میں ایرانیوں کو دربار اور امورِ حکومت میں بہت کچھ دخل ہو گیا۔ ۸۰۰ء کے بعد صوبائی حکمران تقریباً خود مختار ہو گئے اور عملاً خلیفہ کا اقتدار ختم ہونے لگا۔ گیارھویں صدی کے وسط میں سلجوق ترکوں نے ایران پر قبضہ کر لیا۔ وہ ۱۰۵۵ء میں بغداد پر بھی قابض ہو گئے اور ان کی سلطنت ہندوستان سے بحرِ ایجین تک پھیل گئی۔ دسویں صدی میں خلافت دو خاندانوں میں بٹ گئی۔ مصر میں فاطمی خلیفہ تھے جن کا سکہ شمالی افریقہ اور کبھی کبھی شام تک چلتا تھا۔ اُدھر اسپین میں بنو اُمیہ کی خلافت تھی جو ۱۳۹۱ء تک قائم رہی۔ اسپین میں مسلمانوں نے تقریباً ۷۰۰ سال تک حکومت کی اور ان کے دور میں یہ ملک یورپ کا سب سے زیادہ مہذب ملک سمجھا جاتا تھا۔

۱۲۵۸ء میں منگول حملہ آوروں نے بغداد کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔ اس کے بعد عباسی خلافت کا نام بھی باقی نہ رہا۔ اس کے ساتھ ہی سلجوق ترکوں کی سرداری بھی ختم ہو گئی۔ لیکن عثمانی ترکوں نے ایشیائے کوچک میں اپنی حکومت قائم کر لی۔ جلد ہی انھوں نے بلقانی ریاستوں پر غلبہ حاصل کر لیا۔ ۱۴۵۳ء میں جب عثمانی ترکوں نے قسطنطنیہ کو فتح کر لیا تو مشرقی کی بزنطینی رومی سلطنت کا آخری چراغ بھی گل ہو گیا۔ عثمانی ترکوں نے شام، فلسطین اور مصر کی مملوک سلطنت پر بھی قبضہ کر لیا۔ وہ دو سو سال تک ایران کی صفوی حکومت سے نبرد آزما رہے اور آخر کار عراق پر بھی اُن کا قبضہ ہو گیا۔

یورپ کے عیسائیوں نے ترکوں کے زمانے میں صلیبی جنگوں کا آغاز کیا۔ گو یہ جنگیں مذہب کے نام پر لڑی گئیں لیکن ان کا اصل مقصد یہ تھا کہ مسلمانوں کو دُنیائے عرب سے بے دخل کر کے ہندوستان اور مشرقِ بعید سے ہونے والی تجارت کا راستہ صاف کر دیا جائے۔ گو یورپ کے عیسائیوں کو اپنے اس مقصد میں کامیابی حاصل نہ ہوئی اور فلسطین آخر کار صلاح الدین ایوبی کے ہاتھوں انھیں شکست ہوئی لیکن اسپین اور سسلی مسلمانوں کے ہاتھ سے نکل گئے۔ آخر کار

وقت ایسا بھی آیا کہ عثمانی سلطنت کے حصے بخرے ہو گئے اور جیسے جیسے وہ زوال پذیر ہوتی گئی ویسے ویسے یورپی طاقتیں فائدہ اٹھا کر اس پر قبضہ حاصل کرتی گئیں۔ خصوصاً انگریز تاجر یہ چاہتے تھے کہ کسی طرح وہ براہ راست ہندوستان اور دیگر مشرقی ممالک سے تجارت کریں اور مسلمان تاجروں کا درمیانی واسطہ ختم ہو جائے۔ یہی وہ مقصد تھا جس کے لیے یورپ نے صلیبی جنگ کی تھی۔ لیکن جہاں متحدہ شاہی فوجیں اور مذہبی رہنما ناکام رہے وہاں انگریز تاجروں نے کامیاب ہو کر دکھا دیا۔ ۱۵۸۱ء میں انگریزوں نے لیونٹ کمپنی بنائی اور ترکی سلطان سے تجارت کی مراعات حاصل کر لیں۔ اس کے کچھ عرصہ بعد ایسٹ انڈیا کمپنی قائم کی گئی۔ خلیج فارس میں پرتگالیوں نے ہرمز کے جزیرہ پر قبضہ کر لیا۔ شاہ ایران نے ایسٹ انڈیا کمپنی سے مدد کی درخواست کی اور انگریزوں کو ایک زرین موقع ہاتھ آ گیا۔ انھوں نے ہرمز سے پرتگالیوں کو بے دخل کر دیا اور انگریزوں نیز فرانسیسیوں کو بھی اس علاقے سے دور رہنے پر مجبور کر دیا۔ ہندوستان کے دفاع کے لیے اور تجارتی رہگذر کی حیثیت سے انگریزوں کی نظر میں خلیج فارس بہت اہم تھی۔ جب نپولین مصر پر قابض ہو گیا تو ۱۷۹۸ء میں انگریزوں نے مسقط کے حکمران اور دیگر ساحلی ریاستوں سے معاہدے کر کے انھیں اپنی حفاظت میں لے لیا۔ ۱۸۳۹ء میں انھوں نے عدن پر قبضہ کر کے وہاں بحری اڈہ قائم کر لیا۔

سلطنتِ عثمانیہ زوال پذیر تھی۔ ۱۷۹۸ء میں فرانس نے مصر پر قبضہ کر لیا۔ سولھویں صدی میں آسٹریا کا دباؤ بھی بڑھنے لگا۔ اس کے ایک صدی بعد روس نے بھی پاؤں پھیلانے شروع کر دیے۔ مصر کے پاشا محمد علی نے بغاوت کی اور اس کی فوجیں استنبول تک پہنچ گئیں۔ روس نے اس موقع سے فائدہ اٹھایا اور ایک معاہدہ کی رو سے سلطنت کے دفاع میں مدد کے بدلے ترکی کے بعض اندرونی معاملات میں دخل دینے اور بوقتِ ضرورت درۂ دانیال بند کرنے کے حقوق حاصل کر لیے۔ اس معاہدہ سے برطانیہ روس کو شبہ کی نظر سے دیکھنے لگا۔ جب دوسری بار محمد علی نے استنبول پر حملہ کیا تو برطانیہ اور دوسری مغربی طاقتوں نے دخل اندازی کی اور تنازعہ کا پُرامن تصفیہ کرا دیا جس کے نتیجہ میں مصر خود مختار ہو گیا۔ ۱۸۲۲ء میں برطانیہ، فرانس اور روس نے مل کر سلطنتِ عثمانیہ کے بحریہ کو تباہ کر دیا جس کا براہ راست نتیجہ یہ ہوا کہ یونان سلطنت کے قبضہ سے نکل گیا۔ ۱۹۱۴ء تک بلقان کی تمام عیسائی ریاستیں اور جزیرہ کریٹ سلطنتِ عثمانیہ کے قبضہ سے نکل گئے اور طرابلس (لیبیا) پر اٹلی نے قبضہ کر لیا۔

انیسویں صدی میں برطانیہ کی پالیسی یہ تھی کہ سلطنتِ عثمانیہ کو کسی نہ کسی طرح قائم رکھا جائے۔ انگریزوں کو ڈر تھا کہ سلطنتِ عثمانیہ کی تباہی سے جو خلا پیدا ہو گا وہ روس پُر کرے گا۔ چنانچہ کریمیا کی جنگ میں برطانیہ اور فرانس نے روس کے خلاف سلطنتِ عثمانیہ کی مدد کی اور برطانیہ نے اس کے معاوضہ میں سائپرس کا جزیرہ حاصل کر لیا۔ ۱۸۸۲ء میں برطانیہ مصر پر قابض ہو گیا۔ ترکی کا سلطان اب بالکل مجبور اور بے بس تھا۔ انیسویں صدی کے آخر تک کریمیا اور کوہ قاف کے کچھ حصے روس کے قبضے میں چلے گئے۔ الجزائر اور تیونس پر فرانس قابض ہو گیا۔ بوسینیا اور ہرزیگووینا کو آسٹریا نے دبا لیا۔ صرف جرمنی ہی ایک ایسا ملک تھا جس نے سلطنتِ عثمانیہ کے کسی علاقے پر قبضہ نہیں کیا تھا اور قیصر جرمنی ترکی کے سلطان کی دوستی

کا دم بھرتا تھا۔ اس دوست نوازی کا راز اس وقت ظاہر ہوا جب جرمنی نے ترکی کی وساطت سے برلن سے بغداد تک ریل بچھانے کی سکیم مکمل کر لی اور ترکی فوج کو تربیت دینے کی ذمہ داری قبول کر لی۔ اس صورتِ حال کا توڑ برطانیہ نے یوں کیا کہ اپنے پرانے دشمن روس سے دوستی کا معاہدہ کر لیا۔

پہلی جنگِ عظیم

۱۲ اگست ۱۹۱۴ء کو پہلی جنگِ عظیم شروع ہو گئی۔ سلطنتِ عثمانیہ نے جرمنی کا ساتھ دیا۔ انگریزوں نے شریفِ مکہ اور شاہِ سعود سے خفیہ معاہدے کر کے عربوں کو ترکوں کے خلاف بغاوت پر تیار کر لیا۔ یہ بغاوت ۵ جون ۱۹۱۶ء کو شروع ہوئی۔ جنگ کے دوران عربوں کی یہ بغاوت ترکوں کی شکست کا پیغام تھی۔ ترکوں کو بیک وقت انگریزی فوجوں اور ٹی۔ ایس لارنس کی قیادت میں اٹھنے والے عرب گوریلوں کا مقابلہ کرنا پڑا۔ نتیجہ ظاہر تھا۔ سلطنتِ عثمانیہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو گئی۔ جنگ کے بعد عربوں کو توقع تھی کہ انگریز اپنے وعدے پورے کریں گے لیکن ایسا نہیں ہوا۔ میکموہن نے عرب ریاستوں اور فلسطین کی آزادی کا وعدہ کیا تھا لیکن دوسری طرف ۱۹۱۶ء میں برطانیہ، فرانس اور روس نے خفیہ معاہدے کر کے دنیائے عرب کو آپس میں بانٹ لینے کی سکیم بھی بنا لی تھی۔ یہ حصے بخرے تو قومی نظام کے ماتحت ہوئے ہی لیکن اس سے بھی بڑھ کر یہ ہوا کہ انگریزوں نے ۲ نومبر ۱۹۱۷ء کو بالفور اعلان کے ذریعہ یہودیوں سے یہ وعدہ کیا کہ فلسطین میں ان کی قومی ریاست قائم کی جائے گی۔

شام میں ترکوں کی شکست کے بعد انگریزوں نے سارے علاقے پر قبضہ کر لیا۔ ۳۰ جنوری ۱۹۱۹ء کو امن کانفرنس میں طے کیا گیا کہ عرب علاقوں کو ترکی سے علیحدہ کر لیا جائے اور فاتح ملکوں کو ان کا متولی بنا دیا جائے۔ برطانیہ اور فرانس قومی علاقوں کی سرحدوں کے سوال پر متفق نہ ہو سکے۔ چنانچہ دو امریکیوں کو یہ کام سپرد کیا گیا کہ وہ لوگوں کی خواہشات معلوم کریں اور اپنی تحقیقاتی رپورٹ امریکی صدر کی خدمت میں پیش کریں۔ اس رپورٹ کی سفارشات برطانیہ اور فرانس نے قبول نہیں کیں کیونکہ کنگ اور کرین نے اپنی رپورٹ میں شام پر فرانسیسی نگرانی کی مخالفت کی تھی اور بالفور اعلان کو بھی غیر دانشمندانہ قرار دیا تھا۔

ستمبر ۱۹۱۹ء میں برطانیہ اور فرانس میں ایک معاہدہ ہو گیا جس کی رو سے انھوں نے عرب علاقوں کے حصے بخرے کر لیے۔ ۲۰ مارچ ۱۹۲۰ء کو شام کے سربرآوردہ لوگوں کی کانگریس نے امیر فیصل کو شام اور فلسطین کا تاج پیش کیا لیکن برطانیہ اور فرانس نے اس فیصلے کو نہیں مانا۔ ۲۴ اپریل ۱۹۲۰ء کی سان ریمو کانفرنس نے شام اور لبنان کو فرانس کی نگرانی میں اور فلسطین اور یردن کو برطانوی تولیت میں دے دیا اور اس کے ساتھ ہی یہ ہدایت بھی کی کہ بالفور اعلان کی پالیسی پر عمل کیا جائے۔ لیگ آف نیشنز نے سان ریمو کانفرنس کے فیصلوں کی توثیق کر دی۔

فرانس نے امیر فیصل کو شام سے نکال دیا اور انگریزوں نے انھیں عراق کا بادشاہ بنا دیا۔ یردن ان کے چھوٹے بھائی امیر عبداللہ کی سرداری میں دے دیا۔ اس طرح سلطنتِ عثمانیہ کے خاتمے کے ساتھ مغربی طاقتوں کا اثر مکمل تسلط میں تبدیل ہو گیا اور عرب قومیت جس نے آزادی کی توقع میں ترکوں کے خلاف انگریزوں کا ساتھ دیا تھا اب مغربی طاقتوں کے سیاسی اور

اقتصادی غلامی کا شکار ہو گئی۔

ترکی میں مصطفیٰ کمال کی قیادت میں قومی تحریک نے ۳ مارچ ۱۹۲۴ء کو خلافت کے خاتمے کا اعلان کر دیا۔ اس کے بعد شریف مکہ نے خلیفہ کا لقب اختیار کر لیا لیکن چند ماہ بعد جب نجد کے شاہ سعود نے حجاز پر حملہ کیا اور شریف مکہ نجد سے دست بردار ہو گئے تو یہ خلافت بھی ختم ہو گئی۔ اس کے بعد سے مسلمانوں کی مرکزیت ایک تصور بن کر رہ گئی۔ مغربی تسلط کے دوران اسلامی تحریک اور اسلامی اتحاد کی جگہ جدوجہد آزادی، عرب قومیت اور عرب اتحاد نے لے لی۔ پہلی جنگ عظیم کے خاتمے کے بعد سے دوسری جنگ عظیم کے خاتمے تک کا زمانہ عرب قومیت کی تشکیل و تنظیم کا دور ہے۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد سے مختلف ملکوں میں عرب قومیت کی سیاسی اور مسلح جدوجہد کا دور شروع ہوتا ہے جو ہنوز جاری ہے۔ اس سے قبل کہ ہم اس جدوجہد کا تاریخی جائزہ لیں دنیائے عرب پر مغربی اثرات کا مطالعہ ضروری ہے

(باقی آئندہ)



اختر صاحب

محمد طفیل

"اپنے ہیرو کے قریب نہ جاؤ۔ اُس کی عظمت
مداحوں کے قرب کو برداشت نہیں کر سکتی۔"

مذہب ـــــ اور ـــــ رُومان!

انہی دو حقیقتوں میں اختر صاحب گم ہیں۔ آیئے انھیں ڈھونڈ نکالیں۔

ویسے تو یہ پروفیسر ہیں اور نامور پروفیسر، اور میں ادب کا طالب علم ہوں اور غیر معروف طالب علم، اس لیے میں ایک ایسی ہستی کے بارے میں کیا کہہ سکتا ہوں جسے پڑھنے کے لیے علم کی کئی سیڑھیاں طے کرنی پڑیں ـــ اور پھر جانچنے کے لیے؟ ـــ اس کے لیے تو اُس سے بھی زیادہ ڈگریاں چاہییں۔ شخصی پرکھ کی ڈگریاں! ـــ دانا کہتے ہیں کہ کتابیں نہیں پڑھ سکتے تو انسانی چہرے پڑھو۔ میں کہتا ہوں کتابیں پڑھنے کے باوجود انسانی چہرے نہیں پڑھے جاتے

مجھے اختر صاحب سے "مکتبۂ یا کالجی" درس لینے کا موقع تو نہیں ملا۔ مگر ذہنی طور پر میں انھیں اُستاد مانتا ہوں۔ امام مانتا ہوں۔ اُستاد علم کے معاملے میں، امام کسی اور معاملے میں!

بات طالب علم اور اُستاد کی چل نکلی ہے۔ اس لیے میں بھی اختر صاحب کو طالب علمی کے زمانے سے پہچاننے کی کوشش کروں گا۔ معرفت کی کوشش! جو ناتمام بھی ہو سکتی ہے اور ناکام بھی!

تصور کر لیجیے۔ اس وقت ایک محقق کی رُوح مجھ میں حلول کر گئی ہے اور وہ پورے طنطنے کے ساتھ بول رہی ہے:۔

ابتدائی تعلیم کا زیادہ حصہ اورین (وطن) اور مونگھیر میں طے کیا۔ ۱۹۲۶ء میں میٹرک فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا۔ اسکالرشپ ملی۔ ۱۹۲۶ء سے ۱۹۲۸ء تک سائنس کالج پٹنہ میں رہے۔ اسکالرشپ ملی۔ ۱۹۲۸ء سے ۱۹۳۲ء تک بی اے آنرز انگریزی میں کیا۔ گولڈ میڈل ملا۔ ۱۹۳۹ء میں ایم اے اُردو کیا۔ فرسٹ کلاس فرسٹ پاس ہوئے۔ گولڈ میڈل ملا۔ ڈی لٹ ۱۹۵۰ء میں کیا۔

یہاں حلول شدہ محقق کی رُوح سے معذرت کیے لیتے ہیں "اگر آپ میری باتیں بھی سُن سکیں۔

اگر مندرجہ بالا واقعات میں ایک دو اور واقعات کا اضافہ کر دیا جائے تو ان کی سوانح عمری مکمل ہو جائے گی۔ مثلاً ۱۹۲۶ء سے ۱۹۳۵ء تک انکی سینی ٹوریم میں رہے اور درس و تدریس کی ملازمت ۱۹۳۵ء سے کی تو بس اختر الایمان کی زندگی کے موٹے موٹے واقعات

[illegible] گئے اور اگر ان کی کچھ [illegible]
کو بھی کھاتے رہتے ہیں [illegible]
مطمئن ہوتے ہیں اور کبھی ناآسودہ [illegible]
رہتے ہیں اور اگر کوئی ان سے مذاق کرے [illegible]
یہ خوش ہیں اور احباب ان سے خوش!

کھانے میں، لباس میں، آرائش میں، ان کی پسند کچھ اس قسم کی [illegible]

کھانے میں ——— بھنا ہوا چنا، بلو چنا، کاجو، بیسنی روٹی، انڈے [illegible] بھنا ہوا [illegible] مرغ چڑ [illegible]
بزنی ——— لباس میں ——— صاف عام سفید کپڑے، جن میں شیروانی بھی شامل، سوٹ بھی شامل ——— آرائش میں ——— صاف ستھرا کمرہ، جس میں کسی قسم کی آرائش نہ ہو۔ پھول بہت پسند ہیں، ایشیائی بھی مغربی بھی!

دیکھ لیجیے میں نے چند ہی سطروں میں کتنی معلومات فراہم کر دیں۔ تعلیم کا حال لکھ دیا، عادات لکھ دیں، پسندیدہ اور مرغوب چیزوں کے بارے میں لکھ دیا۔ ہو گیا نا مضمون مکمل؟

لیجیے وہی محقق کی روح پھر آن نازل ہوئی۔ کہتی ہے:-

"برخوردار طفیل کی معلومات ناقص ہیں۔ یہ دکھ اور بھی سوں معلوم ہوتا ہے۔ جب ہمیں یہ علم ہوتا ہے کہ برخوردار کے اختر [illegible] کے گھرانے سے قریبی تعلقات ہیں۔ مثال کے طور پر صرف چند کوتاہیوں کی طرف اشارہ کروں گا۔ اختر صاحب کو ۱۹۱۸ء میں ٹائیفائیڈ ہوا تھا جس میں چالیس دن تک بتلا رہے۔ پھر ۱۹۲۰ء میں انھیں ناسور ہوا۔ ۱۹۲۲ء میں کالا زار، ۱۹۲۵ء میں وجع مفاصل [illegible] میں پھیپھڑوں کی کمزوری، غالباً سل، پھر ۱۹۳۳ء میں دوبارہ سل کا اور ۱۹۳۶ء میں (دوبارہ) وجع مفاصل کا حملہ ہوا۔ مگر ان کے مضمون [illegible] ان باتوں کا کہیں ذکر نہیں اور کہتے ہیں ——— مضمون مکمل ہو گیا! ——— چہ خوب!

میں اس مضمون میں ایسی واقعاتی باتوں کو کم سے کم لانا چاہتا تھا۔ مگر کچھ روایتی تقاضوں کی خاطر اور کچھ "دو اور دو چار" قسم کے حضرات کے لیے، کہیں کہیں اس بدعت حسنہ سے بھی کام لینا پڑے گا ——— اجازت ہے؟

ویسے سچی بات تو یہ ہے کہ اختر صاحب جو کچھ ہیں اور جیسے کچھ ہیں وہ تو مندرجہ بالا سطروں میں آ گئے ہیں۔ چونکہ ہمیں کچھ اور، کچھ اور ——— کی عادت پڑی ہوئی ہے۔ اس لیے میں بھی بال کی کھال اتاروں گا خواہ سلیقہ ہو یا نہ ہو۔

بچپن میں انھیں کبڈی اور فٹ بال سے دلچسپی تھی۔ کیا ہی اچھا ہوتا کہ اختر صاحب آج بھی کبڈی اور فٹ بال سے شوق فرماتے تاکہ دیکھنے والوں کو لطف آتا۔ ہم سب بڑے عجیب واقع ہوئے ہیں۔ جو کام ہمیں اس عمر میں کرنے چاہئیں وہ ہم کر کے دوستوں کے لیے مسرتوں کے دروازے بند کر دیتے ہیں۔ دوسرے یہ بچپن میں برابر بیمار رہے، شرارت جو بچوں کا [illegible] ہے اس کے لیے انھیں فرصت ہی نہ ملی۔ مطلب یہ کہ ان کی زندگی سے بچپنے لطف اندوز ہوئے نہ بوڑھے۔

[illegible] عمر وہ ہوتی ہے جب آدمی اپنے آپ میں نہیں ہوتا۔ [illegible] کی آرزو، ہر شرارت پر طبیعت آمادہ، ہر ذمہ داری سے آزاد، یہ دور بھی [illegible] ہر بے راہ روی سے وابستہ ہوتا ہے۔

[illegible] بننے کی کوشش کی۔ بوہیمین سے رہتے تھے۔ لڑکیوں کی طرف سے متنفر تھے کہ [illegible] اس خوش فہمی کے بعد سپرنٹنڈنٹ کے خلاف فارسی اور عربی میں نظمیں لکھیں۔ شاہ جہاں، مال کو کوس [illegible] انھیں گالیاں دیں۔ اس لیے کہ وہ راستے کا روڑا تھے ——

ان کے ایک یار کالج تھے جو ان کی تصویریں بنایا کرتے تھے اور وہ لڑکوں اور لڑکیوں میں تقسیم کر دی جاتی تھیں جس پر ہنسا بھی ہوتے تھے۔ تالیاں بھی پٹتی تھیں۔

نوجوان جو تازہ تازہ عشق فرماتے تھے، وہ سب کے سب ان کے پاس جا کر رُوداد بیان کیا کرتے تھے۔ ان کی آشیرواد لیا کرتے تھے، تسکین پایا کرتے تھے۔ جب صورتِ حال یہ ہو تو بھلا بتائیں یہ خود کیسے خاموش رہتے یہ بھی اپنے معاشقوں کی داستان سناتے (یہ تو آپ جانتے ہی ہوں گے کہ نوجوان، ہر اس نگاہ کو، جو ان پر اچانک پڑ گئی ہو، اپنے معاشقے کی ابتدا سمجھ لیتے ہیں۔ لہٰذا معاشقوں کی کمی بھی کیا ہوگی)

اختر صاحب میں جتنے بھی اوصاف تھے وہ سب ایسے تھے جو کالج کے لڑکوں کو بھاتے ہیں۔ اگر کوئی ان جیالوں میں بڑا عزیز ہوتا ہے یا مرکزیت کا درجہ حاصل کرتا ہے تو وہ اختر صاحب کا ہی شاگرد ہوتا ہے یا اختر صاحب کسی ایسے ہی استاد کے شاگرد ہوتے ہیں۔ محض قابلیت، محض شرافت تازہ خون کو راس نہیں آتی۔

جی چاہتا ہے کہ ان دنوں کا ایک واقعہ تو سنا ہی دوں!

جن دنوں یہ میڈیکل کالج میں پڑھتے تھے وہاں نرسیں سب کی سب اینگلو انڈین تھیں۔ جوانی لڑکوں پر بھی آتی ہے۔ لڑکیوں پر بھی، من چلے یہ بھی ہوتے ہیں۔ وہ بھی ہوتی ہیں۔ ماحول خوش نظر ہو، حالات امید افزا ہوں اور دور دل میں لڈو پھوٹنے کا ہو تو ایسے میں کسی ایک فریق کو شرارت کی سوجھے تو خود سوچ لیجیے کیا کیا لطف نہ آتا ہوگا۔ میرا خیال ہے اس ضمن میں مجھے کچھ زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں۔ سبھی مجھ سے زیادہ باعلم ہوں گے۔

پہلے فریقین میں چھوٹی چھوٹی شرارتیں چلیں۔ کبھی کسی کا پلڑا بھاری رہا۔ کبھی کسی کا، اچانک یکم اپریل کو نرسوں کی طرف سے انگریزی میں ایک نظم آئی۔ جس میں سینیئر طلبا کا مذاق اُڑایا گیا تھا۔ اختر صاحب کے سپرد اس نظم کا جواب دینا ہوا۔ ان سے انگریزی میں جواب بن نہ پڑا۔ اُردو میں نظم لکھی۔ جو غالباً ان کی پہلی نظم تھی ؎

خالی رخِ موریسن ، حُسنِ رُخِ ڈیوڈسن

حسبِ توقع نظم خوب چلی۔ لڑکوں کی نرسوں سے مڈبھیڑ ہوتی تو وہ ان آفت کے پرکالوں سے کترا کر نکل جاتیں۔ کس میں ہمت تھی جو ترنم میں یہ سنتی —— خالی رُخِ موریسن ——

جیسے گھر والوں کے کانوں میں بھنک پڑ گئی ہو —— ہر خوردار تو لڑکیوں کے حُسن کی تعریفیں بھی کرنے لگے۔ چنانچہ انھوں نے

ان کی شادی کی سوچی۔ یہ اڑنگا ایسا ہے کہ بڑوں بڑوں کے بل نکل گئے۔ ۱۹۳۶ء میں ان کی شادی کر دی گئی تاکہ بزعم خود عارف اور دانش کی برادری میں اضافہ نہ کرے۔

باتوں باتوں میں اختر صاحب نے بتایا کہ انھیں ایک نہایت متقی بیوی کی تلاش تھی۔ اس کے ساتھ روحانیت کے خواب بھی دیکھتے تھے۔ ان کے نزدیک مذہب میں بھی ایک طرح کی رُوحانیت ہے۔

یہ زندگی میں ہمیشہ دو دھاری تلوار سے کٹتے رہے اور وہ تلوار تھی مذہب کی، رُوحانی کی، اللہ کا شکر ہے کہ انھیں بیوی مذہبی بھی ملیں اور رُوحانی بھی، ورنہ ان پر دفیر صاحب کے بہکنے کے سو بہانے تھے۔

باتوں ہی باتوں میں ایک مرحلہ ایسا بھی آیا تھا کہ میں نے اختر صاحب سے پوچھا ——— "کیا آپ خوفناک قسم کا سچ بول سکتے ہیں؟"

"بہ فضلِ خدا"!

اب اس بفضلِ خدا قسم کے جواب کے بعد ہمت تو نہ تھی کہ کسی شرارت کی گنجائش ہوتی مگر بات مُنہ سے نکل گئی ——— آپ کے بارے میں مشہور ہے کہ کیوپڈ آپ پر بڑا مہربان تھا۔ کیا یہ سچ ہے؟"

اُستاد تو یہ ہیں ہی نور، پیتر، بدل گئے ——— ہاں میں نے بعض مذہبی شخصیتوں سے محبت کی ہے۔ لیکن اللہ میاں سے اب تک مُحبت نہیں ہوئی۔ حضرت محمد صلعم کو بہت چاہتا ہوں، علامہ اقبال میں پنڈت نہرو اور محمد علی جناح کو بہت چاہا۔ دوستوں میں رضا نقوی، شرف عظیم آبادی، علی اظہر، زیدی، اسے نقائی، علی عباس اور رُخسانہ سے محبت کی ہے۔

دیکھ لیا آپ نے صاف بچ گئے۔ پوچھا کچھ، جواب کچھ۔ یہی وجہ تھی کہ کہنا پڑا ——— پیرِ مُرشد! آج تو میں آپ کا قائل ہو گیا۔

انھوں نے میرا منشا تو پہلے ہی مرحلے پر بھانپ لیا تھا۔ محض تجاہلِ عارفانہ سے کام لے رہے تھے۔ اس لیے انھیں میری قائل ہونے والی بات کے جواب میں کہنا پڑا ——— اچھا تو سنو!:

تمہارے اصرار پر ایک معصوم سی یاد اُبھر آئی ہے۔ گیارہ سال کی عمر میں نگر ڈھاکہ میں احمد شمس صاحب (ماموں جان) کے یہاں قیام تھا۔ ان کے فلیٹ کے نیچے ایک بنگالن ۱۳، ۱۴ سال کی رہتی تھی۔ تین مہینے تک اس کو بے حد چاہا۔ کبھی ملے نہ تھے۔ صرف گیت سنتے تھے۔ جب شملہ سے واپس ہوئے تو ٹرین میں اس کے فراق میں روتے رہے ——— اس کے بعد شکیلہ کو چاہا اور چاہا گیا بعد ازاں ناگفتنی[1] ——— میرے لیے نہیں، دُوسروں کے لیے، ——— اکثر محبوب بنتے رہے اور محبت کا جواب محبت کی زبان میں دیتے رہے۔

میں نے ان باتوں سے محسوس کیا کہ اختر صاحب مزے کے آدمی ہیں۔ بھونڈی بڑائی کے قائل نہیں۔ اپنی خامیوں پر بھی نظر ہے۔

---

[1] اس ناگفتنی کا بھی کچھ حال مجھے معلوم ہے مگر جو باتیں یہ خود چھپانا چاہتے ہیں ان کے لکھنے میں لُطف بھی کیا۔

ی خوبیوں سے بھی آگاہ ہیں۔

دیکھ لیجیے ایک دور وہ ہوتا ہے جب انسان اپنے جھوٹے معاشقوں کا حال بیان کرتا ہے اور ایک یہ وقت آتا ہے
رچی باتوں پر بھی زبان نہیں کھلتی۔

دیکھیے اتنا ضرور ہے کہ یہ بات بات پر تڑپ سکتے ہیں۔ بات بات پر اٹک سکتے ہیں ۔ ذرا تڑپنے اور اٹکنے
والی بات کی وضاحت کر دوں تاکہ معاملہ قابو میں رہے۔

تڑپنے والی بات تو یہ ہے کہ سارے جہان کا درد ہمارے جگر میں ہے۔ دنیا میں کہیں کوئی ظلم ہوا ہو۔ درد کی
ٹیسیں ان کے جگر میں اٹھیں گی۔ اٹکنے والی بات یہ ہے کہ بس ذرا جواہر لعل کی طرح اچکن میں پھول اٹکا لینے کے عادی ہیں۔
اس کے علاوہ ریکارڈ بہت اچھا ہے۔

لیجیے! بچپن کے دن اور جوانی کی راتوں کے قصے ختم ہوئے!

ساری دنیا اختر اورینوی کے رشتے سے شکیلہ اختر کو جانتی ہے۔ مگر میں نے اختر صاحب کو شکیلہ کے رشتے سے
پہچانا۔

ادبی حلقوں میں اختر صاحب کی دھاک ربع صدی سے ہے۔ میں بھی ان کے نام سے واقف تھا۔ خط و کتابت بھی تھی۔
مگر جب ۱۹۶۰ء میں شکیلہ بہن ملیں تو اختر صاحب سے باقاعدہ ملاقات ہوئی۔ یہ اعجاز بہن کا تھا کہ انھوں نے باتوں ہی باتوں
میں اختر صاحب کی تصویر اتار کر دکھا دی۔

۱۹۶۱ء میں میرا دلی جانا ہوا تو شکیلہ کے لکھے پر پٹنہ بھی جانا پڑا۔ ابھی میں پٹنہ سے ایک دو اسٹیشن ادھر ہی تھا کہ
دانا کے اسٹیشن پر ایک صاحب ملیں۔

بھائی صاحب السلام علیکم!

جی!

میں شکیلہ کی بہن عذرا ہوں۔

اچھا اچھا!!

مجھے شکیلہ نے لکھا تھا کہ بھائی آ رہے ہیں۔ اس لیے تم انھیں اسٹیشن پر ضرور ملنا۔

آپ نے کیسے پہچان لیا کہ میں ہی طفیل ہوں۔

واہ بھائی کو پہچاننا بھی کوئی مشکل بات ہوتی ہے۔

لیجیے صاحب ابھی پٹنہ آیا نہ تھا کہ شکیلہ کے خلوص کا جادو چلنے لگا۔ پٹنہ آیا تو گھر کے بہت سے افراد کے ساتھ اختر
صاحب کو بھی دیکھا۔

آگئے اور اگر ان کی کچھ عادت پر کچھ روشنی ڈالنی ضروری ہو تو یہ بیان لیجیے کہ انھیں دنیا میں کھانے کا ہو کا ہے۔ خود بھی کھاتے رہتے ہیں اور دوسروں کو بھی کھلاتے رہتے ہیں۔ لباس آرائش میں، مگر کبھی کبھی گوشہ نشینی کو اپنی جان کے بچاؤ کے لیے ضروری سمجھتے ہیں۔ موجودہ زندگی سے کبھی تو مطمئن ہوتے ہیں اور کبھی ناآسودہ۔ شاگردوں کو جگر کا ٹکڑا سمجھتے ہیں۔ اس کے باوجود کچھ شاگرد شکوہ سنج ہیں۔ دوسروں پر فقرے چست کرتے رہتے ہیں اور اگر کوئی ان سے مذاق کرے تو بگڑ جاتے ہیں۔ ویسے دوستوں کے درمیان اپنے آپ پر بھی ہنس لیتے ہیں۔ احباب سے یہ خوش ہیں اور احباب ان سے خوش!

کھانے میں، لباس میں، آرائش میں، ان کی پسند کچھ اس قسم کی دریافت ہوئی ہے:

کھانے میں ——— بھنا ہوا چنا، ہرا چنا، کاجو، بیسنی روٹی، انڈے کا حلوہ، بھنا ہوا مرغ، بھونی کھچڑی، فروٹ پڈنگ، فرنی ——— لباس میں ——— صاف عام سفید کپڑے، جن میں شیروانی بھی شامل، سوٹ بھی شامل ——— آرائش میں ——— صاف ستھرا کمرہ، جس میں کسی قسم کی آرائش نہ ہو۔ پھول بہت پسند ہیں، ایشیائی بھی مغربی بھی!

دیکھ لیجیے میں نے چند ہی سطروں میں کتنی معلومات فراہم کر دیں۔ تعلیم کا حال لکھ دیا، عادات لکھ دیں، پسندیدہ اور مرغوب چیزوں کے بارے میں لکھ دیا۔ ہو گیا نا مضمون مکمل؟

لیجیے وہی محقق کی روح پھر آن نازل ہوئی۔ کہتی ہے:-

"برخوردار طفیل کی معلومات ناقص ہیں۔ یہ ڈکھ اور بھی سوں معلوم ہوتا ہے۔ جب ہمیں یہ علم ہوتا ہے کہ برخوردار کے اختر صاحب کے گھرانے سے قریبی تعلقات ہیں۔ مثال کے طور پر صرف چند کوتاہیوں کی طرف اشارہ کروں گا۔ اختر صاحب کو ۱۹۱۸ء میں ٹائیفائڈ ہوا تھا جس میں چالیس دن تک بے تحاشا رہے۔ پھر ۱۹۲۰ء میں انھیں ناسور ہوا۔ ۱۹۲۲ء میں کالا آزار، ۱۹۲۵ء میں وجع مفاصل، ۱۹۳۱ء میں پھیپھڑوں کی کمزوری، غالباً سل، پھر ۱۹۳۴ء میں دوبارہ سل کا اور ۱۹۳۵ء میں (دوبارہ) وجع مفاصل کا حملہ ہوا۔ مگر ان کے مضمون میں ان باتوں کا کہیں ذکر نہیں اور کہتے ہیں ——— مضمون مکمل ہو گیا! ——— چہ خوب!

میں اس مضمون میں ایسی واقعاتی باتوں کو کم سے کم لانا چاہتا تھا۔ مگر کچھ روایتی تقاضوں کی خاطر اور کچھ "دو اور دو چار" قسم کے حضرات کے لیے، کہیں کہیں اس بدعت حسنہ سے بھی کام لینا پڑے گا ——— اجازت ہے؟

ویسے سچی بات تو یہ ہے کہ اختر صاحب جو کچھ ہیں اور جیسے کچھ ہیں وہ تو مندرجہ بالا سطروں میں آگئے ہیں۔ چونکہ ہمیں کچھ اور، کچھ اور ——— کی عادت پڑی ہوئی ہے۔ اس لیے میں بھی بال کی کھال اتاروں گا خواہ سلیقہ ہو یا نہ ہو۔

بچپن میں انھیں کبڈی اور فٹ بال سے دلچسپی تھی۔ کیا ہی اچھا ہوتا کہ اختر صاحب آج بھی کبڈی اور فٹ بال سے شوق فرماتے ہوتے تاکہ دیکھنے والوں کو لطف آتا۔ ہم سب بڑے عجیب واقع ہوئے ہیں۔ جو کام ہمیں اس عمر میں کرنے چاہئیں وہ ہم بچپن کر کے دوستوں کے لیے مسرتوں کے دروازے بند کر دیتے ہیں۔ دوسرے یہ بچپن میں برابر بیمار رہے، شرارت جو بچوں کا حق ہے اس کے لیے انھیں فرصت ہی نہ ملی۔ مطلب یہ کہ ان کی زندگی سے نہ کچھ لطف اندوز ہوئے نہ لوٹے۔

کالج میں پہنچے تو اور لڑکوں کی طرح ہاہا جو جوان کا بھی روزمرہ تھا۔ یہ عمر وہ ہوتی ہے جب آدمی اپنے آپ میں نہیں ہوتا۔ ہر چونکانے والی بات کی دُھن، مرکزِ نگاہ بننے کی آرزو، ہر شرارت پر طبیعت آمادہ، ہر ذمہ داری سے آزاد، یہ دور بھی کیا دلچسپ ہوتا ہے جس میں مسرتوں کا واسطہ، ہر بے راہ روی سے وابستہ ہوتا ہے۔

انھوں نے بھی مقدور بھر "کالجیا" بننے کی کوشش کی۔ بن ٹھن کے رہتے تھے۔ لڑکیوں کی طرف سے مطمئن تھے کہ کالج کے ہیرو ہمیں ہم تو ہیں۔ اس خوش فہمی کے بعد سپرنٹنڈنٹ کے خلاف فارسی اور عربی میں نظمیں لکھیں۔ شاہ جہاں، مال کوس اور بھیرویں میں انھیں گالیاں دیں۔ اس لیے کہ وہ راستے کا روڑا تھے ———

ان کے ایک "یارِ کالج" تھے جو ان کی تصویریں بنایا کرتے تھے اور وہ لڑکوں اور لڑکیوں میں تقسیم کر دی جاتی تھیں جس پر ہنگامے بھی ہوتے تھے۔ تالیاں بھی پٹتی تھیں۔

نوجوان جو تازہ تازہ عشق فرماتے تھے، وہ سب کے سب ان کے پاس جا کر رُوداد بیان کیا کرتے تھے۔ ان کی آشیرواد لیا کرتے تھے، تسکین پایا کرتے تھے۔ جب مُدت حال یہ ہو تو بھلا بتائیں یہ خود کیسے خاموش رہتے یہ بھی اپنے معاشقوں کی داستان سُناتے (یہ تو آپ جانتے ہی ہوں گے کہ نوجوان "ہر اس نگاہ کو" جو ان پر اچانک پڑ گئی ہو، اپنے معاشقے کی ابتدا سمجھ لیتے ہیں۔ لہٰذا معاشقوں کی کمی بھی کیا ہوگی)

اختر صاحب میں جتنے بھی اوصاف تھے وہ سب ایسے تھے جو کالج کے لڑکوں کو بھاتے ہیں۔ اگر کوئی ان بیالوں میں بڑھ کر ہوتا ہے یا مرکزیت کا درجہ حاصل کرتا ہے تو وہ اختر صاحب کا ہی شاگرد ہوتا ہے یا اختر صاحب کسی ایسے ہی اُستاد کے شاگرد ہوتے ہیں۔ محض قابلیت، محض شرافت تازہ خون کو راس نہیں آتی۔

جی چاہتا ہے کہ اُن دنوں کا ایک واقعہ تو سُنا ہی دوں!

جن دنوں یہ میڈیکل کالج میں پڑھتے تھے وہاں زنسیں سب کی سب اینگلو انڈین تھیں۔ جوانی لڑکوں پر بھی آتی ہے۔ لڑکیوں پر بھی، من چلے یہ بھی ہوتے ہیں۔ وہ بھی ہوتی ہیں۔ ماحول خوش نظر ہو۔ حالات "اُمید افزا" ہوں اور دور دل میں لڈو پھوٹنے کا ہو تو ایسے میں کسی ایک فریق کو شرارت کی سُوجھے تو خود سوچ لیجیے کیا کیا لطف نہ آتا ہوگا۔ میرا خیال ہے اس ضمن میں مجھے کچھ زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں۔ سبھی مجھ سے زیادہ "عالم" ہوں گے۔

پہلے فریقین میں چھوٹی چھوٹی شرارتیں چلیں۔ کبھی کسی کا پلڑا بھاری رہا۔ کبھی کسی کا، اچانک یکم اپریل کو زنسوں کی طرف سے انگریزی میں ایک نظم آئی۔ جس میں سینئر طلبا کا مذاق اُڑایا گیا تھا۔ اختر صاحب کے سپرد اس نظم کا جواب دینا ہوا۔ ان سے انگریزی میں جواب نہ پڑا۔ اُردو میں نظم لکھی۔ جو غالباً ان کی پہلی نظم تھی ؎

خالِ رخِ موریسن ، حُسنِ رُخِ ڈیوڈسن

حسبِ توقع نظم خوب چلی۔ لڑکوں کی زنسوں سے مڈبھیڑ ہوتی تو وہ ان آفت کے پرکالوں سے کترا کر نکل جاتیں۔ کس میں ہمت تھی جو تم میں یہ سُنتی ——— خالِ رُخِ موریسن ———

جیسے مگرمچھوں کے کانوں میں بھنک پڑ گئی ہو ——— ہر خوردار تو لڑکیوں کے حُسن کی تعریفیں بھی کرنے لگے۔ چنانچہ انھوں

ان کی شادی کی سوچی۔ یہ اڑنگا ایسا لگا کہ بڑوں کے بل نکل گئے۔ ۱۹۳۰ء میں ان کی شادی کر دی گئی تاکہ برخوردار فرمانبردار دامتی کی برادری میں اضافہ نہ کرے۔

باتوں باتوں میں اختر صاحب نے بتایا کہ انھیں ایک نہایت متقی بیوی کی تلاش تھی۔ اس کے ساتھ ثانیت کے خواب بھی دیکھتے تھے۔ ان کے نزدیک مذہب میں بھی ایک طرح کی ثنویت ہے۔

یہ زندگی میں ہمیشہ دو دھاری تلوار سے کھیلتے رہے اور وہ تلوار تھی مذہب کی، روحانی کی، اللہ کا شکر ہے کہ انھیں بیوی مذہبی بھی ملیں اور روحانی بھی، ورنہ ان پر وفیسر صاحب کے بہکنے کے سو بہانے تھے۔

باتوں ہی باتوں میں ایک مرحلہ ایسا بھی آیا تھا کہ میں نے اختر صاحب سے پوچھا ــــ "کیا آپ خدا کی قسم کا سچ بول سکتے ہیں؟"

"بفضل خدا"!

اب اس بفضل خدا قسم کے جواب کے بعد ہمت تو نہ تھی کہ کسی شرارت کی گنجائش ہوتی مگر بات منہ سے نکل گئی ــــ "آپ کے بارے میں مشہور ہے کہ کیوپڈ آپ پر بڑا مہربان تھا۔ کیا یہ سچ ہے؟"

استاد تو یہ ہیں ہی بڑے پینترا بدل گئے ــــ "ہاں میں نے بعض مذہبی شخصیتوں سے محبت کی ہے۔ لیکن اللہ میاں سے اب تک محبت نہیں ہوئی۔ حضرت محمد صلعم کو بہت چاہتا ہوں، علامہ کے قائدین میں پنڈت نہرو اور محمد علی جناح کو بہت چاہا۔ دوستوں میں رانا تھوی، شرف عظیم آبادی، علی اظہر، زیڈ اے نقوی، علی عباس اور حسن سے محبت کی ہے۔

دیکھ لیا آپ نے صاف بچ گئے۔ پوچھا کچھ، جواب کچھ۔ یہی وجہ تھی کہ کہنا پڑا ــــ "پیر مرشد! آج تو میں آپ کا قائل ہو گیا۔"

انھوں نے میرا منشا تو پہلے ہی مرحلے پر بھانپ لیا تھا۔ محض تجاہل عارفانہ سے کام لے رہے تھے۔ اس لیے انھیں میری قائل ہونے والی بات کے جواب میں کہنا پڑا ــــ "اچھا تو سنو!"

تو اسے اسرار پر ایک معصوم سی یاد ابھر آئی ہے۔ گیارہ سال کی عمر میں لکھنؤ ٹاٹھل میں احمد شمسی صاحب (ماموں جان) کے یہاں قیام تھا۔ ان کے فلیٹ کے نیچے ایک بنگالن ۱۳، ۱۴ سال کی رہتی تھی۔ تین مہینے تک اس کو بے حد چاہا۔ کبھی ملے نہ تھے۔ صرف گیت سنتے تھے۔ جب شملہ سے واپس ہوئے تو ٹرین میں اس کے فراق میں روتے رہے ــــ اس کے بعد شکیلہ کو چاہا اور چاہا گیا بعد ازاں ناگفتنی[1] ــــ "میرے لیے نہیں، دوسروں کے لیے" ــــ اکثر محبوب بنتے رہے اور محبت کا جواب محبت کی زبان میں دیتے رہے۔

میں نے ان باتوں سے محسوس کیا کہ اختر صاحب مزے کے آدمی ہیں۔ جھوٹی بڑائی کے قائل نہیں۔ اپنی ناکامیوں پر بھی نظر ہے

---

[1] اس ناگفتنی کا بھی کچھ حال مجھے معلوم ہے مگر جو باتیں یہ خود چھپانا چاہتے ہیں ان کے لکھنے میں لطف بھی کیا۔

یوں سے بھی آگاہ ہیں۔

دیکھ لیجیے ایک دور وہ ہوتا ہے جب انسان اپنے جھوٹے معاشقوں کا حال بیان کرتا ہے اور ایک یہ وقت آتا ہے باتوں پر بھی زبان نہیں کھلتی۔

ویسے اتنا ضرور ہے کہ یہ بات بات پر تڑپ سکتے ہیں۔ بات بات پر اٹک سکتے ہیں ۔ ذرا تڑپنے اور اٹکنے ت کی وضاحت کر دوں تاکہ معاملہ قابو میں رہے۔

تڑپنے والی بات تو یہ ہے کہ سارے جہان کا درد ہمارے جگر میں ہے۔ دنیا میں کہیں کوئی ظلم ہوا ہو۔ درد کی ان کے جگر میں اٹھیں گی۔ اٹکنے والی بات یہ ہے کہ بس ذرا جواہر لعل کی طرح اچکن میں پھول اٹکا لینے کے عادی ہیں۔ ے علاوہ ریکارڈ بہت اچھا ہے۔

لیجیے! بچپن کے دن اور جوانی کی راتوں کے قصے ختم ہوئے!

ساری دنیا اختر اورینوی کے رشتے سے شکیلہ اختر کو جانتی ہے۔ مگر میں نے اختر صاحب کو شکیلہ کے رشتے سے ا۔

ادبی حلقوں میں اختر صاحب کی دھاک ربع صدی سے ہے۔ میں بھی ان کے نام سے واقف تھا۔ خط و کتابت بھی تھی۔ ب ۱۹۶۰ء میں شکیلہ بہن ملیں تو اختر صاحب سے باقاعدہ ملاقات ہوئی۔ یہ اعجاز بہن کا تھا کہ انھوں نے باتوں ہی باتوں اختر صاحب کی تصویر اتار کر دکھا دی۔

۱۹۶۱ء میں میرا دلی جانا ہوا تو شکیلہ کے لکھے پر پٹنہ بھی جانا پڑا۔ ابھی میں پٹنہ سے ایک دو اسٹیشن ادھر ہی تھا کہ کے اسٹیشن پر ایک صاحب ملیں۔

بھائی صاحب السلام علیکم!

"جی!"

میں شکیلہ کی بہن عذرا ہوں۔

اچھا اچھا!!

مجھے شکیلہ نے لکھا تھا کہ بھائی آ رہے ہیں۔ اس لیے تم انھیں اسٹیشن پر ضرور ملنا۔

آپ نے کیسے پہچان لیا کہ میں ہی طفیل ہوں۔

واہ بھائی کو پہچاننا بھی کوئی مشکل بات ہوتی ہے۔

لیجیے صاحب ابھی پٹنہ آیا نہ تھا کہ شکیلہ کے خلوص کا جادو چلنے لگا۔ پٹنہ آیا تو گھر کے بہت سے افراد کے ساتھ اختر ب کو بھی دیکھا۔

[illegible] آپ بہت خوش قسمت ہیں کہ آپکے استقبال کے لیے اختر صاحب بھی آئے ہیں۔ ورنہ یہ تو کسی کے لیے نہیں آتے۔ پہلے [illegible] اختر صاحب کی عنایت اور قربت کا احساس دلا دیا گیا۔ لے بھی بڑے پیار سے۔ میں نے دیکھا ——— لمبے قد کے خوبصورت آدمی، جو قطعاً ادیب نہیں لگتے تھے۔ بلکہ کوئی آئی۔ سی۔ ایس افسر معلوم ہوتے تھے۔ چرنا نی کٹ چہرہ، دودھ جیسی رنگت، جو بہاریوں میں کم لوگوں کو نصیب ہے (ویسے عورتوں کی بات دوسری ہے) کلین شیو، لب و لہجہ دلآویز، آواز میں کھنک، زبان فر فر!

یہ سارے رنگ ڈھنگ ایسے تھے جو بڑا ادب کی تلقین کر رہے تھے۔ مگر میں بھی ایسا کھرا انسان ہوں کہ کسی سے بھی مرعوب نہیں ہوتا۔ خواہ زبان سے کچھ کہوں۔ دماغ یہی کہتا ہے۔ ہنہ!

اب میرے سامنے اختر صاحب ہیں اور میں ہوں ——— اختر صاحب کا کمرا کوٹھی کے ایک کونے میں ہے۔ گھر سے متعلق بھی گھر سے الگ بھی۔ مطلب یہ کہ جیسا ماحول بنانا مقصود ہو ویسا بنا لیا جائے۔

یہ جو ادیب لوگ ہوتے ہیں۔ بڑے دلچسپ ہوتے ہیں۔ یہ من کی دنیا میں اتنے محو ہوتے ہیں کہ انھیں گھر سے کوئی خاص دلچسپی نہیں ہوتی۔ بیوی بچوں کو بھی یہ ایسے ہی سمجھتے ہیں۔ جیسے گھر کی کوئی دوسری چیز، مثلاً میز، کرسی، بہت ہوا تو بیوی کو صوفہ سیٹ سمجھ لیا۔

اختر صاحب بیوی کو صوفہ سیٹ سمجھتے ہیں یا کرسی، میں کیا جانوں! خیریت ہے تو یہ کہ شکیلہ بھی مشہور افسانہ نگار ہیں۔ اب ان دونوں کے، ایک دوسرے کے بارے میں کیا تاثرات ہوں گے۔ اللہ ہی جانے۔ ہو سکتا ہے کہ دونوں ایک دوسرے کو صوفہ سیٹ سمجھتے ہوں۔

ان سے باتیں شروع ہوئیں، ادب پر، سیاست پر، مذہب پر، ہر موضوع پر سمندر کی سی روانی کی طرح بہے۔ یہ بولتے گئے۔ میں سنتا گیا۔ تقریر کا سلیقہ، لہجہ میں تازگی، میں نے بڑے بڑے مقرر دیکھے ہیں۔ باتوں سے موم کر لینے والے، مگر ان میں بھی یہ مجھے کمتر نظر نہ آئے ——— ذاکر حسین، ذہن ابوالکلام، ظفر علی خاں، بہادر یار جنگ اور عطاء اللہ شاہ بخاری کی طرف جاتا ہے۔

اختر صاحب کی مقررانہ خوبیوں کے ساتھ، جی چاہتا ہے کہ اپنی بھی ایک خوبی کی ——— اطلاع بہم پہنچا دوں۔ میری اس خوبی کی تشہیر میں، ان کی شرارت آمیز باتوں کا بھی تو سماں کھلے گا۔

جن دنوں میں اختر صاحب کے "نرغے" میں تھا۔ ان دنوں پہلے تو یہ مجھے اپنے کالج لے گئے اور اپنے شاگردوں سے جا کر کہا ——— "دیکھو بھئی۔ یہ ہیں وہ چیز جس کے دیکھنے کی آپ کو بھی تمنا تھی۔"

اختر صاحب کے ان ریمارکس پر طالب علم مسکرائے۔ لڑکیاں ہنسیں۔ اگر مجھے علم ہوتا کہ اختر صاحب میرا ٹکٹ لگانے والے ہیں تو میں کبھی ان کے ساتھ نہ جاتا۔ انھوں نے تو اتنا کہا تھا۔ ذرا کالج تک چلو۔ میں سمجھا گھمانے پھرانے لے جا رہے ہیں۔ مگر انھوں نے کلاس میں لے جا کر کھڑا کر دیا ——— یہ ہیں وہ!

ستم پر ستم یہ کہ اُسی دن چار بجے شام کہا "چلو چلیں"۔

"کہاں؟"

"انجمن تماشائے ادب" نے آپکے اعزاز میں دعوت کی ہے۔"

"نہیں جناب میں نہیں جاتا۔"

"صرف چائے کی دعوت ہے۔ وہاں کوئی مقالہ وغیرہ نہیں پڑھنا ہوگا۔ بفرضِ محال اگر کوئی سوال پوچھے تو جواب دے دینا۔"

"اس دعوت کو گول کیجیے۔"

"یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ میں نے بھی وعدہ کیا ہوا ہے اور شکیلہ نے بھی وعدہ کیا ہوا ہے۔"

جی چاہا کہ ابھی اپنا سوٹ کیس اُٹھاؤں اور واپس چل دوں۔ اس لیے کہ میں ہنگاموں سے گھبراتا ہوں۔ وہ اور لوگ ہوتے ہیں جو "زبان" ہوتے ہیں۔

ناچار ساتھ ہو لیا۔ مگر اس عرصے میں کہ یہ کپڑے وپڑے بدلتے۔ میں نے دو چار سطریں لکھنے کی کوشش کی کہ اگر سر پہ پڑ گئی تو کچھ کہہ بھی سکوں۔

قلم لے کے بیٹھا تو سب سے پہلے مجھے رشید احمد صدیقی کا وہ فقرہ یاد آیا۔ جو اُنھوں نے ایک جلسے میں کہا تھا ——— "گھر سے جو کچھ یاد کر کے [illegible] تھا۔ وہ یہاں آکر بھول گیا ہوں۔"

اس کے بعد جو کچھ لکھا۔ وہ دیگر یادداشتوں کے ساتھ محفوظ رہا۔ اُسے نقل کیے دیتا ہوں۔

دوستو!

قبلہ اختر اورینوی صاحب جن کے بارے میں آپ کا خیال ہوگا کہ نہایت معقول آدمی ہیں، انھوں نے میرے ساتھ کسی قسم کی معقولیت کا ثبوت نہیں دیا۔ اُنھوں نے ابھی ابھی مجھے یہ خبر سُنا کر تو ہلا دیا کہ تمھیں تماشائے ادب کے جلسے میں جانا ہے۔ میں نے ہاتھ جوڑے اور کہا۔ خدا کے لیے مجھے نہ لے جائیں۔ اس لیے کہ میں بھوتنیوں کی طرح پلا ہوں۔ دُوسرے میری زندگی کا غذ اور قلم کی معیت میں گزری ہے۔ لہٰذا مجھ سے مہابھارت نہ بنا جائے گا۔ مگر یہ نہیں مانے اور یوں میرے جذبات کو گھسیٹ کے یہاں لے آئے ہیں۔

بات یہ ہے کہ لکھنا پڑھنا اور چیز ہے اور اپنی چرب بیانی کے ذریعے دُوسروں کے دلوں کو مسخر کرنا اور چیز۔ میں نہ تو ہانکنا جانتا ہوں اور نہ مجھ پر شامت آئی ہے۔ مرنا بھی تھا تو یہ کیا ضروری تھا کہ گنگا کے کنارے آکر مرتا۔ ویسے تو گنگا کے کنارے آکر مرنا اچھا شگون ہے بشرطیکہ میں رام چندر کی اولاد میں سے ہوتا۔

میں نے اختر صاحب سے پوچھا کہ بھائی جان ذرا یہ تو بتا دیجیے کہ انجمن تماشائے ادب میں تماشے کے علاوہ کیا ہوگا تو اُنھوں نے فرمایا تھا۔ وہ لوگ آپ سے سوال پوچھیں گے۔ جواب دے دینا۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ کسی کو بھی جواب دینا، شرفا کے نزدیک، کبھی بھی مستحسن نہیں رہا۔ اس لیے میں شرفا میں سے نہ ہوتے

ہوئے بھی کسی کو جواب دینا پسند نہیں کرتا۔

ویسے مجھے اختر صاحب نے یہ بھی بتایا تھا کہ تمہیں وہاں "پاکستان میں اُردو کے مستقبل" پر بات چیت کرنی ہوگی۔ بظاہر یہ سوال معصوم سا معلوم ہوتا ہے۔ مگر اس کا جواب عرض کرنا آسان نہیں۔ اس لیے کہ ہم پاکستانیوں نے کبھی یہ سوچا ہی نہیں کہ اُردو کے لیے بھی سوچنا چاہیے۔ یوں لگتا ہے کہ جیسے اُردو کی پرورش کچھ ایسی ہوگئی ہو کہ جیسے کوئی کنواری لڑکی اپنے ماں باپ کے گھر سے بھاگ گئی ہو۔ شاید یہی وجہ ہے کہ اُردو کو نہ ہندوستان والے قبول کرتے ہیں اور نہ پاکستان والے۔ یوں تو ہماری سرکاری زبان اُردو بھی ہے۔ مگر ہمیں جاتے ہوئے انگریز کی دلربا ادائیں نہیں بھولیں۔ یہی وجہ ہے کہ اگر کوئی مغرب سے پاکستان اس لیے آتا ہے کہ اُردو سیکھ آؤں تو وہ انگریزی سیکھ کر واپس جاتا ہے۔ غرض اُردو گھر سے بھاگی ہوئی لڑکی سہی، مگر ابھی پاکستان میں ایسے اللہ والے ہیں جو اسے اپنی ہی ماں بہن سمجھتے ہیں۔

مجھے زیادہ وقت نہیں ملا کہ میں اس مرحلے سے نپٹنے کے لیے تیار ہو کر آسکتا۔ یہ سراسر اختر صاحب کی شرافت اور آپ کی محبت ہے جو میں یہاں موجود ہوں۔ بھلا وہ بھی کیا آدمی ہوا جو نہیں اور نہیں نہ بول سکتا ہو۔

پہلے میرا ارادہ نہ تھا کہ اختر صاحب پر مضمون لکھوں گا۔ مگر ان کی چند ایک شرارتیں یاد آئیں تو سوچا ——— یہی وقت ہے انتقام لینے کا۔

ویسے کہیں میں نے یہ بھی پڑھا ہوا ہے کہ جو شخص دوسروں کے عیوب کی تلاش میں سرگرداں رہتا ہے وہ اس جدوجہد میں اُن کے اتنے عیبوں کا کھوج نہیں پاتا جتنے کہ خود اپنے عیب عریاں کر دیتا ہے ——— اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ میں اپنے ہی عیوب پر پردے سرکا رہا ہوں۔ ایک لحاظ سے یہ بات ہے بھی ٹھیک، اس لیے کہ اختر صاحب میرے لیے غیر نہیں۔ وہ رُسوا ہوئے تو میں رُسوا ہوا۔

مجبوراً میں پھر اُن کے ابتدائی دنوں کی طرف لوٹتا ہوں۔ وہی مشفقانہ تقاضے پورے کرنے کے لیے!

ممکن ہے آپ کو یہ کرید ہو کہ میں نے ان کا سن پیدائش بتاؤں گا۔ یہ بھی بتاؤں گا کہ وہ کہاں پیدا ہوئے۔ یہ سب کچھ بتانا کام نہ تھا۔ ویسے اگر میں یہ بتا دوں تو کچھ حرج بھی نہیں۔ ہاں تو سن لیجیے کہ یہ ۱۴ اگست ۱۹۱۰ء میں بمقام کاکر ضلع گیا پیدا ہوئے تھے۔ ان کا نانہال ہے۔

میرا خیال ہے کہ یہاں دو چار اور بھی کڑوے گھونٹ پی لیے جائیں۔ یوں ہم شخصی پہچان کے ساتھ کچھ تاریخ جغرافیے کے اسباق بھی پڑھ لیں گے۔ مثلاً یہ کہ کن کن اُستادوں سے متاثر ہوئے، کن کتابوں سے متاثر ہوئے۔ کن لوگوں سے متاثر ہوئے۔ کن دوستوں سے متاثر ہوئے وغیرہ وغیرہ۔

یہ باتیں بظاہر تھکا دینے والی ہیں۔ دلکشی بھی ان میں کچھ نہیں۔ مگر اختر صاحب کے بارے میں جاننے والے ممکن ہے یہی کچھ سُننا چاہتے ہوں اور وہ باتیں جو میرے نزدیک اہم ہیں، سُننا ہی نہ چاہتے ہوں۔ اس لیے احتیاطاً چاروں اُور دراز کیے بیٹھا ہوں

انھوں نے ابتدائی تعلیم تو اپنی والدہ سے پائی۔ اُردو فارسی، انگریزی اور قرآن حکیم اپنے والد سید وزارت حسین صاحب سے پڑھا۔ قرآن شریف باترجمہ اور تفسیر اور دوسری مذہبی کتابیں اپنے چچا سید ارادت حسین صاحب اور حکیم خلیل احمد صاحب سے پڑھیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور اُستادوں کے نام بھی بتلائے تھے۔ چند ایک نام لکھتا ہوں۔ مثلاً زلی سادھو خاں، چارلس ریڈ، پروفیسر، حیدر علی خاں، پروفیسر جے ایل۔ بی، فضل الرحمٰن اور ڈاکٹر گیان چند[1] ——— بقول ان کے، یہ سب ایسے مشفق استاد تھے کہ جنھوں نے انھیں مٹی سے سونا بنایا ——— ویسے اتنا اندازہ تو میں نے بھی لگایا کہ انھوں نے اپنے اُستادوں کا ذکر قدرے فخر اور قدرے رقت کے ساتھ کیا تھا۔

میں نے ان سے یہ بھی پوچھا تھا کہ آپ کن کن کتابوں سے متاثر ہوئے۔ کہنے لگے۔ قرآن حکیم، احمدیت اور حقیقی اسلام، جناب میرزا بشیر الدین محمود احمد، اسلام کا اقتصادی نظام اور نظام نو (جناب میرزا بشیر الدین محمود احمد) اینا کرینا (ٹالسٹائی) سٹرم اینڈ ایلیا ابرن برگ) وومن ان لو (لارنس) فارہوم دی بیل ٹولز (ہیمنگوے) مومنٹ ان پیکنگ (لن یوٹنگ) بانگِ درا، بالِ جبریل (اقبال) نگارستان، جالستان (نیاز فتحپوری) المامون (شبلی) اقبال کی ساری فارسی کتابیں، مثنوی مولانا رُوم، جوش کی رومانی نظمیں، اختر شیرانی کی رومانی نظمیں۔

دیکھ لیا آپ نے متاثر ہونے والی کتابوں میں پہلا نام تو انھوں نے قرآن حکیم کا لیا اور آخری ——— جوش اور اختر شیرانی کی رُومانی نظموں کا ——— لاریب اختر صاحب انہی دو جذبوں کے اندر بند ہیں اور ان جذبوں میں جو بُعد ہے وہ بھی ڈھکا چھپا ہیں۔ ایک طرف خدا سے رشتہ ہے۔ دُوسری طرف اس کے "خاص" بندوں سے انہی دو انتہائی جذبوں کی کھٹک اور کھنک سے سہارے یہ اپنی زندگی کو معرکے ہوئے ہیں۔

مگر ان سے یہ پوچھا جائے کہ آپ کن لوگوں سے متاثر ہوئے تو یہ فرفر جواب دیتے ہیں، مرحومین میں حضرت محمد صلعم، حضرت ابراہیم، حضرت موسیٰ، حضرت عیسیٰ، میرزا غلام احمد، بودھ، کرشن، سعدی، اقبال، شیکسپیئر، بابر، محمد بن قاسم، مہارانا پرتاپ سنگھ، ٹیپو سلطان، میر قاسم، شاہ ولی اللہ، پنڈت جواہر لعل نہرو، محمد علی جناح!

زندوں میں ——— میرزا بشیر الدین محمود احمد، امام جماعت احمدیہ، ونسٹن چرچل[2]، پروفیسر پکو پٹے نو۔ اے۔ نصنت مجومین ڈسٹرڈ نے) اور سارے احباب، شکیلہ اختر اور اردل[3]۔

اور تو ساری باتیں ٹھیک ہوئیں۔ مگر مجھے یہ تو اپنی بیوی سے بھی متاثر نکلے۔ یہ کلک والی بات ہے جو ذرا کم ہی سننے میں آتی ہے۔ خواتین تو ہمارے زوجیت کے کہہ دیتی ہیں کہ میں اپنے شوہر سے متاثر ہوں ——— مگر ان کی زن پرستی کا حال

---

[1] یہ گیان چند وہ نہیں جنھوں نے اُردو کی نثری داستانیں لکھ کر شہرت حاصل کی۔

[2] اردل شکیلہ اختر کی جنم بھومی ہے۔ مگر اختر صاحب اسے ایک شخصیت ہی سمجھتے ہیں۔

[3] ان دنوں چرچل زندہ تھے۔

اب کہا ہے تو ملک ہو صاحب!

میرا خیال ہے یہ موڈ میں ہیں۔ اس لیے ان سے لگے ہاتھوں یہ بھی پوچھ لیا جائے کہ آپ کن کن واقعات سے متاثر ہوئے اس سوال کے بعد ہم ان سے کچھ نہ پوچھیں گے۔ صرف اپنی کہیں گے۔ "ہاں تو جناب وہ واقعات بتائیں گے۔ جن سے آپ متاثر ہوئے!

سنو بھئی کیا مصیبت میں جان ڈال رکھی ہے۔ میں متاثر ہوا ہوں۔ جنگ بدر، جنگ حنین، جنگ قادسیہ، جنگ یرموک، واقعہ کربلا، فتح سندھ، جنگ پانی پت، جنگ آزادی ۱۸۵۷ء، تقسیم ہند ۱۹۴۷ء، انقلاب فرانس، اپنی والدہ کی موت (جب اختر ۱۴ سال کے تھے) چچا کی موت، اپنے بھتیجے اعجاز کی وفات ——— اور اپنی شادی سے!

لیجیے صاحب ہم لوگ ان بھولی بھٹیاں سے نکل آئے جو محض ریاضی کے سوال تھے۔ اللہ تیرا شکر، جی چاہتا ہے کہ یہاں ایک کپ چائے پی جائے تاکہ حواس ٹھکانے آئیں۔

یہاں ایک دلچسپ قصہ سن لیجیے تاکہ ذہن کو ذرا سی آسودگی ملے۔ عام طور پر ان کی زندگی بڑی دلچسپ گزری۔ اوریا کے جنگلات و دریا میں سیر و شکار، مرغابی سے لے کر شیر تک، اردل میں دریائے سون میں تیراکی، کم و بیش روزانہ پتنگ، تصویریں بنانا اور لڑکیوں سے بے وقوف بنا۔ مثلاً ——

بزرگوں اور لڑکیوں نے اردل میں سازش کی کہ ایک کمرہ پر جنات کا سایہ ہے۔ پٹنہ سے اختر صاحب آئے تو انھیں ہیرو بنانے کے لیے پوری فضا تیار تھی۔ رات آتے ہی کھلی چھت پر لمبے تڑنگے سفید پوش جن تشریف لائے اور غائب ہو گئے۔ لڑکیاں چیخیں اور بے ہوش ہو گئیں۔ سبز لالٹینوں کی بارش ہوئی۔ مٹھائیوں کی ڈلیاں برسیں، اختر صاحب متاثر ہوئے۔ مگر بہ ظاہر دلیری کا اظہار کرتے رہے۔ سسرال اور سالیوں کے درمیان سبکی اور بہادری کا مسئلہ جو درپیش تھا۔

پھر یہ ہوا کہ زعفرانی تحریریں خط آنے لگے۔ ہر روز رات کو یہ سوانگ بھرا گیا۔ رونگٹے کھڑے ہوتے رہے۔ لڑکیاں بھجن کرتی رہیں۔ بالآخر اختر نے اپنی ذہانت سے فائدہ اٹھایا۔ اور ایک دن جنات کو عربی اور فارسی کے موٹے موٹے الفاظ میں ایک خطبہ دے ڈالا۔ اور نصیحت فرمائی کہ اہل اسلام کو مت ستاؤ۔

کچھ دنوں کے بعد لڑکیاں پھوٹیں۔ کھل کھل ہنسیں۔ بعد کو پتہ چلا کہ یہ محض ڈرامہ تھا۔ اختر خفیف ہوئے اور شرمندگی اور خفگی کے مارے کئی دنوں تک اٹواٹی کھٹواٹی لے کر پڑے رہے۔ آخر سالیوں نے منا لیا۔ جنوں کا سایہ تھا۔ پریوں نے دور کیا۔

بہ حیثیت علم و فضل اللہ تعالیٰ کی ان پر خاص رحمت ہے۔ ہزاروں نے ان سے فیض اٹھایا ہوگا۔ مگر یہ ہیں کہ اپنے اس منصب سے مطمئن نہیں۔ ان کے سوچنے کا انداز اور ہے۔ یہ تو درس و تدریس کے مشغلے ہی سے خوش نہیں۔ یہ تو یہ چاہتے تھے کہ ڈاکٹر بن کر یورپ اور امریکہ جاتے اور تبلیغ اسلام کرتے۔ یہ ہے ان کی وہ آرزو جو پوری نہ ہوئی۔ چونکہ درس و تدریس کی "دلدل"

پہنے ہوئے ہیں اس لیے کہ ہیتے ہیں کہ نہیں نہیں۔ یہ منصب بھی میری آرزوؤں کے مطابق ہے۔

ان ناتمام خواہشوں کے علاوہ ان کی ایک تمنا اور بھی ہے وہ یہ کہ چپ چاپ بستر پر بیٹھے رہیں اور کوئی بھی انھیں پریشان نہ کرے ـــــ عموماً یہ "بیماری" ان لوگوں کو لاحق ہوتی ہے۔ جو اپنے من کی بات دوسروں سے نہ کہہ سکتے ہوں اور یوں وہ تنہائی میں خیالوں میں مجلسیں منعقد کرتے ہیں اور خود کلامی میں لطف پاتے ہیں۔

جہاں تک میں نے انھیں پڑھنے کی کوشش کی پتہ یہی چلا کہ یہ کسی طرح بھی مطمئن نہ ہوتے۔ اب جب کہ یہ اپنی یونیورسٹی میں اپنے شعبہ کے ہیڈ ہیں تو یہ کہتے ہیں کہ اگر میں ڈاکٹر بنتا اور آزادانہ پریکٹس کرتا تو اچھا ہوتا۔ اگر یہ واقعی ڈاکٹر ہوتے تو یہ کہتے۔ میں ہاں آپریشن، یہ آپریشن، یہ گلی سڑی بیماریوں کی تشخیص اپنے بس کا روگ نہیں۔

ایک وقت میں یہ کہتے تھے کہ مجموعی طور پر شکیلہ سے اچھی نبھی ہے۔ یہ بڑی ایثار پسند اور وفا شعار ہیں۔ لیکن مزاج میں تیزی اور سخت قسم کی انفرادیت ہے جو اکھڑتی ہے۔ بہ فرضِ محال ان کی شادی اگر شکیلہ سے نہ ہوئی ہوتی تو اب تک یہ سنیاس لے چکے ہوتے۔

یہ اپنے معمولات میں بڑے باضابطہ ہیں۔ زندگی مقررہ سانچوں میں ڈھلی ہوئی ہے۔ بیماریوں نے اور بھی زیادہ با اصول بنا ڈالا۔ پروگرام میں ذرا بھی تبدیلی ہو جائے تو چڑچڑا جاتے ہیں۔ لیکن کبھی کبھی بے ضابطہ بھی ہو جاتے ہیں، مگر صرف احباب کے ساتھ اور زندگی کے شوق، مہاتما بدھ بننے ہی کا ہے۔

طبیعت میں بہ درجہ سنجیدگی اور باضابطگی کے ساتھ، خوش مزاجی اور ظرافت کی بھی چاشنی ہے۔ ہر وقت ابوالکلام بنے نہیں بیٹھے رہتے ـــــ "حلقۂ یاراں" کی تو جان ہیں یہ!

گو شخصیت میں ان کی زندگی کے بعض پہلوؤں پر روشنی پڑی ہوگی۔ مگر ان کے مذہبی خیالات اور رجحانات پر ابھی کچھ مزید کہنے کی ضرورت ہے۔

اگر ہم مذہب کے بارے میں ان کے خیالات جاننا چاہیں گے تو اس سلسلے میں آپ کو بڑی بے باکی کے ساتھ کہیں گے۔ تمام مذاہب میں اسلام کو سب سے زیادہ ترقی یافتہ مذہب سمجھتا ہوں۔ زندگی گزارنے اور آفاقی تنظیم انسانیت کے لیے مذہب کو ضروری سمجھتا ہوں۔ اخلاق کا وسیع اور پائیدار تصور، بغیر مذہب کے ناممکن ہے۔ معمولی سطح پر، بغیر مذہب کے بھی قیام ممکن ہے لیکن رفعت و لطافت اخلاق جس کو روحانیت کہا جاتا ہے۔ صرف خدا تعالیٰ کی ذات کے اسلامی تصور سے حاصل ہو سکتی ہے۔

یہ غیر مذاہب کے لوگوں سے بھی رواداری اور تعصب نہیں برتتے۔ کیونکہ ان کا خیال ہے کہ اسلام تعصب سے منع کرتا ہے۔ لا اکراہ فی الدین اور لا اکراہ فی الفتن ان کا عقیدہ ہے۔ رشتہ داروں اور احباب میں شیعہ، سنی، وہابی، حنفی، دہریہ، اشتراکی، اشتمالی، ہندو، عیسائی سبھی ہیں اور سبھوں سے اچھے تعلقات ہیں۔ عقیدتاً بھی دوسرے مذاہب کے لوگوں کی دل آزاری نہیں کرتے۔ نجات کا معاملہ صرف خدا اور بندے کا معاملہ سمجھتے ہیں۔

سیاسی اعتبار سے یہ اسلامی جمہوریت اور خلافت کے قائل ہیں۔ اسلامی اقتصادی نظام جس میں اشتراکیت کی خوبی اور

حصولِ دولت [illegible] میں موجود ہوں اسلامی نظام میں بھی اخلاق کو ضروری سمجھتے ہیں۔ حُبِّ وطن کے قائل ہیں مگر بین الاقوامی امن ضروری سمجھتے ہیں۔ قومیت کے بارے میں اقبال کا یہ شعر گنگناتے رہتے ہیں۔

ان تازہ خداؤں میں بڑا سب سے وطن ہے
جو پیرہن اس کا ہے وہ مذہب کا کفن ہے

حکومتِ وقت کی اطاعت بھی ضروری سمجھتے ہیں۔ مگر تنقید اور حریتِ ضمیر کے ساتھ!

میں آپ کے صبر و تحمل کی داد دیتا ہوں کہ آپ نے باغ و بہار قسم کے آدمی کے بارے میں میری ژولیدہ نگاری کو برداشت کیا۔ مگر ابھی میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ تھوڑے سے صبر سے اور کام لیں تاکہ ان کے ادبی نظریات اور پسند کے بارے میں بھی بات چیت ہو سکے۔ بڑا دی کے بارے میں یہ جاننا شاید ضروری نہ ہو کہ وہ اپنے آپ کو کتنی اہمیت دیتا ہے۔ مگر ایک ادیب کے بارے میں یہ جاننا ضروری ہے۔ اس سوال کی روشنی میں اگر ان کا تجزیہ کیا جائے تو یہ اپنے آپ کو بھی اچھی خاصی اہمیت دیتے ہیں۔ لیکن کبر نہیں ہے۔ ان کا خیال ہے کہ تنقید صحیح کا تقاضا یہ ہے کہ اپنی تخلیقات کو بھی کم قیمت نہ کیا جائے اور یہ بھی کہ جس نے خود کو پہچانا اور اپنی حقیقت کو پہچانا بڑے دعوے بھی نہیں کر سکتا۔

لوہ لینے پر معلوم ہوا کہ ان کے پسندیدہ ادیبوں میں ایلیٹ، ریکلے، کیٹس، اسٹین بک، خلیل جبران، مصطفیٰ منفلوطی، میر، نظیر اکبرآبادی، انیس، غالب، اقبال، شاد عظیم آبادی، راسخ عظیم آبادی، مرزا رسوا، پریم چند، محمد حسین آزاد، شبلی نعمانی، ڈپٹی نذیر احمد، منٹو اور اختر شیرانی ——— اور ——— جوش ملیح آبادی، نیاز فتحپوری، آل احمد سرور، احتشام حسین، کلیم الدین احمد، کرشن چندر، راجندر سنگھ بیدی، قرۃ العین حیدر، عبداللہ حسین، رزاق صدیقی اور احمد ندیم قاسمی ہیں۔

یہ ساری یادداشتیں وہ ہیں جو میں ان سے اُچک لایا تھا۔ انھیں ہضم کر کے لکھنے کے لیے مسلسل ملاقاتوں کی ضرورت تھی۔ اس کے بعد جو کچھ لکھا جاتا وہ زیادہ کارآمد ہوتا۔ مگر میں کیا کروں۔ اختر اورینوی نمبر میری مزید ملاقاتوں کے لیے رک نہیں سکتا۔ اس نمبر میں میری شرکت ضروری تھی۔ خواہ صورت وہی کچھ ہو جو یہ سطر کی خریداری کے سلسلے میں، روٹی کی اتنی مالی دشواری کو پیش آئی تھی۔

یہ مضمون پٹنہ کے ایک رسالے کے لیے لکھا تھا۔ جو ان کی وفات سے پہلے درج کیا جا رہا ہے۔

مہندر ناتھ

کھڑکی میں بیٹھے ہوئے نرملا نے گزرے ہوئے برسوں کی طرف نگاہ ڈالی۔ پندرہ سال پہلے اُس کی عمر صرف پندرہ برس کی تھی اور وہ لاہوری دروازے کے اندر ایک چھوٹے سے مکان میں اپنی ماں کے ساتھ رہتی تھی۔ اُس کا باپ بچپن میں مر چکا تھا۔ صرف ماں زندہ تھی۔ ماں نے اُسے کیسے پالا پوسا تھا؟ اُس کے متعلق اُسے کوئی خاص علم نہ تھا اور نرملا نے یہ جاننے کی کوئی خاص کوشش بھی نہ کی۔ پانچویں جماعت تک ماں نے نرملا کو پڑھایا تھا۔ اُس کے بعد وہ ناچ سیکھنے لگی تھی۔ چند برسوں میں وہ نرت سے اچھی خاصی واقف ہو گئی۔ جب کبھی وہ کوئی فلمی گانا سُن لیتی تو خود بخود اُس کے پاؤں ناچ کی دُھن پر تھرکنے لگتے۔ نہ جانے اُسے ناچ سے اتنا عشق کیوں ہو گیا تھا۔ گھر میں کوئی نہ ناچتا تھا۔ نہ باپ کو اِس قسم کے آرٹ سے شغف تھا اور نہ ہی ماں کو۔ اور دُور دراز سے جو رشتے دار ملنے آتے انہیں تو اس پیشے یا آرٹ سے سخت نفرت تھی۔ صرف اُس کی ماں ہی تھی جس نے اُسے ناچنے کے فن میں دلچسپی لینے کی ترغیب دی۔ یُوں نرملا کا قد خاصہ لمبا تھا۔ سرو قد کہنے میں کوئی مُبالغہ نہ ہوگا۔

لمبی لمبی مخروطی انگلیاں مضبوط اور توانا بانہیں۔ چہرے کا رنگ گندمی نہ تھا بلکہ گندمی رنگ سے زیادہ صاف اور شفاف۔ ماتھا چھوٹا۔ بال گہرے سیاہ، آنکھیں موٹی موٹی، چہرہ لمبوترا اور پاؤں بے حد حسین تھے۔ اگر کوئی آدمی پہلے نرملا کے پاؤں دیکھ لیتا تو شاید اُس کے چہرے کی طرف نگاہ نہ ڈالتا۔ یُوں تو اچھی خاصی ڈیل ڈول کی تھی، جسم کی ہڈیاں گہری تھیں۔ وہ نازک اندام سی لڑکی نہ تھی کہ چھوئی موئی کی طرح بل کھا کر سمٹ ہی جاتی۔ جب سامنے کھڑی ہو جاتی تو ایک باوقار سی لڑکی لگتی۔ کبھی کبھار تو یُوں احساس ہوتا کہ کسی جاٹ کی لڑکی ہے، جس کے باپ نے کھیتوں میں ہل چلایا ہوگا۔ کبھی تو جسم سے ایک توانائی اور مضبوطی کا احساس ہوتا تھا جو بہت کم لڑکیوں کے جسموں سے جھلکتا ہے۔

نرملا کا مستقبل اتنا روشن نہ تھا۔ ماں کی عمر اُس وقت سینتالیس برس سے اُوپر ہی تھی اور اُس کا سرمایۂ حیات صرف نرملا تھی۔ مگر نرملا کی پرورش متوسط طبقے میں نہ ہوتی تو نرملا کب کی بازارِ حُسن کی نذر ہو جاتی۔ نرملا کی ماں نے اچھے دن دیکھے تھے۔ اُس نے [illegible] کھایا تھا اور پنجاب کے کھیتوں کا گیہوں اُس کی رگوں میں جوش مارتا تھا اور اُس نے اپنی جوانی میں نہر کے ٹھنڈے پانی میں ڈُبکی لگائی تھی اور آم کے درختوں کے تلے بیٹھ کر شیریں آم چُوسے تھے۔ نرملا کی ماں آسانی سے اُس راہ کی طرف راغب نہ ہو سکی اور نہ ہی نرملا کو اُس راہ پر چلا سکی۔

جب لڑکی حسین ہو، جوان ہو، ماں بُوڑھی ہو اور گھر کے اندر گھنگرو کھنکتے ہوں تو خود بخود راہ گیروں اور

پہلے نوجوانوں کی نگاہیں اُس گھر کی طرف اُٹھیں گی ۔ نوجوان آتے جاتے کس کر گزر جاتے چند لمحے رکتے اور
جب کبھی اُس کے قد و قامت کو دیکھتے تو کہتے ۔۔۔ "یار اگر اُس نے ایک چانٹا مار دیا تو میرے حسن کا ستیاناس ہو جائے"
اس لیے اُس گھر میں قدم رکھنے کے لیے کسی ایسے شخص کی ضرورت تھی جو بے حد چالاک اور سمجھدار ہو۔ جو بات یوں کہے
معلوم ہو کہ محض دوستی اور ہمدردی کا غلاف اوڑھ کر اُس نے اِدھر رُخ کیا ہے۔ اُس کے ذہن پر ریشمی زلفوں کا کوئی سایہ
نہیں ہونا چاہیے۔ اُس کا فرزانہ حسینہ کے پائل کی جھنکار اُس کے دل و دماغ پر کوئی اثر نہ ڈال سکے۔ وہ ہوش و حواس کھو کر
اس میخانے کا رُخ نہ کرے تو بات بن سکتی ہے۔"

سیٹھ جواد علی اُسی محلے میں رہتا تھا جس نے اینٹوں کے بزنس میں کافی روپیہ کمایا تھا۔ ابھی تیس پینتیس برس کی عمر تھی۔
صرف ایک شادی کی تھی۔ تین اور شادیاں کرنے کا ارادہ تھا۔ بے حد باتونی، رنگت کالی، مگر دل کا بڑا شیکنی کلر تھا۔ خوبصورت
لڑکی دیکھتا تو آن واحد میں فریفتہ ہو جاتا۔ سیمنٹ اور چونے کے بیوپار میں کس کو فائدہ نہیں ہوتا۔ مکانوں میں چونا لگانے کے علاوہ
اپنے کا مکان تیار کرتا اُسے بھی چونا لگا دیتا۔ گو تھا ان پڑھ مگر سوجھ بوجھ پڑھے لکھوں سے زیادہ تھی۔ کمبخت اگر ذرا بھی خوش شکل
ہوتا تو ڈاکٹر وارڈ کی طرح ایک حرم آباد کر لیتا۔

اس لیے جب کبھی بزلا اُس کے قریب سے گزرتی تو اُس کا دل ہچکیاں لینے لگتا۔ سارے جسم میں ایک جھرجھری سی آ جاتی۔ وہ
جانتا تھا کہ یہ شے اُس کے لیے ممنوع تھی اور اُس کے پہنچ سے باہر تھی۔ مگر انسان اِس نامراد دل سے کیا کہے۔ بزلا کو دیکھ کر اُس
کی رگوں میں خون کیوں جوش مارنے لگتا ہے۔ وہ لڑکی سے کیا کہے، کس سے کہے؟ ماں سے یا بیٹی سے؟ اپنے بدصورت چہرے
کو نگاہ میں رکھتے ہوئے اور بزلا کی خوبصورتی کا اندازہ کرتے ہوئے یہی مناسب تھا کہ پہلے ماں سے راہ و رسم بڑھائی جائے۔
جمعہ کے دن وہ مٹھائی کا ایک خوبصورت ڈبہ لے کر بزلا کے گھر وارد ہوا۔ سلام دعا کے بعد اُس نے اپنا تعارف کرایا اور
کہا ۔۔۔ "ماں جی! میں آپ کے محلے میں رہتا ہوں۔ آج عید ہے۔ اس لیے سوچا اسی بہانے مل لوں۔" بزلا کی ماں نے
جواد علی کو دیکھا۔ بڑا ہی بدصورت آدمی تھا۔ لیکن ڈبہ خوبصورت لایا تھا۔ اُس کی باتوں میں چاشنی اور لطافت تھی۔ ایک بات میں
"ماں جی، ماں جی" کہتا رہتا۔ جیسے بزلا سے اُسے دلچسپی نہیں۔ طرزِ تکلم میں خوشامدانہ پہلو زیادہ نمایاں تھا اور خوشامد سے تو خدا بھی
راضی ہو جاتا ہے۔ بزلا کی ماں تو محض ایک عورت تھی جو جواد علی کا نام سن چکی تھی۔ اُسے معلوم تھا کہ جواد علی ایک امیر آدمی
ہے۔ اس لیے بزلا کی ماں نے خاموشی سے مٹھائی کا ڈبہ لے لیا۔ جواد علی نے اِدھر اُدھر دیکھا ضرور۔ مگر اُسے بزلا نظر نہ
آئی۔ بس دل ہی دل میں اُس کا فرزانہ حسینہ کے حسن کی داد دے کر اور ماں جی کو آداب کہہ کر باہر نکل آیا۔

بزلا گھر پہنچی تو ماں نے جواد علی کا ذکر کیا اور ساتھ ہی مٹھائی کا ڈبہ دکھایا۔

بزلا نے جواد علی کا نام سن رکھا تھا مگر اُس کی شکل و صورت نہ دیکھی تھی۔

"ماں کیسی صورت ہے اُس کی؟"

"بس بیٹی نہ پوچھو بیٹی۔ دیکھ کے بس تے آتے۔ کالا کلوٹا۔ مگر باتیں شہد کی طرح میٹھی اور رسیلی کرتا ہے۔"

"ماں! ایسے انسانوں کے پاس لکشمی کیسے آتی ہے؟"

"شاید لکشمی بھی رنگ روپ نہیں دیکھتی۔ اُسی کے پاس زیادہ آتی ہے جو کے پاس پہلے ہی لکشمی ہوتی ہے۔"

"کیا کہنے آیا تھا؟"

"بس یہ ڈبہ دیا اور چلتا بنا ——— " ماں یہ کہہ کر خاموش ہو گئی۔

ادھر جواد علی نے ایک نظر میں بھانپ لیا کہ چکر چلایا جا سکتا ہے۔ ماں اتنی تنگ نظر نہ تھی کہ وہ اُس محدود سے دائرے میں سما نہ سکتا۔ نرملا کی ماں کو اُس کا آنا بُرا لگتا تو وہ مٹھائی کا ڈبہ واپس کرتی۔ اگر ماں نے اُس کے آنے جانے پر کوئی روک تھام نہ لگائی تو بیٹی کو رام کرنا مشکل نہیں۔ جواد علی نے نرملا کے گھر آنا جانا شروع کیا۔ اکثر ماں سے ملاقات ہوتی۔ جب کبھی جواد علی آتا کوئی نہ کوئی چیز ساتھ لاتا۔

بڑے ادب اور سلیقے سے بیٹھتا۔ باتیں ماں سے کرتا اور نگاہیں نرملا کو ڈھونڈتیں۔

"بس ماں جی۔ تازہ خربوزوں کا ٹوکرا کیا آیا کہ میں نے سوچا کہ پہلے ماں جی کے پاس چلوں۔ اُمید ہے اس غریب کا تحفہ قبول کریں گی۔"

"کیوں شرمندہ کرتے ہو بیٹا۔ ارے تم اس علاقے کی ناک ہو۔"

"نہیں ماں جی۔ میں آپ کی جوتیوں کی خاک ہوں۔ بس آپ سے ملنے چلا آتا ہوں۔ آپ کی نظرِ عنایت چاہیے ماں جی۔ دولت نے کس کا ساتھ دیا جو میرا ساتھ دے گی۔ بس مجھے تو صرف اللہ پر بھروسہ ہے۔ خدا عزت سے رزق دیتا رہے یہی میری دلی تمنا ہے۔ اچھا ماں جی۔ مجھے اجازت دیجیے گا۔"

"بیٹا کچھ چائے پانی؟"

"پھر کسی دن ماں جی۔"

یہ کہہ کر جواد علی چلا جاتا۔ یہ عجیب و غریب سی بات تھی کہ جب کبھی جواد علی آتا تو نرملا گھر میں نہ ہوتی اور ماں بھی نرملا سے جواد علی کے خلوص، ایثار، انسانی دوستی اور بھائی چارے کا ذکر کرتی۔

"بڑا خوش خلق اور ملن سار آدمی ہے نرملا۔"

"کم بخت کی صورت بڑی بدصورت ہے ماں۔"

"سیرت کا جواب نہیں۔"

"سیرت کس نے دیکھی ماں۔ ظاہری خول سے کیا پتہ چلتا ہے ماں کہ انسان کے اندر کیا ہے؟"

"اندر کی بات تو پرماتما ہی جانے بیٹی۔"

جواد علی نے ماں کو تحفے دے کر اُس پر جادو سا کر دیا۔ سنجیدہ انداز میں باتیں کر کے اپنی شرافت کا سکہ جما لیا۔ جواد علی اب موقعے کی تاک میں تھا کہ وہ نرملا سے بات چیت کا سلسلہ شروع کرے۔ اور یہ دیکھے کہ اُس پری جمال لڑکی نے اُس کی شخصیت

یا اُتر گیا۔ آتے جاتے جواد علی نے یہ محسوس تو کر لیا کہ اُن تجوریوں میں کچھ نہیں۔ کبھی کبھی [illegible] سے باتیں کرتے
تو وہ سیدھی اپنے کمرے میں چلی جاتی اور جب تک وہ باتیں کرتا رہتا وہ کمرے سے باہر نہ آتی۔ جواد علی نے اس نفرت
محسوس کر لیا۔ وہ سمجھ گیا کہ اگر تھوڑی کرامات کی تو مُنہ کی کھانی پڑے گی۔ ایک شادی کے بعد دوسری شادی کیسے ممکن تھی۔ و
مسلمان تھا اور نرملا ہندو۔ وہ بدصورت تھا اور نرملا خوبصورت۔ وہ نرملا سے عمر میں بھی بڑا تھا۔

بس ایک بات میں وہ نرملا سے بہتر تھا کہ وہ امیر تھا۔ ماں اور بیٹی کی بڑی مشکل سے گزر ہوتی تھی اور جواد علی کر
ت کا احساس تھا۔ روپیہ بہت کچھ کر سکتا ہے۔ وہ کھوٹے کو کھرا بنا سکتا ہے اور سچے کو جھوٹا۔ ان سکوں کے آگے بڑے بڑ
ے گھٹنے ٹیک دیے۔ یہ تو محض دو عورتیں تھیں۔ اکیلی۔ بے سہارا۔ بے بس۔

پھر بھی سوچ سمجھ کر قدم رکھنا چاہیے۔ محض روپیوں کی نمائش کر کے انسان نہیں خریدے جاتے۔ کچھ سلیقہ، کچھ طور طر
یقت اور حالات کو دیکھ کر آگے بڑھنا چاہیے۔ پہلے نرملا کی ماں سے بات کی جائے۔ بڑھیا کے دل میں ڈوب کر اس انمول
لو سیپ سے باہر نکالا جائے۔ بس اسی اُمید پر جواد علی خود زن ہوا اور جب خود ٹھاکر اُبھرا تو ہاتھ میں نہ سیپ تھا
موتی۔ ایک فقیر کی طرح دونوں ہاتھ خالی تھے۔

ماں نے صاف کہہ دیا۔ "میں آپ کو اتنی گندی ذہنیت کا انسان نہ سمجھتی تھی۔ سوچ سمجھ کر تو بات کرتے۔ ہم
ہندو، آپ مسلمان۔ پھر آپ کی شادی ہو چکی ہے۔ عمر میں نرملا سے بڑے ہیں آپ۔ کسی طرح بھی یہ بات جچتی نظر نہیں آتی۔ د
ایسی بات مُنہ سے نہ نکالیے نہیں تو میں بہت بُری طرح پیش آؤں گی ——"

جواد علی اپنا سا مُنہ لے کر چلا گیا۔ جواب سُن کر اسے ایسا محسوس ہوا کہ دل کی بستی پر کسی نے شب خون مارا تھا اور ر
مال و متاع لے کر چلا گیا۔ جواد علی کا شمار بے وقوف عاشقوں میں نہ ہوتا تھا کہ گریبان چاک کر کے کسی ویرانے کی طرف رُخ
—— وہ تو بیسویں صدی کا عاشق تھا۔ سیمنٹ اور چونے کا بیوپاری جس نے گھروں کو تعمیر کرنا سیکھا تھا اُجاڑنا
ناکامی کے بعد، اپنے آپ کو ختم کرنا جاہلوں کا کام ہے۔ یوں وہ ایک بات سے پیچھا نہ چھڑا سکے۔ نرملا کی تصویر اُس
دماغ پر ایسی اُبھری کہ جواد علی نے اُسے مٹانے کی بہت کوشش کی مگر یہ تصویر ایسی اُبھری کہ پرانے نقوش مٹتے گئے اور
البیلی، مستانی شوخ رنگ کی تصویر قطب مینار کی طرح سامنے تن کر کھڑی ہو گئی۔

پانچ برس اور گزر گئے۔ نرملا اور اُس کی ماں نے لاہور چھوڑ کر بمبئی کا رُخ کیا۔ بمبئی تو روشنیوں کا شہر تھا۔ چا
کے بستوں سے جگمگاتا ہوا شہر جہاں حسین لڑکیوں کا خیر مقدم کیا جاتا ہے۔ جہاں روپیوں کی کمی نہیں اور حُسن کے پجاریوں
بھرمار ہے۔ بس لڑکی حسین، خوبصورت اور پُرکشش ہونی چاہیے۔ یوں صرف لڑکی ہی جو تب بھی چلے گی اور شہر میں کما
گی۔ بھوکی نہیں مرے گی —— اور اگر ذرا گورے رنگ کی ہو، جسم گولائیوں، گولائیوں سے مُرصع ہو، آواز میں کھنک اور جادو
اور زلف ماتھے پر پریشان ہو، چال البیلی اور مستانی ہو، آنکھیں نیلی نیلی۔ کسی گہری جھیل کے پانیوں کی طرح، اور جب سیاہ
فضا میں لہرائیں تو آسمان پر کالی گھٹا چھا جائے تو سمجھو الہ دین کا چراغ آپ کے پاس ہے اور اُس سے فائدہ نہ اُٹھا

بات ہے۔

نرملا نے اس شہر میں وارد ہوتے ہی طوفان مچا دیا۔ فلمی جوہریوں نے اُس موتی کو پرکھ کر ناچنے والی کا رول دیا۔ نرملا کے پاؤں ایسے تھرکے کہ ہر قدم پر نغمہ تحسین بلند ہونے لگا۔ دو برس میں نرملا ایک جھونپڑے سے نکل کر ایک اچھے خاصے فلیٹ میں وارد ہو گئی۔ اُس کے بعد نرملا کے پرستاروں کی تعداد بڑھنے لگی۔ حسن کے پجاریوں نے آگے بڑھ کر نرملا کا ہاتھ تھامنے کے لیے اپنے آپ کو پیش کیا۔ ماں نے سوچا ابھی تو لکشمی کی ابتدا ہوئی ہے۔ ان حالات میں نرملا کا کسی ایک کے پلے باندھ دینا عاشق کے ساتھ وابستہ ہو جانا ایک بہت بڑی غلطی ہوگی اور نرملا بھی تو اپنی ماں کی بیٹی تھی جذبات کی رو میں بہنا بیوقوفی ہے۔ ابھی ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں، روپے کی بہتات نے عقل پر تالا لگا دیا۔ ایک نئے عاشق جانباز نے کہا ——— "سُندری! اپنا کل جسم میرے لیے وقف کر دو اور میرے سوا کسی اور کو نہ دیکھو۔" یہ نیا عاشق اکثر پر تلک لگاتا تھا اور ریشمی دھوتی پہنتا تھا۔ مرغ اور مچھلی ہاکل کھاتا مگر نوعمر لڑکیوں کے پیچھے ایسے بھاگتا جیسے گھوڑا ریس میں بھاگتا ہے۔ اور ہر حالت میں فرسٹ آنے کی کوشش کرتا۔ مگر پنڈت ہرچرن عمر رسیدہ تھے۔ سر کے بال تقریباً سفید ہو چکے تھے، خضاب لگا کر عالم شباب کے مزے لیتے مگر بڑھاپے میں جوانوں سے سبقت لینے کی کوشش کرتے۔ جب کسی لڑکی کو دل دے بیٹھتے تو پھر روپے پیسے کی پروا نہ کرتے۔ جس کو محبوبہ کہہ دیا اُس کی ہر مانگ کو پورا کرنا اپنا فرض اولین سمجھتے۔ نرملا کو دیکھتے ہی کہنے لگے کہ تمھیں ہیروئن بنا دوں گا اگر تم باقی عاشقوں سے آنکھیں پھیر لو۔ نرملا اور اُس کی ماں مان گئی۔ حسن کے پجاری نے اپنی پوری پونجی ایک فلم بنانے میں لگا دی۔ ماں باپ، بیوی بچوں کی پروا نہ کی کہ کل اُن کا کیا ہوگا۔ ابھی جہنم میں جائیں سب اپنی خواہش کے آگے۔ باقی سب باتیں بے کار تھیں۔ اس دنیا میں انسان بار بار تھوڑے ہی آتا ہے۔ "پریم کی گنگا بہاتے چلو" ——— فلم بنی اور لگی فیل ہو گئی۔ نرملا نے جس نے ہیروئن بننے کے بعد بڑے بڑے خواب دیکھے تھے آن واحد میں اُن خوابوں کو چکنا چور ہوتے دیکھا۔ ہرچرن اپنا پورا اثاثہ یہ فلم بنانے میں لگا چکے تھے، دوستوں اور رشتے داروں نے لعنت ملامت کی۔ مگر اُن کا کردار نہ بدلا۔ کہیں سے روپے ملتے تو سیدھے نرملا کے گھر کی طرف رُخ کرتے۔ نرملا اپنے چہیتے پجاری کی طرف رحم بھری نظروں سے دیکھتی اور ایک دو مسکراہٹیں اور ادائیں دکھا کر نکل جاتی۔ ہارا ہوا پجاری ہائی بلڈ پریشر کا مریض تھا۔ اُس کا فراد اُس کی بے وفائیوں کی تاب نہ لا کر راہی ملک عدم ہوا۔

ان تین چار برس میں نرملا کی شکل اور شباب میں کچھ تبدیلیاں سی آ گئیں۔ انسان جو کچھ کرتا ہے اُس کا اثر صورت اور جسم پر ضرور پڑتا ہے۔ وہ معصومیت اور پاکیزگی جو اُس کے چہرے سے عیاں تھی رفتہ رفتہ کم ہونے لگی۔ حسن اور شباب کا تیکھا پن غائب ہو گیا۔ اور اُس کی جگہ چہرے پر ایک کرختگی سی آ گئی۔ جسم پر گوشت کی ایک تہ کا اضافہ ہو گیا۔ اُس میں وہ رعنائی اور کشش نہ رہی۔ پھر بھی تیور وہی تھے۔ ابھی عمر ہی کیا تھی۔ بمبئی میں بیوقوفوں کی کمی نہیں۔ ایک ڈھونڈو ہزار ملتے ہیں۔ نرملا بھی موقعے کی تلاش میں تھی۔ کوئی ایسا حسن کا پجاری مل جائے جو داد حسن بھی دے اور پوری قیمت بھی۔ ادھر جو عاشق آگے بڑھتے اُن کی اوقات اور گپتی نکلے ——— زمین آسمان کے قلابے ملا دیتے۔ پھر چھ آٹھ مہینے کھلا پلا کر آگے بڑھ جاتے اس لیے وہ تمام

آرزوئیں اور تمنائیں جو ابھی تک پروان نہ چڑھی تھیں، ابھی تک نگاہوں کے سامنے ناچ رہی تھیں۔

انہیں دنوں جواد علی پھر آ دھمکا۔ یہ کمبخت کہاں سے آ ٹپکا۔ جواد علی کا رنگ اور سیاہ ہو گیا تھا۔ جسم فربہ ہو گیا۔ اُس نے بتایا کہ اُس کا دل لاہور میں نہ لگا اور اُس نے اُن کے چلے جانے کے بعد بمبئی کا رُخ کیا۔ یہاں کی ایجنسی اُسے خوب راس آئی۔ وہی ہیمنٹ اور چُننے کا بیوپار۔ "ماں جی ایسا رنگ جما ہے کہ روپیوں کا انبار لگ گیا۔ آپ کی دُعا سے دو اور شادیاں کر لی ہیں۔ یعنی اب کُل تین عدد بیویاں ہیں اور مبلغ آٹھ عدد بچے۔ سب بیویوں کو الگ الگ مکان لے دیے ہیں۔ مزے سے کھاتا ہوں، کار میں سیر کرتا ہوں اور بنک بیلنس دن بہ دن بڑھ رہا ہے۔ آپ کی دُعا سے پہلے بھی کسی بات کی کمی نہ تھی اور اب بھی نہیں۔" جواد علی نے کمرے میں نگاہ ڈال کر کہا ——— "نرملا کہاں ہے ماں جی؟"

"ذرا طبیعت خراب ہے۔ ڈاکٹر سے ملنے گئی ہے۔" نرملا کی ماں نے جواب دیا۔

شاید نرملا کی کمی تھی جسے جواد علی نے شدید طور پر محسوس کیا تھا۔ پھر جواد علی نے اُٹھتے ہوئے کہا ——— "ماں جی کسی چیز کی ضرورت ہو تو کہیے گا۔ بس اپنا بچہ سمجھ کر حکم دیجیے۔ اگر آپ کی فرمائش پوری نہ ہو تو لعنت ہے اپنی کمائی پر۔"

نرملا کی ماں نے محسوس کیا کہ چند برسوں میں سیٹھ جواد علی کافی ڈھیٹ اور مُنہ پھٹ ہو گیا تھا۔ روپے کی فراوانی نے اُسے کافی بداخلاق اور بے شرم بنا دیا۔ شاید یہ شہر ہی ایسا ہے۔ جو یہاں آتا ہے بڑی جلدی بے شرم اور بے غیرت ہو جاتا ہے... وہ خود بھی تو..... یہ سوچ کر چونکی۔

اتنے میں نرملا آ گئی اور ماں نے سیٹھ جواد علی کا ذکر کیا۔

"ماں اُس کا رنگ کیسا ہے؟"

"اُس کا رنگ تو یہاں خوب چمکا ہے بیٹی! کار میں گھومتا ہے۔ نرملا مردوں کی رنگت کو نہیں دیکھتا ہے اُن کا بنک بیلنس دیکھا جاتا ہے۔"

"سچ کہتی ہو ماں، پھر بھی مجھے اُس شخص سے نہ جانے اتنی نفرت کیوں ہے؟ ایک بار تم نے صاف جواب دے دیا تھا اب پھر....."

"بیٹی وہ آتا ہے تو ہم سے کچھ لے کے نہیں جاتا۔" پھر ماں نے نرملا کی طرف دیکھا۔ نرملا کی نفرت کو دیکھ کر وہ خاموش سی ہو گئی۔ جواد علی کافی ضدی تھا۔ وہ کبھی کبھار چکر ضرور مارتا تاکہ اُن کی مالی حالت کا پتہ چلتا رہے۔ ابھی تک مالی حالت اُتنی بُری نہ تھی کہ جواد علی اپنے دل کی بات کہہ سکتا۔ اب وہ دل کی بات اُس وقت کہے گا جب اُسے یقین ہو جائے گا کہ مسئلہ پٹ جائے گا۔ ہر بار شکست کا مُنہ دیکھنا بھی کہاں کی عقل مندی ہے۔

اس طرح پانچ سال اور گزر گئے۔ نرملا کی اقتصادی حالت بہتر نہ ہوئی بلکہ جو گر گر ہو گئی۔ عشاق کی ایک لمبی قطار تھی۔ زیادہ تر عاشق کنگال اور باتونی نکلے۔ بھلیں بنانے کی تکنیکیں کافی تھیں۔ روپیہ ندارد۔ لمبی گپیں ہانک کر اور چائے

پی کر چلے جاتے

بزلا اس بات کی متلاشی تھی کہ کوئی گانٹھ کا پورا اور عقل کا اندھا مل جائے تو مستقبل سنور جائے۔ اسی دوران میں نیوی کا ایک افسر بزلا شراب پی کر بزلا کے گھر پڑا رہتا۔ شراب، کھانے پینے کے اخراجات، باہر کی تفریح، سینما، کپڑے، سبھی کے لیے روپے دیتا مگر ان روپیوں سے زندگی تو نہیں بنتی۔ جب بزلا نے تنگ آکر شادی کے لیے کہا تو نیوی کا افسر اگلے دن رفو چکر ہو گیا اور پھر بزلا سے ملنے نہ آیا۔

کچھ اسی قسم کے چکروں میں بزلا نے اپنا حسن و شباب کھو دیا۔ حسن کو بڑی فراخدلی سے لٹایا جس چیز کی لوگ قیمت ادا کرتے ہیں اُسے سنبھال کر نہ رکھا۔ وہ محرابوں اور قوسوں کا تاج محل ایک کھنڈر کی صورت اختیار کر گیا۔ اب بھولے بھٹکے مسافر آتے اور کھنڈر کو دیکھ کر کہتے عمارت ضرور عظیم ہوگی۔

یہ وہی لمحات تھے جب بزلا نے اپنے دل کی گہرائیوں میں ڈوب کر سوچا کہ زندہ رہنے کا کیا طریقہ ہو سکتا ہے؟ اب تو سہارے کی ضرورت تھی۔ اسی دوران میں جواد علی پھر وارد ہوا۔ اُس نے چاروں طرف نگاہ دوڑائی تو بھانپ لیا کہ اب سب پنچھی اُڑ گئے ہیں۔ شمعِ حسن بھی بجھی بجھی سی ہے۔ جس تمکنت اور رُعب داب سے بزلا بات کرتی تھی اُس کی جگہ نرمی اور التجا نے لے لی۔ جواد علی نے اپنا رویہ نہ بدلا۔ وہی خوشامدانہ اندازِ گفتگو رہا۔ دل بے تاب کی دھڑکنوں کو اپنے تک محدود رکھا۔ یہ پرانا عاشق بڑا ہی ضدی اور خود سر تھا۔ ظاہری نرمی تلے ——— استقامت، مضبوطی اور توانائی کی تہ تھی۔ وہ دل کی بات کہہ کر دوبارہ رُسوا نہ ہونا چاہتا تھا۔ بس ماں جی سے کہتا ——— "اگر کسی چیز کی ضرورت ہو تو بندہ حاضر ہے۔ اللہ کی مہربانی سے میرا کاروبار خوب چمکا ہے۔ اگر میں آپ کے کام آسکوں تو مجھے بڑی خوشی ہوگی۔ چلیے نا ذرا آپ کو باہر گھما دوں۔"

اُس دن بزلا اور اُس کی ماں کار میں بیٹھ کر باہر چلی گئیں۔ واپسی پر جواد علی نے بزلا کو کچھ چیزیں خرید دیں اور جب بزلا گھر میں داخل ہوئی تو اُس کے ہاتھ میں جواد علی کی خریدی ہوئی چیزیں تھیں۔ یہ جواد علی کی پہلی فتح تھی۔

اب ہر دوسرے تیسرے دن جواد علی اپنی کار لے کر آجاتا۔ بزلا کی ماں جو فرمائش کرتی جواد علی پوری کرتا۔ بزلا دل ہی دل میں کڑھتی، لڑتی۔ پھر ماں کے کہنے پر سیٹ جواد علی کے ساتھ سینما دیکھنے چلی جاتی۔ دونوں جو ہو پر سیر کرنے نکل جاتے۔ میرین ڈرائیو پر کار فراٹے بھرتی ہوئی نکل جاتی۔ نہ جانے اس تمام عرصے میں بزلا میں یہ اچانک تبدیلی کیسے آئی کہ اُسے جواد علی اچھا لگنے لگا۔ جس کالے رنگ کو دیکھ کر وہ منہ پھیر لیتی تھی وہی کالا رنگ اُسے بھا رہا تھا۔ کیا یہ روپیوں کا جادو تھا یا جواد علی کے خوشامدانہ طرزِ گفتگو کا اثر یا آنے والی زندگی سے بچنے کے لیے اُس نے یہ راہ اختیار کی تھی۔ اب زندگی کو سنوارنا ہے تو سنوار لو۔ ادھر جواد علی پر یہ بات ظاہر ہو رہی تھی کہ رات کی رانی راہ راست پر آرہی ہے۔ جواد علی نے دل کھول کر روپیہ صرف کیا اور ساتھ ساتھ بزلا کو اُس کے مستقبل کے متعلق اشارے کرتا رہا۔ "موقع ہے، اپنی زندگی

بنا لو۔ [illegible] ہوں۔ جنم جنم کا ساتھی۔ لاہور میں تمہیں پہلی بار دیکھا تھا تو اس وقت صرف ایک شاد [illegible] تھی۔ تمہارے [illegible] تمہیں پانے کے جذبے میں کمی نہ آئی۔ میں وہ لمحہ نہیں کہ گریبان پھاڑ کر [illegible] جنگل [illegible] ہوں۔ [illegible] رہے۔ اور جب تک زندہ رہوں گا تمہیں پانے کے لیے میرا دل تڑپتا رہے گا۔ اس بے پایاں محبت ——— کے [illegible] محنت کرتا ہوں۔ اپنی تین بیویوں کو پالتا ہوں۔ اپنے بچوں کی پرورش کرتا ہوں، دوستوں کی مدد کرتا ہوں۔ غریبوں میں روپے تقسیم کرتا ہوں۔ کافی بزنس بڑھا لیا ہے۔ تم میری چوتھی بیوی ہو گی اور میری آخری بیوی۔ زرلا بدصورت ضرور ہوں مگر دل کا بڑا خوبصورت اور قسمت کا دھنی ہوں۔ زرلا مجھ سے شادی کرو۔ زندگی بڑے مزے سے کٹے گی۔ تمہارے بھلے کے لیے کہتا ہوں۔ اب زیادہ نہ تڑپاؤ۔ ہاں کر دو تو سب سے پہلے نیا فلیٹ خرید کر دوں گا۔ نئے فرنیچر سے ایسا سجا دوں گا کہ بمبئی کی تمام عورتیں عش عش کر اٹھیں۔ ان دو کمروں کے چھوٹے سے فلیٹ سے باہر نکلو اور ایک خوشگوار اور باوقار زندگی گزارنے کے لیے تیار ہو جاؤ۔

اور زرلا جو آج سے دس سال پہلے سیٹھ کی صورت دیکھنا پسند نہ کرتی تھی آج اس کی باتیں بڑے غور سے سن رہی تھی۔ سوچ رہی تھی وہ کیا جواب دے۔ آج سے دس سال پہلے اس کے خون کا ایک قطرہ بھی اس شخص سے ہمکلام ہونے کے لیے تیار نہ تھا مگر آج قسمت الٹا فیصلہ کر رہی تھی۔ ہاں وہ بازی ہار گئی تھی۔ گاڑی پٹڑی سے اتر گئی تھی کیوں کہ جواد علی کے ان تمام فقروں کو سن کر دل نے ملامت نہ کی۔ ذہن نے بغاوت نہ کی۔ بس یہی کچھ کچھ ہو رہا تھا۔ شاید درست ہو رہا تھا۔ اس عرصے میں زرلا نے جو فرنیچر سیٹھ سے کی جواد علی نے اسے پورا کیا اور یہ باتیں اس طرح پوری کیں کہ سیٹھ کی گرفت زرلا پر مضبوط ہوتی گئی۔ وہ سنہرے سپنے جن کی چھاؤں میں اسے نیند آنے لگی تھی، وہ سپنے اب ٹوٹ پھوٹ گئے تھے۔ وہ سب کچھ کرے گی۔ وہ اپنا نام تک بدل دے گی۔ مذہب میں کیا رکھا ہے۔ نام بدلنے سے کیا ہوتا ہے، وہ مسلمان کب جاتی ہے کہ اب مسجد میں جائے گی۔ ہاں ایک بہتر زندگی گزارنے کے لیے وہ ہر روایت کو توڑ دے گی اور جو کچھ سیٹھ کہے گا کرے گی۔ وہ بھوکی مرنا نہیں چاہتی۔ وہ ان دو کمروں میں رہنا نہیں چاہتی۔ وہ یوں راہوں اور بسوں میں گھومنا نہیں چاہتی۔ اب تو کار کا چسکا بھی پڑ گیا تھا پھر ایک دن وہ چپکے سے مہرالنسا بن گئی اور سیٹھ کے نئے فلیٹ میں وارد ہوئی۔ سیٹھ نے واقعی اس مکان پر اچھی خاصی رقم خرچ کی تھی۔ بہترین فرنیچر سے فلیٹ کو سجایا تھا اب سیٹھ جواد علی مہرالنسا کے ساتھ رہنے لگا۔ تقریباً چھ ماہ تو خوب گزرے اس کے بعد لڑائی ہو گئی۔ مہرالنسا نے سوچا تھا کہ اس نے اتنی بڑی قربانی کر کے سیٹھ کو جیت لیا ہے لیکن مسلسل لڑائیوں سے یہ بات مہرالنسا پر عیاں ہو گئی کہ سیٹھ بھی مجبور اور ضد ادب ہے۔ کمبخت کسی بیوی کو چھوڑنے کے لیے تیار نہیں۔ اس کے دل میں ہر بیوی کی جگہ ہے۔ وہ آٹھ دن میں دو راتیں اس کے ہاں گزارتا اور باقی چھ راتیں دوسری بیویوں کے پاس۔ مہرالنسا نے ہر حربہ استعمال کر کے دیکھ لیا۔ رات رات جاگ کے دیکھ لیا۔ فاقے کر کے دیکھ لیا۔ گھر میں ہنگامہ کر کے دیکھ لیا مگر سیٹھ جواد علی کے رویے اور سلوک میں کوئی فرق نہ آیا بلکہ سیٹھ نے ایک دن صاف صاف کہہ دیا۔ "تو مجھے قید کرنا چاہتی ہے یہ کبھی نہ ہو گا۔ تمہاری ضد مجھے حیوان نہیں بنا سکتی۔" اب مہرالنسا کو اس بات کا پتہ چل گیا کہ یہ شخص ایک عورت کا ہو کے نہیں رہ سکتا۔ یہ شخص آوارہ

بدمعاش ہے اس نے اپنے من کی خوشی کے لیے مجھ سے شادی کی تھی تاکہ اپنی برسوں پرانی خواہش کو عملی جامہ پہنا سکے اور جب اس کی خواہش کی تکمیل ہو گئی تو سیٹھ نے اصلی روپ دکھا دیا۔

اب وہ کیا کرے؟ کہاں جائے؟ کس سے گلہ کرے؟ کس سے شکایت کرے؟ یہ کوئی میاں اور بیوی کی زندگی نہ تھی۔ بس آقا اور غلام کا رشتہ تھا۔ وہ دن بھر انتظار کرے، کیوں انتظار کرے؟ محض دو وقت کھانا کھانے کے لیے۔ لوگوں کو ایک جائز فلیٹ دکھانے کے لیے۔ اور سیٹھ جواد علی کا جہاں جی چاہتا ہے چلا جاتا ہے۔ کئی دن گھر سے غائب رہتا ہے جانے اس وقت بس بیوی کے پاس ہوگا۔ یہ سوچ کر اس کا خون جوش مارنے لگتا اور وہ بڑبڑانے لگتی۔ اس بار تو سیٹھ پانچ دن کے وقفے کے بعد گھر آیا۔ بس پھر کیا تھا۔ مہرالنسا نے سیٹھ کو گریبان سے پکڑ لیا۔ سیٹھ نے جوابی حملہ کیا اور دو تین تھپڑ رسید کیے۔ وہ چیخی چلائی۔ اس نے دو چار لاتیں جما دیں۔ اس دن تو مار برداشت کر گئی اس کے بعد تو تقریباً جب کبھی اس نے کوئی شکایت کی جواد علی فوراً دو چار گندی گالیاں دیتا۔ اور ایک دو تھپڑ رسید کرتا اور ساتھ ہی کہتا ـــــــ عورت کے مزاج کو ٹھیک کرنے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ اسے ہر روز پیٹا جائے۔" ہائے اس جواد علی کو کیا ہو گیا۔ بیاہ سے پہلے اس نے کبھی چھڑکا تک نہ تھا۔ چاپلوسی کرتے کرتے اس کی زبان تھک جاتی تھی۔ اب تو ایک لفظ بھی سننے کو تیار نہیں۔ اس شخص نے اس کی جوتیاں اٹھائی تھیں! وہ کیا کرے! کہاں جائے؟ اس گھر میں رہی تو وہ پاگل ہو جائے گی۔ یہ مار پیٹ، یہ گندی گالیاں، یہ وحشیانہ سلوک برداشت نہیں کر سکتی۔ یہ شخص اپنے آپ کو سدھار نہیں سکتا۔ ان حالات میں وہ اس کے پاس نہیں رہ سکتی۔ دراصل ہم دونوں کا مزاج نہیں ملتا۔ دونوں کی سوچ کی راہیں مختلف ہیں۔ یہاں رہنا مشکل ہی نہیں، بلکہ ناممکن ہے۔ اگر چند دن اور ٹھہر گئی تو پاگل ہو جائے گی اور پھر ایک دن فیصلہ کر کے وہ اپنی ماں کے پاس واپس چلی آئی کہ دوبارہ جواد علی کے گھر نہ جائے گی۔

وہ اپنی پرانی کھڑکی میں بیٹھی ہوئی تھی ماہ و سال اس کی نگاہوں کے سامنے گزرنے لگے۔ پرانی یادیں۔ جب وہ صرف پندرہ برس کی تھی تو جواد علی لاہور میں ملا تھا۔ پانچ سال گزرنے کے بعد وہ بمبئی چلی آئی۔ یہیں پر عاشقوں کا ایک قافلہ ملا۔ اسی طرح پانچ برس اور گزر گئے۔ سیٹھ جواد علی پھر آیا۔ اب حالات بدل چکے تھے۔ سیٹھ کے ساتھ شادی کی۔ شادی کے بعد نفرت، بیزاری اور علیحدگی۔ کھڑکی میں بیٹھے ہوئے ماضی کے ہنسے اس کی نگاہوں کے سامنے ناچ رہے تھے کیونکہ اس کی زندگی میں ہر پانچ برس کے بعد ایک اہم تبدیلی ہوتی رہی اور آج وہ اس جگہ پر پہنچ گئی تھی جہاں سے اس نے سفر کا آغاز کیا تھا۔

ڈاک گھر کی شہزادی

کشمیری لال ذاکر

اس کا گھر ڈاک گھر کے عین سامنے تھا۔

سڑک کی اس پار شاہ قلی قسم کے کنویں کے مقابل پہلا مکان کیدار ہی کا تھا۔ اس کے پہلو میں دیال نمبردار کی حویلی تھی۔ دیال موضع دھن کوٹ کا نمبردار تھا۔ زمینیں تو اس کی گاؤں میں تھیں لیکن رہائش اُسے شہر کی پسند تھی۔ چنانچہ اس نے شہر میں چار آٹھ گز کے حساب سے کوئی سات سو مربع گز زمین خرید کر اس پر پکی اینٹوں کا مکان بنوایا تھا۔ اگرچہ اس کے فوت ہو جانے پر اس کے بیٹوں نے گاؤں کی ساری زمین بیچ ڈالی تھی اور اس طرح نمبرداری کی وراثت ختم کر ڈالی تھی لیکن وہ حویلی ابھی تک دیال نمبردار کی ہی حویلی کہلاتی تھی۔ حویلی کے برابر والا مکان شونا دان شرما انشورنس کمپنی کے ایجنٹ کا تھا، جو مکان سے زیادہ ایک بڑا سا موٹر گیراج نظر آتا تھا۔ شرما اپنی کنڈل دار مونچھیں بڑے اہتمام سے سہلاتا تھا۔ کیدار بٹوارے کے بعد جب یہاں آیا تو پہلا شخص جس سے اس کی ملاقات ہوئی وہ شونا دان شرما تھا۔ اس کی کنڈل دار مونچھوں کو دیکھ کر اُسے ایک لطیفہ یاد آیا تھا جو اس نے کالج کے زمانے میں کسی سے سُنا تھا۔

بچھڑوں کی ایک ٹولی اپنے ڈنک اٹھائے بڑی شان سے قطار میں جا رہی تھی۔ ایک سے ایک بڑھ کر تھا۔ کسی نے پوچھا تمہارا لیڈر کون ہے؟

جواب ملا جس کی پشت پر ہاتھ رکھے وہ وہی لیڈر ہے۔

لیکن شرما کی مونچھوں کے ڈنکوں میں زہر کی بجائے شہد تھا اور اسی شہد سے اس کا انشورنس کا کام کامیابی سے چل رہا تھا۔

دیال نمبردار کی وسیع لیکن قدرے بے وضع حویلی، شرما کا گیراج نما گھر، محلے کا پرانا شاہ قلی کنواں جس کے اردگرد پانی کی وجہ سے ہر وقت پتھروں کے فرش کے رہتے اور سامنے پرانا، اندھیرا اور سیلن سے اٹا ہوا ڈاک گھر۔ اس سارے ماحول میں کیدار کو بے حد اکتاہٹ محسوس ہوتی اور اس اکتاہٹ میں اضافہ کرنے والی نچلی منزل میں قیام پذیر مکان کی مالک سود خور بنیائن تھی جو شہر کے بھنگیوں کو روپیہ قرض دیا کرتی تھی۔ اس کے ہاں بھنگیوں کا میلہ سا لگا رہتا تھا جو اپنے چاندی کے گہنے اس کے پاس رہن رکھنے آتی تھیں۔ وہ بنیائن شکل و صورت اور سود خوری کی وجہ سے پہچان لی گئی۔ کیدار اُس کی کرخت، اونچی اور کھردری آواز سے بچنے کے لیے کمروں کے دروازے اکثر بند رکھتا تھا۔ اسے ہر ماہ کی تیس تاریخ کو ہی اگلے مہینے کا کرایہ دے دیتا تھا۔ اور صبح اُٹھتے ہی چھت پر چڑھ جاتا کہ بنیائن کی صورت نظر نہ آئے اور بازار میں گزرتے ہوئے کسی شخص یا کنویں پر پانی بھرنے والی کسی عورت کی شکل دیکھ کر ہی وہ دن کا آغاز کرے۔ کیدار ویسے تو وہم طبیعت کا نہیں تھا لیکن صبح

کسی خاص قسم کے آدمی کا منہ دیکھنے سے ہمیشہ بچتا تھا۔ جب کبھی شوخ و خود غرض انسان اس کے ماتھے لگتی اس کا دن بُرا کٹتا تھا۔

صبح سویرے اُٹھ کر دیال غیر حاضر کی حویلی، شرما کے گھر، محلے کے کنویں اور پھر ڈاک گھر کی پرانی عمارت پر نظر ڈالنا کیدار کا معمول بن چکا تھا۔ یہ اس کے روزنامچہ کے پروگرام کا ایک جزو تھا۔ ویسے تو ڈاک گھر کی ساری عمارت ہی اُسے کالی کوٹھڑی سی نظر آتی تھی لیکن اس کا سڑک کی طرف کھلتا ہوا برآمدہ اسے اور بھی اکھرتا تھا۔ لوہے کی موٹی موٹی سلاخوں والی کھڑکیوں کے پیچھے میزوں پر جھکے ہوئے پوسٹل کلرک اُسے ان قیدیوں کی طرح نظر آتے جنہیں عمر بھر کی قید ملی ہو اور جنہیں دیکھنے کے لیے تماشائی برآمدے میں کھڑے ہوں اور ان کا منہ چڑا رہے ہوں۔ اسے ان کلرکوں پر بڑا ترس آتا اور ان تماشائیوں پر بے حد غصہ۔ کون ہے جو قیدی نہیں؟ وہ سوچتا، کون ہے جو آزاد ہے؟ کس نے کوئی جرم نہیں کیا؟ کس کے سر کسی کا خون نہیں؟ پھر کون کسی کو مجرم ٹھہرا سکتا ہے؟

اور اس کے ان سوالوں کا جواب اُسے چمپا نے دیا تھا جسے وہ دو سال سے دیکھتا آیا تھا۔

چمپا کا اصلی نام کیدار کو معلوم نہیں تھا۔ شاید چمپا بھی اُسے بھول گئی تھی۔ وہ کہاں سے اور کیسے یہاں آئی تھی، کون اُسے یہاں لایا تھا اور کیوں دیا تھا؟ ان سب باتوں کا کیدار کو علم نہیں تھا۔ اسے تو صرف اتنا معلوم تھا کہ ایک صبح جب وہ گھر سے باہر نکلا تو ایک جوان، خوبصورت، گورے رنگ کی عورت نے اس کا راستہ روک لیا تھا۔ اس کے بال بکھرے ہوئے تھے اور کپڑے ریشمی لیکن پرانے تھے۔ اس نے کسی اجنبی زبان میں کیدار سے بات کی اور اس کے پلے کچھ بھی نہ پڑا۔ اُسے پنجابی، ہندی اور انگریزی کے علاوہ کوئی اور زبان نہ آتی تھی۔ وہ اس کی بات تو نہ سمجھ سکا تھا لیکن اس کے حسن و شباب سے ضرور متاثر ہوا تھا۔ وہ پل بھر کو رُکا۔ اس نے اس عورت کی بات سمجھنے کی کوشش کی، لیکن نہ سمجھ سکا اور جب وہ آگے سرکنے لگا تو اس عورت نے اس کا بازو پکڑ لیا اور دوسرے ہاتھ کی دو انگلیاں جوڑ کر ہونٹوں کے ساتھ لگاتے ہوئے کیدار کی طرف دیکھا۔ اب کیدار جان پایا کہ اُسے سگریٹ کی حاجت تھی۔ اس نے جیب میں سے سگریٹ کا پیکٹ نکالا، ایک سگریٹ اسے دیا، دوسرا اپنے ہونٹوں میں دبا لیا اور پھر پہلے اس کا اور بعد میں اپنا سگریٹ جلا کر آگے بڑھنے لگا تو عورت نے بھرپور قہقہہ لگایا۔ یہ اس قصبے میں اس اجنبی پاگل عورت کا پہلا قہقہہ تھا جو دیر تک کیدار کا تعاقب کرتا رہا۔ کیدار اس قصبے کا پہلا آدمی تھا جس کی شکل اس پاگل عورت نے دیکھی تھی۔ کیدار جب تھوڑی دیر گھوم کر واپس آیا تو وہ اجنبی عورت ڈاک گھر کے برآمدے میں بیٹھی رو رہی تھی۔ وہ آنکھ بچا کر نکل گیا۔

کیدار نے اب صبح سویرے چھت پر چڑھنے کی بجائے تھوڑی دیر سیر کرنے کی عادت ڈال لی تھی۔ وہ جب گھر سے باہر نکلتا وہ اجنبی پاگل عورت سامنے کھڑی ہوتی۔ اُسے دیکھ کر مسکراتی۔ وہ اُسے ایک سگریٹ دیتا، اسے سلگاتا اور آگے بڑھ جاتا اور عورت کے قدرے بے ترتیب قہقہے اس کا پیچھا کرتے رہتے۔

بہت دنوں تک یہ معمول چلتا رہا۔ کیدار نے اب اُسے ایک پرانی، خانی اور پرانا تکیہ بھی دے دیا تھا اور جانے کس نے اور کیسے اس کا نام چمپا رکھ دیا تھا۔ بازار میں آس پاس کے دکان دار اُسے چمپا کہہ کر پکارتے تھے اور اس سے چھیڑ خانی کرتے تھے۔ وہ ان کی زبان سے ناواقف ہونے کے کارن کچھ نہ سمجھتی تھی۔ اور جواب میں صرف مسکرا دیتی تھی اور وہ اُسے سگریٹ، بیڑی، آنکھ، ایک آدھ روٹی اور اس قسم کی چیزیں دیتے تھے جنہیں وہ مسکراتے ہوئے لے لیتی تھی۔ اس کے دانت چھوٹے چھوٹے اور ہموار تھے اور جب وہ مسکراتی تھی تو اچھے لگتے تھے۔ اس کے اعضا میں گٹھن اور جسم میں سڈول پن تھا۔ محسوس ہوتا تھا جیسے اسے پاگل ہوئے بہت زیادہ عرصہ نہیں ہوا تھا۔ وہ دن بھر بازار میں ادھر اُدھر

گھومتی اور پڑی پڑی رہتی اور اس کی رضائی اور تکیہ ڈاک گھر کے برآمدے میں ایک طرف پڑا رہتا۔ رات کو وہ یہیں رضائی لپیٹ کر سو جاتی اور صبح دن چڑھے سے پہلے اٹھ جاتی۔ پاگل پن کے باوجود وہ اس شخص کو نہیں بھولی تھی جس نے اسے اس اجنبی قصبے میں پہلے دن صبح سویرے سگرٹ دیا تھا۔ اسے اب بھی کیدار کا انتظار رہتا تھا اور جب ایک بار کیدار بیمار پڑ گیا اور کئی روز تک گھر سے باہر نہ نکلا تو چمپا کونے میں کھڑی ہر صبح اس کا انتظار کرتی رہتی اور بے حد اداس رہنے لگی۔ کسی نے اسے سگرٹ دیا تو چپ مسکرا دیئے لے لیا۔ گویا سگرٹ دینے والے کا شکریہ ادا نہیں کیا۔ اس کی مسکراہٹ میں اس کی احسان مندی کی گواہی تھی۔

کیدار کے لئے چمپا اپنے ماحول کا ہی ایک جزو بن گئی تھی۔ اسے یوں لگتا تھا جیسے یہ ماحول جس میں وہ جی رہا تھا نامکمل تھا۔ نمبردار کی بوڑھی شربا کا گھر بسا لاتی کنواں، یہ سب کسی کہانی کے حصے تھے لیکن کہانی ادھوری تھی اور جس دن سے چمپا آئی تھی یہ کہانی مکمل ہو گئی تھی۔ کہانی کو جیسے ایک جیتا جاگتا، سانس لیتا ہوا، حرکت کرتا ہوا عنوان مل گیا تھا۔

چمپا کو کہیں سے ایک ٹوٹی ہوئی کنگھی اور بدوضع سا آئینہ مل گیا تھا اور وہ ہر صبح ڈاک گھر کے برآمدے میں بیٹھ کر بالوں میں کنگھی کرتی تھی اور ان میں گاڑھے سرخ رنگ کا ربن ڈالتی تھی۔ اس کا جسم کچھ اور بھر گیا تھا اور پہلے سے اچھا لگنے لگا تھا۔ لیکن اسی کے ساتھ اس میں ایک اور تبدیلی بھی تو آ گئی تھی۔ لوگوں کی چھیڑ خانی کے کارن اب وہ غصہ میں آ کر چلاتی تھی۔ کسی اجنبی زبان میں جسے کم سے کم اس قصبے کا ایک بھی آدمی نہ سمجھ سکتا تھا۔ وہ ریشمی قمیص اور لہنگا جو اس نے پہن رکھا تھا اب کئی جگہ سے پھٹ گیا تھا اور اس کے جسم کے انگ ان دریچوں سے باہر جھانکتے رہتے تھے۔

ایک رات کیدار نے چمپا کے زور زور سے بولنے کی آواز سنی، جیسے وہ کسی کو گالیاں دے رہی تھی۔ اس نے کھڑکی کھول کر نیچے سڑک کی طرف دیکھا، پربھاتی چوکیدار ہاتھ میں لٹھ لیے کھڑا تھا۔

"کیوں تنگ کر رہے ہو بے چاری کو؟" کیدار نے کھڑکی سے باہر ذرا جھک کر چوکیدار سے کہا۔

چوکیدار چونکا

"یوں ہی ذرا مذاق کر رہا تھا، بابو جی۔" چوکیدار نے جواب دیا اور اپنا لٹھ زور سے سڑک پر ٹیک کر آگے چل دیا۔ اور پھر اس کی آواز گونجی۔ "ہوش، خبردار، جاگتے رہو۔"

اس سے اگلی رات بھی چوکیدار نے چمپا کو گالیاں بکتے ہوئے سنا اور چوکیدار کو ڈاک گھر کے برآمدے کے سامنے کھڑا دیکھا۔ کیدار نے جب اسے پھٹکارا تو وہ سر جھکائے آگے بڑھ گیا لیکن بڑبڑاتا رہا۔ "سالا اس پاگل چھوکری کو بھی اپنی جائداد سمجھتا ہے۔"

اور کیدار اس کے لٹھ کی آواز اور اس کے ہوشیار، خبردار جاگتے رہو، کی گونج سنتا رہا۔

کئی راتوں تک ایسا ہی ہوتا رہا۔ کیدار جیسے واقعی بڑی دیانتداری سے اپنی جائداد کی حفاظت کر رہا تھا۔

لیکن پھر کبھی چمپا کے بکنے جھکنے کی آواز نہیں آئی۔ اس نے اب گالیاں دینا بند کر دیا تھا۔ اب اسے ایک دوسری قسم کی پرانی قمیص اور نوسرے ہی رنگ کا لہنگا مل گیا تھا، جس میں کہیں کوئی زخم نہ تھا، جس میں سے اس کے جسم کی چاندنی رستی تھی۔ اب وہ کیدار سے سگرٹ لینے کے لیے راستے میں کھڑی نہ ہوتی تھی، بلکہ ڈاک گھر کے برآمدے میں رضائی لپیٹے پڑی رہتی تھی اور کیدار اسے وہیں ڈاک گھر کے برآمدے میں

ہی سگرٹ دیتا تھا اور کبھی کبھی تو وہ گہری نیند سوئی ہوتی تھی اور کیدار سگرٹ اس کے تکیے پر رکھ کر سیر کو نکل جاتا تھا۔

پھر ایک روز کیدار کو یہ جان کر بے حد صدمہ ہوا کہ چمپا پیٹ سے تھی اور حالات خاصی نازک صورت اختیار کرتے جا رہے تھے۔ اسے محسوس ہوا جیسے اس کی محنت کے کارن اس کی جائداد لٹ گئی تھی۔ وہ دن اس کا بڑا تلخ گذرا۔ اسے یقین تھا کہ اس گناہ کا مرتکب بازار کا چوکیدار ہی تھا، لیکن اس کے پاس اس بات کا کیا ثبوت تھا اور اگر ہوتا بھی تو وہ اس کا کیا بگاڑ سکتا تھا۔ یہ سوچ سوچ کر کہ چمپا کا کیا حشر ہوگا، کیدار پریشان ہوتا رہا اور آنے والے حالات کا انتظار کرتا رہا۔ بازار کے دکان دار چمپا کو چھیڑتے، اسے ستاتے اور تنگ کرتے۔ وہ ان کے طعنے سن کر کلیاں بکتی اور وہ ہنستے اور قہقہے لگاتے۔ کیدار دیکھتا تو وہ انہیں ڈانٹ بھی دیتا۔ لیکن وہ ہر گھڑی وہاں تھوڑی موجود رہتا تھا۔ لوگ جب بھی موقع ملتا چمپا کو پریشان کرتے اور وہ بے چاری ایک اچھا خاصا مذاق بن کر رہ گئی۔ لیکن اس کے بالوں کی گھٹائیں اب بھی کالی تھیں، اس کے دانتوں کے موتی اب بھی چمکتے تھے اور اس کے حسن کی جاذبیت اب بھی قائم تھی۔

آدھی رات کے قریب کیدار نے چمپا کی چیخوں کی آواز سنی۔ اس نے اپنے کمرے کی کھڑکی کھول کر نیچے دیکھا۔ ڈاک گھر کی شہزادی برآمدے میں پڑی بری طرح چیخ رہی تھی۔ کیدار سیڑھیاں اتر کر فوراً اس کے پاس پہونچا۔ اسے سگرٹ دیا لیکن اس نے سگرٹ نہیں لیا صرف اپنے پیٹ پر ہاتھ مارتی رہی۔ کیدار نے پاس کے بس سٹینڈ سے ایک رکشا والے کو جگایا۔ چمپا کو بڑی مشکل سے اس میں لادا اور اسے فوراً ہسپتال لے گیا۔ وہ تمام راستہ چیختی اور چلاتی رہی۔ ایمرجنسی وارڈ میں داخل کرا کر اس نے چمپا کو ڈاکٹر کے سپرد کیا اور خود ہسپتال کے وسیع احاطے میں موسمری کے درخت کے نیچے بیٹھا سگرٹ پھونکنے لگا۔ اس نے پیٹھ درخت کے تنے سے لگا دی اور سوچنے لگا کہ بچہ پیدا ہوا تو اسے سنبھالے گا کون؟ چمپا کو اتنا ہوش کہاں ہوگا کہ وہ اس کی دیکھ بھال کرے۔ کتنا ظلم کیا تھا چوکیدار نے اس بے کس اور لاچار عورت پر، جسے یہ معلوم ہی نہ تھا کہ کوئی اسے کہاں لے جا رہا تھا۔ اس نے ایک حواس کھوئی عورت کے وشواس کا کس بری طرح گلا گھونٹا تھا۔ وہ آنکھیں بند کئے چوکیدار کے پیچھے چلتی گئی اور اس نے اسے پہاڑ کی آخری چوٹی سے ایک زور کا دھکا دے کر نیچے پھسلتی ہوئی عمیق کھائی میں گرا دیا اور اب اس کی ہڈیاں ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہو گئی تھیں اور اس کے جسم کا ایک ایک انگ کٹ گیا تھا۔ کیدار اسی قصہ کی باتیں سوچتا رہا اور سگرٹ پھونکتا رہا اور رات بے آواز قدموں سے گذرتی رہی اور چمپا ایک نئے انسان کی تخلیق میں مصروف بے سدھ پڑی کراہتی رہی۔ اور پھر پربھات کا ملگجا اجالا کسمسایا اور اپریشن تھیٹر سے باہر نکلتی ہوئی نرس نے بتایا کہ بچہ مردہ پیدا ہوا تھا اور کیدار پھٹی پھٹی آنکھوں سے نرس کے چہرے کو دیکھتا رہا اور اس کی انگلیوں میں تھمی سگرٹ سلگتی رہی۔ اور پھر وہ دھیرے دھیرے ہسپتال کے احاطے سے گیٹ کی طرف بڑھا۔ اس کے دل و دماغ پر ایک درد بھرا بوجھ تھا اور اسے محسوس ہو رہا تھا جیسے اس پاگل اور بے سہارا اور مجبور عورت سے اس کا کوئی غیر واضح اور ان بوجھا رشتہ تھا۔ ایک ایسا تعلق جس کی وہ تشریح نہیں کر سکتا تھا۔ ایک ایسا سمندر جس کی تفصیل نہ دی جا سکتی تھی۔ جس کی کوئی روپ ریکھا نہ بن سکتی تھی، لیکن جو ایک گہرے انسانی جذبے پر مبنی تھا۔ ایک ایسا جذبہ جو انسانوں کو بغیر مذہب و ملت اور عقل و ہوش کا امتیاز کئے ایک دوسرے کے قریب لے آتا ہے۔

چمپا جتنے روز ہسپتال میں رہی، کیدار صبح شام اسے دیکھنے جاتا۔ جب تک اس کے جسم میں نقاہت اور پاؤں میں لغزش رہی وہ بستر پر پڑی رہی اور جب اس کے نڈھال جسم میں طاقت آ گئی تو ایک شام ہسپتال سے بھاگ آئی اور ڈاک گھر کے ویران برآمدے میں پھر سے

[illegible] جب وہ پیتل سے بنی [illegible] کے ساتھ آئی جیسے [illegible] کی [illegible] مسکراہٹیں اپنے آنچل میں چھپا کر لائی ہو۔ وہ [illegible] کے کندھے سے لگائے گھومتی [illegible] کوئی ماں اپنے بچے کو [illegible] پیٹھ سہلاتے ہوئے [illegible] رہی ہو۔ لوگ اسے [illegible] کرتے دیکھتے۔ ستاتے اور وہ [illegible] کو اپنے جسم کے ساتھ بھینچ لیتی کہ کوئی اسے چھین نہ لے اور پھر بھاگ کر ڈاک گھر کے برآمدے میں آجاتی اور اس کی انتڑیاں اور پیٹھ درد کرنے لگتیں اور اس کے ہاتھوں کی نسیں کھنچ جاتیں اور تکیہ اس کی چھاتی سے لگ جاتا۔

کیدار اب بھی اسے سگریٹ دیتا۔ دوسرے تیسرے دن مٹی کے کٹورے میں دودھ ڈال دیتا اور کبھی کبھی اس کی جھولی میں پھل بھی ڈال دیتا۔ لیکن اب وہ مسکراتی نہیں تھی۔ پھٹی پھٹی آنکھوں سے دیکھتی رہتی اور ایک لفظ تک نہ بولتی۔ جیسے اس پر بجلی گر گئی ہو۔ جیسے اسے سکتہ ہو گیا ہو۔

اور دن گزرتے گئے۔

اور پھر ایک صبح کیدار نے دیکھا ایک نوجوان مرد اپنے جسم پر ایک پھٹا ہوا کمبل لپیٹے بیڑی پیتے ہوئے بازار میں سے گزرتے ہوئے آیا اور ڈاک گھر کے برآمدے میں دیوار کے ساتھ پیٹھ ٹیک کر بیٹھ گیا۔ کیدار نے جان لیا کہ ہوش مندوں کی بستی میں ایک اور دیوانہ وارد ہوا ہے۔ ڈاک گھر کے برآمدے کی رونق بڑھ گئی تھی اور اس کی توجہ کا مرکز بننے کے لئے ایک اور کردار آگیا تھا۔ اور چمپا، جسے وہ ڈاک گھر کی شہزادی کہا کرتا تھا، اپنے جنون کی وابستگیاں ساتھ لئے جئے جا رہی تھی۔

یہ نیا دیوانہ بڑا بے نیاز قسم کا تھا۔ اس نے کبھی کسی سے کوئی چیز نہ مانگی، کبھی کسی دکان کے سامنے کھڑا نہ ہوا۔ کسی راہگیر سے بات نہ کی۔ بس اپنے حال میں مست۔ چل رہا ہے تو چلے ہی جا رہا ہے۔ بیٹھا ہے تو گھنٹوں دیوار کے ساتھ پیٹھ ٹیکے بیٹھا رہے گا۔ بیڑیاں پی رہا ہے تو مسلسل پیئے جا رہا ہے، جب تک کہ بنڈل کا بنڈل ختم نہیں ہو جاتا۔ شہر میں دیوانے تو اور بھی تھے، لیکن یہ تو دیوانوں کا بادشاہ تھا۔ بالکل ہی الگ اور اچھوتا، جس کا مقابلہ کرنے والا کوئی نہیں تھا۔ یہاں تک کہ اس نے چمپا کی طرف بھی دھیان نہ دیا۔ جیسے ڈاک گھر کے برآمدے پر سوائے اس کے کسی اور کا ادھیکار ہی نہ تھا۔ پر بھاتی چوکیدار نے اب اپنی ڈیوٹی بدلوا کر شہر کے دوسرے حصے میں کروا لی تھی اور اب ایک اور چوکیدار آگیا تھا، جو سوتا زیادہ تھا، پہرہ کم دیتا تھا۔

اور ایک دن کیدار نے صبح سویرے کھڑکی سے جھانک کر دیکھا تو چمپا اپنے ننگے کو سینے سے چمٹائے سو رہی تھی اور دیوانہ دیوار کا سہارا لئے بیڑی پی رہا تھا اور سوئی پڑی چمپا کو ایک ٹک گھورے جا رہا تھا۔ چمپا کا گدرایا ہوا جسم اس کی پھٹی ہوئی قمیض سے یوں باہر جھانک رہا تھا، جیسے جھاڑ جھنکار میں چاند کی کرنوں کی اوٹ سے ابلتا ہوا چشمہ چمک رہا ہو۔ دیوانے کی نظریں یوں گڑی تھیں جیسے ان میں کیلیں گاڑ دی گئی ہوں۔ جانے کیوں کیدار کو یہ سب اچھا لگا۔ ایک ہوش کھویا انسان دوسرے ہوش کھوئے انسان میں دلچسپی لینے لگا تھا، اس سے ایک لگاؤ محسوس کرنے لگا تھا۔ ایک سمندر کی روپ ریکھا بننے لگی تھی۔ ایک تعلق کی بنیاد پڑنے جا رہی تھی۔ کیدار کی زندگی کا یہ ایک نیا تجربہ تھا۔ اس کے جنون کی ایک نئی گھٹنا تھی۔ اسے محسوس ہوا جیسے ڈاک گھر کا مٹی سے اٹا ہوا برآمدہ اس کے اندر جیسے کمرے اور میزوں پر عمیوں کی طرح ثبت بنے کھڑک سب زندگی میں دلچسپی لینے لگے تھے۔ زندگی اپنی خوبصورتیاں وابستگیاں اور لطافتیں لے کر آگئی تھی اور انہیں جھولیاں بھر بھر کر لٹا رہی تھی۔ ہوش کھوئے ہوئے لوگ باہوش ہو رہے تھے اور باہوش انسان ہوش کی ان حدود

گزر رہے تھے جو ہمیں زندگی کی خوبصورتیوں سے دور رکھتی ہیں اور ان سیاہیوں میں داخل ہو رہے تھے جہاں سے سپنوں کے سنگ میل
ع ہوتے ہیں اور امیدوں کی پھلجھڑیاں نکلتی ہیں اور آرزوؤں کے شگوفے پھوٹتے ہیں اور تمناؤں کی کلیاں چٹکتی ہیں اور کلپنا کی کہکشاں
انگ میں موتی ٹانک کر اشارے کرتی ہے اور رات اپنے گیسو کھولے صبح کے دریچے سے جنتوں سے آتی ہوئی عطر بیز ہواؤں کا
لار کرتی ہے۔

اور پھر کیدار کچھ دنوں کے لئے باہر چلا گیا۔

ڈاک گھر کے سامنے کھلتی ہوئی کھڑکی بند ہو گئی۔

اور سامنے کے مکان میں رہنے والی نبیاتن کی پاٹ دار آواز اور بھی اونچی ہوتی گئی۔

اور جب دس روز کے بعد کیدار واپس لوٹا تو اسٹیشن سے باہر نکلتے ہی اسے چمپا کا خیال آ گیا۔ اور اس کے ساتھ اس
انے کا بھی جو ایک صبح چمپا کو بڑی لگن سے گھور رہا تھا۔ یوں تو گاڑی ٹھیک چار بجے پہنچتی تھی لیکن لیٹ ہونے کے کارن آج
ی بجے پہونچی تھی۔ کیدار قلی سے سامان اٹھوا کر رکشا میں بیٹھا اور رکشا والے کے پوچھنے پر کہ اُسے کس جگہ جانا تھا۔
نے جواب دیا۔

"ڈاک گھر کے سامنے۔"

یہ الفاظ کہتے ہی اسے چمپا کا دھیان آیا اور اس کے بھرے بھرے جسم کا اور اس کی وحشی آنکھوں کا اور اس کے لمبے
ں کا اور اس کے تکیے کا جسے وہ ہر لمحہ سینے سے چمٹائے رکھتی تھی۔

رکشا کے پہیے گھوم رہے تھے اور کیدار نئے دیوانے کے بارے میں سوچ رہا تھا۔ جانے کیا کر رہا ہوگا۔ اس وقت وہ غالباً
رہا ہوگا۔ لیکن اب لوگ جاگ رہے تھے۔ سویرا ہونے والا تھا۔ نہیں وہ جاگ رہا ہوگا۔ اور بیڑی پی رہا ہوگا اور دیوار کے ساتھ
ٹیکے چمپا کے گدرائے ہوئے انگوں کو گھور رہا ہوگا۔ جو اس کی پھٹی ہوئی قمیص کے دریچوں سے باہر جھانکتے رہتے تھے۔ کیدار نے
ٹ سے سگرٹ نکال کر سلگا لیا۔ وہ اصولاً صبح سویرے سگرٹ نہیں پیتا تھا۔ پہلا سگرٹ وہ اس سمے پیتا تھا جب چائے کی گرم
پیالی اس کے ہونٹوں کو چھوتی تھی۔ لیکن جب اس کا دماغ سوچ کی بھول بھلیوں میں ہوتا تو وقت کی کوئی تخصیص نہ رہتی۔ سگرٹ
ی لمحہ سلگ سکتا تھا۔ چاہے آدھی رات ہو یا بھور کا ملگجا اُجالا، اور اب بھور کے ملگجے اُجالے میں سگرٹ کا دھواں فضا میں
ل ہو رہا تھا اور رکشا کے پہیے تارکول کی سڑک پر گھوم رہے تھے۔

رکشا رُک گئی تھی۔

ڈاک گھر آ گیا تھا۔

کیدار نے رکشا والے کو کرایہ دیا اور اپنا اٹیچی کیس اٹھا کر گلی کی طرف مڑا۔ انشورنس کمپنی والے شرما کے کھانسنے کی آواز آ رہی
۔ وہ جاگ اٹھا تھا۔ کنویں کی جگت پر بھی دو ایک سائے حرکت کر رہے تھے۔ گلی کی بہوئیں منہ اندھیرے پانی بھرنے آ گئی تھیں۔
یں بھلا انہیں دیر تک کیا سونے دیتی تھیں۔ گلی میں داخل ہونے سے پہلے اس نے سوچا وہ ڈاک گھر کے برآمدے کی طرف تو ایک نظر

[illegible]

ڈال [illegible] جانے کیوں پہلے اس نے برآمدے کے اس [illegible] کی طرف دیکھا [illegible]
کہ دھقان [illegible] بہت شہر چھوڑ گیا تھا شاید [illegible] کسی [illegible] ضرور [illegible]
صحن سے برآمدے کی طرف بڑھا۔ اس سمت جہاں چپا سویا کرتی تھی۔ اسے [illegible] آگے بڑھ
برآمدے کے اندر چپا منہ سے سو رہی تھی سکروٹ لے کر اور اس کا دایاں پاؤں [illegible] تھا نشے [illegible]
چارپائی پر بے خبر سویا پڑا تھا۔ کیدار کے ہونٹوں پر ہلکی سی مسکراہٹ کھیل گئی۔

خاک نگر کی شہزادی ملکہ بن گئی تھی۔

کیدار گلی میں جانے کو مڑا۔ دو کتے کسی چیز کو اپنی طرف کھینچتے ہوئے اپنے کھیل میں گم تھے۔ اس نے دیکھا یہ تو تکیہ تھا جسے چپا ہر لمحے اپنے ساتھ چمٹائے رکھتی تھی۔ کتے اسے جانے کب اٹھا لائے تھے اور اس کی روئی ادھر ادھر بکھیر رہے تھے اور چپا کو آج جیسے اس کی فکر ہی نہ تھی۔ ایک غلیظ گھٹیا اور پرانا سا تکیہ ہی تو تھا آخر!

ایک ملکہ کا ایسی حقیر چیزوں سے کیا واسطہ!

وہ پل بھر کتوں کو ایک دوسرے کے پیچھے بھاگتے ہوئے دیکھتا رہا اور پھر اپنے مکان کی طرف بڑھ گیا۔

ادبی روایت اور شخصی استعداد

مصنف: ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ، ترجمہ: سید افضال حسین نقوی

انگریزی ادب میں ہم شاذ و نادر ہی روایت کے متعلق گفتگو کرتے ہیں۔ گو ہم کبھی کبھی اس نام کا استعمال ضرور کر لیتے ہیں تاکہ اس کی عدم حیثیت پر بحث کر سکیں۔ ہم کسی "خاص ادبی روایت" یا کسی "عام ادبی روایت" کی طرف اشارہ نہیں کرتے۔ زیادہ سے زیادہ ہم اس لفظ کو صفت کی صورت میں کسی شاعر سے متصف کر کے یہ ضرور کہہ سکتے ہیں کہ فلاں شاعر کا کلام "روایتی" ہے اور فلاں شاعر کا کلام "انتہائی روایتی"۔ بہرحال مشکل ہی سے یہ لفظ محلِ استعمال بن سکتا ہے تاوقتیکہ اسے تنبیہی روزمرہ کی صورت میں استعمال نہ کیا جائے، ورنہ دوسری کسی صورت میں اس کا استعمال مشکل ہی سے مستحسن قرار پا سکتا ہے کیونکہ یہ اپنے اثرات کے لحاظ سے جس کاوش کو بہتر گردانتا ہے وہ فنِ تعمیر کی نئی اور عمدہ تراش خراش سے متعلق ہوتی ہے۔ غرض آپ مشکل ہی سے اس لفظ کو انگریز سماعت سے مانوس کر سکیں گے تاوقتیکہ آپ کی واقعی منشا فنِ تعمیر کی طرف رجوع کرانا نہ ہو۔

یقیناً اس لفظ کا تنقیدی حیثیت سے کسی زندہ یا مُردہ اہلِ قلم کے متعلق مستعمل ہونے کا بظاہر امکان نہیں کیونکہ ہر قوم اور ہر نسل کا نہ صرف اپنا تخلیقی دماغ ہوتا ہے بلکہ اس کا اپنا الگ ایک تنقیدی مذاق بھی ہوتا ہے اور یہ دماغ اپنی تخلیقی استعداد کے مقابل اپنی تنقیدی جبلت کی کوتاہیوں اور قیود سے بے خبر رہتا ہے۔ ہم فرانس کے منظم تنقیدی سرمایہ سے جس سے اس کی زبان پُر ہے اس کے تنقیدی انداز اور جبلت کا پتہ پاتے ہیں اور ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ ہماری بے حسی مسلّم ہے اور فرانسیسی ہمارے مقابلے میں زیادہ "تنقیدی" مذاق رکھتے ہیں۔ حالانکہ کبھی کبھی ہم پر یہ حقیقت بھی منکشف ہوتی ہے کہ فرانسیسی ہمارے مقابلے میں کم سریع العمل ہیں۔ ممکن ہے فرانسیسی ایسے ہی ہوں لیکن ہمیں اپنے آپ کو یہ ضرور باور کرانا چاہیے کہ تنقید اتنی ہی ضروری اور بدیہی چیز ہے جتنا کہ کسی ذی روح کے لیے نفس کی آمد و شد۔ چنانچہ ہمیں کسی چیز کے پڑھتے وقت اس کے مطلب کے ادراک کرنے اور جذباتیت سے متاثر ہونے میں قباحت نہیں محسوس ہونی چاہیے کیونکہ ایسی صورت میں ہم اپنے قوائے ذہنی کو کسی تنقیدی کاوش پر مزید تنقید کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ اس اندازِ فکر کی روشنی میں جو حقائق ہمارے سامنے ظہور میں آتے ہیں ان میں ایک ہمارا کسی بات پر اڑ جانے کا رجحان ہے مثلاً ایسے موقع پر جبکہ ہم کسی شاعر کی تعریف و توصیف کرتے ہیں اور اس کی شاعری کا ایسا رُخ اُجاگر کرتے ہیں جس کی دوسرے شاعر کے ہاں مماثلت نہیں ملتی تو ہم یقیناً ایسے ہی رجحان کا شکار ہوتے ہیں۔ ایسی صورت میں جبکہ روئے سخن کسی شاعر یا فنکار کے کسی خاص انداز یا رُخ کی طرف ہوتا ہے تو ہم کوشش کرتے ہیں کہ معلوم کریں کہ اس میں اس کی انفرادیت کا کتنا دخل ہے اور بحیثیت انسان اس کا جوہر ذاتی کیا ہے۔ ہم اس بات

[illegible] یہ بھی ممکن ہے کہ کسی شاعر کا اپنے اسبق شعرا سے کسی باتوں میں اور [illegible] اس دور کے شعرا سے [illegible] کا بعد [illegible] سے کسی [illegible] کا تعلق ہے۔ ہم اس بات کی بھی کوشش کرتے ہیں کہ کوئی ایسی [illegible] کا [illegible] ہو سکے۔ مگر ہم اس سطر و صفر یا تعصب سے بچ کر کسی شاعر پر تنقید نہیں کرتے ہیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ صرف [illegible] بڑا شاعر بلکہ اس کا مقلب سے منتخب اور منفرد سے منفرد کلام تنقید کے الزام سے نہیں بچ سکا۔ کیونکہ اس کے اسبق شعرا [illegible] منفرد مقامات پر اپنا نے دوام حاصل کر چکے ہیں۔ میری اس گفتگو سے مراد کسی نیم پختہ پر کشش دور سے نہیں بلکہ اس دور سے ہے جو پوری پختگی رکھتا ہو۔

تاہم اگر کوئی ادبی روایت صرف گزری ہوئی نسل کی کامیابیوں کی اندھی تقلید ہی کو اپنا شعار بنا لے تو یقیناً ایسی روایت کو سختی سے کچل دینا چاہیے۔ ہم نے دیکھا ہے کہ روایات کے ایسے دھارے ریگزار عصر میں بڑھے اور گم ہو گئے۔ چنانچہ میرے نزدیک تو اتر سے کہیں بہتر بدعت ہے۔ ادبی روایت ایک بڑی اہمیت کی چیز ہے۔ یہ وراثتاً حاصل نہیں ہوتی۔ البتہ اس کے حصول میں آپ کو بڑی محنت کرنی پڑتی ہے۔ ادبی روایت کے ضمن میں تاریخ کا تصور سب سے پہلے ابھرتا ہے جس سے روگردانی ہو اس شخص کے لیے ناممکن ہے جسے پچیس سال کی مدت سے زیادہ بحیثیت شاعر اپنا وجود منوانا ہو۔ یہ تاریخی تصور ایک ایسی حس رکھتا ہے جو نہ صرف گزشتہ کیفیت بتاتی ہے بلکہ اس کی موجودگی پر بھی روشنی ڈالتی ہے۔ یہ تاریخی تصور ایک آدمی کو نہ صرف اس بات پر مجبور کرتا ہے کہ وہ محض اپنے نسل کے متعلق لکھے جو اس کی ہڈیوں میں رچی بسی ہے بلکہ اس احساس کے ساتھ لکھے کہ یورپ کا پورا ادب جو ہومر (Homer) سے شروع ہوتا ہے جس میں خود اس کے اپنے ملک کا ادب ایک مساوی حیثیت رکھتا ہے، ایک باقاعدہ ضابطہ ہے۔ یہ تاریخی تصور منفی زمانہ بھی ہے اور وقتی بھی نیز یہ تصور ہر دو صورتوں کی یکساں اجتماعی حیثیت بھی رکھتا ہے۔ یہی تصور ایک قلم کار کو روایتی بنا دیتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ ایک اہل قلم کو اس کے اپنے دور میں اپنا مقام متعین کرنے میں صائب نظر اور ذکی الحس بناتا ہے۔

کسی شاعر یا کسی فنکار کی کوئی علیحدہ مکمل حیثیت اور معنی نہیں ہوتے۔ اس کی اہمیت اور اچھائی دراصل اس کے اپنے تعلقات کی پسندیدگی میں مضمر ہے جو اسے اپنے مرحوم شاعروں اور فن کاروں سے ہوتی ہے۔ آپ اسے اس کی واحد حیثیت سے قدر کی نگاہ سے نہیں دیکھتے۔ آپ کو اس کی انفرادی حیثیت الگ کرنی پڑتی ہے تاکہ آپ اس کا مقابلہ پچھلے لوگوں سے کر سکیں۔ اس سے میری مراد تاریخی اصول تنقید ہی نہیں بلکہ جمالیاتی اصول تنقید بھی ہے۔ ہوتا یہ ہے کہ کسی نئی کاوش کے جنم دینے میں جن دشواریوں اور مصائب کا سامنا کرنا پڑتا ہے بعینہٖ انہیں پریشانیوں سے پچھلی تصنیفوں اور کاوشوں کو بھی دوچار ہونا پڑتا ہے۔ موجودہ ادبی نمونے بذات خود ایک آئیڈیل ضابطہ کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان میں نئی کاوشوں سے رد و بدل کی جا سکتی ہے۔ موجودہ ضابطہ اسی وقت تک مکمل رہتا ہے جب تک کہ کوئی نئی تصنیف وجود میں نہیں آتی کیونکہ کسی نئی اور اچھوتی چیز کی آمد پر پچھلا نظام اور قاعدہ برقرار رکھنا مشکل ہو جاتا ہے اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس قاعدے میں تبدیلی اور رد و بدل اور ایک دوسرے سے ادبی لاوشات میں ہم آہنگی ظہور میں آتی ہے۔ یہی وہ قربت ہے جو نئے اور پرانے نظام میں پائی جاتی ہے۔ جو شخص بھی اس نظام تصور

کو پسند کرتا ہے اور انگریزی اور یورپی ادب کو بھی اُسی طرز پر متشکل قرار دیتا ہے وہ اس امر کو ضروری خیال کرتا ہے کہ ماضی کو حال سے بدل دیا جائے لیکن یہ تبدیلی اُسی حد تک ہونی چاہیے جس حد تک ماضی نے حال کو متاثر کیا ہے۔ جو شاعر اس حقیقت سے آشنا ہے وہ یقیناً بہت سے مصائب اور بہت سی ذمہ داریوں سے بھی کماحقہٗ واقفیت رکھتا ہے۔

ایک مخصوص خیال کے مطابق اُس کی اس امر سے بھی آگاہی ضروری ہے کہ اُسے ماضی کے اصولوں پر جانچنا اور پرکھنا چاہیے۔ میں نے اپنے مُدعا کے اظہار کے لیے جانچنے اور پرکھنے کا لفظ استعمال کیا ہے نہ کہ ایسا لفظ جس سے توڑ پھوڑ کے معنی استنباط کیے جا سکیں۔ تاہم اوّل تو یہ تنقید اتنی اچھی یا اتنی بُری نہیں ہونی چاہیے کہ ہم گزشتنی کیفیت کا شکار ہو کر رہ جائیں اور دوئم یہ تنقید حتمی طور سے پُرانے ہی نقادوں کے اصولوں پر نہیں ہونی چاہیے۔ یہ فیصلہ بھی ہے اور تقابل بھی جس سے دو چیزوں کو پایا جا سکتا ہے۔ محض مُطابقت کے معنی نئی تصنیف کے لیے یہ ہوں گے کہ مطلق حق مطابقت ادا نہیں ہوا۔ اور یہ کاوش نئی ہرگز نہ متصور ہوگی اور ادب کا شہ پارہ نہ قرار پا سکے گی۔ ہم پوری طرح نہیں کہہ سکتے کہ نئی تصنیف فقط اس لیے بہتر ہے کہ حالات سے مُطابقت کرتی ہے اگرچہ یہ مُطابقت اُس کی ماہیت کے لیے امتحان ضرور ہے۔ یہ امتحان حقیقتاً بتدریج اور سوچ سمجھ کر بروئے کار لانا چاہیے کیونکہ ہم میں سے کوئی بھی شخص مطابقت کے لیے ایسے حکم کی حیثیت نہیں رکھتا جس سے غلطی سرزد ہونے کا امکان نہ ہو یا جسے ہم معصوم کہہ سکیں۔ ہم کہنے کو تو کہہ سکتے ہیں کہ کوئی کاوش بظاہرہ (حالات سے) مطابقت کرتی ہے، یا منفرد ہے یا بظاہرہ منفرد نظر آتی ہے اور اس کا امکان رکھتی ہے کہ مطابقت کرے لیکن ہم بہ مشکل حتمی طور سے یہ کہہ سکتے ہیں کہ جس کے متعلق ہم کچھ کہہ رہے ہیں وہ حقیقتاً وہی ہے کوئی اور دُوسری چیز نہیں۔

مزید ذہنی غواصی کے لیے اگر آگے بڑھا جائے تو اس بات کو ملحوظ خاطر رکھنا ہوگا کہ ایک شاعر کا اُس کے ماضی سے کیا تعلق۔ ہم دیکھیں گے کہ نہ تو وہ اپنے ماضی کو ایک بے مصرف ڈھیر سمجھتا ہے اور نہ ہی اپنے ماضی کو ہر روگ کے لیے تریاق سمجھتا ہے۔ نہ وہ ایک آدمہ ذاتی اور انفرادی تعریف سے اپنے آپ کو کلی طور سے ہم آہنگ کر لیتا ہے اور نہ ہی وہ کسی خاص دور سے اپنے آپ کو کلی طور سے متعلق کرتا ہے۔ پہلا طریقہ کار نامناسب ہے، دُوسرا شباب کے تجربہ پر مبنی ہے اور تیسرا ایک عمدہ اور پسندیدہ ضمیمہ ہے۔ شاعر کو ادب کے خاص دھاروں اور رُجحانات کا علم ہونا چاہیے لیکن ان میلانات اور رُجحانات کی ضروری نہیں کہ شہرت ہی منبع و مبدا ہو۔ اُسے سمجھنا چاہیے کہ ادب کا معیار کبھی بلند نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ ادب کا مواد کبھی ایک سا نہیں رہتا۔ اُس کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ یورپ کا دماغ یا اُس کے اپنے ملک کا دماغ یا ایسا دماغ جس کے متعلق اُسے علم ہو کہ وہ ذاتی اور انفرادی ذہانت سے بالا ہے، تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ یہ تبدیلی ترقی کے مترادف ہے لیکن یہ ترقی درمیانی چیزوں کو کالعدم قرار نہیں دیتی۔ شیکسپیئر (Shakespeare) یا ہومر (Homer) یا کمبا یعنی حکماء (Magdalenian draughtsmen) پر کوئی چیز مسلط نہیں کی جا سکتی۔ یہ ترقی، یہ تغیر یا ایک معنوں میں ذہنی اُلجھاؤ کسی فنکار کے نقطۂ نظر سے ترقی کے مصداق نہیں اور نہ ہمارے معیار ہی کے مطابق یہ ترقی کہلانے کی مستحق ہے شاید آخر میں محض ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ ترقی مشینوں اور اقتصادی اُلجھاؤ کا نتیجہ ہے۔ ماضی اور حال کا یہ فرق دراصل حساس

اور خود میں حال کی آگاہی ہے۔ یہ آگاہی اس درجہ عمیق ہے کہ ماضی کی بنیاد خود بھی اس کا بدل نہیں پیش کر سکتی۔
کسی شخص کا قول ہے۔

مرحوم قلم کار ہم سے بہت پیچھے ہیں کیونکہ ہم اُن سے بدرجہا بہتر جانتے ہیں۔

مختصراً یہ کہ وہ اس قسم کے نفوس ہیں جو سے ہم بخوبی واقف ہیں۔

میں اس عام اعتراض کے جواب کے لیے بالکل حاضر و آمادہ ہوں کہ بتا سکوں کہ نظم کا کیا کام ہے اور یہ میرے پروگرام کا جزو بھی ہے۔ اعتراض دراصل یہ تکلیف ہے کہ شاعری کے لیے بے اندازہ تبحرِ علم کی ضرورت ہے۔ لیکن یہ ایسا دعویٰ ہے جو ہر دور کے شاعروں کی حیات کی روشنی میں رد کیا جا سکتا ہے۔ یہ بھی کہنا صداقت پر مبنی ہوگا کہ علم کی بہتات قوتِ شاعری کو مضمحل کر دیتی ہے۔ تاہم اس یقین پر ہم بضد ہیں کہ ایک شاعر کو کم از کم اس حد تک ضرور جاننا چاہیے جو اس کی ضروریاتِ شعری میں آڑے نہ آئے اور مناسب کسب میں مدد دے نیز اُسے ذہنی کاہلی کا شکار نہ ہونے دے۔ یہ مناسب نہیں ہے کہ علم کو اس حد تک محدود کر لیا جائے کہ وہ صرف فائدہ مند شکلوں میں ہی تبدیل کیا جا سکے۔ مثال کے طور پر جس کا امتحان لیا جا سکے یا جسے ڈرائنگ روم کی زینت بنایا جا سکے یا جسے محض تشہیر دی جا سکے۔ بہت سے لوگ علم کو جذب و کسب کرنے کی قدرت رکھتے ہیں۔ بہت سے جاہل علم کے بوجھ تلے پسینہ پسینہ ہو جاتے ہیں۔ شیکسپیئر (Shakespeare) نے پلوٹرک (Plutarch) سے اُن لوگوں کے مقابلے میں بدرجہا بہتر اور ضروری تاریخی مواد حاصل کیا ہے جنھوں نے پوری برٹش میوزیم سے استنباط کرنے کی کوشش کی ہے — اب یہاں جس چیز پر زور دینے کی ضرورت ہے وہ یہ ہے کہ شاعر اس امر کی صلاحیت رکھتا ہو جس سے وہ ماضی کی آگاہی حاصل کر سکے اور ماضی کو کماحقہٗ تفصیل سے پیش کر سکے۔ یہ صلاحیت اُس کی اپنی پوری ادبی زندگی میں جاری و ساری رہنی چاہیے۔

ہوتا یہ ہے کہ ایک فن کار کو اپنی مسلسل عمر سے اعلیٰ قدروں کے حوالہ کرنی پڑتی ہے۔ ایک فن کار کی کامیابی اور ترقی کا راز اُس کی اپنی مسلسل قربانی اور شخصیت کی موت پر مبنی ہے۔

اب باقی یہ رہ جاتا ہے کہ اُس عمل کی تعریف کی جائے جس کی رُو سے شخصیت کی نفی حاصل ہو سکے اور اس عدمِ شخصیت کا ادبی روایت کے تصور سے تعلق بتایا جا سکے۔ اسی عدمِ شخصیت کی رُو سے ادب اور فن سائنس کے درجہ تک پہنچتا ہے۔ میں اس سلسلہ میں دعوتِ فکر دیتا ہوں کہ ذیل کی مثال کی روشنی میں آپ غور فرمائیں اور کسی نتیجہ پر پہنچیں کہ آیا اس کیمیائی عمل کا کیا ردِ عمل ہوگا جب ہم ایک پلاٹینم کے عمدہ تار کو ایک ایسے دود کش سے گزاریں جس میں آکسیجن اور سلفر ڈائی اکسائڈ دونوں موجود ہوں۔

(۲)

حقیقی تنقید اور پُر مغز تعریف کا رُوئے سخن دراصل شاعری ہوتی ہے نہ کہ شاعر۔ اگر ہم اخباری نقادوں کے بے ہنگم شور اور انہی خیالات کے پھیلے سروں میں عام تواتر پر نظر ڈالتے ہیں تو ہمیں شاعروں کے بھاری تعداد میں نام ملتے ہیں۔ لیکن

اگر ہم مرکب (مرکب شیمیائی سرکاری اشاعت) پر بھروسہ کرتے ہوئے شاعری سے حظ حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ہم مشکل ہی سے اس نظم کو پا سکتے ہیں جس کی ہمیں تلاش ہے۔ میں نے اس امر کی کوشش کی ہے کہ اس چیز کو بیان کیا جائے کہ ایک نظم کا دوسرے مختلف شاعروں کی نظموں سے کیا رشتہ اور تعلق ہے نیز شاعری کا ایسا تصور پیش کیا ہے کہ وہ دنیا کی تمام شاعری کو جو کبھی بھی نظم کی گئی ہو دراصل ایک زندہ کل سمجھے۔ دوسرا رُخ اس غیر شخصی شاعرانہ نظریہ کا ہے کہ نئی نظم کا اس کے مصنف شاعر سے کیا تعلق ہے۔ میں نے ایک تمثیل کی مدد سے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ پختہ دماغ شاعر نیم پختہ دماغ شاعر سے نہ صرف شخصی حیثیت سے مختلف ہوتا ہے جو ممکن ہے عام طور سے پسندیدہ نہ ہو بلکہ ایسی مکمل صنف کی صورت میں منفرد ہوتا ہے جو ہر قسم کے احساسات اور خیالات کی نئے انداز میں ترجمانی کر سکے۔ یہ تمثیل تو ایک کیمیاداں کے اس تجربے سے ظاہر ہے جبکہ متذکرہ بالا گیسیں ایک پلاٹینم کے تار کی موجودگی میں ملتی ہیں تو قیمہ سلفورک ایسڈ کی صورت میں برآمد ہوتا ہے۔ یہ مرکب اسی وقت ظہور میں آتا ہے جب پلاٹینم موجود ہو تاہم یہ فائدہ ایسڈ اپنے اندر پلاٹینم کا کوئی جزو نہیں رکھتا اور نہ ہی بظاہر اس عمل سے پلاٹینم متاثر ہوتا ہے۔ بلکہ حقیقتاً پلاٹینم ساکن، غیر متعلق اور ناقابل تبدیلی رہتا ہے۔ شاعر کا دماغ پلاٹینم کے تار سے مشابہ ہے۔ یہ جزوی یا خصوصی طور سے کسی شخص کے اپنے تجربہ پر مبنی ہے لیکن یہ ضرور ہے کہ جتنا زیادہ پختہ فن کار ہوگا اتنا ہی اس میں زیادہ شدت سے الگ الگ اس کے اندر کا انسان ہوگا جو دکھ سہتا ہے اور اس کا اپنا دماغ ہوگا جو تخلیق کرتا ہے۔ غرض اسی شدت سے اس کا مکمل دماغ جذبات و احساسات جو اس کے عادی ہیں تحلیل بھی کر سکے گا اور ان کی ترسیل بھی کر سکے گا۔ اسی تجربہ کی روشنی میں آپ دیکھیں گے کہ غیر متحرک ترسیل کرنے والی شے (شاعر کا دماغ) کی موجودگی میں جو دو عناصر داخل ہوتے ہیں وہ اصل میں جذبات اور احساسات ہیں۔ کوئی شخص جو کسی ادبی یا فنی تخلیق کو دیکھ کر حظ حاصل کرتا ہے وہ اس تاثر سے بالکل مختلف ہوتا ہے جو وہ غیر ادبی شے کے تجربہ کی صورت میں حاصل کرتا ہے۔ یہ ممکن ہے کسی واحد جذبہ کا اثر ہو یا مختلف جذبات کا طویل ہو۔ یہ مختلف احساسات جو کسی مصنف کو خاص لفظوں یا محاوروں یا ہیولوں کی صورت میں شاعرانہ ورثہ کے طور پر ملتے ہیں دراصل کسی تخلیق کو کمال تک پہنچانے میں مدد و معاون ثابت ہوتے ہیں۔ بہتر سے بہتر شاعری بغیر جذبات کے استعمال کیے ہوئے صرف احساسات کی مدد سے ظہور میں آسکتی ہے۔ انفرنو (Inferno) کے پندرھویں کینٹو* (برونیتو لاطینی) میں جذباتیت کا عمل دخل ہے جیسا کہ اس کی سچی تمثیل سے ظاہر ہوتا ہے۔ اس کا تاثر گو کہ تنہا اور واحد ہے جیسا کہ کسی دوسرے ادبی شاہکار کا ہو سکتا ہے، حقیقت میں ایک کافی الجھی ہوئی تفصیل کا نتیجہ ہے۔ آخری بند ایک ایسا تصور پیش کرتا ہے جو نہ صرف خود بخود ظہور میں آتا ہے اور پچھلے واقعات کی مدد سے آگے بڑھتا ہے بلکہ شاعر کے دماغ میں غیر یقینی صورت میں جاگزین رہتا ہے جب تک کہ ایک مناسب ترتیب اضافہ کے لیے شاعر کا دماغ داخل نہیں ہو جاتا۔ - - -

میں تاوقتیکہ وہ تمام عناصر جو کے اتحاد سے ایک نیا مرکب ظہور میں آتا ہے ایک جگہ جمع نہ ہو جائیں۔

اگر آپ دنیا کی اعلیٰ سے اعلیٰ شاعری کے مختلف اقتباسات کا ایک دوسرے سے موازنہ کریں تو آپ دیکھیں گے کہ شاعری کس قدر وسیع اور مختلف النوع اصناف کا مجموعہ ہے اور یہ کہ دنیا کا کوئی نیم اخلاقی معیار اس نقطہ نظر سے کہ جس کو چھونے سے قاصر رہتا ہے کیونکہ "برائی" جذباتیت سے متعلق نہیں بلکہ فنی عملی اور ادبی دباؤ کی شدت کا نتیجہ ہے جو بتدریج شعلے کی دھماکے کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ پاؤلو (Paolo) اور فرانسیسکا (Francesca) کا قصہ ایک خاص جذبہ کی عکاسی کرتا ہے۔ لیکن شاعری میں شدت بالکل ہی الگ چیز ہوتی ہے اور یہ اس تجربہ سے قطعاً الگ ہے جو کسی شے سے متاثر ہو کر حاصل کیا جاتا ہے البتہ اس کی شدت اس درجہ نہیں ہے جتنی کہ کینٹو چہارم "یولیسس کے سفر" میں ہے جس میں جذبات کو بالراست طفولیت حاصل نہیں ہے۔ جذبات کی مختلف شکلیں بدلنے کے بے شمار طریقے ممکنات میں سے ہیں۔ آگامینن (Agamemnon) کا قتل یا اوتھیلو (Othello) کی پریشانی ایک ادبی اور فنی تاثر چھوڑتے ہیں جو بظاہر ممکن حد تک اچھوتا پن پیش کرتے ہیں جو کہ ڈانٹے (Dante) کے مزاج سے زیادہ جدت کے حامل ہیں۔ آگامینن میں فنی جذبہ اور تاثر حقیقی ناظر کے لیے بدرجۂ اتم موجود ہے۔ اوتھیلو میں یہ جذبہ ڈرامہ کے کردار خصوصی کی حد تک محدود رہتا ہے۔ آگامینن کے قتل میں اجزا کا اجتماع انتہائی پیچیدہ اور الجھا ہوا ہے جتنا کہ یولیسس کے سفر میں ہے اور ہر دو صورتوں میں عناصر کا پھٹنے والا ایک دھماکہ ہے۔ کیٹس (Keats) کی اوڈ (خطابیہ نظم) بہتر قسم کے احساسات کا مرقع ہے جن کا عناول کی ذات سے کوئی تعلق نہیں لیکن جو غالباً ایک حد تک یا تو اس پرندے کے پُرکشش نام کی وجہ سے یا کسی حد تک اپنی شہرت کی باعث اس بات کی صلاحیت رکھتے ہیں کہ کیا کیے جا سکیں۔

میں جس نکتہ فکر کو ہدف بنانا چاہتا ہوں وہ دراصل کُلّی اتحادِ روح کا مابعد الطبیعیاتی نظریہ ہے۔ میرا مقصد یہ ہے کہ شاعر کے پاس اظہار کے لیے اپنی "شخصیت" نہیں بلکہ ایک خاص ذریعہ (میڈیم) ہے جو کہ فقط ذریعہ ہوتا ہے شخصیت نہیں جس میں تجربات اور تاثرات انوکھے پن سے خلط ملط ہو جاتے ہیں۔ تاثرات اور تجربات جو انسان کے لیے اہم حیثیت رکھتے ہیں شاعری میں اُن کا کوئی مقام نہیں ہوتا اور جو تاثرات شاعری میں کچھ اہمیت حاصل کر لیتے ہیں وہ انسانی اور انسانی شخصیت کے لیے غیر اہم ہوتے ہیں۔

میں ایک نظم کا اقتباس پیش کرتا ہوں جو اس امر کے لیے غیر مانوس تو ضرور ہے کہ اُسے مندرجہ بالا کلیات کی روشنی میں نئی توجیہہ عطا کی جائے:۔

میں سوچتا ہوں کیوں نہ اپنی ذات کو ملامت کروں،
کہ ناحق اُس کے حسن کا پرستار رہا،
جس کی موت کے متعلق علم تھا کہ اُس کا شدید انتقام لیا جائے گا

کیا یہ ریشم کا کیڑا تیری خاطر اپنی سُنہری محنت طویل کرتا ہے ؟
کیا صرف تیرے لیے وہ موت کے مُنہ میں جانا پسند کرتا ہے ؟
کیا صاحب مقدرت اپنی بیگمات کی پل بھر کی خوشی کے لیے اپنے کو بیچ ڈالتے ہیں ؟
کیوں وہ شخص صراطِ مستقیم سے بھٹکتا ہے،
اور اپنی زندگی قاضی کے جُنبش لب کے حوالے کرتا ہے،
(کیا اس لیے کہ وہ) اپنے نظریات کو جلا دے سکے،
اور نوبت و نقارہ رکھ کر اپنی بہادری کا ڈھنڈھورا پیٹ سکے۔

یہ اقتباس (جیسا کہ سیاق و سباق سے ظاہر ہے) منفی اور مُثبت جذبات کا مجموعہ ہے جس میں ایک طرف تو حُسن کے لیے ایک شدید اور مضبوط قسم کی کشش ہے اور دُوسری طرف اتنی شدت سے بدصورتی کی طرف رغبت بھی ہے جو کہ پہلے تاثر سے نہ صرف متضاد ہے بلکہ پہلا تاثر غلط بھی کر دیتی ہے۔ یہی متضاد جذبات کا بیلنس ڈرامائی سچویشن کی جان ہے، جس کے لیے زبان خاص اہمیت رکھتی ہے۔ لیکن صرف سچویشن بھی اس کے لیے کافی نہیں۔ یہ دراصل ایک ترتیبی اور ترکیبی جذبہ ہے جسے ڈرامہ پیدا کرتا ہے۔ لیکن یہ کلی تاثر اور مُحکم لہجہ بے شمار مُبہم رو محسوسات کا نتیجہ ہے جو ایسے جذبات سے یک گونہ مناسبت رکھتا ہے جو بظاہر نظر نہیں آتا لیکن دراصل یہی جذبہ دُوسرے اجزا سے مل ملا کر ایک نئے "ادبی جذبہ" کی تخلیق کرتا ہے۔

کوئی شاعر اپنے ذاتی جذبات یا اپنی زندگی کے خاص واقعات کی وجہ سے ممتاز اور پسندیدہ شمار نہیں کیا جاتا کیونکہ اس کے خاص جذبات سارے کے سارے خام اور سپاٹ ہو سکتے ہیں۔ لیکن شاعری میں یہی جذبہ انتہائی پیچیدہ اور اُلجھی ہوئی چیز بن جاتا ہے مگر اس درجہ پیچیدہ بھی نہیں جیسے عام لوگ اپنی زندگی میں غیر معمولی اور اُلجھے ہوئے جذبات رکھتے ہیں۔ درحقیقت یہ ایک شاعرانہ مراق اور غلطی ہے کہ شاعری میں نئے انسانی جذبات کے اظہار کی راہیں ڈھونڈی جائیں اور پھر طرّہ یہ ہے کہ غلط تعالیٰ پر اس جدت کی تلاش کی جائے جس کا ظاہر ہے نتیجہ ہمیشہ فن کے سُراغ پر ختم ہوتا ہے۔ شاعر کا کام یہ نہیں ہے کہ نئے جذبات ڈھونڈے جائیں بلکہ اُس کا کام عام جذبات کی نشاندہی اور اُن کا استعمال ہے۔ اُنھیں محسوسات کا اظہار کرنا ہے جو حقیقی جذبات کا درجہ نہیں رکھتے اور ایسے ہی جذبات کا شاعرانہ استعمال کرنا ہے جن کا اُسے بذاتِ خود تجربہ نہ ہو۔ انھیں صورتوں میں اُسے اپنی باری بھرنے اور مقصد براری کرنے کا قوی امکان ہے۔ چنانچہ ہمیں باور کرانا چاہیے کہ "جذبات کا سکونی حالت میں اعادہ کرنا" ایک غلط طرز عمل ہے کیونکہ ایسی صورت میں نہ تو ہم اُسے صحیح معنوں میں جذبہ کا نام دے سکتے ہیں نہ ہی گزری ہوئی باتوں کا اعادہ تصور کر سکتے ہیں۔ ظاہر ہے جب تک معنوں کی صورت اور ہیئت میں تبدیلی نہ کی جائے ہم اُسے سکونی کیفیت کا درجہ نہیں دے سکتے۔ اس کیفیت کو دراصل توجہ کی مرکوزی یا اُس کے نتیجہ کے نام سے تعبیر کر سکتے ہیں جو یقیناً بے شمار ایسی چیزوں کی روشنی میں حاصل ہوتی ہیں جنھیں ایک ہوشیار اور باعمل انسان تجربات کا درجہ نہیں دیتا۔ یہ توجہ کی مرکوزی بھی عمداً اور سوچ سمجھ کر حاصل نہیں ہوتی کیونکہ

اُن تجربات کی یاد [illegible] سکتی جن تجربوں میں اُس [illegible] تجربات کا اس
کا مادہ دراصل [illegible] فکر کا سوال ہے۔ لیکن [illegible]
بجر کر شاعر [illegible] ہے۔ حقیقت میں شاعری کو [illegible] جگہ بے خبر رہنا [illegible] باخبر ہونا
اور ایسی جگہ سوجھ بوجھ کا ثبوت دے جہاں اُس کے لیے بے خبری زیادہ مستحسن ہے۔ دونوں غلطیاں اُس کے فن میں شامل
رنگ بھرتی ہیں۔ شاعری جذبات کو بے لگام چھوڑنے کا نہیں بلکہ جذبات سے دامن بچانے کا کام ہے۔ یہ شخصیت کے اظہار
نہیں بلکہ اُس سے گریز کا عمل ہے۔ لیکن حق یہ ہے کہ وہی جو شخصیت اور جذبات دونوں کے حامل ہیں یہ بات پورے طور سے سمجھ
ہیں کہ ان دونوں چیزوں سے گریز کیا معنی رکھتا ہے۔

(۳)

"دماغ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ الوہیت کا حامل ہے اور اپنی جگہ ایک غیر متاثر حیثیت رکھتا
ہے۔" * (ارسطو۔ ڈی۔ انیما۔ باب چہارم)

اس مضمون کو مابعد الطبیعیاتی اور تصوفی حدود کے قریب ہی ترک جانا چاہیے۔ اس اقتباس کو عملی نتائج تک ہی محدود
چاہیے۔ شاعری میں دلچسپی لینے والا ذمہ دار آدمی حملہ منطبق کر سکے۔ شاعر سے توجہ ہٹا کر شاعری کی طرف منعطف کرنا
قابلِ ستائش کام ہے کیونکہ یہ فعل اُس کی ماہیت کا تخلیقہ کرنے میں بجا طور سے مدد دے گا اور بتا سکے گا کہ حقیقی شاعری کیا
اچھی ہے اور کونسی بُری۔ بیشتر ایسے ہیں جو نظم میں پُرخلوص اظہار کو پسندیدہ نظروں سے دیکھتے ہیں۔ کم ایسے ہیں جو فنی مہارت
پسند کرتے ہیں۔ لیکن بہت کم ایسے ہیں جو یہ جان سکیں کہ اہم اور خاص جذبہ کا کب اظہار ہوتا ہے جس کی حیات کے نشان
صرف نظم میں ملتے ہیں اور شاعر کی سوانح میں نہیں ڈھونڈھے جا سکتے۔ شاعر اپنی شخصیت کی اُس وقت تک نفی حاصل نہیں
کر سکتا جب تک کہ وہ جس کا وہ تکمیل دے رہا ہے مکمل طور سے اپنے کو اُس کے حوالہ نہ کر دے۔ اور نہ ہی اس وقت تک
سمجھ سکتا ہے کہ اُسے کیا کرنا ہے تاوقتیکہ وہ اپنے دور میں نہ صرف جینے کا چلن سیکھے بلکہ ماضی کے موجود لمحے کو بھی طرز ناظر
اُسے گزری ہوئی باتوں کا ہی نہیں بلکہ اپنے دور کی موجود اور زندہ حقیقتوں کا بھی علم ہونا چاہیے۔

---

* Aristotle, de Anima, chap III

چہار شنبۂ پیارک

(ابتدائیہ)

شاعر: ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ مترجم: سید فیضی

بیتی باتوں کی طرف لوٹ کے جانے کی مجھے،
اب نہیں خواہش کوئی!
اب کوئی امید نہیں،
اب نہیں خواہش کوئی!
اب یہ خواہش بھی نہیں ہے
کہ کسی کا مجھے الطافِ فراواں مل جائے،
یہ تمنا بھی نہیں ہے کہ مجھے
غیر کی تقدیرِ فروزاں مل جائے،
میں اب ان چیزوں کی خاطر
کسی کوشش کے لیے بھی تو نہیں ہوں کوشاں
سال خوردہ ہو جو شاہین
تو پرواز کو پر کس کے لیے پھیلائے!
عہدِ رفتہ کی گئی تاب و تواں
ماتمی کیوں مجھے اپنا ٹھہرائے!

(۲)

میرا اب ساعتِ رفتہ کے فنا یاب تجمل سے
نہ ملنا ہوگا!
اور وہ میرے خیالوں میں بھی اب
بار نہیں پا سکتی
اور میں جان گیا ہوں
کہ میں اس رفتہ تجمل کی فنا یابی کو اب
پھر سے نہ جانوں گا کبھی،
اب تو میں سایۂ گُل میں لبِ جُو
جرعہ کشِ زیست نہیں ہو سکتا

(۳)

اور میں جان گیا ہوں کہ
زماں تو ہے سدا سے قائم!
اور میں جان گیا ہوں کہ
حقائق جنھیں کہتے ہیں وہ اک خاص زماں
خاص مکاں کے ہیں فقط زندانی!
اسی ادراک سے میں خوش ہوں
کہ یہ عالمِ اشیاء تو یہی ہے، کہ جو ہے!!
اب کسی چہرۂ شاداب،
کھنکتی ہوئی آواز

[illegible] ہے
اسی ادراک سے [illegible] ہوں
[illegible] میں اپنی خوشی کے لیے
بنیاد اٹھا سکتا ہوں
اور ـــ اللہ سے دعا کرتا ہوں
کہتا ہوں ـــ کہ
اے میرے خدا
مجھ کو ہر چیز بھلا دینے کی توفیق عطا کر دے
کہ میں ـــ
خود سے،
ہر اک بخت کے اُلجھاوے سے،
ہر اک بات کی تفصیل سے
آزاد رہوں!
وہ ـــ کہ جو ہو چکا
اب پھر تو نہیں ہو سکتا!
دورِ رفتہ کی طرف
میرا پلٹنا بھی نہیں ہو سکتا!!
یہ دعا ہے ـــ
کہ ترا عدل ہمیں
تیری عنایت ہی سے دوچار کرے
یہ پر و بال کہن ـــ
اب پھر پرواز نہیں،
یہ پر و بال ـــ
ہوا ہی کو پا سکتے ہیں!
یہ تنک مایہ ہوا
خشک ہوا!!
میرے دل سے بھی تنک مایہ ہوا،
خشک ہوا!!

اے خدا!
ہم کو یہ توفیق عطا کر دے
کہ ہم فکر کریں،
غم نہ کریں،
اور سکون اور تسلی کے ہی پیکر بن جائیں!

ہم گنہگاروں کی خاطر،
کر دو کچھ اب بھی دعا!
اور
دمِ آخر بھی دعا!!
ہم گنہگاروں کی خاطر کر دو،
کچھ اب بھی دعا!
اور ـــ
دمِ آخر بھی دعا!

آنکھ اور اندھیرا

عفرا بخاری

زندگی گویا لعنت کا ایک ایسا مقفل طوق بن کر گلے میں لٹک گئی تھی جسے اس کی چابی کہیں کھو گئی ہو۔ نہ اتارے بنے نہ اٹھائے بنے۔ عجب مصیبت تھی۔

گھر کی فضا سخت بیزار کن اور بور ہو گئی تھی۔ فرخندہ اکثر کھڑکی کے قریب کہنیاں ٹکائے اس کے بند کواڑوں کو گھورتی رہتی۔ اور جب اُسے شعوری طور پر یقین ہو جاتا کہ کھڑکی بند اور مقفل ہے تو اُسے اچانک کمرہ پہلے سے زیادہ تنگ اور گھٹا گھٹا محسوس ہونے لگتا۔ تب اس کا جی چاہتا کہ بند کواڑ اور تنی ہوئی دیواروں کے ساتھ سر پھوڑ کر مر جائے۔ مگر اسی وقت اسے محسوس ہوتا کہ ابا اپنی سرخ آنکھوں سے کواڑ کے ساتھ لگے اندر جھانک رہے ہوں۔ سردی کی ایک لہر اس کی رگوں میں دوڑ جاتی۔ وہ پھریری لے کر دروازے کی طرف دیکھتی رہتی، اور جب اُسے یقین ہو جاتا کہ دروازے میں کوئی متنفس موجود نہیں، تو وہ ایک گھومتی سی نظر کمرے کے چاروں طرف ڈالتی۔

بشریٰ کی چارپائی اب بھی کھڑکی کے قریب جوں کی توں پڑی تھی۔ اسے یاد تھا جب پہلے پہل وہ اس گھر میں آکر رہے تھے تو بشریٰ نے کیسے جبر سے اس سے یہ جگہ چھینی تھی، لیکن اب بشریٰ کے چلے جانے کے بعد بھی وہ بشریٰ کی چارپائی کو وہاں سے ہٹا دینے کی ہمت نہیں کر سکی تھی۔ وہ خوفزدہ تھی کہیں کوئی اسے بشریٰ جیسا نہ سمجھنے لگے۔ وہ بشریٰ نہیں تھی، فرخندہ تھی۔ سر سے پیر تک فرخندہ اپنی اس الگ تھلگ شخصیت کو منوانے پر بضد۔ سردی کی ٹھٹھری اور برسات کی حابس راتوں میں بھی وہ اپنے اسی کونے میں سوتی، جہاں ہوا اور روشنی کا گزر تک نہ تھا اور بشریٰ کی چارپائی اسی اکڑ اور ڈھٹائی کے ساتھ وہاں پڑی تھی۔ ابا اور اماں کو بھی اسے وہاں سے ہٹا دینے کا خیال نہیں آیا تھا۔ بستر کی چادر پڑے پڑے میلی ہو گئی تھی۔ کئی بار اس کا جی چاہا کہ وہ اماں سے کہے بھلا اُسے دھو یا کیوں نہیں جاتا۔ لیکن پھر وہ چپ رہی۔ اور بھی تو بہت سی ایسی باتیں تھیں جن کے بارے میں وہ چپ تھی۔

مثلاً بشریٰ کی وہ تصویر جو ایک پرانی طرز کے فریم میں جڑی میز پر لگی رکھی تھی۔ اُفوہ! بشریٰ بھی کس قدر آمرانہ خیالات کی مالک تھی۔ کمرے کی واحد میز کو اس نے صرف اپنی تصویر کے لئے وقف کر رکھا تھا۔ حالانکہ اس میز پر فرخندہ کا بھی بشریٰ جتنا ہی حق تھا، لیکن اب بشریٰ کے جانے کے بعد بھی اس کی تصویر میز پر پہلے کی طرح قبضہ جمائے تھی۔ فرق صرف اتنا تھا کہ ایک دن ابا نے کمرے کا جائزہ لیا سونگھ سونگھ کر بیٹھے ہوئے اس تصویر کو اٹھا کر دیا تھا اور اب فرخندہ کو تصویر میں بشریٰ کے بے نیاز چہرے پر پھیلی ہوئی باغیانہ سی مسکراہٹ نظر نہ آئی تھی۔ اس تصویر کے علاوہ ایک ریک بھی تھا۔ یہ بھی بشریٰ کی ملکیت میں تھا۔ اس شیلف میں اوپر تلے نہایت بے ترتیبی

[illegible] رسالے اور ناول تھے۔ یہ ناول اور رسالے زیادہ تر وہ تھے جو کسی سے پڑھنے کے لئے [illegible] تھے [illegible] کتابیں ان میں ایسی بھی تھیں جنہیں بشریٰ نے لائبریری سے نہایت چابکدستی سے اڑایا تھا۔ اور چند ایک [illegible] اس نے بازار سے خریدے ہوئے بھی تھے۔ ان کتابوں میں خالص دیلی قسم کی کتابوں کے ساتھ فلمی رسالے بھی تھے۔ [illegible] اشتہار ہوتے ہیں فلمی رسالوں میں۔ ابا کو جتنی چڑ تھی ایسی کتابوں اور رسالوں سے اتنا ہی بشریٰ انہیں ٹھونس ٹھونس کر بکس میں رکھتی اور مزے لے لے کر پڑھتی۔ ابا کو سب معلوم تھا، مگر بشریٰ کا پیار جیسے تعویذ بن کر ان کے ہونٹوں پر لگ گیا تھا۔

بس یونہی کبھی اماں سے دبی زبان میں ذکر کر دیتے۔

"یہ بشریٰ کتابیں خریدنے کو اتنے پیسے کہاں سے لیتی ہے؟"

"میں کیا جانوں۔ باپ سے ہی لیتی ہوگی۔" اماں پہلے ہی ابا کے بے جا لاڈ پیار سے جلی بیٹھی تھی۔

"کچھ خود سر ہو گئی ہے۔" ابا کا لہجہ اور دھیما ہو جاتا۔

"پیار میں بچہ بگڑتا ہی ہے۔ منورتا دیکھی سنا نہ دیکھا۔" اماں جلے دل کے پھپھولے پھوڑے جاتیں۔

"آپ ہی ٹھیک ہو جائے گی ابھی بچپنا ہے نا۔" ابا بات کے سنجیدہ پہلو کو بچانے کی کوشش کرتے تو اماں تڑخ کر جواب دیتیں

"بچپنا تو اس کا ساری عمر نہ جائے گا۔ سیانے کہتے ہیں۔ لڑکا بگڑے گھر مانگے۔ لڑکی بگڑے بر مانگے۔ مگر آپ کو سنکر کرنے کی کیا ضرورت ہے۔"

"ہشت۔ بیوقوف۔ جاہل۔ کچھ سوچتی ہی نہیں بکے چلی جاتی ہے۔" ابا کی آنکھیں خون کبوتر ہو جاتیں۔ ان کی کڑک کے آگے اماں کی کیا ہستی۔ مگر وہ پھر بھی خاموش نہ ہوتیں۔

"توبہ ہے جانے اس آدمی کو شادی کے نام سے اتنی چڑ اور نفرت کیوں ہے۔ لڑکیاں تو پرایا دھن ہوتی ہیں۔ یہ کوئی گھر رکھنے کی چیز تھوڑی ہیں۔"

"اللہ۔ اللہ جان کو آ جاتی ہے۔ آخر چاہتی کیا ہو۔ کسی دیوار سے اپنا سر پھوڑ کر مر جاؤں کہ لڑکی کو کسی کنوئیں میں دھکیل دوں۔ کچھ مال پلے ہو۔ کوئی مناسب رشتہ ہو تو بات بھی کروں۔"

ابا جیسے تھک ہار کر جواب دیتے۔

"رشتہ تو ڈھونڈنے ہی سے ملے گا۔" اماں کہتیں۔

"غریبوں کو کون پوچھتا ہے۔ سب پیسے کے پیر ہیں۔ ہم غریبوں کو تو خدا بھی ڈھونڈے بغیر نہیں ملتا۔"

"تو پھر تم اپنے جیسا گھر ڈھونڈو۔ لڑکا پڑھا لکھا ہو۔ بات پکی کر چھوڑیں اگلے سال شادی ہو جائے۔"

"اوہ! تم سے تو بات کرنا مصیبت مول لینا ہے۔ ایک دفعہ کہہ جو دیا، ہو جائے گا سب کچھ۔ اب کچھ نہ بولنا۔" ابا کے سرد لہجے سے اماں کا جوش بھی ٹھنڈا پڑ جاتا۔ دونوں خاموش ہو جاتے۔

اور فرخندہ سوچتی رہ جاتی۔ واقعی ابا کو شادی کے نام سے اتنی چڑ کیوں ہے۔ دو سال بیت گئے۔ اماں کی ہر کوشش ابا

کی سرد مہری کے آگے پانی کا بلبلہ بنتی رہی۔ بشریٰ ایک دفعہ بی اے میں فیل ہو کر پھر اس کی تیاری میں مشغول تھی۔ اب اس نے اماں کی ان کوششوں میں دلچسپی لینا بالکل چھوڑ دیا تھا۔

اب اس سلسلے میں کوئی عورت ان کے ہاں آتی اور اماں اسے اندر جانے کو کہتیں تو وہ فوراً دکھاوٹ سے جواب دیتی۔

"فرخندہ کو دکھا دیجئے۔ میں نہیں جاؤں گی۔"

"کیوں؟" اماں تیکھی ہو کر پوچھتیں۔

"میں فی الحال شادی نہیں کرنا چاہتی۔" بشریٰ فیصلہ کن لہجہ میں جواب دیتی۔ "بی ٹی کر کے میرا ارادہ سروس کرنے کا ہے۔"

اماں بے چاری عجب مصیبت میں پھنس گئی تھی۔ ایک طرف ابا اس کے کاموں میں روڑے اٹکا رہے تھے۔ دوسری طرف صاحبزادی اکڑ بیٹھی تھیں۔

ابا بشریٰ کی باتیں سنتے اور چپ رہتے۔ لیکن اتنا ضرور تھا کہ ابا کو بشریٰ پہلے سے زیادہ عزیز ہو گئی تھی۔ بشریٰ بشریٰ کرتے ان کا منہ سوکھتا۔ باہر سے جب بھی آتے بشریٰ کے لئے ضرور کچھ لاتے۔ یوں لگتا تھا جیسے بشریٰ کے ارادوں سے ابا خوش تھے۔

لیکن یہ تو صرف فرخندہ کو معلوم تھا کہ بشریٰ کے ارادے کیا تھے۔ دو سال کے اس ناٹک نے جو ابا اور اماں اس کی شادی کے بارے میں کھیلتے رہے آخر اب اس کے اندر کونسے نئے جذبہ کو بیدار کر دیا تھا۔ اور اب وہ کیوں اس بات میں دلچسپی نہیں لے رہی تھی۔

وہ بشریٰ کی رازداں نہ ہوتے ہوئے بھی اس کی رازداں تھی۔ دوسرے معاملات کی طرح بشریٰ نے یہاں بھی دھاندلی سے کام لیا تھا اور بغیر ایک لفظ کہے یا اس کی خواہش اور رائے کا خیال کئے اسے اپنے اعتماد میں لے لیا تھا۔

راستہ چلتے ہوئے جب وہ اچانک اس سے کہتی "فرخندہ آج میں گھر دیر سے آؤں گی اماں سے کہہ دینا، ڈگری کلاس کا کوئی فنکشن ہے" تو فرخندہ کچھ جواب نہ دیتی، لیکن گھر پہنچ کر اماں کے استفسار پر چپکے سے بشریٰ کے الفاظ دہرا دیتی۔

اماں کسمسا کر چپ کی چپ رہ جاتیں۔ ابا کے چہرے کا رنگ بھی ایک لحظہ کے لیے مٹیالا ہو جاتا، لیکن پھر وہ سنبھل کر کہتے "کالجوں میں یہی تو مصیبت ہے۔ آئے دن کوئی نہ کوئی فنکشن۔ پڑھائی کم اور فنکشن زیادہ۔ تم بھی فرخندہ اس کے ساتھ رک جاتیں۔ اب وہ اکیلی آئے گی۔ اچھا میں جا کر لے آؤں گا۔" اور فرخندہ ایک دم گھبرا کے کہتی "ادھر آنے والی بہت سی لڑکیاں ہیں۔ خود ہی آ جائے گی ان کے ساتھ۔"

"بس تو پھر ٹھیک ہے۔"

ابا کے گرتے وجود کو جیسے سہارا مل جاتا۔

"کسی دن سر پہ ہاتھ رکھ کر روؤ گے۔" اماں تلخی سے کہتیں۔

"تم تو یونہی بکتی رہتی ہو۔" ابا ناگواری سے جواب دے کر خاموش ہو جاتے اور فرخندہ کو یوں لگتا جیسے ابا سب کچھ جانتے ہیں۔ بشریٰ نے ابا پر بھی دھونس جما کر انہیں اپنا رازداں بنا لیا ہے۔

تب وہ اپنے چھوٹے سے کمرے میں آ جاتی۔ یہ کمرہ اس کے اور بشریٰ کے لئے وقف تھا۔ چپکے سے کمرے کی تنہا کھڑکی

کھسک کر وہ جھٹ پٹے میں جھانکتی۔ لمبی گردن والے بگلوں کی ایک قطار پر چھپر پھڑپھڑاتی اتنی کی کرامیوں میں دھنسا ہوا تھا۔ اور وہ سوچتی اس وقت بشریٰ اخلاق کے ساتھ کسی سینما یا ڈانس پیٹی فلم دیکھ رہی ہوگی۔ اخلاق اسے ایک آنکھ نہ بھاتا تھا۔ حالانکہ اس کے اسے صرف دور سے دیکھا تھا اور وہ بھی چند ایک بار۔ لیکن اسے یوں محسوس ہوتا تھا جیسے وہ اس کے بارے میں سب کچھ جان چکی ہے۔

اسے افسوس تھا کہ بشریٰ اخلاق کو نہیں سمجھ سکی تھی۔ لیکن وہ خود اکثر سوچتی رہتی۔ بشریٰ کے پاس جو اچھے اور خوبصورت خواب ہیں اخلاق ان کی تعبیر نہیں بن سکتا۔ بشریٰ اس چھوٹے سے گھٹے ہوئے ماحول سے نکل کر کھلی فضا میں پرواز کرنا چاہتی ہے۔ اسے حرارت سے بھرپور ہمہماتی لرزتی پھڑکتی زندگی چاہیئے۔ اسے اجالوں سے محبت ہے۔ اس کے خواب بہت خوبصورت اور بہت قیمتی ہیں اور اخلاق انہیں پورا نہیں کر سکتا۔ کئی بار اس کا جی چاہتا کہ بشریٰ کو سمجھائے، لیکن وہ جانتی تھی کہ بشریٰ ایک تحقیر آمیز تبسم کے ساتھ اس کے مشورے کو ٹھکرا دے گی۔ بشریٰ بہت زیادہ جذباتی تھی اور اخلاق کے بارے میں تو وہ انتہائی شدت پسندانہ جذبہ رکھتی تھی۔ وہ خاموش رہی اور اسی خاموشی میں وہ کالی اور بھیانک رات آگئی، جو اس کے وہم و گمان میں بھی نہ تھی۔

ٹک ٹک کرتے چھوٹے سے ٹائم پیس نے ابھی ابھی بارہ بجائے تھے۔ اور وہ ہاتھ میں کاغذ کا چھوٹا سا پرزہ لئے کواڑ کے سہارے کھڑی کانپے جا رہی تھی، اور روئے جا رہی تھی۔ اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ وہ کیا کرے۔ سامنے سیڑھیوں کا کھلا منہ کسی اژدہے کے کھلے تاریک منہ کی طرح نظر آ رہا تھا۔ اور ابھی ابھی بشریٰ اس تیز نوکیلے چبا جانے والے دانتوں کی قطاروں کے درمیان بنے ہوئے تاریک راستے پر خوشی کے ہلکے ہلکے قدم اٹھاتی چلی گئی تھی۔ کیوں۔ بشریٰ کو تو اجالوں سے پیار تھا۔ پھر وہ کیوں اس اندھیرے غار میں اتر گئی تھی۔ کیا روشنی پانے کے لئے تاریکی سے گزرنا پڑتا ہے۔ وہ کانپ کانپ کر روئے جا رہی تھی اور اس بھیگی مٹھی میں کاغذ کا پرزہ بھی اس کے ساتھ لرز رہا تھا۔ بشریٰ نے اس کی مرضی کے خلاف اس پر اعتماد کر کے اسے ایک بڑی الجھن میں ڈال دیا تھا۔ وہ اپنے آپ کو ایک مجرم خیال کر رہی تھی۔ آخر اس نے یہ سب کچھ اس سے چھپ کر کیوں نہیں کیا۔ ایک بار اس کا جی چاہا وہ بشریٰ کے اعتماد کو ٹھکرا دے۔ اور ابھی چیخ چیخ کر اس کا بھید فاش کر دے۔ مگر پھر اس کی دبی ازلی بزدلی آڑے آئی۔ وہ خاموش کھڑی رہی۔

چبوترے کے پاس ابا چارپائی پر گہری نیند میں مدہوش تھے۔ اندھیرے کے باوجود اس نے اپنی بھیگی بھیگی آنکھوں کے ساتھ ابا کے کسی خوفزدہ بچے کے سے معصوم اور بھولے چہرے کی طرف دیکھا اور اسے ان پر بڑا ترس آیا۔ صبح اس چہرے پر موت کی زردی کھنڈ جائے گی۔ اس کا سینہ جیسے غم سے پھٹنے لگا۔ اس نے ابا سے نظریں ہٹا کر اماں کی طرف دیکھا۔ صبح یہ چہرہ بھی غم سے ٹوٹ جائے گا۔ اور آنسو بے اختیار اس کے گالوں پر بہنے لگے۔ تبھی اماں نے کروٹ لی وہ جلدی سے کواڑ چھوڑ کر اپنے بستر میں دبک گئی۔ اس کی ماں نے ذرا سا سر اونچا کیا۔ دائیں طرف تھوک کر اس نے بائیں طرف کروٹ لی اور بڑبڑانے کے لہجے میں کلمہ اور آیۃ الکرسی پڑھنے لگی۔ ان کے منہ سے یہ بھی نکلا بشریٰ آگئی؟ اس کے بعد وہ پھر اونگھ گئیں۔ فرخندہ نے سوچا شاید ماں نے کوئی بھیانک سپنا دیکھا ہے۔ اس کا دل خوف سے کانپنے لگا۔ دور کسی اجاڑ سے الو کے چیخنے کی آواز آئی اور اندھیرے میں دو تین چمگادڑیں ایک دوسری پر جھپٹتی چلی گئیں۔ ساری رات وہ ایک ٹک کبھی اماں کبھی ابا اور کبھی اژدہے کے تاریک منہ کی طرف دیکھتی رہی۔

تھی کہ ماں نے اسے آواز دی تو وہ ہڑبڑا کر اُٹھ بیٹھی۔ اس پر گہری افسردگی طاری تھی اور دل و دماغ بوجھل ہو رہے تھے۔ ماں اسے ابا کو جگانے اور بشریٰ کو اُوپر سے بُلانے کا کہہ کر کچن میں چلی گئی تھی۔ اور وہ حیرت میں ڈوبی اپنی چارپائی پر بیٹھی کی بیٹھی رہ گئی۔ ابا کو تو وہ جگا دے گی۔ مگر بشریٰ کو وہ کہاں سے لائے گی۔ بشریٰ جو وہم کی طرح ہر جگہ تھی بھی اور نہیں بھی تھی۔ ماں کی دُوسری آواز پر وہ مجبوراً اٹھی اور کوٹھے کی سیڑھیوں پر زور سے پاؤں مارتی اُوپر گئی اور سیڑھیاں طے کرتے ہوئے اس نے بڑی دل گرفتگی سے دُعا مانگی "اے خُدا بشریٰ اوپر ہو۔" لیکن بشریٰ اوپر نہیں تھی۔ وہ آہستگی سے نیچے اتری۔

"بشریٰ اوپر نہیں ہے"۔ ماں کو یہ اطلاع دیتے وقت اسے آواز کو حلق سے کھینچ کر نکالنا پڑا۔

"اوپر نہیں ہے؟" ماں کے ہاتھ سے کیتلی چھوٹ کر زمین پر آ رہی۔

"غسل خانے میں دیکھو۔" اور پھر اُسے غسل خانے کے علاوہ گھر کا کونہ کونہ دیکھنا پڑا، لیکن بشریٰ کی آگے آگے بھاگتی ہوئی پرچھائیں کو وہ گھر کے کسی کونے سے نہ پکڑ سکی۔ تب ماں سر میں خاک ڈالتی دو ہتڑ پیٹتی کچن سے باہر نکلی اور صحن میں پہنچ کر دھڑ سے زمین پر کٹے ہوئے درخت کی طرح گر پڑی۔ ابا اچانک سوتے سے جاگ پڑے انہوں نے اپنی سُرخ ادھ کھلی آنکھوں سے ماں کی طرف دیکھا اور پھر گھبرا کر اُٹھ بیٹھے۔

"ہیں ہیں کیا ہُوا تمہیں۔" پھر انہوں نے روتی ہوئی فرخندہ کی طرف دیکھا پھر بوکھلا کر سوال کیا۔ "بشریٰ کہاں ہے۔" یہ سوال اس طرح کیا گیا تھا، جیسے خطرے کی لال بتی وہ بہت پہلے کی دیکھ چکے ہوں۔

بشریٰ کے جانے کے بعد گھر کی فضا یکسر بدل گئی تھی۔ گھر پر ہر وقت ایک سوگوار سناٹا چھایا رہتا۔ ابا اور اماں اپنے ستے ہوئے بے رونق چہروں کے ساتھ گھر میں سایوں کی طرح چلتے پھرتے۔ کھوئے ہوئے گم سم اور خاموش ایک دوسرے سے بیزار اور جھلائے ہوئے۔ اب وہ کبھی کسی معاملے میں ایک دُوسرے سے متفق نہ ہوتے۔ اماں کو دیکھ کر ابا کی آنکھوں میں خون اُتر آتا۔ اور اماں کے بھی ماتھے پر لاتعداد شکنیں پڑ جاتیں اور ان کے نتھنے پھڑکنے لگتے۔ یوں لگتا تھا جیسے وہ ایک دُوسرے کو کوئی الزام دینا چاہتے ہیں، ایک دُوسرے سے جی بھر کر لڑنا چاہتے ہیں مگر پھر وہ خاموشی کے خاموش رہ جاتے ہیں۔ اور فرخندہ سوچتی آخر یہ ایک دفعہ کھل کر ایک دوسرے سے لڑ کیوں نہیں لیتے۔ اس طرح دل کی بھڑاس نکل جائے تو گھر کی کدر فضا میں شاید کوئی خوشگوار تبدیلی آ جائے۔ لیکن فضا کے تکدر میں تو اضافہ ہی ہوتا جا رہا تھا۔

ایک دن فرخندہ کو کالج سے آنے میں دیر ہو گئی۔ جب وہ آئی تو ابا اور اماں اپنے اپنے طور پر اس کا انتظار کر رہے تھے، اسے دیکھتے ہی ابا نے کڑے لہجے میں پوچھا "اتنی دیر کہاں رہی۔"

"بس بگڑ گئی تھی۔" یہ مختصر سا جواب دیکر وہ جلدی سے کمرے میں آ گئی۔ اسے ابا کا لب و لہجہ اور یوں سوال کرنا سخت ناگوار گزرا تھا۔ اور سب سے زیادہ تو اُسے یہ بات ناگوار گزری تھی کہ ابا کی بات سُن کر اماں کی پیشانی کی شکنیں غائب ہو گئی تھیں۔ اور ان کے چہرے کی نرماہٹ ظاہر کر رہی تھی کہ وہ کم از کم اس معاملے میں ابا کی طرف دار ہیں۔

تھوڑی ہی دیر بعد ابا کمرے میں آئے۔ انہوں نے اس کمرے بلکہ اس گھر کی واحد کھڑکی کو دھڑ سے بند کر کے قفل لگا دیا۔

"ابا: اس کا دم گھٹ کر رہ گیا۔ اسے یوں لگا جیسے ابا نے اُسے جیتے جی قبر میں گاڑ کر اس پر مٹی کی موٹی تہیں جما دی ہوں۔ اس

سے پہلے خود کھڑکی کھل رہتی تھی یا بند۔ اس لئے اس پر کبھی توجہ نہ دی تھی۔ لیکن اب کھڑکی بند ہو کر بھی اس کے لئے اس پر چھائی تھی۔ یہی کمرہ جس میں وہ پہروں بیٹھی رہا کرتی تھی اب اس کمرے میں اسے ایک لمحے کا سکون نہ تھا۔ جب وہاں بیٹھتی اور پڑھنے کے لئے کتابیں کھولتی تو بند کھڑکی کے کواڑ ایکدم اس کی آنکھوں اور کتاب کے صفحات کے درمیان حائل ہو جاتے۔ دوسری طرف اماں نے بھی کمرے کے اندر پلنگڑی ڈال کر اس کے پاس بیٹھنا شروع کر دیا۔ وہ گھبرا کر صحن میں نکل آتی یا کوٹھے پر چڑھ جاتی تو اماں بھی کسی نہ کسی بہانے وہاں کے چکر لگاتی رہتیں۔ وہ بشریٰ نہیں تھی، پھر بھی اسے بشریٰ سمجھا جا رہا تھا۔ ان حالات میں وہ عجب گھٹن اور بے بسی محسوس کر رہی تھی۔ بعض اوقات اسے یوں محسوس ہوتا جیسے کوئی اسے بشریٰ بن جانے پر اکسا رہا ہے۔ وہ کیوں نہ بشریٰ بن جائے۔ لیکن پھر وہ ان خیالات کو فوراً اپنے ذہن سے جھٹک دیتی، یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ اس میں اور بشریٰ میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ ایک میں پڑی بے ترتیب کتابوں کو دیکھ کر اکثر وہ اپنے دل میں بشریٰ کے لئے نفرت محسوس کرتی۔ عجب جذباتی، لاپروا، غیر متوازن ذہن کی متلون مزاج اور الجھے ہوئے خیالات کی مالک لڑکی تھی۔ کئی بار اسے بشریٰ پر غصہ بھی آیا۔ اس کے کئے کی وہ سزا بھگت رہی تھی۔ ابا اور اماں نے کڑی نگرانی کے لئے نظروں کے چار چوکیدار اس پر بٹھا دیئے تھے۔

صبح ابا سائیکل پر اسے کالج چھوڑنے جاتے، پھر سائیکل پر ہی وہ کالج سے واپس آتی۔ اس پر بھی وہ صاف دیکھ رہی تھی کہ ابا اور اماں اس سے غیر مطمئن رہتے ہیں اور وہ ان کا رویہ دیکھ کر چڑچڑی بنتی جا رہی تھی۔ اور اس کی ذہنیت مجرمانہ سی ہوتی جا رہی تھی۔

کبھی کالج سے آتے یا جاتے وقت کوئی نوجوان سائیکل کے پیچھے لگ جاتا اور ابا مضطربانہ مڑ مڑ کر، گھور گھور کر اسے دیکھتے تو اس کے ہاتھ پاؤں پھولنے لگتے۔ اسے یوں لگتا جیسے ابا نوجوان کے قریب چلنے کو بھی اسی کا قصور سمجھ رہے ہیں۔ اگر ایسے لمحے طویل ہو جاتے تو وہ بالکل نروس ہو جاتی۔ بعض اوقات تو اسے محسوس ہوتا جیسے اسے ہپناٹائز کیا جا رہا ہے۔ اسے سمجھایا جا رہا ہے کہ وہ بھی بشریٰ ہے اور اسے اپنے جرم کا اقرار کر لینا چاہیئے۔ بعض اوقات تو یہ احساس اتنا شدید ہوتا کہ اسے یوں لگتا جیسے کسی غیبی طاقت کے زیر اثر وہ ابھی اپنا نقاب الٹ دے گی۔ اور صاف صاف کہہ دے گی: "میں اس لڑکے کو چاہتی ہوں۔ مجھے اس سے محبت ہے اور میں نے آج آدھی رات کو اس کے ساتھ بھاگ جانے کا مصمم ارادہ کر لیا ہے۔" لیکن یہاں پھر اس کے شعور کی پختگی کام آتی اور وہ ایکدم سر کو ہلکا سا جھٹکا دے کر خود کو سنبھال لیتی۔

شروع شروع میں یہ مخدوش حالات اس کے ذہنی توازن کو مضمحل اور مفلوج بنائے رہے۔ لیکن پھر آہستہ آہستہ وہ ان حالات کی خوگر ہو گئی۔ اب کبھی وہ دبی زبان سے کوئی فرمائش کرتی اور اماں بے دردی سے جواب میں کہتیں: "بس بس اب فرمائش پوری کرنے کا بوتا نہیں رہا۔ ایک کے بہت چاؤ لاڈ کر کے دیکھ لیا۔" یہ باتیں اسے ناگوار نہ گزرتیں۔ مگر یہ بات اسے سخت ناگوار گزرتی کہ اسے ہر قدم پر بشریٰ کے برابر کھڑا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

کچھوے کی سی سست رفتاری سے دن رات گزرنے لگے۔ اور پھر ایک مدت بعد اس گھر کی خاموش اور ساکن فضا میں ہلکی سی ہلچل محسوس کی۔

اس دن کچھ اجنبی عورتیں گھر میں آئی تھیں اور ابا عین موقعہ پر سائیکل اٹھا کر کہیں غائب ہو گئے تھے۔ ——— شام کو جب

وہ لوٹ کر آئے تو اماں خفگی کے گھونٹ پیے ان کا انتظار کر رہی تھیں۔ کھانا نکالتے نکالتے وہ ایکدم برس پڑیں۔

"کہاں چلے گئے تھے آپ؟" انہوں نے وکیلانہ جرح کی طرح پوچھا۔

"کیوں کیا کوئی ضروری کام تھا؟" ابا نے معصومیت سے پوچھا۔

"کہا جو تھا آج کچھ عورتیں آرہی ہیں، آپ کہیں نہ جائیں!" اماں نے جل کر جواب دیا۔

"عورتوں سے میرا کیا کام؟" ابا بھولے بن رہے تھے۔

"عقلمند کے لئے اشارہ کافی ہوتا ہے اور بے وقوف منہ کے بل گر کر بھی ہوشیار نہیں ہوتا۔" اماں نے استعارہ استعمال کیا تو ابا ایکدم بھڑک اٹھے۔ "پہیلیاں کیوں بجھوا رہی ہو، سیدھی طرح بتاؤ کیا کہنا چاہتی ہو۔"

"میں کیا کہوں گی دنیا کہتی ہے کہ اس آدمی نے آنکھوں پر پٹی باندھ رکھی ہے۔ لیکن اتنا یاد رکھو فرخندہ کو میں اس کنوئیں میں نہ گرنے دوں گی۔ اور تمہیں میرا ساتھ دینا ہوگا۔"

"اپنی اولاد کا برا کون چاہتا ہے۔ تم سے زیادہ مجھے فکر ہے۔ مگر پیسہ کہاں سے آئے گا۔" "رشتہ طے ہو جائے تو پیسے کا بھی انتظام کر لیں گے۔ ہماری کون سی دس اولادیں بیٹھی ہیں۔ ایک اکیلی لڑکی کو بھی بیاہ نہیں سکتے۔" ابا خاموش ہو رہے۔ لیکن اس کے بعد ابا اور اماں کے درمیان اکثر جھڑپیں ہونے لگیں اور وہ سمجھ گئی۔ آج سے دو سال پہلے کا ناٹک دھرایا جا رہا ہے۔ وہ اپنے اسی چھوٹے سے بند کھڑکی والے کمرے میں بیٹھی سب کچھ دیکھتی اور سنتی رہی۔ نت نئی عورتیں آتیں اور اسے لکاؤ ماں کی طرح دکھایا جاتا۔ پھر بھاؤ تاؤ ہوتا اور آخر میں تان ابا پر ٹوٹتی جو عین موقعوں پر کہیں غائب ہو جاتے۔ اسے نہ ابا پر غصہ تھا، نہ اماں سے شکایت وہ بشریٰ نہیں تھی فرخندہ تھی، ایک خاموش تماشائی۔

اور پھر یوں ہوا کہ اماں کی دو سال کی کوششیں رنگ لائیں۔ اس کی منگنی ہو گئی۔ ڈاکٹر احمد ایک اونچے قد کا خوب صورت جوان تھا۔ جس کی گھر گھر میں ذاتی کوٹھی تھی اور شاندار فورڈ تھی۔ فرخندہ کی قسمت پر ہر کسی کو رشک آرہا تھا۔ اور ایسی قسمت پر رشک آنا ہی چاہیئے۔ ابا جو کل تک سرد مہری کا اظہار کرنے پہلے ہوتے تھے، شادی کے دن کو قریب آتا دیکھ کر وہ بھی سستی جھاڑ کر اٹھ کھڑے ہوئے۔ چیزوں کی خرید و فروخت میں جو صبح گھر سے نکلتے تو شام ہی کو واپس آتے۔ اماں نے سو جوڑ توڑ سے اچھا خاصا اپنی بساط سے بڑھ کر جہیز تیار کر لیا تھا۔ صبح سے شام تک چیزیں ڈھوتے ابا کی کمر دہری ہو جاتی۔ شام کو تھک ہار کر بیٹھتے تو یا تو کسی نہ کسی بہانے اماں سے جھگڑنے لگتے۔ یا پھر بیٹھے یوں ہی ٹھنڈی ٹھنڈی سانسیں بھرنے لگتے۔ ان دو چار برسوں میں جیسے وہ ایکدم بوڑھے ہو گئے تھے۔ چندیا کے بال اڑ گئے تھے۔ اور جو کاٹھ کا بال چندیا کے کناروں پر تھے وہ بھی سفید براق تھے۔ آنکھیں اندر کو دھنس گئی تھیں رخساروں کی ہڈیاں ابھر آئی تھیں۔ گردن کا گوشت لٹک گیا تھا۔ پہلے کے فٹ کپڑے اب ڈھیلے ہو گئے تھے۔

ابا کیا ہوا تھا ابا کو۔ فرخندہ جب بھی کچھ سوچتی اسے بشریٰ یاد آجاتی اور وہ اپنے دل میں اس کے لئے نفرت اور غصہ محسوس کرتی۔ پانچ سال سے اس گھر میں کسی نے اسے یاد نہ کیا تھا۔ اس کا نام تک کسی کی زبان پر نہ آیا تھا۔ پھر بھی فرخندہ کو محسوس ہوتا تھا۔ جیسے ابھی تک اس گھر پر بشریٰ کا تسلط قائم ہے۔ وہ جا کر بھی نہیں گئی۔ اس کی چیزیں پانچ سال سے ویسی کی ویسی

پڑی تھیں، جیسی وہ چھوڑ گئی تھی۔ وہ خود انہیں وہاں سے ہٹا دینے کی ہمت نہیں کر سکی تھی۔ ابا اس کے غم میں بوڑھے ہو گئے تھے۔ اور اماں جب اس کے جہیز کی چیزیں تیار کرتیں تو ان کے ہونٹوں سے خاموشی ہی چپکی رہتیں۔ یہ سب باتیں فرخندہ کے لیے ایک بوجھ بن گئی تھیں۔ وہ اس گھر میں تنہا رہتے ہوئے بھی اپنے آپ کو بشریٰ کے سامنے بے بس و مجبور محسوس کرتی۔ شادی کے اس ہنگامے میں ابھی تک اس کا کوئی ذکر نہیں آیا تھا۔ پھر ایک دن اماں نے یہ بات چھیڑ ہی دی۔

"شادی پر بشریٰ کو نہیں بلاؤ گے؟" اماں نے چاولوں کی چھان پھٹک کرتے ہوئے بات چھیڑی۔

ابا نے چونک کر اماں کی طرف دیکھا۔ ان کے چہرے پر ایک لمحہ کے لئے چمک سی آئی۔ لیکن پھر فوراً ہی ان کا چہرہ بجھ کر پتھر کی طرح بے جان اور بے حس ہو گیا۔ وہ فوراً وہاں سے اٹھ کر کمرے کے اندر چلے گئے۔

فرخندہ کچن میں کھانا تیار کر رہی تھی۔ کام چھوڑ کر وہ بہانے سے کمرے کے سامنے سے گزری۔ ابا کا سوکھا ڈھانچہ کرسی پر ڈھیر تھا اور وہ سامنے کی دیوار کو بڑے غور سے دیکھ رہے تھے۔ ان کی انگلیوں میں پھنسا ہوا سگریٹ دھوئیں کے ساتھ سلگ رہا تھا۔

ملازمت سے سبکدوش ہو جانے کے بعد ابا کے روزمرہ کے معمولات میں بڑی یکسانیت آ گئی تھی۔ صبح سویرے اٹھنا، بازار سے ضروری اشیاء مثلاً دودھ دہی، سبزی گوشت وغیرہ لانا۔ دوپہر کا کھانا کھا کر لمبی تان کر سو جانا۔ یا اپنا پرانا کھڑکھڑاتا ہوا سائیکل لے کر باہر نکل جانا۔ شام کو کسی دکان پر جا بیٹھنا اور رات گئے تک بیٹھے گپ شپ میں مشغول رہنا اور رات کا کھانا کھا کر سو رہنا۔

جب سے بشریٰ گئی تھی وہ زیادہ سے زیادہ اپنے آپ کو مصروف رکھنے کی کوشش کرتے۔ جیسے وہ بشریٰ کے خیال سے ڈرتے ہوں۔ اور یہ حقیقت تھی کہ انہوں نے کبھی بشریٰ کے متعلق سوچا نہ تھا۔ بشریٰ ان کے دل کے بند کواڑوں کے پاس پانچ سال سے کھڑی سسک رہی تھی۔

اماں نے ذکر چھیڑا تو اچانک انہیں محسوس ہوا جیسے بند کواڑ خود بخود کھل گئے ہیں اور بشریٰ بے دھڑک اندر آ گئی ہے۔ اب جب بھی وہ اپنی سوچوں سے چونکتے انہیں یہ جان کر صدمہ سا ہوتا کہ ان کی سوچ کا مرکز سوائے بشریٰ کے اور کچھ نہ تھا۔ بشریٰ ان کی سوچوں میں جیسے دھنستی جا رہی تھی۔ کسی لوہے کے کھمبے یا پتھر کے بت کی طرح جو ہلانے نہ ہلے نکالے نہ نکلے۔

یہ انہیں کیا ہوتا جا رہا تھا۔ ان کا وہ غرور، وہ ستا، وہ اونچی لمبی ناک کیوں خاک میں ملتی جا رہی تھی۔ لیکن بشریٰ کو ذہن سے اتار دینا ان کے اختیار میں نہ رہا تھا۔ ان کے دل پر پڑی مضبوط گرہیں خود بخود کھلتی جا رہی تھیں۔

بازار میں یا پارک میں کھیلتے ہوئے ننھے بچوں کو دیکھتے تو انہیں اچانک محسوس ہوتا، جیسے ان کے دائیں ہاتھ کی کلے والی انگلی کسی نرم نرم اور بھیگی بھیگی مٹی میں دبی ہے۔ چلتے چلتے وہ بے دھیانی میں رک جاتے۔ اور جب وہ چونکتے تو کسی پھل والے یا مٹھائی والے کی دکان پر کھڑے ہوتے۔

"کیا چاہیئے بھائی صاحب؟" دکاندار کی آواز انہیں چونکا دیتی۔ وہ جھک کر اپنے دائیں بائیں یوں دیکھتے جیسے ان کا کچھ کھو گیا ہو۔ ٹھیک اس وقت کوئی ان کے کان کے پاس تالی بجا کر دور بھاگ جاتا، چھپ جاتا، کہیں گم ہو جاتا۔

"صاحب کا کچھ کھو گیا ہے۔" دکاندار کی دوسری تمسخر آمیز آواز انہیں بالکل پریشان کر دیتی۔

"ہاں ——— ہاں ——— ہاں ——— نہیں نہیں کچھ نہیں کھویا، کچھ بھی تو نہیں کھویا۔" وہ تیز قدموں سے چلنے لگ جاتے پارک کے نزدیک پہنچ کر وہ پھر ٹھٹک جاتے۔ فٹ پاتھ پر اب بھی فوٹوگرافر اپنا اڈہ جمائے تھے۔ پس منظر کے لئے کالے نقشین پردے تانے کرسیاں بچھائے، کیمرے رکھے وہ گاہکوں کے انتظار میں سگرٹ پھونکتے رہتے۔

"یہاں بیٹھ جاؤ بشریٰ!" کندھوں سے اچکا کر وہ بشریٰ کو کرسی پر بٹھا دیتے۔

"لو بھئی پھر ہو جائے نمبر ون فوٹو۔" وہ کیمرہ مین سے کہتے۔

"ایسی تصویر اتاروں گا کہ جناب کی طبیعت خوش ہو جائے۔" کیمرہ مین اپنے پیلے پیلے دانت نکوسے کیمرہ فٹ کرنے لگتا۔

"صاحب تصویر کھچوائیے گا۔" وہ چونک پڑتے اور ان کی سمجھ میں نہ آتا کہ وہ فوٹوگرافر کو کیا جواب دیں۔ پھر وہ احمقانہ انداز میں سر کو جھٹکتے۔ "نہیں بھئی اب کون سی عمر رہ گئی ہے تصویر کھچوانے کی۔ بس یوں ہی ذرا دیکھنے کو کھڑا ہو گیا تھا۔"

"کوئی بات نہیں۔" فوٹوگرافر سڑک کے کنارے کھڑا ہو کر سگرٹ پینے لگتا اور وہ چھپی چھپی چور نظروں سے ایک ایک چیز کو دیکھتے ہوئے یوں چلتے جیسے پیچھے سے انہیں کوئی دھکیل رہا ہو۔

گھر میں بھی عجب مصیبت ہو گئی تھی۔ بہت سی چیزوں نے ایکدم سامنے آ کر انہیں ستانا شروع کر دیا تھا۔ بشریٰ کی الٹی پڑی ہوئی تصویر، کتابوں اور رسالوں سے لبالب بھرا ریک اور بھی بہت سی چیزیں تھیں جنہیں دیکھ کر انہیں بشریٰ یاد آ جاتی۔

بشریٰ کا خیال انہیں آتا رہا اور وہ بشریٰ کے اس اقدام کے اسباب و نتائج پر غور کرتے رہے۔ اور اس میں اپنے اور بشریٰ کے تصور کا موازنہ کرتے رہے۔ ان کا تصور کیا تھا۔ لیکن ان کا تو تصور کچھ نہ تھا۔ بشریٰ ہی انہیں غلط سمجھی تھی۔ وہ اس کے لئے بہت کچھ کرنا چاہتے تھے۔ مگر وہ جلد باز تھی اور نفسیات کی چند کتابیں پڑھ کر اپنے آپ کو تجربہ کار اور عقلمند سمجھنے لگی تھی۔

ایک دن دوپہر کو کمرہ بند کر کے انہوں نے مقفل صندوق سے کاغذ کا وہ پرزہ نکالا جو پانچ سال پہلے بشریٰ لکھ کر چھوڑ گئی تھی۔ کسی نام کسی القاب کے بغیر لکھا تھا۔

"آج جب مجھے اس بات کا یقین ہو گیا ہے کہ میں اس گھر میں کبھی زندگی کی حرارت محسوس نہ کر سکوں گی اور مجھے ہمیشہ بے حس اور موت کے ٹھنڈے سایوں میں جینا ہو گا تو میں نے اس گھر کو ہمیشہ کے لئے چھوڑ دینے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ میں اپنے باپ کی احسان مند ہوں۔ جس نے مجھے اعلیٰ تعلیم دلوائی اور دنیا کے تمام بالوں سے بڑھ کر مجھ سے محبت کی۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ ان کی یہ شدید محبت آخر میں ایک نفسیاتی الجھاؤ اور جذباتی پیچیدگی کا شکار ہو گئی۔ وہ میری زندگی کو اس گھر تک محدود رکھنا چاہتے ہیں جو میرے لئے ناقابل برداشت ہے۔ اس لئے میں جا رہی ہوں۔ اخلاق زیادہ مالدار آدمی نہیں، لیکن وہ میرے روشن مستقبل کا ضامن ضرور بنے گا۔

بشریٰ"

پہلی بار یہ خط پڑھ کر ابا سکتے میں آ گئے تھے۔ انہیں یقین ہی نہیں آتا تھا کہ بشریٰ جوان کے جگر کا ٹکڑا تھی، ان کے جسم کا ایک حصہ تھی، جس کی صورت میں ان کی شبیہہ تھی اور جس کی رگوں میں ان کا خون۔ انہیں یوں ایک اجنبی انجانے شخص کے لئے چھوڑ کر بھی جا سکتی ہے

کا نقشہ وہ پندرہ ہاتھ میں لئے مٹی کی مورت کی طرح وہ گھنٹوں ایک ہی جگہ پر بیٹھے رہے تھے۔ اس کا تھکے ہوئے ذہن کے سوچنے سمجھنے بولنے اور حرکت کرنے کی تمام قوتوں کو سلب کر لیا تھا۔ اور جب بیٹھے اور محسوس کرنے کی حس واپس آئی تو انہوں نے پہلی بات یہی محسوس کی کہ ان کے دل میں بشریٰ کے لئے نفرت اور غصے کے علاوہ کچھ نہیں رہا۔

لیکن اس دن جب انہوں نے وہ پندرہ نکال کر پڑھا تو انہیں بشریٰ پر ذرا سا غصہ آیا۔ وہ صدمہ پہنچا۔ انہیں بشریٰ چھوٹی سی ضدی خود سر اور اڑیل بچی نظر آئی جس نے محض اپنی ضد اور خود سری میں اتنا بڑا قدم اٹھا لیا تھا۔ اور اب وہ پچھتا رہی تھی۔ ان سے ناراض ہو کر اور روٹھ کر کونے میں منہ دبکائے چور نظروں سے ان کا انتظار کر رہی تھی۔ کب ابا آئیں اور اس کو منالیں۔ ان کے چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ آ گئی۔

"پگلی کہیں کی وہ آج ہی اسے بلوا لیں گے۔"

مگر جب یہی بات ابا نے اماں سے کہنے کی کوشش کی تو ان کا حلق خشک ہو گیا۔ اور ہونٹ سوکھ گئے۔ اور انہوں نے اپنی اونچی خاندانی ناک میں ایک جھٹکا سا محسوس کیا۔ بھلا وہ یہ بات اس طرح کھلم کھلا کس طرح کہہ سکتے ہیں۔ وہ انتظار میں رہے شاید اماں پھر یہ ذکر چھیڑیں تو وہ سر ہلا کر اپنی رضامندی کا اظہار کر دیں۔ لیکن اماں خاموش تھیں۔

قریبی رشتے دار گھر میں جمع ہوتے جا رہے تھے۔ اور فرخندہ خاموشی سے گھر میں چلتے پھرتے یا بند کھڑکی والے کمرے میں چپ بیٹھے حیرت سے ابا کی طرف دیکھتی رہتی۔ ابا کی اندر کو دھنسی ہوئی ویران اور خالی آنکھوں میں اچانک کسی کا انتظار بسا تھا۔ وہ اجاڑ کھنڈروں جیسی آنکھیں گھر کے کونے کونے میں کسی کو تلاش کرتی رہتی تھیں۔ لیکن اماں خاموش تھیں۔ قریبی رشتہ داروں میں سے بھی کسی نے بشریٰ کے متعلق کوئی بات نہیں کی تھی۔ ابا اداس اور منتظر تھے اور فرخندہ حیران تھی۔

شادی میں دو ایک دن ہی رہ گئے تھے کہ ایک دن اماں نے فرخندہ سے کہا۔

"اے بیٹی یہ اپنے کمرے کو ذرا ٹھیک تو کر لے۔ جو بھی کاٹھ کباڑ اندر ٹھنسا ہے، باہر نکال دے۔ بیٹھنے کو کوئی ستھری جگہ تو ہو۔" اماں کی بات سن کر ایک لمحے کے لیے فرخندہ ٹھٹک گئی۔ اسے بشریٰ کی چیزوں کو وہاں سے ہٹاتے ہوئے ہچکچاہٹ محسوس ہو رہی تھی۔ کچھ دیر شش و پنج میں رہنے کے بعد آخر کار اس نے کمرہ صاف کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ سب سے پہلے اس نے ریک کو صاف کیا۔ علمی رسالے اور سستے ناول نکال کر اس نے باہر صحن میں پھینک دیئے اور ان کی جگہ انگلش اور اردو کے چند معیاری ناول سجائے۔ میز سے بشریٰ کی الٹی رکھی ہوئی تصویر ہٹا کر نیا میز پوش بچھایا۔ اور اس پر ایک خوبصورت سا چھوٹا ٹیبل لیمپ رکھ دیا۔ میلی چادر والا بستر اور چارپائی بھی وہاں سے ہٹا دی اور کھڑکی کے قریب بڑا پلنگ بچھا کر اس پر نیا بستر لگایا۔ نیا تکیہ۔ نئی کاڑھی ہوئی چادر دیواروں پر سے بشریٰ کے ہاتھ سے لگائے ہوئے کیلنڈر اور تصویریں اتار کر نئی تصویریں اور کیلنڈر لگائے۔ صرف ایک تصویر کو ہٹانے کی وہ ہمت نہ کر سکی یہ ایک گول مٹول سرخ کپڑوں میں ملبوس بچے کی تصویر تھی۔ موٹے موٹے سیب کی طرح سرخ سفید رخسار۔ نیلے پانیوں جیسی نیلی موٹی اور گہری آنکھیں۔ کیسا خوبصورت بچہ تھا۔ اس تصویر کو دیکھ کر اسے اچانک بشریٰ کے بچے کا خیال آیا۔ کیا اس کا بچہ بھی ایسا ہی سرخ سفید اور موٹا ہو گا۔ فرخندہ کا دل اس ان دیکھے بچے کی محبت سے بھر گیا۔ تبھی اسے خیال آیا کہ اس نے سنا تھا کہ بشریٰ بیمار ہے۔

اس نے زمین پر رکھی ہوئی بشریٰ کی تصویر کو اٹھا کر دیکھا۔ بشریٰ مسکرا رہی تھی۔ فرخندہ کی آنکھوں میں آنسو چھلک آئے۔ اس نے دوپٹے کے پلو سے تصویر کو صاف کیا اور پھر چپکے سے اُسے اپنے بکس میں چھپا دیا۔

فرخندہ اس نئے کمرے میں کرسیوں کی ترتیب کو ٹھیک کر رہی تھی کہ ابا اچانک اخبار پڑھتے ہوئے اندر آ گئے۔ فرخندہ کو یوں لگا کہ جیسے وہ محض بہانے سے اندر آئے ہیں۔ فرخندہ نظریں نیچی کئے کسی مجرم کی طرح کرسیاں ادھر سے اُدھر کرتی رہی۔ نہ جانے اُسے ابا سے کیوں شرمندگی سی محسوس ہو رہی تھی۔

"اخبار — آج کا اخبار کہاں ہے۔" اُن کی آواز تھرتھرا رہی تھی۔ انہوں نے گھومتی سی ایک نظر کمرے میں ڈالی۔ جھک کر میز پر سے لیمپ کے قریب پڑی ہوئی تصویر اٹھائی۔

"اوہ آ" تصویر انہوں نے فوراً نیچے رکھ دی۔ یہ بشریٰ کی تھی۔

فرخندہ نے دزدیدہ نظروں سے ان کی طرف دیکھا۔

ابا کی پھیکی۔ ویران اور بے رونق آنکھوں میں نمی سی تیر رہی تھی۔ انہوں نے باری باری جھک کر پلنگ اور ریک کو دیکھا۔ بشریٰ کی تمام نشانیوں اور یادوں کو مٹا دیا گیا تھا۔ اب وہاں کوئی ایسی چیز نہیں تھی جسے دیکھ کر بشریٰ بے اختیار یاد آ جائے۔

"اخبار نہیں ہے یہاں؟" انہوں نے جیسے وہاں بے مطلب کھڑے رہنے کا عذر پیش کیا۔ پھر باہر جانے کو مڑتے ہوئے اچانک ان کی نظر بند کھڑکی پر پڑی۔ ایک لمحے کے لئے وہ ٹھٹک گئے۔ انہیں وہ وقت یاد آیا جب اس کھلی کھڑکی کے پاس بشریٰ بڑے مزے سے بیٹھی الم غلم رسالے پڑھا کرتی تھی اور وہ دور صحن میں سر کے نیچے بازو رکھ کر لیٹے اس کی ان خود سریوں پر دل ہی دل میں پیچ و تاب کھایا کرتے تھے۔ بشریٰ انہیں اس کھڑکی کے بہت نزدیک بہت قریب محسوس ہوئی۔ انہوں نے مڑ کر فرخندہ کی طرف دیکھا پھر ان کے تھرتھراتے ہونٹوں کو جنبش ہوئی:

"ہاں سے چابی لے کر یہ کھڑکی کھول دو۔"

نقوش اگر آپ زیادہ صاحبِ ذوق ہیں

تو

آپ بیتی نمبر کا

ڈی لکس ایڈیشن خریدیں

(بیحد خوبصورت، مجلد اور کرنا فلی کاغذ پر، قیمت -/۵۰ روپے)

طاہر نیوز ایجنسی - نکل روڈ - کراچی

کھلے خط

شفیق صاحب تسلیم

میں نقوش کے قارئین میں ہوں جو براہِ راست آپ کی ظرافت کا اعتراف ہے۔ اس کے باوجود میں یہ جسارت آپ کو
[illegible] نہ کرتا اگر نقوش کی تازہ اشاعت میں ڈاکٹر گوپی چند نارنگ کا مضمون "غالب اور حادثۂ کلکتہ" شائع نہ ہوتا۔

ڈاکٹر نارنگ کلکتہ کی ان مایہ ناز ہستیوں میں سے ہیں جن پر اردو کو بجا طور پر فخر ہے [illegible]
[illegible] اور ان کے سلجھے ہوئے طرزِ بیان کی عظمت کا اندازہ ہوتا ہے۔ زیرِ نظر مقالہ میں ان کی وسعتِ نظر کی دلیل ہے [illegible]
[illegible] کا قصہ تاریخ پیش کرتے ہوئے ان کا اس قصۂ تاریخ کے متعلق یہ کہنا [illegible] "[illegible] میں [illegible]
[illegible] پر منحصر ہے مکاتیب غالب صفحہ [illegible] پر "نسخۂ رام پور" کے عنوان سے اس قصہ کو پیش کرتے ہوئے مرزا غالب
[illegible] کے واقعہ پر حسبِ ذیل حاشیہ بنا دیا گیا ہے:

"مرزا غالب کی قید کا پورا واقعہ یادگار غالب ۲۹، غالب ۱۸۳، غالب [illegible] ذکر
غالب ۳۰ میں ملاحظہ ہو۔ یہاں صرف یہ واضح کر دینا ضروری ہے کہ یہ حادثہ ۱۲۷۴ھ میں
پیش آیا تھا جو از روئے حساب ۱۲۶۳ھ کے مطابق ہے لہٰذا خود جناب مرحوم کا ۱۲۶۳ھ
تحریر کرنا کسی طرح درست نہیں اور نہ مولانا مہر کا یہ ارشاد صحیح ہے کہ ۱۲۶۳ھ کی عید الفطر
۱۳ اگست ۱۸۴۷ء کو تھی اور عید الضحیٰ ۹ نومبر ۱۸۴۷ء کو ہوئی کیونکہ ۱۲۶۳ھ کی عید
۱۳ اگست ۱۸۴۷ء کو ہوئی تھی اور ۱۸۴۷ء میں جو عید الفطر [illegible] تو ۱۲۶۳ھ کی تھی
اور غالباً ۱۲ ستمبر کے مطابق تھی۔

مہر صاحب کے بیان میں ایک تسامح اور بھی ہے ان کا خیال ہے کہ مرزا صاحب کو ۲۵
جون ۱۸۴۷ء یا اس کے چند روز قبل گرفتار کیا گیا۔ اس خیال کی بنیاد خود ان ہی کے بیان
کے مطابق "احسن الاخبار" بمبئی کی ۲۵ جون کی اشاعت میں اس خبر کا شائع ہونا ہے۔ اول
تو یہی باور کرنا مشکل ہے کہ آج سے تقریباً سو برس پہلے [illegible] جلدوں کو [illegible]
[illegible] سے ہر روز خبریں مل جاتی تھیں لیکن اس سے قطع نظر کہ کیا ۲۵ جون کو [illegible]
سے چند روز قبل گرفتاری کا [illegible] ہونا [illegible] ہے [illegible] صاحب نے

جس اخبار کا جو اقتباس دیا ہے وہ فقرہ ۔ " دہلی ۱۵ جمادی الثانی سے شروع ہوتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ آئندہ بیان ہونے والی خبر دہلی سے ۱۵ جمادی الثانی کو بھیجی گئی تھی ظاہر ہے کہ اس خبر سے متعلق واقعہ اسی تاریخ کا یا اس سے قبل کا ہوگا ۔ بعد کا کسی طرح نہیں ہو سکتا۔ جمادی الثانی ۱۲۶۳ھ کی پندرہ تاریخ ۳۱ مئی ۱۸۴۷ء کے مطابق ہے لہٰذا مرزا صاحب کی گرفتاری ۳۱ مئی سے پہلے ہونی چاہیے۔ اخبار فوائد الناظرین (جلد ۲۔ نمبر ۱۰۔ مورخہ ۳۱ مئی ۱۸۴۷ء) میں دہلی کی خبروں کے تحت یہ عبارت درج ہے۔ ۲۵ مئی کو بیچ مکان مرزا نوشہ اسد اللہ خاں صاحب کے قمار بازی ہو رہی تھی چنانچہ کوتوال صاحب یہ خبر پاکر وہاں گئے اور جناب مرزا صاحب کو معہ اور قمار بازوں کے گرفتار کر کے کوتوالی میں لے آئے۔ اب دیکھنا چاہیئے کہ صاحب مجسٹریٹ اُن کے حق میں کیا حکم دیتے ہیں۔ یہ واضح ثبوت ہے اس امر کا کہ مرزا صاحب کی گرفتاری ۲۵ مئی ۱۸۴۷ء مطابق ۹ جمادی الثانی ۱۲۶۳ھ کو عمل میں آئی تھی۔ دوسرا ثبوت یہ ہے کہ شاہ نصیر کے ایک شاگرد گھنشام لال عاصی دہلوی (متوفی بقول مرتب دیوان ۱۸۶۵ء و بقول خمخانہ جلد ۵ صفحہ ۵۴۳۔ ایام غدر ۱۸۵۷ء) نے اس واقعہ کے متعلق ایک قطعۂ تاریخ لکھا ہے اور قطعہ کے ساتھ نثر میں واقعہ کے جزئیات پر روشنی ڈالی ہے اس کے مادہ ہائے تاریخ سے بھی ۱۲۶۳ھ مطابق ۱۸۴۷ء نکلتے ہیں عاصی کی عبارت یہ ہے

مرزا نوشہ شاعر بے بدل دہلی۔ رند مشرب المتخلص بہ اسد و غالب سے فیض الحسن خاں کوتوال دہلی کو ناحق عداوت ہوگئی اور اس نے بعلت قمار بازی ان کو قید کرا دیا جس کی تاریخ مندرجہ ذیل نکالی گئی۔

سرد بجد سے فصلی میں تو سب "اظہار طوفان" ہے
اور اٹھارہ سو سینتالیس میں قید عندلیبان ہے
"قلق غالب" نہ کیوں کر موش اور گربہ کے دل پر ہو
دبی بلی کٹاتی کان چوہوں سے بد نہاں ہے
رہا ہی روز بد سے میرزا نوشہ کو کیوں کر ہو
زن غمخوار ۔ واں بن کر کیا فیض الحسن خاں ہے
سر بازو پکڑ کر شحنہ تقدیر نے عاصی
اسد کو جوتیوں سے گھسیٹ کر ڈالا بزنداں ہے

بروقت گرفتاری کوتوال صاحب رقعہ میں بیٹھ کر موقعہ پر گئے اور ظاہر کیا کہ سپاہیوں نے آئی ہیں۔ اس دھوکے سے اندر داخل ہو گئے اور اندر مکان کے ضرورت ہوتی باہم اس قدر ہوئی کہ باہر تک آواز آتی تھی مگر زینہ کے اندر جمعیت بہت تھی اور کچھ امادی برق انجانب پہنچ گئے۔ گرفتار کر کے قید کرا دیا بہت سے رئیس اور شرفا اس حرکت سے ناراض ہوئے اور عدالت میں برأت کے ساتھ گئے مگر قید ہو گئی۔

ایک روز مسٹر اس صاحب سول سرجن دہلی۔ قیدیان جیل کو ملاحظہ کرتے کرتے حضرت کے پاس پہنچ گئے اور حال دریافت کیا آپ نے فی البدیہہ یہ فرمایا ؎

جس دن سے کہ ہم غمزدہ زنجیر بہ پا ہیں کپڑوں میں جوئیں بخیہ کے ٹانکوں سے سوا ہیں

اسی وقت ڈاکٹر صاحب نے گورنمنٹ کو چٹھی لکھ کر رہا کرا دیا (کلام حاصی ۲۶۲ صفحہ)

اس بیان سے یہ امور بالتصریح واضح ہو جاتے ہیں (۱) کوتوال کا نام (۲) گرفتاری کی تدبیر (۳) مرزا صاحب اور اُن کے رفقاء کے ساتھ پولیس کا غیر شریفانہ سلوک (۴) رہائی کی سفارش کرنے والے کا نام (۵) اور جس سے سفارش کی گئی تھی اس کا تعین (۶) مرزا صاحب کے ایک شعر کی وجہ نظم اور چونکہ یہ معاصرانہ بیان ہے ہم اس سے خود مرزا صاحب کے بعض بیانوں کی تائید اور بعض کی تصحیح کر سکتے ہیں۔"

یہ حاشیہ ہے جو محترمی عرشی صاحب نے اپنی کتاب مکاتیب غالب میں غالب کی حراست کے واقعہ پر لکھا اس وقت میرے سامنے مکاتیب غالب کی تیسری اشاعت ہے جو ۱۹۴۵ء میں ہوئی۔ دوسری اشاعت ۱۹۴۲ء میں ہوئی ہے اس میں یہ حاشیہ کچھ مجمل طور پر موجود ہے بہر حال اگر ہم ۱۹۴۵ء کے تفصیلی حاشیہ کو ہی پیش نظر رکھیں تو بھی ڈاکٹر نارنگ کا یہ کہنا محل نظر ہے کہ غالب کی حراست کے سلسلہ میں حاصی کا قطعہ آج تک پیش نہیں کیا گیا کیوں کہ پندرہ برس پہلے کا ثبوت تو مکاتیب غالب کی تیسری اشاعت نے دے دیا ہے۔

رہے غالب کی حراست کے متعلق ڈاکٹر نارنگ کے اخذ کردہ نتائج تو وہ بھی تقریباً وہی ہیں جو مکاتیب کی اس اشاعت میں پیش کر دیے گئے ہیں۔ یہ کہنا بھی مشکل ہے کہ ڈاکٹر نارنگ جیسے "کتاب خور" کی نظر سے یہ کتاب نہ گزر سکی ہو۔ بہر حال میں اس سلسلہ میں اس سے زیادہ کیا کہہ سکتا ہوں کہ نقوش کے محترم قارئین کو غلط فہمی سے بچانے اور ڈاکٹر نارنگ کی اطلاع کے لیے آپ مناسب طریقہ اختیار کریں۔

میں نے اپنے خیال میں حاصی نے قطعہ کے ساتھ نثر اپنے اشعار کی تفہیم کے لیے لکھی ہے کیوں کہ جب تک کوتوال کو رقعہ میں بلا کر جانا اور جوتی چلنے وغیرہ کا واقعہ نامعلوم ہو کوتوال کا "زن غمزدہ" بن کر جانا اور اسد کو جوتیوں سے گھیر کر زنداں میں ڈالنا" یہ سب لفظ چیستان رہ جاتے ہیں۔

توقع ہے کہ آپ کا مزاج بخیر ہوگا۔ والسلام۔

مورخہ ۲۵ اگست ۱۹۶۰ء راز یزدانی

عقیل بھائی!

"نقوش" کا تازہ شمارہ موصول ہوا اور اس میں "فراق کا تغزل" نامی مضمون پڑھ کر اچنبھا ہوا۔ ڈاکٹر عبدالمغنی[1] نے ایک ساتھ بہت ساری باتیں چھیڑی ہیں اور جواب ایک کا بھی نہیں ڈھونڈ پائے۔ فراق کی شاعری کے بارے میں جو کچھ انھوں نے لکھا ہے، وہ خود ان کے مضمون کا صادق آرہا ہے اور وہ بھی کچھ اس طرح پر ——— مضمون کا مطالعہ کرتے وقت صابر سے صابر شخص کے ذہن کو بے شمار جھٹکے لگتے ہیں اور ذوق و شعور کو متوازن رکھنا آسان نہیں رہ جاتا۔ اسے پڑھ کر طبیعت کچھ اس درجہ برہم ہوتی ہے کہ مضمون کی معقولیت پر بھی شک ہونے لگتا ہے۔ یہاں پر مضمون نگار نے خود اپنے طور پر بہت سے مفروضے تیار کر لیے اور اس کی بنیاد پر فراق کے تغزل کی کاٹ چھانٹ شروع کر دی۔ وہ شاید یہ بھول گئے کہ فراق نے بیسویں صدی میں شاعری کی ہے، بہادر شاہ ظفر کے زمانے میں نہیں۔ غالب کا دور ایک الگ دور تھا اور فراق کا دور ایک الگ دور ہے۔ غالب کے دور پر فارسی اور عربی کی چھاپ تھی اور ان دونوں زبانوں کے پیچھے عرب کا ایران کا کلچر تھا۔ چنانچہ اس وقت کی شاعری میں اس کلچر کی خوبیاں اور خامیاں دونوں موجود تھیں۔

مغل شہنشاہ کے ہاتھوں سے فرمانروائی گئی اور انگریزوں کے سر پر تاج سروری آیا۔ اب اردو پر انگریزی زبان اور انگریزی کلچر کی چھاپ پڑنے لگی۔ ہندوستان پر انگریزوں کے اقتدار کے بعد ہی اقبال جیسی شخصیت نے جنم لیا۔ انھوں نے اردو شاعری پر نگاہ ڈالی اور اپنی فکر کو تولا۔ اب ان کے سامنے سوائے بغاوت کے اور کوئی راستہ نہ تھا۔ بغاوت کو انھوں نے اپنا کر اردو کو نئے نئے موضوعات دیے۔ ان موضوعات پر منحصر نظمیں اگر وہ غالب کو سناتے تو شاید غالب منہ بچکا لیتے۔ بالکل اسی طرح جیسے ڈاکٹر مغنی نے فراق کی شاعری سے منہ بچکایا ہے۔

انگریز گئے اور ملک کو آزادی ملی۔ اردو شاعری اب نئے موڑ پر تھی۔ انگریزی زبان کے ساتھ ساتھ اسے ہندی زبان کا بھی اثر قبول کرنا تھا۔ اس بات کو تو سب ہی لوگ مانتے ہیں کہ فراق نے انگریزی زبان کے ساتھ ساتھ ہندی اور سنسکرت زبانوں سے بھی استفادہ کیا ہے۔ ظاہر ہے کہ جو شخص ان زبانوں سے فائدہ اٹھائے گا اس کی شاعری پر ان دونوں زبانوں کے کلچر اور اس کے رنگا رنگ پہلوؤں کا بھی اثر پڑے گا۔ فراق کا لکھا ہوا "سراپا" خالصاً ہندی شاعری کی دین ہے۔ جائسی کی پدماوت (ہندی میں) اٹھا کر پڑھ جائیے۔ جو "سراپا" (نک چھتر) انھوں نے "پدماوتی" کا کھینچا ہے، اسے پڑھ کر حیرت ہوتی ہے کہ ایک نابینا شاعر (ملک محمد جائسی کی آنکھ بچپن میں چیچک کی وجہ سے جاتی رہی تھی) نے اتنے کس بل کے ساتھ حسن پرستی شعار کی تھی۔ جائسی نے "پدماوتی" کا جو "سراپا" لکھا۔ وہ ان کی پارہ سائز پر چھپی ہوئی کتاب کے اٹھارہ صفحات پر مشتمل ہے۔ مندرجہ ذیل جملے میں ہندی سے ترجمہ کر کے دے رہا ہوں:

بال

"اس کے بال مثل بھونرے کے ہیں اور وہ مثل گل مالتی کے ہے۔

---

[1] عبدالمغنی صاحب، پٹنہ یونیورسٹی میں انگریزی کے لیکچرر ہیں۔ ان کے ڈاکٹریٹ کا مقالہ ۱۹۷۰ء میں شائع ہوا۔

[illegible] پر جھکے ہوئے خوشبو لٹا رہے ہیں
[illegible] کھول کر بکھیرتی ہے تو ——
[illegible] سے آسمان تک اندھیرا چھا جاتا ہے ؛

مانگ

اُسکی مانگ ایسی ہے جیسے تلوار کی دھار پر خون
[illegible] کی آمد جیسے چوٹی پر رکھ دیا گیا ہو
اور اُس مانگ میں جو موتی پرو دیے گئے ہیں
وہ ایسے معلوم ہوتے ہیں جیسے جمنا میں گنگا ۔"

بھوں

سیاہ بھویں مثل کمان کے کھنچی ہیں
جس طرف اُٹھتی ہیں ریزہ ریزہ کر دیتی ہیں"

پلک

پلکوں کا کیا بیان کروں ——
یا دو فوجیں آپس میں تیر اندازی کر رہی ہیں
یا رام اور راون کی فوج جنگ کے لیے تیار ہے
[illegible] پتلیاں بیچ میں سمندر کی طرح لہرا رہی ہیں "

ہونٹ

اس کے سُرخ ہونٹ کو دیکھ کر جو آبِ حیات سے بھرے ہیں
[illegible] نے چھکنا بند کر دیا ——
گُل دوپہر کی طرح اُن لبوں کا رنگ سُرخ ہے
اور جب باتیں کرتی ہے تو پھول جھڑتے ہیں "

دانت

"دانتوں کی قطار میں گویا ہیرے جڑے ہوں
دانتوں پر لگی ہوئی مسی ——
جیسے بھادوں کے اندھیرے میں بجلی کی لپک "

سینہ

"اُس کا سینہ مثل تھالی کے ہے جس میں دو انار رکھے ہیں
جیسے سونے کے کٹورے اُلٹ کر رکھ دیے گئے ہوں
جیسے بھونرا اپنا نیش کلی پر چبھوتا ہے ۔
اُسی طرح اُسکی گلدیاں انگیا سے نکلنا چاہتی ہیں "

پیٹ

"اس کے پیٹ کی شکنیں مثل صندل کے ہیں
جو رنگ اور عطریت پر مثل زعفران کے ہیں
پیٹ کے روئیں مثل کالے ناگ کے ہیں
جو ناف سے نکل کر سینہ کی طرف مائل ہیں "

ناف

"اُس کی ناف مثل گرداب بنارس کے ہے
اس کا سامنا وہ کرے جس کی قضا آئی ہو "

ران

"اُسکی دونوں رانیں اس طرح ہیں ——
جیسے کیلے کے دو سڈول پیڑ "

——

"شب عروسی" کے بیان میں تو جائسی رتن سین اور پدماوتی کے چشم دید گواہ ہو جاتے ہیں :

"مانگ کھل گئی اور گندھے ہوئے بال بکھر گئے
انگیا ریزہ ریزہ ہو گئی اور بند ٹوٹ گئے
چوڑیاں بالیاں اور کنگن سب ٹوٹ گئے
[illegible]

اور آگے چلیے۔ اسی موضوع کو سنسکرت میں دیکھیے:

"پانی کے دو قطرے پاروتی کی لٹوں سے بہہ کر آنکھوں پر آئے اور آنکھوں سے نکل کر اس کے چشیدہ ہونٹوں تک پہنچے۔ گلاب جیسے ہونٹوں کو چوم کر وہ قطرے ناف تک پہنچے اور پھر کچھ اور نیچے کھسک کر ——— نہ جانے کہاں غائب ہو گئے۔" [کمار سمبھو۔ کالیداس]

کہنے کا مطلب یہ کہ:

زیر و بم جسم میں وہ موسیقی بے صوت — یہ پنکھڑی ہونٹوں کی ہے گلزار بداماں
قامت ہے کہ کہسار پہ چڑھتا ہوا دن ہے — جوبن ہے کہ ہے چشمۂ خورشید میں طوفاں
ہر جنبشِ اعضا میں چھلکتے ہیں صد جام — ہر گردشِ دیدہ میں کئی گردشِ دوراں

کے پیچھے اُردو کی نہیں، ہندی اور سنسکرت ادب کی روایتیں ہیں اور وہ بھی سہمی ہوئی سی اور ہلکی ہلکی۔ ڈاکٹر مغنی نے تبسم درج بالا اشعار کو ہی "عورت کے سراپا کی ہیجان خیز تصویر" کہا ہے۔ اب دیکھیے جائسی کے سراپا کو کیا کہتے ہیں؟

ہمارے یہاں کے شعری نگاروں نے کچھ "سراپا" لکھے مگر نہ جانے کیوں وہ سالم اور گوشت پوست کی عورت کو دیکھ کر سہم گئے۔ میر حسن اور دیا شنکر نسیم کا المیہ یہ تھا کہ انھوں نے پردے کے اندر والی "عورت" کو دیکھا اور اس عورت کا درشن ہی نہ کر پائے جو بازار میں "شاپنگ" کرتی ہے۔ کلب میں رقص کرتی ہے۔ فیکٹری میں کام کرتی ہے۔ اسپتال میں تیمارداری کرتی ہے اور فلم انڈسٹری میں پہنچ کر مردوں کو آنکھ مارتی ہے۔ اب خود ہی فیصلہ کر لیجیے کہ فراق کے "سراپا" میں بیسویں صدی کی اس "متحرک عورت" کی تصویر ہوگی یا میر حسن اور نسیم والی عورت کی۔ آج کے زمانے میں "سحر البیان" والی عورت "آؤٹ ڈیٹڈ" ہے۔ اس طرح کے عورت کے بیان پر لوگ اس عورت کو بھی "ہوٹ" کریں گے اور اس شاعر کو بھی ڈائس سے اٹھا کر باہر پھینک دیں گے۔ فراق کے "سراپا" والی عورت تو ہی "تیر و کمان" والی عورت ہے جو آج چست فراک اور تنگ شلوار پہنے ہوئے کنٹ پلیس اور میرین ڈرائیو پر نظر آتی ہے۔ اس "عورت" کو دیکھ کر مغنی اور فراق نے ہی مگر ڈاکٹر مغنی نے خوف کی وجہ سے صرف اتنا کہہ کر ٹال دیا کہ "جنس کا لطف اس لاوارث عورت کے ساتھ ہونا چاہیے۔ جلوت میں اس کا اظہار و مظاہرہ یکسر وحشیانہ فعل ہے۔" لیکن فراق نے اسی "عورت" کو دیکھ کر اپنی شاعرانہ عافیت منوا لی۔

مجیب اللہ مجیب

سکول یونیفارم ۔ بب فیڈر ۔ سن سوٹ

تحفہ سیٹ (PRESENT SETS)

نیکر بش شرٹ ۔ پارٹی فراک

اور دیگر بے شمار اشیاء

بچوں کے
ریڈی میڈ کپڑوں
کا
سب سے
بڑا مرکز

چلڈرنز
ڈریس کینز

۴۵۔ کمرشل بلڈنگ مال روڈ

لاہور ۔ فون نمبر ۶۴۰۶۲

برانچیں: ۱۳۶۔ انارکلی ۔ لاہور ۔ ۲۴/۲۔ ایڈورڈ روڈ ۔ راولپنڈی (فون)

نقوش

کے سابقہ نمبر

		صفحات
۱ - غزل نمبر	اُردو غزل کی پونے دو سو سالہ تاریخ	۷۵۲
۲ - افسانہ نمبر	اُردو افسانے کی ڈیڑھ سو سالہ تاریخ	۱۰۹۰
۳ - مکاتیب نمبر	اُردو خطوط — کی — سو سالہ تاریخ	۱۰۴۸
۴ - شخصیات نمبر	مشاہیرِ ادب کی سو سالہ شخصی تاریخ	۱۵۱۴
۵ - طنز و مزاح نمبر	طنزیہ و مزاحیہ ادب کی سوا سو سالہ تاریخ	۹۲۸
۶ - لاہور نمبر	لاہور کی نو سو سالہ مستند مگر جامع تاریخ	۱۲۰۴
۷ - ادبِ عالیہ نمبر	نقوش کی دس سالہ تخلیقات کا انتخاب	۱۲۷۲
۸ - آپ بیتی نمبر	خود نوشت حالات، چار سو سالہ شخصی تاریخ	۱۹۶۴

---

۹ - پطرس نمبر	: پطرس کے سارے ہی مضامین کے ساتھ فن اور شخصیت پر مکمل کام	۶۴۰
۱۰ - منٹو نمبر	: منٹو کے منتخب افسانوں کے ساتھ فن اور شخصیت پر بھرپور کام	۳۸۴
۱۱ - شوکت نمبر	: شوکت کی اہم مزاحیہ تخلیقات کے ساتھ فن اور شخصیت پر دلچسپ کام	۶۲۴

اور ان کے علاوہ :-

آزادی نمبر — ناولٹ نمبر — پنج سالہ نمبر
دس سالہ نمبر — خاص نمبر اور — سالنامے

نقوش کے یہ نمبر دوبارہ چھپ رہے ہیں اگر ان میں سے کسی نمبر کی ضرورت ہو تو آج ہی آرڈر بک کرادیں۔